# میزان الکتب

محقق اسلام حضرت مولانا محمد علی صاحب

مکتبہ نوریہ حسینیہ بلال گنج

لاہور

مکتبہ کی شاخ ۱۰ قرآن منزل [illegible] لاہور

فون 7227228

وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ (سورۃ رحمٰن پ ۲۷)

قائم کرو تول کو انصاف کے
ساتھ اور مت کمی کرو تول میں

# میزان الکتب

مصنف

محقق اسلام حضرت مولانا محمد علی صاحب

ناشر

مکتبہ نوریہ رضویہ [illegible]

مکتبہ کی شاخ ۰ اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون ——— 7227228

marfat.com

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب ———— میزان الکتب

مصنف ———— محقق الاسلام شیخ الحدیث علامہ محمد علی صاحب
ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ

کتابت ———— راجہ محمد صدیق حضرت کیلیانوالہ

قیمت ———— ۱۴۰ روپے

مطبع ————

بار اول

سن طباعت ———— یکم اگست ۱۹۹۳ء

marfat.com

Marfat.com

# الانتساب

میں اپنی اس ناچیز تالیف کو قدوۃ السالکین حجۃ الواصلین پیری و مرشدی حضرت قبلہ خواجہ سید نور الحسن شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سرکار کیلیانوالہ شریف اور نگہدار ناموس اصحاب رسول محب اولادِ بتول سپرِ طریقت راہبر شریعت حضرت قبلہ پیر سید محمد باقر علی شاہ صاحب زیب سجادہ کیلیانوالہ شریف کی ذاتِ گرامی سے منسوب کرتا ہوں جن کے روحانی تصرف نے ہر مشکل مقام پر میری مدد فرمائی۔

ان کے طفیل اللہ میری یہ سعی مقبول و مفید اور میرے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔ آمین:

احقر العباد
محمد علی عفا اللہ عنہ

marfat.com
Marfat.com

# الاہداء

میں اپنی یہ ناچیز تالیف زبدۃ العارفین حجۃ الکاملین، میزبان مہمانانِ رحمۃ للعالمین حضرت قبلہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب ساکن مدینہ منورہ، خلف الرشید شیخ العرب والعجم حضرت قبلہ مولانا ضیاء الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ مدفون جنت البقیع (مدینہ طیبہ) خلیفۂ اعلیٰ حضرت امام اہلسنت مولانا احمد رضا خانصاحب فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمتِ عالیہ میں ہدیۂ عقیدت پیش کرتا ہوں جن کی دعا سے فقیر نے اس کتاب کی تحریر کا آغاز کیا۔

ع - گر قبول افتد زہے عز و شرف

محمد علی عفی عنہ

marfat.com

Marfat.com

# وصیّت نامہ

**بموجب فرمان قدوۃ السالکین حجۃ الکاملین قبلہ سید پیر باقر علی شاہ صاحب زیب سجادہ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف ضلع گوجرانوالہ**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ

محمد و آلہ واصحابہ اجمعین

اما بعد: میرے جملہ عقیدت مند اور متعلقین حضرات بخوبی جانتے ہیں۔ کہ میرا مسلک نہ تو کسی وعظ پر موقوف ہے اور نہ ہی کسی کی تحریر میرے مسلک کی بنیاد ہے۔ مسلک کی حقانیت جو اللہ تعالیٰ نے مجھے بخشی وہ تمام کی تمام اپنے بزرگانِ گرامی کی نگاہ فیض رساں کا نتیجہ ہے۔ میری دیرینہ آرزو تھی۔ کہ کاش کوئی میرے سلسلۂ عالیہ سے ایسا صاحبِ علم و قلم اٹھے۔ جو شیعوں کے نظریات وعقائد باطلہ کی تفصیل، تحقیقی اور دلائل سے مزین ایسی کتاب لکھے۔ جس سے بھولے بھالے سنی مسلمان ان کے فریب میں آنے سے بچ جائیں۔ اور اہل سنت کے پڑھے لکھے صاحبانِ علم بھی اسے اپنے کتب خانوں کی زینت بخشیں۔ میں نے بارہا مختلف مواقع پر اس سلسلۂ عالیہ کے علماء کرام سے اس بات کا اظہار بھی کیا۔ انہیں اس کی افادیت بھی گوش گزار کی۔ لیکن ہر مرتبہ ان کا جواب یہی تھا۔ کہ چونکہ ہمارے پاس نہ کتب ہیں اور نہ ہی ہمارا مطالعہ اتنا وسیع ہے۔ اور نہ ہی تحریر و تصنیف کا تجربہ ہے۔ لہٰذا ہم معذرت خواہ ہیں۔ ادھر یہ تھا اور اُدھر میری آرزو دن بدن بڑھتی ہی جا رہی تھی۔ پھر یہ وقت اللہ تعالیٰ نے دکھایا کہ اسی سلسلۂ عالیہ کا ایک فرد اٹھ کھڑا ہوا۔ جسے مولانا محمد علی صاحب کہتے ہیں۔ ان کا

marfat.com

Marfat.com

شمار ہمارے خاص خدام میں ہوتا ہے۔ انہوں نے اس بیڑے کو اٹھانے کا وعدہ کیا اور میری تمناؤں سے بھی کہیں بڑھ کر انہوں نے یہ کام کر دکھایا شیعوں کے جملہ معتقدات، اعتراضات اور اُن کے ہی فقہی مسائل وغیرہ پر سترہ ضخیم مجلدات تصنیف کر ڈالیں۔ ایسی تفصیلی اور تحقیقی تحریر چودہ سو سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔ میں یہ بھی یقین سے کہتا ہوں کہ اتنا عظیم کارنامہ مولانا موصوف کے ذاتی علم و قلم کا کمال نہیں۔ بلکہ اس کے پیچھے دراصل سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے اکابرین کی روحانی قوت کار فرما تھی۔ جس کا علامہ موصوف کو خود بھی اقرار ہے۔ کہ اب اگر کوئی مجھے پوچھے۔ کہ تم نے فلاں جلد میں کیا لکھا ہے تو وہ کہہ دیتے ہیں۔ لکھوانے والوں نے لکھوا دیا تھا مجھے کوئی علم نہیں ہے۔

میں اپنے جملہ ارادتمندوں، معتقدین کو اور بالخصوص اپنی اولاد کو وصیت کرتا ہوں۔ کہ مولانا کی تصنیف کردہ کتب تحفہ جعفریہ، عقائد جعفریہ، فقہ جعفریہ، دشمنان امیر معاویہؓ کا علمی محاسبہ، نور العینین فی ایمان آباء سید الکونین اور میزان الکتب کا اچھی طرح مطالعہ کریں۔ جو سترہ مجلدات پر مشتمل ہیں۔ ان میں جو کچھ تحریر ہے۔ جو بھی ان پر عمل کرے گا۔ اسے ہی میرا اور میرے سلسلہ کے اکابرین کا دامن تھامنا نصیب ہوگا۔ اور ان کے مندرجات کے برخلاف عقیدہ رکھنے والا خواہ وہ میری اولاد میں سے ہی کیوں نہ ہو۔ اس کا سلسلہ عالیہ کے اکابرین سے قطعاً کوئی روحانی تعلق نہ ہوگا۔ حالات بدلیں گے۔ زمانہ کروٹیں لے گا۔ لیکن میری اولاد اور میرے مریدین میں سے کسی کا عقیدہ اگر ان کتب سے مطابقت نہ رکھتا ہوگا۔ وہ اس سلسلہ عالیہ کے فیوض و برکات سے بالکل محروم ہوگا۔ خواہ وہ بظاہر سجادہ نشین ہی کیوں نہ کہلاتا ہوگا۔ کیونکہ کتب مذکورہ درحقیقت اسی سلسلہ کے کاملین حضرات نے مولانا محمد علی صاحب سے لکھوائی ہیں۔ یہ سب کچھ ان کی روحانی قوت قدسیہ کا شاہکار ہیں۔ اور فقیر نے ان کتب کا حرف بحرف مطالعہ کیا ہے۔ اور حق پایا۔

marfat.com
Marfat.com

اس لیے ان کتب کو دراصل میری ہی کتب سمجھا جائے۔ لہٰذا ان پر عمل کرنے والا ہی ہماری روحانی اکابرین کا خادم کہلانے کا حق دار ہوگا۔ اور اس سے الگ رہنے والا اور اس کے خلاف عمل و عقیدہ رکھنے والا مردودِ طریقت و شریعت ہوگا۔ خصوصاً حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں میرا خواب جو تقریباً ان اکثر مجلدات میں موجود ہے۔ وہ میرے لیے اور تم سب کے لیے ایک بہت بڑی شہادت ہے۔ کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی کرنے والا کبھی ولی نہیں ہو سکتا۔

اس کا خلاصہ یہ کہ مجھ سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی ہو گئی تھی۔ تو رات کو خواب دیکھتا ہوں۔ کہ آگے آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پیچھے حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خاموش ہیں لیکن حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ نے مجھے ڈانٹ پلائی "امیر معاویہ رض نے لڑائی مجھ سے کی ہے یا تجھ سے؟ تمہیں ہمارے معاملہ میں مداخلت کا کیا حق ہے۔؟ اگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میرے یا میری اولاد کے دشمن ہوتے تو ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت نصیب نہ ہوتی۔ جس سے مجھے یہ آشکارا ہوا۔ کہ یہ حضرات باہم شیر و شکر ہیں۔ اس کی تفصیل بادلائل میری تصنیف دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ میں موجود ہے

لہٰذا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی کرنے والا خواہ وہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کا محب ہی کہلواتا ہو۔ اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا گُن گاتا ہو۔ وہ درحقیقت "کلب من کلاب الھاویۃ"، یعنی ایک دوزخی کتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا ہے۔ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ط أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ط وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ط وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ۔ (الحدید پ۲۷ آیت ۱۰) ترجمہ: تم میں سے جس نے فتح مکہ سے قبل اللہ کی راہ

marfat.com
Marfat.com

میں خرچ کیا اور جہاد کیا وہ تم میں سے (ایسا نہ کرنے والوں کے) برابر نہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں۔ جو اُن لوگوں سے بلندیٔ درجات میں بہت عظیم ہیں۔ جنہوں نے فتح مکہ کے بعد خرچ کیا اور جہاد کیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے سب سے ”حسنیٰ“ کا وعدہ فرما لیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے تمام کاموں کی خبر ہے۔

آیت مذکورہ دو ٹوک انداز میں تمام صحابہ کرام و اہل بیت عظام کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ”حسنیٰ“ کا وعدہ ذکر فرما رہی ہے ”حسنیٰ“ کیا ہے؟ تفسیر روح المعانی جلد ۲۷ ص ۲۰ ملاحظہ ہو۔ اَلْمَثُوْبَةُ الْحُسْنٰى وَهِيَ الْجَنَّةُ۔ یعنی اچھا ثواب اور وہ جنت ہے۔ صاحب تفسیر قرطبی جلد ۱۷ ص ۲۴۱) فرماتے ہیں۔ اَلسَّابِقُوْنَ وَالْمُتَاَخِّرُوْنَ اللَّاحِقُوْنَ وَعَدَ اللّٰهُ جَمِيْعًا الْجَنَّةَ مَعَ تَفَاوُتِ الدَّرَجَاتِ۔ یعنی فتح مکہ سے پہلے والے اور ان کے ساتھ بعد میں ملنے والے تمام سے اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرما لیا ہے۔ اگرچہ ان کے درجات ایک جیسے نہیں۔

آیت کریمہ کی تصریح سے معلوم ہوا کہ تمام صحابہ کرام و اہل بیت جنتی ہیں۔ لہٰذا ہر وہ شخص جو کسی صحابی یا اہل بیت کے فرد کے بارے میں عیب جوئی اور گستاخی کرتا ہے۔ اور اُن کے جنتی ہونے کے بارے میں شک لاتا ہے۔ وہ نص قطعی کا منکر ہونے کی وجہ سے مرتد ہے اس لیے میں اپنے تمام مریدوں اور تمام افراد خانہ کو واضح طور پر کہہ دینا چاہتا ہوں۔ کہ جو بھی میری اس وصیت پر عمل نہیں کرے گا۔ اس کا مجھ سے اور نہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی تعلق ہے۔ کیونکہ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

اللہ تعالیٰ مجھے اور جس تک یہ وصیت پہنچے، اس کو اسی عقیدہ پر قائم رکھے۔ اور اسی پر خاتمہ فرمائے۔ واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

والسلام

marfat.com

Marfat.com

# اعلان

میری تصنیف "دشمنانِ امیر معاویہ کا علمی محاسبہ" جلد اول ص ۲۲۴ تا ۲۲۳ تک کا مضمون جو بظاہر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے والد گرامی سے متعلق ہوتا ہے۔ حالانکہ اس واقعہ کا آپ کے والد جناب ابوسفیان سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ہے۔ غلطی سے یہ واقعہ ان کی طرف منسوب ہو گیا۔ جس کی اصل وجہ یہ ہے۔ کہ "ابوسفیان" نام کے دو آدمی ہو گزرے ہیں۔ ان میں سے ایک حضرت امیر معاویہ کے والد گرامی ہیں جن کا نسب نامہ یوں ہے۔ ابوسفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس الخ۔ دوسرا ابوسفیان بن حارث بن عبد المطلب ہے۔ مذکورہ واقعہ کا تعلق دراصل دوسرے ابوسفیان سے ہے۔ جو حضرت امیر معاویہ کے والد نہیں ہیں۔ ہوا یوں کہ ابتداءً مسودہ میں یہ واقعہ لکھا گیا۔ تو دوبارہ کتابت کے بعد جب میں نے خود اس کی جانچ پڑتال کی۔ تو مجھے خود اس غلطی کا احساس ہوا۔ اس پر میں نے اپنے برخوردار قاری محمد طیب کو کہا۔ کہ چونکہ کتاب عنقریب چھپنے والی ہے اس لیے اس واقعہ پر مبنی اوراق کو نکال دو۔ نکالے جانے والے مضمون کی نشاندہی کر دی۔ اور اس پر لکیر ڈال دی۔ لیکن جب کاتب نے کتابت شدہ کاپیوں کو جوڑا تو غلطی سے اس مضمون پر مشتمل کاپی کو بھی جوڑ دیا۔ بعد میں میں نے کتاب مذکور کی مزید جانچ پڑتال نہ کی۔ اور اپنی جگہ مطمئن ہو گیا۔ کہ مضمون نکال دیا گیا ہے۔ پھر جب کتاب مذکور چھپتے ہی مختلف شہروں اور غیر ممالک میں چلی گئی تو مجھے اس عبارت کے متعلق خطوط موصول ہوئے۔ جب میں نے طبع شدہ اور جلد شدہ اس کتاب کو دیکھا۔ تو واقعی وہ واقعہ اس میں چھپ چکا تھا کہ جس کو ہم نے نکالا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے انتہائی زیادہ صدمہ ہوا۔ اور کاتب کو جب ڈانٹ پلائی۔ کہ یہ کیسے ہو گیا۔ جبکہ قاری محمد طیب نے اس واقعہ کے مسودہ کو الگ نکال کر رکھ دیا تھا۔ تو کاتب نے اپنی غلطی اور نسیان کا اعتراف کیا۔ کہ لاعلمی میں مجھ سے ایسا ہو گیا تھا۔ لہٰذا انشاء اللہ آئندہ ایڈیشن چھپتے وقت اسے ضرور نکال دیا جائے گا۔

معذرت خواہ　　مصنف "دشمنانِ امیر معاویہ کا علمی محاسبہ"

marfat.com
Marfat.com

# تقریظ ۲

## مناظر ابن مناظر اعظم مولانا عبد التواب صدیقی اچھروی لاہور

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ ـ اَمَّا بَعْدُ

جناب مولانا محمد علی صاحب عرصہ دراز سے علوم متداولہ کی درس وتدریس میں معروف رہے اندرون ملک اور بیرون ملک میں ان کے تلامذہ کی معتبر بہ تعداد تبلیغ اسلام کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ اور اس کے بعد آپ نے فرقہ باطلہ شیعہ کے رد میں قلم اٹھایا۔ سترہ جلدوں پر مشتمل کتاب جو مفصل ہونے کے ساتھ ساتھ محقق اور مدلل بھی ہے۔ معرض وجود میں لے آئے اس کا طرۂ امتیاز یہ ہے۔ کہ شیعوں کا رد انھیں کی معتبر کتب سے کیا گیا ہے۔ اور ہر موضوع پر کثیر تعداد میں انھیں کی کتابوں سے بحوالہ جات پیش کیے گئے جس کی مثال کسی صدی میں بھی نہیں ملتی۔ اور پھر اس کا انداز نہایت آسان ہونے کے ساتھ ساتھ حقائق و دلائل سے مزین ہے۔ شیعوں کی ابتداء سے لے کر جب تک ان کا وجود ہے اس وقت تک کے لیے ان کے لیے چیلنج کی حیثیت رکھتی ہے۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی غالی شیعہ بھی ان کتب کو نظر انصاف کے ساتھ پڑھے گا۔ اس کو بھی مسلک حقہ اہل سنت وجماعت کا اقرار کرنا پڑے گا۔ اور میزان الکتب میں خصوصی خوبی یہ ہے بہت سی ایسی کتب جو اہل سنت علماء کی طرف منسوب تھیں یا وہ غیر معتبر تھیں۔ مولانا موصوف نے ان کی پوری پوری وضاحت کر دی کہ یہ کتب اہل سنت کی کتب نہیں ہیں۔ کیونکہ خود شیعوں کی اپنی کتابوں سے اس بات کی وضاحت کر دی ہے۔ کہ یہ کتابیں ہمارے شیعہ مصنفین کی لکھی ہوئی ہیں۔ اب اس کے بعد ان کتابوں کو دھوکا دینے کے لیے شیعہ لوگ پیش نہیں کر سکیں گے۔ اور نہ ہی آئندہ

marfat.com

Marfat.com

علماء اس قسم کی کتابوں کے حوالہ جات سے پریشان ہوں گے۔ ہر زمانہ میں اس فرقہ باطلہ شیعہ کے رد میں کتابیں لکھی گئیں۔ پہلے تو ہر موضوع پر نہ لکھی گئیں اور جن موضوع پر لکھی بھی گئیں تو اس شیعہ فرقہ باطلہ کے رد میں تشنگی باقی رہی۔ مولانا نے تقریباً تمام موضوعات مختلف فیہ پر قلم اٹھایا اور اتنا مفصل اور محقق لکھا کہ تشنگی باقی نہ رہی۔ اور یہ مولانا کی تصنیف آئندہ لکھنے والے علماء کے لیے مشعل راہ قرار پائے گی۔ ان کی تردید میں جب بھی کسی نے کسی موضوع پر قلم اٹھایا تو یہ تصنیف یقیناً اس کے پیش نظر ہو گی۔ اور اسی کے مضامین و تحقیق اپنے انداز میں لکھنے والا لکھے گا۔ آخر میں مولانا نے موجودہ دور کے بعض کتب اہل سنت کا تذکرہ بھی کر دیا جس کی نہایت اشد ضرورت تھی خصوصاً واقعہ کربلا پر لکھی ہوئی بعض کتب جن میں کچھ غیر تحقیقی واقعات بھی تھے۔ مولانا نے ان کی بھی خوب وضاحت مدلل طریقے سے کر دی۔ اور اب اس کتاب کی جامعیت کے پیش نظر میں دعوٰے سے کہتا ہوں اگر تمام دنیا کے شیعہ اکٹھے ہو کر اس کتاب کی مکمل تردید کرنا چاہیں تو تا قیامت نہ کر سکیں گے۔ اور پھر بطور تحدیث نعمت کے میں کہتا ہوں کہ جتنے مکاتب فکر کے وہ علماء جو صحابہ کرام کے ساتھ محبت کا دم بھرتے ہیں ان میں سے کوئی بھی اتنی بڑی مفصل اور محقق کتاب شیعہ کے رد میں نہ لکھ سکا۔ اس لیے میں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے اس فرقہ باطلہ کی تردید کا فریضہ اہل سنت کے اس ممتاز عالم دین سے سرانجام دلایا ہے۔

محمد عبد التواب صدیقی آستانہ عالیہ مناظر اعظم محمد عمر صدیقی اچھروی رحمۃ اللہ علیہ۔

marfat.com
Marfat.com

# تقریظ ۲

## مناظر اسلام حضرت علامہ مولانا مولوی حافظ محمد سعید نقشبندی
## علی پور چٹھہ تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد۔ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ

یعنی آپ کو جس کا حکم دیا ہے اسے خوب کھول کھول کر بیان کر دیں۔ اور مشرکین کے منہ نہ لگیں۔

فاضل و محقق مصنف نے مذکورہ بالا آیت کریمہ پر عمل پیرا ہو کر فرقہ باطلہ شیعہ کے بلیغ رد میں ایسا بے باکانہ انداز اختیار کیا۔ اور ان کے رد میں اس قدر تفصیل اور تحقیق سے کام لیا۔ کہ کسی سے آج تک ایسا کام نہ ہوا۔ اور اس موضوع پر آئندہ جو بھی قلم اٹھائے گا، وہ مصنف کی تصانیف سے لازماً مستفیض و مستفید ہوئے بغیر نہ لکھ سکے گا۔ شیعوں کے علاوہ دیگر ہر مکتبۂ فکر و مسلک سے تعلق رکھنے والے صاحبان علم و بصیرت نے اس کتاب پر مصنف علام کو خراج تحسین پیش کیا ہے سترہ ضخیم جلدوں پر مشتمل مواد اور وہ بھی تحقیق و تدقیق سے لبریز چودہ سو سال کی تاریخ میں ڈھونڈے سے بھی نہیں ملے گا۔ جو شخص بھی ان مجلدات کا مطالعہ کرے گا وہ مولانا موصوف کو داد دیئے بغیر نہ رہ سکے گا۔ اہل سنت و جماعت کے مسلک حقہ اور شیعیت کے بطلان کو خود شیعہ معتبر کتب سے ثابت کرنا ان کا امتیازی نشان ہے آج تک شیعہ علماء سے جس قدر اعتراضات بن پڑے۔ ان تمام

marfat.com
Marfat.com

کا تحقیقی ردّ خود ان کی کتب کے حوالہ جات سے دینا یہ ایک ایسا طریقہ ہے۔ جس کے سامنے کوئی شیعہ ٹھہر نہیں سکتا۔ اور اہل سنت کے لیے ان شبہات و اوہام باطلہ کا رد روز روشن کی طرح واضح ہو جاتا ہے۔ جن کو بڑی اہمیت دی جاتی رہی ہے۔ مصنف علام اس پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ میں نے جب ان سترہ مجلدات کے ساتھ ساتھ "میزان الکتب" نامی ان کی تصنیف کا مطالعہ کیا۔ تو دل سے گواہی دی۔ کہ مولانا کے پیچھے کوئی روحانی قوت کارفرما تھی۔ "میزان الکتب" میں ان کتابوں کی نشاندہی کی گئی۔ جنہیں شیعہ مصنفین وعلماء ہم اہل سنت کی کتب معتبرہ کے طور پر پیش کرتے۔ اور ان میں درج عبارات سے اپنے غلط مسلک کی تائید کرتے! اس کتاب کے ہوتے ہوئے اب کسی سنی کو دھوکہ دینا ناممکن ہو جائے گا! اسی کتاب میں آخری صفحات پر موجودہ دور کے بعض سنی علماء کی غیر محتاط تصانیف کا بھی ذکر کیا گیا۔ اس کی اشد ضرورت تھی۔ اگرچہ شروع شروع میں ان حضرات کو یہ قدم اٹھانا بُرا محسوس ہوگا۔ اور ہو سکتا ہے۔ لیکن میں اس کتاب کا اچھی طرح مطالعہ کرنے کے بعد تقریظ لکھی ہے۔ اس لیے میں کہتا ہوں کہ علماء جوں جوں نظر انصاف و تحقیق سے دیکھیں گے۔ تو سمجھ جائیں گے۔ کہ واقعی یہ کتاب حقائق پر مبنی ہے۔ اور انشاء اللہ مولانا موصوف کا شکریہ ادا کریں گے۔ واقعہ کربلا میں جو رطب و یابس تھی تصانیف میں جمع کر دیا گیا۔ مولانا نے اس کی نشاندہی کر کے صحیح اور تحقیقی پہلو ذکر کیا۔ لہٰذا میری موجودہ دور کے سنی علماء سے درخواست ہے۔ کہ مخالفت برائے مخالفت کی بجائے نظر تحقیق سے کام لیں۔ انشاء اللہ وہ مصنف کو حق پر پائیں گے۔ ؎

در سخن پنہاں شدم چوں بوئے گل در برگِ گل
ہر کہ شوق دید دارد در سخن بیند مرا

فقط والسلام۔ حافظ محمد سعید نقشبندی۔ علی پور چٹھہ تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

marfat.com
Marfat.com

# تقریظ ۳

## شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مولانا مقصود احمد صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الکریم والصلوۃ والسلام علی حبیبہ الرحیم
وعلیٰ آلہ وصحبہ الذین ھم مقدمات الدین القویم
امابعد فقد قال اللہ تعالیٰ وجادلھم بالتی ھی احسن۔

اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے وسیلہ جلیلہ سے ہمیں دین اسلام عطاء فرمایا۔ جو کہ عقائد و اعمال کا مجموعہ ہے۔ اور اس میں قطعاً کوئی شک نہیں کہ جب تک عقائد درست نہ ہوں۔ اس وقت تک تمام اعمال غیر مقبول اور مردود ہیں۔ ہر زمانہ میں علماء اسلام نے عقائد کی اصلاح کے لیے عظیم الشان مستند کتابیں تصنیف کیں۔ موجودہ دور میں خواندگی کا تناسب نہ ہونے کے برابر ہے۔ اور جن کے پاس کچھ علم ہے تو وہ سطحی اور غیر تحقیقی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر مکتب فکر کے بیشتر افراد اپنے مسلک معتقدات اور افکار سے کما حقہ واقف نہیں ہیں۔ اور اس عدم واقفیت کی وجہ سے آئے دن ملت میں انتشار، افتراق اور فساد بپا ہو جاتا ہے اگر ہر شخص کو اپنے عقائد کے بارے میں تحقیقی علم ہو تو فتنہ و فساد کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ صدیوں سے اہل سنت اور اہل تشیع میں عقائد کے حوالے سے علمی اختلاف موجود ہے۔ موجودہ دور میں بعض شیعہ علماء اپنے اکابرین کی تحقیقات سے دانستہ یا نادانستہ طور پر مسلمات کا انکار کر کے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو کہ عالم کے شایان شان نہیں ہے۔ اس علمی خیانت کا محاسبہ کرتے ہوئے حضرت علامہ فاضل جلیل عالم نبیل مناظر اہل سنت مولانا الحاج محمد علی صاحب مہتمم جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج لاہور نے مذہب شیعہ پر ایک کتاب لکھی جو سترہ جلدوں پر مشتمل ہے

marfat.com
Marfat.com

پانچ جلد تحفہ جعفریہ، چار جلد عقائد جعفریہ، چار جلد فقہ جعفریہ دو جلد دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ مولانا موصوف نے شیعہ حضرات کی مستند کتب سے عام فہم انداز میں حوالہ جات کو نقل کر کے ان کے اصل عقائد کی توضیح و تشریح فرمائی ہے۔ مولانا موصوف کی یہ کتاب شیعہ مذہب کے لیے معتبر و مستند انسائیکلو پیڈیا ہے۔

علاوہ ازیں مولانا موصوف نے "میزان الکتب" تصنیف فرما کر ان نام نہاد اور مدسوس کتب کی نشاندہی کی ہے۔ جو کہ اہل سنت علماء کی تصنیف شدہ نہیں ہیں۔ اور علماء شیعہ انہیں اہل سنت کی طرف منسوب کر کے عامۃ الناس کو اہل سنت سے بدظن اور متنفر کرنے کی سعی لا حاصل کرتے ہیں۔

ان دونوں کتابوں کو تصنیف فرما کر حضرت علامہ نے عالم اسلام پر جو عظیم ترین احسان فرمایا ہے۔ رہتی دنیا تک اسے فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ یہ دونوں کتابیں عام فہم زبان میں توضیح و تشریح کے اعتبار سے عوام و خواص اور علماء و فضلاء سب کے لیے بے پناہ افادیت کی حامل ہیں۔ یقیناً حضرت علامہ نے عصر حاضر کی اہم ضرورت کو پورا کرتے ہوئے دنیائے سنیت کی آبرو کے تحفظ اور تصنیف و تالیف کے میدان میں ہماری کوتاہیوں کے کفارہ کا انتظام کیا ہے۔

ان معروضات کے پیش نظر عوام اور ارباب علم و فضل سے عرض ہے کہ ان کتابوں کو ضرور خریدیں۔ اور خود بھی پڑھیں اور احباب کو خریدنے اور پڑھنے کی ترغیب دیں اللہ تعالیٰ حضرت علامہ کے اس علم و تحقیق کے گلدستہ کو اپنی بارگاہ اقدس میں شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین۔

شیخ الحدیث والتفسیر
مولانا محمد مقصود احمد صاحب

خطیب جامع مسجد دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ۔

استاذ دورۂ تفسیر القرآن جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور

marfat.com
Marfat.com

# مختلف مکاتب فکر علماء کے تاثرات

## (۱) تاثرات مولوی عبید الحق صاحب دیوبندی

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ امابعد

شیعہ مذہب المعروف بہ عقائد جعفریہ کو جو سترہ جلدوں پر مشتمل ہے۔ حضرت مولانا محمد علی صاحب مہتمم جامعہ رسولیہ شیرازیہ نے جس محنت شاقہ سے مرتب کیا۔ اور جس خوبی سے شیعہ مذہب کا خود اہل تشیع کی مستند کتب کے حوالوں سے رد کیا ہے یہ مولانا موصوف کا نہایت عظیم اور بے مثال کارنامہ ہے۔ اس سلسلے میں ان کی احتیاط کا یہ عالم ہے کہ جن شیعی علماء و مجتہدین کی کتب کی عربی و فارسی عبارات انہوں نے ان کے اپنے مذہب کے رد میں پیش کی ہیں ان کے اردو تراجم بھی خود شیعہ حضرات ہی کے نقل کیے ہیں۔ حتیٰ کہ جہاں جہاں قرآنی آیات آئی ہیں ان کا ترجمہ بھی انہی سے اخذ کیا ہے

حضرت مولانا محمد علی صاحب أعزہ اللہ و أدامہ کی اس کتاب سے پہلے بھی بہت سی نہایت مفید کتب دیکھنے کو ملتی ہیں۔ لیکن جس شرح و بسط کے ساتھ نہایت مضبوط و محکم اور مدلل انداز میں اس خود ساختہ مذہب کا انہوں نے رد کیا ہے۔ یہ اپنی مثال آپ ہے۔ جب میں ان کے نذرانہ و رحق گروہوں کے ساتھ ساتھ فرقہ باطلہ شیعہ کے رد میں ان کے مدلل اور محکم بیانات کو پڑھتا ہوں تو اس قدر مولانا موصوف پر روح راضی ہوتی ہے کہ بسا اوقات منہ سے نکل جاتا ہے کہ اے اللہ اس عالم دین

marfat.com

Marfat.com

کی زندگی دراز فرما اور میری زندگی بھی اس کی زندگی میں ڈال دے۔ کیونکہ اس نے امت مسلمہ پر وہ احسان کیا ہے کہ جس کی کوئی مثال نہیں ملتی اور میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ہمارے سادہ دل شیعہ بھائی اس کتاب کا صدق دل سے بغور مطالعہ کریں تو مجھے یقین کامل ہے کہ ان پر ان کے مذہب کی اصل حقیقت آشکارا ہو جائے گی۔ اور وہ اس مذہب سے ہزار بار براۃ کا اظہار کریں گے۔

اللہ عزوجل سے دست بدعا ہوں کہ وہ حضرت مولانا محمد علی صاحب کو تادیر سلامت رکھے اور ان کی اس مساعی جلیلہ کا انہیں بہترین اجر عطا فرمائے اور ہم سب مسلمانوں کو ان کی اس بیش قیمت اور پُر از معلومات تصنیف سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

مولوی عبید الحق صاحب
ناظم المکتبۃ العلمیہ۔ لیک روڈ لاہور

marfat.com
Marfat.com

**تاثرات ۳**

یا علی مدد ۸۶ (شیعہ)

محقق وقت

## سرکار علامہ کاظم حسین اثیر جاڑوی

(فاضل قم) 243

پرنسپل دارالعلوم جامعہ حسینیہ سول لائن جھنگ صدر

حیدری جعفری۔ از جعفری

مورخہ [illegible]

جناب مینیجر صاحب مکتبہ نوریہ حسینیہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ ——

السلام علیکم! اس دور میں جب ہر طرف سے صرف شیعوں کو گالیوں سے نوازا جا رہا ہے۔ آپ کے مکتبہ نے ایک مہذب انداز اختیار کیا ہے۔ اور علماء کی طرف کسی بات کا تحریری جواب دیا ہے۔ سنا ہے ابھی ابھی آپ کے مکتبہ کی ایک کتاب شیعہ مذہب المعروف فقہ جعفریہ منظر عام پر آئی ہے اور بڑی اچھی کتاب ہے۔ اگر مناسب سمجھیں تو براہ نوازش ایک عدد شیعہ مذہب المعروف فقہ جعفریہ دو جلد بذریعہ وی۔ پی۔ ارسال فرما دیں نوازش ہوگی۔

والسلام [illegible] جاڑوی

پتہ — مکتبہ انوار النجف
دریا خان۔ ضلع بھکر

marfat.com

Marfat.com

تاثرات ۳۷ اللہ اکبر (دیوبندی)

آئین تحفظ ختم نبوت زندہ باد یا اللہ مدد حقیقی اسلام مذہب اہل السنت والجماعت زندہ باد

اصلی کلمہ اسلام: لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

خلافت راشدہ **حق چار یار** رضی اللہ عنہم

شائع کردہ: تحریک خدام اہل سنت چکوال ضلع جہلم فون نمبر ۱۰۵

تحریک خدام اہل سنت کی طرف سے اپنی ان عظیم تصنیفات کی مبارک ہو

نظام خلافت راشدہ زندہ باد

بندہ عاجز کی طرف سے اپنی ان عظیم تالیفات کی مبارک قبول فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخدمت محترم حضرت مولانا علامہ شیخ الحدیث محمد علی صاحب مدظلہ (وکیل صحابہ)
مجاہد اسلام بانی ومہتمم جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج لاہور۔

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امابعد۔ بندہ عاجز نے جناب کی عظیم تالیفات عقائد جعفریہ ۴ جلد فقہ جعفریہ ۴ جلد تحفہ جعفریہ ۵ جلد پر جب نظر پڑی تو بے چین ہو گیا کسی طرح یہ تمام جلدیں حاصل ہوں۔ کیونکہ ٹائیٹل دیکھنے اور اندر سے پہلا ورق الٹنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عظیم شاہکار ہے ان کا مطالعہ نہایت ضروری ہے تو اللہ پاک کے فضل وکرم سے ۱۰ جلدیں مہیا ہو گئیں۔ باقی پانچ جلدیں انشاء اللہ جلد لاہور سے منگوا لوں گا۔ امید ہے مکمل پندرہ جلدیں پوری ہو جائیں گی۔ اب تک ایک آدھ دو جلد کا مطالعہ ہوا۔ باقی جلدوں کے چیدہ چیدہ مضامین پر نظر پھیری دل کرتا ہے۔ کسی طرح آپ کی خدمت میں حاضری ہو تو آپ کے ہاتھوں کو چوموں بلکہ آپ جیسے حضرت کے پاؤں چوم لیے جائیں تو بڑی سعادت ہے۔ اللہ پاک اپنی رحیمی اور کریمی

marfat.com
Marfat.com

کے طفیل حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ اقدس کے صدقہ صحابہ کرام اہل بیت کے عظیم کارناموں کے صدقہ اللہ پاک آپ کی اس عظیم الشان تصنیفات کو قبول و مقبول فرمائے دنیا اور آخرت کے لیے عظیم سرمایہ ہو۔ بالخصوص اپنی رضا نصیب فرمائے اور صدقہ جاریہ تا قیامت ہو۔ اور آپ کی آل کو دین حق کے لیے قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ ایک بزرگ جن کا انتقال ہو گیا ہے رحمۃ اللہ علیہ اکثر فرمایا کرتے تھے۔ کہ جب قیامت کے دن اللہ پاک پوچھیں گے۔ کہ فلاں تم آخرت کے لیے کیا لائے ہو تو میں عرض کروں گا۔ یا رب العزت میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ سوائے تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی محبت کے تو کیا بعید ہے۔ اللہ پاک ان دین حق کے ستونوں کے صدقہ بیڑا پار کر دے (آمین) حضرت صاحب یہ غلیظ فرقہ سب سے بڑا اسلام کا دشمن ہے۔ بندہ عاجز کا تعلق بھی حضرت قاضی مظہر حسین صاحب مدظلہ سے ہے۔ امید ہے حضرت صاحب نے بھی آپ کو آپکی اس عظیم خدمت کی مبارک بھیجی ہو گی۔ یقیناً آپ بہت بہت مبارک کے مستحق ہیں۔ بندہ عاجز کی طرف سے ان ٹوٹے پھوٹے الفاظوں میں خراج تحسین قبول فرمائیں۔ اللہ پاک آپ کو بہت بہت جزائے خیر دے۔ (آمین) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی اس عظیم خدمت جس میں آپ نے حضورؐ کے صحابہ کے دشمنوں کو صحیح بے نقاب کیا۔ انشاء آپ کا معاملہ بھی صحابہؓ کے ساتھ ہو گا۔ اور یقیناً صحابہ کرام رضؓ آپ پر خوش ہوں گے۔ خاص کر خلفائے راشدین اور تمام صحابہ کرام جن کی ان بدبختوں نے ناموس مبارک کی بے ادبی کی ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ اور زندگی دراز عطاء فرمائے۔ تا کہ آپ اس مشن کو پورا کر سکیں۔ اور اسی کے صدقے اللہ تعالیٰ آپ کو قبر حشر میں صحابہ اکرام کی معیت عطا فرمائے۔

مولوی عبدالعزیز راولپنڈی

marfat.com
Marfat.com

# تاثرات

## ابومعاویہ نور حسین عارف ایم اے اسلامیات (دیوبندی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی آلہ واصحابہ الی یوم الدین

امابعد، پاکستان ایسا اسلامی ملک ہے جس کی ساڑھے ۹۷ فیصد آبادی اہل سنت ہے۔ باقی تمام مذاہب باطلہ صرف اڑھائی فیصد ہے لیکن سواد اعظم اہل سنت اس کثرت کے باوجود ایسی گہری نیند سوئے ہوئے ہیں جو اپنے مسلک کی حفاظت سے بھی غافل ہو چکے ہیں۔ ان کے مقابل اقلیت فرقے کا ہر فرد خواہ وہ کتنا ہی بدکردار اور بدسیرت ہو، اپنے مذہب کی بقاء کے لیے ہمہ تن کوشش میں مصروف ہے۔ ان مذاہب باطلہ میں سب سے زیادہ خطرناک فرقہ شیعہ ہے۔ جو ایمان کے لیے کینسر کی طرح ہر وقت صحابہ کرام خصوصاً امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور امہات المومنین خصوصاً سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تبرا بازی کی صورت میں غلاظت نکالتا رہتا ہے۔ گویا لعن طعن پر ہی ان کے مذہب کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ اور اکابرین نے اس فرقہ باطلہ کے جوابات لکھے ہیں لیکن یکجا نہیں ملتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس عظیم کام کے لیے محقق اہل سنت، سرمایہ اہل سنت، عالم باعمل حضرت مولانا محمد علی صاحب کا انتخاب فرمایا۔ مولانا موصوف نے اس فرقہ باطلہ کا ایک ایک اعتراض لے کر اسے اس کی کئی کئی جوابات ان کی کتب سے دیتے ہوئے ان کے اعتراضات کو ایسا نیست و نابود کیا کہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ان کو امام غائب کے ساتھ ان کی غار میں دفن کر دیا۔ یہ مولانا کا ایسا کارنامہ ہے کہ جب تک زمین و آسمان قائم ہیں اور اس پر سورج چاند ستارے چمک رہے ہیں اس وقت تک مولانا کی یہ کتب بھی حقائق کی روشنی کے ساتھ چمکتی دمکتی رہیں گی۔ مولانا کی پہلی کتاب بنام تحفہ جعفریہ جو پانچ جلدوں پر مشتمل ہے اس کا مطالعہ کرنے کا اتفاق ہوا۔ میں حیران ہو گیا کہ یہ کونسی ایسی عظیم شخصیت ہے کہ جس نے عقائد کے انمول موتی بکھیر کر رکھ دیئے ہیں۔ اور اتنی تحقیق سے قلم اٹھائی کہ اب باطل کو اس کے

marfat.com
Marfat.com

قریب کبھی بھٹکنے کی جرأت نہ ہوگی۔ اس کے بعد مجھے مولانا سے عقیدت ہوگئی۔ اور ملاقات کا شوق ہوا۔ تو خیال آیا کہ مولانا کافی تصنع ہوگا۔ لیکن جب میں ملاقات کے لیے لاہور حاضر ہوا تو میں نے ایک ایسے انسان سے ملاقات کی جو بالکل سادہ سرپرستار اور ریش سنت کے مطابق، زلفیں دراز اور سفید لباس اور بے تکلف تھا۔ لیکن جب تحریر اور حوالہ جات کے ساتھ میدان میں اترتے ہوئے پایا۔ تو معلوم ہوا کہ بطل حریت یہی ہے۔ اس کے بعد آپ کی دوسری تصنیف عقائد جعفریہ جو ضخیم چار جلدوں پر مشتمل ہے اور پھر تیسری تصنیف فقہ جعفریہ وہ بھی ضخیم چار جلدوں پر مشتمل ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے مارکیٹ میں آگئیں۔ یہ مولانا نے تیرہ جلدوں میں فرقہ باطلہ شیعہ کے جملہ اعتراضات کے دندان شکن جوابات انہی کی کتب سے دے کر اتمام حجت کر دی۔ اور خصوصاً فقہ جعفریہ کی تیسری جلد میں غلام حسین نجفی کی کتاب "ماتم اور صحابہ" اور چوتھی میں "حقیقت فقہ حنفیہ" کے رد میں ایسا قیمتی مواد جمع کیا گیا ہے جو کسی کتاب میں نہ ملے گا۔ اور ان دو کتابوں میں غلام حسین نجفی کی تمام مکاریوں اور عیاریوں کی دھجیاں فضائے آسمان میں بکھیر کر رکھ دیں۔ ان کے مقابلہ میں مسلکِ حقہ اہل سنت والجماعت کے ہر موضوع کو ایسے دلائل قاہرہ سے ثابت کیا کہ جن کو توڑنے کی تاقیامت کوئی شیعہ جرأت نہیں کر سکے گا۔ یہ الگ بات ہے۔ کہ کوئی شیعہ اپنے دل کی آگ بجھانے کے لیے مولانا پر تبرا بازی اور بکواسات کرتا ہے اس کے علاوہ مولانا کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ آپ نے دشمنانِ امیر معاویہؓ کا علمی محاسبہ دو ضخیم جلدوں میں تصنیف کی۔ جس میں ایسے موتی جمع کیے کہ شاید کہیں سے بھی نہ مل سکیں گے۔ مولانا نے اس کتاب میں بڑے بڑے جبہ پوش مولویوں کی گردنیں مروڑ کر رکھ دیں۔ اس کتاب کی بڑی خوبی یہ ہے کہ دشمنانِ امیر معاویہ کا تعارف کرا دیا ہے۔ اس کا تعلق خواہ کسی طبقہ سے بھی ہو۔

ازابو معاویہ نور حسین عارف۔ خطیب جامع مسجد فضل فاروق گنج روڈ آبادی محمد بخش گلی نمبر ۳ گوجرانوالہ

marfat.com

Marfat.com

# تاثرات ۵

# حافظ صلاح الدین یوسف (اہلحدیث)

ایڈیٹر ہفت روزہ "الاعتصام" لاہور، دارالدعوۃ السلفیہ شیش محل روڈ۔ لاہور

جامعہ رسولیہ شیرازیہ، ہمارے ادارہ دارالدعوۃ السلفیہ کے قریب بلال گنج میں واقع ہے اس کے بانی و مہتمم اور شیخ الحدیث مولانا محمد علی صاحب متعدد مرتبہ ہماری سلفیہ لائبریری میں تشریف لائے اور رجال وغیرہ کی تحقیق میں استفادہ کرتے رہے۔

معلوم ہوا کہ حضرت مولانا موصوف ردِ رفض و تشیع میں کئی کتابیں لکھ چکے ہیں اور متعدد زیر تالیف یا زیر طبع ہیں۔ اور اب تازہ ملاقات میں انہوں نے بتلایا کہ اس سلسلے کی آخری کتاب "میزان الکتب" ہے جو عنقریب طبع ہونے والی ہے۔ اس میں ان غیر معروف مصنفین اور ان کی کتابوں کی حقیقت واضح کی گئی ہے کہ جن کی عبارتوں سے شیعہ حضرات استدلال کرتے ہیں۔ اور یہ باور کراتے ہیں۔ کہ یہ اہل سنت کی کتب ہیں۔ یہ کتب اہل سنت کی کتب نہیں اور نہ ہی ان کے ہاں معتبر ہیں بلکہ یہ کتب خود شیعہ کی کتب ہیں۔

اسی طرح حضرت کی ایک کتاب "تحفہ جعفریہ" ہے جو ۵ جلدوں میں ہے ایک کتاب "عقائد جعفریہ" ہے جو ۴ جلدوں میں ہے۔ ایک "فقہ جعفریہ" ہے جو ۴ جلدوں میں ہے۔ اور ایک کتاب "دشمنانِ امیر معاویہؓ کا علمی محاسبہ" ہے جو ۲ جلدوں میں ہے۔ اس طرح گویا موصوف نے ۱۷ کتابیں دشمنانِ صحابہ رضی اللہ عنہ وازواج مطہرات رضہ کے رد میں لکھی ہیں۔ جو بلاشبہ ایک عظیم علمی کارنامہ ہے جس پر یقیناً وہ علمی حلقوں کی طرف سے تحسین اور قدر افزائی کے مستحق ہیں۔

یاد رہے مولانا موصوف کا تعلق بریلوی مکتبِ فکر سے ہے جس کو پاک و ہند میں مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی مساعی اور تصانیف سے زیادہ فروغ حاصل ہوا

marfat.com
Marfat.com

اہل علم جانتے ہیں۔ کہ مولانا احمد رضا خاں صاحب شیعہ کو ان کے معروف عقائد کی بناء پر مسلمان نہیں سمجھتے تھے۔ اور انہوں نے کھل کر دشمنانِ صحابہ کی زوردار الفاظ میں تردید کی ہے تاہم یہ بات بڑی افسوس ناک ہے۔ کہ ان کی عقیدت کا دم بھرنے والے سنی واعظین کی اکثریت۔ بلکہ بہت بڑی اکثریت۔ فاضل بریلوی کے برعکس شیعوں کے معاملے میں نہ صرف یہ کہ مداہنت اور بے حمیتی کا مظاہرہ کرتی ہے۔ بلکہ شیعی رسومات (بالخصوص عشرۂ محرم کی رسومات) میں ایک گونہ تعاون کرتی ہے۔ اُن سے وابستہ عوام کی ایک بہت بڑی اکثریت تعزیے بناتی ہے، ذوالجناح اور دُلدُل کے جلوسوں میں عقیدت کے ساتھ شرکت کرتی ہے اور خود یہ سنی واعظین بھی سانحۂ کربلا ایسی داستاں میں بیان کرتے ہیں جو خالص شیعی آئیڈیالوجی کا مظہر ہوتا ہے، وہی من گھڑت قصے کہانیاں، وہی رونے رُلانے والا انداز اپنائے ہوئے ہیں۔ مقام مسرت ہے کہ مولانا محمد علی صاحب نہ صرف شیعیت کے اس دام ہم رنگ زمین سے محفوظ رہے جس میں بہت سے ہر مکتبۂ فکر کے سنّی علماء پھنس گئے، بلکہ انہوں نے شیعیت کے اس "دام" کے تار و پود بکھیر دیئے ہیں تاکہ اہل سنت کے سامنے شیعیت کی اصل تصویر اور حقیقت آجائے کہ جس کے بعد سنی عوام اور خواص ان کے دامِ فریب میں نہ آسکیں۔

اس لحاظ سے مولانا موصوف کی یہ کتاب ایک بہت بڑی دینی خدمت ہے اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے اور انہیں گم گشتگانِ راہ کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

حافظ صلاح الدین یوسف (اہلحدیث)

ایڈیٹر ہفت روزہ "الاعتصام"، لاہور

دارالدعوۃ السلفیہ۔ شیش محل روڈ۔ لاہور

marfat.com

Marfat.com

## تاثرات عبد المالک (مودودی)

شیخ الحدیث مرکز علوم اسلامیہ منصورہ لاہور [illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ——— امّا بعد!

حضرت مولانا محمد علی صاحب مہتمم جامعہ رسولیہ شیرازیہ کی تحقیقی علمی شاہکار کتاب عقائد جعفریہ دیکھنے کا مکتبہ علمیہ میں بواسطہ مولانا عبید الحق صاحب کے ایک دفعہ اتفاق ہوا۔ تو مولانا عبید الحق صاحب نے اس کتاب کی تعریف میں جو الفاظ ادا کیے ان سے میں نے یہ اخذ کیا کہ فرقہ باطلہ شیعہ کے رد میں اس سے زیادہ محقق اور مفصل شاید کوئی کتاب نہ ہو تو اس کے مطالعہ کرنے سے معلوم ہوا کہ اس گراں قدر تصنیف کے علاوہ مولانا موصوف نے شیعہ عقائد و نظریات اور ان کے اعتراضات کے جوابات پر بھی قلم اٹھایا ہے۔ جو تحفہ جعفریہ ۵ جلد، عقائد جعفریہ ۴ جلد، فقہ جعفریہ ۴ جلد، نور العینین ایک جلد، دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ دو جلد، اور میزان الکتب ؑ کے نام سے کل سترہ جلدیں ہیں۔ عقائد جعفریہ جو میری نظر سے گزری۔ ایک گراں قدر تحقیق ہے۔ بلکہ تحقیق کا شاہکار ہے۔ مولانا نے اس کتاب میں جس موضوع پر بھی قلم اٹھایا۔ اُسے تفصیل سے مکمل فرمایا۔ اور کوئی گوشہ تشنہ نہ رہنے دیا۔ مسلک شیعہ کے اختلافی مسائل خود ان کی کتب معتبرہ سے حل کیے گئے۔ جو اس سے پہلے کسی صدی میں ایسی تحقیقی کتاب دیکھنے میں نہیں ملتی۔ اس کتاب کا انداز بیان اور طرز استدلال ایسا ہے۔ کہ ہر مکتبۂ فکر کے لیے اس میں وابستگی کا سامان اور ہدایت و رہنمائی کے سرچشمے پھوٹتے نظر آتے ہیں۔ بلکہ خود شیعہ حضرات بھی اگر تنگ نظری اور مخالفت برائے مخالفت کی بجائے تلاشِ حق کی خاطر ان کتب کا مطالعہ کریں گے۔ تو انہیں بھی تلاشِ حق کا وافر ذخیرہ ان میں دستیاب ملے گا۔

شیعہ مسلک چونکہ نہایت عیار و مکار فرقہ ہے۔ وہ اپنے باطل نظریات کو ثابت

marfat.com
Marfat.com

کرنے کے لیے کچھ ایسی کتب کا سہارا لیتے تھے۔ جو ان کے بقول سنیوں کی معتبر کتب میں شمار ہوتی تھیں۔ حالانکہ حقیقت یہ نہ تھی۔ اس مغالطہ کا شکار عوام تو عوام بلکہ علماء بھی تھے مولانا نے "میزان الکتب" کے نام سے یہ کتاب لکھی کہ جس میں پورا محاسبہ کیا گیا۔ اور ان کا غیر معتبر ہونا اور خود شیعہ مصنفین کی تصنیف ہونا خود شیعہ حضرات کی کتب معتبرہ کے حوالہ جات سے ثابت کیا ہے۔ تاکہ شیعہ لوگوں کے لیے انکار کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے۔

عرصہ دراز سے میری تمنا تھی کہ واقعہ کربلا پر جو موجودہ زمانے کے علماء نے کتب لکھیں جن میں روپے میں سے پندرہ آنے واقعات بے اصل اور موضوع داخل کر دیئے اور پھر ان کو بار بار پڑھنے سننے، سنانے سے وہ حقیقت کا لباس اوڑھ گئیں کہ جس کی وجہ سے موجودہ زمانے کے مقررین جب اپنے لہجہ میں مرثیہ خوانی کے انداز میں بیان کرتے ہیں۔ اور لوگوں کو رلاتے، پٹاتے ہیں کہ جو قرآن اور سیرت اہل بیت کے سراسر خلاف اور فرقہ باطلہ شیعہ کی تائید پائی جاتی ہے۔

اس طرف بھی کوئی صاحب قلم خیال فرمائے۔ اور واقعہ کربلا کا صحیح پس منظر بیان کرے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کام کو بھی مولانا موصوف کے ذریعہ باحسن طریقہ پورا فرمایا۔ اور جس کے بعد عوام و خواص بلکہ مناظرین اہل سنت بھی دھوکہ دہی سے آگاہ ہو جائیں گے۔ اور یہ کٹھن کام بھی حل کر دیا۔ اور اس مسئلہ پر لکھی گئی ایسی کتب اور ان کے مصنفین کا حقیقی روپ دکھا کر اہل سنت پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔

آخر میں میں تمام مکاتب فکر کے علماء اور عوام سے بلکہ طلباء سے بھی خصوصی سفارش کرتا ہوں کہ وہ مولانا کی ان کتب سے ضرور استفادہ فرمائیں کیونکہ ایسی تحقیقی و تفصیلی کتب ملنی ناممکن ہیں۔ اپنے اپنے متعلقین و متوسلین تک انہیں پہنچائیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے۔ کہ وہ حضرت مولانا کو ان کی اس سعی جمیلہ پر اجر جزیل عطا فرمائے۔ اور شرف قبولیت سے نوازے۔ ان کتب کا فیض عام ہو اور عالم اسلام ان سے سامان رشد و ہدایت حاصل کرے اللہ تعالیٰ ہم سب کا خاتمہ بالخیر فرمائے آمین

marfat.com
Marfat.com

# فہرست مضامین

# میزان الکتب

| صفحہ | مضمون | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ۴۶ | باب اوّل | ۱ |
| ۴۷ | کتاب اول: شرح نہج البلاغہ مصنفہ ابن ابی الحدید | ۲ |
| ۴۸ | ابن ابی الحدید تشیع پسند تھا (شیخ عباس قمی) | ۳ |
| ۴۹ | ابن ابی الحدید معتزلی شیعہ تھا۔ | ۴ |
| ۵۱ | ابن ابی الحدید نے اپنی کتاب شرح نہج البلاغہ ایک شیعہ وزیر کے حکم پر لکھی۔ شیعہ علماء کا بیان | ۵ |
| ۵۵ | ابن ابی الحدید کے شیعی عقائد خود اس کی زبانی۔ | ۶ |
| ۶۷ | حضرت علی کے دشمن اور امیر معاویہ کے طرفداروں کی ایک فہرست | ۷ |
| ۷۰ | ابن ابی الحدید کے غالی شیعہ ہونے پر ابن کثیر کی نص | ۸ |
| ۷۱ | کتاب دوم | ۹ |

marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۰ | روضۃ الاحباب مصنفہ جمال الدین عطاء اللہ شیرازی | ۷۱ |
| ۱۱ | روضۃ الاحباب کا مصنف جمال الدین عطاء اللہ شیرازی پکا شیعہ ہے۔ | ۷۲ |
| ۱۲ | کتاب سوم | ۷۶ |
| ۱۳ | معارج النبوۃ ملا معین کاشفی | ۷۶ |
| ۱۴ | کتاب چہارم | ۷۸ |
| ۱۵ | حبیب السیر مصنفہ غیاث الدین محمد ابن ہمام الدین | ۷۸ |
| ۱۶ | کتاب وفات عائشہ | ۷۸ |
| ۱۷ | حبیب السیر کا مصنف کٹر شیعہ ہے۔ | ۷۹ |
| ۱۸ | کتاب پنجم | ۸۴ |
| ۱۹ | تاریخ یعقوبی احمد ابن ابی یعقوب عباسی | ۸۴ |
| ۲۰ | طلحہ اور زبیر کی پیش نمازی کے بارہ میں لڑائی۔ | ۸۴ |
| ۲۱ | مؤرخ یعقوبی پختہ امامی شیعہ ہے۔ شیعہ مصنفین کا فیصلہ | ۸۵ |
| ۲۲ | کتاب ششم | ۸۹ |
| ۲۳ | صفوۃ الصفوۃ مصنفہ سعد ابن علی الحضرمی | ۸۹ |
| ۲۴ | صاحب صفوۃ الصفوۃ امامی شیعہ تھا۔ | ۹۰ |
| ۲۵ | کتاب ہفتم | ۹۴ |
| ۲۶ | مروج الذہب مصنفہ علی بن حسین مسعودی | ۹۴ |
| ۲۷ | بنو امیہ کے زمانہ میں قتل حسین کی خوشی میں دس اونٹنیوں کے نحر کرنے منت اور اس کا جواب۔ | ۹۴ |



marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۸ | مسعودی غالی شیعہ ہے۔ اس نے شیعہ عقائد کے اثبات پر کتب لکھی ہیں۔ | ۹۶ |
| ۲۹ | مسعودی تبرا باز تھا اس لیے بعض لوگ اسے شیعہ نہیں سمجھتے تھے | ۹۸ |
| ۳۰ | مسعودی کے شیعہ ہونے پر مزید شیعہ علماء کے فیصلے۔ | ۱۰۰ |
| ۳۱ | **کتاب ہشتم** | ۱۰۳ |
| ۳۲ | تذکرۃ الخواص مصنفہ سبط ابن الجوزی | ۱۰۳ |
| ۳۳ | حضرت علی کا قبر نبی پر جزع۔ | ۱۰۳ |
| ۳۴ | تذکرۃ الخواص کی شیعہ نواز عبارتیں۔ | ۱۰۴ |
| ۳۵ | سبط ابن الجوزی کے شیعہ ہونے پر شیعہ علماء کی نص۔ | ۱۰۶ |
| ۳۶ | سبط ابن الجوزی کے شیعہ ہونے پر سنی علماء کی نص۔ | ۱۰۷ |
| ۳۷ | **کتاب نہم** | ۱۱۰ |
| ۳۸ | ینابیع المودۃ مصنفہ حافظ سلیمان بن ابراہیم قندوزی۔ | ۱۱۰ |
| ۳۹ | صاحب ینابیع المودۃ اپنی تحریرات کے آئینے میں۔ | ۱۱۱ |
| ۴۰ | صاحب ینابیع المودۃ شیخ قندوزی تقیہ باز شیعہ تھا۔ | ۱۱۴ |
| ۴۱ | **کتاب دہم** | ۱۱۶ |
| ۴۲ | فرائد السمطین مصنفہ ابراہیم بن محمد حموینی۔ | ۱۱۶ |
| ۴۳ | جناب زہرا کی فضیلت عالم انوار میں۔ | ۱۱۷ |


marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۴۴ | ینابیع المودۃ میں مذکورہ فرائد السمطین کے چند اقتباسات۔ | ۱۲۰ |
| ۴۵ | فرائد السمطین کا مصنف شیعوں کا پروردہ ہے۔ | ۱۲۲ |
| ۴۶ | **کتاب یازدھم** (۱۱) | ۱۲۵ |
| ۴۷ | مقتل ابی مخنف مصنفہ لوط بن یحییٰ۔ | ۱۲۵ |
| ۴۸ | ماتم حسین میں سیدہ زینب کا خون بہانا۔ | ۱۲۶ |
| ۴۹ | صاحب مقتل لوط بن یحییٰ مشہور امامی شیعہ ہے۔ شیعہ علماء کا متفقہ فیصلہ۔ | ۱۲۹ |
| ۵۰ | **کتاب دوازدھم** (۱۲) | ۱۳۷ |
| ۵۲ | حلیۃ الاولیاء مصنفہ حافظ ابونعیم۔ | ۱۳۷ |
| ۵۳ | محدث ابونعیم ملا باقر مجلسی کا جد اعلیٰ تھا۔ اور خاندان مجلسی میں ابونعیم کا تشیع متوارث ہے۔ | ۱۴۲ |
| ۵۴ | ابونعیم کی قبر پر شیعوں والا کلمہ لکھا ہوا ہے۔ | ۱۴۷ |
| ۵۵ | حافظ ابونعیم کے تشیع پر اس کی اپنی عبارات کی گواہی۔ | ۱۵۰ |
| ۵۶ | آخری گزارش۔ | ۱۶۴ |
| ۵۷ | مصنف کی طرف سے حافظ ابونعیم کے بارہ میں ایک ضعیف تاویل۔ | ۱۶۷ |
| ۵۸ | خلفاء ثلاثہ کے فضائل میں حافظ ابونعیم کی ذکر کردہ چند عبارات | ۱۶۹ |
| ۵۹ | حضرت عمر بن الخطابؓ کی شان میں احادیث۔ | ۱۷۲ |
| ۶۰ | حضرت عثمانؓ کی شان میں چند روایات۔ | ۱۷۴ |


marfat.com

Marfat.com

| صفحہ نمبر | مضمون | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱۷۹ | کتاب سیزدھم ۱۳ | ۶۱ |
| ۱۷۹ | کتاب الفتوح اعثم کوفی مصنفہ احمد ابن اعثم کوفی۔ | ۶۲ |
| ۱۸۱ | اعثم کوفی کے چند حوالہ جات۔ | ۶۳ |
| ۱۹۴ | کتاب چہاردھم ۱۴ | ۶۴ |
| ۱۹۴ | روضۃ الصفاء مصنفہ محمد میر خاند۔ | ۶۵ |
| ۱۹۴ | جناب عائشہ کا فتوے کہ عثمان نعثل کو قتل کرو۔ | ۶۶ |
| ۱۹۵ | روضۃ الصفاء سے چند شیعہ نواز اقتباسات۔ | ۶۷ |
| ۲۰۴ | صاحب روضۃ الصفاء کا تشیع کتب شیعہ سے۔ | ۶۸ |
| ۲۰۹ | کتاب پانزدھم ۱۵ | ۶۹ |
| ۲۰۹ | الاخبار الطوال مصنفہ ابو حنیفہ دینوری۔ | ۷۰ |
| ۲۰۹ | بنی ہاشم کے علاوہ کربلا میں کون شہید ہوا۔ | ۷۱ |
| ۲۱۰ | صاحب اخبار الطوال ابو حنیفہ دینوری امامی شیعہ ہے۔ | ۷۲ |
| ۲۱۱ | ابو حنیفہ دینوری کے شیعہ ہونے پر شیعہ علماء کے مزید فیصلے | ۷۳ |
| ۲۱۴ | کتاب شانزدھم ۱۶ | ۷۴ |
| ۲۱۴ | روضۃ الشہداء مصنفہ ملا حسین کاشفی۔ | ۷۵ |
| ۲۱۴ | حضرت علی کا نکاح اللہ تعالیٰ نے عرش اعظم پر بھی فرمایا تھا۔ | ۷۶ |


marfat.com
Marfat.com

| صفحہ نمبر | مضمون | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۲۱۶ | صاحبِ روضۃ الشہداء ملا حسین کاشفی شیعہ ہے۔ | ۷۷ |
| ۲۲۱ | غمِ اہل بیت کی ایک تصویر۔ | ۷۸ |
| ۲۲۴ | عبداللہ ابن المبارک کی امام زین العابدین سے ملاقات۔ | ۷۹ |
| ۲۲۶ | کیا عبداللہ ابن المبارک اور حضرت زین العابدین کی ملاقات ہوئی | ۸۰ |
| ۲۳۰ | امام حسین رض کی چار سالہ بچی کا غم اور الم کی حالت میں دربارِ یزید میں وفات پانا۔ | ۸۱ |
| ۲۳۴ | امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کے گھوڑے کا عجیب واقعہ۔ | ۸۲ |
| ۲۴۰ | غمِ حسین میں رونے کا ثواب از عیون الرضا۔ | ۸۳ |
| ۲۴۳ | میدانِ کربلا میں امام قاسم کی شادی۔ | ۸۴ |
| ۲۴۷ | میدانِ کربلا میں شہربانو کی امام حسین رضی اللہ عنہ سے گزارش۔ | ۸۵ |
| ۲۴۹ | عاشورہ کے روز روایات موضوعہ سے ماتم کا اثبات۔ | ۸۶ |
| ۲۵۰ | یومِ عاشورہ کس طرح منائیں۔ | ۸۷ |
| ۲۵۱ | غمِ حسین کے لیے فرمانِ رسول۔ | ۸۸ |
| ۲۵۳ | دنیا میں واقعہ کربلا بیان کرنے والا جو روئے گا اور رلائے گا وہ قیامت میں نہیں روئے گا۔ | ۸۹ |
| ۲۵۴ | ۱۷ کتاب ہفدھم | ۹۰ |
| ۲۵۴ | مقاتل الطالبین مصنفہ علی بن حسین اصفہانی۔ | ۹۱ |
| ۲۵۷ | صاحب مقاتل الطالبین کا تشیع اہل سنت کے نزدیک | ۹۲ |



marfat.com
Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۹۳ | صاحب مقاتل الطالبین کا تشیع شیعہ علماء کے نزدیک۔ | ۲۵۷ |
| ۹۴ | کتاب ہشدہم ۱۸ | ۲۶۰ |
| ۹۵ | مودۃ القربیٰ مصنفہ سید علی ہمدانی۔ | ۲۶۰ |
| ۹۶ | جناب فاطمہ زہرا کے حق مہر کا بیان۔ | ۲۶۱ |
| ۹۷ | صاحب مودۃ القربیٰ ہمدانی کا تشیع اس کی تحریرات کے آئینہ میں۔ | ۲۶۲ |
| ۹۸ | صاحب مودۃ القربیٰ کے شیعہ ہونے پر شیعہ علماء کی نصوص۔ | ۲۶۸ |
| ۹۹ | کتاب نوزدھم ۱۹ | ۲۷۴ |
| ۱۰۰ | الامامۃ والسیاسۃ مصنفہ ابن قتیبہ عبداللہ بن مسلم۔ | ۲۷۴ |
| ۱۰۱ | الامامۃ والسیاسۃ کی ابن قتیبہ کی طرف نسبت ہی غلط ہے | ۲۷۵ |
| ۱۰۲ | ابن قتیبہ کی بعض غلط تحریرات۔ | ۲۷۸ |
| ۱۰۳ | ابن قتیبہ کی سیرت اور حالات کا آئینہ۔ | ۲۸۵ |
| ۱۰۴ | کتاب بستم ۲۰ | ۲۸۷ |
| ۱۰۵ | الملل والنحل مصنفہ محمد بن عبدالکریم شہرستانی۔ | ۲۸۷ |
| ۱۰۶ | عمر کے ظلم سے سیدہ زہرا کے شکم کا بچہ شہید ہو گیا۔ | ۲۸۷ |
| ۱۰۷ | مذکورہ اعتراض کا جواب۔ | ۲۸۸ |
| ۱۰۸ | علماء اہل سنت کے نزدیک صاحب ملل والنحل شہرستانی غالی شیعہ ہے۔ | ۲۹۳ |


marfat.com
Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۰۹ | کتاب بست ویکم (۲۱) | ۲۹۷ |
| ۱۱۰ | عقد الفرید مصنفہ احمد بن محمد المعروف ابن عبد ربہ | ۲۹۷ |
| ۱۱۱ | جناب عمر فاروق کا دروازہ زہرا پر آگ لے کر آنا اور ان کا گھر جلانے کی دھمکی دینا۔ | ۲۹۷ |
| ۱۱۲ | صاحب عقد الفرید کا تشیع۔ | ۳۰۱ |
| ۱۱۳ | کتاب بست ودوم (۲۲) | ۳۰۳ |
| ۱۱۴ | تاریخ طبری مصنفہ ابو جعفر محمد جریر الطبری۔ | ۳۰۳ |
| ۱۱۵ | دلیل اول: | ۳۰۴ |
| ۱۱۶ | ابن جریر طبری میں تشیع تھا۔ | ۳۰۴ |
| ۱۱۷ | دلیل دوم: | ۳۰۶ |
| ۱۱۸ | ابن جریر کا امیر معاویہ کے متعلق یوں کہنا ہے۔ | ۳۰۶ |
| ۱۱۹ | دلیل سوم: | ۳۰۷ |
| ۱۲۰ | ابن جریر طبری کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ ہونے دیا۔ | ۳۰۷ |
| ۱۲۱ | دلیل چہارم: | ۳۰۸ |
| ۱۲۲ | ابن جریر طبری نے حدیث ام غدیر کو کئی طرق سے صحیح ثابت کیا۔ | ۳۰۸ |
| ۱۲۳ | دلیل پنجم: | ۳۰۹ |
| ۱۲۴ | ابن جریر طبری رافضیوں کے لیے حدیثیں گھڑتا تھا۔ | ۳۰۹ |


marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱۲۵ | دلیل ششم: | ۳۱۰ |
| ۱۲۶ | وضوء میں پاؤں پر مسح کرتا تھا۔ | ۳۱۰ |
| ۱۲۷ | دلیل ہفتم: | ۳۱۱ |
| ۱۲۸ | ابن جریر طبری کی اکثر روایات کا راوی ابومخنف لوط بن یحییٰ ہے۔ | ۳۱۱ |
| ۱۲۹ | کتاب بست و سوم [۲۳] | ۳۱۸ |
| ۱۳۰ | تذکرہ غوثیہ مصنفہ سید گل حسن قادری۔ | ۳۱۸ |
| ۱۳۱ | حضرت علی کے حق میں گستاخی۔ | ۳۱۸ |
| ۱۳۲ | یحییٰ علیہ السلام کے حق میں گستاخی۔ | ۳۱۹ |
| ۱۳۳ | دانیال علیہ السلام کے حق میں گستاخی۔ | ۳۲۰ |
| ۱۳۴ | موسیٰ علیہ السلام کے حق میں گستاخی۔ | ۳۲۱ |
| ۱۳۵ | شرکیہ واقعہ۔ | ۳۲۲ |
| ۱۳۶ | کتاب بست و چہارم [۲۴] | ۳۲۴ |
| ۱۳۷ | جناب عمر کا دروازہ زہرا پر آگ لے کر آنا اور ان کا گھر جلانے کی دھمکی دینا۔ | ۳۲۴ |
| ۱۳۸ | تاریخ ابوالفداء کی شیعہ نواز عبارتیں۔ | ۳۲۵ |
| ۱۳۹ | کتاب بست و پنجم [۲۵] | ۳۲۳ |
| ۱۴۰ | خصائص نسائی مصنفہ احمد ابن شعیب النسائی | ۳۲۳ |


marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱۴۱ | کتاب بست وششم (۲۶) | ۳۴۵ |
| ۱۴۲ | المستدرک للحاکم مصنفہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری۔ | ۳۴۵ |
| ۱۴۳ | کتاب بست وہفتم (۲۷) | ۳۵۲ |
| ۱۴۴ | مقتل الحسین للخوارزمی مصنفہ ابو المؤید محمد بن احمد۔ | ۳۵۲ |
| ۱۴۵ | اللہ تعالیٰ نے پوری زمین سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حق مہر میں دے دی۔ | ۳۵۲ |
| ۱۴۶ | خوارزمی کی چند عبارات جو اس کے شیعہ ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔ | ۳۵۶ |
| ۱۴۷ | اگر تمام لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت پر جمع ہو جاتے تو اللہ تعالیٰ دوزخ کو پیدا نہ کرتا۔ | ۳۶۲ |
| ۱۴۸ | شب معراج اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی لغت پر کلام فرمائی۔ جس سے آپ کو پتہ نہ چلا کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے کلام فرما رہے ہیں یا علی رضی اللہ عنہ سے | ۳۷۱ |
| ۱۴۹ | اللہ تعالیٰ نے جبرئیل، اسرائیل اور رضائیل کو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کا گواہ بنایا۔ | ۳۷۵ |
| ۱۵۰ | کتاب بست وہشتم (۲۸) | ۳۷۸ |
| ۱۵۱ | المحاضرات مصنفہ حسین ابن محمد الراغب اصفہانی۔ | ۳۷۸ |



marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۵۲ | محاضرات کی عبارت کے تین جوابات ۔ | ۳۷۹ |
| ۱۵۳ | اصفہانی کے شیعہ ہونے پر کتب شیعہ سے استدلال ۔ | ۳۸۰ |
| ۱۵۴ | کتاب بست ونہم ۲۹ | ۳۹۷ |
| ۱۵۵ | مصنف عبد الرزاق مصنفہ عبد الرزاق ۔ | ۳۹۷ |
| ۱۵۶ | واقدی محمد ابن عمر کے حالات ۔ | ۴۰۴ |
| ۱۵۷ | محمد بن اسحاق بن یسار کے حالات ۔ | ۴۰۸ |
| ۱۵۸ | شیعہ مجتہد ابو حنیفہ نعمان کے حالات ۔ | ۴۱۴ |
| ۱۵۹ | ابو حنیفہ سنی اور ابو حنیفہ شیعہ کا تعارف اور فرق | ۴۱۶ |
| ۱۶۰ | کتاب سی ۳۰ | ۴۲۱ |
| ۱۶۱ | کفایۃ الطالب مصنفہ محمد بن یوسف بن محمد قرشی گنجی ۔ | ۴۲۱ |
| ۱۶۲ | محمد بن یوسف قرشی کے حالات ۔ | ۴۲۱ |
| ۱۶۳ | سیدہ فاطمہ کے زفاف کے وقت فرشتوں نے تکبیریں کہیں ۔ | ۴۲۲ |
| ۱۶۴ | جن پر علی رض ناراض ہو وہ شیطانی نطفہ ہے ۔ | ۴۲۵ |
| ۱۶۵ | عرش پر شیعوں کا کلمہ لکھا ہوا ہے ۔ | ۴۲۶ |
| ۱۶۶ | تمام پیغمبروں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولایت اور علی المرتضیٰ کی ولایت کا عہد لیا گیا ۔ | ۴۲۷ |
| ۱۶۷ | جنت میں علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا محل حضور علیہ السلام کے محل کے مقابلہ میں ہو گا ۔ | ۴۲۹ |


marfat.com
Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۶۸ | علی کی شکل کا ایک فرشتہ جنت میں موجود ہے۔ جس کا حضور علیہ السلام کو بھی علم نہیں۔ | ۴۳۱ |
| ۱۶۹ | جو علی المرتضےٰ رضؓ کو سب سے افضل زمانے وہ کافر ہے۔ | ۴۳۳ |
| ۱۷۰ | حضرت علی رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں ان سے بڑھ کر خلافت کا حق کسی اور کو نہ تھا۔ | ۴۳۵ |
| ۱۷۱ | حرفِ آخر۔ | ۴۳۹ |
| ۱۷۲ | **کتاب سی و یکم** (۳۱) | ۴۴۱ |
| ۱۷۳ | ارجح المطالب مصنفہ عبید اللہ امرتسری۔ | ۴۴۱ |
| ۱۷۴ | ابوبکر نے فدک کے معاملہ میں غلطی کی۔ | ۴۴۶ |
| ۱۷۵ | مولوی عبید اللہ امرتسری کا اپنی زبان سے اپنے شیعہ ہونے کا اقرار۔ | ۴۵۹ |
| ۱۷۶ | **کتاب سی و سوم** (۳۲) | ۴۶۱ |
| ۱۷۷ | الفصول المہمہ مصنفہ علی بن محمد المعروف ابن صباغ۔ | ۴۶۱ |
| ۱۷۸ | الفصول المہمہ کے چند ماخذ۔ | ۴۶۵ |
| ۱۷۹ | کتب شیعہ سے صاحب الفصول المہمہ علی بن محمد کا تعارف۔ | ۴۷۰ |
| ۱۸۰ | **کتاب سی و سوم** (۳۳) | ۴۷۳ |
| ۱۸۱ | مطالب السئول مصنفہ کمال الدین محمد بن طلحہ۔ | ۴۷۳ |


marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۸۲ | شیعہ علماء نے اس کی مذکورہ کتاب کو اپنے ہاں معتبر گردانا ہے۔ | ۴۷۳ |
| ۱۸۳ | مذکورہ حوالہ جات سے درج ذیل امور ثابت ہوئے۔ | ۴۸۳ |
| ۱۸۴ | سیدہ عائشہ، طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہم کی گستاخی۔ | ۴۸۴ |
| ۱۸۵ | کتاب سی و چہارم ۳۴ | ۴۸۹ |
| ۱۸۶ | جامع المعجزات مصنفہ محمد الواعظ الرھاوی۔ | ۴۸۹ |
| ۱۸۷ | جامع المعجزات، معجزہ، مضر بن دارم کے حالات اور عجیب و غریب سوالات۔ | ۴۸۹ |
| ۱۸۸ | کتاب سی و پنجم ۳۵، سی و ششم ۳۶ | ۴۹۲ |
| ۱۸۹ | ذخائر عقبیٰ و ریاض النضرہ مصنفہ محب الدین طبری۔ | ۴۹۲ |
| ۱۹۰ | موضوع احادیث کی امثال۔ | ۴۹۳ |
| ۱۹۱ | کتاب سی و ہفتم ۳۷ | ۴۹۸ |
| ۱۹۲ | نور الابصار مصنفہ شیخ مومن بن حسن شبلنجی۔ | ۴۹۸ |
| ۱۹۳ | چیلنج۔ | ۵۰۸ |
| ۱۹۴ | کتاب سی و ہشتم ۳۸ | ۵۰۹ |
| ۱۹۵ | شواہد النبوۃ مصنفہ عبدالرحمٰن جامی۔ | ۵۰۹ |
| ۱۹۶ | شواہد النبوۃ کی چند عبارات۔ | ۵۱۴ |
| ۱۹۷ | امیر معاویہ رض کا امام حسن رض کی زوجہ کے ذریعہ ان کو زہر پلوانا۔ | ۵۴۹ |


marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۹۸ | جب تک کلیجہ چبانے والی کا بیٹا میرے سر سے نہیں کھیلے گا اس وقت تک دنیا سے رخصت نہ ہوں گا۔ (قول علی المرتضیٰ) | ۵۵۱ |
| ۱۹۹ | عقائد جامی کے بارہ میں دیوان جامی کی چند عبارات۔ | ۵۶۰ |
| ۲۰۰ | مصنف کی طرف سے علامہ جامی کے بارہ میں ایک تاویل۔ | ۵۶۴ |
| ۲۰۱ | کتاب سی ونھم (۳۹) | ۵۶۵ |
| ۲۰۲ | وحید الزمان غیر مقلد کی کتب۔ | ۵۶۵ |
| ۲۰۳ | کفایہ فی علم الدرایہ کے مذکورہ حوالہ سے درج ذیل امور ثابت ہوئے | ۵۷۴ |
| ۲۰۴ | باب دوم: موجودہ دور میں واقعہ کربلا پر لکھی گئی کتب کا جائزہ | ۵۷۰ |
| | واقعہ کربلا کے متعلق دور حاضر کے چند سنی وائیلین کی غیر معتبر کتب | ۵۸۲ |
| | کتاب چہل (۴۰) | ۵۸۳ |
| | خاک کربلا مصنفہ صاحبزادہ افتخار الحسن صاحب | ۵۸۳ |
| ۲۰۷ | صغریٰ مدینے میں۔ | ۵۸۷ |
| ۲۰۸ | بیٹی صغریٰ کا خط۔ | ۵۹۰ |
| ۲۰۹ | کتاب چہل و یکم (۴۱) | ۵۹۸ |
| ۲۱۰ | فاطمہ کا لال مصنفہ مفتی حبیب سیالکوٹی۔ | ۵۹۸ |
| ۲۱۱ | بیمار صغریٰ فاطمہ رضہ سے رخصت۔ | ۵۹۹ |
| ۲۱۲ | صغریٰ بنت حسین رضی اللہ عنہ تاریخ کی نظر میں۔ | ۶۰۳ |
| ۲۱۳ | امام حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد کا ذکر۔ | ۶۰۵ |


marfat.com

Marfat.com

| صفحہ نمبر | مضمون | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۶۰۷ | حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی فاطمہ رضہ کربلا میں موجود تھیں ۔ (از کتب سنی و شیعہ) | ۲۱۴ |
| ۶۲۱ | ۴۲ کتاب چہل و دوم | ۲۱۵ |
| ۶۲۱ | شہادت نواسہ سید الابرار مصنفہ مولوی عبدالسلام ۔ | ۲۱۶ |
| ۶۲۶ | ۴۳ کتاب چہل و سوم | ۲۱۷ |
| ۶۲۶ | باراں تقریریں مصنفہ نوری قصوری ۔ | ۲۱۸ |
| ۶۲۶ | صغرٰے کا خط ۔ | ۲۱۹ |
| ۶۲۷ | خط کا جواب ۔ | ۲۲۰ |
| ۶۲۸ | قاصد مدینہ ۔ | ۲۲۱ |
| ۶۳۲ | ایک اور جھوٹی داستان ۔ سیدہ سکینہ کا امام حسین رضہ کے گھوڑے کے پاؤں سے چمٹنا ۔ | ۲۲۲ |
| ۶۳۳ | ۴۴ کتاب چہل و چہارم | ۲۲۳ |
| ۶۳۳ | شہیدابن شہید مصنفہ نعت خواں فیصل آبادی ۔ | ۲۲۴ |
| ۶۴۰ | حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ سے کربلا تک اونٹنی پر سفر کیا ۔ | ۲۲۵ |
| ۶۴۳ | حضرت امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے سفر کا آغاز اونٹنی پر فرمایا ۔ | ۲۲۶ |


marfat.com
Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۲۷ | مدینہ منورہ سے کربلا تک آپ کی سواری اونٹنی ہی رہی۔ | ۶۴۷ |
| ۲۲۸ | میدانِ کربلا میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اونٹنی پر اور دورانِ سفر بھی اونٹنی پر سوار ہونا ثابت اور محقق ہے۔ | ۶۴۸ |
| ۲۲۹ | میدانِ کربلا میں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ کے رفقاء کے پاس بوقت جنگ اونٹ ہونے پر چند مزید شواہد۔ | ۶۵۶ |
| ۲۳۰ | لفظ رجال کی تحقیق۔ | ۶۶۱ |
| ۲۳۱ | اعتراض۔ | ۶۶۵ |
| ۲۳۲ | حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس کربلا میں تینتیس [۳۳] گھوڑے تھے۔ | ۶۶۵ |
| ۲۳۳ | جواب اوّل: | ۶۶۶ |
| ۲۳۴ | جواب دوم: | ۶۶۸ |
| ۲۳۵ | جواب سوم: | ۶۶۹ |
| ۲۳۶ | میدان کربلا میں ذوالجناح موجود نہ تھا۔ | ۶۷۰ |
| ۲۳۷ | امام حسین رضہ کے میدانِ کربلا میں گھوڑے ہونے پر مولوی عبدالسلام کا بے اصل دعویٰ۔ | ۶۷۴ |
| ۲۳۸ | مذکورہ عبارت کی تردید۔ | ۶۷۵ |
| ۲۳۹ | کتاب چہل و پنجم [۴۵] | ۶۸۰ |
| ۲۴۰ | شامِ کربلا مصنفہ مولوی محمد شفیع اوکاڑوی۔ | ۶۸۰ |
| ۲۴۱ | امام مسلم رضی اللہ عنہ کے بچوں کا واقعہ۔ | ۶۸۰ |


marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۲۴۲ | **۴۶ کتاب چہل و ششم** | ۶۹ |
| ۲۴۳ | خطبات محرم مصنفہ مفتی جلال الدین امجدی۔ | ۶۹۰ |
| ۲۴۴ | شہادت فرزندان حضرت مسلم۔ | ۶۹۱ |
| ۲۴۵ | امام مسلم کا مدینہ سے اپنے بچوں کو ساتھ لے جانا۔ | ۶۹۸ |
| ۲۴۶ | امام مسلم کی آخری لمحات میں وصیت کے کچھ الفاظ۔ | ۷۰۲ |
| ۲۴۷ | امام مسلم کے بچوں کے واقعہ پر مرزا تقی صاحب۔ ناسخ التواریخ کا تبصرہ | ۷۱۱ |
| ۲۴۸ | **۴۷ کتاب چہل و ہفتم** | ۷۱۸ |
| ۲۴۹ | شاہنامہ کربلا مصنفہ اقبال دائم۔ | ۷۱۸ |
| ۲۵۰ | **۴۸ کتاب چہل و ہشتم** | ۷۲۰ |
| ۲۵۱ | اوراقِ غم مصنفہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری۔ | ۷۲۰ |
| ۲۵۲ | قاسم ابن حسن کی کربلا میں شادی کا افسانہ۔ | ۷۲۱ |
| ۲۵۳ | اوراقِ غم کی عبارت کا جائزہ۔ | ۶۲۳ |


marfat.com

Marfat.com

# باب اوّل

## اہل سنت اور اہل تشیع کی کتب میں امتیاز اور اہل سنت کی طرف بطور تقیہ غلط منسوب کردہ کتب کا بیان

marfat.com
Marfat.com

# باب اول

## اہل سنت اور اہل تشیع کی کتب میں امتیاز اور اہل سنت کی طرف بطور تقیہ غلط منسوب کردہ کتب کا بیان

شیعہ مذہب میں حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ذات پر الزام تراشی اور پھر اپنے خود ساختہ عقائد کے ثبوت پر بہت سی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں اور آتی رہیں گی۔ ان دونوں مقاصد کو جب حوالہ جات کے ذریعہ ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ تو پھر بہت مرتبہ ایسا ہوتا ہے۔ کہ حوالہ والی کتاب ہوتی تو ان کی ہے لیکن کمال دھوکہ دہی سے اس کو سنیوں کی معتبر کتاب کے عنوان سے لکھا جاتا ہے۔ حالانکہ ان کے مصنفین کا اہل سنت سے دور کا تعلق بھی نہیں ہوتا۔ اور اگر بعض کتب اہل سنت کے کسی مصنف کی تصنیف تو ہوتی ہیں لیکن وہ مصنف اور اس کی کتاب اہل سنت کے ہاں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔ ان حالات کے پیش نظر ہم نے یہ ضروری سمجھا کہ ایک مضبوط کتاب لکھی جائے کہ جس سے شیعہ، سنی کتب باہم ممتاز ہو جائیں اور عوام اہل سنت دھوکا اور فریب کا شکار ہونے سے بچ جائیں۔ کیونکہ اس دور کے ایک شیعہ مولوی غلام حسین نجفی نے اپنی کثیر کتب شیعہ کو یہ عنوان دیتے ہوئے کہ اہل سنت کی فلاں فلاں معتبر کتاب میں یہ لکھا ہے۔ دھوکہ دینے کی کوشش کی ہے اس لیے اب میں ان کتب کی حقیقت آپ کے سامنے رکھتا ہوں ملاحظہ فرمائیں۔

marfat.com

Marfat.com

# کتاب اوّل

## شرح نہج البلاغہ مصنفہ ابن ابی الحدید

"سہم مسموم" نامی کتاب میں غلام حسین نجفی نے ایک حوالہ پیش کرنے سے قبل لکھا۔

**شرح ابن ابی الحدید:** اہل سنت کی معتبر کتاب میں لکھا ہے۔

رَوَی الزُّهْرِیُّ اَنَّ عُرْوَةَ ابْنَ الزُّبَیْرِ حَدَّثَهٗ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَائِشَةُ قَالَتْ كُنْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ اِذْ اَقْبَلَ الْعَبَّاسُ وَعَلِیٌّ فَقَالَ یَا عَائِشَةَ اِنَّ هٰذَیْنِ یَمُوْتَانِ عَلٰی غَیْرِ دِیْنِیْ۔ (سہم مسموم ص ۱۰۲ مطبوعہ لاہور)

**ترجمہ:** عروہ نے عائشہ سے روایت کی ہے۔ کہ میں ایک دن نبی کے پاس تھی اور جناب عباس اور جناب علی آئے۔ نبی کریم نے فرمایا۔ اے عائشہ یہ دونوں میرے دین پر نہ مریں گے۔

حوالہ اور اس کی عبارت آپ نے ملاحظہ کی۔ پھر "اہل سنت کی معتبر کتاب" سے جب یہ حوالہ پیش کیا گیا ہے۔ تو ہر قاری یہی سمجھے گا۔ کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو جناب علی اور عباس سے انتہائی بغض و عداوت تھی۔ اور اسی عداوت کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے ان دونوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

کے دین پر مرنے کی بجائے کسی اور دین پر مرنا ثابت کیا ہے۔ لہذا شیعہ یہ کہنے میں حق بجانب ہیں۔ کہ سنی جس شخصیت کو "ام المومنین" اور امت کی نیک تر عورت کہتے ہیں۔ اس کا باب العلم اور علمبردار حسین کے بارے میں یہ خیال ہے۔ اب اس ڈھول کا پول ہم کھولتے ہیں۔ اور شیعہ علماء کی زبانی اس کتاب کے بارے میں بتلاتے ہیں۔ کہ یہ کس طرح "اہل سنت کی معتبر کتاب ہے"؟ ملاحظہ ہو۔

## ابن ابی الحدید تشیع پسند ہے۔ شیخ عباس قمی

**الکنی و الالقاب:**

(ابْنُ اَبِي الْحَدِيْد) عِزُّ الدِّيْنِ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ مُحَمَّدُ بْنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْحَدِيْدِ الْمَدَائِنِيُّ الْفَاضِلُ الْاَدِيْبُ الْمُؤَرِّخُ الْحَكِيْمُ الشَّاعِرُ شَارِحُ نَهْجِ الْبَلَاغَةِ الْمُكَرَّمَةِ وَصَاحِبُ الْقَصَائِدِ السَّبْعِ الْمَشْهُوْرَةِ

كَانَ مَذْهَبُهُ الْاِعْتِزَالُ كَمَا شَهِدَ لِنَفْسِهِ فِيْ اِحْدٰى قَصَائِدِهِ فِيْ مَدْحِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ "ع" بِقَوْلِهِ

وَرَاَيْتُ دِيْنَ الْاِعْتِزَالِ وَاِنَّنِيْ
اَهْوٰى لِاَجْلِكَ كُلَّ مَنْ يَتَشَيَّعُ

(الکنی و الالقاب جلد اول ص ۱۹۳ مطبوعہ تهران - طبع جدید)

ترجمہ: عزالدین عبدالحمید بن محمد بن الحسین بن ابی الحدید المدائنی الفاضل الادیب

marfat.com

Marfat.com

المؤرخ الحکیم الشاعر نہج البلاغہ کا شارح ہے۔ اور سات مشہور قصیدوں کا قائل ہے۔ مذہب کے اعتبار سے معتزلہ تھا۔ جیسا کہ اپنے بارے میں خود اسے معتزلہ ہونے کا اقرار ہے۔ اور یہ اقرار اس نے ایک قصیدہ میں کہا۔ جو اس نے حضرت علی المرتضیٰ کی شان میں کہا۔ "اور میں اپنے آپ کو معتزلہ سمجھتا ہوں۔ اور میں آپ کی وجہ سے ہر شیعہ کہلانے والے کو دل سے چاہتا ہوں"

## نوٹ:

ابن ابی الحدید کا باوجود معتزلی ہونے کے "تشیع" کو پسند کرنا اس کی وجہ یہ تھی۔ کہ یہ شخص جن لوگوں میں زندگی بسر کر رہا تھا۔ وہ معتزلی ہوتے ہوئے تشیع کو اپنائے ہوئے تھے۔ بلکہ تشیع ان کے لیے ضروری تھا۔ اور اس کا ثبوت ابن ابی الحدید کے مقدمہ میں یوں مذکور ہے۔

## ابن ابی الحدید معتزلی شیعہ تھا مقدمہ کتاب

## مقدمہ شرح ابن ابی الحدید:

وُلِدَ فِی الْمَدَائِنِ فِیْ غُرَّةِ ذِی الْحَجَّةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّ ثَمَانِیْنَ وَخَمْسِمِائَةٍ وَ نَشَأَ بِهَا وَتَلَقّٰى عَنْ شُيُوْخِهَا وَ دَرَسَ الْمَذَاهِبَ الْكَلَامِيَّةَ ثُمَّ مَالَ اِلٰى مَذْهَبِ الْاِعْتِزَالِ مِنْهَا وَ كَانَ الْغَالِبُ عَلٰى اَهْلِ الْمَدَائِنِ التَّشَيُّعَ وَ التَّطَرُّفَ وَالْمُغَالَاةَ فَسَارَ فِیْ دَرْبِهِمْ وَتَقَيَّلَ مَذْهَبَهُمْ

marfat.com

Marfat.com

وَنَظَمَ الْقَصَائِدَ الْمَعْرُوْفَةَ بِالْعَلَوِيَّاتِ عَلٰى طَرِيْقَتِهِمْ وَفِيْهَا غَالٰى وَتَشَيَّعَ وَذَهَبَ بِهِ الْإِسْرَافُ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ اَبْيَاتِهَا كُلَّ مَذْهَبٍ يَقُوْلُ فِيْ اِحْدَاهَا۔

وَرَاَيْتُ دِيْنَ الْاِعْتِزَالِ وَاِنَّنِيْ
اَهْوٰى لِاَجْلِكَ كُلَّ مَنْ يَتَشَيَّعُ

(شرح ابن ابی الحدید تحقیق محمد ابو الفضل ابراھیم الجزء الاوّل ص ۱۴ مقدمہ۔ نوٹ ۲ جلدوں ۔میں جو شرح ابن حدید چھپی ہے۔ اس کے مقدمہ میں مذکورہ عبارت موجود ہے۔)

ترجمہ: ابن ابی الحدید مدائن میں پیدا ہوا۔ اس کا سن پیدائش ۵۸۶ھ ہے۔ اور مدائن میں پرورش پائی۔ اور اسی کے شیوخ سے استفادہ کیا اور مذہب کلامیہ پڑھا۔ پھر اعتزال کی طرف پلٹ گیا۔ ان دنوں اہل مدائن میں شیعیت غالب تھی۔ اور اس بارے میں غلو اور ادھر ادھر کی بہت سی باتیں ان میں موجود تھیں۔ اس نے بھی ان کی روش اختیار کی۔ ۔اور ان کے مذہب کو اپنا لیا۔ اس نے "علویات" نامی مشہور قصیدے بھی لکھے۔ جن میں اہل مدائن کے معتقدات بھی بیان کیے۔ ان میں اس نے غلو بھی کیا۔ اور تشیع کا اظہار بھی۔ ان قصائد میں بہت سے اشعار میں مذہب اعتزال کا اعتراف میں اظہار کیا۔ اسی کا ان قصائد میں ایک شعر یہ بھی ہے۔

"میں نے مذہب اعتزال اختیار کیا۔ اور تیری وجہ سے ہر اس شخص سے

marfat.com

Marfat.com

محبت کرتا ہوں۔ جو تشیع رکھتا ہے۔

## لمحہ فکریہ:

ان حوالہ جات سے معلوم ہوا۔ کہ ابن ابی الحدید از خود اقراری ہے۔ کہ وہ معتزلی شیعہ تھا۔ کیونکہ جس علاقہ میں اس کی نشوونما ہوئی۔ ان لوگوں میں یہ مرض بکثرت تھا۔ اس نے نہج البلاغہ کی شرح لکھی۔ جسے "شرح ابن ابی الحدید" کہا جاتا ہے۔ یہ شرح اس دور کے ایک وزیر ابن علقمی نامی کے کہنے پر لکھی گئی۔ جو شیعہ تھا۔ سات مشہور قصیدے نے حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کی شان میں لکھے۔ وہ بھی اسی وزیر کی فرمائش تھی۔

قارئین کرام! نہج البلاغہ کی شرح لکھنے کا حکم بھی شیعہ وزیر دے۔ اور لکھنے والا خود اپنا شیعہ ہونا تسلیم کرے۔ تو پھر یہ کیونکر ممکن کہ اس شرح کو وہ مسلک اہل سنت کے مطابق اور ان کے معتقدات کے موافق تحریر کرے۔ اس لیے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کہ جس سے حضرت علی اور عباس رضی اللہ عنہما کا دین مصطفوی کے غیر پر مرنا مذکور ہوا۔ وہ قطعاً اہل سنت کا مؤقف نہیں۔ بلکہ مسلک اہل تشیع کا نمونہ ہے جسے محض بدنام کرنے کے لیے سیدہ عائشہ کی طرف منسوب کر کے اپنا الو سیدھا کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف کہ جس کے حکم پر یہ سب کچھ ابن ابی الحدید نے کیا۔ ذرا اس کے بارے میں کتب شیعہ سے حوالہ ملاحظہ کریں۔ کہ وہ کس مسلک کا آدمی تھا۔؟

> **ابن ابی الحدید نے اپنی کتاب شرح نہج البلاغہ ایک شیعہ وزیر کے حکم پر لکھی شیعہ علماء کا بیان**

### الذریعۃ:

شرح النھج للشیخ عز الدین ابی حامد عبد الحمید بن ھبۃ اللہ ابن ابی الحدید المعتزلی المولود

marfat.com

Marfat.com

فِی الْمَدَائِنِ سَنَةَ ۵۸۶ وَالْمُتَوَفّٰی بِبَغْدَادَ
سَنَةَ ۶۵۵ هُوَ فِیْ عِشْرِیْنَ جُزْءً طبع بطهران
جَمِیْعُهُمَا فِیْ مُجَلَّدَیْنِ فِیْ سَنَةِ ۱۲۷۰ وَطُبِعَ
بَعْدَ ذَالِكَ فِیْ مِصْرَ وَغَیْرِهَا مُكَرَّرًا وَقَدْ
اَلَّفَهٗ لِلْوَزِیْرِ مُؤَیِّدِ الدِّیْنِ ابی طالب محمد الشهیر
بابن العلقمی وَكَتَبَ لَهٗ اِجَازَةَ رِوَایَتِهٖ
وَقَدْ رَأَیْتُ صُوْرَةَ الْاِجَازَةِ فِیْ اٰخِرِ
بَعْضِ اَجْزَائِهٖ فِیْ مَكْتَبَةِ الْفَاضِلِیَّةِ قَبْلَ
هَدْمِهَا وَلَعَلَّهَا نُقِلَتْ اِلَی الرَّضَوِیَّةِ كَمَا
اَنَّهٗ نَظَمَ الْقَصَائِدَ (السبع العلویات) المطبوعه
بایران فِیْ ۱۳۱۷ اَیْضًا للوزیر ابن العلقمی وقد
رَأَیْتُ نُسْخَتَهَا الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهَا خَطُّ ابن العلقمی
فِیْ مَكْتَبَةِ العلامه الشیخ محمد السماوی
(الذریعه الی تصانیف الشیعه جلد نمبر ۱۴
ص ۱۵۸ تا ۱۵۹ مطبوعه بیروت طبع جدید)

ترجمہ: نہج البلاغہ کی شرح (شرح ابن ابی الحدید) جسے شیخ عزالدین ابو حامد عبدالحمید بن ہبۃ اللہ ابن ابی الحدید معتزلی نے لکھا۔ یہ شارح مدائن میں ۵۸۶ میں پیدا ہوا۔ اور ۶۵۵ کو بغداد میں فوت ہوا۔ اس کی بیس جلدیں ہیں ۱۲۷۰ھ میں تہران میں یہ شرح دو جلدوں میں چھپی پھر مصر اور دوسرے شہروں میں کئی مرتبہ چھپی۔ یہ شرح ابن ابی الحدید نے اپنے دور کے ایک وزیر مؤیدالدین ابی طالب محمد کے حکم پر لکھی۔

marfat.com
Marfat.com

جو "ابن العلقی" کے لقب سے مشہور تھا مصنف نے وزیر موصوف کو اس کتاب کی روایت کی بھی اجازت دی۔ میں نے اس اجازت نامہ کی تحریر خود مکتبہ فاضلیہ میں دیکھی۔ یہ اس وقت کی بات ہے۔ کہ مکتبہ فاضلیہ ابھی قائم تھا۔ ہو سکتا ہے۔ کہ اس مکتبہ کی بربادی سے کچھ عرصہ پہلے یہ منتقل ہو کر مکتبہ رضویہ میں چلی گئی ہو۔ اسی طرح ابن ابی الحدید نے وزیر ابن العلقی کی فرمائش پر سات مشہور قصیدے بھی لکھے۔ جو ۱۳۱۷ھ میں ایران میں طبع ہوئے۔ میں نے وہ نسخہ بھی دیکھا۔ کہ جس پر ابن العلقی کی تحریر تھی۔ یہ نسخہ علامہ شیخ محمد سماوی کے مکتبہ میں تھا۔

## الکنی و الالقاب:

ابن العلقمی هو الوزير ابو طالب مويد الدين محمد بن محمد (احمد خ ل) بن علی العلقمی البغدادی الشيعی كَانَ وَزِيْرَ الْمُعْتَصِمِ آخِرِ خُلَفَاءِ بَنِیْ عَبَّاسٍ وَكَانَ كَاتِبًا خَبِيْرًا بِتَدْبِيْرِ الْمُلْكِ نَاصِحًا لِاَصْحَابِهٖ وَكَانَ اِمَامِيَّ الْمَذْهَبِ صَحِيْحَ الْاِعْتِقَادِ رَفِيْعَ الْهِمَّةِ مُحِبًّا لِلْعُلَمَاءِ وَالزُّهَّادِ كَثِيْرَ الْمَبَارِّ وَلِاَجْلِهٖ صَنَّفَ ابن ابی الحديد شرح النَّهْجِ فِیْ عِشْرِيْنَ مُجَلَّدًا والسبع العلويات تُوُفِّیَ فی ۲ جمادی الاٰخرة سنة ۶۵۶ (خ ون) وَقَدْ يُطْلَقُ عَلٰی اِبْنِهٖ شرف الدين ابی القاسم علی بن محمد۔

(کتاب الکنی والالقاب تصنیف شیخ عباس قمی جلد اول ص ۳۶۲ مطبوعہ تہران طبع جدید۔)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ: ''ابن العلقمی'' یعنی ابوطالب موید الدین محمد بن محمد بن علی العلقمی البغدادی الشیعی معتصم کا وزیر تھا۔ جو کہ بنی عباس کے خلفاء میں سے سب سے آخری خلیفہ تھا۔ یہ وزیر کاتب تھا۔ ملکی معاملات کو بخوبی سمجھتا تھا۔ اپنے دوستوں کا خیرخواہ تھا۔ مذہب میں کٹر امامی شیعہ تھا۔ ہمت کا بعد اور علماء و وزراء سے محبت رکھنے والا تھا۔ اسی کے لیے ابن ابی الحدید نے نہج البلاغہ کی شرح لکھی۔ اور سات مشہور قصیدے بھی اسی کے حکم پر لکھے ابن علقمی ۲ جمادی آخرہ ۶۵۶ھ کو فوت ہوا۔ اس کا ایک بیٹا تھا جسے شرف الدین ابو القاسم علی بن محمد کہتے ہیں۔

## لمحہ فکریہ:

اوپر جن دو کتب کے حوالہ جات نقل کیے گیے۔ یہ اہل تشیع کی معتبر اور مستند کتابوں میں سے ہیں۔ اور ان دونوں کتابوں کی تصنیف و تالیف کا مقصد یہی تھا۔ کہ کتب اہل تشیع کی نشاندہی کی جائے۔ لہذا کتاب الکنی والالقاب اور الذریعہ سے اس وزیر کا شیعی ہونا ثابت ہو گیا۔ جس نے ابن ابی الحدید سے نہج البلاغہ کی شرح لکھوائی۔ اور حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کی شان میں قصیدے کہلوائے بعض کتب میں تو اس امر کی تصریح بھی موجود ہے۔ کہ وزیر موصوف نے ابن ابی الحدید کو مذکور شرح لکھنے پر ایک لاکھ دینار بھی دیئے تھے۔ علاوہ ازیں اور بھی تحائف دیئے گئے اس کی تفصیل علامہ نور بخش توکلی مرحوم نے تحفہ شیعہ جلد اول ص ۳۲ پر لکھی ہے۔

اس قدر خطیر رقم دینا اس امر کی دلیل ہے۔ کہ ابن ابی الحدید نے اس شرح میں وہی کچھ لکھا جو وزیر ابن العلقمی کو پسند و مقبول تھا۔ اور ایک کٹر امامی شیعہ یہ کیسے پسند کر سکتا ہے۔ کہ اس کی فرمائش پر لکھی جانے والی کتاب میں شیعوں کی بجائے سنیوں کے عقائد اور خیالات درج ہوں۔ اور ان سات قصائد میں سے ایک کے شعر میں خود

marfat.com
Marfat.com

ابن ابی الحدید نے اس امر کی وضاحت بھی کر دی ہے کہ وہ شیعہ ہے۔ اور ہماری کتب اہلسنت میں ابن الحدید کو شیعی بالتصریح لکھا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

## کشف الظنون:

نھج البلاغة...... فَقَدْ شَرَحَهٗ عِزُّ الدِّیْنِ عبد الحمید بن ھبة اللہ المدائنی الکاتِبُ الشَّاعِرُ الشیعی فِیْ عِشْرِیْنَ مجلدا و تُوُفِّیَ ۶۵۵ھ۔

(کشف الظنون عن اسامی الکتب و الفنون جلد ۲ ص ۱۹۹۱ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** نہج البلاغہ کی ایک شرح عزالدین عبدالحمید بن ہبۃ اللہ مدائنی شیعی نے لکھی۔ جو بیس جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کا انتقال ۶۵۵ھ میں ہوا۔

## ابن ابی الحدید کے شیعی عقائد خود اس کی زبانی

گزشتہ حوالہ جات تو اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں۔ کہ ابن ابی الحدید معتزلی شیعی تھا۔ اور ایک شعر میں خود اس نے اس کا اقرار بھی کیا ہے۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ خیال آئے۔ کہ شعر میں ابن ابی الحدید نے شاید اپنے محسن وزیر ابن علقمی کو خوش کرنے اور اس سے کچھ وصول کرنے کے لیے اس کے معتقدات کے مطابق لکھ دیا ہو۔ ورنہ وہ خود ہو سکتا ہے۔ کہ اہل تشیع سے نہ ہو۔ تو ہم اس خیال

marfat.com
Marfat.com

کی تردید میں خود اس کی شرح سے چند اقتباسات پیش کر رہے ہیں۔ جس سے معلوم ہو جائے گا۔ کہ کتاب الکنی والالقاب، الذریعہ اور کشف الظنون وغیرہ نے اس کے مذہب کی جو نشاندہی کی ہے۔ وہ درست ہے۔ حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔

**حوالہ نمبر (۱): ناسخ التواریخ:** ابن حدید کے دو عدد اشعار

وَاِنَّ اَنْسَ لَا اَنْسَ الَّذِیْنَ تَقَدَّمَا
وَفَرَّهُمَا وَالْفَرُّ قَدْ عَلِمْتُوْبٌ

وَلِلرَّاٰیَۃِ الْعُظْمٰی وَقَدْ ذَهَبَا بِهَا
مَلَابِسُ ذُلٍّ فَوْقَهَا وَجَلَابِیْبُ

میگوید۔ با اینکہ دانستند ابوبکر و عمر فرار از جنگ گناہ عظیم است مرتکب ایں گناہ شدند ورائت پیغمبر را لباس ذلت پوشیدند۔

(ناسخ التواریخ حالات حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جلد دوم ص ۲۷۵ وقائع سال ہفتم ہجرت مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:**

بے شک ان دونوں (ابوبکر و عمر فاروق رضی اللہ عنہما) کی محبت کوئی محبت نہیں۔ وہ لڑنے کے لیے آگے نکلے۔ اور پھر بھاگ کھڑے ہوئے۔ حالانکہ وہ دونوں بخوبی جانتے تھے۔ کہ بھاگنا گناہ عظیم ہے۔ ان دونوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عظیم جھنڈے کو ذلت اور رسوائی کا لباس اور کپڑے پہنا دیئے۔

**توضیح:**

سیدنا ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے بارے ایسے خیالات سے آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کہ کس مسلک و مشرب کے ماننے والے کے ہو سکتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

گناہ عظیم کے مرتکب اور حضور کے جھنڈے کو رسوا کرنے والے کہنا کن عقائد کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ تو معلوم ہوا کہ ابن ابی الحدید بھی دیگر شیعوں کی طرح شیخین کا گستاخ ہے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

## حوالہ نمبر(۲): ابن حدید:

فَاَمَّا عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَاِنَّهٗ عِنْدَنَا بِمَنْزِلَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وسلم فِیْ تَصْوِیْبِ قَوْلِهٖ وَالْاِحْتِجَاجِ بِفِعْلِهٖ وَ وُجُوْبِ طَاعَتِهٖ وَمَتٰی صَحَّ عَنْهُ اَنَّهٗ قَدْ بَرِیَ مِنْ اَحَدٍ مِنَ النَّاسِ بَرِئْنَا مِنْهُ كَائِنًا مَنْ كَانَ وَلٰكِنَّ الشَّاْنَ فِیْ تَصْحِیْحِ مَا یُرْوٰی عَنْهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَدْ اَكْثَرَ الْكَذِبَ عَلَیْهِ وَوَلَدَتِ الْعَصَبِیَّةُ اَحَادِیْثَ لَا اَصْلَ لَهَا فَاَمَّا بَرَاءَتُهٗ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنَ الْمُغِیْرَةِ وَعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَمُعَاوِیَةَ فَهُوَ عِنْدَنَا مَعْلُوْمٌ جَارٍ مَجْرَی الْاَخْبَارِ الْمُتَوَاتِرَةِ فَلِذٰلِكَ لَا یَتَوَلَّاهُمْ اَصْحَابُنَا وَلَا یُثْنُوْنَ عَلَیْهِمْ وَهُمْ عِنْدَ الْمُعْتَزِلَةِ فِیْ مَقَامٍ غَیْرِ مَحْمُوْدٍ۔

(شرح نہج البلاغۃ ابن حدید جلد چہارم ص۴۶۲ فی رأی الشارح رد اعلی ماکتبہ الزیدی الخ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** بہرحال حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہم معتزلی شیعوں کے نزدیک اپنے قول کے صائب ہونے اور ان کے فعل سے احتجاج کرنے

marfat.com
Marfat.com

کے معاملہ میں اور اطاعت کے وجوب کے معاملہ میں آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کے مالک ہیں۔ اور جب حضرت علی کی طرف سے یہ بات پایۂ ثبوت وصحت کو پہنچ جائے۔ کہ آپ فلاں شخص سے ناراض ہیں۔ تو ہم بھی اس سے ناراض رہیں گے۔ چاہے وہ کوئی ہو۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے۔ کہ آپ سے بہت سی روایات ایسی ذکر کی گئی ہیں۔ جن میں اکثر کذب بیانی اور تعصب سے کام لیا گیا ہے۔ ان کی کوئی حقیقت نہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا جناب مغیرہ، عمرو بن العاص اور معاویہ رضی اللہ عنہم سے بیزار ہونا۔ تو یہ معاملہ ہمارے نزدیک خبر متواتر کے قائم مقام ہے یہی وجہ ہے۔ کہ ہمارے اصحاب نہ ان سے محبت رکھتے ہیں۔ اور نہ ہی ان کی مدح سرائی کرتے ہیں۔ اور معتزلہ کے نزدیک یہ لوگ مقام غیر محمود میں ہیں۔

## توضیح:

اس عبارت میں ابن ابی الحدید نے اہل تشیع کے دو خیالات کی تائید کی ہے۔ اور انہیں اپنا عقیدہ بتلایا ہے۔ اوّل یہ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ قول، فعل اور وجوب اطاعت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ رکھتے ہیں دوسرا یہ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جس سے ناراض ہوں۔ ہم بھی اس سے بیزار ہیں۔ چاہے وہ کوئی ہو۔ اس سے یہ بیان کرنا مقصود ہے۔ کہ خلفائے ثلاثہ اور دیگر صحابہ کرام پر ابن ابی الحدید کے عقیدہ کے مطابق یہ سب حضرات وہ ہیں جن سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ناراض تھے۔ اس مقام پر ابن ابی الحدید نے صرف تین حضرات کا نام لیا۔ یہ اس کا تقیہ کہہ لیجئے۔ ورنہ "کائنا من کان" کے الفاظ کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ اس کا ثبوت اگلے حوالہ جات سے ہم پیش کریں گے جس

marfat.com
Marfat.com

ہیں اس نے صدیق اکبر اور فاروق اعظم کو بھی اس زمرے میں شامل کیا ہے۔ اہل تشیع کا یہ طریقہ ہے۔ کہ اپنا تبرائی عقیدہ اشارۃً کنایۃً بیان کرتے رہتے ہیں۔ فروع کافی میں ایک مقام پر یہ ماجرا اپنایا گیا۔ کہ امام جعفر اول، دوم اور سوم پر تبرہ کیا کرتے تھے۔ بہرحال ان دونوں حوالہ جات سے ابن ابی حدید کے شیعہ ہونے کا ثبوت کافی ووافی موجود ہے۔

**حوالہ نمبر(۳): ابن حدید:**

ثُمَّ كَتَبَ اِلٰى عُمَّالِهٖ اَنَّ الْحَدِيْثَ فِىْ عُثْمَانَ قَدْ كَثُرَ وَ فَشَا فِىْ كُلِّ مِصْرٍ وَفِىْ كُلِّ وَجْهٍ وَ نَاحِيَةٍ فَاِذَا جَاءَكُمْ كِتَابِىْ هٰذَا فَادْعُوا النَّاسَ اِلَى الرِّوَايَةِ فِىْ فَضَائِلِ الصَّحَابَةِ وَالْخُلَفَاءِ الْاَوَّلِيْنَ وَ لَا تَتْرُكُوْا خَبَرًا يَرْوِيْهِ اَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِىْ اَبِىْ تُرَابٍ اِلَّا وَ اْتُوْنِىْ بِمُنَاقِضٍ لَهٗ فِى الصَّحَابَةِ مُفْتَعِلَةً فَاِنَّ هٰذَا اَحَبُّ اِلَىَّ وَاَقَرُّ لِعَيْنِىْ وَ اَدْحَضُ لِحُجَّةِ اَبِىْ تُرَابٍ وَ شِيْعَتِهٖ وَ اَشَدُّ اِلَيْهِمْ مِنْ مَنَاقِبِ عُثْمَانَ وَ فَضْلِهٖ، فَقُرِئَتْ كُتُبُهٗ عَلَى النَّاسِ فَرُوِيَتْ اَخْبَارٌ كَثِيْرَةٌ فِىْ مَنَاقِبِ الصَّحَابَةِ مُفْتَعِلَةٌ لَا حَقِيْقَةَ لَهَا وَ جَدَّ النَّاسُ فِىْ رِوَايَةِ مَا يَجْرِىْ هٰذَا الْمَجْرٰى حَتّٰى اَشَادُوْا بِذِكْرِ ذٰلِكَ عَلَى الْمَنَابِرِ وَاُلْقِىَ اِلٰى مُعَلِّمِى الْكَتَاتِيْبِ فَعَلَّمُوْا صِبْيَانَهُمْ وَغِلْمَانَهُمْ مِنْ ذٰلِكَ الْكَثِيْرَ الْوَاسِعَ حَتّٰى رَوَوْهُ وَتَعَلَّمُوْهُ كَمَا يَتَعَلَّمُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَحَتّٰى عَلَّمُوْهُ بَنَاتِهِمْ وَنِسَاءَهُمْ وَخَدَمَهُمْ

marfat.com
Marfat.com

وَحَشَمَهُمْ فَلَبِثُوْا بِذَالِكَ مَا شَاءَاللهُ ثُمَّ كَتَبَ اِلٰى عُمَّالِهٖ نُسْخَةً وَّاحِدَةً اِلٰى جَمِيْعِ الْبُلْدَانِ اُنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ اَقَامَتْ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةُ اَنَّهٗ يُحِبُّ عَلِيًّا وَاَهْلَ بَيْتِهٖ فَامْحُوْهُ مِنَ الدِّيْوَانِ وَاَسْقِطُوْا عَطَاءَهٗ وَرِزْقَهٗ۔

(شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید جلد سوم ص ۱۵ فیما فعلتہ بنو امیۃ من الامور التی وجبت وضع کثیر من الاحادیث مطبوعہ بیروت طبع جدید)

ترجمہ: پھر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے کار پردازوں کو خط لکھ کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں فضائل اور مناقب کا عام چرچا ہو گیا ہے۔ اور ہر شہر و گاؤں میں ان کا تذکرہ کیا جا رہا ہے لہٰذا جب میرا یہ خط تمہیں ملے۔ تو لوگوں کو اس بات کی دعوت دو کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں پہلے خلفاء اور دیگر صحابہ کرام کے فضائل بھی عام کیے جائیں۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ابو تراب کے بارے میں فضائل کی جو حدیث لوگ بیان کریں۔ تم اس کے مقابلہ میں جھوٹی احادیث دوسرے صحابہ کرام کے بارے میں میرے پاس پہنچاؤ۔ کیونکہ ایسا کرنے سے مجھے آنکھوں میں ٹھنڈک محسوس ہو گی۔ اور میں اس کو بہت پسند بھی کرتا ہوں۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے شیعوں کی حجت کا توڑ بھی یہی ہے۔ اور یہ بات ان کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے فضائل سے بھی زیادہ چبھتی ہے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہ حکم ان کے کارندوں نے لوگوں کو پڑھ کر سنایا۔ لہٰذا

marfat.com
Marfat.com

اس پر عمل پیرا ہو کر لوگوں نے فضائل صحابہ میں بہت سی ایسی احادیث بیان کرنا شروع کر دیں۔ جو من گھڑت تھیں۔ اور ان کی حقیقت کچھ بھی نہ تھی۔ لوگ اسی وطیرہ پر چلتے رہے۔ حتیٰ کہ مساجد کے منبروں پر ان احادیث کا تذکرہ ہونے لگا۔ اور دینی استادوں نے ان کی تدریس بھی شروع کر دی۔ بچے اور غلاموں کو بھی یہ احادیث پڑھائی گئیں۔ اس حد تک ان کا پڑھنا پڑھانا جاری ہو گیا۔ جیسا کہ لوگ قرآن کریم پڑھتے پڑھاتے ہیں۔ بچیوں، عورتوں اور خادموں تک ان احادیث کو پڑھایا گیا۔ یہی طریقہ بہت عرصہ تک چلتا رہا۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے پھر ایک اور رقعہ اپنے کارندوں کو لکھا کہ تم اپنے اپنے علاقہ میں اس بات کی تحقیق کرو۔ کہ کون شخص حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور ان کی اہل بیت سے محبت کرتا ہے۔ جب تحقیق سے یہ بات کسی میں ثابت ہو جائے۔ تو اس شخص کا سرکاری رجسٹر سے نام خارج کر دیا جائے۔ اور اس کا خرچہ وغیرہ بند کر دیا جائے۔

## حوالہ نمبر ۴ ابن حدید:

وَرَوٰی اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِیُّ بْنُ محمد بن ابی السیف المدائنی فِیْ کِتَابِ الْاَحْدَاثِ قَالَ کَتَبَ مُعَاوِیَۃُ نُسْخَۃً وَاحِدَۃً اِلٰی عُمَّالِہٖ بَعْدَ عَامِ الْجَمَاعَۃِ اَنْ بَرِئَتِ الذِّمَّۃُ مِمَّنْ رَوٰی شَیْئًا مِنْ فَضْلِ اَبِیْ تُرَابٍ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ۔

(شرح ابن ابی الحدید جلد سوم ص ۱۵)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ: کتاب الاحداث میں ابوالحسن علی بن محمد مدائنی نے روایت کی ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے کارندوں کو ایک رقعہ عام الجماعت کے بعد لکھا۔ جس میں تحریر تھی وہ جس شخص نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور ان کی اہل بیت کی فضیلت میں کوئی ایک آدھ روایت بھی بیان کی۔ حکومت اس کے تحفظ کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

## حوالہ نمبر۵: ابن حدید:

فَصَاحَ بِهٖ اَيُّهَا الْاَمِيْرُ اِنَّ اَهْلِيْ عَقُوْنِيْ فَسَمُّوْنِيْ عَلِيًّا وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ بَائِسٌ وَ اَنَا اِلٰی صِلَةِ الْاَمِيْرِ مُحْتَاجٌ فَتَضَاحَكَ لَهُ الْحَجَّاجُ وَ قَالَ لِلُطْفِ مَا تَوَسَّلْتَ بِهٖ قَدْ وَلَّيْتُكَ مَوْضِعَ كَذَا۔

(شرح ابن ابی الحدید جلد سوم ص۱۶)

## ترجمہ:

حجاج کے دربار میں ایک شخص آیا۔ اور چلا کر کہا۔ اے امیر! میرے خاندان والوں نے میرا نام علی رکھ کر مجھ سے زیادتی کی ہے۔ میں تو فقیر اور مسکین ہوں۔ اور امیر کی طرف سے صلہ کا محتاج ہوں۔ یہ سن کر حجاج ہنس دیا۔ اور اس خوشی میں انہیں ایک علاقہ کا والی بنا دیا۔

## حوالہ نمبر۶: ابن حدید:

رَوَی الزُّهْرِيُّ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهٗ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ قَالَتْ كُنْتُ

marfat.com
Marfat.com

عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ اِذْ اَقْبَلَ الْعَبَّاسُ وَعَلِيٌّ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ هٰذَيْنِ يَمُوْتَانِ عَلٰى غَيْرِ دِيْنِيْ ۔

(شرح ابن ابی الحدید جلد ۱ ص ۴۶۷ بحوالہ سہم مسموم ص ۱۰۲ مصنفہ غلام حسین نجفی شیعی۔)

**ترجمہ:**

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ انہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حدیث سنائی۔ کہ میں ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی تھی۔ کہ اتنے میں حضرت عباس اور علی رضی اللہ عنہ آئے۔ انہیں آتے دیکھ کر حضور نے فرمایا۔ یہ دونوں یقیناً میرے دین کے غیر پر مریں گے۔

**حوالہ نمبر ۱۷ ابن حدید:**

اِنَّ عُرْوَةَ زَعَمَ اَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ قَالَتْ كُنْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ اِذْ اَقْبَلَ الْعَبَّاسُ وَعَلِيٌّ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اَنْ سَرَّكَ اَنْ تَنْظُرِىْ اِلٰى رَجُلَيْنِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَانْظُرِىْ اِلٰى هٰذَيْنِ قَدْ طَلَعَا فَنَظَرْتُ فَاِذَا الْعَبَّاسُ وَعَلِيُّ ابْنُ اَبِىْ طَالِبٍ

(شرح ابن ابی الحدید جلد اول ص ۴۶۷ بحوالہ سہم مسموم مصنفہ غلام حسین نجفی ص ۱۰۳)

**ترجمہ:** حضرت عروہ کا خیال ہے۔ کہ انہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حدیث سنائی۔ کہ میں ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھی۔ آپ نے مجھ سے فرمایا۔ اے عائشہ! اگر تو بخوشی دو مردوں کو دیکھنا

marfat.com
Marfat.com

جاتی ہے جو دوزخی ہیں۔ تو دیکھ لے کہ جو ابھی دو مرد آرہے ہیں۔ یہ
وہی ہیں۔ میں نے دیکھا۔ تو دونوں آنے والے عباس اور علی بن ابی
طالب تھے۔

## حوالہ نمبر ۸ : سہم مسموم:

عَنْ عَمْرِو بْنِ عَاصٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ
یَقُوْلُ اِنَّ آلَ اَبِیْ طَالِبٍ لَیْسُوْا لِیْ بِاَوْلِیَاءَ اِنَّمَا
وَلِیِّیَ اللّٰہُ وَالصَّالِحُوْنَ الْمُؤْمِنُوْنَ۔

(شرح ابن ابی الحدید جلد اوّل ص ۴۶۷ مجوالہ
سہم مسموم ۱۰۳)

**ترجمہ:** عمرو بن العاص کہتے ہیں۔ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کو فرماتے سنا۔ کہ ابو طالب کی آل میرے دوست اور خیر خواہ
نہیں ہیں۔ میرا دوست اور خیر خواہ تو اللہ تعالیٰ اور صالح مومن ہیں

## حوالہ نمبر ۹ : سہم مسموم:

وَقَدْ رُوِیَ اَنَّ مُعَاوِیَۃَ بَذَلَ لِسَمُرَۃَ بْنِ جُنْدَبٍ
مِائَۃَ اَلْفِ دِرْھَمٍ حَتّٰی یَرْوِیَ اَنَّ ھٰذِہِ الْاٰیَۃَ
نَزَلَتْ فِیْ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
یُّعْجِبُکَ قَوْلُہٗ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا۔ وَاَنَّ الْاٰیَۃَ
الثَّانِیَۃَ نَزَلَتْ فِی ابْنِ مُلْجَمٍ وَھِیَ قَوْلُہٗ تَعَالٰی
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ نَفْسَہُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰہِ
فَلَمْ یَقْبَلْ فَبَذَلَ لَہٗ مِائَتَیْ اَلْفِ دِرْھَمٍ فَلَمْ
یَقْبَلْ فَبَذَلَ لَہٗ اَرْبَعَ مِائَۃِ اَلْفٍ

marfat.com
Marfat.com

فَقَبِلَ۔

(شرح ابن ابی الحدید ص ۷ جلد اول بحوالہ سہم مسموم ص ۲۰)

**ترجمہ:** مروی ہے۔ کہ حضرت معاویہ نے جناب سمرۃ بن جندب کو ایک ہزار درہم دینے کو کہا۔ اور شرط یہ ہے۔ کہ "ومن الناس من یشری نفسہ ..." ابن ملجم کے بارے میں وہ یوں روایت کریں۔ کہ یہ آیت حضرت علی المرتضٰی کے بارے میں نازل ہوئی۔ اور دوسری آیت "ومن الناس من یشری نفسہ ..." ابن ملجم کے حق میں نازل ہوئی۔ لیکن جناب سمرہ نے یہ پیشکش قبول نہ کی۔ معاویہ نے دو ہزار درہم پیش کیے انہوں نے پھر ٹھکرا دیئے۔ بالآخر چار ہزار درہم پر جناب سمرہ راضی ہو گئے۔ اور معاویہ کی پیشکش قبول کر لی۔

## حوالہ نمبر ۱: سہم مسموم:

وَكَانَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ عُثْمَانِيًّا شَدِيْدًا فِيْ ذَالِكَ وَكَانَ عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ عُثْمَانِيًّا مِنْ أَعْدَاءِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمُبْغِضِيْهِ رُوِيَ عَنْ عَمْرٍو أَنَّهُ كَانَ يَرْكَبُ وَيَدُوْرُ الْقُرٰى بِالشَّامِ وَيَجْمَعُ أَهْلَهَا وَيَقُوْلُ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ عَلِيًّا كَانَ رَجُلًا مُنَافِقًا أَرَادَ أَنْ يَنْخَسَ بِرَسُوْلِ اللهِ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ فَالْعَنُوْهُ فَيَلْعَنُهُ أَهْلُ تِلْكَ الْقَرْيَةِ ثُمَّ يَسِيْرُ إِلَى الْقَرْيَةِ الْأُخْرٰى فَيَأْمُرُهُمْ بِمِثْلِ

marfat.com
Marfat.com

ذَالِكَ وَكَانَ فِيْ زَمَنِ مُعَاوِيَةَ۔

(شرح ابن ابی الحدید جلد اوّل ص ۴۸۵

بحوالہ سہم مسموم ص ۱۰۵)

**ترجمہ:** زید بن ثابت بڑے متعصب عثمانی تھے۔ اور عمرو بن ثابت بھی عثمانی تھا۔ بلکہ حضرت علی المرتضیٰ کے دشمنوں اور ان سے بغض رکھنے والوں میں سے تھے۔ عمرو بن ثابت سے ہوکر سے یکر یہ مختلف بستیوں میں سواری پر جاتا۔ وہاں کے باشندوں کو جمع کر کے کہتا کہ علی ایک منافق شخص تھا۔ اس نے رسول اللہ کو دھوکہ دینے کا ارادہ کیا۔ تم اس پر لعنت بھیجو یہ سن کر اس بستی والے علی المرتضیٰ پر لعنت بھیجتے۔ پھر عمرو بن ثابت وہاں سے دوسری بستی کا رخ کرتا۔ اور وہاں جا کر بھی یہی کچھ کرتا۔ یہ امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں ہوا ہے۔

## حوالہ نمبر ۱۱: سہم مسموم:

قَالَ نَاوِلْنِيْ يَدَكَ فَقَبَّلَهَا وَقَالَ لَا تَمَسُّكَ النَّارُ اَبَدًا۔

(شرح ابن ابی الحدید جلد اوّل ص ۴۸۴

بحوالہ سہم مسموم ص ۱۰۷)

**ترجمہ:** ابوبردہ نے ابوالعادیہ الجہنی سے کہا۔ کیا تو عمار بن یاسر کا قاتل ہے۔؟ اس نے کہا ہاں۔ کہا پھر مجھے اپنا ہاتھ پکڑاؤ ہاتھ پکڑا کر ابوبردہ نے اسے چوما۔ اور کہا تمہیں کبھی بھی دوزخ نہ چھوئے گی۔

marfat.com

Marfat.com

## حوالہ نمبر ۱۲:

# حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے دشمن اور امیر معاویہؓ کے طرفداروں کی ایک فہرست

۱۔ ابو ہریرہ، ۲۔ مغیرہ بن شعبہ، ۳۔ عروہ بن زبیر، ۴۔ حریز بن عثمان ۔ ۵ مروان بن حکم ۔ ۶ عمرو بن سعید بن عاص ۔ ۷ سمرہ بن جندب ۔ ۸، انس بن مالک ۹، اشعث بن قیس، ۱۰ جریر بن عبد اللہ بجلی، ۱۱، ابو مسعود انصاری ۔ ۱۲ کعب بن الاحبار ۱۳ عمران بن الحصین ۔ ۱۴ عبد اللہ بن الزبیر ۔ ۱۵ عبد اللہ بن عمر ۔ ۱۶، ابو موسےٰ اشعری، ۱۷ ضحاک بن قیس ۱۸ ولید بن عقبہ بن ابی معیط ۱۹ حنظلہ ۔ ۲۰ وائل بن حجر ۔ ۲۱ مطرف بن عبد اللہ ۲۲ علاء بن زیاد ۲۳ عبد اللہ بن شقیق ۲۴ مرہ ہمدانی ۲۵ ۔ اسود بن یزید ۲۶ مسروق بن اجدع ۔ ۲۷ قاضی شریح ۲۸ ۔ امام شعبی محدث ۲۹ ۔ ابو وائل شقیق بن سلمہ ۳۰ ابو عبد الرحمٰن قاری ۳۱ عبد اللہ بن حکیم ۔ ۳۲ سہم بن طریف ۳۳ قیس بن ابی حازم، ۳۴ سعید بن مسیب ۔ ۳۵ ۔ امام زہری ۔ ۳۶ زید بن ثابت ۔ ۳۷ مکحول شامی ۔ وکان جمہور الخلق مع بنی امیہ

(شرح ابن ابی الحدید ۔ جلد اول ص ۳۶۴ تا ۳۷۴ بحوالہ سہم مسموم مصنفہ غلام حسین نجفی شیعی ص ۱۰۷)

## توضیحات:

ان بارہ عدد حوالہ جات میں ابن ابی الحدید نے شیعی عقائد اور ان کے

marfat.com

Marfat.com

اثرات پر گفت گو کی۔ حوالہ نمبر ۲ میں یہ ثابت کرنا چاہا۔ کہ حضرت ابوبکر، عمر وغیرہ صحابہ کرام میں کوئی ذاتی فضیلت نہ تھی۔ بلکہ امیر معاویہ رضنے حضرت علی المرتضٰے کے فضائل کے مناقب میں ان حضرات کی فضیلت ثابت کرنے کے لیے لوگوں سے من گھڑت احادیث کی روایت کرنے کو کہا۔ مقصد یہ ہوا کہ صاحب فضیلت صرف علی المرتضٰے ہیں۔ بقیہ صحابہ کرام میں سے کوئی بھی فضیلت نہیں رکھتا۔ یہ کس مسلک کی ترجمانی کی جارہی ہے؟

اسی طرح یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی۔ کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ان کی آل کے دشمن تھے۔ اسی لیے انہوں نے اپنے کارندوں کو ایسے اشخاص کا پتہ چلا کر جو علی اور آلِ علی سے محبت رکھتے ہوں۔ ان کے وظیفہ جات بند کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ یہی امیر معاویہ رض ہیں۔ جو بحوالہ مقتل ابی مخنف حسنین کریمین کو اپنے دورِ خلافت میں ہر سال دس لاکھ دینار ہدیہ بھیجا کرتے تھے۔ جلاء العیون میں امام حسن سے منقول ہے۔ کہ وہ امیر معاویہ کی طرف سے تحائف۔ اور وظیفہ کی آمد کا پہلے سے اعلان کر دیا کرتے تھے یہ وظیفہ حسنین رض اور اپنے اعزہ و اقارب پر خرچ کیا کرتے تھے۔ حجاج کا نام تو ابن ابی الحدید نے دکھاوے کے لیے ذکر کیا۔ ورنہ اصل مقصد تو یہ ہے کہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ ثابت کیا جائے۔ کہ آپ علی المرتضٰے کا نام سننا بھی پسند نہ کرتے تھے۔ حالانکہ شیعوں کی معتبر کتاب امالی شیخ صدوق کے بقول امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جب علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کے فضائل سنتے تو رو دیا کرتے تھے۔

حضرت عباس اور علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کے بارے میں من گھڑت روایت سیدہ عائشہ کی طرف منسوب کر کے ابن ابی الحدید نے یہ ثابت

marfat.com

Marfat.com

کرنا چاہا۔ کہ مائی صاحبہ رضی اللہ عنہا جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سن چکی تھیں۔ کہ عباس و علی دین اسلام پر فوت نہ ہوں گے۔ تو پھر ایسے آدمیوں سے انکا قلبی تعلق کیونکر ہو سکتا ہے۔ حالانکہ یہ روایت من گھڑت ہے۔ کیونکہ بحار الانوار وغیرہ میں صراحت سے یہ مذکور ہے۔ کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ہی روایت کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ محبوب علی اور فاطمہ تھے۔ تو کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب ترین شخص وہ ہے۔ جسے دین اسلام پر مرنا بھی نصیب نہیں؟ اور ایسی روایت کے ہوتے ہوئے سیدہ عائشہ کے خیالات کیا وہ ہو سکتے ہیں جو ابن ابی الحدید نے لکھے ہیں۔

اس کے بعد جناب عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو بدنام کرنے کی کوشش کی، کہ یہ فرماتے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آل ابی طالب کو اپنا دوست نہیں سمجھتے حالانکہ تمام صحابہ کرام اہل بیت کو اپنی ذات سے بھی مقدم سمجھتے تھے مناقب ابن شہر میں فاروق اعظم کے مال تقسیم کرنے کا واقعہ اور ان کے بیٹے عبداللہ کا اعتراض کرنا بایں آپ نے حسنین کریمین کو مجھ سے دگنا حصہ عطا فرمایا۔ اس کے جواب میں جناب فاروق اعظم کا یہ قول موجود ہے۔ کہ عبداللہ! ان کی والدہ تیری والدہ سے بہتر ان کا نانا تیرے نانا سے بہتر ہے۔ اس تصریح کے ہوتے ہوئے حضرات صحابہ کرام کو ابن ابی الحدید نے بدنام کرنے کی کوشش کی یہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کو دین فروش اور لالچی ثابت کرنا چاہا۔

کرنا چاہا۔ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ پر یہ الزام کہ یہ حضرت علی المرتضیٰ کو معاذ اللہ منافق سمجھتے تھے۔ پھر حق تشنیع ادا کرتے ہوئے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو بھی معاف نہ کیا۔ اور ابو موسیٰ اشعری کے فرزند ابو بردہ کو عمار بن یاسر کے قاتل کے ہاتھ چومنے والا بنا کر پیش کیا۔ اور آخر میں تقریباً ۳۰ حضرات کے نام درج کر دیئے

marfat.com
Marfat.com

جو بقول ابن ابی الحدید دشمنانِ علی تھے۔ اور اہل بیت سے بغض و کینہ رکھنے والے تھے۔ اسی ابن ابی الحدید کے نقش قدم پر چلتے ہوئے "غلام حسین نجفی نے بہم مسموم" میں ان حضرات کی فہرست اس عنوان سے لکھی کہ یہ لوگ دشمنانِ علی و آلِ بیت ہیں۔ بہر حال خلاصہ یہ ہے۔ کہ ان مذکورہ عقائد کی روشنی میں ابن ابی الحدید کے مسلک و مشرب کے بارے میں کوئی خفا نہیں رہتا۔ یہ کٹر شیعی ہے۔ اور اس نے اپنی شرح میں شیعیت کی ترویج و اشاعت کی ہے۔ اس لیے غلام حسین نجفی کا اُسے سنی اور اس کی شرح کو "اہل سنت کی معتبر کتاب" کہنا اسی طرح ہے۔ جس طرح دن کو کوئی رات کہے۔ اللہ تعالیٰ بددیانتی اور خیانت سے بچائے

## ابن ابی الحدید کے غالی شیعہ ہونے پر امام ابن کثیر کی نص

البدایۃ والنہایۃ:

عَبْدُ الْحَمِیْدُ بْنُ هِبَةِ اللّٰہِ بن محمد بن الحسین الوحامد بن ابی الحدید۔ عز الدین المدائنی اَلْکَاتِبُ الشَّاعِرُ الْمُطْبِقُ الشِّیْعِیُّ الْغَالِیُ لَہٗ شَرْحُ نَہْجِ الْبَلَاغَۃِ فِیْ عِشْرِیْنَ مُجَلَّدًا ۔۔۔۔۔۔ وکان حظیا عند الوزیر ابن العلقمی لما بینہما من المناسبۃ والمقاربۃ والمشابھۃ فی التشیع۔

(البدایہ والنہایہ جلد ۱۳ ص ۱۹۹ تا ۲۰۰ ذکر سن ۶۵۵ھ)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:** عبدالحمید بن ہبۃ اللہ بن محمد بن محمد بن الحسین ابو حامد بن ابی الحدید عزالدین المدائنی جو کاتب اور مکمل شاعر اور غالی شیعہ ہے۔ اس کی ایک کتاب شرح نہج البلاغہ بیس جلدوں پر مشتمل ہے۔ وزیر ابن علقمی (شیعی) کے ہاں اس کا بڑا مقام تھا۔ کیونکہ شیعہ ہونے کی وجہ سے دونوں میں مناسبت اور مقاربت موجود ہے۔

**نوٹ:**

اب فرمایئے ابن ابی الحدید کے شیعہ ہونے میں کیا شک باقی رہ جاتا ہے۔ جبکہ شیعہ سنی علماء نے بالاجماع ابن حدید کو شیعہ کہہ دیتا۔ اب اس کو سنی بنا کر الزامات قائم کرنے یہ بددیانتی نہیں تو اور کیا ہے۔

# کتاب دوم ۲

## روضۃ الاحباب مصنفہ جمال الدین عطاء اللہ شیرازی

ان کتابوں میں سے کہ جنھیں شیعہ مصنفین نے اپنے مذموم عقائد ثابت کرنے اور حضرات صحابہ کرام پر طعن و تشنیع کرنے کے لیے ''اہل سنت کی معتبر کتاب'' کے عنوان سے پیش کیا۔ دوسری کتاب ''روضۃ الاحباب'' ہے۔ اس کتاب میں کئی ایک واہی تباہی روایات درج ہیں۔ مثلاً امام زین العابدین کا غم حسین میں گریبان چاک کرنا ثابت کیا گیا ہے۔ غلام حسین نجفی نے ماتم اور صحابہ نامی اپنی تصنیف میں اس کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا۔

**ماتم و صحابہ:** ''امام زین العابدین کا غم حسین میں گریبان چاک کرنا'' اہل سنت کی معتبر کتاب

marfat.com
Marfat.com

روضۃ الاحباب از حاشیہ تاریخ احمدی "اے یزید مرا یتیم ساختی و در رخنہ در دین جدم انداختی پس دست دراز کردہ گریبان جامہ بدرید"۔

**ترجمہ:۔**

دربار یزید میں امام چہارم سید سجاد نے فرمایا۔ کہ اے یزید تو نے مجھے یتیم کیا۔ اور میرے جد کے دین میں رخنہ ڈالا۔ اور حضرت نے ہاتھ بڑھایا۔ اور گریبان جامہ کو چاک کیا۔ (ماتم اور صحابہ ص ۱۶۴)

اس وضاحت سے بعد کہ اہل تشیع روضۃ الاحباب کو "اہل سنت کی معتبر کتاب" کے عنوان سے پیش کرتے چلے آ رہے ہیں۔ ہم اس کے بارے میں حقیقت حال واضح کرنا چاہتے ہیں۔ تاکہ معلوم ہو جائے۔ کہ اس کتاب کو اہل سنت کی کتاب کہنا کس قدر بد دیانتی ہے اور مکر و فریب ہے۔ اہل تشیع اس کتاب کے بارے میں کیا حقیقت بیان کرتے ہیں؟ ملاحظہ ہو۔

**روضۃ الاحباب کا مصنف جمال الدین عطاء اللہ شیرازی**
**پکا شیعہ ہے شیخ شیعہ علماء کی وضاحت**

## الکنیٰ و الالقاب:

جمال الدین دیگر سید عطاء اللہ بن امیر فضل اللہ شیرازی دشتکی است کہ محدث است و مولف کتاب روضۃ الاحباب در سیرۃ پیغمبر و آل و اصحاب است کہ بفرمان امیر علی شیر پادشاہ ہرات نوشتہ کہ عموزادہ غیاث الدین منصور معروف است کہ از علمائے قرن نہم است۔

marfat.com
Marfat.com

و پسر بزرگوارش میر نسیم الدین محمد ملقب بمیرک شاہ کوشید و در تکمیل علوم و فنون بویژہ علم حدیث کہ دراں یگانہ زمان و تنہا بود میان اقران ، و او را اعتراضاتی است بر سخنانِ ذہبی در کتاب المیزان کہ دلالت دارند براینکہ شیعہ بودہ برد وضاحت مراجعہ کن ۔

(الکنی والالقاب جلد سوم ص ۱۴۶ مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:**

ایک اور جمال الدین نامی سید عطاء اللہ بن امیر فضل اللہ شیرازی دشتکی ہے ۔ جو محدث تھا ۔ اور روضۃ الاحباب کتاب کا مؤلف بھی تھا ۔ یہ کتاب اس نے پیغمبر خدا کی سیرت اور آپ کے اصحاب و آل کی سیرت میں ہرات کے بادشاہ امیر علی شیر کے حکم سے لکھی ۔ جمال الدین مذکور غیاث الدین منصور کا چچا زاد بھائی ہے ۔ جو کہ نویں صدی کے مشہور علماء میں سے ہے ۔ اور اس کا لڑکا میر نسیم الدین مذکور غیاث الدین منصور کا چچا زاد بھائی لکھا جاتا ہے ۔ اس نے حدیث اور دیگر علوم و فنون میں بڑی مہارت پائی ۔ اور اپنے دور کا یکتا عالم تھا ۔ اس نے امام ذہبی کی کتاب المیزان کی کچھ عبارات پر اعتراض بھی کیے جن سے معلوم ہوتا ہے ۔ کہ یہ شخص شیعہ تھا ۔ روضۃ الاحباب کا مطالعہ کرنا چاہیئے ۔

**الذریعہ:**

رَوْضَۃُ الْاَحْبَابِ فِیْ سِیْرَۃِ النَّبِیِّ وَالْاٰلِ وَالْاَصْحَابِ فَارِسِیٌّ فِیْ ثَلَاثِ مُجَلَّدَاتٍ لِلسَّیِّدِ الْاَمِیْرِ جَمَالِ الدِّیْنِ فَضْلِ اللّٰہِ بْنِ

marfat.com
Marfat.com

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْحُسَيْنِيِ الْاَشْتَكِيْ اَلْمُلَقَّبِ بِالْاَمِيْرِ جَمَالِ الدِّيْنِ اَلْمُحَدِّثِ الشِّيْرَازِيْ اَلْفَارِسِيْ الْقَاطِن بِهِرَاةٍ كَتَبَهٗ بِاَمْرِ الْاَمِيْرِ عَلِيْ شِيْرِ الْوَزِيْرِ تَرْجَمَهٗ فِيْ (امل الآمال) وَحُكِيَ فِي الرِّيَاضِ سَمَاعًا عَنِ الْفَاضِلِ الْهِنْدِيْ اَنَّهٗ كَانَ شِيْعِيًّا وَعِنْدَهٗ كُتُبُهٗ عَلٰى طَرِيْقَةِ الشِّيْعَةِ وَكَانَ يَتَّقِيْ فِيْ هِرَاةٍ وَكَذَا الْقَاضِيْ نُوْرُ اللّٰهِ التُّسْتَرِيْ وَلِذَا اَعْمَلَ فِيْهِ التَّقِيَّةَ۔

(الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد ۱۱ ص ۲۸۵ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:**

"روضۃ الاحباب فی سیرۃ النبی والآل والاصحاب" فارسی میں تین جلدوں پر مشتمل ہے۔ اور اسے سید امیر جمال الدین عطاء اللہ فضل اللہ نے تحریر کیا۔ جو امیر جلال الدین محدث شیرازی کے نام سے مشہور تھا۔ یہ کتاب اس نے امیر علی شیر کے حکم سے لکھی۔ جو ہرات کا وزیر تھا۔ اس وزیر کا تذکرہ کتاب "امل والامال" میں مفصل موجود ہے۔ کتاب الریاض میں فاضل ہندی سے ایک سماعی روایت مذکور ہے۔ کہ صاحب روضۃ الاحباب شیعہ تھا۔ اور مسلک شیعہ پر اس کی کتابیں اس کے پاس موجود تھیں۔ ہراۃ میں نوراللہ تستری کی طرح یہ بھی تقیہ کی زندگی بسر کرتا رہا۔ اسی لیے روضۃ الاحباب میں بھی اس نے "تقیہ" کو چھوڑا نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

## لمحہ فکریہ:

اہل تشیع کے عظیم محدث شیخ عباس قمی اور شیخ آقا بزرگ طہرانی نے کس دو ٹوک انداز میں امیر جلال الدین کو اپنا ہم مسلک ثابت کیا اور اس کی روضۃ الاحباب میں بعض عبارات کہ جن سے سنیت کا اظہار ہوتا تھا۔ اس کی صفائی بیان کر دی۔ کہ اس نے یہ باتیں بطور تقیہ کہی ہیں۔ یہی وہ پکا شیعہ ہے۔ کہ جسے نجفی اینڈ کمپنی اہل سنت کی صف میں کھڑا کر کے اپنے مسلک میں تقیہ پر عمل پیرا نظر آتے ہیں۔ جس طرح امیر جلال الدین نے روضۃ الاحباب میں بعض عبارات کو تقیہ کے طور پر لکھا۔ اسی طرح پیارے عقیدہ کی روشنی میں نجفی وغیرہ نے اپنے ہی ایک "ماتمی اور عزادار" کو سنی بنا دیا۔ نہیں نہیں صرف یہی نہیں بلکہ بے چارے کو "کتے اور خنزیر" کے ساتھ ملا دیا گیا۔ اصول کافی وغیرہ میں اہل سنت کو یہی کچھ کہا گیا ہے۔ دنیائے شیعیت میں ایک عجیب زلزلہ اور ایک عظیم انکشاف ہے۔ کہ نجفی وغیرہ نے اپنے ہی ایک بڑے کی ٹانگیں پکڑیں۔ اور اٹھا کر پھینکا کہ جنگلی درندوں میں سے بنا دیا۔ لیکن اس پر حیرانی کی کوئی بات نہیں۔ مطلب براری کے لیے ایسا کرنا ان شیعوں کے نزدیک کوئی جرم نہیں۔ "تقیہ" کی برکت سے ایسا کرنے پر بھی انہیں ثواب ملتا ہے۔

(فاعتبروا یا اولی الابصار)

marfat.com

Marfat.com

# کتاب سوّم

## معارج النبوۃ مصنفہ ملا معین کاشفی

"معارج النبوۃ" ایسی کتاب ہے۔ جسے بعض سطحی لوگ اہل سنت کی کتاب کہتے اور سمجھتے ہیں۔ اور اس میں موجود تحریر بطور حوالہ پیش کی جاتی ہے۔ اور اس پر حاشیہ آرائی کرتے ہوئے شور مچایا جاتا ہے۔ کہ دیکھو۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میں فلاں فلاں شیعہ عقیدہ اور عمل ثابت ہے۔ حالانکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔ ماتم اور صحابہ میں نجفی شیعی نے اسی کتاب کا اقتباس پیش کیا۔ اور پھر اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا۔

"وفت مصیبت حضرت عمر کا سر میں خاک ڈالنا"

(اہل سنت کی معتبر کتاب معارج النبوۃ رکن چہارم باب پنجم میں ہے۔

نقل است کہ حفصہ خاتون درمیان امہات المومنین بہ تندخوئی شہرتی داشت واحیاناً بایں جہت خاطر آں حضرت ملول میشد چنانکہ بعضی بجائے رسید کہ حضرت خواست کہ اورا طلاق دہد۔ درروایتی آمدست کہ طلاقش داد۔ چوں امیر المومنین عمر ایں معنی معلوم کرد خاک برسر ریخت و فغاں برآورد کہ بعد ازیں مرا چہ آبرو بماند کہ فرزند من از حبالہ آں حضرت بیروں آمد۔

(ماتم اور صحابہ ص ۸۶)

**ترجمہ:** بی بی حفصہ اپنی تند مزاجی کی وجہ سے ازواجِ نبی میں خاصی شہرت رکھتی تھیں۔ اور اس سے حضور کو صدمہ ہوتا تھا۔ جناب نے اسے طلاق دینے کا ارادہ کیا دوسری روایت میں ہے دے دی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو روئے "سر میں خاک بھی ڈالی"

**جواب:**

کتاب معارج النبوۃ میں ہر طرح کی روایات اکٹھی کر دی گئیں۔ اس میں صحت و عدم صحت کا کوئی معیار نہیں رکھا گیا۔ اسی لیے اس کے بارے میں امام اہل سنت اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ نے احکام شریعت حصہ دوم ص ۸۲ میں ایک سوال کے جواب میں فرمایا۔ کہ اس کتاب میں رطب و یابس سب اکٹھا کر دیا گیا ہے یعنی مصنف کی اس روش نے کتاب کو قابل حجت نہ رہنے دیا۔ اور خود مصنف بھی مشکوک ہو گیا۔ اس کے علاوہ شیعہ برادری کے شیخ آغا بزرگ طہرانی کا کہنا ہے کہ یہ شخص (صاحب معارج النبوۃ ملا کاشانی) شیعہ معلوم ہوتا ہے۔ اور یہ بھی لکھا کہ اس نے بطور تقیہ اپنے آپ کو سنی ظاہر کیا۔ الذریعہ جلد ۲۱ ص ۱۸۴۔ ان حوالہ جات سے ظاہر ہوا کہ معارج النبوۃ اہل سنت کی معتبر کتاب نہیں۔ جیسے اعلحضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے لہٰذا اس کتاب کے مندرجات سے مسلک شیعہ کی تائید پیش کرنا بھی دھوکا اور فریب ہے۔

فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ

marfat.com

Marfat.com

# کتاب نمبر ۴ چہارم

## حبیب السیر مصنفہ غیاث الدین محمد ابن ہمام الدین

"حبیب السیر" کو نجفی شیعی نے "قول مقبول" میں کئی ایک مقام پر اہل سنت کی معتبر کتاب کے عنوان سے پیش کیا۔ اور دیگر شیعہ مصنفین نے اس کتاب کو اہل سنت کی طرف منسوب کیا۔ اور پھر اس سے اِدھر اُدھر کی لایعنی روایات سے اپنا اُلو سیدھا کرنے کی کوشش کی۔ بطور نمونہ کتاب وفات عائشہ ملاحظہ ہو۔

## کتاب وفات عائشہ:

ایک دن معاویہ نے عائشہ سے کہلا بھیجا۔ کہ آج آپ کی دعوت ہے۔ اور دعوت کا سامان یہ کیا کہ اپنی قیام گاہ میں خفیہ طور سے ایک کنواں کھدوایا اور اس کا منہ خس و خاشاک سے بھر دیا۔ اور اس پر آبنوس کی کرسی ڈال دی۔ جب بی بی عائشہ اس مکان میں تشریف لائیں۔ تو معاویہ نے اس کنوئیں کی طرف اشارہ کیا۔ کہ اس پر تشریف رکھیں۔ عائشہ قدم رکھتے ہی کنوئیں میں گر پڑیں۔ معاویہ نے اس کنوئیں کو چونے سے بھروا دیا۔ اور بند کر دیا۔ اور مدینہ واپس آ گئے۔

(حبیب السیر جلد اول جزء سوم ص ۸۵ مطبوعہ بمبئی۔ بحوالہ وفات عائشہ مصنفہ مرزا یوسف لکھنوی ص ۱۱۲)

marfat.com

Marfat.com

(جواب) "حبیب السیر" کس مذہب سے تعلق رکھنے والی کتاب ہے اس کا مصنف کون ہے؟ اس کا جواب شیخ آقائے بزرگ شیعی سے سنیئے۔

# حبیب السیر کا مصنف کٹر متعصب شیعہ ہے

## آقا بزرگ شیعی کا بیان

## الذریعہ:

حبیب السیر فی اخبار افراد البشر، تاریخ فارسی کبیر فی ثلاث مجلدات لغیاث الدین محمد بن ہمام الدین المدعو بخواند میر......

جعل جمیع مجلداتہ ضمن مجلد کبیر اولہ "لطائف اخبار لئالی نثار انبیاء عالی مقدار" الی قولہ بعد الصلوۃ علی النبی (ص) سیما وصیہ ووارث علمہ وخلیفتہ المکرم بتکریم انا مدینۃ العلم وعلی بابہا المشرف بتشریف انت منی بمنزلۃ ہارون من موسی مظہر العجائب ومظہر الغرائب امیر المومنین وامام المسلمین ابو الحسن علی بن ابی طالب الی قولہ بعد عدۃ ابیات فارسیۃ فی مدیح امیر المومنین (ع) اللہم صلی علی المصطفی وعلی المرتضی وسائر الائمۃ

marfat.com
Marfat.com

اَلْمَعْصُوْمِيْنَ ......... وَلَهُ اَيْضًا مُنْتَخَبُ تَارِيْخِ
اَوْصَافٍ وَمَكَارِمُ الْاَخْلَاقِ فِيْ اَحْوَالِ الْاَمِيْرِ
عَلِيْ شِيْر ثُمَّ اَنَّهُ قَدْ اَبْدٰى فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ
اَلَّذِيْ هُوَ اَوَاخِرُ تَصَانِيْفِهِ حُسْنَ عَقِيْدَتِهِ
بِمَا لَمْ يُظْهِرْهُ فِيْ تَصَانِيْفِهِ السَّابِقَةِ عَلَيْهِ
فَاِنَّهُ ذَكَرَ فِيْ اَوَّلِ الْجُزْءِ الرَّابِعِ مِنَ الْمُجَلَّدِ
الْاَوَّلِ مَا تَرْجَمَتُهُ بِالْعَرَبِيَّةِ اِنَّ الْاَحَادِيْثَ
النَّبَوِيَّةَ صَرِيْحَةٌ فِيْ كَوْنِ الْاِمَارَةِ وَالْخِلَافَةِ
بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ مُتَعَلِّقَةٌ بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
(ع) وَلَا يَلِيْقُ لِلْاِمَامَةِ غَيْرُهُ لٰكِنَّ الْقَوْمَ رَجَعُوْا
عَنْهُ لِكَثِيْرَةِ مَنْ قُتِلَ فِيْ جِهَادِ الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ
اَقْرِبَائِهِمْ فَاَعْرَضُوْا عَنِ الْاِمَامِ بِالْحَقِّ وَبَايَعُوْا
اَبَا بَكْرٍ وَكَانَ اَوَّلُ مَنْ بَايَعَهُ عُمَرُ
ثُمَّ ذَكَرَ فِيْ اَوَّلِ الْجُزْءِ الْاَوَّلِ مِنَ الْمُجَلَّدِ
الثَّانِيْ كَثِيْرًا مِنْ فَضَائِلِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَمَنَاقِبِهٖ وَاَوْرَدَ دَلَائِلَ عَلٰى اِمَامَتِهٖ مِنْ
اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ وَالْاَحَادِيْثِ النَّبَوِيَّةِ وَكَذَا
ذَكَرَ مَنَاقِبَ سَائِرِ الْاَئِمَّةِ الْاِثْنٰى عَشَرَ
(ع) بِاَسْمَائِهِمْ وَاَلْقَابِهِمْ نَظْمًا وَنَثْرًا
وَلَا يَذْكُرُ اَحَدًا مِنْهُمْ اِلَّا مَوْصُوْفًا بِالْاِمَامَةِ
وَكَثِيْرًا مَا وَصَفَهُمْ بِالْعِصْمَةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ

marfat.com

Marfat.com

مِمَّا یُعَدُّ عِنْدَ الْعَامَّةِ مِنَ الْغُلُوِّ وَالْمُنْکَرَاتِ الْاَزِمَاتِ التَّرْکَ فِیْمَا یَرَی مِنْ تَصَانِیْفِهِمْ بَلْ فِیْ جَمِیْعِ مُحَاوَرَاتِهِمْ۔

(الذریعة الیٰ تصانیف الشیعة۔ جلد ۶ ص ۲۴۴ تا ۲۴۷ مطبوعه بیروت طبع جدید)

**ترجمہ**: "حبیب السیر فی اخبار افراد البشر" فارسی زبان میں لکھی گئی ایک بہت بڑی تاریخی کتاب ہے۔ جس کی تین جلدیں ہیں۔ اسے غیاث الدین محمد بن ہمام الدین نے تصنیف کیا...... اس کو پھر ایک بہت بڑی جلد میں اکٹھا کر دیا گیا۔ اس کتاب کے شروع میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجنے کے بعد یہ کہا۔ اخاص کر صلوٰۃ امام المسلمین امیر المؤمنین حضرت علی بن ابی طالب پر ہوں۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصی، آپ کے علم کے وارث اور خلیفہ ہیں۔ جن کے بارے میں حضور نے فرمایا۔ میں علم کا شہر اور علی اس کا دروازہ ہیں۔ اور جن کو یہ اعزاز ملا۔ کہ اسے علی تو میرے نزدیک یوں ہے جیسے موسٰے کے نزدیک ہارون کا مقام و مرتبہ تھا۔ عجائب و غرائب کے مظہر اور مسلمانوں کے امیر و امام ہیں اس کے بعد بہت سے فارسی شعروں کے ذریعہ اور نثر کے ساتھ حضرت علی المرتضیٰ کی تعریف لکھی۔ اور یوں لکھا۔ اللھم صل علی المصطفیٰ وعلی المرتضیٰ وسائر الائمة المعصومین۔

اسی مصنف کی ایک اور کتاب بھی ہے۔ جس میں امیر عالم سیر کے اخلاق اور کمالات بیان کئے گئے ہیں۔ یہ اس کی آخری تصنیف ہے

marfat.com
Marfat.com

اور اس میں اس نے اپنے عقائد کھل کر بیان کیے۔ جو اس سے پہلے تصانیف میں صراحت کے ساتھ نظر نہیں آتے۔ جلد اول کی جزء رابع میں لکھا وہ یقیناً بہت سی احادیث نبویہ اس بات پر صراحت کرتی ہیں۔ کہ حضور کے بعد امارت اور خلافت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لیے تھی۔ ان کے سوا کوئی دوسرا لائق امامت نہ تھا۔ لیکن لوگوں نے بے اعتنائی برتی۔ کیونکہ مشرکین کے ساتھ جہاد میں ان کے بہت سے رشتہ دار کام آ گئے تھے۔ امام برحق سے منہ موڑ کر لوگوں نے ابوبکر کی بیعت کر لی۔ ان کی سب سے پہلے بیعت کرنے والے عمر بن خطاب تھے پھر جلد ثانی کی جزء اول میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل و مناقب تحریر کیے۔ اور قرآن کریم و احادیث نبویہ سے ان کی امامت کے دلائل بھی ذکر کیے۔ ان کے علاوہ بارہ ائمہ معصومین کے بھی فضائل کا تذکرہ کیا ہے۔ اُن کے اسمائے گرامی اور القابات کے ذریعہ نظم و نثر میں ان صفت امامت و عصمت کا تذکرہ بھی کیا۔ ان کے علاوہ ان حضرات کے بارے میں کچھ ایسی باتیں بھی ذکر کیں۔ جو غلو اور منکرات میں شامل ہیں۔ ان غلو اور منکرات کے قائل اہل سنت ہیں۔ اور ان باتوں کا غلو اور منکر ہونا ان کی بہت سی تصانیف میں موجود ہے۔ اور ان کے محاورات بھی اس کی تائید کرتے ہیں۔

## لمحہ فکریہ:

صاحب الذریعہ نے حبیب السیر کے مصنف کو بالدلائل شیعہ ثابت کیا۔ اور وہ بھی اس کی اپنی عبارات کی روشنی میں۔

marfat.com

Marfat.com

مثلاً۔

(۱) حضرت علی المرتضٰی رض کو وصی رسول کہا اور خلیفہ بلافصل کہا۔
(۲) حضرت علی المرتضٰی رض اور ائمہ پر صلوٰۃ وسلام کا شیعی انداز۔
(۳) امامت اور خلافت کے حقیقی حق دار حضرت علی المرتضٰی رض تھے۔
(۴) لوگوں نے حقیقی خلیفہ کو چھوڑ کر ابوبکر صدیق کی بیعت کر لی۔
(۵) حضرت علی المرتضٰی رض کی امامت وخلافت پر دلائل لکھے۔
(۶) تمام ائمہ اہل بیت معصوم تھے۔
(۷) ان کے فضائل ومناقب میں ایسی باتیں بھی لکھیں جسے سنی بد منکرات، ملمہ سے مانتے ہیں۔

ان عقائد ونظریات کا حامل وہ اہل سنت کا معتبر عالم، کب ہو سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حبیب السیر کا مصنف پکا شیعی امامی ہے۔ اب ایسے شخص کی عبارت سے حضرت امیر معاویہ رض اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں اچھی توقع رکھنا عبث ہے۔ اس لیے نجفی وغیرہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں جو یہ اعتراض کیا۔ کہ انہوں نے حضرت عائشہ رض کو دھوکے سے گڑھے میں گرا کر مارا تھا۔ بالکل ناقابل یقین بات ہے۔ یہی اعتراض شیعہ لوگ تقریباً ہر کتاب میں بیان کرتے اور اس پر بغلیں بجاتے ہیں۔ ہم نے اس کی تفصیل بحث مطاعن امیر معاویہ رض میں ذکر کر دی ہے۔ اس مقام کے مناسب اس اعتراض کا ایک جواب یہ بھی ہے۔ کہ یہ اعتراض کسی سنی نے نہیں بلکہ غالی شیعہ نے لکھا ہے لہٰذا اس کا جواب دینا ہمارے ذمہ نہیں۔ کیونکہ اس نے بلا دلیل اپنے بغض کا اظہار کیا ہے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# کتاب ۵ پنجم

## تاریخ یعقوبی مصنفہ احمد ابن ابی یعقوب عباسی

غلام حسین نجفی وغیرہ نے تاریخ یعقوبی کو بھی دیرینہ عادت کی طرح اہل سنت کی معتبر کتاب کے طور پر پیش کیا ہے۔ حالانکہ یہ کٹر امامی شیعہ ہے۔ سب سے پہلے اس کتاب کے بارے میں سہم مسموم کی ایک عبارت ملاحظہ ہو۔

## طلحہ اور زبیر کی پیش نمازی کے بارے میں لڑائی

### سہم مسموم:

فَلَمَّا حَضَرَ وَقْتُ الصَّلٰوةِ تَنَازَعَ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَجَذَبَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهٗ حَتّٰى فَاتَ وَقْتُ الصَّلٰوةِ وَصَاحَ النَّاسُ اَلصَّلٰوةُ اَلصَّلٰوةُ يَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ فَقَالَتْ عَائِشَةُ يُصَلِّيْ مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ يَوْمًا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ يَوْمًا فَاصْطَلَحُوْا عَلٰى ذَالِكَ

(اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ یعقوبی جلد دوم ص ۱۷۰ ذکر جنگ جمل)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:**

جب وقت نماز ہوا طلحہ و زبیر کا آپس میں جھگڑا ہو گیا۔ اور ان دونوں میں سے ہر ایک دوسرے کو پیچھے ہٹاتا تھا۔ (اور خود امامت کے لیے آگے بڑھتا تھا) حتی کہ نماز قضا ہو گئی۔ لوگوں نے شور و غل مچایا کہ اے اصحابِ محمد نماز کا خیال کرو پس وڈی اماں عائشہ جی نے فرمایا کہ ایک دن محمد بیٹا طلحہ کا جماعت کرائے۔ اور ایک دن عبداللہ بیٹا زبیر کا نماز پڑھائے پس دونوں نے اپنی سالی کے فیصلے پر صلح کر لی۔ (دھوم مسوم ص ۲۱۷)

## جواب:

غلام حسین نجفی نے کس ڈھٹائی سے تاریخ یعقوبی کو اہل سنت کی معتبر کتاب لکھا۔ اور پھر اس کے حوالہ سے دو جلیل القدر صحابہ کی شان میں ہرزہ سرائی کی۔ تاریخ یعقوبی کے مصنف کا نام احمد بن ابن یعقوب ہے۔ اور اس کے بارے میں ایک شیعہ کتاب سے اس کا مسلک ملاحظہ ہو۔

## مؤرخ یعقوبی پختہ امامی شیعہ ہے شیعہ مصنفین کا فیصلہ

الذریعہ الی تصانیف الشیعہ

(تاریخ یعقوبی) لِلْمُؤَرِّخِ الرحالۃ احمد بن ابی یعقوب اسحاق بن جعفر بن وھب بن واضح الکاتب العباسی المکنی بابن واضح

marfat.com

Marfat.com

وَالْمَعْرُوْفُ بِالْیَعْقُوْبِی الْمُتَوَفّٰی ۲۸۴ صَاحِبُ
کِتَابِ الْبُلْدَانِ الْمَطْبُوْعُ فِیْ لیدن قبلا
وَفِی النَّجَفِ سنہ ۱۳۵۷ وَتَارِیْخُہٗ کَبِیْرٌ فِیْ جُزْئَیْنِ
اَوَّلُہُمَا تَارِیْخُ مَاقَبْلَ الْاِسْلَامِ وَالثَّانِیْ فِیْمَا
بَعْدَ الْاِسْلَامِ اِلٰی خِلَافَتِ الْمُعْتَمِدِ الْعَبَّاسِی
سنہ ۲۵۲ طُبِعَ جُزْءَانِ فِیْ لیدن سنہ ۱۸۸۳) کَمَا فِیْ
مُعْجَمِ الْمَطْبُوْعَاتِ وَفِیْہِ اِنَّ ابْنَ وَاضِحٍ شِیْعِیُّ
الْمَذْهَبِ وَفِیْ (اِکْتِفَاءِ الْقُنُوْعِ) اَنَّ الْیَعْقُوْبِیْ
کَانَ یَمِیْلُ فِیْ غَرْضِہٖ اِلَی التَّشَیُّعِ دُوْنَ السُّنِّیَّۃِ
(الذریعہ الی تصانیف الشیعہ تصنیف آقائے بزرگ
تہرانی جلد سوم ص ۲۹۶ مطبوعہ بیروت جدید)

**ترجمہ:**

تاریخ لیعقوبی احمد بن ابی لیعقوب الکاتب عباسی کی تصنیف ہے اس کی کنیت ابن واضح اور یہ لیعقوبی کے نام سے مشہور ہے ۲۸۴ میں فوت ہوا۔ کتاب البلدان بھی اس کی تصنیف ہے۔ جو لندن میں پھر نجف میں سنہ ۱۳۵۷ میں چھپی اس کی تاریخ کی کتاب دو جزوں میں ہے۔ پہلی جز میں اسلام سے پہلے کی تاریخ ہے۔ اور دوسری جلد میں اسلام کے بعد کے حالات درج ہیں۔ جو عباسی خلیفہ معتمد کے دور تک ہے۔ دونوں جزیں سنہ ۱۸۸۳ میں لندن میں شائع ہوئیں۔ اور معجم المطبوعات میں ہے۔ کہ ابن واضح مذہب کے اعتبار سے شیعہ تھا۔ اور اکتفاء القنوع میں ہے کہ یعقوبی شیعیت کا دلدادہ

marfat.com

Marfat.com

تھا۔ اور سنیت اس کا مسلک نہ تھا۔

## الکنیٰ والالقاب:

احمد بن ابی یعقوب بن جعفر بن وہب بن واضح کاتب ونویسندہ عباسی وشیعہ امامی است جدش از موالی وطرفداران منصور دوانیقی بود واو مرد سیاحے بود کہ مسافرت رادرست میداشت ودر شرق وغرب بلاد اسلامی گردش کردہ ودر سال ۲۶۰ وارد ارمینیہ شد آنگاہ مسافرت بہند نمود وازآنجا برگشت بمصر وبلاد مغرب ودر سیاحتش کتاب بلدان راتالیف کرد وتاریخے دارد بنام تاریخ یعقوبی وغیر اینہا در سال ۲۸۴ وفات نمود (الکنیٰ والالقاب (فارسی) جلد چہارم ص ۲۵۸ مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ**: احمد بن ابی یعقوب جو کاتب اور منشی تھا۔ عباسی اور امامی شیعہ تھا اس کا دادا منصور دوانیقی کے آزاد کردہ غلاموں اور طرفداروں میں سے تھا۔ یہ شخص (احمد بن ابی یعقوب) سیاح تھا۔ اور ہر وقت سفر میں رہتا تھا مشرق ومغرب کے مختلف اسلامی ممالک میں پھرا۔ ۲۶۰ میں ارمینیہ گیا۔ وہاں سے ہندوستان اور پھر مصر لوٹا۔ اس کی ایک سیاحی کے موضوع پر کتاب بھی ہے۔ جس کا نام کتاب البلدان ہے۔ ایک فن تاریخ پر کتاب لکھی۔ جو تاریخ یعقوبی کے نام سے مشہور ہے اس کے علاوہ اور بھی اس کی تصانیف ہیں۔ ۲۸۴ میں اس نے وفات پائی۔

## اعیان الشیعہ:

مؤلفو الشیعۃ فی التاریخ والسیر والمغازی

والیعقوبی احمد بن ابی یعقوب واضح لہ التاریخ

marfat.com
Marfat.com

اَلْمَعْرُوْفُ بِتَارِیْخِ الْیَعْقُوْبِیْ مَطْبُوْعٌ فِیْ لیدن
فِیْ مُجَلَّدَیْنِ مِنْ اِبْتِدَاءِ الْخَلِیْقَۃِ اِلٰی ۲۵۹۔
(اعیان الشیعہ تصنیف امام سید محسن الامین
جلد اول ص ۱۵۴ مطبوعہ بیروت جدید)

**ترجمہ:** تاریخ، سیرت اور مغازی پر شیعہ مصنفین کی تصانیف۔
تاریخ لیعقوبی۔ اس کا مصنف احمد بن ابی لیعقوب واضح ہے۔ یہ
تاریخ دو جلدوں میں لنڈن میں شائع ہوئی۔ پہلی جلد ابتداء خلیقہ سے
۲۵۹ تک یعنی خلیفہ معتمد کے زمانہ تک پھیلی ہوئی ہے۔

## لمحہ فکریہ:

مذکورہ تین کتب سے تاریخ لیعقوبی کے مصنف کے نظریات کے بارے میں ہم نے حوالہ جات پیش کیے۔ ان کتب کے مصنفین کا زندگی بھر کا سرمایہ یہی تھا کہ دنیا کے سامنے اُن لوگوں کی تالیفات و تصنیفات کو روشناس کرایا جائے جو مذہب کے اعتبار سے شیعہ تھے۔ خاص کر الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جو ۲۵ مجلدات پر مشتمل ہے۔ اپنے نام سے اپنا تعارف کرا رہی ہے۔ ان تصریحات کے بعد بھی اگر کوئی سُنی سا سر پھرا تاریخ لیعقوبی کے مصنف کو اہل سنت میں شمار کرے۔ اور اس کی تصنیف کو سنیوں کی معتبر تصنیف کہے۔ تو ایسے شخص کی ذہانت پر ماتم کرنا چاہیئے۔

سیدنا حضرت طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہما وہ جلیل القدر شخصیات ہیں جنہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی میں جنتی ہونے کی بشارت دے دی تھی۔ ایسے حضرات کی تنقیص شان کے لیے تاریخ لیعقوبی ایسی بدعقیدہ لوگوں کی تصنیف

marfat.com

Marfat.com

سے اقتباسات پیش کرنے سے ان کی شان میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اور حقیقت یہ ہے۔ کہ اہل تشیع جب قرآن و حدیث سے حضرات صحابہ کرام کے بارے میں کوئی نقص ثابت کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ تو پھر مقہور اور مغلوب بلی کی طرح ادھر اُدھر کی لایعنی کتابوں سے حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔ اور پوری بددیانتی سے امامی شیعوں کی کتابوں کو "اہل سنت کی معتبر کتابوں" کے عنوان سے پیش کر کے اپنے باطنی مرض کا علاج کرتے ہیں۔

فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ

# کتاب ششم

## صفوۃ الصفوۃ مصنفہ سعد ابن علی الحضرمی

گذشتہ کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی حضرات صحابہ کرام پر اعتراضات اور ان کی تنقیص شان کے مواد سے بھری پڑی ہے۔ اسے اہل سنت کی کتاب کے عنوان سے پیش کر کے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی شان میں ایک ناپاک عبارت لکھتے ہوئے غلام حسین نجفی نے یوں لکھا۔

**سہم مسموم: جناب عمر اور ولید بن مغیرہ کا نسب پیغمبر کی نگاہوں میں ایک جیسا تھا۔**

ثبوت ملاحظہ ہو:۔
اہل سنت کی معتبر کتاب صفوۃ الصفوۃ جلد اول ص ۱۰۳
ذکر عمر۔ صفوۃ الصفوۃ کی عبارت ملاحظہ ہو۔ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ حَتّٰی اَتٰی عُمَرَ

marfat.com
Marfat.com

فَاَخَذَ بِمجَامِعِ ثَوْبِهٖ وَحَمَائِلِ السَّیْفِ
فَقَالَ مَا اَنْتَ مُنْتَھِیًا یَا عُمَرُ حَتّٰی یُنْزِلَ اللّٰہُ
یَعْنِیْ بِکَ مِنَ الْخِزْیِ وَالنَّکَالِ مَا نَزَلَ بِالْوَلِیْدِ
بْنِ مُغِیْرَہ۔

ترجمہ: (جب جناب عمر تلوار لے کر رسول اللہ کو قتل کرنے کے لیے آئے تھے۔ اور نبی کریم کو اطلاع مل گئی) پس حضور اُٹھے حتی کہ گریبان عمر اور نیام عمر سے پکڑ کر فرمایا۔ کہ تو باز آئے گا۔ اے عمر حتی کہ اللہ تعالیٰ تیرے بارے میں اس رسوائی والی بات کی خبر دے۔ جو ولید بن مغیرہ کے متعلق دی ہے۔ (سہم مسموم ص ۴۲۲ مطبوعہ لاہور)

**جواب:**

اس امر سے ہر شخص واقف ہے۔ کہ شیعہ مسلک میں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی ذات پر تبرا بازی ایک بنیادی عقیدہ ہے۔ اس سلسلہ میں جب کسی شیعہ کو کسی کتاب سے تھوڑی سی عبارت ملتی ہے۔ تو فوراً اُسے "اہل سنت کی معتبر کتاب" کے طور پر پیش کر دیا جاتا ہے۔ اسی ڈگر پر چلتے ہوئے سہم مسموم میں غلام حسین نجفی نے حضرت فاروق اعظم کی ذات پر صفوۃ الصفوۃ کے حوالہ سے الزام دھرا۔ یہ کتاب کس مسلک کے مصنف کی ہے؟ خود شیعہ محقق سے سنیئے۔

## صاحب صفوۃ الصفوۃ امامی شیعہ اور علامہ حلی شیعہ کا شاگرد ہے

### شیعہ علماء کا بیان

الذریعہ الی تصانیف الشیعہ:
صِفْوَۃُ الصَّفْوَۃِ لِلْعَارِفِ فِیْ شَرْحِ صَفْوَۃِ الْمَعَارِفِ

marfat.com
Marfat.com

الَّتِي هِيَ مَنْظُومَةٌ فِي الْهَيْئَةِ مِنْ نَظْمِ سَعْدِ بْنِ عَلِيِّ الحضرمي لابن العتايقي الشيخ كمال الدين عبد الرحمن بن محمد بن ابراهيم ابن العتايقي الحلي شارح "نهج البلاغة"، وَمُعَاصِرُ الشَّهِيدِ الْأَوَّلِ وَفِي طَبَقَةِ جُمْلَةٍ مِنْ تَلَامِذَةِ الْعَلَّامَةِ الْحِلِّي. قَالَ فِي "الرِّيَاضِ"، رَأَيْتُ خَطَّهُ بِالتَّارِيخِ عَلَى شَرْحِ نَهْجِهِ وَكَانَ تَارِيخُهُ ۷۸۶ھ۔ (الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد ۱۵ ص ۴۱ مذکورہ حرف ص مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:** صفوۃ المعارف کہ جسے سعد بن علی الحضرمی نے علم ہیئت میں لکھا۔ اس کی شرح کا نام صفوۃ الصفوۃ ہے۔ یہ شرح ابن عتایقی شیخ کمال الدین عبدالرحمٰن بن محمد شارح نہج البلاغہ کی تصنیف ہے۔ اور اس کا مصنف شہید اول کا ہم عصر تھا۔ اور علامہ الحلی کے شاگردوں میں سے تھا۔ صاحب الریاض نے کہا۔ کہ میں نے شرح نہج البلاغہ پر اس کے دستخط دیکھے جس کی تاریخ ۷۸۶ھ تھی۔

**الکنی والالقاب:** (ابن العتايقي) كَمَالُ الدِّينِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بن محمد بن ابراهيم بن العتايقي الحلي الامامي الشيخ العالم الفاضل المحقق الفقيه المتبحر كَانَ مِنْ عُلَمَاءِ الْمِائَةِ الثَّامِنَةِ مُعَاصِرًا لِلشَّيْخِ الشَّهِيدِ وَبَعْضِ تَلَامِذَتِهِ الْعَلَّامَةِ رحمهم الله تعالى. لَهُ مُصَنَّفَاتٌ كَثِيرَةٌ فِي الْعُلُومِ رَأَيْتُ جُمْلَةً مِنْهَا فِي الْخِزَانَةِ الْمُبَارَكَةِ الْغَرَوِيَّةِ وَلَعَلَّ بَعْضَهَا كَانَتْ بِخَطِّهِ. وَلَهُ شَرْحٌ عَلَى نهج البلاغة قَالَ (ض) وَلَهُ مَيْلٌ إِلَى الْحِكْمَةِ وَالتَّصَوُّفِ لٰكِنْ قَدْ أَخَذَ أَصْلَ شَرْحِهِ مِنْ شَرْحِ ابْنِ مِيثَمَ وَكَانَ تَارِيخُ فَرَاغِهِ مِنْ تَصْنِيفِ الْمُجَلَّدِ الثَّالِثِ مِنْ شَرْحِهِ عَلَى النَّهْجِ فِي شَعْبَانَ سَنَةَ ۷۸۰ھ۔

(الکنی والالقاب جلد اول ص ۳۵۴ تذکرہ ابن العتایقی مطبوعہ تہران طبع جدید)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ: ابن العتایقی کمال الدین عبدالرحمٰن بن محمد بن ابراہیم بن عتایقی الحلی الامامی بہت بڑا شیخ، عالم، فاضل محقق، فقیہ اور آٹھویں صدی کے علماء میں سے تھا۔ شیخ شہید اول کا ہم عصر اور علامہ کے شاگردوں میں سے تھا۔ اس کی کئی علوم میں تصانیف ہیں۔ میں نے ان میں سے بعض تصانیف عزویہ کے خزانہ مبارکہ میں دیکھیں۔ اور ان میں سے بعض کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ وہ ابن عتایقی کے ہاتھوں سے لکھی ہوئی تھیں اسی مصنف، کی ایک شرح نہج البلاغہ بھی ہے۔ اگرچہ یہ تصوف و حکمت کی طرف مائل تھا۔ لیکن نہج البلاغہ کی شرح کرتے وقت ابن میثم کی شرح اس کے پیش نظر تھی۔ اور اس کے مواد اکٹھا کر کے شرح لکھی۔ اس کی شرح تیسری جلد سے شعبان سنہ ۷۸۰ھ میں یہ فارغ ہوا۔

## لمحہ فکریہ:

ناظرین کرام یہ حقیقت ہے۔ کہ جب کسی کتاب کے مصنف کے بارے میں اہل تشیع میں اختلاف ہو۔ اور اس کا مذہب معلوم نہ ہو سکتا ہو تو اس کا فیصلہ "الذریعہ الی تصانیف الشیعہ" سے کیا جاتا ہے۔ جس کتاب اور مصنف کا تذکرہ اس میں مل جائے۔ وہ پکا شیعہ ہے۔ اسی طرح کتاب الکنیٰ والالقاب جو اہل تشیع کے ہاں محقق شہید اور مؤرخ الکبیر کی تصنیف ہے۔ اس محقق اور مؤرخ کا نام شیخ عباس قمی ہے۔ یہ بھی کسی شخص کے مذہب کے بارے میں فیصلہ کن کتاب سمجھی جاتی ہے

marfat.com

Marfat.com

ان دونوں کتابوں میں "صاحب صفوۃ الصفوۃ" کے شیعہ ہونے کی تصدیق کی گئی۔ اس کے ہوتے ہوئے پھر ابن عتابقی کی کتاب صفوۃ الصفوۃ کو "اہل سنت کی معتبر کتاب" کہنا بددیانتی نہیں تو اور کیا ہے؟ لیکن غلام حسین نجفی وغیرہ نے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ پر الزام دھرنے کے لیے اس بے چارے کو بھی سنیوں میں لا کھڑا کیا۔ ہو سکتا ہے۔ کہ یہ بھی اس کے "تقیہ" کا ایک انداز ہو۔ جب ان کے مذہب میں تقیہ کے رنگ میں حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو گالی تک نکالنا باعث نجات ہے نہج البلاغۃ خطبہ ۵۷ ص ۹۲) تو پھر ایک امامی، ماتمی، اور گستاخ صحابہ کو اگر تقیہ کے طور پر سنی کہہ دیا۔ تو کون سی قیامت ٹوٹ پڑی۔

(فاعتبروا یااولی الابصار)

marfat.com
Marfat.com

# کتاب ہفتم

## مروّج الذہب مصنفہ علی بن حسین مسعودی

ایک سے زائد حوالہ جات کے ذریعہ غلام حسین نجفی وغیرہ نے مروج الذہب کو بھی "اہل سنت کی معتبر کتاب" کہہ کر پیش کیا۔ اور پھر اس کی عبارات سے اپنے مذموم مقاصد اور باطل عقائد پر دلائل پیش کر کے مقصد برآری کی کوشش کی۔ صرف ایک حوالہ پیش خدمت ہے۔

| | |
|---|---|
| سہم مسموم ۲ | بنو امیہ کے زمانہ میں قتل حسین رضی اللہ عنہ کی خوشی میں دس اونٹنیوں کے نحر کرنے کی منت |

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مروج الذہب جلد نمبر صفحہ نمبر ۱۵۲ طبع بیروت ذکر اخبار الحجاج۔

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح ابن ابی الحدید جلد اص ۴۶۲۔ اختصار کی خاطر صرف ترجمہ پیش کرتے ہیں۔

ترجمہ: حجاج بن یوسف نے اپنے ایک چچے عبداللہ بن ہانی کے عرب کے دوسرے سرداروں کی بیٹیوں سے شادی کی اور پھر اس سے کہا۔ کہ ہم نے تمہاری عزت بنادی۔ تو عبداللہ بن ہانی نے کہا۔ امیر! ہماری قوم کے بڑے فضائل ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔ ہماری کسی بزم میں عبدالملک کو برا بھلا نہیں کہا گیا۔
۲۔ جنگ صفین میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہماری قوم کا ستر آدمی تھا۔ اور ابوتراب کے ساتھ صرف ایک آدمی تھا۔
۳۔ جنگ کربلا کے موقعہ پر ہماری ہر عورت نے منت مانی تھی۔ کہ اگر حسین بن علی رضی اللہ عنہ قتل ہو گئے۔ تو ہم دس اونٹنیوں کی قربانی دیں گی۔ اور انہوں نے دی بھی ہے۔
۴۔ ہماری قوم کے جس مرد کو یہ کہا گیا ہے۔ کہ ابوتراب کو گالیاں دو اور لعنت کرو۔ تو اس نے حسن وحسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھ ان کی ماؤں کو بھی گالیاں دی ہیں۔ حجاج نے کہا۔ بخدا یہ فضائل ہیں۔ پھر عبداللہ نے کہا۔ کہ جو حسن وجمال ہماری قوم میں ہے۔ وہ کسی میں نہیں۔ حجاج ہنس پڑا۔ عبداللہ نے کہا یہ بھی ہماری فضیلت ہے۔ حجاج نے کہا بھائی اسے رہنے دو۔ کیونکہ عبداللہ بن ہانی انتہائی درجہ کا بدشکل تھا۔ اس کے منہ پر چیچک کے داغ تھے۔ اس کی باچھ ٹیڑھی تھی۔ ایک آنکھ سے بھینگا تھا۔ اور سر میں بڑی بڑی رسولیاں تھیں۔

(ذبح مسموم ص ۱۱۲ مطبوعہ لاہور)

## جواب:

ذبح مسموم میں بحوالہ شرح ابن ابی الحدید اور مروج الذہب میں جو عبارت لکھی گئی۔ ان دونوں کتابوں میں سے شرح ابن ابی الحدید کے متعلق ہم گذشتہ صفحات میں تحریر کر چکے ہیں۔ کہ یہ ایک شیعہ مصنف کی تصنیف ہے۔ اس لیے اس کے بارے میں مزید لکھنا فضول ہوگا۔ ہاں مروج الذہب کے بارے میں چند حوالہ جات درج کیے جاتے ہیں۔ جو کتب شیعہ سے ماخوذ ہیں۔ ان کے مطالعہ کے بعد اس کتاب اور اس کے مصنف کے بارے میں حقیقت سامنے آ جائے گی۔

marfat.com
Marfat.com

# مسعودی غالی شیعہ ہے اس نے شیعہ عقائد کے اثبات پر کتابیں لکھیں ہیں

## الذریعہ الی تصانیف الشیعہ

(اَلصَّفْوَۃُ) فِی الْاِمَامَۃِ لِاَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ حُسَیْنِ الْمَسْعُوْدِیْ صَاحِبِ "مروج الذھب" الْمُتَوَفّٰی بمصر ۳۴۶ ذَکَرَہُ النَّجَاشِیُّ وَصَرَّحَ بِہٖ فِیْ اَوَّلِ "مروج الذھب"۔ (الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد ۱۵ ص ۴۷)

ترجمہ: الصفوۃ نامی کتاب ابوالحسن علی بن حسین مسعودی کی تصنیف ہے۔ جسے اس نے مسئلہ امامت کے موضوع پر لکھا۔ یہ مصنف "مروج الذھب" کا بھی مصنف ہے۔ جو ۳۴۶ میں مصر میں انتقال کر گیا۔ اس کا نجاشی نے ذکر کیا۔ اور مروج الذہب کے شروع میں اس کی تصریح موجود ہے۔

## الکنی والالقاب:

مسعودی۔ شیخ در بزرگ تاریخ نگاران و مستند آنہا جناب ابوالحسن علی بن حسین بن علی مسعودی ہذلی عالمی بزرگوار و نورانی کہ او را علامہ (رہ) در قسم اول از خلاصہ الرجالش ذکر کردہ و گفتہ۔ کہ برائے او کتابیست در امامت وغیر آں کہ از آں است کتابی در اثبات وصیت حضرت علی ابن ابی طالب

marfat.com

Marfat.com

علیہ السلام و ادست صاحب کتاب مروج الذہب علامہ مجلسی رہ در مقدمہ و پیش گفتار بحار فرمودہ و مسعودی را نجاشی در فہرستش از راویان شیعہ شمردہ و گفتہ او راست کتاب اثبات الوصیہ لعلی ابن ابی طالب علیہ السلام و کتاب مروج الذہب در سال ۳۳۳ برابر (شلج) از دنیا رفت و بعضی ہم گفتہ اند تا سال ۳۴۵ برابر (شمہ) زیست۔

(الکنی و الالقاب عربی جلد سوم ص ۱۸۴)

(الکنی و الالقاب فارسی جلد چہارم ص ۲۲۱ تصنیف شیخ عباس قمی تذکرہ مسعودی۔)

**ترجمہ:** مسعودی ہذلی جس کا نام ابوالحسن علی بن حسین بن علی ہے۔ بہت بڑا شیخ اور مؤرخین میں سے بزرگ اور ان کا مستند ہونے کے ساتھ ایک بہت بڑا عالم تھا۔ علامہ نے اسے خلاصۃ الرجال کی قسم اوّل میں ذکر کیا۔ اور کہا کہ اس کی ایک کتاب امامت وغیرہ کے مسئلہ پر ہے جس میں اس نے حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کی وصیت کے اثبات پر بہت کچھ لکھا ہے۔ مروج الذہب بھی اسی کی تصنیف ہے۔ علامہ مجلسی نے مقدمہ میں اور بحار الانوار کی عبارت شروع کرنے سے قبل اس کا تذکرہ کیا۔ اور نجاشی نے اسی مسعودی کو اپنی فہرست میں ان راویوں میں شمار کیا ہے۔ جو شیعہ مسلک رکھتے ہیں۔ اور کہا کہ اس کی ایک کتاب کا موضوع حضرت علی المرتضےٰ کی وصیت کا اثبات بھی ہے۔ کتاب مروج الذہب اسی کی تصنیف ہے۔ ۳۳۳ یا ۳۴۵ میں انتقال کر گیا۔

marfat.com

Marfat.com

# مسعودی تبرّا باز نہ تھا اس لیے بعض لوگ اسے شیعہ نہیں سمجھتے حالانکہ وہ پکّا امامی ہے۔

## سید ہاشم شیعی کا بیان

## منتخب التواریخ:

یکے از علمائے معروف عجم در بارہ مسعودی صاحب مروج الذہب گویداو شیعی بود دلیلت آنکہ در اخبار خلفائے بنی عباس وغیرہم اقتصار بر مثالب وعیوب وطعن ولعن نکردہ است۔ واز محاسن اعمال آناں لختی برشمردہ باآنکہ مسعودی مردے شیعی وامامی بود ودر نقل تاریخ وظیفہ مؤرخ را انجام دادہ است نہ ابراز تعصب مذہبی کردہ وہرکس داندکہ شقی ترین مردم روزگار نیز بعض صفات نیک داشتند۔ (منتخب التواریخ مقدمہ ( ج ) مطبوعہ تہران طبع جدید)

ترجمہ: ایک معروف عجمی عالم نے مسعودی کے بارے میں کہا اور دلیل یہ پیش کی کہ اس نے مروج الذہب میں بنی عباس کے خلفاء کے مظالم، عیوب پر لعن طعن نہ کرنے کے علاوہ ان کے فضائل و محاسن بھی بیان کیے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ مسعودی امامی شیعہ ہے۔ اور اس نے تاریخ نویسی میں ایک مؤرخ کا کردار سامنے رکھا۔ نہ کہ مذہبی تعصب سے کام لیا۔ اور ہر شخص یہ جانتا ہے کہ دنیا کا بدبخت ترین آدمی بھی کچھ صفات ایسی رکھتا ہے۔ جو

marfat.com

Marfat.com

قابل تعریف وستائش ہوں۔

## اعیان الشیعہ:

اَبُوالْحَسَنِ عَلِیُّ بْنُ حُسَیْنِ الْمَسْعُوْدِیُّ صَاحِبُ مُرُوْجِ الذَّھَبِ لَهٗ کِتَابُ الْمَقَالَاتِ فِیْ اُصُوْلِ الدِّیَانَاتِ ذَکَرَهٗ فِیْ مُرُوْجِ الذَّھَبِ وَ ذَکَرَ لَهُ النَّجَاشِیُّ اَیْضًا اَلْاِبَانَةَ فِیْ اُصُوْلِ الدِّیَانَاتِ نصّ علیٰ تَشَیُّعِہٖ الشَّیْخُ الطُّوْسِیُّ وَالنَّجَاشِیُّ وَ غَیْرُھُمَا وَلَهٗ مُؤَلَّفَاتٌ فِیْ اَثْبَاتِ اِمَامَةِ الْاَئِمَّةِ الْاِثْنٰی عَشَرَ وَوَھَمَ التَّاجُ السُّبْکِیُّ فِیْ ذِکْرِہٖ فِیْ طَبَقَاتِ الشَّافِعِیَّةِ کَمَا ذَکَرَ فِیْهَا الشَّیْخَ اَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ الطُّوْسِیِّ الْمَعْرُوْفَ عِنْدَ الشِّیْعَةِ بِشَیْخِ الطَّائِفَةِ۔

(اعیان الشیعۃ جلد اول ص ۱۵۷ مولفوا الشیعۃ فی الفرق والدیانات مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** ابوالحسن علی بن حسین مسعودی صاحب مروج الذہب کی ایک تصنیف کتاب المقالات فی اصول الدیانات ہے۔ اس کتاب کا تذکرہ اس نے مروج الذہب میں کیا ہے۔ نجاشی نے اس کی ایک تصنیف "الابانۃ فی اصول الدیانات" کا ذکر کیا ہے۔ اور شیخ طوسی اور نجاشی وغیرہ نے اس کا اہل تشیع میں سے ہونا اس پر نص وارد کی ہے۔ بارہ اماموں کی امامت

marfat.com
Marfat.com

کے اثبات پر اس کی کئی ایک تصانیف ہیں۔ علامہ تاج السبکی نے طبقات شافعیہ میں اس کا ذکر کیا۔ لیکن یہ محض وہم ہے۔ یہ اسی طرح درست نہیں جس طرح ابو جعفر محمد بن حسن الطوسی کو علامہ سبکی نے طبقات شیعہ میں شمار کیا ہے۔ حالانکہ طوسی مذکور شیعوں کے نزدیک "شیخ الطائفہ" کے لقب سے معروف ومشہور ہے۔

## مسعودی کے شیعہ ہونے پر مزید شیعہ علماء کے فیصلے

### اعیان الشیعہ:

عُلَمَاءُ النُّجُوْمِ مِنَ الشِّيْعَةِ ..... وَمِنْ اَفْضَلِ الْمَوْصُوْفِيْنَ بِعِلْمِ النُّجُوْمِ الشَّيْخُ الْفَاضِلُ الشِّيْعِيُّ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِي الْمَسْعُوْدِي مُصَنِّفُ كِتَابِ مُرُوْجِ الذَّهَبِ الخ.... (اعیان الشیعہ جلد اول ص ۱۶۰ مطبوعہ بیروت جدید)

**ترجمہ:**

شیعہ علماء کہ جنہوں نے علم نجوم میں شہرت پائی۔ اس علم کے علماء میں سے افضل علی بن الحسین بن مسعودی ہے۔ جو کتاب مروج الذہب کا مصنف ہے۔ یہ شخص اپنے دور کا فاضل اور شیخ تھا۔ اور مسلک کے اعتبار سے شیعہ تھا۔

marfat.com

Marfat.com

## تنقیح المقال فی علم الرجال:

اس میدان میں تحقیقی بات یہ ہے۔ کہ صاحب مروج الذہب علامہ مسعودی کے بارے میں فن رجال کے علماء کے کئی ایک اقوال ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے۔ کہ إِنَّهُ إِمَامِيٌّ ثِقَةٌ وَهُوَ الْحَقُّ الْحَقِيقُ بِالْإِتِّبَاعِ۔ یقیناً وہ امامی شیعہ تھا۔ اور یہی قول حق ہے۔ اور اسے ہی حق سمجھنا چاہیئے۔ اس عبارت میں مسعودی کے متعلق دو دعوے کیے گئے۔ ایک اس کا امامی ہونا ہے۔ اس دعویٰ کے دلائل یہ ہیں۔

۱۔ نجاشی اور فہرست نے اس کا تذکرہ کیا۔ لیکن اس کے مذہب کے بارے میں قطعاً قیل و قال نہ کی۔ ہم نے مقدمہ میں بھی ذکر کیا ہے۔

۲۔ اس کا مسئلہ امامت پر مختلف کتب تصنیف کرنا اس کے شیعہ ہونے کی صراحت ہے۔

۳۔ الخلاصہ اور رجال ابن داؤد نے باب اول میں اسے صراحت کے ساتھ شیعہ لکھا ہے۔

۴۔ شہید ثانی کی تعلیق سے یہی ظاہر ہے۔ کیونکہ اس نے مسعودی کو "خلاصہ" میں شیعہ راویوں کی قسم اول میں شمار کرنے پر کوئی اعتراض نہیں کیا ہے حالانکہ اعتراض کرنا اس کی عادت ہے۔

۵۔ وجیزہ اور بلغہ نے اسے قابل تعریف شخص لکھا۔ ان کا "قابل تعریف" ہونا وہی ہو سکتا ہے۔ جو پکا شیعہ ہو۔

۶۔ کتاب النجوم میں ابن طاؤس نے اس کے شیعہ ہونے کی تصریح کی ہے۔

marfat.com

Marfat.com

۷۔ فاضل مجلسی نے بحار الانوار کے مختلف مقامات پر اپنی کتاب کے ماخذ کے طور پر کتاب الوصیہ اور مروج الذہب کو لکھا۔
۸۔ تکملہ امل الامل میں شیخ حر نے اس کا بھی تذکرہ کیا۔ حالانکہ اس نے اپنی مذکورہ کتاب میں صرف اور صرف شیعہ علماء کا ذکر کیا ہے۔
۹۔ "اثبات الوصیہ لعلی ابن ابی طالب" مسعودی کی تصنیف ہے۔ کتاب کے نام سے اس کا مسلک نظر آرہا ہے۔ (تنقیح المقال جلد دوم ص ۲۸۲، ۲۸۳ مطبوعہ تہران طبع جدید)

## خلاصہ:

الذریعہ، الکنی والالقاب، منتخب التواریخ، اعیان الشیعہ اور تنقیح المقال کے حوالہ جات سے مروج الذہب کے مصنف علی بن الحسین المسعودی کے بارے میں حقائق سامنے آئے۔ ان میں سے تقریباً تمام حوالہ جات میں اس کے شیعہ امامی ہونے کی تصریح موجود ہے۔ جس پر بہت سے دلائل پیش کئے گئے۔ صاحب منتخب التواریخ نے علامہ تاج السبکی کا اسے طبقات شافعیہ میں شمار کرنا وہم قرار دیا۔ اور اس کے ساتھ ساتھ جن باتوں سے اس کا کچھ سُنی ہونا معلوم ہوتا تھا۔ اس کا جواب بھی دیا۔ گویا اس کے سُنی ہونے کا صرف وہم تھا۔ ورنہ حقیقت میں علمائے شیعہ نے اس کے امامی شیعہ ہونے کی تصریح کی ہے۔ ان تصریحات کے ہوتے ہوئے غلام حسین نجفی کا اسے سنی اور اس کی کتاب مروج الذہب کو "اہل سنت کی معتبر کتاب" لکھنا کس قدر دلیری ہے۔ اور کتنی بڑی بددیانتی اور دھوکہ دہی ہے۔ دراصل نجفی چاہتا ہے۔ کہ میں اِدھر اُدھر کی کتابوں کو اہلسنت کی کتابیں کہہ کر اور انہیں "اہل سنت کی معتبر کتاب" کا عنوان دیکر قارئین کو یہ باور کرا سکوں گا کہ میں اپنے دعوے پر کتب اہل سنت سے بہت سے حوالہ جات

marfat.com
Marfat.com

پیش کر رہا ہوں۔ اور کر سکتا ہوں۔ حالانکہ وہ کتابیں ہوتی ان کے مذہب کی ہیں۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

# کتاب ہشتم

## تذکرۃ الخواص مصنفہ سبط ابن جوزی

"تذکرۃ الخواص" سبط ابن الجوزی کی تصنیف ہے۔ اس سے غلام حسین نجفی نے جزع کو ثابت کرنے کے لیے لکھا۔

**ماتم اور صحابہ** حضرت علی کا قبر نبی پر جزع :۔

اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرۃ الخواص الامہ ص ۹۷۔

**تذکرۃ الخواص الامہ:**

وَقَالَ الشَّعْبِيُّ بَلَغَنِيْ اَنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَقَفَ عَلٰى قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَقَالَ اِنَّ الْجَزَعَ لَيَقْبُحُ اِلَّا عَلَيْكَ وَاِنَّ الصَّبْرَ لَيَجْمُلُ اِلَّا عَنْكَ۔

(ماتم اور صحابہ تالیف غلام حسین نجفی شیعی ص ۳۸)

**ترجمہ:** شعبی بیان کرتے ہیں۔ کہ حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب قبر نبی پر آئے۔ تو فرمایا۔ یا رسول اللہ جزع کرنا آپ (کی مصیبت) پر قبیح نہیں۔ اور صبر کرنا آپ (کی مصیبت) پر اچھی چیز نہیں۔

**جواب:** جہاں تک اس عبارت سے جزع اور ماتم وغیرہ ثابت کرنے کا

marfat.com
Marfat.com

معاملہ ہے۔ تو اس کو تفصیلاً ہم "تحفہ جعفریہ" میں مسئلہ ماتم کی بحث میں ذکر کر چکے ہیں۔ اس کے جواب کے لیے وہاں مطالعہ کر لیا جائے۔ یہاں ہمیں سبط ابن جوزی کے بارے میں کچھ لکھنا ہے۔ کہ اس کے عقائد و نظریات کیا تھے۔ تاکہ اس کے سنی یا شیعہ ہونے کا فیصلہ کیا جا سکے۔

اب سبط ابن جوزی خود موجود نہیں۔ اس لیے اس کی تصانیف سے ہی اس کے عقائد کا پتہ چل سکتا ہے۔ لہٰذا ہم اس کی اسی کتاب یعنی تذکرۃ الخواص سے چند ایک باتیں درج کر رہے ہیں۔ اس سے آپ کو معلوم ہو جائے گا۔ کہ یہ کن عقائد کا حامل تھا۔

## تذکرۃ الخواص کی شیعہ نواز عبارتیں

۱۔ جنت کے دروازے پر یہ کلمہ لکھا ہوا ہے۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی اخو رسول اللہ۔ ص ۲۲

۲۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت پر صحابہ کرام کا اجماع نہیں ہوا تھا۔ ص ۴۰

۳۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت شر پر مبنی تھی۔ لہٰذا ایسے شخص کو قتل کر دینا چاہیئے تھا۔ ص ۶۱

۴۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جناب عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا۔ اقتلوا نعثلاً۔ ص ۶۱

۵۔ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہ نے نفس پرستی کرتے ہوئے علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کو حکومت کا حق نہ دیا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی۔ ص ۶۲

۶۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلافت کے لائق نہ تھے۔ ص ۶۲

۷۔ عمرو ابن العاص کے بارے میں پانچ آدمی دعوے دار تھے۔ کہ یہ ہمارا

marfat.com

Marfat.com

بیٹا ہے۔ ص ۲۰۱

۸۔ امیر معاویہ کے چار باپ تھے۔ اور ان کی والدہ ہندہ زانیہ تھی۔ ص ۲۰۲

۹۔ عمر فاروق نے ہندہ سے زنا کیا۔ ص ۲۰۳

۱۰۔ ولید بن عقبہ شرابی تھا۔ حالت نشہ میں نماز پڑھانے پر ان پر حد شراب لگی۔ ص ۲۰۵

۱۱۔ جب عثمان غنی نے حکم کو واپس بلانے کا ارادہ کیا۔ تو صحابہ کرام نے اُن کو بُرے الفاظ سے ڈانٹ پلائی۔ ص ۲۰۹

۱۲۔ جب عثمان غنی نے حکم کا جنازہ پڑھا۔ تو لوگوں نے ان کے پیچھے نمازیں پڑھنا چھوڑ دیں۔ ص ۲۰۹

۱۳۔ عثمان نے مروان کو افریقہ کا خمس یعنی بیس لاکھ دینار دیئے۔ ص ۲۰۹

۱۴۔ امام حسن رضی اللہ عنہ کو امیر معاویہ نے زہر دلوایا۔ ص ۲۱۲

۱۵۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ میں دفن نہ ہونے دیا۔ ص ۲۱۳

**نوٹ:۔**

ان الزامات سے سبط ابن الجوزی کی شخصیت نکھر کر سامنے آجاتی ہے۔ ایسے نظریات وعقائد کسی سنی کے نہیں ہو سکتے۔ ان نظریات کا جواب ہم تحفہ جعفریہ کی مختلف مجلدات میں تفصیل سے درج کر چکے ہیں۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زہر دینے کا واقعہ جلد پنجم میں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا امام حسن رضی اللہ عنہ کو روضۂ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میں دفن کرنے سے روکنے کا معاملہ جلد دوم میں مذکور ہے

marfat.com
Marfat.com

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت پر اجماع نہ ہونا۔ ان کا دورِ خلافت دورِ شر تھا۔ یہ واجب القتل تھے۔ خلافت کے اہل نہ تھے۔ نفس پرست تھے۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ایک سے زائد باپ، ان کی بیوی بدکار تھی، عمرو بن العاص کے بیٹا ہونے کے پانچ دعویدار اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا زانی ہونا یہ عقائد کس کی نشاندہی کرتے ہیں؟ اب آیئے خود شیعوں سے پوچھتے ہیں۔ کہ سبط ابن الجوزی ہمارا تھا یا تمہارا؟

## سبط ابن جوزی کے شیعہ ہونے پر شیعہ علماء کی نص

### الکنیٰ والالقاب:

سبط ابن جوزی ابوالمظفر یوسف بن فرغلی بغدادی عالم فاضل مورخ وکامل است واز اوست کتاب تذکرہ خواص الامہ در ذکر خصائص ائمہ علیہم السلام ومرآت الزمان در تاریخ اعیان در حدود چہل مجلد۔ ذہبی گفتہ در آں ، حکایت ہاسے باور نکردنی آوردہ وگمان ندارم ثقہ باشد ناروا گو وگزافہ پرداز است وبالجملہ رافضی است پایاں۔

(الکنیٰ والالقاب فارسی جلد سوم ص ۲۹۷ مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:** ابوالمظفر یوسف بن فرغلی سبط ابن جوزی بغدادی ایک عالم، فاضل اور مورخ تھا۔ تذکرۃ خواص الامراس کی تصنیف ہے۔ جس میں ائمہ اہل بیت کے خصائص ذکر کیے گئے۔ اور "مرآت الزمان" تاریخ کے موضوع پر ایک اس کی تصنیف ہے۔ جو چالیس جلدوں پر مشتمل ہے ذہبی کا کہنا ہے۔ کہ اس کتاب میں بہت سے ایسی حکایات درج ہیں

marfat.com

Marfat.com

جو ناقابل یقین ہیں۔ اِدھر اُدھر کی ہانکنے والا، کپّی اور غیر ثقہ آدمی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کٹر شیعہ ہے۔

## سبط ابن جوزی کے شیعہ ہونے پر سنی علماء کی نص

### میزان الاعتدال:

يُوْسُفُ بْنُ فَرْغَلِيَ الْوَاعِظُ الْمُؤَرِّخُ شَمْسُ الدِّيْنِ اَبُوْ الْمُظَفَّرِ سَبْطُ ابْنِ الجوزى رَوَى عَنْ جَدِّهٖ وَطَائِفَةٍ وَاَلَّفَ كِتَابَ مِرْاٰةِ الزَّمَانِ فَتَرَاهُ يَأْتِيْ فِيْهِ بِمَنَاكِيْرِ الْحِكَايَاتِ وَمَا اَظُنُّهٗ بِثِقَةٍ......... قَالَ الشَّيْخُ مُحِيِ الدِّيْنِ سَبَقَ الْيُوْنِيْنِيْ لَمَّا بَلَغَ جَدِّيْ مَوْتَ سَبْطِ ابْنِ الْجَوْزِيْ قَالَ لَا رَحِمَهُ اللّٰهُ كَانَ رَافِضِيًّا۔

(میزان الاعتدال جلد سوم ص ۳۳۳ مطبوعہ مصر طبع قدیم)

(ترجمہ: یوسف بن فرغلی واعظ مؤرخ شمس الدین ابو المظفر سبط ابن جوزی اپنے دادا اور ایک جماعت سے روایت کرتا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

اس نے ''مرأۃ الزمان'' نامی کتاب تالیف کی۔ اس میں تمہیں عجیب وغریب حکایات نظر آئیں گی۔ اور میں تو اسے ثقہ گمان نہیں کرتا...... شیخ محی الدین نے کہا۔ جب میرے دادا کو سبط ابن الجوزی کی موت کی خبر ملی۔ تو انہوں نے کہا تھا۔ اس رافضی پر اللہ تعالیٰ رحم نہ کرے۔

## لسان المیزان:

یوسف بن فرغلی الواعظ المؤرخ شمس الدین ابوالمظفر سبط ابن الجوزی رَوٰی عَنْ جَدِّہٖ وَ طَائِفَۃٍ وَ اَلَّفَ کِتَابَ مِرْاٰۃِ الزَّمَانِ فَتَرَاہُ یَأْتِیْ فِیْہِ بِمَنَاکِیْرِ الْحَکَایَاتِ وَمَا اَظُنُّہٗ بِثِقَۃٍ فِیْمَا یَنْقُلُہٗ بَلْ یُجَنِّفُ وَ یُجَازِفُ ثُمَّ اِنَّہٗ تَرَفَّضَ......کَانَ رَافِضِیًّا وَ لَمَّا ذُکِرَ اَنَّہٗ تَحَوَّلَ حَنْفِیًّا لِاَجْلِ الْمُعَظَّمِ عِیْسٰی قَالَ اِنَّہٗ کَانَ یُعَظِّمُ الْاِمَامَ اَحْمَدَ وَ یَتَغَالٰی فِیْہِ وَعِنْدِیْ اَنَّہٗ لَمْ یَنْقُلْ عَنْ مَذْھَبِہٖ اِلَّا فِی الصُّوْرَۃِ الظَّاھِرَۃِ۔

(لسان المیزان جلد ۶ ص ۳۲۸ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

ترجمہ: یوسف بن فرغلی شمس الدین ابوالمظفر سبط ابن جوزی

marfat.com

Marfat.com

واعظ اور مؤرخ اپنے دادا اور دیگر لوگوں سے روایت کرتا ہے اس نے ایک کتاب "مراۃ الزمان" لکھی تم اُسے دیکھو تو اس میں بہت ہی عجیب وغریب اور انوکھی روایات وحکایات پاؤ گے اور میں ان کے نقل کے بارے میں اسے ثقہ خیال نہیں کرتا۔ بلکہ وہ باتونی تھا۔ پھر اس پر مزید یہ کہ وہ شیعہ ہو گیا..... وہ شیعہ تھا۔ یہ بھی ذکر کیا گیا ہے۔ کہ سبط ابن جوزی اپنے استاد عیسیٰ کی وجہ سے حنفی ہو گیا تھا۔ کیونکہ جناب عیسیٰ اس کے نزدیک قابل احترام شخصیت تھی۔ امام احمد کی تعظیم میں غلو کیا کرتا تھا۔ لیکن میرے (ابن حجر عسقلانی) کے نزدیک اس کا حنفی بننا بناوٹ اور دکھلاوے کی خاطر تھا۔ درحقیقت یہ اپنے مذہب شیعیت سے نہیں پھرا تھا۔

## لمحہ فکریہ:

الکنی والالقاب اور تذکرۃ الخواص کے مندرجات سے سبط ابن الجوزی کا عقیدہ ومسلک بالکل واضح ہو گیا۔ یعنی یہ کہ شیعہ تھا۔ اور پھر لسان المیزان سے بھی معلوم ہوا۔ کہ یہ دھوکہ اور فریب دہی کی خاطر حنفی بنا ہوا تھا۔ ورنہ حقیقت میں رافضی تھا۔ اس کے ہم عصر شیخ محی الدین کے دادا نے اس کے انتقال کی خبر سن کر بوجہ اس کے شیعہ ہونے کے یہ کلمات کہے "اللہ اس پر رحم نہ کرے کیونکہ یہ رافضی تھا"۔ اس سے بڑھ کر اس کے شیعہ ہونے کی دلیل اور کیا ہو سکتی ہے۔ ان دلائل وشواہد کے باوجود نجفی حجتی نے قسم کھا رکھی ہے۔ کہ اپنے بڑوں کو بھی معاف نہیں کرے گا۔ اور خواہ مخواہ انہیں اہل سنت میں داخل کرتے رہے گا۔ اور ان کی تصنیفات کو "اہل سنت کی معتبر کتا-

marfat.com

Marfat.com

کہے گا۔ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔

معلوم ہوتا ہے۔ کہ اہل تشیع نے اس کو "حجۃ الاسلام" کا خطاب اسی لیے دیا۔ کیونکہ سنیوں کو شیعہ اور شیعوں کو سنی بنا کر پیش کرنے میں اسے ید طولیٰ حاصل ہے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

# کتاب نہم

## ینابیع المودۃ مصنفہ حافظ سلیمان بن ابراہیم قندوزی

اس کتاب کے پہلے صفحہ پر اس کے مصنف کا نام اور مسلک یوں لکھا گیا ہے "تالیف حافظ سلیمان بن ابراہیم قندوزی حنفی"، جیسا کہ ہر قاری اس بات سے بخوبی آشنا ہے۔ کہ اہل تشیع کے نزدیک اہل بیت کے بارہ امام ہیں اور ان کے اقوال و اعمال کو یہ دین سمجھتے ہیں، بارہ اماموں میں سے ہر ایک کی امامت منصوص من اللہ ثابت کرتے ہیں۔ پھر ان بارہ حضرات کے نام کی باری آتی ہے۔ تو اہل سنت پر حجت قائم کرنے کے لیے "ینابیع المودۃ" کا حوالہ دیا جاتا ہے۔ سہم مسموم اور قول مقبول (جو کہ غلام حسین نجفی کی تالیفات ہیں) وغیرہ میں بیسیوں جگہ اس کتاب کے حوالہ جات نقل کیے گئے۔ اور ہر جگہ اسے اہل سنت کی کتاب کے طور پر لکھا گیا۔ بطور نمونہ ایک اقتباس پیش نظر ہے۔

"نبی کا فرمان کہ میرے بعد بارہ خلیفے امام اور سردار ہوں گے" اور اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ میں یہ ثابت ہے۔

(سہم مسموم ص ۶۰)

marfat.com

Marfat.com

## جواب :

صاحب ینابیع المودہ سلیمان بن ابراہیم کون تھا ؟ اس بارے میں "الذریعہ" کی ایک کسوٹی پیش کرکے ہم پرکھیں گے۔ کسوٹی یہ ہے۔ کہ اگر کسی شخص کے بارے میں نظریاتی اور عقائد کا اختلاف ہو۔ تو پھر اس کی تحریرات سے اس کا فیصلہ آسان ہو جاتا ہے۔ اس کسوٹی کے پیش نظر ینابیع المودہ سے چند اقتباسات (صرف ترجمہ کی صورت میں) ذیل میں مرقوم ہیں۔ اس بارے میں تفصیلی شواہد شاہ عبد العزیز صاحب نے تحفہ اثنا عشریہ میں ذکر کر دیئے ہیں۔

## صاحب ینابیع المودہ اپنی تحریرات کے آئینہ میں

۱۔ جابر سے روایت ہے کہ جنت کے دروازہ پر یہ کلمہ لکھا ہوا ہے۔
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی اخو رسول اللہ ص ۲۰۶

۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ شب معراج تمام انبیاء کو جب میرے پاس اکٹھا کیا گیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے مجھ سے کہا۔ ان سے پوچھیئے کہ تمہیں کیوں نبی بنا کر بھیجا گیا ؟ انہوں نے جواب دیا۔ لا الہ الا اللہ وحدہ کی شہادت، آپ کی نبوت کا اقرار اور علی ابن ابی طالب کی ولائیت کے اقرار کے لیے ہم مبعوث ہوئے ہیں۔ ص ۲۳۸

۳۔ جب اللہ تعالیٰ نے ارواح سے اپنے رب ہونے کا اقرار لیا۔ تو فرمایا۔ وہ میں تمہارا رب، محمد تمہارے نبی اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

marfat.com
Marfat.com

تم سب کے امیر ہیں۔ ص ۲۴۸

۴۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ شب معراج میں نے جنت کے دروازے پر یہ لکھا ہوا دیکھا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنَا مُحَمَّدٌ حَبِیْبِیْ مِنْ خَلْقِیْ اَیَّدْتُہٗ بِعَلِیٍّ وَزِیْرٌ ؛ وَنَصَرْتُہٗ بِہٖ۔ میرے سواء کوئی معبود نہیں، محمدؐ تمام مخلوق سے مجھے زیادہ پیارے ہیں۔ میں نے علیؓ کے ذریعہ آن کی تائید کی۔ علی آن کے وزیر ہیں۔ اور علیؓ کے ذریعہ میں نے ان کی مدد کی۔ ص ۲۵۶

۵۔ جابر جعفی کا کہنا ہے۔ کہ امام باقر نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے امامت امام حسینؓ کی اولاد میں رکھی ہے۔ اور ان بارہ اماموں کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف نشاندہی فرمائی۔ فرماتے ہیں۔ جب میں آسمانوں پر گیا۔ تو میں نے ان کے ساق عرش پر نام لکھے دیکھے۔ نور سے لکھے ہوئے بارہ نام یہ تھے۔ علیؓ حسنؓ۔ حسینؓ۔ علیؓ۔ محمدؓ۔ جعفرؓ، موسیٰ، علی، محمد، علی، الحسن، محمد القائم الحجۃ المہدی۔ ص ۴۲۷

۶۔ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ۔ کا معنی یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ امام قائم کے آنے پر سلسلہ امامت کو مکمل فرمادے گا۔ ص ۴۲۹

۷۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے علی! لوگوں کے سینوں میں چھپی چھپی کدورتوں سے ڈر۔ جنہیں وہ ظاہر نہیں کرتے۔ میرے وصال کے بعد ان کو ظاہر کریں گے۔ ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ اور تمام لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں۔ یہ کہہ کر آپ رو دیئے۔ اور فرمانے لگے۔ کہ جبرئیل نے مجھے بتایا ہے۔ کہ میرے بعد لوگ تم (علی المرتضیٰ) پر ظلم کریں گے۔ اور یہ سلسلۂ ظلم امام قائم کے

marfat.com
Marfat.com

ظہور تک رہے گا۔ ص ۴۴۰

۸ ۔ حضرت جابرؓ سے عبایہ بن ربعی روایت کرتا ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں سید النبیین ہوں۔ اور علی سید الوصیین ہیں۔ میرے وصی میرے بعد بارہ ہوں گے۔ ان میں سے پہلا وصی علی اور آخری امام مہدی ہو گا۔ ص ۴۴۵

۹ ۔ ابن عباسؓ سے روایت کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سُنا۔ میں، علی، حسن وحسین اور حسین کی اولاد میں سے نو آدمی مطہر اور معصوم ہیں۔ ص ۴۴۵

۱۰ ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارہ خلفاء والی حدیث سے مراد بارہ ائمہ اہل بیت ہیں۔ یہ ان خلفاء پر صادق نہیں آتی۔ جنہوں نے آپ کے وصال کے بعد خلافت سنبھالی۔ کیونکہ وہ بارہ نہیں تھے۔ ص ۴۴۶

## لمحہ فکریہ:

اِن دس عدد تحریرات میں صاحب ینابیع المودہ کے نظریات وعقائد مکمل کر سامنے آگئے۔ باب جنت پر اہل تشیع کا کلمہ تحریر ہونا۔ تمام انبیائے کرام کو ولائیت علی المرتضٰی کے اقرار کا مکلف کرنا، تمام ارواح سے امارت وولائیت شیر خدا کا اقرار لینا، بارہ خلفاء سے مُراد بارہ ائمہ اہل بیت نہ کہ خلفائے راشدین وغیرہ، اللہ تعالےٰ کا اپنے نور کا مکمل فرمانے کا مطلب سلسلہ امامت کو مکمل کرنا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد لوگوں (خلفائے ثلاثہ اور دیگر صحابہ کرام) کا حضرت علی المرتضٰی پر ظلم کرنا، علی المرتضٰی کا وصی رسول ہونا اور ائمہ اہل بیت کا معصوم ہونا یہ نظریات اہل سنت کے ہیں؟ نہیں نہیں بلکہ یہ تمام کے تمام عقائد اہل تشیع کے ہیں۔ اس کے باوجود صاحب ینابیع المودۃ

marfat.com
Marfat.com

سُنی کیونکر ہو گیا۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ اس کے نام کے ساتھ "حنفی" محض دھوکہ دہی اور فریب کے طور پر لکھا گیا ہے۔ اس کی اپنی تحریرات سے اس کے نظریات کے بعد آیئے شیعہ محققین سے پوچھیں۔ کہ شیخ سلیمان بن ابراہیم صاحب در ینابیع المودہ کس مسلک سے تعلق رکھتا تھا؟ الذریعہ کی عبارت ملاحظہ ہو۔

## صاحب ینابیع المودہ شیخ قندوزی تقیہ باز شیعہ ہے۔ اور یہ کتاب کتب شیعہ میں سے ہے: آقا بزرگ شیعی

الذریعۃ الی تصانیف الشیعہ:

(ینابیع المودہ لذوی القربیٰ) لِلشَّیخِ سُلَیمان بن ابراھیم الحنفی القندوزی البلخی۔ ط النقشبند (۱۲۲۰-۱۲۹۴) ط-۱ استانبول ۱۳۰۱ فی ۵۲۷ ص ثم فی بمبیٔ علی الحجر ثم طہران ۱۳۰۸ وَبَعْدَ ھَا مَکَرَّرًا وَالْمُؤَلِّفِ وَاِنْ لَمْ یُعْلَمْ تَشَیُّعُہٗ لٰکِنَّہٗ عَنُوصِیٌّ وَالْکِتَابُ یُعَدُّ مِنْ کُتُبِ الشِّیْعَۃِ اَوَّلُہٗ (اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَلَّذِیْ اَبْدَعَ الْوُجُوْدَ) وَیَظْھَرُ مِنْہُ اَنَّ لَہٗ فِیْ مَسَائِلِہٖ مَوَدَّۃِ ذوی الْقُرْبیٰ کِتَابٌ اٰخَرُ سَمَّاہُ

marfat.com
Marfat.com

"مشرق الاکوان"۔

(الذریعۃ جلد ۲۵ ص ۲۹۰ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ**: ینابیع المودۃ لذوی القربیٰ" شیخ سلیمان بن ابراہیم الحنفی، القندوزی البلخی کی تصنیف ہے۔ جو (۱۲۲۰-۱۲۹۴) کو نقشبندیہ میں چھپی ۱۳۰۱ میں استنبول میں، ۵۲۴ صفحات پر مشتمل چھپی۔ پھر بمبئی اس کے بعد ۱۳۰۸ میں تہران میں چھپی۔ اس کے بعد کئی مرتبہ اس کی اشاعت ہوئی۔ اس کے مصنف کا شیعہ ہونا اگرچہ غیر معلوم ہے۔ لیکن وہ غنوصی ہے۔ اور اس کی کتاب کا شمار کتب شیعہ میں ہی ہوتا ہے۔ کتاب "الحمد للہ رب العالمین الذی ابدع الوجود" سے شروع ہوتی ہے۔ اس کتاب سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کی مودۃ ذوی القربیٰ کے موضوع پر "مشرق الاکوان" کے نام سے بھی ایک کتاب ہے۔

جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں۔ کہ کسی مصنف کے نظریات وعقائد معلوم کرنے کے دو ہی طریقے ہیں۔ ایک اس کی تصانیف اور دوسرا "مصنفین" کے موضوع اور ان کے عقائد پر لکھی جانے والی کتب۔ ینابیع المودۃ سے دس عدد حوالہ جات اس کے مصنف سلیمان بن ابراہیم کے شیعہ ہونے کی صراحت کرتے ہیں۔ اور معتبر شیعہ علامہ شیخ آقا بزرگ تہرانی نے بھی الذریعہ میں اس کے شیعہ ہونے کو تسلیم کیا ہے۔ لہٰذا اس مصنف کا اہل سنت میں سے ہرگز شمار نہیں ہو سکتا اور اہل سنت حضرات کو اس کی کتب کی عبارات سے پریشان نہ ہونا چاہیئے پھر یہ بھی بات قابل غور ہے۔ کہ اگر یہ کتاب اور اس کا مصنف سنی ہے۔

marfat.com

Marfat.com

تو پھر اس وقت ایران میں اس کا چھپنا اور کھلے بندوں فروخت ہونا کیا معنی رکھتا ہے۔ کیونکہ خمینی صاحب کے دور میں کسی ایسی کتاب کی اشاعت ہرگز برداشت نہیں کی جا سکتی۔ ان شواہد کی روشنی میں اس کے نظریات وعقائد ڈھکے چھپے نہیں رہ سکتے۔

**نوٹ:**

"ینابیع المودۃ" کے اگر ماخذ دیکھے جائیں۔ تو یہ کتب ہیں نظر آئیں گی۔

۱۔ کتاب سلیم بن قیس ہلالی۔ ۲۔ مناقب ابن شہر آشوب۔ ۳۔ نہج البلاغہ یہ تینوں کتب سبھی جانتے ہیں۔ کہ مسلک شیعہ کی معتبر کتب ہیں۔ اور ینابیع المودۃ کے راوی موفق بن احمد اور شیخ صدوق کے شیعہ ہونے میں کس کو شک ہے۔ پھر بھی نجفی وغیرہ یہی ہانکے جا رہے ہیں۔ کہ یہ کتاب اہل سنت کی معتبر ہے۔

شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

# کتاب دہم ۱۰

## فرائد السمطین مصنفہ ابراہیم بن محمد حموینی

"فرائد السمطین" کے مصنف کا نام ابراہیم بن محمد حموینی ہے مسئلہ امامت و خلافت وغیرہ کے اثبات پر اہل تشیع اس کی کتاب کے بعض حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔ اور "اہل سنت" کے عالم دین کے روپ میں اسے ذکر کیا جاتا ہے حالانکہ یہ شخص "تقیہ باز" "شیعہ" ہے۔ اور اس کی تصانیف ایسے حوالہ جات سے بھری پڑی ہیں۔ جو اہل تشیع کے ہاں مسلم ہیں۔ "انوار نعمانیہ" سے ہم ان کا ایک

marfat.com

Marfat.com

عقیدہ ذکر کر چکے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ اور دیگر پیغمبروں کو آگاہ کیا۔ کہ اگر تم نے پنجتن کے بارے میں حسد و رقابت سے کام لیا۔ تو سخت سزا کے مستحق ہو جاؤ گے۔ اور یہ کہ اگر تم نے مجھ سے کچھ مانگنا ہو۔ تو ان کے وسیلہ کے بغیر نہ مانگنا۔

غلام حسین نجفی نے بھی "قول مقبول" میں ایسے عقیدہ کو ثابت کرنے کے لیے (اور وہ بھی اہل سنت کی طرف سے) فرائد السمطین کا حوالہ پیش کیا۔ نجفی کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

## قول مقبول:

## "جناب زہرا کی فضیلت عالم انوار میں"

اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین باب اول ص ۳۶

### فرائد السمطین:

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰہُ اٰدَمَ اِلْتَفَتَ یُمْنَۃَ الْعَرْشِ فَاِذَا فِی النُّوْرِ خَمْسَۃُ اَشْبَاحٍ سُجَّدًا وَرُکَّعًا قَالَ اٰدَمُ یَارَبِّ ھَلْ خَلَقْتَ اَحَدًا مِنْ طِیْنٍ مِنْ قَبْلِیْ قَالَ لَا قَالَ فَمَنْ ھٰؤُلَاءِ الْخَمْسَۃُ الْاَشْبَاحِ الَّذِیْنَ اَرَاھُمْ فِیْ صُوْرَتِیْ قَالَ ھٰؤُلَاءِ خَمْسَۃٌ مِنْ وُلْدِکَ لَوْلَاھُمْ مَا خَلَقْتُکَ ھٰؤُلَاءِ خَمْسَۃٌ شَقَقْتُ لَھُمْ خَمْسَۃَ اَسْمَاءٍ مِنْ اَسْمَائِیْ لَوْلَاھُمْ مَا خَلَقْتُ الْجَنَّۃَ وَلَا النَّارَ وَلَا الْعَرْشَ وَلَا الْکُرْسِیَّ

marfat.com

Marfat.com

وَلَا السَّمَاءَ وَلَا الْاَرْضَ وَلَا الْمَلٰئِکَۃَ وَلَا الْاِنْسَ
وَلَا الْجِنَّ فَاَنَا الْمَحْمُوْدُ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ
اَنَا الْعَالِیُ وَهٰذَا عَلِیٌّ وَاَنَا الْفَاطِرُ وَهٰذِہٖ
فَاطِمَۃُ وَاَنَا الْاِحْسَانُ وَهٰذَا الْحَسَنُ وَاَنَا
الْمُحْسِنُ وَهٰذَا الْحُسَیْنُ اٰلَیْتُ بِعِزَّتِیْ اِنَّهٗ
لَا یَاْتِیْنِیْ اَحَدٌ بِمِثْقَالِ ذَرَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ
مِنْ بُغْضِ اَحَدِهِمْ اِلَّا اُدْخِلُهٗ نَارِیْ یَا اٰدَمُ
هٰؤُلَاءِ صَفْوَتِیْ مِنْ خَلْقِیْ اُنْجِیْهِمْ وَبِهِمْ اُهْلِکُهُمْ
فَاِذَا کَانَ لَکَ اِلَیَّ حَاجَۃٌ فَبِهٰؤُلَاءِ تَوَسَّلْ
فَقَالَ النَّبِیُّ نَحْنُ سَفِیْنَۃُ النَّجَاۃِ مَنْ تَعَلَّقَ
بِهَا نَجَا وَمَنْ حَادَ عَنْهَا هَلَکَ فَمَنْ لَّهٗ اِلَی اللّٰهِ
حَاجَۃٌ فَلْیَسْئَلْ بِنَا اَهْلِ الْبَیْتِ۔

(اہل سنت کی معتبر کتاب فرائد السمطین باب اول ص ۳۶)

ترجمہ: ملخص۔ جب اللہ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ تو انہوں نے عرش کی دائیں جانب پانچ نوری پیکر رکوع وسجود میں مشغولِ عبادت پائے۔ آدم نے اللہ کے حضور میں عرض کی۔ کہ کیا مجھ سے پہلے تو نے کسی کو مٹی سے پیدا کیا ہے۔ اللہ نے فرمایا۔ کہ نہیں۔ آدم نے عرض کی۔ یہ نوری پیکر میری صورت میں کون ہیں۔ اللہ نے فرمایا۔ کہ یہ پانچ تیری اولاد میں سے ہیں۔ اور اگر ان کو پیدا نہ کرتا تو تجھے بھی پیدا نہ کرتا۔ ان پانچ کے پانچ نام میں نے اپنے ناموں سے نکالے ہیں۔ اگر یہ نہ ہوتے تو میں نہ ہی جنت و دوزخ کو پیدا کرتا۔

marfat.com
Marfat.com

اور نہ ہی عرش وکرسی کو پیدا کرتا اور نہ ہی زمین وآسمان کو پیدا کرتا اور نہ ہی فرشتہ جن وانس پیدا کرتا۔ میں محمود ہوں اور یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ میں عالی ہوں یہ علی ہے۔ میں فاطر ہوں یہ فاطمہ ہے۔ اور میں احسان ومحسن ہوں۔ اور یہ حسن وحسین ہیں۔

میں نے اپنی عزت کی قسم کھائی ہے۔ کہ جو شخص میرے پاس آئے گا۔ اور اس کے دل میں رائی برابر ان پانچ انوار کا بغض ہوگا۔ اس کو آگ میں ڈالوں گا اے آدم! یہ میری مخلوق میں چنے ہوئے ہیں۔ ان کے صدقے میں نجات دوں گا اور ان کے بغض کی وجہ سے ہلاک کروں گا۔ اے آدم! اگر تجھ کو میرے دربار میں کوئی کام پڑے۔ تو ان پانچ انوار کو وسیلہ بنا۔ اور نبی کریم نے بھی فرمایا ہے۔ ہم نجات کی کشتی ہیں۔ اور جس کو اللہ کے حضور میں کوئی حاجت پیش آئے۔ وہ ہم اہل بیت کے وسیلہ سے اللہ سے حاجت طلب کرے۔ (قول مقبول فی اثبات وحدت بنت الرسول ص ۱۲ - ۱۳)

## جواب:

"فرائد السمطین" کے بارے میں "ینابیع المودۃ" کے مصنف اپنی اسی تصنیف میں کچھ عقائد کا تذکرہ کرتے ہیں۔ اگرچہ "فرائد السمطین" ہمارے پاس نہیں۔ لیکن ینابیع المودۃ میں اس کے چند حوالہ جات ملتے ہیں۔ ان حوالہ جات کی روشنی میں آپ بخوبی اندازہ لگا سکیں گے۔ کہ محمد بن ابراہیم کون ہے؟ اور کس مسلک سے تعلق رکھتا ہے؟

marfat.com

Marfat.com

# ینابیع المودۃ میں مذکورہ فرائد السمطین کے چند اقتباسات

۱۔ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو گلے لگایا۔ اور روتے ہوئے فرمایا۔ کچھ لوگوں کے دل میں تیرا بغض ہے۔ جو میرے بعد ظاہر کریں گے۔ یعنی تم سے خلافت چھینیں گے۔　ص ۱۳۴

۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور ایک یہودی کا سوال وجواب۔ یہودی نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ جبکہ ہر نبی کا وصی ہوتا چلا آیا ہے۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ کے یوشع بن نون وصی تھے۔ اس لیے آپ کا بھی وصی لازمی ہے۔ وہ کون ہے؟ فرمایا۔ میرا وصی علی ابن ابی طالب ہے۔ اس کے بعد ان کے دونوں فرزند حسن وحسین پھر ان کے بعد نو امام جو امام حسین کی پشت سے ہوں گے (وہ میرے وصی ہیں) یہودی نے پوچھا۔ مجھے ان کے نام تبلا دیجیے؟ فرمایا جب حسین رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہوں گے تو ان کے بیٹے علی، ان کے بعد ان کے بیٹے محمد، ان کے بعد ان کے بیٹے جعفر، ان کے بعد ان کے بیٹے موسیٰ، ان کے بیٹے علی، ان کے بعد ان کے بیٹے محمد، ان کے بعد ان کے بیٹے علی، ان کے بعد ان کے بیٹے حسن ان کے بعد ان کے بیٹے الحجۃ محمد المہدی۔ یہ ہیں بارہ ائمہ (جو میرے وصی ہوں گے　ص ۴۴۱

۳۔ ابن عباس فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ فرمایا میں، علی، حسن اور حسین اور نو افراد ان کی اولاد سے مطہر ومعصوم ہوں گے۔　ص ۴۴۵

۴۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ کہ میرے بعد میرے خلفاء اور وصی حضرات اور اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق پر حجت، بارہ حضرات ہوں گے ص ۴۴۷۔

marfat.com

Marfat.com

۵۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول ذکر فرمایا۔
"میرے بعد میری امت کے امام حضرت علی المرتضے ہوں گے۔ اور ان کی اولاد سے وہ شخص آئے گا۔ جو القائم المنتظر کے نام سے مشہور ہوگا۔ اور جو آتے ہی دنیا کو عدل وانصاف سے بھر دے گا۔

## توضیح:

حوالہ نمبر ا۔ میں صاحب فرائد السمطین کے عقیدہ کے مطابق خلفائے ثلاثہ معاذ اللہ غاصب خلافت علی ہیں۔

۲۔ کے مطابق حضرت علی وصیٔ رسول ہیں۔ اور بارہ ائمہ یکے بعد دیگرے وصی ہیں۔ لہذا خلفائے ثلاثہ نے حضور کی وصیت کو ٹھکرا کر اپنی خلافت کا اعلان کیا۔

۳۔ کے اعتبار سے تمام ائمہ کو معصوم کہا گیا۔ یہی چند عقائد ہیں۔ کہ جو شیعہ اور سنی کے مابین مختلف ہیں۔ شیعہ ان کے شدومد سے قائل ہیں۔ لہذا معلوم ہوا۔ کہ ان عقائد کی وجہ سے صاحب فرائد السمطین محمد بن ابراہیم کٹر شیعہ ہے۔

ان حوالہ جات سے جو عقائد نظر آئے۔ اُن کی رو سے ہم پہچان گئے کہ فرائد السمطین کا مصنف ہرگز سنی نہیں ہے۔ اب دوسرا طریقہ سامنے رکھیے خود شیعہ محققین سے پوچھتے ہیں۔ کہ اس مصنف کے بارے میں تمہاری کیا تحقیق ہے۔ تو سنیئے۔

marfat.com
Marfat.com

فرائد السمطین کا مصنف شیعوں کا پروردہ ہے اس لیے
اس کا شیعہ ہونا ہی قرین عقل ہے۔ آقا بزرگ شیعہ
الذریعہ:

وَ بِالْجُمْلَةِ تَرْجَمَ صَاحِبُ الرِّيَاضِ صَدْرَ الدِّيْنِ
اِبْرَاهِيْمَ هٰذَا فِيْ ذَيْلِ عُنْوَانِ الْمُحْتَمَلِ تَشَيُّعُهُمْ
لِلتَّلَمُّذِ عَلَى الشِّيْعَةِ وَ التَّالِيْفِ فِيْ فَضَائِلِ
اَهْلِ الْبَيْتِ اَقُوْلُ فِيْ مَكْتَبَةِ الْمِشْكَاةِ نُسْخَةٌ
مِنْ فَرَائِدِ السِّمْطَيْنِ تَامَّةً..... اَوَّلُهَا بَعْدَ الْبَسْمَلَةِ
تَبَارَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ
لِيَكُوْنَ لِلْعَالَمِيْنَ نَذِيْرًا وَ بَعْدَ ذِكْرِ النَّبِيِّ
قَالَ وَ انْتَخَبَ لَهٗ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيًّا
اَخًا وَعَوْنًا وَ رِدْاءً اِلٰى قَوْلِهٖ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِيْ خَتَمَ النُّبُوَّةَ بِهٖ وَ بَدَءَ الْوِلَايَةَ
مِنْ اَخِيْهِ صِنْوَ اَبِيْهِ الْمُنَزَّلُ فَصْلَهُ النُّبُوَّةَ
مَنْزِلَةَ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى وَصِيُّهُ الرَّضِيُّ
الْمُرْتَضٰى عَلِيٌّ بَابُ مَدِيْنَةِ الْعِلْمِ اِلٰى قَوْلِهٖ
وَ وَصِيَّتُهٗ اَسَدُ اللّٰهِ الْغَالِبُ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ
طَالِبٍ وَ اٰلِهٖ وَ عِتْرَتِهِ الْمُبَارَكَةِ
وَ ذَرَارِيْهِ الطَّاهِرَاتِ نُجُوْمٍ

marfat.com

Marfat.com

فَلَكِ الْعِصْمَةِ۔

(الذریعہ جلد ۱۶ ص ۱۳۶، ۱۳۷ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** صاحب الریاض صدرالدین ابراہیم نے اپنی اس تصنیف میں ایک عنوان باندھا۔ وہ یہ کہ کچھ مصنفین ایسے ہیں جو مشہور و معروف شیعہ علماء کے شاگرد ہیں۔ اور انہوں نے فضائل اہل بیت پر تصانیف بھی لکھی۔ ان دو باتوں کی بنا پر ان مصنفین کے شیعہ ہونے کا احتمال ہے۔ اس عنوان کے تحت صاحب فرائد السمطین کا تذکرہ بھی موجود ہے۔ میں (صاحب الذریعہ) کہتا ہوں کہ مکتبہ المشکوٰۃ میں فرائد السمطین کا مکمل نسخہ موجود ہے۔ اس کتاب میں بسم اللہ کے بعد تبارك الذی نزل الفرقان آیت لکھی ہوئی ہے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت و ثناء تحریر ہے۔ پھر یہ الفاظ موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت علی المرتضیٰ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے منتخب کیا۔ آپ کے بھائی اور مددگار بنے۔ پھر حضرت علی المرتضیٰ کے بارے میں مزید لکھا۔ کہ تمام تعریفیں اس اللہ کی جس نے آپ پر دروازۂ نبوت بند کر دیا۔ اور ولایت کی ابتدا آپ کے چچازاد بھائی سے کی۔ جو آپ کے ساتھ وہ مقام و منزلہ رکھتے ہیں۔ جو ہارون کو موسیٰ کے ساتھ تھا علی المرتضیٰ آپ کے وصی ہیں۔ الرضی والمرتضیٰ ہیں۔ باب العلم ہیں آخر میں یہ کہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصی، اللہ کے شیر علی ابن ابی طالب آپ کی عترت وآل مبارکہ جو آسمان عصمت کے

marfat.com

Marfat.com

درخشندہ ستارے ہیں۔ (یعنی معصوم ہیں)

## توضیح:

"صاحب الریاض" نے دو وجوہات کی بنا پر محمد بن ابراہیم حموینی کے شیعہ ہونے کا احتمال ذکر کیا۔ لیکن آقائے بزرگ طہرانی شیعی صاحب الذریعہ نے اس کی تصنیف فرائد السمطین کے اقتباسات سے اس کا پکا شیعہ ہونا ثابت کیا ہے۔ جن باتوں سے اس کی شیعیت ثابت کی گئی وہ بالاختصار یہ ہیں۔

۱۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وزیر، خلیل، رفیق اور ظہیر لکھا گیا۔

۲۔ انما ولیکم اللہ ورسولہ کی تفسیر کے تحت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو امام الاولیاء لکھ کر ان کی آل واولاد کو ائمہ معصومین کہا گیا۔

۳۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ وصی رسول ہیں۔ ان تین عقائد کے بعد جب اس کا شیعہ ہونا صاحب الذریعہ کے نزدیک مسلم تھا۔ تو اس نے اسی حموینی کے لیے یہ دعائیہ الفاظ اسی مذکورہ صفحہ پر کہے۔

غَفَرَ اللّٰہُ عَنْہُ لِمُحَبَّتِہِ الْاَئِمَّۃِ الطَّاہِرِیْنَ وَ اَحْیَاہُ عَلٰی مُتَابَعَتِہِمْ وَ وِلَایَتِہِمْ وَاِمَامَتِہٖ عَلَیْہَا وَحَشَرَہٗ مَعَہُمْ وَجَعَلَہٗ تَحْتَ لِوَائِہِمْ سَادَۃِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ۔

**ترجمہ:** ائمہ معصومین کے ساتھ محبت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ حموینی کو معاف کر دے۔ ان کی متابعت اور امامت کے عقیدہ پر اسے زندہ رکھے۔ اور ان کے ساتھ اس کا حشر ونشر کرے اور ان اولین وآخرین

marfat.com

Marfat.com

کے سرداروں کے جھنڈے تلے اُسے جگہ دے۔

مذہب شیعہ میں صرف اور صرف اہل تشیع کے لیے دعائے مغفرت ہے۔ فروع کافی میں مذکور ہے۔ کہ اگر کوئی اہل سنت مرجائے۔ تو اس کی نماز جنازہ میں شرکت نہ کی جائے۔ اور اگر بامر مجبوری شرکت کرنی پڑے۔ تو اس کے لیے مغفرت کی دُعا کرنا حرام ہے۔ بلکہ اس کی بجائے لعنت کی دعا کرے۔ آقائے بزرگ طہرانی نے کلمات دعائیہ کہہ کر اسی طرف اشارہ کیا ہے۔ کہ فرائد السمطین کا مصنف ان کا اپنا ہے۔ اور یقیناً ایسا ہی ہے۔ ان تصریحات کے بعد حموینی کی شخصیت نکھر کر سامنے آ گئی۔ اب اسے سنی عالم اور اس کی تصنیف کو اہل سنت کی معتبر کتاب قرار دینا "ظلم عظیم" سے کم نہیں۔ قول مقبول کے نامقبول و نامعقول انداز سے اس کے مؤلف لایعقل نجفی جھنگی کی بے ایمانی بھی ظاہر ہو گئی۔

(فَاعْتَبِرُوْا یٰاُولِی الْاَبْصَار)

# کتاب یازدھم [۱۱]

## مقتل ابی مخنف مصنفہ لوط بن یحیٰی

اہل تشیع کے ہاں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے غم میں ماتم کرتے ہوئے خون بہانا جائز ہے۔ جب اس پر اہل سنت کی طرف سے اعتراض ہوتا ہے تو اس وقت "مقتل ابی مخنف" کا حوالہ پیش کرتے ہیں۔ اور اسے اہل سنت کی معتبر کتاب لکھ کر اتمام حجت کرتے ہیں۔ آیئے پہلے ان کا ایسا کرنا ثابت کریں۔ پھر "مقتل ابی مخنف" پر گفتگو کریں گے۔

marfat.com

Marfat.com

## ماتم اور صحابہ:

### "ماتم حسینؓ میں سیدہ زینبؓ کا خون بہانا۔"

اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل ابی مخنف بحوالہ ینابیع المودۃ ص ۳۵۰ پر ہے۔

فَلَمَّا رَاَتْ زَيْنَبُ رَاْسَ اَخِيْهِ قَدْ اُتُوْ بِالرُّؤُسِ مَقْدَمًا عَلَيْهَا نَطَحَتْ جَبْهَتَهَا بِمُقَدَّمِ الْاَقْتَابِ خَرَجَ دَمٌ مِنْهَا۔

**ترجمہ:** جب حضرت زینب بنت علی نے اپنے بھائی کے سر کو دیکھا۔ جو سب سروں کے آگے آگے تھا۔ (اب چونکہ بازار کوفہ ہے اور مصیبت کی انتہا ہے۔ نبی زادیوں پر لوگ صدقہ کی کھجوریں پھینک رہے ہیں قتل امام مظلوم کی خوشی میں طبل بجائے جا رہے ہیں۔ بازار سجے ہوئے ہیں۔ نواسۂ رسول کا سر نیزہ پر ہے۔ اور نبی کی نواسیاں سر برہنہ اونٹوں پر سوار ہیں۔ آلِ نبی کی بے بسی کا یہ عالم ہے۔ کہ یہود و نصاریٰ بھی رحم کھائے ہوئے ہیں) ایسی حالت میں ام المصائب نے اپنا سر چوب محمل پر مارا اور خون جاری ہو گیا۔ بہن کا سر اور بھائی کا سر ہم رنگ ہو گئے۔

(ماتم اور صحابہ تصنیف غلام حسین نجفی شیعی۔ ص ۱۵۷، ۱۵۸)

## جواب:

"ینابیع المودۃ" کے حوالہ سے نجفی نے مقتل ابی مخنف کا حوالہ پیش کیا

marfat.com

Marfat.com

گویا حوالہ ایک لیکن کتابیں دو ہو گئیں۔ جہاں تک ینابیع المودہ کا تعلق ہے۔ جو سلیمان بن ابراہیم کی تصنیف ہے۔ ہم اس کے متعلق گزشتہ اوراق میں بحث کر چکے ہیں۔ یہ تو اہل سنت کی کتاب ہی نہیں۔ اب دوسری کتاب "مقتل ابی مخنف" کے بارے میں نجفی نے جو دھوکہ دینے کی کوشش کی۔ ہم اس کی پردہ دری کرتے ہیں۔ اس کے مصنف کا نام لوط بن یحیٰی ہے۔ یہ وہ شخص ہے۔ جس کے کٹر شیعہ ہونے میں نہ کسی شیعہ کو شک ہے۔ اور نہ ہی سنی کو۔ اگر ہے تو نجفی اینڈ کمپنی کو۔ لوط بن یحیٰی کون ہے؟ دونوں طرف کی کتب سے ملاحظہ کیجئے۔

## (صاحب مقتل ابی مخنف کے شیعہ ہونے پر سنی شیعہ علماء کی نصوص۔)

### میزان الاعتدال:

لوط بن یحیی ابو مخنف اخباری تالف لا یوثق به ترکه ابوحاتم وغیره وقال الدارقطنی ضعیف وقال یحیی بن معین لیس بثقة وقال مرة لیس بشئ وقال ابن عدی شیعی محترق صاحب اخبارهم۔

(۱۔ میزان الاعتدال جلد دوم ص۔ ۳۶ مطبوعہ مصر)

(۲۔ لسان المیزان جلد چہارم ص ۴۹۲ مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: لوط بن یحیٰی ابو مخنف قصے کہانیاں بیان کرنے والا غیر معتبر راوی ہے۔ ابو حاتم نے اس کی روایت کو چھوڑا۔ دارقطنی نے اسے ضعیف کہا۔ یحیٰی بن معین اسے غیر ثقہ کہتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

مرۃ اسے لیس بشئی اور ابن عدی نے اسے شیعی کہا۔ اور سخت جلا بھنا
تصہ گو تھا۔

## الکنی والالقاب:

ابو مخنف لوط بن یحیی بن سعید بن مخنف بن سلیم الازدی شَیْخٌ اَصْحَابُ الْاَخْبَارِ بِالْکُوْفَةِ وَوَجْهِهِمْ کَمَا عَنْ (جش) وَتُوُفِّیْ سنة ۱۵۷ یُرْوِیْ عَنِ الصَّادِقِ (ع) وَیُرْوِیْ عَنْهُ هَشَامُ الْکَلْبِیْ وَجَدُّہٗ مخنف بن سلیم صَحَابِیٌّ شَهِدَ الْجَمَلَ فِیْ اَصْحَابِ عَلِیٍّ (ع) حَامِلًا رَایَةَ الْاَزْدِ فَاسْتَشْهَدَ فِیْ تِلْکَ الْوَقْعَةِ سنة ۳۶ وکان ابو مخنف من اعاظم مؤرخی الشیعة۔

(الکنی والالقاب جلد اول ص ۱۵۵ مطبوعہ تہران طبع جدید) تذکرہ ابومخنف

ترجمہ: ابومخنف لوط بن یحییٰ ازدی کوفہ کے اُن بڑے لوگوں میں سے تھا۔ جو واقعات اور قصہ کہانیاں بیان کرنے والے تھے یہ بات نجاشی سے منقول ہے ۱۵۷ھ میں فوت ہوا۔ امام صادق رضی سے روایت کرتا ہے۔ اور اس سے آگے ہشام الکلبی نے روایت کی ہے۔ اس کا دادا مخنف بن سلیم صحابی تھا۔ جنگ جمل میں حضرت علی المرتضیٰ رضی کے طرفداروں میں اُزد کا جھنڈا اٹھائے ہوئے شریک ہوا تھا۔ اور اسی جنگ میں شہادت پائی۔ یہ

marfat.com

Marfat.com

۳۶ھ کا واقعہ ہے۔ خود ابو مخنف شیعہ مؤرخین کے اکابرین سے تھا۔

## صاحب مقتل لوط بن یحییٰ مشہور امامی شیعہ ہے

## شیعہ علماء کا متفقہ فیصلہ

### تنقیح المقال:۔

وَ تَنْقِيحُ الْمَقَالِ فِيْ حَالِ الرَّجُلِ اَنَّهُ لَا يَنْبَغِيْ التَّاَمُّلُ فِيْ كَوْنِهٖ شِيْعِيًّا اِمَامِيًّا كَمَا صَرَّحَ بِذَالِكَ جَمَاعَةٌ وَ اِنْكَارُ ابْنُ اَبِي الْحَدِيْدِ ذَالِكَ بِقَوْلِهٖ فِيْ شَرْحِ النَّهْجِ وَ اَبُوْ مِخْنَفٍ مِنَ الْمُحَدِّثِيْنَ وَ مِمَّنْ يَرٰى صِحَّةَ الْاِمَامَةِ بِالْاِخْتِيَارِ وَ لَيْسَ مِنَ الشِّيْعَةِ وَ لَا مَعْدُوْدًا مِنْ رِجَالِهَا۔ انتهى۔ مِنَ الْخُرَافَاتِ الَّتِيْ تَعَوَّدَتِ الْعَامَّةُ عَلَيْهَا فِيْ مَذْهَبِهِمْ وَ فِيْمَا يَرْجِعُ اِلَيْهِ كَيْفَ وَ قَدْ صَرَّحَ جَمَاعَةٌ مِنْهُمْ بِتَشَيُّعِهٖ بَلْ جَعَلَ بَعْضُهُمْ تَشَيُّعَهٗ سَبَبًا لِرَدِّ رِوَايَتِهٖ كَمَا هِيَ عَادَتُهُمْ غَالِبًا اَلَا تَرٰى اِلٰى قَوْلِ صَاحِبِ الْقَامُوْسِ فِيْ مَادَّةِ خ ن ف وَ مِخْنَفٌ كَمِنْبَرٍ وَ اَبُوْ مِخْنَفٍ لُوْطُ بْنُ يَحْيٰى اَخْبَارِيٌّ شِيْعِيٌّ تَالِفٌ مَتْرُوْكٌ انتهى،

وَ الْعَجَبُ الْعُجَابُ اِنَّ ابْنَ اَبِي الْحَدِيْدِ نَطَقَ بِمَا سَمِعْتَ بَعْدَ اَنْ رَوٰى اَشْعَارًا

marfat.com
Marfat.com

فِیْ اَنَّ عَلِیًّا وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَ قَالَ ذَکَرَ ھٰذِہِ الْاَشْعَارَ وَ الْاَرَاجِزَ بِاَجْمَعِھَا اَبُوْ مِخْنَفٍ لُوْطُ بِنْ یَحْیٰی فِیْ کِتَابِ وَقْعَۃِ الْجَمَلِ انتھٰی فَاِنَّ نَقْلَہٗ لِتِلْکَ الْاَشْعَارِ شَاھِدٌ لِتَشَیُّعِہٖ وَ اِلَّا لَمْ یَکُنْ لِیَرْوِیَھَا کَمَا ھِیَ عَادَۃُ اَھْلِ السُّنَّۃِ غَالِبًا وَ بِالْجُمْلَۃِ فَکَوْنُ الرَّجُلِ شِیْعِیًّا اِمَامِیًّا مِمَّا لَا یَنْبَغِیْ الرَّیْبُ فِیْہِ۔

(تنقیح المقال فی علم الرجال جلد دوم ص ۴۴ من ابواب اللام مطبوعہ تہران طبع جدید)

ترجمہ:

حقیقت حال یہ ہے۔ کہ ابو مخنف لوط بن یحیٰی کے امامی شیعی ہونے میں کوئی تامل نہیں ہونا چاہیئے۔ جیسا کہ اس کے بارے میں ایک بہت بڑی محققین کی جماعت نے تصریح کی ہے۔ (کہ یہ شیعہ ہے) نہج البلاغہ کی شرح میں ابن ابی الحدید کا یہ کہہ کر اس کے شیعہ ہونے کا انکار کرنا ایک بکواس سے کم نہیں ہے۔ " ابو مخنف محدثین میں سے ہے۔ اور ان لوگوں میں سے ہے۔ جو امامت کو بالاختیار کہتے ہیں۔ پھر ابن ابی الحدید نے یہ بھی کہا۔ کہ ابو مخنف کا شمار شیعہ رجال میں نہیں ہوتا۔ یہ وہ بکواس ہے۔ جو اہل سنت کیا کرتے ہیں۔ بھلا یہ انکار کب درست ہو سکتا ہے۔ جبکہ ایک بہت بڑی جماعت نے اس کے شیعہ ہونے کی تصریح کی ہے۔ بلکہ بعض نے تو اس کی روایات کے مردود ہونے کی وجہ اس کا شیعہ ہونا قرار دیا ہے

marfat.com

Marfat.com

جیسا کہ ان کی عادت ہے۔ کیا صاحب قاموس کا یہ قول تمہارے پیش نظر نہیں ہے۔ جو اس نے خ ن ف کے مادہ پر بحث کے دوران کہا۔ قول یہ ہے۔ مخنف بروزن منبر ہے۔ اور ابو مخنف لوط بن یحییٰ قصے کہانیاں بیان کرنے والا شیعہ ہے۔ اس کی تالیفات قابل اخذ نہیں ہیں۔ عجیب سے عجیب تر یہ ہے۔ کہ ابن ابی الحدید نے ابو مخنف کے بارے میں شیعہ نہ ہونے کی بات کی۔ لیکن وہ بھی اس وقت جب اس کے ایسے اشعار نقل کر چکا تھا۔ جن میں اس نے حضرت علی المرتضیٰ کو رسول اللہ کا وصی کہا ہے۔ اور ان اشعار کے درج کرنے کے بعد خود ابن ابی الحدید نے لکھا ہے۔ کہ یہ اشعار اور رجز یہ کلام ابو مخنف کا ہے۔ اور اس نے انہیں کتاب واقعۃ الجمل میں لکھا ہے۔ ابن ابی الحدید کا یہ شعر ذکر کرنا ابو مخنف کے شیعہ ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر یہ شیعہ نہ ہوتا تو اس کے اشعار کی روایت نہ کرتا۔ جیسا کہ اکثر اہل سنت کی عادت ہے مختصر یہ کہ ابو مخنف لوط بن یحییٰ امامی شیعہ ہے۔ اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے۔ کہ جس میں شک و ریب نہیں ہونا چاہیئے۔

## تنقیح المقال:

وقال النجاشی لوط بن یحیٰی بن سعید بن مخنف بن سالم اللازدی الغامدی ابو مخنف شَیْخُ اَصْحَابِ الْاَخْبَارِ بِالْکُوْفَۃِ وَوَجْھُھُمْ وَکَانَ یَسْکُنُ اِلٰی مَا یُرْوِیْہِ رَوٰی عَنْ جَعْفَرِبْنِ مُحَمَّدٍ ...... وَصَنَّفَ کُتُبًا کَثِیْرَۃً مِنْھَا کِتَابُ الْمَغَازِیْ کِتَابُ السَّقِیْفَۃِ کِتَابُ الرِّدَّۃِ ، کِتَابُ

marfat.com

Marfat.com

فُتُوْحِ الْاِسْلَامِ، كِتَابُ فُتُوْحِ الْعِرَاقِ، كِتَابُ فُتُوْحِ خُرَاسَانَ، كِتَابُ الشُّوْرٰى، كِتَابُ قَتْلِ عُثْمَانَ كِتَابُ الْجَمَلِ، كِتَابُ صِفِّيْنَ، كِتَابُ النَّهْرَوَانِ، كِتَابُ الْحَكَمَيْنِ، كِتَابُ الْغَارَاتِ كِتَابُ مَقْتَلِ اَمِيْرِالْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابُ مَقْتَلِ الْحُسَيْنِ، كِتَابُ مَقْتَلِ الْحَسَنِ - الخ -

(تنقیح المقال جلد دوم ص ۴۳ من ابواب اللام - مطبوعہ تہران)

**ترجمہ:**

نجاشی نے کہا: کہ لوط بن یحییٰ ابو مخنف کوفہ کے قصہ کہانیاں بیان کرنے والوں میں سے ایک بڑا آدمی تھا۔ اور امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے جو روایات اس نے کیں۔ آن پر مطمئن تھا۔ اس کی بہت سی تصانیف ہیں مثلاً کتاب المغازی، کتاب السقیفہ، کتاب الردۃ، کتاب فتوح الاسلام، کتاب فتوح العراق، کتاب فتوح خراسان، کتاب الشوریٰ کتاب قتلِ عثمان، کتاب الجمل، کتاب صفین، کتاب نہروان، کتاب الحکمین، کتاب الغارات، کتاب مقتل امیرالمومنین، کتاب مقتل حسن و حسین الخ۔

اعیان الشیعہ:

مُؤَلِّفُو الشِّيْعَةِ فِي التَّارِيْخِ وَالسِّيَرِ وَالْمَغَازِيْ ....... وَمِنْهُمْ اَبُوْ مِخْنَفٍ لُوْطُ بْنُ يَحْيٰى الْاَزْدِيُّ الْغَامِدِيُّ قَالَ النَّجَاشِيُّ مِنْ

marfat.com

Marfat.com

أَصْحَابُ الْاَخْبَارِ بِالْكُوْفَةِ وَوَجْهِهِمْ وَصَنَّفَ كُتُبًا كَثِيْرَةً مِنْهَا الْمَغَازِيْ فتوح الشام الخ ......وَقَالَ ابْنُ النَّدِيْمِ فِي الفهرست قَرَأْتُ بِخَطِّ اَحْمَدَ بْنِ الْحَارِثِ الْخَزَّازِ قَالَتِ الْعُلَمَاءُ اَبُوْ مخنف بِاَمْرِ الْعِرَاقِ وَاَخْبَارِهَا وَفُتُوْحِهَا يَزِيْدُ عَلٰى غَيْرِهٖ وَالْمَدَائِنِيْ بِاَمْرِ الْخُرَاسَانِ وَالْهِنْدِ وَفَارِسٍ۔ وَالْوَاقِدِيْ بِالْحِجَازِ وَالسِّيْرَةِ وَقَدِ اشْتَرَكُوْا فِيْ فُتُوْحِ الشَّامِ وَاِثْنَانِ مِنَ الثَّلَاثَةِ شِيْعَةٌ اَبُوْ مِخْنَفٍ وَالْوَاقِدِيْ۔

(اعیان الشیعة للسید محسن الامین جلد اول ص ۱۵۳ مطبوعہ بیروت طبع جدید) مؤلفوا الشیعة فی التاریخ والسیر والمغازی

**ترجمہ:** جن شیعہ علماء نے فن تاریخ، سیرت اور مغازی پر کتب لکھیں۔ ان میں سے ایک ابو مخنف لوط بن یحییٰ ازدی غامدی بھی ہے نجاشی نے کہا۔ کہ یہ کوفہ کے قصہ گو لوگوں میں سے مشہور آدمی تھا۔ اس نے بہت سی کتابیں تصنیف کیں۔ ان میں سے مغازی، فتوح الشام الخ میں فہرست میں ابن الندیم نے کہا۔ کہ میں نے احمد بن الحارث خزاز کے ہاتھوں سے لکھی یہ تحریر پڑھی۔ " علماء کہتے ہیں۔ کہ عراق کے واقعات و فتوحات کے معاملہ میں ابو مخنف تمام تاریخ دانوں سے آگے ہے۔ اور مدائنی خراسان اور ہند و فارس کی تاریخ میں سبقت رکھتا ہے۔ تاریخ حجاز اور سیرت کے موضوع پر واقدی کا نمبر ہے یہ تینوں فتوح الشام میں برابر ہیں۔ ان تینوں میں سے ابو مخنف اور

marfat.com

Marfat.com

واقدی شیعہ ہیں۔

## اعیان الشیعہ:

جَمَاعَةٌ مِنَ الشِّيْعَةِ اِمْتَازُوْا عَنْ غَيْرِهِمْ فِى الرِّجَالِ وَالتَّارِيْخِ وَالْاَنْسَابِ............

ابو مخنف لوط بن یحییٰ الازدی فی القاموس اَخْبَارِیٌّ شِيْعِیٌّ۔

(اعیان الشیعہ جلد اوّل ص ۱۵۶)

**ترجمہ:** فن رجال، تاریخ اور انساب کے معاملہ میں وہ شیعہ علماء جو دوسروں سے اس فن میں ممتاز ہیں...... ان میں سے ایک ابو مخنف لوط بن یحییٰ ازدی بھی ہے۔ القاموس میں ہے۔ کہ یہ اخباری اور شیعی تھا۔

## الذریعة:

مَقْتَلُ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ لِاَبِىْ مِخْنَفٍ لُوْطُ بْنُ يَحْيٰى يَرْوِىْ عَنْهُ هِشَامُ الْكَلْبِىُّ الَّذِىْ تُوُفِّىَ سنہ ۲۰۵ھ صاحب مقتل ابی عبد الله الحسین مقتل ابی مخنف مر بعنوان مقتل ابی عبدالله الحسین۔ مقتل ابی عبد الله الحسین لابی مخنف۔

(الذریعة جلد ۲۲ ص ۲۹ تا ۳۱ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** مقتل امیر المؤمنین نامی کتاب ابو مخنف لوط بن یحییٰ کی تصنیف

marfat.com

Marfat.com

ہے۔ اس سے ہشام کلبی نے روایت کی۔ جو ۲۰۵ھ میں فوت ہوا۔
مقتل ابی عبداللہ الحسین کا مصنف بھی لوط بن یحییٰ ہے۔

## نوٹ:

جیساکہ ہر ذی علم جانتا ہے۔ کہ آقائے بزرگ طہرانی نے الذریعہ الی تصانیف الشیعہ میں ان لوگوں کی تصانیف و تالیفات کا تذکرہ کیا ہے۔ جو شیعہ ہوئے۔ جیساکہ اس کتاب کے نام سے ظاہر ہے۔ جبکہ اس کتاب میں لوط بن یحییٰ ابومخنف کا بھی تذکرہ موجود ہے۔ جو ہم الذریعہ وغیرہ کے حوالہ سے لکھ چکے ہیں۔ جب ابو مخنف اور اس کی تصنیفات دونوں مسلک شیعہ پر ہیں۔ تو پھر اس کو سنی کیونکر سمجھا جائے۔

## لمحہ فکریہ:

ابومخنف لوط بن یحییٰ کے بارے میں اہل سنت اور اہل تشیع دونوں کی کتب کے حوالہ جات ملاحظہ کرنے کے بعد اس کی حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ مسلک اہل سنت کے حوالہ سے اِسے ایسا شیعہ لکھا گیا۔ جو حضرات صحابہ کرام سے حسد و بغض اور ان کے فضائل و مناقب سے چڑنے والا تھا۔ اور کتب شیعہ نے اسے ان شیعوں میں سے ایک ممتاز شیعہ لکھا ہے۔ جو فن تاریخ وغیرہ میں ید طولیٰ کے مالک تھے۔ پھر عبداللہ مامقانی صاحب تنقیح المقال نے تو ابن ابی الحدید ایسے بزرگ شیعہ کی اس بات پر مہر ثبت کر دی۔ کہ وہ ابو مخنف کو شیعہ کیوں نہیں مانتا۔ اور اس کی اس بات کو خرافات اور ایک عجوبہ قرار دیا۔ ان تمام تصریحات کے باوجود نجفی کا اِسے سنی کہنا کس قدر حواس باختگی کا مظہر ہے۔

## مغالطہ:

نجفی نے مقتل ابی مخنف کا مذکورہ حوالہ ذکر کرنے کے بعد ایک اعتراض دو جواب

marfat.com
Marfat.com

بھی لکھا۔ ہم چاہتے ہیں۔ کہ کچھ اس کا تذکرہ بھی ہو جائے۔ اعتراض یہ لکھا۔ کہ لوط بن یحییٰ کو اہل سنت کہتے ہیں کہ یہ شیعہ ہے۔ لہٰذا اس کا حوالہ اہل سنت کے خلاف حجت نہیں بن سکتا؟ نجفی نے اس کا جواب یہ دیا۔ کہ شاہ عبد العزیز صاحب نے امام ابو حنیفہ کو جناب زید بن علی کا شیعہ، لکھا ہے۔ تو پھر ان کی باتوں کو بھی سنیوں کا اعتبار نہ کرنا چاہیئے۔ حالانکہ تقریباً تمام اہل سنت ان کے ہی مقلد ہیں۔ پھر لکھا۔ کہ سنیوں کی یہ عادت ہے۔ کہ جس کا انکار کرنا ہو۔ اس کو شیعہ کہہ دیتے ہیں۔ الخ

نجفی کی اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ یہ سمجھتا ہے۔ کہ اہل سنت کی کتب میں لوط بن یحییٰ کو جو شیعہ لکھا گیا۔ وہ جان چھڑانے کے لیے ہے ورنہ وہ حقیقت میں سنی ہے۔ اب ذرا مغالطہ کو سامنے رکھیں۔ شاہ عبد العزیز صاحب نے امام ابو حنیفہ کو زید بن علی کا جس معنی میں شیعہ لکھا۔ وہ طرفدار اور حمایتی کے معنی میں ہے۔ اور یہ امام اعظم رضی اللہ عنہ کی بہت بڑی منقبت ہے اور مسلک اہل سنت کے حق میں ہونے کی دلیل ہے۔ کیونکہ انہوں نے آڑے وقت میں بھی آل رسول کا دامن نہ چھوڑا۔ اور اسی کی خاطر جان بھی دے دی۔ لیکن لوط بن یحییٰ کو "شیعہ"، جو کہا گیا۔ وہ اس معنی میں نہیں۔ بلکہ ایک نظریہ اور عقائد کے اعتبار سے وہ شیعہ ہے۔ جس کی کچھ تفصیل گذشتہ اوراق میں پیش کی جا چکی ہے۔ اگر دونوں ایک ہی قسم کے شیعہ تھے۔ تو ثابت کرنا پڑے گا۔ کہ امام اعظم رضی اللہ عنہ عصمت ائمہ کے قائل تھے۔؟ کیا ان کے نزدیک حضرات انبیائے کرام سے ائمہ کا درجہ بلند تھا؟ کیا وہ مروجہ ماتم کو شعار اسلام سمجھتے تھے؟

قارئین کرام! آپ بخوبی جان چکے ہوں گے۔ کہ نجفی نے مقتل ابی مخنف کو اہل سنت کی معتبر کتاب لکھ کر اپنی دوکان چمکانے کی کوشش کی ہے اور اپنے

marfat.com

Marfat.com

ہم نواؤں سے بچنے بچانے کروانے کی خاطر یہ ڈھونگ رچایا ہے۔ تا کہ ماتمی کہہ سکیں۔ لو بھائی۔ ماتم کرنا تو سنیوں کی کتابوں سے بھی ثابت ہے۔ دین فروشی اور اپنے گروؤں کو سنیوں میں داخل کر کے کتے اور خنزیر کر دا تا کوئی دوسرا "حجۃ الاسلام" کیوں کرتا۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

# کتاب دوازدھم ۱۲

## حلیۃ الاولیاء مصنفہ حافظ ابو نعیم

حلیۃ الاولیاء کے مصنف کا نام حافظ ابو نعیم ہے۔ اس کے بارے میں کتب شیعہ یہی کہتی ہیں۔ کہ یہ ہمارے مسلک کا مصنف ہے۔ لیکن تقیہ پر پیرا ہو کر اس نے شیعیت چھپائے رکھی۔ اس بنا پر کچھ لوگ اسے اہل سنت میں سے سمجھتے ہیں اور پھر سنیت کو بدنام کرنے کے لیے اس کو استعمال کیا جاتا ہے۔ غلام حسین نجفی نے بھی یہی کیا۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا اپنے سر پر خاک ڈالنا اس کی کتاب سے ثابت کر کے یہ کہنا چاہا۔ کہ بوقت مصیبت سر پر خاک ڈالنا سنیوں کی کتاب اور ان کے خلیفہ سے بھی ثابت ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

### ماتم اور صحابہ:

"وقت مصیبت سر میں خاک ڈالنا سنت حضرت عمر ہے"

حلیۃ الاولیاء:

عَنْ عُقْبَہ بن عَامِرٍ قَالَ لَمَّا طَلَّقَ رَسُوْلُ اللہ

marfat.com
Marfat.com

حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ فَبَلَغَ ذَالِكَ عُمَرَ فَوَضَعَ التُّرَابَ عَلٰى رَأْسِهٖ وَجَعَلَ يَقُوْلُ مَا يَعْبَأُ اللّٰهُ بِعُمَرَ بَعْدَ هٰذَا۔

(اہل سنت کی معتبر کتاب حلیۃ الاولیاء جلد دوم ص ۵۰ تا ۵۱) حفصہ بنت عمر

**ترجمہ**: راوی کہتا ہے۔ کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بی بی حفصہ بنت عمر کو طلاق دی۔ اور یہ خبر جناب عمر کو پہنچی۔ تو عمر نے سر میں خاک ڈالی اور کہنے لگا۔ اب اس کے بعد اللہ کی بارگاہ میں عمر کی کوئی آبرو نہیں۔

قارئین۔ بیٹی کی طلاق ایک صدمہ ہے۔ لیکن آل نبی کا گھر جس طرح ویران ہوا۔ اور نواسۂ رسول امام حسین علیہ السلام جس بے دردی سے شہید ہوئے۔ یہ اہل اسلام کے لیے ایک مصیبت عظمیٰ ہے۔ منصف ذرا انصاف فرمائیں۔ کہ حفصہ کی طلاق پر حضرت عمر رض سر میں خاک ڈالیں تو یہ شرعاً جرم نہیں اور اگر امام حسین کی یاد میں ہم خاک ڈالیں تو یہ بدعت ہے۔ (ماتم اور صحابہ ص ۱۵۴، ۱۵۵ تصنیف غلام حسین نجفی)

## جواب:

گزشتہ کتب کے مصنفین کے بارے میں تحقیق کا جو طریقہ ہمارے سامنے ہے۔ حلیۃ الاولیاء اور اس کے مصنف کے نظریات و عقائد معلوم کرنے کے لیے ہم انہی دو طریقوں کو بروئے کار لاتے ہیں۔ پہلے حلیۃ الاولیاء حافظ ابو نعیم کے معتقدات خود اس کی تحریروں سے ملاحظہ ہوں۔

marfat.com

Marfat.com

# محدث ابو نعیم کی شیعہ نواز تحریریں

## در حلیۃ الاولیاء

## حلیۃ الاولیاء

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَا اَنَسُ اُسْکُبْ لِیْ وَضُوْءً ا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ قَالَ یَا اَنَسُ اَوَّلُ مَنْ یَّدْخُلُ عَلَیْکَ مِنْ ھٰذَا الْبَابِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَسَیِّدُ الْمُسْلِمِیْنَ وَقَائِدُ غُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَخَاتَمُ الْوَصِیِّیْنَ قَالَ اَنَسٌ قُلْتُ اَللّٰھُمَّ اِجْعَلْہُ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ وَکَتَمْتُہٗ اِذْ جَاءَ عَلِیٌّ فَقَالَ مَنْ ھٰذَا یَا اَنَسُ فَقُلْتُ عَلِیٌّ فَقَامَ مُسْتَبْشِرًا فَاعْتَنَقَہٗ ثُمَّ جَعَلَ یَمْسَحُ عَرَقَ وَجْھِہٖ بِوَجْھِہٖ وَیَمْسَحُ عَرَقَ عَلِیٍّ بِوَجْھِہٖ قَالَ عَلِیٌّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَقَدْ رَاَیْتُکَ صَنَعْتَ شَیْئًا مَا صَنَعْتَ بِیْ مِنْ قَبْلُ قَالَ وَمَا یَمْنَعُنِیْ وَاَنْتَ تُؤَدِّیْ عَنِّیْ وَتُسْمِعُھُمْ صَوْتِیْ وَتُبَیِّنُ لَھُمْ مَا اخْتَلَفُوْا فِیْہِ بَعْدِیْ رَوَاہُ جابر الجعفی عن ابی الطفیل عــــن

marfat.com
Marfat.com

انس نحوہ۔

احلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۶۳ تا ۶۴ تذکرہ علی ابن ابی طالب)

**ترجمہ:** حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کے لیے تیاری کا حکم دیا۔ (میں نے وضو کا اہتمام کیا۔ آپ نے وضو فرمایا۔) پھر کھڑے ہو کر دو رکعت پڑھیں۔ پھر مجھ سے فرمایا۔ جو سب سے پہلے اس دروازے سے داخل ہوگا۔ وہ امیر المومنین، سید المسلمین اور خاتم الوصیین اور امت کا سلسلہ قائد ہوگا۔ میں نے دل میں ہی کہا۔ اے اللہ! یہ آنے والا انصار میں سے ہو۔ اتنے میں حضرت علی المرتضیٰ تشریف لائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کون آیا ہے۔ میں نے عرض کیا۔ علی آئے ہیں۔ آپ خوشی سے کھڑے ہوئے اور ان کو گلے لگا لیا۔ پھر اپنا پسینہ ان کے منہ پر اور ان کا پسینہ اپنے منہ پر ملنے لگے۔ حضرت علی رض نے پوچھا حضور! آج آپ نے میرے ساتھ جو کچھ کیا۔ وہ اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا۔ آپ نے فرمایا۔ ایسا کرنے سے مجھے کوئی چیز کیسے روکتی۔ حالانکہ تم وہ ہو کہ میرا پیغام لوگوں تک پہنچاؤ گے۔ اور میری آواز ان کو سناؤ گے۔ اور ان کے مابین اختلاف کو واضح کرو گے۔ اس روایت جیسی روایت جابر جعفی نے ابو الطفیل کی سند سے حضرت انس رض سے ذکر کی ہے۔

**نوٹ:**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مذکورہ کلام علی المرتضیٰ کے خلیفہ بلافصل ہونے کی ایک دلیل ہے۔ اور یہی عقیدہ اہل تشیع کا ہے۔ اسی لیے،

marfat.com

Marfat.com

خاتم الوصیین کا لقب بھی انہیں عطا کیا گیا۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قرضہ جات اور آپ کے پاس رکھی گئی امانتوں اور وعدوں کا ایفاء یہ سب حضرت علی المرتضٰے کی ذمہ داری بنتی تھی۔ لیکن ان پر عمل ابوبکر صدیق نے کیا۔ لہٰذا وہ وصیت مصطفٰے کے پورا کرنے والے ٹھہرے۔

سلیمان بن ابراہیم صاحب ینابیع المودۃ نے ایک روایت اپنی کتاب میں درج کر کے اسے حافظ ابونعیم کی طرف منسوب کرتے ہوئے لکھا ہے: حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مجھے شب معراج آسمانوں کی طرف اٹھایا گیا۔ تو آسمان پر تمام پیغمبر جمع تھے۔ جب میں ان کے پاس پہنچا۔ تو وحی آئی۔ اے محمد! ان سے ان کی بعثت کا مقصد پوچھئے۔ انہوں نے جواب دیا۔ خدا کی وحدانیت کی گواہی، آپ کی نبوت کا اقرار اور حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی ولایت کو ماننا یہ ہماری بعثت کا مقصد ہے۔ (ینابیع المودۃ ص ۲۳۸)

حضرات انبیائے کرام سے حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کی امامت و ولایت کا اقرار لیا جانا کس سُنی کا عقیدہ ہے۔؟ اگر حافظ ابونعیم سُنی تھا۔ تو اس مضمون کی روایت کیوں کی۔؟ اور پھر اسے شیر مادر سمجھتے ہوئے سلیمان بن ابراہیم نے اسے ینابیع المودۃ میں کیوں ذکر کیا؟

## حلیۃ الاولیاء:

عَنْ اَبِیْ بَرْزَہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰہَ عَہِدَ اِلَیَّ عَہْدًا فِیْ عَلِیٍّ فَقُلْتُ یَا رَبِّ بَیِّنْہُ لِیْ فَقَالَ اسْمَعْ فَقُلْتُ سَمِعْتُ فَقَالَ اِنَّ عَلِیًّا رَایَۃُ الْہُدٰی وَ اِمَامُ اَوْلِیَائِیْ

marfat.com

Marfat.com

وَ نُوْرُ مَنْ اَطَاعَنِیْ۔

(حلیۃ الاولیاء جلد اوّل صفحہ ۶۶ تا ۶۷ مطبوعہ

بیروت)

**ترجمہ:** ابی برزہ روایت کرتے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھ سے علی المرتضیٰ رض کے بارے میں ایک عہد لیا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا۔ اے رب! وہ عہد بیان فرما دو۔ فرمایا۔ سنو۔ میں نے کہا سنتا ہوں۔ تو کہا بے شک علی المرتضیٰ رض ہدایت کا جھنڈا۔ میرے اولیاء کا امام اور میری اطاعت کا نور ہے۔

اس عبارت سے بھی شیعی نظریات ٹپک رہے ہیں۔ پیغمبر آخرالزمان سے حضرت علی المرتضیٰ رض کے بارے میں عہد لیا جا رہا ہے۔ شائد اسی عہد کے پیش نظر مناقب ابن شہر آشوب نے لکھا ''اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اگر تم نے اے محمد! علی المرتضیٰ کی ولایت کا اعلان نہ کیا۔ تو میں آپ کو عذاب دوں گا۔

اب دوسرا طریقہ اپناتے ہوئے ہم ابونعیم کے متعلق کتب شیعہ سے چند حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔ جن میں شیعہ اکابر و محققین نے بالتصریح یہ لکھا ہے کہ حافظ ابونعیم ہمارا آدمی ہے۔ اور اس کی شیعیت پختہ ہے۔ حوالہ ملاحظہ ہو۔

marfat.com

Marfat.com

# محدث ابونعیم ملاّں باقر مجلسی شیعہ کا جد اعلیٰ ہے اور خاندان مجلسی میں ابونعیم کا تشیع متوارث ہے

## منقول ہے ــــ شیعہ علماء

## الذریعہ

تاریخ اصفہان للحافظ ابی نعیم احمد بن عبد اللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران الاصفہانی المولود (۳۳۶ اور ۳۳۴) والمتوفی سنہ کَمَا اَرَّخَہٗ ابْنُ خَلْکَانَ وَقَبْرُہٗ فِی الْاَصْفَہَانِ فی (آب بخشان) قَالَ فِیْ مَعَالِمِ الْعُلَمَاءِ اِنَّہٗ عَامِیٌّ اِلَّا اَنَّ لَہٗ مَنْقَبَۃُ الْمُطَہِّرِیْنَ وَمَرْتَبَۃُ الطیبین وَمَا نَزَلَ مِنَ الْقُرْاٰنِ فِیْ اَمِیْرِ المومنین علیہ السلام وعن الشیخ البہائی انہ اَوْرَدَ فِیْ (حِلْیَتِہٖ) مَا یَدُلُّ عَلٰی خُلُوْصِ وِلَایَۃٖ وَھُوَ الْجَدُّ الْاَعْلٰی لِلْعَلَّامَۃِ الْمَجْلِسِیْ وَحُکِیَ فِیْ (الرَّوْضَاتِ) عَنِ الْاَمِیْرِ محمد حسین الخواتون ابادی اَلْجَزْمُ بِتَشَیُّعِہٖ نَقْلًا عَنْ اٰبَائِہٖ عَنْہُ ۔

marfat.com
Marfat.com

(الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد سوم ص ۲۳۲
مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:**

"تاریخ اصفہان" ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی کی تصنیف ہے اس کا سن پیدائش ۳۳۶ یا ۳۴۲ ہے۔ اور ۴۳۰ھ میں انتقال ہوا۔ یہ تاریخ ابن خلکان کی تحقیق کے مطابق ہے۔ اصفہان میں مقام آب بخشان میں اس کی قبر ہے۔ معالم العلماء میں ہے۔ کہ ابو نعیم ایک عام سُنّی مصنف ہے۔ مگر اہل بیت مطہرین کی منقبت و مرتبہ میں دو تصانیف بنام منقبۃ المطہرین، مرتبۃ الطیبین ہیں۔ اس نے قرآن کریم کی وہ آیات بھی اکٹھی کی ہیں۔ جو حضرت علی المرتضےٰ کی شان میں نازل ہوئیں۔ شیخ بہائی کا کہنا ہے۔ کہ ابو نعیم نے اپنی کتاب حلیۃ الاولیاء میں ایسی باتیں درج کیں ہیں۔ جو اس کی اہل بیت سے محبت پر دلالت کرتی ہیں۔ ابو نعیم مذکور علامہ مجلسی کا دادا ہے۔ اور "روضات" میں امیر محمد حسین خواتون آبادی سے حکایت کی گئی ہے۔ کہ ابو نعیم یقیناً اہل تشیع میں سے ہے۔ اس کا کٹر شیعہ ہونا اس کے آباؤ اجداد سے منقول ہے۔

## اعیان الشیعہ:

عَنْ رِیَاضِ الْعُلَمَاءِ اَنَّ اَبَا نعیم ھذا المعروف
اَنَّہٗ کَانَ مِنْ مُحَدِّثِیْ عُلَمَاءِ اَھْلِ السُّنَّۃِ
وَلٰکِنَّ سَمَاعِیْ مِنَ الْاُسْتَاذِ مُحَمَّد باقر
مجلسی اَنَّ الظَّاھِرَ کَوْنَہٗ مِنْ عُلَمَاءِ

marfat.com
Marfat.com

اَصْحَابِنَا وَ فِیْ رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ فِیْ بَعْضِ فَوَائِدِ
سَیِّدِ نَا الامیر محمد حسین خاتون آبادی
سِبْطِ الْعَلَّامَةِ محمد باقر المجلسی قَالَ وَ
مِمَّنْ اَطَّلَعْتَ عَلٰی تَشَیُّعِهٖ مِنْ مَشَاهِیْرِ عُلَمَاءِ
اَهْلِ السُّنَّةِ هُوَ الْحَافِظُ اَبُوْ نعیم المحدث
باصبهان صاحب کتاب حِلْیَةِ الْاَوْلِیَاءِ وَهُوَ
مِنْ اَجْدَادِ جَدِّیْ العلامة ضَاعَفَ اللهُ اَنْعَامَهٗ
وَ قَدْ نَقَلَ جَدِّیْ تَشَیُّعَهٗ عَنْ وَالِدِهٖ
عَنْ اَبِیْهِ حَتّٰی اِنْتَهٰی اِلَیْهِ اِلٰی اَنْ قَالَ وَ
لِذَا تَرٰی کِتَابَهُ الْمُسَمّٰی بِحِلْیَةِ الْاَوْلِیَاءِ
یَحْتَوِیْ عَلٰی اَحَادِیْثِ مَنَاقِبِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ
علیه السلام مِمَّا لَا یُوْجَدُ فِیْ سَائِرِ الْکُتُبِ
وَ لَمَّا کَانَ الْمَوْلَدُ اَعْرَفُ بِمَذْهَبِ الْوَالِدِ
مِنْ کُلِّ اَحَدٍ لَمْ یَبْقَ شَکٌّ فِیْ تَشَیُّعِهٖ
وَعَنِ الْمَوْلٰی نِظَامِ الدین القرشی مِنْ تَلَامِذَةِ
الشیخ البهائی اَنَّهٗ ذَکَرَهٗ فِیْ القسم الثانی
مِنْ کِتَابِ رِجَالِهٖ نِظَامُ الْاَقْوَالِ وَقَالَ
رَاَیْتُ قَبْرَهٗ فِیْ اِصْبِهَانَ مَکْتُوْبًا عَلَیْهِ
قَالَ رَسُوْلُ الله صلی الله علیه وسلم مَکْتُوْبٌ
عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِیْکَ لَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَبْدِیْ

marfat.com
Marfat.com

وَرَسُوْلِیْ وَاٰیَدْتُہٗ بِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَوَاہُ الشَّیْخُ الْمُؤْمِنَ الْحَافِظُ الثِّقَۃُ الْعَدْلُ اَبُوْ نعیم الخ۔ (اعیان الشیعہ جلد سوم ص ۷ مطبوعہ بیروت طبع جدید) تذکرہ ابونعیم

**ترجمہ**: ریاض العلماء سے منقول ہے۔ کہ ابونعیم صاحب حلیۃ الاولیاء اہل سنت کے محدثین میں سے تھا۔ لیکن میں نے جو اپنے استاد محمد باقر مجلسی سے سن رکھا ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ ابونعیم ہمارے علماء میں سے تھا۔ اور روضات الجنات میں امیر محمد حسین خاتون آبادی جو کہ ملا باقر مجلسی کا نواسہ ہے۔ نے کچھ فوائد ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے۔ اہل سنت کے مشہور علماء میں سے جن کے شیعہ ہونے پر مجھے اطلاع ہوئی۔ ان میں سے ایک حافظ ابونعیم محدث اصبہانی ہے جن کی تصنیف حلیۃ الاولیاء ہے۔ ابونعیم مذکور میرے دادا کے اجداد میں سے ہیں۔ میرے دادا نے اِن کا شیعہ ہونا اپنے والد اور والد کے والد سے نقل کیا ہے۔ یہاں تک کہ وہ ابونعیم تک تمام کو شیعہ میں سے کہہ گئے۔ پھر کہا۔ کہ یہی وجہ ہے۔ کہ ان کی تصنیف حلیۃ الاولیاء میں ایسی احادیث پاتے ہو۔ جو حضرت علی المرتضیٰ کی منقبت میں ہیں یہ احادیث تمہیں دوسرے کسی مصنف کی کتاب میں نہ ملیں گی۔

جب بیٹا اپنے والد کے مذہب کو سب سے زیادہ بہتر جانتا ہے۔ تو پھر ابونعیم کے شیعہ ہونے میں قطعاً شک نہ رہا۔ نظام الدین قرشی جو کہ شیخ بہائی کے شاگردوں میں سے ہے۔ اس سے منقول ہے۔ کہ میں نے ابونعیم کی اصبہان میں قبر دیکھی۔ اس پر یہ عبارت

marfat.com

Marfat.com

درج تھی، "حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ ساقِ عرش پر لکھا ہوا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ لاشریک ہے۔ محمد بن عبداللہ میرے بندے اور رسول ہیں۔ اور میں نے علی المرتضیٰ رض کے ذریعہ ان کی تائید کی"، اسے شیخ حافظ ابو نعیم نے روایت کیا ہے۔ الخ۔

## ابو نعیم کی قبر پر آج بھی شیعوں والا کلمہ لکھا ہوا ہے۔

**الکنی والالقاب:**

ابو نعیم الاصبہانی مصغرًا الحافظ احمد بن عبد اللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران الاصبہانی من اَعْلَامِ الْمُحَدِّثِیْنَ وَالرُّوَاۃِ وَاَکَابِرِ الْحُفَّاظِ وَالثِّقَاتِ اَخَذَ عَنِ الْاَفَاضِلِ وَاَخَذُوْا عَنْہُ لَہٗ کِتَابُ حِلْیَۃِ الْاَوْلِیَاءِ وَھُوَ مِنْ اَحْسَنِ الْکُتُبِ کَمَا ذَکَرَہٗ ابْنُ خَلْکَانَ وَھُوَ کِتَابٌ مَعْرُوْفٌ بَیْنَ اَصْحَابِنَا یَنْقُلُوْنَ عَنْہُ اَخْبَارَ الْمَنَاقِبِ وَلَہٗ اَیْضًا کِتَابُ الْاَرْبَعِیْنَ مِنَ الْاَحَادِیْثِ الَّتِیْ جَمَعَھَا فِیْ اَمْرِ الْمَھْدِیِّ رع وَلَہٗ تَارِیْخُ اِصْبَھَان وَعَنِ الْمَوْلٰی نظام الدین القرشی تِلْمِیْذِ شَیْخِنَا البہائی اَنَّہٗ ذَکَرَ ھٰذَا الرَّجُلَ

marfat.com
Marfat.com

فِی الْقِسْمِ الثَّانِیْ مِنْ کِتَابِ رِجَالِہٖ الْمُسَمّٰی بِنِظَامِ الْاَقْوَالِ قَالَ وَ رَاَیْتُ قَبْرَہٗ فِیْ اِصْبَہَانَ وَ کَانَ مَکْتُوْبًا عَلَیْہِ قَالَ (ص) مَکْتُوْبٌ عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِیْ وَ رَسُوْلِیْ اَیَّدْتُہٗ بِعَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَوَاہُ الشَّیْخُ الْحَافِظُ الْمُؤْمِنُ الثِّقَۃُ الْعَدْلُ اَبُوْ نُعَیْمٍ الخ

(کتاب الکنیٰ والالقاب جلد اول ص ۱۶۵ تا ۱۶۶ مطبوعہ تہران طبع جدید) تذکرہ ابو نعیم

**ترجمہ:** ابو نعیم اصبہانی حافظ احمد بن عبداللہ بن احمد اکابر محدثین اور راویوں میں سے ہوا۔ اور بہت بڑا حافظ الحدیث اور ثقہ آدمی تھا اپنے دور کے فاضل علماء سے علم پڑھا۔ اور پھر اس سے پڑھنے والے بھی فاضل ہی ہوئے۔ اس کی ایک تصنیف حلیۃ الاولیاء نامی ہے۔ ابن خلکان نے اس کو بہترین تصنیف کہا ہے۔ یہ کتاب ہم اہل تشیع کے علماء میں معروف و مشہور ہے۔ وہ مناقب کی روایات اسی سے نقل کرتے ہیں۔ ابو نعیم کی ایک اور تصنیف کتاب الاربعین ہے۔ جس میں امام مہدی کے متعلق احادیث کو اس نے جمع کیا ہے تاریخ اصبہان بھی اسی کی تصنیف ہے۔ مولوی نظام الدین شاگرد شیخ بہائی نے ابو نعیم کو کتاب نظام الاقوال میں دوسری قسم کے لوگوں میں درج کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ میں نے اصبہان میں اس کی قبر کو دیکھا۔ اس پر یہ عبارت درج تھی: "حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

marfat.com

Marfat.com

فرمایا۔ ساقِ عرش پر یہ کلمہ تحریر ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ لا شریک ہے۔ محمد بن عبداللہ میرے بندے اور رسول ہیں۔ علی المرتضیٰ کے ذریعہ میں نے ان کی تائید کی،، یہ روایت حافظ مومن شیخ ابو نعیم سے ذکر کی ہے۔

## لمحہ فکریہ:

کچھ لوگوں نے حافظ ابو نعیم اصفہانی کو سنی علماء میں شمار کیا۔ اور پھر اس کے فضائل اور مناقب بھی ذکر کیے۔ بات دراصل یہ ہے۔ کہ سنیوں میں چونکہ "تقیہ،، منافقت نہیں ہے۔ اس لیے نہ خود کرتے ہیں۔ اور نہ کسی میں بغیر دلیل اس کو ثابت کرتے ہیں۔ علماء اہل سنت نے ابو نعیم کی کتب کو دیکھا۔ ان میں بظاہر کوئی ایسی بات جو اہل تشیع اور اہل سنت کے مابین فرق کرنے والی ہو۔ نظر نہ آئی۔ اور نہ ہی صحابہ کرام پر تبرہ بازی کی گئی ہو۔ اس بنا پر انہوں نے اسے اپنا سمجھا۔ اس کے برعکس شیعہ مسلک میں "تقیہ،، کے بغیر آدمی بے دین ہوتا ہے۔ لا دین لمن لا تقیۃ لہ۔ اس لیے انہوں نے تقیہ باز شیعہ علماء اور کھرے سنیوں کے مابین فرق کیا۔ اور تحقیق کے ساتھ دونوں کی نشاندہی کی۔ اس لیے جب اہل تشیع کو کوئی ایسی عبارت جو ان کے مقصد و معتقدات کے مطابق ہو نظر آئی۔ تو اس کے قائل کو اپنا کہا۔ اور اہل سنت کی روش پر اس کا چلنا اسے بطور تقیہ قرار دیا۔ اس حقیقت کے پیش نظر حافظ ابو نعیم کو شیعہ محققین و علماء نے صاف صاف لکھا۔ کہ یہ دراصل ہمارا آدمی ہے۔ محض تقیہ کی بنا پر سنی بنا ہوا تھا۔ اور بظاہر سنیوں نے اسے سنی ہی کہا۔ اور یہ دھوکہ کچھ شیعہ لوگوں کو بھی ہو گیا۔ اس دھوکہ سے آگاہ کرنے کے لیے ملا باقر مجلسی کے حوالے سے اس کے نواسے نے ابو نعیم کے جدی پشتی شیعہ ہونے کی دلیل پیش کی۔ اور حلیۃ الاولیاء کتاب کو بھی بطور سند پیش کیا

marfat.com

Marfat.com

# حافظ ابونعیم کے تشیع پر اس کی اپنی عبارت کی گواہی

عبارت نمبر (۱) حلیۃ الاولیاء

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَیْمُوْنَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَیَّاشٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حُصَیْرَہ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ جُنْدُبٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَنَس اُسْکُبْ لِیْ وَضُوْعًا، ثُمَّ قَامَ وَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ قَالَ یَا اَنَس اَوَّلُ مَنْ یَدْخُلُ عَلَیْکَ مِنْ ھٰذَا الْبَابِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ سَیِّدُ الْمُسْلِمِیْنَ وَ قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَخَاتِمُ الْوَصِیِّیْنَ قَالَ اَنَس قُلْتُ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ وَکَتَمْتُہٗ اِذْ جَاءَ عَلِیٌّ فَقَالَ مَنْ ھٰذَا یَا اَنَس؟ فَقُلْتُ عَلِیٌّ فَقَامَ مُسْتَبْشِرًا فَاعْتَنَقَہٗ ثُمَّ جَعَلَ یَمْسَحُ عِرْقَ وَجْھِہٖ بِوَجْھِہٖ وَیَمْسَحُ عِرْقَ عَلِیٍّ بِوَجْھِہٖ قَالَ عَلِیٌّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَقَدْ رَاَیْتُکَ صَنَعْتَ شَیْئًا مَا صَنَعْتَ بِیْ مِنْ قَبْلُ؟ قَالَ وَمَا یَمْنَعُنِیْ وَاَنْتَ تُؤَدِّیْ عَنِّیْ

marfat.com
Marfat.com

وَتَسْمَعُهُمْ صَوْتِيْ وَتُبَيِّنَ لَهُمْ مَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ بَعْدِيْ) رواہ جابر الجعفی عن ابی الطفیل نحوہ۔

(حلیۃ الاولیاء جلد اوّل صفحہ ۶۳ تا ۶۴)

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس کو فرمایا۔ میرے لیے وضو کا پانی لاؤ۔ آپ نے وضو فرمایا۔ اور دو رکعتیں ادا کیں۔ پھر کہا۔ اے انس! جو شخص اس دروازے سے تم پر سب سے پہلے داخل ہوگا۔ وہ امیر المؤمنین، سید المسلمین، قائد غر المحجلین اور خاتم الوصیین ہوگا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے دل میں کہا۔ اے اللہ! یہ منصب کسی انصاری کو عطا کرنا۔ اچانک علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ آگئے۔ حضور نے پوچھا۔ انس! یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپ بخوشی کھڑے ہوئے اور ان سے معانقہ کیا۔ پھر ان کے چہرہ کا پسینہ اپنے چہرہ پر ملنے لگے۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا پسینہ ان کے چہرے پر بہ رہا تھا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! آج آپ میرے ساتھ کچھ ایسا سلوک کر رہے ہیں۔ جو اس سے قبل دیکھنے میں نہیں آیا۔ اس پر آپ نے فرمایا۔ کیوں نہ کروں کیونکہ تو وہ ہے جو میری طرف سے امانتیں ادا کرے گا۔ میری آواز لوگوں کو سنائے گا۔ اور میرے بعد جس میں لوگ اختلاف کریں گے تم اسے بیان کرو گے۔ ابو طفیل نے جابر جعفی نے بھی ایسا ہی بیان کیا ہے۔

## توضیح:

روایت مذکورہ میں ,, خاتم الوصیین ،، کے لفظ اہل تشیع کے ایک عظیم عقیدہ

marfat.com

Marfat.com

کی ترجمانی کررہے ہیں۔ یہی عقیدہ یہ لوگ اپنی اذان اپنے کلمہ میں ادا کرتے ہیں۔ اور اسی عقیدہ کی بنا پر وہ خلفائے ثلاثہ کی خلافت کو نا جائز اور غاصبانہ فعل گردانتے ہیں۔ گویا اس ایک لفظ سے حافظ ابو نعیم نے شیعیت کی بھرپور ترجمانی کر دی ہے پھر شیعہ لوگ یہ بھی کہتے ہیں۔ کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی جبری بیعت کے وقت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے بہت زیادہ آہ و بکا کی۔ اور روضۂ رسول سے آواز بھی آئی۔ اس آہ و بکا کے واقعہ کا ذکر ابو نعیم نے "فسمعهم صوتي الخ" میں کر کے شیعیت کی ہمنوائی کی۔ علاوہ ازیں روایت مذکورہ کے راوی ابراہیم بن میمون اور حارث ابن حصیرہ کٹر شیعہ ہیں۔

## میزان الاعتدال:

ابراهيم بن محمد بن ميمون من اجلاء الشيعة۔

(میزان الاعتدال جلد اول صفحہ نمبر ۳۰)

ترجمہ: ابراہیم بن محمد بن میمون شیعہ برادری کے بہت بڑے عالم ہیں۔

## میزان الاعتدال:

الحارث بن حصيره الازدى من المحترقين بالكوفة في التشيع وقال ذنيج سألت جرير ارأيت الحارث بن حصيره قال نعم رأيته شيخا كبيرا طويل السكوت يصر على امر عظيم عن الحارث بن حصيره عن زيد بن وهب سمعت عليا يقول انا عبد الله

marfat.com

Marfat.com

وَ اَخُوْهُ وَ رَسُوْلِهٖ لَا یَقُوْلُهَا بَعْدِیْ اِلَّا کَذَّابٌ
وَ قَالَ اَبُوْ حَاتِمِ الرَّازِیْ هُوَ مِنَ الشِّیْعَةِ الْعِتْقِ
(میزان الاعتدال جلد اول صفحہ ۲۰۰) حرف حاء

**ترجمہ:** حارث بن حصیرہ کوفہ کے دل جلے شیعوں میں سے تھا۔ ذیع کہتا ہے میں نے جریر سے پوچھا کیا تو نے حارث بن حصیرہ کو دیکھا ہے۔ کہا ہاں۔ وہ ایک بہت بوڑھا اور بہت زیادہ خاموش آدمی تھا۔ ایک امر عظیم پر اصرار کرتا تھا۔ وہ یہ کہ اس نے علی بن وہب کے واسطہ سے بیان کیا کہ اس نے علی المرتضٰے سے سنا۔ فرماتے تھے۔ میں اللہ کا بندہ اور اس کے رسول کا بھائی ہوں۔ یہ بات میرے بعد وہی کہے گا۔ جو بہت بڑا جھوٹا ہوگا۔ ابو حاتم رازی کے بقول حارث بن حصیرہ پکا شیعوں میں سے تھا۔

قارئین کرام! روایت مذکورہ کے دونوں راوی کٹر شیعہ اور بے لگام ہونے کے ساتھ ساتھ حسد و بغض کے مارے بھی ہیں۔ ان کی روایت کسی اہل سنت کے لیے کب حجت بن سکتی ہے۔؟ اگر ابو نعیم میں ان کی ہم نوائی نہ ہوتی۔ اور وہ کٹر اہل سنت ہوتا۔ تو ایسوں کی روایت ذکر نہ کرتا۔ اور اس روایت میں حضرت علی المرتضٰے کا جو قول پیش کیا گیا۔ وہ حقیقت سے بہت دور ہے۔ جس اعتبار سے علی المرتضٰے رضی حضور کے بھائی ہیں۔ اسی اعتبار سے عبداللہ بن عباس اور فضل بن عباس رضی کا بھی آپ سے یہی رشتہ ہے۔ کیا یہ دونوں اگر اپنے آپ کو رسول اللہ کا بھائی کہیں تو "کذاب" شمار ہوں گے؟ علاوہ ازیں ابو نعیم نے روایت کے آخر میں اسی روایت کا جابر جعفی سے مروی ہونا بیان بھی کیا۔ اور یہ صاحب اپنے پچھلے دو ساتھیوں سے بھی چند قدم آگے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

marfat.com

Marfat.com

## تهذیب التہذیب :۔

وَكَانَ جَابِرٌ كَذَّابًا...... قال الشعبی لجابر یا جابرُ لَا تَمُوْتُ حَتّٰى تَكْذِبَ عَلٰى رَسُوْلِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ قال اَمَّا جُعْفِیُّ فَكَانَ وَاللہِ كَذَّابًا يُؤْمِنُ بِالرَّجْعَةِ۔ وقال ابو یحیی الحمانی عن ابی حنیفہ مَا لَقِيْتُ فِيْمَنْ لَقِيْتُ اَكْذَبَ مِنْ جَابِرِ الجعفی..... وقال یحیی بن یعلی سمعت زائدۃ یقول جابر الجعفی رَافِضِيٌّ يَشْتِمُ اَصْحَابَ النَّبِی صلی اللہ علیہ وسلم۔ قال العجلی كَانَ ضَعِيْفًا يَغْلُوْ فِي التَّشَيُّعِ ....وقال المیمونی قلت لاحمد بن خداش اَكَانَ جَابِرٌ يَكْذِبُ قَالَ اِیْ وَاللہِ..... وقال ابن حبان كَانَ سَبَائِيًّا مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللہ بن سبا، وَكَانَ يَقُوْلُ اِنَّ عَلِيًّا يَرْجِعُ اِلَى الدُّنْيَا۔

(تہذیب التہذیب جلد دوم صفحہ ۴۷ تا ۵۰)

**ترجمہ:** جابر کذاب ہے۔ شعبی نے جابر سے کہا۔ تو اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بہتان نہ باندھ لے۔ کہا۔ کہ جعفی وہ تو خدا کی قسم کذاب تھا۔ اور رجعت پر ایمان رکھتا تھا۔ ابو یحیی الحمانی نے ابی حنیفہ سے بیان کیا۔ کہ میں نے جابر جعفی ایسا کذاب اور کوئی نہیں دیکھا۔ یحیی بن یعلی کا کہنا ہے۔ میں نے زائدۃ سے سنا۔ کہ جابر جعفی رافضی تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کو گالی دیا کرتا تھا۔

marfat.com

Marfat.com

عجلی کا کہنا ہے۔ ضعیف راوی ہے۔ اور تشیع میں غلو کرتا تھا میمونی نے کہا کہ میں نے احمد بن خراش سے پوچھا کیا جابر جھوٹ بولتا تھا انہوں نے کہا خدا کی قسم ہاں۔ ابن حبان نے کہا۔ کہ جابر جعفی عبداللہ بن سبا یہودی کے مذہب کا پیرو تھا۔ اور کہا کرتا تھا۔ کہ علی المرتضٰے دوبارہ دنیا میں آئیں گے۔

## لمحہ فکریہ:

روایت مذکورہ کے جو ذرائع اور واسطے حافظ ابو نعیم نے بیان کیے۔ ان کے رجال کثر شیعہ بلکہ کذاب اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو گالی دینے والے لوگ ہیں۔ اور جابر جعفی تو کھلم کھلا عبداللہ بن سبا کا پرچارک ہے۔ اور رجعت علی المرتضٰے کا قائل ہے۔ جو اہل تشیع کا ایک اور واضح عقیدہ ہے۔ ابو نعیم نے اس روایت کو ذکر کر کے اس پر کوئی تنقید نہ کی۔ اسے کی رضامندی کی دلیل ہے۔ لہذا ابو نعیم کا تشیع واضح ہے۔ اور تقیہ کا خوگر شیعہ ہونا ظاہر ہے۔

## نوٹ:

روایت مذکورہ کے آخری الفاظ "قال لعلی انت تبین لامتی ما اختلفوا من بعدی"، کے متعلق مستدرک میں یہ مذکور ہے۔ قلت بل هو فيما اعتقده من وضع ضرار قال ابن معين كذاب یعنی علامہ ذہبی کہتے ہیں۔ کہ روایت مذکورہ "ضرار"، کی گھڑی ہوئی ہے۔ اور ابن معین نے اسے کذاب کہا ہے۔ لہذا روایت مذکورہ کا آخری حصہ بھی پہلے کی طرح موضوع ہے۔ اگرچہ اول حصہ بالاتفاق موضوع ہے۔

## عبارت نمبر ۲:

قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یا علیّ

marfat.com
Marfat.com

أَخْصِمُكَ بِالنُّبُوَّةِ وَلَا نُبُوَّةَ بَعْدِي وَتَخْصِمُ النَّاسَ
بِسَبْعٍ وَلَا يُحَاجُّكَ فِيهِمَا أَحَدٌ مِّنْ قُرَيْشٍ أَنْتَ
أَوَّلُهُمْ إِيمَانًا بِاللّٰهِ وَأَوْفَاهُمْ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَقْوَمُهُمْ
بِأَمْرِ اللّٰهِ وَأَقْسَمُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ وَأَعْدَلُهُمْ فِي الرَّعِيَّةِ
وَأَبْصَرُهُمْ بِالْقَضِيَّةِ وَأَعْظَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَزِيَّةً

(حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۶۵ تا ۶۶)

ترجمہ:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے علی! میں تیرے ساتھ نبوت کے ساتھ جھگڑا کروں گا۔ اور میرے بعد نبوت نہیں ہے۔ اور تو لوگوں کے ساتھ سات باتوں میں جھگڑا کرے گا۔ اور ان میں کوئی قریشی تیرے ساتھ جھگڑا نہ کرے گا۔ تو اللہ پر ایمان لانے میں، اللہ کا عہد پورا کرنے میں۔ اللہ کا امر قائم کرنے میں ان سب سے پہلے درجہ پر ہے۔ اور ان میں سے برابر تقسیم کرنے، رعیت میں انصاف کرنے، فیصلہ کی حقیقت تک رسائی اور اللہ کے نزدیک مرتبہ میں اعلیٰ و افضل ہے۔

## توضیح:

حدیث مذکورہ میں جملہ "أَخْصِمُكَ بِالنُّبُوَّةِ" کا ظاہر معنی تو یہی ہے کہ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے ساتھ اے علی نبوت کے ساتھ جھگڑا کروں گا۔ اور المنجد وغیرہ میں خصم کا معنی غلبہ بھی کیا گیا ہے۔ اس کے پیش نظر معنی یہ ہو گا کہ میں تجھ پر نبوت غالب آجاؤں گا۔ لیکن "ولا نبوۃ بعدی" کا پھر کوئی محل نظر نہیں آتا۔ راقم الحروف نے اس عبارت کا ترجمہ اور مطلب مولوی اختر علی صدر مدرس جامعۃ المنتظر سے پوچھا۔ تو انہوں نے بھی غلبہ کا معنی لیا۔ اور یہ روایت

marfat.com

Marfat.com

کا مطلب کچھ یوں بیان کیا۔ اے علی! بالفرض اگر تو میرے ساتھ نبوت میں جھگڑا کرے تو میں غالب آجاؤں گا۔ لیکن اہل علم بخوبی جانتے ہیں۔ کہ اس قسم کا مفروضہ شان نبوت کے بھی خلاف ہے۔ اور حضرت علی المرتضٰی کی مخاصمت بھی وہم کفر سے خالی نہیں حقیقت یہ بھی ہے۔ کہ علی المرتضٰی کا درجہ اہل تشیع کے ہاں انبیاء کرام سے بڑا ہے۔ بلکہ بقیہ ائمہ اہل بیت کا مرتبہ بھی حضرات انبیاء کرام سے ارفع و اعلیٰ ہے۔ اس عقیدہ کے پیش نظر مذکورہ روایت کا مفہوم یہ ہوگا۔ کہ علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نبوۃ میں مخاصمت کریں گے۔ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان پر غالب رہیں گے۔ اور سات باتوں میں حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ تمام بقیہ انسانوں پر غالب ہیں۔ جبکہ اہل تشیع حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ میں کچھ ایسی خصوصیات کے معتقد ہیں۔ جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی حاصل نہیں۔ تو پھر حضور سے ان کی مخاصمت کی وجہ بنتی ہے۔ عقائد جعفریہ جلد اول میں کتب شیعہ سے حوالہ جات کے ذریعہ ہم ان خصوصیات کے متعلق تفصیلی بحث کر چکے ہیں۔

بالجملہ مذکورہ عبارت ابونعیم کے تشیع کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اور اس روایت کے آخر میں "اعظمهم عند الله مزية" بھی شیعیت کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ کیونکہ علی المرتضٰی کا تمام انسانوں سے افضل ہونا جن میں انبیائے کرام بھی شامل ہوں۔ یہ اگرچہ اہل تشیع کا عقیدہ ہے۔ لیکن اہل سنت کے نزدیک یہ کفریہ عقیدہ ہے۔ اور اگر اس عظمت و افضلیت سے مراد حضور کے صحابہ کرام سے ہے۔ تو بھی اہل سنت کے معتقدات کے خلاف ہے کیونکہ ہمارے عقیدہ کے مطابق صحابہ کرام میں افضلیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حاصل ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا۔ کہ روایت مذکورہ سے ابونعیم کے تشیع کا ثبوت ملتا ہے۔ علاوہ ازیں اس روایت کا واضع بشار بن ابراہیم کذاب اور

marfat.com
Marfat.com

امامی شیعہ ہے جس کا مختصر تعارف یہ ہے۔

## میزان الاعتدال:

بشار بن ابراهيم۔ قال العقيلى يروى عن الاوزاعى مَوْضُوْعَاتٍ وقال ابن عدى هُوَ عِنْدِى مِمَّنْ يَضَعُ الْحَدِيْثَ وقال ابن حبان كَانَ يَضَعُ الْحَدِيْث عَلَى الثقات وَ وَضَعَ نَحْوَهُ خالد بن اسماعيل اَنْبَانَا مالك عن حميد عن انس۔ مطين حدثنا خالد ابن خلد العبدى حدثنا بشر بن ابراهيم الانصارى عن ثور عن خالد بن معدان عن معاذ مرفوعا يَا عَلِيُّ اَنَا اَخْصِمُكَ بِالنُّبُوَّةِ وَلَا نُبُوَّةَ بَعْدِى وَتَخْصِمُ النَّاسَ بِسَبْعٍ اَنْتَ اَقْوَلُهُمْ اِيْمَانًا وَاَفْهَمُهُمْ بِعَهْدٍ وَاَقْوَمُهُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ وَاَقْسَمُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ وَعْدِلُهُمْ وَاَبْصَرُهُمْ بِالْقَضَاءِ وَاَعْظَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَزِيَّةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

(میزان الاعتدال جلد اول ص ۱۴۵، ۱۴۶)

**ترجمہ:**

بشار بن ابراہیم کے متعلق عقیلی نے کہا۔ کہ یہ امام اوزاعی سے من گھڑت روائتیں بیان کرتا تھا۔ ابن عدی نے اسے من گھڑت احادیث والا بتایا۔ ابن حبان نے کہا۔ کہ یہ ثقہ لوگوں پر من گھڑت احادیث لگاتا تھا۔ ان موضوع روایات میں

marfat.com

Marfat.com

سے ایک یہ بھی ہے۔ جو خالد بن اسماعیل کی سند سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً اس نے ذکر کی جس میں مذکور ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو فرمایا۔ میں تیرے ساتھ نبوت کے ساتھ جھگڑوں گا۔ الخ

## تنقیح المقال:

لم اقف فیہ الا علی عد الشیخ رحمہ ایاہ فی رجالہ بالعنوان المذکور من اصحاب الباقر علیہ السلام ظاہرہ کونہ امامیا الا ان حالہ مجہول۔

(تنقیح المقال جلد اول ص ۱۶۹)

**ترجمہ:** میں بشار کے متعلق صرف اتنا جانتا ہوں۔ کہ شیخ نے اسے اپنے رجال میں شمار کیا ہے۔ اور وہ امام باقر کے اصحاب سے ہے۔ لہذا اس کا امامی ہونا ظاہر ہے۔ لیکن اس کے تفصیلی حالات معلوم نہیں ہو سکے۔

## لمحۂ فکریہ:

روایت مذکورہ کو صاحب میزان الاعتدال نے بشار کی خود ساختہ ذکر کیا اور بشار کا یہ معمول ظاہر و باہر ہے۔ کہ ثقہ لوگوں کے نام پر حدیث گھڑ کر لوگوں کو بتایا کرتا تھا۔ عبداللہ مامقانی صاحب تنقیح المقال نے اس قدر تو تسلیم کیا۔ کہ امامی شیعہ ہے۔ اگرچہ اس کی تفصیل سے لاعلمی کا اظہار کیا۔ بہرحال امام باقر رضی اللہ عنہ کے اصحاب میں سے ہے۔ لہذا ابو نعیم کا ایسے کذاب اور رافضی اور وضاع الحدیث کی روایت کو تنقید و جرح کے بغیر اپنی کتاب میں ذکر کر دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ ابو نعیم کا نظریاتی طور پر اس سے اتفاق ہے۔ اس لیے ابو نعیم کا شمار اہل سنت

marfat.com
Marfat.com

علماء میں ہرگز نہیں کیا جا سکتا۔ اور نہ ہی اس کی عبارات اہل سنت کی عبارات کہلانے کی مستحق ہیں۔

## عبارت نمبر(۳)؛

حدثنا محمد ابن المظفر ثنا محمد ابن جعفر بن عبد الرحیم حدثنا احمد بن محمد بن یزید بن سلیم ثنا عبد الرحمٰن بن عمران ابن لیلی اخو محمد بن عمران ثنا یعقوب بن موسیٰ الهاشمی عن ابن ابی رواد عن اسماعیل بن امیہ عن عکرمہ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّحْیٰی حَیَاتِیْ وَیَمُوْتَ مَمَاتِیْ وَیَسْکُنَ جَنَّۃَ عَدْنٍ غَرَسَهَا رَبِّیْ فَلْیُوَالِ عَلِیًّا مِنْ بَعْدِیْ وَلْیُوَالِ وَلِیَّہٗ وَلْیَقْتَدِ بِالْاَئِمَّۃِ مِنْ بَعْدِیْ فَاِنَّهُمْ عِتْرَتِیْ خُلِقُوْا مِنْ طِیْنَتِیْ رُزِقُوْا فَهْمًا وَعِلْمًا وَیْلٌ لِلْمُکَذِّبِیْنَ بِفَضْلِهِمْ مِنْ اُمَّتِیْ الْقَاطِعِیْنَ فِیْهِمْ صِلَتِیْ لَا اَنَالَهُمُ اللہُ شَفَاعَتِیْ (حلیۃ الاولیاء ص ۸۶ جلد ۱)

ترجمہ:۔ محمد بن مظفر اپنے واسطوں سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو خوشی سے یہ چاہتا ہو کہ میری زندگی جیئے، میری موت مرے اور جنت عدن میں سکونت رکھے۔ جسے میرے

marfat.com

Marfat.com

رب نے تیار کیا ہے تو اسے چاہیے کہ میرے بعد علی المرتضیٰ سے
محبت کرے۔ اور اس کے ولی سے محبت کرے۔
میرے بعد ائمہ کی اقتدار کرے۔ کیونکہ وہ میری عترت ہیں میرے
خمیر سے پیدا کیے گئے اور وافر فہم وعلم کے مالک ہیں۔ اور جو لوگ ان
کے فضل کی تکذیب کرنے والے ہیں۔ ان کے لیے بربادی ہے
اور جو ان میں میری صلہ رحمی کاٹنے والے ہیں ان کے لیے بھی بربادی
اور ان کو اللہ تعالیٰ میری شفاعت سے محروم رکھے گا۔

## توضیح:

حافظ ابو نعیم نے اس روایت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور ائمہ اہل بیت سے دوستی اور محبت رکھنے کا جو ذکر کیا۔ اسے اہل تشیع بڑے طمطراق سے بیان کرتے ہیں۔ کیونکہ ان حضرات کی افضلیت کے منکر کو آپ کی شفاعت سے محرومی کی وعید دی گئی۔ اور اس کے برخلاف محب علی وائمہ اہل بیت کے لیے بہت سے اخروی مدارج ومقامات بیان کیے گئے ہیں۔ اہل تشیع کی کتب میں لکھا ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو قبل از وقت آگاہ کر دیا تھا۔ کہ میرے وصال کے بعد لوگ میری جانشینی میں جھگڑیں گے۔ لہٰذا تم علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے موالات کا مظاہرہ کرنا۔ اور مخالفین کا ساتھ نہ دینا۔ اور خلافت بلافصل، علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لیے سمجھنا۔ اور پھر جب علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اس دار فانی سے تشریف لے جائیں۔ تو ان کی اولاد کو ہی افضلیت کا مستحق سمجھنا۔ ان کی ہی اقتداء کرنا۔ اور یہی کچھ حافظ ابو نعیم بھی دبی زبان سے کہہ رہا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ کہ اہل سنت جن کو خلیفہ اول، دوم، سوم تسلیم کرتے ہیں۔ یہ دراصل علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی فضیلت کے جھٹلانے والے ہیں۔ اور حضور کی صلہ رحمی کا خیال نہ رکھنے والے ہیں۔ اور آپ کی شفاعت سے

marfat.com
Marfat.com

محروم ہیں۔ اس لیے یہ لوگ غاصب، ظالم اور باغی قرار پائے (معاذ اللہ) بہر حال حافظ ابو نعیم کو ان عبارات کی روشنی میں کوئی بھی اہل سنت تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ لہذا ان کی عبارات ہم اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتیں۔ کیونکہ ان کا تشیع ظاہر اور تقیہ مخفی ہے۔ علاوہ ازیں روایت مذکورہ کے سب سے پہلے راوی محمد بن مظفر کے متعلق علامہ ذہبی فرماتے ہیں۔

## میزان الاعتدال:

اِنَّ اَبَا الْوَلِيْدَ قَالَ فِيْهِ تَشَيُّعٌ ظَاهِرٌ۔ یعنی ابو الولید نے کہا۔ کہ محمد بن مظفر میں تشیع بالکل واضح ہے۔

(میزان الاعتدال جلد سوم ص ۱۳۸)

اسی طرح ایک اور راوی عبد الرحمن بن عمران ہے۔ اس کے بارے میں صاحب تنقیح المقال رقمطراز ہے۔

## تنقیح المقال:

وَالْاِسْنَادُ جَمَاعَةٍ عَنْ اَبِى الْمُفَضَّلِ عَنْ حُمَيْدٍ وَظَاهِرُهُمَا كَوْنُهُ اِمَامِيًّا۔

(تنقیح المقال جلد دوم ص ۱۴۶) من ابواب العین)

ترجمہ: جماعت کا اسناد ابی مفضل سے کہ حمید سے مروی ہے اور ظاہر دونوں سے یہ ہے کہ وہ امامی ہے۔

قارئین کرام! خلافت بلافصل اور امامت ائمہ اہل بیت کا عقیدہ جو اہل تشیع کا معروف و مشہور عقیدہ ہے۔ حافظ ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں اسے بیان کیا۔ اور پھر اس کے دو راوی خود شیعہ امامی ہیں۔ ان کی روایت کردہ حدیث پر کوئی اعتراض یا جرح نہیں کی۔ اب ایسے شخص کو غلام حسین نجفی وغیرہ وہ اہل سنت کا بڑا عالم

marfat.com

Marfat.com

لہٰذا اس کے حوالہ جات پیش کریں۔ اور پھر انہیں ہمارے خلاف بطورِ حجت بیان کریں اس کو کون ذی ہوش تسلیم کرے گا۔ اسی عبارت کو سامنے رکھ کر غلام حسین نجفی نے حافظ ابونعیم کے بقول یہ ثابت کرنے کی ناپاک کوشش کی۔ کہ معاذاللہ خلفائے ثلاثہ کو ہم شیعہ ہی غاصب ظالم نہیں کہتے بلکہ سنیوں کا ایک بہت بڑا عالم بھی یہی کہہ رہا ہے۔ جب ابونعیم میں خود تشیع بھرا پڑا ہے۔ تو پھر اس کی عبارات سے اہل سنت پر حجت قائم کرنا کس طرح درست قرار دیا جا سکتا ہے۔

## عبارت ۲: ینابیع المودۃ:

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لَمَّا اُسْرِیَ بِیْ فِیْ لَیْلَۃِ الْمِعْرَاجِ فَاجْتَمَعَ عَلَیَّ الْاَنْبِیَاءُ فِی السَّمَاءِ فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلَیَّ یَا مُحَمَّدُ بِمَاذَا بُعِثْتُمْ فَقَالُوْا بُعِثْنَا عَلٰی شَہَادَۃِ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ وَعَلَی الْاِقْرَارِ بِنُبُوَّتِکَ وَالْوِلَایَۃِ لِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ - رواہ الحافظ ابونعیم (ینابیع المودۃ صفحہ نمبر ۲۳۸) تذکرہ فضائل اہل بیت

**ترجمہ:**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب مجھے معراج کی رات سیر کرائی گئی۔ تو میرے پاس انبیاء کرام جمع ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی۔ اے محمد! کس کے ساتھ تمہیں مبعوث کیا گیا۔ سب انبیاء کرام بولے۔ ہمیں لا الٰہ الا اللہ وحدہ کی گواہی دینے کے ساتھ بھیجا گیا۔ اور حضور کی نبوت کے اقرار پر اور علی بن ابی طالب کی

marfat.com
Marfat.com

ولائیت کے اقرار پر بھیجا گیا۔

## لمحہ فکریہ:

مذکورہ عبارت حافظ ابونعیم نے سلیمان بن ابراہیم سے نقل کی۔ اس میں عقائد شیعہ کی صراحۃً ترجمانی کی گئی ہے۔ کیونکہ اہل تشیع کی کتب میں موجود ہے۔ کہ انبیائے کرام کی تشریف آوری تین باتوں پر موقوف تھی۔ توحید باری تعالیٰ، رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ولائیت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔ اور یہ عقیدہ کسی سنی کا ہرگز نہیں۔ نہ ہوا اور نہ ہی ہو سکتا ہے۔ اس عبارت سے بھی حافظ ابونعیم میں تشیع کے پائے جانے کا اظہار ہو رہا ہے۔

# آخری گزارش

حافظ ابونعیم کے بارے میں اہل سنت کی کتب اسماء الرجال میں کوئی جرح نہیں کی گئی۔ جس کی وجہ سے بعض لوگوں نے یہ سمجھا۔ کہ حافظ ابونعیم واقعی صحیح العقیدہ سنی ہیں۔ اور ان میں رفض و شیعیت نام تک کے بھی نہیں۔ لہٰذا جو لوگ ان پر تشیع کا الزام دھرتے ہیں۔ یہ درست نہیں۔

حقیقت یہ ہے۔ کہ اگرچہ ہماری کتب اسماء الرجال میں واقعی ان پر جرح نہیں کی لیکن خود شیعہ کتب میں انہیں بہترین تقیہ باز شیعہ کہا ہے۔ اور ان کے اس قول کی تائید خود حافظ ابونعیم کی کتب کی عبارات بھی کرتی ہیں۔ جن میں سے چند بطور نمونہ ہم نے ذکر کیں۔ اس سے واضح ہوتا ہے۔ کہ ان میں تشیع بہر حال موجود تھا۔ اس لیے ان کی تصنیفات کے حوالہ جات کو "اہل سنت کی معتبر کتاب" کے عنوان سے پیش کرنا ہمارے خلاف کوئی حجت بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ ٹھیک ہے حافظ ابونعیم نے کچھ صحابہ کی بھی تعریف لکھی ہے

marfat.com

Marfat.com

لیکن اس سے ان کا تشیع ختم نہیں ہو جاتا۔ کیونکہ بہت سے ایسے لوگ ہیں۔ جو خلفائے ثلاثہ پر بعن طعن نہیں کرتے لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ رافضیوں کے غلط نظریات کی تردید کرنے کے لیے بھی تیار نہیں۔ مختصر یہ کہ حافظ ابو نعیم اگرچہ بظاہر اہل سنت کا فرد ہے۔ لیکن اس کی وہ عبارات جن میں تشیع ہے۔ وہ ہم پر ہرگز حجت نہیں۔

اسی طرح صاحب اعیان الشیعہ نے ابو نعیم کے شیعہ ہونے پر یہ دلیل پیش کی۔ کہ شیخ بہائی کے شاگرد نظام الدین شیعی نے اسے علماء شیعہ کی قسم ثانی میں ذکر کیا ہے۔ اور اس بارے میں یہ انکشاف بھی کیا ہے۔ کہ ابو نعیم کی قبر پر وہی کلمہ لکھا ہوا ہے۔ جو اہل تشیع کا مروج ہے۔ ان تمام دلائل و شواہد سے منہ موڑ کر نجفی وغیرہ کا اسے سنی اور اس کی کتاب حلیۃ الاولیاء کو اہل سنت کی معتبر کتاب لکھنا کس قدر فریب ہے۔؟

دوسری طرف ہمارے علماء نے ابو نعیم کی روایات کو بوجہ کثرت موضوعات ناقابل اعتبار کہا ہے۔ جیسا کہ لسان المیزان میں مذکور ہے۔

**لسان المیزان:**

لَا أَعْلَمُ لَهُمَا ذَنْبًا أَكْبَرَ مِنْ رِوَايَتِهِمَا الْمَوْضُوْعَاتِ سَاكِتِيْنَ عَنْهَا - (لسان المیزان ص ۲۰۱ جلد اول) تذکرہ احمد بن عبد اللہ الحافظ ابو نعیم)

**ترجمہ:** ان دونوں (ابو نعیم و ابن مندہ) کا سب سے بڑا جرم میرے نزدیک یہ ہے۔ کہ ان دونوں نے موضوع روایات اپنی کتب میں ذکر کیں۔ اور پھر ان پر خاموشی اختیار کی۔ اب جبکہ علماء شیعہ ابو نعیم کو با دلائل اہل تشیع میں شامل کریں۔ اور پھر ان کی روایات میں

marfat.com
Marfat.com

موضوعات کی بتات بھی ہو۔ تو پھر کس اعتبار سے ابونعیم کی کوئی روایات قابلِ استدلال ہو سکتی ہے؟ معلوم یہ ہوتا ہے کہ ابونعیم نے موضوعات وہی درج کیں۔ جو مسلک شیعہ کی مؤید ہیں۔ اور اس کی طرف اعیان الشیعہ میں امیر خاتون آبادی کا قول اشارہ کر رہا ہے "حلیۃ الاولیاء میں حضرت علی المرتضیٰ رضہ کے مناقب میں ایسی احادیث موجود ہیں۔ جو کسی دوسری کتاب میں نہیں مل سکتیں۔

فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ

marfat.com
Marfat.com

# مصنّف کی طرف سے حافظ ابو نعیم

## کے بارے میں ایک تاویل

حافظ ابو نعیم کے بارے میں ہم نے تفصیلی بحث کرتے ہوئے ثابت کیا تھا۔ کہ اس میں تشیع موجود ہے۔ جس کی دلیل مختصر یہ تھی۔ کہ ملا باقر مجلسی (مشہور شیعہ محقق) کے اجداد میں سے ابو نعیم ہے۔ اور اسی طرح محمد حسین خاتون آبادی شیعی کا بھی یہ دعوٰے ہے۔ کہ ابو نعیم میرے دادا کے اجداد میں سے ہے۔ وَقَدْ نَقَلَ جَدِّیْ تَشَیُّعَهٗ عَنْ وَالِدِهٖ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اٰبَائِهٖ حَتّٰی انتهٰی الیه۔ قَالَ هُوَ مِنْ مَشَاهِیْرِ مُحَدِّثِی الْعَامَّةِ ظَاهِرًا اِلَّا اَنَّهٗ مِنْ خُلَّصِ الشِّیْعَةِ فِیْ بَاطِنِ اَمْرِهٖ۔ (اعیان الشیعہ جلد سوم ص ۰۰۰) میرے دادا کے اجداد میں منقول ہے۔ کہ ابو نعیم بظاہر اہل سنت کے مشہور محدث ہوئے ہیں لیکن درحقیقت وہ خالص شیعہ تھے۔ چونکہ یہ دونوں افراد حافظ ابو نعیم کے خاندان کے افراد ہیں۔ ان کے کہنے کے مطابق ہم نے ابو نعیم میں شیعیت کا اثبات کیا۔ کیونکہ گھر والے اپنے اندرون خانہ کے حالات دوسروں کی بہ نسبت بہتر اور صحیح جانتے ہیں۔ لیکن راقم الحروف پچھلے دنوں جب حرمین طیبین کی زیارت کے لیے وہاں پہنچا۔ تو مجھے حافظ ابو نعیم کی ایک کتاب ملی۔ جس کا نام "الامامۃ والرد علی الرافضۃ" ہے۔ اس کتاب کے مقدمہ میں ڈاکٹر علی بن محمد بن ناصر نے بھی یہی کچھ لکھا۔ جو ہم بیان کر چکے ہیں۔ (ملاحظہ ہو اس کتاب کا ص ۱۶۱) اس کتاب

marfat.com

Marfat.com

میں حافظ ابو نعیم نے (جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے) خلفائے ثلاثہ پر کیے گئے شیعوں کے بہت سے اعتراضات کا رد فرمایا۔ اور تحقیقی جوابات دیئے۔ جن کو ہم اپنی تصنیف تحفہ جعفریہ کی پانچ جلدوں میں تفصیل سے پہلے ہی بیان کر چکے ہیں۔ اس نئی کتاب کو دیکھ کر میرے ذہن میں فوراً ایک تاویل آئی۔ وہ یہ کہ ملا باقر مجلسی اور محمد حسین خاتون آبادی چونکہ حافظ ابو نعیم کی اولاد میں سے ہیں۔ انہوں نے خواہ مخواہ تقیہ کا سہارا لے کر حافظ ابو نعیم کو بھی اپنے مسلک کا پیرو لکھ دیا ہو کیونکہ ممکن ہے۔ یہ دونوں اسے عار و شرم محسوس کرتے ہوں۔ کہ کوئی انہیں کہے کہ تم شیعہ بنے بیٹھے ہو۔ دیکھو تمہارا دادا اعظیم محدث حافظ ابو نعیم کٹر سنی تھا۔ پھر جب اس پر ان دونوں کو یہ کہا جائے۔ کہ تم سنیوں کو کتے اور سور سے بھی برا سمجھتے ہو تو بتاؤ تمہارا اپنے دادا حافظ ابو نعیم کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کیونکہ وہ اہل سنت سے تعلق رکھتا تھا۔ اگر واقعی سنی تمہارے نزدیک ایسے ہی ہیں۔ تو پھر تم ان لوگوں کی اولاد ہو۔ جو کتے اور سور سے بدتر ہیں۔ علاوہ ازیں جب شیعہ لوگ سنیوں کو کنجریوں کی اولاد بھی کہتے ہیں۔ تو ان دونوں پر یہ الزام بھی آتا تھا۔ کہ تم خود بھی ایک سنی کی اولاد ہونے کی وجہ سے زندیق ہو۔ ان تمام لوازمات و اعتراضات سے بچنے کے لیے انہوں نے حافظ ابو نعیم کو خواہ مخواہ شیعہ بنا دیا ہو۔ گویا یہ سب کچھ انہی ہی ذہنی اختراع ہے۔ اور اپنے آپ کو بچانے اور بدنامی سے دور رہنے کے لیے اپنے دادا کو بھی اپنے نظریات کی بھینٹ چڑھا دیا گیا ہے۔ حافظ ابو نعیم کی مذکورہ کتاب "الامامۃ والرد علی الرافضۃ"، میں خلفائے ثلاثہ کی شان میں بہت سی روایات مذکور ہیں۔ ہم ان میں سے چند احادیث بطور مثال درج ذیل کر رہے ہیں۔ ان سے آپ حافظ ابو نعیم کے بارے میں مذکورہ تاویل کی تائید کریں گے۔

marfat.com
Marfat.com

# خلفائے ثلاثہ کے فضائل میں حافظ ابونعیم کی ذکر کردہ چند روایات

## ۱: ــــــ صدیق اکبر کی شان میں احادیث

الامامۃ:

عن ابی عثمان حدثنی عمرو بن العاص ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ واصحابہ وسلم بَعَثَہٗ عَلٰی جَیْشِ ذَاتِ السلاسل فَلَمَّا اَتَیْتُہٗ قُلْتُ اَیُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَیْکَ قَالَ، عائشۃ قُلْتُ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ اَبُوْھَا قَالَ ثُمَّ عَدَّ رِجَالًا۔

(کتاب الامامۃ والرد علی الرفضۃ ص ۲۲۷ مکتبۃ العلم والحکم مدینہ منورہ)

ترجمہ: ابوعثمان سے روایت ہے کہ مجھے عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حدیث بتائی۔ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ذات سلاسل کے لشکر کا سردار بنا کر بھیجا۔ (اس میں ابوبکر صدیق اور عمر بن خطاب بھی تھے) مجھے سپہ سالار مقرر کرنے پر مجھے خیال آیا۔ کہ میں حضور کے نزدیک ان سے بھی زیادہ محبوب

marfat.com
Marfat.com

ہوں! میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! آپ کو سب سے زیادہ کون پسند ہے؟ فرمایا۔ عائشہ۔ میں نے عرض کیا مردوں میں سے؟ فرمایا! اس کا والد۔ آپ نے پھر کچھ اور صحابہ کرام کا بھی نام لیا۔

## ۲: الامامۃ :-

عن عمرو بن عتبہ قَالَ اَتَیْتُ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ اصحابہ و سلم اَوَّلَ مَا بُعِثَ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ مُسْتَخْفٍ فَقُلْتُ فَمَنْ مَعَكَ عَلٰى هٰذا الأمرِ قال حُرٌّ وَ عَبْدٌ يَعْنِيْ ابا بكر و بلال۔

(الامامۃ والرد علی الرفضۃ ص ۲۳۱)

ترجمہ:۔ عمر بن عتبہ کہتے ہیں۔ کہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بعثت مبارکہ کے ابتدائی دور میں حاضر ہوا۔ جبکہ آپ چھپے تھے۔ میں نے عرض کیا آپ کے ساتھ کون کون اس وقت ہیں؟ فرمایا۔ ایک آزاد اور ایک غلام۔ یعنی ابوبکر اور بلال رضی اللہ عنہما۔

## ۳: الامامۃ :-

عن طلحۃ بن مصرف قال سألت عبد اللہ بن ابی اوفی هَلْ كَانَ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ والہ واصحابہ وسلم أَوْصٰى؟ قَالَ لَا۔ فَكَتَبَ عَلَى المسلمين اَوْ اَمَرَ المسلمين بِالْوَصِيَّةِ وَ لَمْ يُوْصِ۔ قَالَ اَوْصٰى بِكِتَابِ اللہ

(الامامۃ ص ۲۳۳)

ترجمہ:۔ طلحہ بن مصرف کہتے ہیں۔ کہ میں نے عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری

marfat.com

Marfat.com

وقت کوئی وصیت فرمائی تھی؟ فرمایا نہیں۔آپ نے مسلمانوں کو تو وصیت کرنے کا حکم دیا۔ خود وصیت نہ فرمائی۔ فرمایا۔ آپ نے کتاب اللہ وصیت فرمائی تھی۔

## ۱۴: الامامة :-

عن عروة عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنہا وعن اَبِیْهَا وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ بَعْلِهَا وَ نَبِیِّهَا قَالَتْ دَخَلَ رَسولُ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و الہٖ واصحابہٖ وسلم فِی الْیَوْمِ الَّذِیْ بُدِئَ فِیْهِ فَقَالَ اُدْعِیْ لِیْ اَبَاكِ وَاَخَاكِ (حتّٰی) اَكْتُبُ لِاَبِیْ بَكْرٍ كِتَابًا فَاِنِّیْ اَخَافُ اَنْ یَّقُوْلَ قَائِلٌ وَّ (یَتَمَنّٰی) مُتَمَنٍّ وَیَاْبَی اللہُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلَّا اَبَابکر رضی اللہ عنہ ۔ (الامامة والرد علی الرفضة ص ۲۴۹ تا ۲۵۰) خلافت امیر المومنین ابوبکر صدیق رقم مکتبہ مدینہ المنورہ)

ترجمہ :- سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے جناب عروۃ بیان کرتے ہیں فرماتی ہیں۔ کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال شریف کے لمحات قریب آئے۔ تو آپ نے فرمایا۔ اپنے والد اور بھائی کو بلاؤ۔ حتیٰ کہ میں ابوبکر کے لیے کچھ تحریر لکھوں مجھے خوف ہے۔ کہ کوئی کہنے والا کہے گا۔ اور کوئی آرزو رکھنے والا آرزو کرے گا۔ اور اللہ اور تمام مومن اس کا انکار کریں گے۔ مگر اللہ تعالیٰ اور تمام مومن ابوبکر کا انکار نہیں کرتے۔

marfat.com

Marfat.com

# حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی شان میں احادیث

## ۱: الامامۃ:-

عن عمرو بن میمون عن علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قَالَ اِذَا ذُکِرَتِ الصَّالِحِیْنَ فَحَیَّ اَهْلُ لِعُمَرَ کُنَّا نَعُدُّ اَنَّ السَّکِیْنَۃَ تَنْطِقُ عَلٰی لِسَانِ عُمَرَ۔ (احادیث فی تفضیل عمر) (الامامہ ص ۲۸۱)

ترجمہ:- حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے جناب عمرو بن میمون روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا جب تو صالحین کا ذکر کرے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اہل پر تحیت وسلام بھیجا کر۔ ہم یہ سمجھتے تھے کہ سکینہ (وحی) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان پر بولتی ہے۔

## ۲: الامامۃ:-

عن عون بن ابی جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن ابیہ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ عُمَرَ رضی اللہ عنہ وَهُوَ مُسَجًّی فِیْ ثَوْبِهٖ وَقَدْ قَضٰی نَحْبَهٗ فَجَاءَ عَلِیٌّ رضی اللہ عنہ وَکَشَفَ الثَّوْبَ وَقَالَ رحمۃ اللہ علیک اباحفصٍ فَوَاللّٰهِ مَا بَقِیَ اَحَدٌ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ و الہ واصحابہ وسلم اَحَبَّ اِلَیَّ اَنْ اَلْقَی اللّٰهَ

marfat.com
Marfat.com

بصحیفتہ منک رواہ ابوالمعشر المدینی عن نافع عن ابن عمر۔ (احادیث فی تفضیل عمر) (الامامۃ ص۲۸۲)

ترجمہ:۔

عون بن ابی جحیفہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا جب وہ وصال کے بعد کفن میں لپیٹے ہوئے تھے۔ اتنے میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تشریف لائے، اور منہ سے کپڑا ہٹا کر فرمانے لگے۔ اے ابا حفص! اللہ کی تجھ پر رحمت ہو۔ خدا کی قسم! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تم سے بڑھ کر مجھے کوئی محبوب نہیں کہ جس کے اعمال کے ساتھ میں اللہ تعالےٰ سے ملاقات کروں۔ اسے ابو المعشر مدینی نے نافع سے وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں۔

۳: الامامۃ:۔

عن ابی اسحاق قَالَ ذَهَبَ بِیْ اَبِیْ اِلَی الْمَسْجِدِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَقَالَ لِیْ هَلْ لَکَ یَا بُنَیَّ اَنْ تَنْتَهِ اِلٰی عَلِیّ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ قُمْ فَقُمْتُ فَاِذَا اَنَا بِشَیْخٍ اَبْیَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْیَۃِ قَائِمٍ عَلَی الْمِنْبَرِ لَهٗ صَلَعَۃٌ فَسَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ خَیْرُ هٰذِهِ الْاُمَّۃِ بَعْدَ نَبِیِّهَا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اَبُوْبَکْرٍ ثُمَّ عُمَرُ رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ (الامامۃ ص۲۸۳)
(احادیث فی تفضیل عمر رض)

ترجمہ:۔

ابو اسحاق بیان کرتے ہیں۔ کہ مجھے میرے والد اپنے ساتھ جمعہ کے دن

marfat.com
Marfat.com

مسجد میں لے گئے۔ فرمانے لگے۔ کیا تم حضرت علی کے ساتھ کوئی خواہش رکھتے ہو۔ میں نے عرض کیا۔ ہاں۔ فرمایا۔ اٹھو۔ میں کھڑا ہو گیا۔ تو کیا دیکھتا ہوں۔ کہ ایک بزرگ سفید ریش اور سر کے سفید بالوں والا منبر پر کھڑا تھا۔ میں نے انہیں یہ فرماتے سنا۔ اس امت میں اس کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بہترین آدمی ابوبکر پھر عمر ہیں۔

# حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شان میں چند روایات

## ۱: الامامة:

عن عثمان بن عبد الله بن موهب قال جاء رجل من مصر لحج البيت فقال يا ابن عمر انى سائلك عن شئى فحدثنى انشدك الله بحرمة هذا البيت هل تعلم ان عثمان تغيب عن بدر فلم يشهدها؟ فقال نعم ولكن اما تغيبه عن بدر فانه كانت تحته بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم فمرضت فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم لك اجر رجل شهد بدرا وسهمه (الامامة ص ۳۰۲-۳۰۳)

ترجمہ: عثمان بن عبداللہ موہب کہتے ہیں۔ کہ مصر سے ایک شخص حج بیت اللہ کے لیے آیا۔ اس نے ابن عمر سے کہا میں تم سے ایک بات پوچھنے والا ہوں۔ تمہیں اس بیت اللہ کی حرمت کی وساطت سے اللہ کی قسم دیتا ہوں۔ مجھے اس کا صحیح جواب

marfat.com
Marfat.com

دینا۔کیا تمہیں علم ہے۔کہ حضرت عثمان غزوۂ بدر میں شریک نہ ہوئے تھے۔اس کی کیا وجہ تھی؟ ابن عمر نے فرمایا۔وہ واقعی غزوۂ بدر سے غیر حاضر رہے۔لیکن ان کی غیر حاضری کی وجہ یہ تھی۔کہ ان کے عقد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی تھی۔جو بیمار تھیں تو انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔تمہارے لیے بدر میں موجود صحابی کا اجر بھی ہے اور اس کا حصہ بھی مال غنیمت میں سے ہے۔

**۲: الامامة:**

عن انس قَالَ لَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه و اله واصحابه وسلم بِبَيْعَةِ الرِّضْوَان كَانَ عُثْمَانُ رَسُوْلَ رسول الله صلی الله علیه وسلم اِلٰى اهل مَكَّةَ فَبَايَعَ النَّاسُ فَقَالَ رسول الله صلی الله علیه وسلم اِنَّ عثمان فِیْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَ حَاجَةِ رَسُوْلِهٖ فَضَرَبَ بِاِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى فَكَانَ يَدُ رسول الله صلی الله علیه وسلم لِعُثْمَانَ خَيْرًا مِّنْ اَيْدِيْهِمْ لِاَنْفُسِهِمْ

(الامامة ص۳۰۵)

(خلافۃ الامام امیر المؤمنین عثمان بن عفان رضی)

ترجمہ:-

حضرت انس بیان کرتے ہیں۔کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت رضوان کا ارشاد فرمایا۔تو اس وقت حضرت عثمان جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اہل مکہ کی طرف پیغام لے جانے والے تھے۔تمام لوگوں نے بیعت کی۔پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔عثمان، اللہ کی حاجت اور اس کے رسول کی حاجت

marfat.com
Marfat.com

میں معروف ہے۔ پھر آپ نے اپنا ایک ہاتھ دوسرے پر مارا یس
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ جو عثمان کی طرف سے تھا۔
وہ دوسرے صحابہ کرام کے ہاتھوں سے کہیں بہتر تھا۔

۳: الامامة :-

فَاِنْ زَعَمُوْا اَنَّ عثمان رضی اللہ عنہ اَعْطٰی مِنْ بَیْتِ مَالِهِمْ مَا لَمْ یَكُنْ لَهٗ فِیْهِ حَقٌّ قِیْلَ لَهٗ لَمْ یَثْبُتْ ذٰلِكَ مِنْ وَجْهِ الصَّحِیْحِ بَلْ قَالَهٗ مَنْ قَالَ ظَنًّا وَكَیْفَ یُقْبَلُ عَلٰی عثمان رضی اللہ عنہ وَهُوَ مِنْ اَكْثَرِ النَّاسِ مَالًا وَ اَبْذَلَهُمْ وَاَكْثَرَهُمْ عَطِیَّةً وَمَعْرُوْفًا مَعَ اَنَّ الْاَیَّامَ لَا تَخْلُوْ مِنْ جُهَّالٍ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَعْلَمُوْنَ ۔ (الامامة ص۲۱۸)

(ھذہ الامام امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ)

ترجمہ :-

اگر کوئی زعم کرے۔ کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بیت المال سے ایسے لوگوں کو دیا جن کا کوئی حق نہ تھا۔ تو اسے جواباً کہا جائے گا۔ کہ تیرا یہ کہنا کسی صحیح روایت سے ثابت نہیں ہے۔ بلکہ یہ کسی کا اپنے ظن کے مطابق کہنا ہے۔ حضرت عثمان غنی کے بارے میں یہ بات کیسے مانی جا سکتی ہے۔ حالانکہ آپ تمام لوگوں سے مال میں اس کے خرچ کرنے میں اور بھلائی کے کاموں میں صرف کرنے کے اعتبار سے بڑھ کر تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہ ہر دور میں جہلاء بکثرت ہوتے ہیں۔ اور ایسی باتیں کہتے رہتے ہیں۔ جن کا انہیں کوئی صحیح علم نہیں ہوتا۔

marfat.com
Marfat.com

## خلاصہ کلام:

حافظ ابونعیم کی کتاب سے خلفاء ثلاثہ کی شان میں چند روایات جو ہم نے درج کیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ابونعیم کے دل میں خلفاء ثلاثہ کی بے پناہ محبت تھی۔ اور پھر اسی اختیار میں انہوں نے شیعوں کے خلفاء ثلاثہ پر کیے گئے اعتراضات کا جواب بھی دیا۔ یہ بھی ان کے اہل سنت ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ انہیں ان کی اولاد نے خواہ مخواہ اپنی بناوٹی عزت بچانے کے لیے شیعہ بنایا ہے۔ ورنہ درحقیقت اہل سنت کے عظیم محدث ہیں۔ رہا ان کی کتاب "حلیۃ الاولیاء" میں مناقب علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں بعض روایات جو اہل سنت کے عظیم مسلک کے خلاف ہیں۔ اور اسی طرح حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں واقعہ کہ جب انہوں نے اپنی بیٹی حفصہ کی طلاق کا سنا تو سر پر خاک ڈال کر بیٹھنے لگے۔ وغیرہ وغیرہ باتیں ان کی دو وجوہات سامنے آتی ہیں۔ پہلی یہ کہ حافظ ابونعیم کے سامنے اپنے مقرر کردہ موضوع پر احادیث جمع کرنا مقصود و مطلوب تھا۔ رہا یہ کہ کونسی حدیث و روایت ضعیف، موضوع، متروک وغیرہ ہے۔ اور کون سی قابلِ عمل؟ اِسے انہوں نے پیشِ نظر نہ رکھا۔ جس طرح علامہ السیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا طریقہ ہے کہ وہ کسی موضوع پر جس قدر ذخیرہ احادیث ملتا ہے۔ اسے جمع کر دیتے ہیں۔ پھر ان کی صحت وغیرہ صحت کا تعین کرنے کے لیے انہوں نے "اللآلی المصنوعۃ" نامی کتاب تصنیف فرمائی۔ کہ جس میں انہوں نے اپنی روایات کے صحت سقم کو واضح کر دیا۔ اسی طرح حافظ ابونعیم نے صرف احادیث و روایات جمع کر دیں۔ ان کے مقام و مرتبہ کو علماء حدیث پر چھوڑ دیا۔ دوسری وجہ یہ کہ ان کی کتب میں ان کی اولاد (جو شیعہ تھی) نے ایسی روایات داخل کر دیں جو شیعیت کی مؤید تھی۔ یہ وجہ قوی معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ شیعوں سے اپنے جدِ اعلیٰ کو اپنے ساتھ ملانے کے لیے ایسی حرکت کرنا کوئی بعید نہیں۔ بلکہ یہ ان کی دیرینہ عادت ہے۔

marfat.com

Marfat.com

بہر حال ابونعیم کی طرف منسوب شدہ عبارات اہل سنت پر قطعاً حجت نہیں بن سکتیں۔ کیونکہ حافظ ابونعیم کے نزدیک ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ افضل الخلق بعد الانبیاء اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ان کے بعد اعلیٰ درجہ کے مالک ہیں ۔ مولانا عبدالرحمن جامی اور حافظ ابونعیم محدث کے بارے میں جو میں نے تاویل ذکر کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کثرت درود شریف کی برکت سے مجھ پر ان کا القاء کیا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی، اپنے محبوب کی اور محبوب کے محبوبوں کی محبت میں ہی زندہ رکھے۔ اسی حال میں موت آئے۔ اور کل قیامت میں اسی کیفیت کے ساتھ میدان حشر میں جائیں۔ آمین۔ بجاہ نبی الرحمۃ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

# کتاب سیزدھم [۱۳]

## کتاب الفتوح اعثم کوفی مصنفہ احمد ابن اعثم کوفی

"کتاب الفتوح"، کے مصنف کا نام ابو محمد احمد بن اعثم کوفی ہے۔ عام کتب شیعہ کی طرح اس میں بھی حضرات صحابہ کرام کے بارے میں نازیبا اور زہریلا مواد موجود ہے۔ جن روایات میں اس قسم کی باتیں ہیں۔ غلام حسین نجفی وغیرہ اسے اہل سنت کی معتبر کتاب کہہ کر ان روایات کو بطور حجت پیش کرتے ہیں۔ نمونہ کے طور پر ایک دو اقتباس ملاحظہ ہوں۔

**ماتم اور صحابہ:** اہل سنت کی معتبر کتاب اعثم کوفی ص۱۵۹ چھاپ قدیم فارسی

"وسگاں یک پائش را بوده بودند۔ (ماتم اور صحابہ ص ۱۴۵)

**ترجمہ:** کسی کی لاش پر کتے آئے اور ایک ٹانگ گھسیٹ کر لے گئے۔ نصیب اپنا اپنا۔

**نوٹ:**۔

یہ روایت اعثم کوفی نے حضرت عثمان غنی کے بارے میں لکھی۔ ان کی شہادت پر ان کی لاش تین دن تک بے گور و کفن پڑی رہی اور کوئی پرسانِ حال نہ تھا۔ حتی کہ لاش کی ایک ٹانگ کتے کاٹ کر لے گئے۔

marfat.com

Marfat.com

## ماتم اور صحابہ : اعثم کوفی۔

**ترجمہ:** ابن جریر نے ذکر کیا ہے۔ کہ جب قاتلوں نے حضرت عثمان رض کے سر قلم کرنے کا ارادہ کیا۔ تو عورتوں نے چیخ و پکار کی۔ اور اپنے منہ پیٹے۔ منہ پیٹنے والی عورتوں میں دو حضرت عثمان غنی رض کی بیویاں تھیں۔ ایک نائلہ اور دوسری ام النبین۔ اور منہ پیٹنے والی عورتوں میں حضرت عثمان رض کی بیٹیاں تھیں۔ (ماتم اور صحابہ ص ۱۱۶)

## جواب:

غلام حسین نجفی نے اس حوالے سے ثابت یہ کرنا چاہا۔ کہ حضرت عثمان غنی رض چونکہ بدکردار خلیفہ تھے۔ معاذ اللہ۔ اس لیے انہیں اپنی قسمت کا لکھا دیکھنا پڑا۔ لاش تک کو کسی نے نہ پوچھا۔ اور کتے عام مردار کی طرح اس کی ٹانگ لے اُڑے۔ اس گستاخی اور توہین عثمان کا جواب تو ہم فقہ جعفریہ جلد چہارم میں تفصیل سے تحریر کر چکے ہیں۔ جو چھپ کر بازار میں آگئی ہے۔ یہاں ہمیں اس بارے میں کچھ کہنا ہے۔ "کتاب الفتوح المعروف اعثم کوفی اہل سنت کی معتبر کتاب ہے؟" اس بارے میں حقیقت یہ ہے۔ کہ اس کے مصنف اور اس کی اس تصنیف کے شیعہ ہونے میں غلام حسین نجفی وغیرہ کو بھی یقین ہے۔ لیکن حضرت صحابہ کرام خصوصاً خلفائے ثلاثہ کی شان میں جہاں کہیں کوئی ادھر اُدھر روایت نظر آتی ہے۔ اُسے اہل سنت کی معتبر کتاب کی روایت کہہ کر عوام کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اعثم کوفی آٹھ جلدوں پر محیط ہے۔ اور اس میں بہت سے مقامات پر اہل تشیع کے مخصوص عقائد کا ڈھنڈورا پیٹا گیا ہے۔ تمام کتاب سے ان مقامات کی نشاندہی کرنا طویل کام ہے۔ اس لیے اس کی چند عبارات پر

marfat.com
Marfat.com

اکتفا کیا جاتا ہے۔

# اعثم کوفی کے چند حوالہ جات

## حوالہ نمبر (۱):

اَلَمْ تَكُوْنِيْنَ تُحَرِّضِيْنَ النَّاسَ عَلٰى قَتْلِهٖ ثُمَّ اِنَّكِ اَظْهَرْتِ عَيْبَهٗ وَ قُلْتِ اُقْتُلُوْا نَعْثَلاً فَقَدْ كَفَرَ

(کتاب الفتوح جلد دوم صفحہ ۲۴۹ ذکر قدوح عائشہ من مکہ)

**ترجمہ:** (عبید بن ام کلاب سے جب حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ نے دم عثمان کا مطالبہ کیا۔ تو اس نے کہا۔ کہ آپ حضرت علی المرتضےٰ رضؓ کی ولایت کو برا سمجھتی ہے۔ اور حضرت عثمان رضؓ کی طرفدار بن کر اُن کے خون کا مطالبہ کر رہی ہے۔) کیا تم نے لوگوں کو قتل عثمان رضؓ پر ابھارا نہ تھا؟ اور پھر اُن کے عیب بھی گنوائے۔ اور یہاں تک کہا تھا۔ اس نعثل (لمبی داڑھی والے) کو قتل کر دو۔ یہ کافر ہو گیا ہے۔

## حوالہ نمبر (۲)

اما ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضؓ چنانکہ بداں اشارت شد چندانکہ توانست ودانست مردم را در قتل تحریص می کرد۔ ناگاہی کر سفر مکہ در پیش داشت در مکہ اورا آگہی دادند کہ عثمان بدست صنادید اصحاب مقتول گشت نیک شاد شد۔ فَقَالَتْ اَبْعَدَهُ اللّٰهُ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ قَتَلَهٗ۔ عائشہ در قتل عثمان

marfat.com

Marfat.com

شکر خداوند بگذاشت۔ دبراو لعن ونفرین فرستاد۔ ہماناعثمان در او اخر روزگار خود مانند کسی کہ از کردہ خود پشیمان باشد گاہے شعری انشاء کرد وایں دو شعر از وی روایت کردہ اند۔

تَفْنِیْ اللَّذَاذَۃُ مِمَّنْ نَالَ صَفْوَتَہَا
مِنَ الْحَرَامِ وَ یَبْقَی الْاِثْمُ وَ الْعَارُ

تَبْقِیْ عَوَاقِبُ سُوْءٍ مِنْ مَغَبَّتِہَا
لَاخَیْرَ فِیْ لَذَّۃٍ مِنْ بَعْدِہَا النَّارُ

(کتاب الفتوح اعثم کوفی جلد دوم ص ۲۴۳
مطبوعہ مدینہ منورہ طبع جدید)

**ترجمہ:** جیسا کہ اس کی طرف اشارہ گزر چکا ہے۔ کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے جس قدر ہو سکا۔ لوگوں کو قتلِ عثمان پر ابھارا۔ اتفاقاً انہیں مکہ شریف جانا پڑ گیا۔ جب مکہ پہنچ گئیں۔ تو لوگوں نے انہیں عثمان رضؓ نے قتل ہونے کی اطلاع کی۔ کہ وہ اکابر صحابہ کے ہاتھوں مارے گئے ہیں۔ یہ سن کر وہ بہت خوش ہوئیں۔ اور کہا۔ اُس نے جو کچھ کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا نتیجہ دے دیا۔ جس اللہ نے اُسے قتل کروایا۔ اس کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ حضرت عثمان رضؓ پر لعنت اور نفرت کا اظہار کیا۔ خود حضرت عثمان غنی رضؓ زندگی کے آخری لمحات میں اپنے کیے پر پشیمان نظر آتے تھے۔ اور کبھی کبھار شعر بھی پڑھا کرتے تھے۔ یہ دو شعر اُن سے روایت کیے گئے ہیں۔
بڑے بڑے حرام کاموں کی لذت فناہ ہو جائے گی۔ اور ان کا

marfat.com
Marfat.com

گناہ اور شرم باقی رہ جائے گی۔ برائی کرنے والے کے لیے اس کی برائی کے برے نتائج ہی باقی رہیں گے۔ ایسی خوشی کا کیا فائدہ جس کے انجام پر دوزخ ملے۔

## نوٹ:

"نعثل کا فر کو قتل کر دو" سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی طرف جملہ کی نسبت کی حقیقت ہم اسی جلد میں تحریر کر چکے ہیں۔ یہاں صرف اعثم کوفی کے حالات و نظریات کی روشنی میں اسے پیش کیا گیا ہے۔ کیا کوئی اہل سنت کا فرد ام المؤمنین کی طرف حضرت عثمان غنی رض کے بارے میں ایسے نظریات رکھتا ہے؟ اسی طرح حضرت عثمان غنی رض کی شہادت کا سن کر خوشی کا اظہار وہی کیا کرتے ہیں۔ اور ان پر لعنت و نفرت کا ثبوت وہی پیش کیا کرتے ہیں۔ جنہیں جناب عثمان غنی رض کی خلافت حقہ پر یقین و ایمان نہیں۔ یہ دونوں خبیث خیالات و نظریات رافضیوں کے ہیں۔ اس لیے اعثم کوفی نہ خود سنی ہے۔ اور نہ ہی اس کی کتاب الفتوح اہل سنت کی تصانیف میں سے ہے۔

## حوالہ نمبر (۳)

بَعَثَ مُعَاوِیَۃُ بْنُ اَبِی سفیان اِلٰی جُعْدَۃَ بِنْتِ الْاَشْعَثِ بن قیس زَوْجَۃِ الْحَسَنِ رضی اللہ عنہ سَمِّی الْحَسَنَ وَلَکِ مِائَۃُ اَلْفِ دِرْہَمٍ وَ اُزَوِّجُکِ بِیَزِیْدَ فَسَمَّتْہُ فَلَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بَعَثَتْ اِلَیْہِ لِتَنْجِزَ وَعْدَہٗ فَبَعَثَ اِلَیْھَا الْمَالَ۔ (تاریخ اعثم کوفی جلد چہارم ص ۲۰۶ وفات الحسن مذکرہ بن علی)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:**

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے امام حسن رضی اللہ عنہ کی بیوی جعدہ کی طرف پیغام بھیجا۔ کہ اگر تو اپنے خاوند حسن رضی اللہ عنہ کو زہر دے کر ہلاک کر دے۔ تو میں تجھے ایک لاکھ درہم دوں گا۔ اور اپنے بیٹے یزید سے تیری شادی بھی کر دوں گا۔ اس لالچ پر جعدہ نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو زہر دے کر ہلاک کر دیا۔ جب یہ کر چکی تو معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا۔ کہ اپنا وعدہ پورا کرو۔ اس پر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے مشروطہ مال جعدہ کی طرف بھیج دیا۔

**نوٹ:**

امام حسن رضی اللہ عنہ کو ان کی بیوی جعدہ کا زہر دینے کا واقعہ جو دراصل حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر اعتراض ہے۔ اس کا تفصیل کے ساتھ جواب اسی جلد میں تحریر کر چکے ہیں۔ اور دلائل سے یہ بھی ثابت کر چکے ہیں۔ کہ خود امام حسن رضی اللہ عنہ کو بھی اپنے قاتل کے بارے میں کوئی علم نہ تھا۔ لہٰذا اس عبارت سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی ذات پر قتل حسن کا الزام دھرنا کسی سنی کا عقیدہ نہیں ہو سکتا بلکہ کوئی مخالفِ امیر معاویہ ہی کر سکتا ہے۔ اور دنیا جانتی ہے۔ کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا بدخواہ کون ہے۔؟

**حوالہ نمبر (۴)**

ذِكْرُ كَلَامٍ مَا جَرٰى بَيْنَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَ بَيْنَ اُمِّ كُلْثُوْمِ بِنْتِ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ وَبَلَغَ ذَالِكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عمر بن الخطاب فَاَرْسَلَتْ اِلٰى اُمِّ كُلْثُوْمٍ فَدَعَتْهَا ثُمَّ اَخْبَرَتْهَا

marfat.com
Marfat.com

بِاجْتِمَاعِ النَّاسِ اِلَى النَّاسِ اِلٰى عَائِشَةَ كُلُّ
ذَالِكَ لِيَغْتَمَّهَا بِكَثْرَةِ الْجُمُوْعِ اِلٰى عَائِشَةَ
قَالَ فَقَالَتْ لَهَا اُمُّ كُلْثُوْمٍ عَلٰى رِسْلِكِ يَا
حَفْصَةُ فَاِنَّكُمْ اِنْ تَظَاهَرْتُمْ عَلٰى اَبِيْ
فَقَدْ تَظَاهَرْتُمْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله
عليه وسلم فَكَانَ اللّٰهُ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيْلُ وَ
صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰئِكَةُ بَعْدَ ذَالِكَ
ظَهِيْرٌ فَقَالَتْ حَفْصَةُ يَا هٰذِهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
مِنْ شَرِّكِ فَقَالَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَكَيْفَ
يُعِيْذُكِ اللّٰهُ مِنْ شَرِّيْ وَقَدْ ظَلَمْتِنِيْ
حَقِّيْ مَرَّتَيْنِ الْاَوَّلُ مِيْرَاثِيْ مِنْ اُمِّيْ فَاطِمَةَ
بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم
وَالثَّانِيْ مِيْرَاثِيْ مِنْ اَبِيْكِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ
قَالَ وَلَامَتِ النِّسَاءُ حَفْصَةَ عَلٰى ذَالِكَ
لَوْمًا شَدِيْدًا۔

(تاریخ اعثم کوفی جلد دوم ص ۲۹۹ تا ۳۰۰ مطبوعہ حیدر آباد دکن طبع جدید)

ترجمہ:

اس گفتگو کا تذکرہ جو حفصہ بنت عمر بن الخطاب اور ام کلثوم بنت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے مابین ہوئی۔ جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ بہت سے لوگوں کا قافلہ کی شکل میں بصرہ جانے کا معاملہ

marfat.com
Marfat.com

حضرت حفصہ کو پہنچا۔ تو اس نے (حفصہ) ام کلثوم کو بلوایا۔ اور پھر ام کلثوم کو حضرت عائشہ کے ساتھ لوگوں کے اجتماع کی خبر دی۔ یہ اس لیے کیا۔ تاکہ ام کلثوم رض کو عائشہ رض کے پاس سے جاکر بہت سے لوگوں کی موجودگی میں پریشان کیا جائے۔ سیدہ ام کلثوم نے کہا۔ اسے حفصہ! رک جاؤ۔ اگر تم نے میرے باپ پر غلبہ کیا ہے۔ تو تم رسول اللہ پر بھی غلبہ کر چکے ہو لیکن اس وقت رسول اللہ کا ساتھی اللہ، جبرئیل، نیک مومن اور فرشتے بنے۔ (اور تم ان کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکے) یہ سن کر حفصہ کہنے لگی۔ اسے لڑکی! میں تیری شر سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں۔ ام کلثوم نے کہا میری شر سے تو پناہ کیسے مانگ سکتی ہے۔ حالانکہ تو مجھ پر دو مرتبہ زیادتی کر چکی ہے پہلی زیادتی یہ کہ تو نے میری والدہ سیدہ فاطمہ کی میراث مجھ غصب کی۔ اور دوسری یہ کہ تیرے باپ سے میرا اورثہ غصب ہوا۔ اس پر موجود عورتوں نے حفصہ پر خوب ملامت کی۔

حوالہ نمبر (۵)

قَالَتْ اُمُّ سَلمه...... عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ حَیٌّ وَهُوَ وَلِیُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَ مُؤْمِنَةٍ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الزُّبَيْرِ مَا سَمِعْنَا هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صلی الله علیه و سلم سَاعَةً قَطُّ فَقَالَتْ اُمُّ سلمة رحمة الله عليها اِنْ لَمْ تَكُنْ اَنْتَ سَمِعْتَهٗ فَقَدْ سَمِعَتْهُ خَالَتُكَ عَائِشَةُ وَ هَا هِیَ فَاسْئَلْهَا فَقَدْ سَمِعَتْهُ صلى الله عليه و سلم يَقُوْلُ عَلِیٌّ خَلِيْفَتِیْ عَلَيْكُمْ فِیْ حَيَاتِیْ

marfat.com

Marfat.com

وَمَمَاتِی فَمَنْ عَصَاہُ فَقَدْ عَصَانِی اَتَشْهَدِیْنَ یَاعَائِشَۃُ بِھٰذَا اَمْ لَا فَقَالَتْ عَائِشَۃُ اَللّٰھُمَّ نَعَمْ ۔(تاریخ اعثم کوفی جلد دوم ص ۲۸۲ تا ۲۸۳ تذکرہ خبر عائشہ مع ام سلمہ)

**ترجمہ:** حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے جناب عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ بقید حیات ہیں۔ اور وہ ہر مومن مرد و عورت کے ولی ہیں۔ یہ سن کر جناب عبد اللہ نے پوچھا کہ یہ بات ہم نے تو کبھی بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنی ام سلمہ نے فرمایا۔ اگر تم نے نہیں سنی۔ تو تمہاری خالہ عائشہ نے تو سن رکھی ہے۔ وہ موجود ہیں۔ ان سے دریافت کر لو۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا۔ "علی میری زندگی اور موت دونوں صورتوں میں تم پر میرا خلیفہ ہے۔ لہذا جس نے علی کی نافرمانی کی۔ اس نے در حقیقت میری نافرمانی کی۔ اے عائشہ! کیا تم اس کی گواہی دیتی ہو یا کہ نہیں؟ سیدہ عائشہ نے کہا۔ بخدا میں اس کی گواہی دیتی ہوں۔

**نوٹ:۔**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور آپ کے وصال کے بعد خلافت کا حقدار صرف اور صرف حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کو بتلانا "خلافت بلافصل" کہلاتا ہے۔ اور اس سے خلفائے ثلاثہ کی خلافت کو غاصبانہ اور ناجائز ثابت کرنا نظر آتا ہے۔ کیا اس عقیدہ کا معتقد اہل سنت ہو سکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

## حوالہ نمبر ۶:۔

بعدازاں چوں مرض آں امام عالی مقام زیادت شد۔ ودانست کہ وقت ارتحال است۔ امام حسین را وصیتہا کرد وکر امر امامت را بداں جناب تفویض نمود۔ (تاریخ اعثم کوفی جلد چہارم ص ۲۰۷) تذکرہ وفات حسن)

**ترجمہ:** اس کے بعد جب امام حسن رضی اللہ عنہ کا مرض بڑھ گیا۔ اور آپ کو یقین ہو چلا۔ کہ اب دنیا سے میرے کوچ کا وقت آن پہنچا ہے تو آپ نے اپنے برادر خورد جناب امام حسین رضی اللہ عنہ کو بہت سی وصیتیں فرمائیں۔ اور یہ بھی فرمایا۔ کہ اب میرے بعد امامت کا معاملہ تمہارے سپرد ہے۔

## نوٹ:۔

امامت کے بارے شیعوں کا یہ نظریہ ہے۔ کہ یہ "منصوص من اللہ" ہوتی ہے۔ اس کی وضاحت عقائد جعفریہ جلد اول میں ملاحظہ کریں۔ اسی عقیدہ کی ترجمانی کرتے ہوئے اعثم کوفی نے یہ روایت بلا سند ذکر کی۔ کہ امام حسن رض نے بوقتِ وصال امام حسین رض کی امامت کی نص فرمادی۔

## حوالہ نمبر ۷:۔

اعثم کوفی ایک واقعہ یوں نقل کرتا ہے۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا ایک راہب کے عبادت خانہ کے پاس سے گزر ہوا۔ تو وہ راہب آپ کو دیکھ کر نیچے اترا اور آپ پر ایمان لے آیا۔ پھر کہنے لگا۔ کہ میرے پاس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی لکھی ہوئی ایک کتاب ہے۔ میں وہ پیش کرتا ہوں۔ چنانچہ وہ کتاب لایا۔ اور حضرت علی المرتضیٰ کو پڑھ کر سنائی۔ اس میں لکھا تھا۔ کہ

اللہ تعالیٰ امی لوگوں میں ایک رسول بھیجے گا۔ جو انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دے گا۔

marfat.com

Marfat.com

دے گا پھر جب اس پیغمبر کا انتقال ہو جائے گا۔ تو اس کے امتی اختلاف کا شکار ہو جائیں گے۔ اختلاف خدا ہی بہتر جانتا ہے کب تک رہے گا۔ پھر ایک شخص اسی امت میں سے اس نہر کے کنارے سے گزرے گا۔ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والا ہوگا۔ لہٰذا جس کسی کو اس مرد صالح کی زیارت نصیب ہو۔ اُسے اُس کی مدد کرنی چاہیئے۔ کیونکہ وہ خاتم الانبیاء (جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کا وصی ہوگا۔ اور جو بھی اس کے ساتھ مرے گا۔ وہ درجۂ شہادت پائے گا۔ یہ سُن کر حضرت علی المرتضٰی رض رو دیئے۔ اور کہنے لگے۔ تمام تعریفیں اس اللہ کو زیب جس نے ابرار کی کتابوں میں میرا ذکر کیا ہے۔

## نوٹ:

اس بے سروپا اور بے سند واقعہ سے اعثم کوفی نے یہ ثابت کرنا چاہا۔ کہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ رسولِ خدا کے وصی تھے۔ اور یہ بھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امت میں اختلاف کی صورت میں لوگوں کو حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دینا چاہیئے۔ نہ کہ ابوبکر و عمر و عثمان وغیرہ کا۔ علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصی ماننا کس کا عقیدہ ہے؟ کون اپنی اذان و کلمہ میں اس کا اظہار کرتا ہے؟

## حوالہ نمبر ۸:۔

ثُمَّ اَمَرَ عَلِیٌّ بِرَدِّ عُثْمَانَ فَحُمِلَ وَقَدْ کَانَ مَطْرُوْحًا عَلٰی مَزْبَلَۃٍ ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ حَتّٰی ذَهَبَتِ الْکِلَابُ بِفَرْدِ رِجْلَیْهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْمِصْرِیِّیْنَ وَاُمَّةٌ لَا نُدْفِنُهٗ اِلَّا فِیْ مَقَابِرِ الْیَهُوْدِ۔

(تاریخ اعثم کوفی جلد دوم۔ ص ۲۴۷) تذکرہ مقتل عثمان)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے شہید ہو جانے کے بعد تین دن تک اس کی نعش کوڑے کرکٹ کے ایک ڈھیر پر پڑی رہی۔ حتی کہ آپ کی ایک ٹانگ کتے کاٹ کر لے گئے۔ پھر کہیں جا کر حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ نے انہیں دفن کرنے کا حکم دیا۔ ایک مصری شخص اور دوسرے بہت سے لوگوں نے کہا۔ کہ انہیں یہودیوں کے قبرستان میں ہی دفنایا جائے

**نوٹ:۔**

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نعش کا تین دن تک بے گور و کفن ایک کوڑے کے ڈھیر پر پڑا رہنا اور پھر اس دوران کتوں کا ان کی ٹانگ لے اڑنا ہم ان دونوں گستاخیوں کا مسکت جواب تحفہ جعفریہ جلد چہارم ص ۵۰۶ پر تحریر کر چکے ہیں۔ جس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ حضرت عثمان کی شہادت بروز جمعہ ہوئی۔ اور ہفتہ کی رات آپ کو سپرد خاک کر دیا گیا تھا۔ حش کوکب (جس کا ترجمہ کوڑا کرکٹ کا ڈھیر کیا گیا۔) دراصل ایک کوکب نامی صحابی کے باغ کا نام تھا۔ جو یہودیوں کے قبرستان کے قریب تھا۔ اور دوسری طرف اس کی جنت البقیع سے ملتی تھی۔ یہ واقعہ اگرچہ ناسخ التواریخ میں بھی مذکور ہے۔ لیکن اس نے اسے اعثم کوفی سے لیا۔ جس سے پتہ چلا۔ کہ اس بے سند اور بے اصل واقعہ کا وضع کرنے والا اعثم کوفی ہے۔ اور اسے جس مقصد کے لیے تراشا گیا۔ وہ آپ کے سامنے ہے۔ کیا ایسے واقعات گھڑنے والا سنی عالم کہلا سکتا ہے۔؟ بغض عثمان غنی رضی اللہ عنہ کن کی فطرت میں رچا ہوتا ہے؟

**حوالہ نمبر ۹:۔**

فَغَضِبَتْ عَائِشَةُ وَقَالَتْ مَا وَلَّنِي كَقَامِنْ

marfat.com

Marfat.com

حَصْبَاءِ فَنَاوَلُوْهَا فَحَصَبَتْ بِهَا اَصْحَابَ عَلِیٍّ وَ قَالَتْ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ فَصَاحَ بِهَا رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ وَقَالَ یَا عَائِشَۃُ وَمَا رَمَیْتِ اِذْ رَمَیْتِ وَلٰکِنَّ الشَّیْطٰنَ رَمٰی ثُمَّ جَعَلَ یَقُوْلُ شِعْرًا۔

قَدْ جِئْتِ یَا عَیْشُ لِتَعْلَمِیْنَا

وَتَنْشُرُ الْبُرْدَ لِتُهْزَمِیْنَا

وَتَقْذِفِ الْحَصْبَاءَ جَهْلًا فِیْنَا

فَعَنْ قَلِیْلٍ سَوْفَ تَعْلَمِیْنَا

(تاریخ اعثم کوفی جلد دوم ص ۳۲۵ تا ۳۲۶)

ترجمہ:

خبر الفتی الذی عمل المصحف

جنگ جمل کے دوران سیدہ عائشہ صدیقہ نے غصہ میں آ کر کہا۔ مجھے کنکریاں پکڑاؤ۔ لوگوں نے کنکریاں دیں۔ آپ نے وہ کنکریاں علی المرتضٰی کے ساتھیوں کی طرف پھینکتے ہوئے کہا۔ تمہارے چہرے سیاہ ہو جائیں۔ یہ سن کر علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کے ایک طرفدار نے کہا۔ اے عائشہ! یہ کنکریاں جب تو نے پھینکیں تھیں تو تُو نے نہیں بلکہ شیطان نے پھینکی تھیں۔ پھر یہ شعر بھی کہے۔

اے عائشہ! تو نے یہ کنکریاں اس لیے پھینکیں تاکہ تو ہمیں یہ بتلائے کہ ہم شکست کھانے والے ہیں۔ تمہیں ہمارے بارے میں یہ علم ہی نہیں کہ ہم کیا ہیں۔ بہت جلد تجھے اس کا بھی پتہ چل جائے گا۔

نوٹ:۔

یہ واقعہ شیعہ سنی کسی معتبر کتاب میں قطعاً مذکور نہیں۔ اس واقعہ کو بلا سند ذکر

Marfat.com

کیا گیا۔ اور پھر ایک فرضی طرفدارِ علی کا قول پیش کر کے اعثم کوفی نے دراصل اپنے خبث باطنی کی غذا بہم کی۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا کنکریاں مارنا اور پھر علی رض کے ایک شیعہ کا اسے شیطان کی کنکریاں مارنا قرار دینا کس سنی کے ذہن میں یہ خبیث مضمون آسکتا ہے۔ ان حوالہ جات سے اعثم کوفی کے نظریات و عقائد خود اس کی تحریروں سے واضح ہوئے۔ اور ان کی روشنی میں ہم اس نتیجہ پر باسانی پہنچ گئے۔ کہ اعثم کوفی پکا اور کٹر رافضی ہے۔ اور اس کی تصانیف اسی کے نظریات کی پرچار ہیں۔ ان ہی نظریات کی روشنی میں خود شیعہ محقق اسے کیا کہتے ہیں۔ یہ بھی سنیئے۔

## الذریعۃ:

فُتُوحُ الْإِسْلَامِ لِأَحْمَدَ بْنِ أَعْثَمَ أَبِي محمد الكوفی الاَخْبَارِی الْمُؤَرِّخ الْمُتَوَفّٰی حدود ۳۱۴ عَبَّرَ عَنْهُ يَاقُوت كِتَابَ الْفُتُوحِ -

(الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد سولہ ۱۶ ص ۱۱۹)

ترجمہ:۔ ابو محمد اعثم احمد بن اعثم کوفی جو کہ قصہ کہانیاں بیان کرنے والا اور تاریخ دان تھا۔ فتوح الاسلام اس کی تصنیف ہے۔ اور ۳۱۴ھ میں اس کا انتقال ہوا صاحب یاقوت نے اس کی کتاب کو "کتاب الفتوح" لکھا ہے۔

## اعیان الشیعہ:۔

ابو محمد احمد بن اعثم الکوفی الاخباری فی معجم الادباء کَانَ شِیْعِیًّا لَهُ كِتَابُ الفتوح ذَكَرَ فِيهِ إِلَى أَيَّامِ الرَّشِيدِ و كتاب التاريخ إِلَى ايام المقتدر۔ (اعیان الشیعہ طبقات المورخین من الشیعہ جلد اول ص۱۵۲ مطبوعہ بیروت)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:**

ابو محمد احمد بن اعثم الکوفی اخباری معجم الادباء میں ہے کہ یہ شیعہ تھا۔ اس کی ایک کتاب کا نام "کتاب الفتوح" ہے۔ اس میں اس نے ہارون الرشید کے دور تک کی باتیں درج کیں۔ اور کتاب التاریخ میں "مقتدر" کے زمانہ تک کے حالات درج کیے۔

**الکنی والالقاب:**

ابو محمد احمد بن اعثم الکوفی المورخ المتوفی ۳۱۴ھ عَنْ معجم الْاُدَبَاءِ لِیَاقُوْت قَالَ اِنَّہٗ کَانَ شِیْعِیًّا وَ ھُوَ عِنْدَ اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ ضَعِیْفٌ وَ لَہٗ کِتَابُ الْفُتُوْحِ مَعْرُوْفٌ ذَکَرَ فِیْہِ اِلٰی اَیَّامِ الرشید الخ۔

(الکنی والالقاب جلد اول ص ۲۱۵ مطبوعہ تہران طبع جدید۔ تذکرہ ابن عاصم الکوفی)

**ترجمہ:** ابو محمد احمد بن اعثم کوفی مورخ کا ۳۱۴ھ میں انتقال ہوا۔ یاقوت کی معجم الادباء میں ہے کہ شیعہ تھا۔ اور علماء حدیث کے نزدیک یہ ضعیف ہے۔ اس کی تصنیف "کتاب الفتوح" معروف و مشہور ہے جس میں ہارون الرشید کے دور تک حالات درج ہیں۔

**لمحہ فکریہ:**

"الذریعہ" نامی کتاب محض اس موضوع پر لکھی گئی۔ تاکہ اس میں شیعہ مصنفین کی تصانیف اور اس کے بارے میں معلومات اکٹھی کی جائیں۔ اس میں "فتوح الاسلام" کا تذکرہ یہ گواہی دیتا ہے۔ کہ اعثم کوفی ان مصنفین میں سے تھا۔ جو پکا شیعہ تھا۔ "اعیان الشیعہ"

marfat.com

Marfat.com

ہیں اسی لیے اس کے امامی شیعی ہونے کی تصریح موجود ہے۔ تو دونوں طریقوں سے اعثم کوفی کا امامی شیعہ ہونا ثابت ہو گیا۔

# کتاب چہار دہم ۱۴

## روضۃ الصفاء مصنفہ محمد میر خواند

محمد میر خواند بن خاوند شاہ کی تصنیف روضۃ الصفا بھی اُن کتابوں میں سے ایک ہے۔ جن میں اہل سنت کے خلاف زہریلا پروپیگنڈا کیا گیا ہے۔ اس کا مصنف پکا امامی شیعہ ہے۔ جیسا کہ ہم حوالہ جات سے ثابت کریں گے۔ لیکن اس کے باوجود کچھ اہل تشیع اسے سنی کے طور پر پیش کر کے اس کی کتب سے حوالہ دے کر اپنا اُلّو سیدھا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اسی قسم کی ایک بھونڈی کوشش غلام حسین نجفی نے بھی کی۔ حضرت عثمان غنی کے بارے میں زہر اگلتے ہوئے وہ لکھتا ہے۔

## جناب عائشہ کا فتوای کہ عثمان نعثل کو قتل کرو اللہ اس کو قتل کرے"

ثبوت ملاحظہ ہو۔ اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الصفاء ذکر عثمان الخ
(قول مقبول ص ۵۳۹)

### جواب:

حسبِ سابق ہم اس سلسلہ میں وہی دو طریقے اختیار کرتے ہیں۔ اول یہ کہ اس کی چند عبارات پیش کریں۔ جو اس کے نظریات و معتقدات پر روشنی ڈالتی ہوں۔ دوم یہ کہ اس کے بارے میں اسمائے رجال اور کتب وغیرہ کے بارے میں تحقیق

marfat.com

Marfat.com

کرنے والے محمد میر خواند صاحب روضۃ الصفا کو کس گروہ کا آدمی کہتے ہیں۔ آئیے! صاحب روضۃ الصفاء سے چند اقتباسات دیکھیں۔

# روضۃ الصفائے سے چند شیعہ نواز اقتباسات

## اقتباس نمبر (۱):

عبید بن سلمہ کہ از اخوان عائشہ بود بعد از مشاہدہ ایں افعال و اقوال ترک اختلاط از عائشہ کردہ با او گفت عجب حالتی است کہ نخستیں کسیکہ زبان بتعرض و تشنیع عثمان کشود تو بودی و پیوستہ می گفتی کہ اُقْتُلُوْا نَعْثَلًا فَاِنَّهٗ قَدْ كَفَرَ و نعثل اسم شخصے طویل اللحیہ بود کہ با عثمان از روئے صورت مشابہت داشت و ہر گاہ معترضان در مقام بدگوئی و عیب جوئی عثمان می آمدند ایں اسم بروے اطلاق می کردند۔ چوں عبید بن سلمہ عائشہ را سخن مذکور منسوب کرد عائشہ جواب داد کہ بعد از آنکہ قوم عثمان را از افعالی کہ پسندیدہ ایشاں نہ بود توبہ دادند و اجتماع بر قتل او نمودند ایں ہر دو قول است اما حدیث اخیر بہتر است از حدیث اول عبید بن سلمہ دراں باب بیتے چند گفتہ کہ ایں دو بیت از جملہ ابیات است۔

فَمِنْكِ الْبَدَاءُ وَ مِنْكِ الْغِيَرْ
وَ مِنْكِ الرِّيَاحُ وَ مِنْكِ الْمَطَرْ
وَاَنْتِ اَمَرْتِ بِقَتْلِ الْاِمَامِ
وَقَاتِلُهٗ عِنْدَنَا مَنْ اَمَرْ

(تاریخ روضۃ الصفا جلد دوم ص ۹۰۰ ذکر خلافت امیر المؤمنین علی علیہ السلام مطبوعہ لکھنؤ طبع قدیم)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:** (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے شہید ہو جانے کے بعد جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ان کے خون کا مطالبہ کرنے گئیں) تو ان کے بھائی عبید بن سلمہ نے جب ان تمام افعال و اقوال کا مشاہدہ کیا۔ تو اپنی بہن عائشہ سے ملنا جلنا چھوڑ دیا۔ اور ان سے کہا عجیب حالت ہے۔ کہ حضرت عثمان غنی کے بارے میں سب سے پہلے اعتراض کرنے والی تم خود ہو۔ اور کئی مرتبہ یہ کہہ چکی ہو۔ کہ اس نعثل کو قتل کر دو۔ یہ کافر ہو گیا ہے "نعثل" ایک لمبی داڑھی والے شخص کا نام تھا جس کی شکل و صورت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ملتی جلتی تھی۔ اور جب کسی کی عیب جوئی اور برا بھلا کہنے کا موقعہ آتا ہے تو نعثل کا لفظ اس وقت استعمال کرتے ہیں۔ جب عبید بن سلمہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ بات کہی۔ تو انہوں نے جواباً کہا۔ کہ جب لوگوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے کچھ ایسے افعال سرزد ہوتے دیکھے جو ناپسندیدہ تھے۔ تو انہوں نے توبہ کرنے کو کہا۔ اور ان (عثمان رضی اللہ عنہ) کے قتل کے لیے اکٹھے ہو گئے۔ یہ دو قول ہیں لیکن آخری بات پہلی بات سے بہتر ہے عبید بن سلمہ کے اس موقعہ پر کہے گئے اشعار میں سے دو شعر یہ ہیں۔

"اے عائشہ! تو نے اس کام کی ابتدا کی۔ اور تجھ پر ہی اس کا اختتام ہوتا ہے۔ اور ہوا بھی تیری طرف سے تھی اور بارش بھی۔ تو نے ہی تو قتلِ امام (عثمان رضی اللہ عنہ) کا حکم دیا تھا۔ ہمارے فیصلہ کے مطابق ان کا قاتل وہی ہے۔ جس نے قتل کا حکم دیا تھا۔"

**نوٹ:**

عبارت بالا میں صاحب روضۃ الصفا نے کس ڈھٹائی سے حضرت عائشہ صدیقہ

marfat.com

Marfat.com

پر قتلِ عثمان کا الزام لگایا۔ گویا جنگ جمل کی بنیاد سیدہ عائشہ بنیں۔ حضرت عثمان رضی
کو کافر، نعثل ایسے بے ہودہ الفاظ کی نسبت مائی صاحبہ کی طرف کی گئی۔ اور کمال چالاکی
سے شیعہ معتقدات کو جناب حمید بن سعد کی زبانی بیان کر کے سیدہ عائشہ
رضی اللہ عنہا پر کتنا بڑا بہتان قائم کرنے کی کوشش کی۔

**اقتباس نمبر (۲):۔**

عمران و ابو الاسود نزد طلحہ و زبیر رفتہ ہمیں سوال کردند و از ایشاں ہمیں جواب شنیدند۔ دراز عائشہ استماع نمودہ بودند۔ رسولاں گفتند کہ چگونہ با علی مخالفت توانید کرد کہ بیعت او در گردن شما است طلحہ و زبیر جواب داد کہ ما از بیم شمشیر مالک اشتر بروبیعت اقدام نمودیم مشروط بآنکہ قاتلانِ عثمان را سیاست فرماید۔

(تاریخ روضۃ الصفاء جلد دوم ص ۷۰۹)

**ترجمہ:** عمران اور ابو الاسود جب حضرت طلحہ اور زبیر کے پاس پہنچے۔ تو ان سے آنے کی وجہ پوچھی۔ ان دونوں نے وہی جواب دیا۔ جو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پہلے پہل سن چکے تھے۔ (ان دونوں نے حضرت علی کے قاصد ہونے کی حیثیت سے بصرہ کے قریب جا کر مائی صاحبہ رضی اللہ عنہا کا ایک لشکر کے ہمراہ تشریف لانا۔ اس کی وجہ پوچھی۔ تو مائی صاحبہ نے جواباً کہا تھا۔ ہم قاتلانِ عثمان کو سزا دینے کے لیے آئے ہیں) اس کے بعد ان دونوں قاصدوں نے حضرت طلحہ و زبیر سے پوچھا۔ کہ تم نے جب حضرت علی المرتضیٰ کی بیعت کر لی ہے۔ تو پھر ان کی مخالفت پر کیوں اتر آئے ہو۔ دونوں نے جواب دیا۔ کہ ہم نے حضرت علی المرتضیٰ کی بیعت مالک اشتر کی تلوار کے خوف سے اس شرط پر کی تھی۔

marfat.com
Marfat.com

تھی۔ کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ قاتلان عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جو سلوک ہونا چاہیئے وہ کریں گے۔ اور انہیں مناسب سزا دیں گے۔

## نوٹ

اس عبارت میں صاحب روضۃ الصفاء نے حضرت طلحہ و زبیر کی بیعت کو مشروط اور ڈر کی بیعت ثابت کیا۔ اس طرح ان کی توہین کا ارتکاب کیا گیا۔ اس بارے میں مروج الذہب جلد دوم ص ۳۹۲ کا حوالہ یاددہانی کے قابل ہے۔ جس میں مذکور ہے۔ کہ جنگ جمل کے دوران جب حضرت علی المرتضٰے کی ملاقات حضرت زبیر سے ہوئی۔ تو انہوں نے انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد یاد دلایا۔ کہ ایک دفعہ زبیر تم نے مجھے ازراہِ محبت گلے سے لگایا۔ تو حضور نے فرمایا تھا۔ آج گلے لگا رہے ہو۔ اور کل ان سے جنگ کروگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ ارشاد سنتے ہی حضرت زبیرؓ نے اپنا ارادہ بدل لیا۔ اسی طرح حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ وہ شخصیت ہیں۔ جنہوںؓ نے ایک غزوہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت میں ثابت قدمی دکھائی۔ جس کی مثال ملنا مشکل ہے انہیں یہ ثابت کرنا کہ مالک بن اشتر سے ڈر کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کی تھی۔ کیا یہ شیعیت کا پرچار نہیں۔؟

## اقتباس نمبر ۳:-

عائشہ ام سلمہ را دریں قول تصدیق نمود و گفت من ازیں عزیمت تقاعد نمودم کہ ہیچ لعنتی بہ از کنج سلامت نیست چوں عبداللہ زبیر کہ خواہر زادہ عائشہ بود ازاں معنی آگاہ شد باو گفت کہ اگر تو دریں سفر موافقت نمی نمائی من خود را ہلاک می سازم و با سر و پائے برہنہ روئے بہ بیابان می نہم عائشہ باوجود مبالغۃ ابن زبیر ملتمس او را مبذول نفرمود عاقبت ارباب مکر و حیلہ بسمع عائشہ رسانیدند کہ عبداللہ زبیر بے زاد و راحلہ بجانب بصرہ

marfat.com
Marfat.com

رفت اگر بتدارک مہم دست تیرداری غالباً درراہ ہلاک خواہ شد۔ وچوں عائشہ باو محبتی مفرط داشت ناچار با مخالفان امام زماں موافقت نمودہ عزیمت بصرہ نمود۔

(روضۃ الصفاء۔ جلد دوم ص ۴۷۹)

**ترجمہ:** (جب سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بصرہ جانے کا ارادہ کیا۔ تو چاہا کہ حضرت ام سلمہ بھی ساتھ چلیں۔ لیکن ام سلمہ نے کہا۔ میں تو حضرت علی رض کی مخالفت نہیں کروں گی۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث ہے۔ آپ نے فرمایا تھا۔ کہ میری ایک بیوی باغیوں کے ساتھ ہو گی۔ اور مقام حوأب کے کتے اس پر بھونکیں گے۔ اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ کہ وہ عائشہ ہو گی۔) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ام سلمہ کی اس بات کی تصدیق کی۔ اور کہا۔ کہ میں بصرہ جانے کا ارادہ ملتوی کرتی ہوں۔ اور یہ سمجھتی ہوں۔ کہ تنہائی میں ایک کونہ کے اندر بیٹھ جانے سے بڑھ کر اور کوئی نعمت نہیں ہے۔

جب عبد اللہ بن زبیر کو حضرت عائشہ کے اس ارادے کا علم ہوا جو انہی صاحبہ کا بھانجا بھی تھا۔ تو اس نے اپنی خالہ سے کہا۔ اگر آپ بصرہ کی طرف سفر کرنے میں میرے موافقت نہیں کریں گی۔ تو اپنے آپ کو ہلاک کر دوں گا۔ اور سر پاؤں سے ننگا بیابان کی طرف نکل کھڑا ہو جاؤں گا۔ لیکن اس کے باوجود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بصرہ جانے کے لیے آمادہ نہ ہوئیں۔ بالآخر کچھ حیلہ بازوں اور مکار لوگوں نے حضرت عائشہ تک یہ بات پہنچائی۔ کہ آپ کا بھانجا بغیر سواری اور خرچہ کے بصرہ کی طرف چل نکلا ہے۔ اگر تم نے اس کی بروقت مدد نہ کی۔ تو شاید وہ راستہ میں ہی ہلاک ہو جائے۔ چونکہ سیدہ عائشہ صدیقہ کو عبد اللہ کے ساتھ بے پناہ پیار تھا۔ لہٰذا مجبوراً امام زمان علی المرتضیٰ رض کے مخالفین کے ساتھ بصرہ جانے کا پکا ارادہ کر لیا۔

marfat.com
Marfat.com

## نوٹ :-

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بصرہ تشریف لے جانا۔ اس کا سبب یہ بیان کیا گیا۔ کہ ان کی بھانجے کی محبت نے ایسا کرنے پر مجبور کیا۔ گریا مائی صاحبہ رضی اللہ عنہا ایمان ولعقائد کی اتنی کمزور تھیں۔ کہ رشتہ داری کی ان کی نظر میں زیادہ اہمیت تھی۔ یہ واقعہ صاحب تحفۃ العقائد نے نہ جانے کہاں سے لیا ہے۔ کسی دوسری کتاب میں اس بے سروپا اور بے سند واقعہ کا تذکرہ نہیں ملتا۔ جس سے صاف ظاہر ہے میر محمد خواند شاہ نے محض سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر اعتراض کی فضا ہموار کرنے کے لیے اسے گھڑا ہے۔ محبوبہ محبوب رب العالمین کی توہین کون کیا کرتے ہیں؟

## اقتباس نمبر (۴) :

از امام محمد باقر روایت کردہ اند کہ چوں علی کرم اللہ وجہہ در حصن را گرفتہ بجنبانید تمامت حصار چناں بجنبید کہ صفیہ دختر حی از تخت بیفتاد و روئے او مجروح شد۔ (روضۃ الصفاء جلد دوم ص ۳۷۵)

**ترجمہ:** حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ جب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے قلعہ خیبر کا دروازہ پکڑ کر اسے ہلایا۔ تو قلعہ کی پوری دیوار کانپ اٹھی اور صفیہ دختر حی تخت پر سے نیچے گر گئی۔ اور زخمی ہو گئی۔

## نوٹ :

حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی شجاعت کا کون منکر ہے۔ وہ اسد اللہ الغالب ہیں۔ قلعہ خیبر کا دروازہ اکھاڑ پھینکا۔ لیکن جس انداز سے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی شجاعت اس واقعہ میں بیان کی گئی۔ یہ ان واقعات میں سے ایک ہے۔ جن کو اہل تشیع نے خود گھڑا۔ اہل تشیع کے خود ساختہ واقعات کو بڑے شد و مد سے نقل کرنے والا آپ جان چکے ہوں گے کون ہے؟

marfat.com
Marfat.com

## اقتباس نمبر ۵:

دراعلام الورٰی مذکوراست کہ علی در راہ باو بحر رسید ابوبکر پرسید کہ اے علی چہ واقعہ شدہ مگر در شانِ من چیزے نازل گشتہ۔ علی گفت نہ ولیکن رسول خدا مرا فرمود کہ سورۂ براۃ از تو بستانم و بر مشرکان خوانم ابوبکر از راہ برگشتہ بنزد رسول اللہ آمد۔ و بعرض رسانید کہ اِنَّكَ اَ هِلْتَنِیْ لِاَ مْرٍ طَالَبَ الْاَعْنَاقُ فِیْهِ اِلَیَّ فَلَمَّا تَوَجَّهْتُ تَرَ دَّدْتَنِیْ عَنْهُ مَالِیْ اُنْزِلَ فِیَّ الْقُرْاٰنُ فَقَالَ النَّبِیُّ لَا وَلٰكِنَّ الْاَمِیْنَ هَبَطَ اِلَیَّ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِاَ نَّهٗ لَا یُؤَدِّیْ اِلَّا اَنْتَ اَوْ رَجُلٌ مِنْكَ وَعَلِیٌّ مِنِّیْ وَهُوَ اَخِیْ وَوَصِیِّیْ وَوَارِثِیْ وَخَلِیْفَتِیْ فِیْ اَهْلِیْ وَاُمَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ یَقْضِیْ دَیْنِیْ یَنْجِزُ وَعْدِیْ لَا یُؤَدِّیْ اِلَّا عَلِیٌّ۔ (تاریخ روضۃ الصفاء جلد دوم ص ۳۰۸ تا ۳۰۹)

**ترجمہ**:- اعلام الورٰی میں مذکور ہے۔ کہ ایک مرتبہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو راستہ میں جالیا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پوچھا۔ کیا ہوا۔ کیا میرے بارے میں کوئی آیت نازل ہوئی ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا۔ نہیں۔ لیکن مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے پاس بھیجا۔ تاکہ تم سے سورۂ براءت لے لوں۔ اور میں اُسے مشرکین کے سامنے جا کر پڑھوں۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ واپس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔ حضور! آپ نے مجھے ایک کام سرانجام دینے کی ذمہ داری سونپی۔ جب میں اُسے نبھانے چلا تو آپ نے وہ ذمہ داری مجھ سے واپس

marfat.com
Marfat.com

لے لی۔ کیا میرے بارے میں کوئی حکم الٰہی نازل ہوا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ لیکن ابھی جبرئیل امین آئے تھے۔ اور یہ پیغام دے گئے کہ وہ کام (سورۃ براۃ کی تبلیغ) یا تو آپ خود کریں۔ یا کسی اپنے آدمی سے کروائیں دیکھو۔ علی مجھ سے ہی ہے۔ وہ میرا بھائی اور وصی و وارث ہے۔ میرے اہل اور میری امت میں وہ میرا خلیفہ ہے۔ میرے بعد وہی میرے قرضے اتارے گا۔ اور میرے وعدے پورے کرے گا۔ لہٰذا یہ کام صرف اور صرف علیؓ ہی کر سکتا ہے۔

## نوٹ

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں اس عبارت میں کس قدر واضح طور پر شیعہ نظریات، بیان کیے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کا وصی اور خلیفہ انہیں کہا گیا۔ یعنی تین خلفاء کرام معاذ اللہ غاصب تھے۔ پھر حوالہ اس کتاب کا دیا جو ازاول تا آخر مسلک شیعہ کی ترجمانی ہے۔ اعلام الوری علامہ طبرسی شیعی کی تصنیف ہے اس کتاب کے حوالہ سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بلافصل ثابت کرنے والا خود کٹر شیعہ ہے۔

## اقتباس نمبر ۶:-

روایت ہے۔ کہ محمد بن حنفیہ اور امام زین العابدین رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ مکہ مکرمہ میں اکٹھے ہوئے تھے۔ اور مسئلہ امامت کے بارے میں گفتگو چل نکلی۔ محمد بن حنفیہ نے کہا۔ کہ امامت کا زیادہ حق دار میں ہوں۔ کیونکہ میں امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا نسبی بیٹا ہوں۔ لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ کے جنگی ہتھیار مجھے ملنے چاہئیں۔ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کہ اے چچا خدا سے ڈر۔ اور جس دعوے کا مستحق نہیں وہ نہ کر۔ محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بات پر اصرار کیا۔ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

marfat.com
Marfat.com

کہ اسے چچا جس کی امامت کی گواہی حجر اسود دے گا۔ خلیفۂ وقت اور امام زمان وہ ہے۔ اور اس بات کو قائم رکھتے ہوئے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اسے چچا پہلے تو خدا قادر مختار کی بارگاہ میں دعا کر کہ حجر اسود تیری امامت کی گواہی دے۔ اور جب محمد بن حنفیہ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ اور حجر اسود سے گواہی کا مطالبہ کیا۔ تو کوئی جواب نہ ملا۔ پھر محمد بن حنفیہ نے امام زین العابدین سے کہا۔ کہ تم بھی یہی عمل کرو۔ امام زین العابدین نے دعا کے بعد فرمایا۔ اسے حجر اسود اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور اوصیاء کے جس عہد و میثاق کو تیرے اندر رکھ کر تجھے مشرف فرمایا ہے۔ اس کے واسطے سے فصیح عربی زبان میں مجھے خبر دے۔ کہ امام حسین بن علی رضی اللہ عنہ کے بعد امیر المومنین کون ہے۔ جب امام زین العابدین نے یہ بات کہی۔ تو حجر اسود حرکت میں آیا۔ چنانچہ قریب تھا۔ کہ اپنی جگہ سے باہر آجائے۔ خدا قادر مختار نے اس میں قوت گویائی پیدا فرما دی۔ اور آواز آئی اسے خدائے سزاوار پرستش تحقیق کہ امامت بعد از حسین بعلی بن حسین رسیدہ است وامام اوست۔ یعنی اسے خدائے لائق عبادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد امامت بالتحقیق علی بن حسین (زین العابدین) کو پہنچ چکی ہے۔ اور امام وہ ہے۔ (تاریخ روضۃ الصفاء جلد سوم ص ۵۴۳)

**نوٹ:**

حوالہ بالا میں امامت کا منصوص من اللہ ہونا نظر آتا ہے۔ اور عہد میثاق کی تشریح و تفسیر پھر اس کی وجہ سے حجر اسود کا مشرف ہونا یہ وہ عقائد ہیں۔ جن پر اہل تشیع کے مسلک کی بنیاد قائم ہے۔ ان چند حوالہ جات سے صاحب روضۃ الصفاء کے نظریات و معتقدات کھل کر سامنے آگئے۔ جن سے یہ فیصلہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔ کہ یہ شخص ہرگز ہرگز اہل سنت میں سے نہیں ہے۔ بلکہ امامی شیعہ ہے۔ اب ہم دوسرے طریقہ کی طرف قلم اٹھاتے ہیں۔ یعنی کتب شیعہ میں صاحب روضۃ الصفاء کو کن لوگوں میں سے شمار کیا گیا۔

marfat.com
Marfat.com

# صاحب روضۃ الصفاء کا تشیع کتب شیعہ سے

## الذریعہ:

روضة الصفاء فی سیرة الانبیاء والملوك والخلفاء) فارسی لمحمد میرخواند بن خاوند شاه بن محمد السيد برهان الدين - وفي بعض النسخ محمد بن خاوند شاه ابن محمود خاوند شاه بن كمال الدين الخرارزمي الحسيني من نسل زيد بن على بن الحسين المتوفى ثانی ذی القعده ۹۰۳ عن ست و ستين سنة تاريخ كَبِيْرٌ فِى مُجَلَّدَاتٍ سِتَّةٍ وَكَانَ بِنَاؤُهُ التَّكْمِيْلُ بِالسَّبْعِ لٰكِنَّهُ اِبْتَلٰى بِالْمَرَضِ وَمَا تَمَكَّنَ مِنْهُ بَلْ اَلْحَقَ بِهِ السَّابِعَ وَلَدُهُ صَاحِبُ حَبِيْبِ السِّيَر تَذْيِيْلًا وَ تَكْمِيْلًا لَهُ وَبِالْجُمْلَةِ هُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰى اَحْوَالِ الْاَئِمَّةِ الْاِثْنٰى عَشَرَ اَيْضًا وَلِذَا اُحْتُمِلَ فِى الرِّيَاضِ كَوْنُهُ شِيْعِيًّا وَاسْتُظْهِرَ كَوْنُهُ مِنْ عُلَمَاءِ الْاِمَامِيَّةِ وَقَدْ طُبِعَ فِى بمبئی ۱۲۷۱ وَكَتَبَهُ فِى خانقاه خُلَاصَةُ الَّتِىْ بَنَاهَا لَهُ الوزير الامير على شير فِى اَيَّام

marfat.com

Marfat.com

مُصَاحَبَتِهٖ لَہٗ.... وَقَدْ اَخَذَ مِنْہُ وَلَدُہٗ غیاث الدین تَارِیْخَہُ الفَارِسِیَّ الْمَوْسُوْمَ (حبیب السیر) اَلَّذِیْ اَلَّفَہٗ للخواجة حبیب اللہ مِنْ رِّجَالِ دَوْلَۃِ الشاہ اسماعیل الصفوی فی ۹۲۷)

الذریعہ الی تصانیف الشیعہ ـ جلد ۱۱ ص ۲۹۶ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:**

روضۃ الصفاء فارسی زبان میں لکھی گئی ہے۔ اور اس کے مصنف کا نام محمد میر خواند بن خاوند شاہ یا محمد بن خواند شاہ خوارزمی حسینی ہے۔ جو امام زین العابدین کی نسل میں سے تھا۔ ۶۶ برس کی عمر میں ۹۰۳ھ مطابق دو ذی القعدہ میں اس نے انتقال کیا۔ اس کی یہ تاریخ چھ جلدوں پر مشتمل ہے ارادہ یہ تھا۔ کہ اسے سات جلدوں میں مکمل کرے گا۔ لیکن ساتویں جلد بیماری کی وجہ سے نہ لکھ سکا۔ یہ جلد اس کے مرنے کے بعد اس کے بیٹے غیاث الدین نے لکھ کر مکمل کی۔ مختصر یہ کہ یہ کتاب بارہ اماموں کے حالات بھی بیان کرتی ہے۔ اسی لیے ریاض العلماء میں اس کے مصنف کے شیعہ ہونے کا احتمال بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب ۱۲۷۱ھ میں بمبئی میں چھپی مصنف نے اس کا خلاصہ اس خانقاہ میں بیٹھ کر لکھا تھا۔ جو اس کے لیے وزیر امیر علی شیر نے تعمیر کروائی تھی۔ اس کے بیٹے غیاث الدین نے بھی ایک فارسی تاریخ بنام حبیب السیر لکھی۔ اور اس میں اپنے والد کی کتاب روضۃ الصفاء سے استفادہ کیا گیا۔ غیاث الدین نے یہ کتاب حبیب اللہ نامی شخص

marfat.com
Marfat.com

کے حکم پر لکھی تھی۔ جو شاہ اسماعیل صفوی کی حکومت ۹۲۷ھ کا ایک رکن تھا۔

**الکنی والالقاب:۔**

المیرخواند محمد بن خاوند شاہ بن محمود المورخ المطلع الماہر صاحب کتاب روضۃ الصفاء فی سیرۃ الانبیاء والملوک والخلفاء توفی سنہ ۹۰۳ھ وَاختصرہٗ ابنہٗ غیاث الدین خواند میر وسماہ حبیب السیر فی اخبار افراد البشر قال صاحب کشف الظنون وھی فی ثلاث مجلدات کبار من الکتب الممتعۃ المعتبرۃ اِلّا انّہٗ اطال فی وصف ابن حیدر ای شاہ اسماعیل الصفوی ابن السلطان حیدر الموسوی کما ھو مقتضی حال عصرہ وھو معذور فیہ تجاوز اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ عنہٗ۔

(الکنی والالقاب جلد سوم ص ۲۲۰ مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:۔**

میرخواند محمد بن خاوند شاہ مؤرخ اور ماہر علم تھا۔ روضۃ الصفاء اسی کی تصنیف ہے۔ جو ۹۰۳ھ میں اس نے لکھی۔ پھر اس نے لکھی۔ پھر اس کے بیٹے غیاث الدین خواند میر نے اس کا حبیب السیر کے نام سے خلاصہ لکھا۔ صاحب کشف الظنون نے کہا۔ کہ اس کی تین جلدیں ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

اور اس کا بہت نافع اور معتبر کتابوں میں شمار ہوتا ہے۔ ہاں اس نے اس کتاب میں ابن حیدر یعنی شاہ اسماعیل صفوی ابن سلطان حیدر موسوی کی بہت تعریف کی۔ لیکن یہ اس دور کا تقاضا تھا۔ اس لیے اللہ سے دعا ہے۔ کہ وہ اسے معاف کر دے۔

## نوٹ:۔

شاہ اسماعیل صفوی کے ایک خاص درباری حبیب اللہ کے ایماء پر صاحب روضۃ الصفاء کے بیٹے غیاث الدین نے حبیب السیر نامی خلاصہ تالیف کیا۔ جس کے بارے میں ہم گزشتہ صفحات میں تحقیق پیش کر چکے ہیں۔ کہ یہ کتاب اہل تشیع کی ہے یہی وجہ ہے۔ کہ دو الذریعہ۔ میں اسے اور اس کی اصل یعنی روضۃ الصفاء دونوں کو اپنے مسلک کی کتب کے طور پر متعارف کرایا۔ اور مزید یہ کہ اس کتاب میں جس شخص کے بے محابا تعریف کی گئی۔ وہ یعنی ابن حیدر موسوی ایسا شخص ہے جس نے شیعیت کا اپنے دور میں بہت پرچار کیا۔ کیونکہ وہ خود امامی شیعہ تھا۔ اس بارے میں حوالہ ملاحظہ ہو۔

## الکنی والالقاب:

صفی الدین اردبیلی...... تُوُفِّیَ ۷۳۵ھ فِیْ أَرْدَبِیْل وَدُفِنَ بِهَا وَدُفِنَ عِنْدَهٗ جَمَاعَةٌ كَثِيْرَةٌ مِنْ أَوْلَادِهٖ وَاَحْفَادِهٖ كَالشَّيْخِ صَدْرِ الدِّيْنِ والشيخ جنيد والسُّلْطَان حَيْدر وابنِهِ الشَّاه اسماعيل...... يُنْسَبُ إِلَيْهِ السَّلَاطِيْنُ الصَّفَوِيَةِ الَّذِيْنَ اِهْتَمُّوْا بِنَشْرِ اَعْلَامِ الدِّيْنِ وَتَرْوِيْجِ شِيْعَةِ امير المؤمنين عليه السلام

marfat.com
Marfat.com

اَوَّلُهُمْ الشَّاہ اِسْمَاعِیْل۔ اَلْاَوَّل ابن السلطان حیدر۔

(الکنی والالقاب جلد دوم ص ۴۲۲)

**ترجمہ:** صفی الدین اردبیلی ۷۳۵ھ میں فوت ہوا۔ اردبیل میں ہی دفنایا گیا۔ اور اس کے ساتھ اس کی اولاد اور خدام کثیر تعداد میں مدفون ہیں۔ جیسا کہ شیخ صدرالدین، شیخ جنید اور سلطان حیدر اور اس کا بیٹا شاہ اسماعیل۔ اسی صفی الدین کی طرف صفوی بادشاہ منسوب ہیں۔ یہی وہ بادشاہ ہوئے جنہوں نے اپنے اپنے دور میں دین شیعہ کی تبلیغ و نشر اشاعت کا اہتمام کیا۔ ان میں سے سب سے پہلا سلطان حیدر کا بیٹا شاہ اسماعیل ہے۔

## لمحہ فکریہ:

جس طرح صاحب روضۃ الصفا اپنی تحریرات کے آئینے میں امامی شیعہ ثابت ہوا تھا۔ اسی طرح کتب شیعہ جو صرف شیعہ مصنفین اور مورخین وغیرہ کی تاریخ بیان کرتی ہیں۔ اُن سے بھی یہی ثابت ہوا۔ کہ یہ شیعہ ہے۔ اور اس نے ان بادشاہوں کے دور میں اس کتاب کی تصنیف و تالیف کی۔ جس میں شیعیت کا کاری طور پر پرچار ہوتا تھا۔ ان حالات و واقعات کی روشنی میں کوئی عقل سے عاری ہی اسے سنی اور اس کی کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتاب کہہ سکتا ہے۔ شیعہ ہونے کی وجہ سے اس کی تحریرات ہم اہل سنت پر حجت ہرگز ہرگز نہیں بن سکتیں۔ غلام حسین نجفی وغیرہ نے خواہ مخواہ بیچارے کے مرنے کے بعد سنی کہہ دیا۔ اور اپنا اُلو سیدھا کرنے کی حماقت کی لیکن فراڈ اور فریب پر قائم عمارت تحقیق کی ایک ضرب کی برداشت نہ کر سکی۔ اور دھڑام سے زمین بوس ہو گئی۔ (فاعتبروا یا اولی الابصار)

marfat.com

Marfat.com

## ۱۵

# کتاب پانزدہم

## الاخبار الطوال مصنفہ ابوحنیفہ دینوری

"الاخبار الطوال" کے مصنف کا نام ابوحنیفہ دینوری ہے۔ اور اس کے شیعہ ہونے پر تمام کتب اہل تشیع متفق ہیں۔ لیکن تعصب اور عناد کا مارا غلام حسین نجفی اس کو شیعہ ماننے پر تیار نظر نہیں آتا۔ تعصب کی پٹی اگر اتار دی جائے۔ تو حقیقت نظر آنے کی امید کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ غلام حسین نجفی اسے سُنّی کہہ کر اور پھر اس کے حوالہ سے یہ ثابت کرتا ہے۔ کہ دیکھو اہل سنت بھی تسلیم کرتے ہیں۔ کہ شیعوں نے امام حسین رضی اللہ عنہ سے پوری پوری وفاداری کی ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

**ماتم اور صحابہ:**

**بنی ہاشم کے علاوہ کربلا میں کون شہید ہوا**

(اہل سنت کی معتبر کتاب الاخبار الطوال لابی حنیفہ الدینوری ص ۲۶۰)

**الاخبار الطوال:۔**

وَرَدَ عَلَيْنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَثَمَانِيَةَ عَشَرَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِمْ وَ سِتُّوْنَ رَجُلًا مِنْ شِيْعَتِهٖ۔

**ترجمہ:** یزید کو اس کے فوجی افسر نے بتایا۔ جس کا نام زحر بن قیس تھا

marfat.com

Marfat.com

(عراق میں) حسین بن علی وارد ہوئے۔ اٹھارہ آدمی اُن کے اپنے اہل بیت بنی ہاشم میں سے تھے۔ اور ساٹھ مردان کے ساتھ ان کے شیعہ میں سے تھے (ہم نے ان پر تیری بیعت کو پیش کیا۔ سب نے انکار کیا۔ ہم نے ان سب کو قتل کر دیا۔ اور ان کے جسم بغیر کفن کے کربلا میں چھوڑ آئے۔)

قارئین کرام اس روایت سے معلوم ہوا کہ شیعہ کربلا میں امام حسین رضی اللہ عنہ پر جاں نثار کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ چار یاری قاضی اور اس کا رفیق قادری شیعہ کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں۔ شیعہ تو پھر بھی امام کے ساتھ شہید ہوئے۔ آپ کسی کتاب کا حوالہ دیں۔ کہ چار یاری مذہب کا کوئی آدمی بھی یعنی سُنی عقیدہ رکھنے والا اولاد نبی پر جاں نثاری کرتے ہوئے کربلا میں شہید ہوا ہو۔　(ماتم اور صحابہ ص ۲۲۷، ۲۲۸)

## جواب:

"الاخبار الطوال" کی مذکورہ روایت کے بارے میں مفصل تحقیق ہم اسی کتاب میں لکھ چکے ہیں۔ جس میں ماتم اور صحابہ نامی نجفی کی کتاب کے ایک ایک استدلال کو ہم نے ہاتھوں ہاتھ لیا اس لیے اس بحث میں ہم اب نہیں پڑتے۔ بلکہ اپنے موضوع پر چلتے ہوئے ہمیں یہ ثابت کرنا ہے۔ کہ "الاخبار الطوال" کیسی اور کس مسلک کی کتاب ہے؟

## صاحب الاخبار الطوال ابو حنیفہ دینوری امامی شیعہ ہے

## آقا بزرگ شیعہ

### الذریعہ:

اَلْاَخْبَارُ الطِّوَالُ المطبوع لابی حنیفۃ الدینوری احمد بن داؤد من اہل دینور ........ وَمِنْ تَصْرِیْحِ اِبْنِ النَّدِیْمِ بِتَوْثِیْقِہٖ وَاَنَّ اَکْثَرَ اَخْذِہٖ مِنْ یعقوب بن اسحاق السکیت النحوی

marfat.com

Marfat.com

الشھید لتشیعہ وھو من ابناء الفرس یستظہر امامیتہ

(الذریعہ الی تصانیف الشیعۃ جلد اول ص۳۴۸ مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** "الاخبار الطوال" احمد بن داؤد ابو حنیفہ دینوری کی تصنیف ہے۔ جو دینور کا باشندہ تھا۔ اور ابن الندیم کی تصریح کے مطابق وہ ثقہ آدمی ہے۔ اور یہ بوجہ شیعہ ہونے کے اکثر و بیشتر یعقوب بن اسحاق سکیت نحوی سے استفادہ کرتا ہے۔ ابو حنیفہ ایرانی (فارسی) تھا۔ اور اپنا امامی شیعہ ہونا ظاہر کرتا تھا۔

## ابو حنیفہ دینوری کے شیعہ ہونے پر شیعہ علماء کے مزید فیصلے

### تنقیح المقال:

احمد بن داؤد الدینوری ابو حنیفۃ کان من اھل دینور...... وقد عنون لہ ابن الندیم وقال اخذ عن البصریین والکوفیین وکان معتنیا فی علوم کثیرۃ وثقۃ فیما یرویہ معروف بالصدق وعد لہ ستۃ عشر کتابا واقول ان کان امامیا کان من الثقات لتوثیق ابن الندیم۔

(تنقیح المقال جلد اول ص۶۰ باب احمد مطبوعہ تہران)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

ابو حنیفہ احمد بن داؤد دینور کا باشندہ تھا۔ اس کے بارے میں ابن ندیم نے کہا کہ اس نے بصری اور کوفی لوگوں سے علم حاصل کیا۔ اور بہت سے علوم میں مہارت تھی۔ روایات میں ثقہ ہے۔ اور صدق میں معروف ہے۔ تقریباً سولہ کتب کا مصنف ہے۔ اور میں (صاحب تنقیح المقال علامہ مامقانی) کہتا ہوں۔ کہ ابو حنیفہ دینوری امامی شیعہ ہے۔ تو ابن ندیم کی توثیق سے وہ واقعی ثقہ ثابت ہوتا ہے۔

**نوٹ:**

صاحب تنقیح المقال علامہ مامقانی نے ابن ندیم کے ثقہ کہنے کی وجہ سے ابو حنیفہ کو ثقہ کہا۔ اور صاحب الذریعہ نے کئی اور طریقوں سے اس کے تشیع کو ثابت کیا ہے۔ یہ انداز تحریر ظاہر کرتا ہے۔ کہ ابو حنیفہ دینوری امامی شیعہ تھا۔ باقی رہا ابن ندیم کا اس کی توثیق کرنا تو لگتے ہاتھوں ابن الندیم کے مسلک پر بھی بات ہو جائے۔ لہذا سنیئے۔

**الکنی و الالقاب:**

إِبْنُ النَّدِيْمِ۔ اَبُوْ الْفَرَجِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاق النَّدِيْمُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اَبِيْ يَعْقُوْبَ الْوَرَّاق النديم الْبَغْدَادِيْ اَلْكَاتِبُ الْفَاضِلُ الْخَبِيْرُ الْمُتَبَحِّرُ الْمَاهِرُ الشِّيْعِيُّ الْاِمَامِيُّ مُصَنِّفُ كِتَابَ الْفِهْرِسْتِ۔

(الکنی و الالقاب جلد اول صفحہ ۲۴۰ مطبوعہ تہران)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:** ابن ندیم۔ ابو الفرج محمد بن اسحاق الندیم جو ابن ابی یعقوب الوراق ندیم بغدادی کے نام سے مشہور ہے۔ کاتب، فاضل، عالم، ماہر اور امامی شیعہ تھا۔ فہرست نامی کتاب اسی کی تصنیف ہے۔

## لمحہ فکریہ:

"ابن ندیم" نے ابو حنیفہ دینوری کی توثیق کی تھی۔ اور اسی کی توثیق کا سہارا لیتے ہوئے علامہ مامقانی نے اسے ثقہ کہا۔ اب جبکہ یہ بات واضح ہو گئی۔ کہ ابن ندیم خود امامی شیعہ ہے۔ تو یہ بھلا کسی سنی کی توثیق کیونکر کرتا۔ اگر پھر مامقانی اس کی گردن پر بوجھ ڈال کر توثیق کا اقرار کیوں کرتا۔ مامقانی نے کہا تھا "اگر ابو حنیفہ شیعہ ہے" اب اگر مگر کی بات ختم ہو گئی۔ لہذا ثابت ہوا۔ کہ صاحب اخبار الطوال امامی شیعہ ہے۔ اسے سنی کہنا فریب ہے۔ اور اس سے بڑھ کر دجل اور فراڈ یہ کہ اس کی کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتب کے عنوان سے لکھنا ہے۔ اس کتاب کے مندرجات سے شیعہ اگر اپنے عقائد ثابت کرتے ہیں۔ تو کون سی تعجب کی بات ہے۔ یہ تو یوں ہی ہو گا۔ کہ دیکھو! الصافی یا الکافی میں مسلک شیعہ کی یوں تائید موجود ہے۔ آخر ان میں شیعیت کا ثبوت نہ ہو گا۔ تو اور کن کتابوں سے پیش کیا جائے گا۔

فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ

marfat.com

Marfat.com

# کتاب شانزدھم

## روضۃ الشہداء مصنفہ ملا حسین کاشفی

شیعہ مسلک کی تصانیف میں سے روضۃ الشہداء بھی ایک ہے۔ اس کے مصنف کا نام ملا حسین بن علی واعظ کاشفی ہے۔ اس میں بھی اہل سنت کے اکابر اور ان کے مسلک پر گھناؤنے انداز میں اعتراض کیے گئے۔ غلام حسین نجفی نے دیرینہ مکاری سے کام لیتے ہوئے اسے بھی اہل سنت کی معتبر کتاب کہا۔ اور پھر اس کتاب کے ذریعہ اہل سنت پر کافی اعتراضات کیے۔ حوالہ کے لیے نجفی کی کتاب قول مقبول کا اقتباس پیش خدمت ہے۔

**قول مقبول:** حضرت علی علیہ السلام کا نکاح اللہ تعالیٰ نے عرش اعظم پر بھی فرمایا تھا

**روضۃ الشہداء:**

درکتب خوارزمی دراں باب حدیث طویل واقعہ شدہ خلاصہ ہمہ آنکہ جبریل بنزدیک حضرت رسالت آمد۔ وقدرے از سنبل وقرنفل بہشت بیاورد۔ نبی کریم فرمود کہ جبریل سبب آوردن ایں قرنفل چیست؟..........

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ:

ایک روز جبریل نبی کریم کے پاس آئے۔ سنبل اور لونگ بہشت سے لائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا۔ کہ یہ چیزیں آپ کیوں لائے ہیں۔؟ جبریل نے عرض کی۔ کہ اللہ تعالیٰ نے بہشت کو آرائش اور زیبائش کا حکم دیا ہے۔ اور درخت طوبےٰ کو بھی اور حوران جنت کو بھی طرح طرح کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہونے کا حکم دیا ہے۔ اور فرشتوں کو فرمایا ہے۔ کہ وہ بیت المعمور کے اطراف میں جمع ہوں۔ اور وہاں نور کا ایک منبر ہے۔ جس پر حضرت آدم ؑ نے پیدائش کے بعد فرشتوں کے سامنے خطبہ پڑھا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے راحیل فرشتے کو حکم دیا ہے۔ کہ وہ اس منبر پر جا کر خطبہ پڑھے۔ اور اس سے زیادہ میٹھی آواز والا فرشتوں میں سے اور کوئی بھی نہیں۔ پس راحیل نے میٹھی آواز سے اللہ کی حمد و ثناء کا اس شان سے خطبہ پڑھا۔ کہ تمام اہل آسمان خوشی سے جھومنے لگے۔ پھر راحیل کو حکم ہوا۔ کہ میرے حبیب کی بیٹی، حضرت فاطمۃ زہرا کا جناب علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکاح پڑھے۔ راحیل نے نکاح پڑھا۔ فرشتے گواہ بنے۔ اور دیوان قضا کے کلرک اس نکاح کے کاتب بنے۔ پھر جبریل نے ایک ٹکڑا ریشم کا جناب رسالتمآب کو دکھایا۔ اور عرض کی۔ نکاح کی پوری روئیداد اس میں تحریر ہے۔ اور میں حکم پروردگار سے آپ کو دکھاتا ہوں۔ اور میں نے اس پر کستوری کی مہر لگائی ہے۔ اور میں نے تحریر رضوان خادم بہشت کے سپرد کر دی ہے۔ (اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الشہداء ص ۱۲۹ باب چہارم۔)

(قول مقبول فی اثبات وحدۃ بنت الرسول تصنیف غلام حسین نجفی ص ۱۱۵ تا ۱۱۸)

marfat.com
Marfat.com

## جواب:

''روضۃ الشہداء'' کے حوالہ مذکورہ سے غلام حسین نجفی نے جہاں اہل بیت کرام کے بارے غلو سے کام لیا۔ وہاں اس نے یہ بھی خرافات کہیں۔ دیکھو حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے علاوہ اگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی بیٹی اور بھی ہوتی تو ان کے نکاح بھی اسی شان و شوکت سے ہوتے۔ لہٰذا انہوں نے ام کلثوم اور رقیہ نامی جن دو لڑکیوں کا ذکر کیا۔ اور جن کی یکے بعد دیگرے حضرت عثمان غنی سے شادی ہوئی۔ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی بیٹیاں ہرگز نہ تھیں۔ دیکھو اگر یہ بھی سگی بیٹیاں ہوتیں۔ تو روضۃ الشہداء میں ان کے بارے میں بھی مذکور ہوتا۔ کہ ان کا نکاح بھی آسمانوں پر ہوا۔ اور راحیل فرشتے نے پڑھا وغیرہ وغیرہ حالانکہ روضۃ الشہدا اہل سنت کی معتبر کتاب ہے۔ تو جب اس معتبر سنی کتاب میں ان کا تذکرہ اس انداز سے نہیں۔ تو معلوم ہوا۔ کہ سنی بھی ان دونوں کو حضور کی حقیقی بیٹیاں تسلیم نہیں کرتے آیئے ذرا غلام حسین نجفی کی اس مکاری کی بھی خبر لیں۔ اور تحقیق پیش کریں۔ کہ روضۃ الشہداء کس کی کتاب ہے۔ اور اس کے مصنف کا مسلک کیا تھا؟

## صاحب روضۃ الشہداء ملاں حسین کاشفی شیعہ ہے
## شیعہ علماء کا فیصلہ

### الذریعہ:

روضۃ الشہداء فارسی مُلمّعٌ للمولی الواعظ الحسین بن علی الکاشفی البیہقی المتوفی حدود ۹۱۰ مُرتَّبٌ علی عَشرۃِ اَبوابٍ وَّخاتِمۃٍ

marfat.com

Marfat.com

فِیْهَا ذِکْرُ اَوْلَادِ السِّبْطَیْنِ وَجُمْلَةٍ مِّنَ السَّادَاتِ۔۔
وَقَدْ طُبِعَ روضة الشهداء فِی لاهور ۱۲۸۷ و بمبئی ۱۳۳۱ و طهران ۱۳۳۳۔
(الذریعة الی تصانیف الشیعه جلد نمبر ۱۱ ص ۲۹۴ تا ۲۹۵)

**ترجمہ**: روضۃ الشہداء فارسی میں ہے۔ اور اس کے مصنف کا نام حسین بن علی کاشفی واعظ ہے۔ جس کا ۹۱۰ میں انتقال ہوا۔ یہ کتاب دس ابواب پر مشتمل ہے۔ اور ایک خاتمہ بھی۔ ان میں حسن و حسین کی اولاد اور دیگر سادات کا تذکرہ ہے۔ یہ کتاب لاہور میں ۱۲۸۲، بمبئی میں ۱۳۳۱ اور طہران میں ۱۳۳۲ میں چھپی۔

## توضیح:

جیسا کہ بارہا ذکر کیا جا چکا ہے۔ کہ الذریعہ نامی شیعہ تصنیف کا مقصد تالیف یہی تھا۔ کہ تمام شیعہ مصنفین کی کتابوں کو یکجا جمع کر دیا جائے۔ اور ان کے مصنفین کے حالات و واقعات درج ہوں۔ اس لیے اس میں کسی ایسی کتاب کا تذکرہ ہرگز نہ ملے گا۔ جو اہل تشیع کے نظریات و معتقدات پر مشتمل نہ ہو۔ الذریعہ میں جب روضۃ الشہداء کا تذکرہ موجود ہے۔ تو اس سے صاف ظاہر کہ یہ کتاب اہل سنت کی نہیں بلکہ اہل تشیع کی ہے۔

## الکنی والالقاب:

الکاشفی العالم الفاضل المولی حسین بن علی البیهقی السبزواری واعظ جامعٌ لِلعلوم الدِّینیة مُفَسِّرٌ مُحَدِّثٌ مُتَبَحِّرٌ خَبِیْرٌ کَانَ زَوْجَ اُخْتِ المولی

marfat.com
Marfat.com

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ جَامِیْ لَهٗ مُصَنَّفَاتٌ کَثِیْرَةٌ مِنْهَا جَوَاهِرُ التَّفْسِیْرِ وَمُخْتَصَرُهٗ......وروضة الشهداء وَغَیْرُ ذَالِكَ وَمِنْ اَشْعَارِهٖ قَصِیْدَةٌ فِیْ مَنَاقِبِ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ علیه السلام مِنْهَا هٰذَانِ الْبَیْتَانِ

ذریتی سوال خلیل خدا بخواں وازلا ینال عہد جوابش بکن ادا

گردد ترا عیاں کہ امامت نہ لائق است آنرا کہ بردہ بیشتر عمر در خطا

وَهٰذَا یَدُلُّ عَلٰی تَشَیُّعِهٖ تُوُفِّیَ بِهَرَاة فِی حدود سنة ۹۱۰-

(الکنی والالقاب جلد سوم ص ۱۰۵ مطبوعہ تہران طبع جدید۔)

ترجمہ: ملا حسین بن علی بیہقی سبزواری الکاشفی بہت بڑا عالم فاضل تھا۔ دینی علوم کا جامع، مفسر، محدث اور باخبر عالم تھا۔ مولانا عبدالرحمٰن جامی کا بہنوئی ہے۔ اس کی بہت سی تصانیف میں ان میں سے جواہر التفسیر اور اس کا خلاصہ ہے۔ اور روضۃ الشہداء بھی اسی کی تصنیف ہے۔ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کے مناقب میں اس نے قصیدہ کہا۔ جس کے دو شعر یہ ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے اپنی اولاد میں امامت کا سوال کیا۔ تو جواب ملا کہ یہ منصب ظالموں کو نہیں مل سکتا۔

اس سے تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ منصب امامت ان لوگوں کو نہیں مل سکتا جن کی عمر کا اکثر حصہ اسلام میں نہ گزرا ہو۔ یہ اشعار ملا حسین کاشفی کے شیعہ ہونے کی دلیل ہیں۔ اس کا سنہ ۹۱۰ھ

marfat.com

Marfat.com

یں بمقام ہرات انتقال ہوا۔

## لمحہ فکریہ :-

الذریعہ اور الکنی والالقاب کے حوالہ جات سے صاحب روضۃ الشہداء کا شیعہ ہونا ظاہر و باہر ہو گیا۔ خصوصاً شیخ عباس قمی نے اس کی شیعیت کی تصریح جس عقیدے اور نظریئے پر کی۔ وہ اہل تشیع کا متفق علیہ عقیدہ ہے۔ یعنی حضرات ائمہ اہل بیت کا معصوم عن الخطاء ہونا۔ اور اس کے ساتھ قرآنی آیات سے حضرت ابراہیم کے واقعہ کے ضمن میں اس نے یہ بھی ثابت کیا۔ کہ ظالم اور خطا کار اور کفر کی زندگی گزار کر مسلمان ہونے والے منصب امامت کے ہرگز لائق نہیں ہو سکتے جس کا مطلب یہ ہے۔ کہ خلفائے ثلاثہ کی خلافت برحق نہ تھی۔ کیونکہ اہل تشیع کے نزدیک ان کا قبل از اسلام زمانہ بت پرستی میں گزرا۔ اگرچہ ان کا یہ کہنا غلط ہے لیکن ان کے نزدیک جب ان تین خلفاء کا زمانہ قبل از اسلام شرک و بت پرستی میں کا دور تھا۔ تو ایمان لانے کے بعد یہ معصوم ہرگز نہ ہوئے۔ اور امام بنص قرآنی معصوم ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ تینوں حضرات منصب امامت پر زبردستی متمکن رہے اور انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا حق خلافت و امامت غصب کر رکھا تھا۔ اس عقیدہ کی بنا پر جو صاحب روضۃ الشہداء کے اشعار سے ظاہر ہے اہل تشیع کے ایک بڑے جگادری نے اس کی شیعیت پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔ ان تصریحات و شواہد کے ہوتے ہوئے نجفی جمتی وغیرہ کا اسے سنی اور اس کی تالیف روضۃ الشہداء کو " اہل سنت کی معتبر کتاب " کے عنوان سے پیش کرنا کس قدر فریب ہے۔ دراصل نجفی نے شیعہ لوگوں کو خوش کرنے کے لیے یہاں تک قسم اٹھا رکھی ہے۔ کہ میں تمہارے عقائد

marfat.com
Marfat.com

کو ثابت کر کے چھوڑوں گا۔ چاہے مجھے بے ایمان ہی کیوں نہ بننا پڑے۔ اور چاہے مجھے اگلے بڑوں کو کتا اور خنزیر ہی کیوں نہ کہنا پڑے۔ کیونکہ شیعہ مسلک میں سنی معاذ اللہ کتے اور سور سے بھی بُرا ہوتا ہے۔ اور آپ نے اس سے پہلے معتبر کتب شیعہ کے شواہد سے بھی پڑھ لیا ہے۔ کہ ملا حسین کاشفی شیعہ ہے اور شیعہ علماء نے اسے تسلیم کیا ہے۔ کہ ہمارا پکا شیعہ اور مستند عالم ہے اسی لیے بڑے بڑے علماء شیعہ نے صاحب ناسخ التواریخ علماء نے اس کی کتاب شواہد النبوۃ کو مستند سمجھتے ہوئے اس کے حوالہ جات دیئے لہٰذا یاد رہے کہ روضۃ الشہداء کا مصنف ملا حسین کاشفی وہ شخص ہے۔ جو واقعہ کربلا کے متعلق من گھڑت واقعات و روایات لکھنے والا پہلا مصنف ہے۔ بعد میں جس قدر شیعہ سنی کتب میں رونے رلانے والے واقعات اور واقعہ کربلا کو رنگین بنانے کے لیے جو روایات موجود ہیں۔ ان سب نے اسے کاشفی سے نقل کیں جہاں تک اس کے شیعہ ہونے کا معاملہ ہے۔ وہ تو ہم نے شیعوں کی ان مستند کتابوں سے ثابت کر دیا ہے۔ جن کا موضوع ہی یہ تھا کہ کون کون سے مصنف شیعہ ہیں ان کی کون کون سی کتابیں ہیں۔ امام مسلم کے بچوں کا واقعہ جب صاحب ناسخ التواریخ شیعہ نے لکھا۔ تو اس بات کا صاف اقرار کیا۔ کہ یہ واقعہ "روضۃ الشہداء" کے علاوہ کسی اور مستند کتاب میں مجھے نہ ملا۔ میں اسے اسی کتاب سے نقل کر رہا ہوں۔ اسی طرح دورِ حاضر کے ایک سنی مصنف مفتی حبیب اللہ سیالکوٹی نے "فاطمہ کا لال" نامی اپنی تصنیف میں بعض جگہ "روضۃ الشہداء" کا حوالہ دیا ہے۔ کاشفی کے شیعہ ہونے کے بعد اب ہم اس کی کتاب روضۃ الشہداء سے اس کے کذاب ہونے اور غم اہل بیت کے بارے میں واقعات و روایات میں چند من گھڑت واقعات کو نقل کر رہے ہیں۔ تاکہ قارئین کرام یہ جان سکیں۔ کہ یہ مصنف کیسا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

نوٹ :-

روضۃ الشہداء اصل فارسی بھی اگرچہ ہمارے پاس ہے۔ اور اس کی اصل عبارت بمعہ ترجمہ نقل کی جاسکتی تھی لیکن ہم نے اس کا صرف وہی ترجمہ پیش کیا ہے جو صائم نعت خواں نے کیا ہے۔ یہ اس لیے مناسب سمجھا۔ کہ ملا حسین کاشفی اور صائم نعت خواں دونوں ایک ہی مسلک کے پیرو ہیں۔ اس سے دونوں کا مسلک بھی معلوم ہو جائے گا۔ اور ہم اپنی بات بھی کرسکیں گے۔ اور طوالت سے بھی بچ جائیں گے۔ لہٰذا درج ذیل روضۃ الشہداء کی فوٹو کاپی لف کی جارہی ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

# غمِ اہلبیت کی ایک تصویر

## واقعہ اوّل:

: روضۃ الشہداء فارسی باب ہشتم ص ۲۰۲ روضۃ الشہداء مترجم جلد دوم ص ۳۶۴۔ پر یوں موجود ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارک نے اہلبیت کی مظلومی و محرومی اور رنجوری و مجبوری کا واقعہ اس طرح بیان کیا ہے کہ ایک وقت میں حرم کی حاضری کیلئے توکل بخدا اکیلا ہی صحرا میں جارہا تھا کہ اچانک میں نے بارہ تیرہ سال کی عمر کے ایک شہزادے کو دیکھا کہ وہ تنہا اور پاپیادہ چلا جارہا ہے اس شہزادے کے گیسو سیاہ اور چہرہ چاند کی طرح تھا۔ میں نے کہا سبحان اللہ اس صحرا میں یہ کون شخص ہے۔

این کیست این، این کیست این، این یوسف ثانیست این
یا خود سبحانیست این یا فیض سبحانیست این!
این نکتہ و رحمت را نگر در ساحت این بادیہ
خضر است والیاس این مگر یا آب حیوانیست این

marfat.com

Marfat.com

میں نے آگے بڑھ کر سلام عرض کیا تو اُنہوں نے جواب عطا فرمایا۔

میں نے پوچھا! آپ کون ہیں؟

فرمایا! میں عبداللہ یعنی خدا کا بندہ ہوں۔

میں نے کہا! آپ کہاں سے آئے ہیں۔؟

فرمایا! من اللہ یعنی اللہ کی طرف سے آیا ہوں

میں نے کہا! آپ کو کہاں جانا ہے؟

فرمایا! الی اللہ یعنی خدا کی طرف جانا ہے

میں نے کہا! آپ کیا چاہتے ہیں؟

فرمایا! رضاء اللہ یعنی میں اللہ تعالےٰ کی خوشنودی چاہتا ہوں۔

میں نے کہا! آپ کا زادِ راہ اور سواری کہاں ہے؟

فرمایا! میرا زادِ راہ توشہ تقویٰ ہے، اور میری سواری میرے دونوں پاؤں ہیں،

میں نے کہا! یہ خوفناک بیابان ہے، اور آپ نو رسیدہ اور چھوٹی عمر کے ہیں، آپ کیا کریں گے؟

فرمایا! تو نے کسی ایسے شخص کو دیکھا ہے جو کسی کی زیارت کی طرف متوجہ ہو اور وہ شخص اسے بے بہرہ اور محروم کر دے۔

میں نے کہا! اگرچہ آپ کی عمر چھوٹی ہے، مگر بات بہت بڑی کی ہے۔ آپ کا نام کیا ہے۔؟

فرمایا! اے ابن مبارک مصیبت زدگان روزگار کا کیا پوچھتے ہو، اور اُن کے نام سے کیا نشان تلاش کرو گے؟

marfat.com

Marfat.com

منم در عشق بیدلے ناتوانے نہ اسے نہ رہے نہ جیسے نہ جانے

ضعیفے، نحیفے، عشق راحریفے بصورت حنیفے بمعنے گرانے

میں نے کہا! اگر آپ نام نہیں بتانا چاہتے تو خدا کے لئے یہی بتادیں کہ آپ کس قوم اور قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں؟

اُنہوں نے دل پُر درد سے آہ سرد کھینچی اور فرمایا! نَحۡنُ قَوۡمٌ مَظۡلُوۡم۔ یعنی ہم ستم رسیدہ لوگ ہیں۔

نَحۡنُ قَوۡمٌ مَطۡرُوۡدِیۡن۔ یعنی ہم بے وطن اور غریب الدیار قوم سے ہیں،

نَحۡنُ قَوۡمٌ مَقۡهُوۡرُوۡن۔ یعنی ہم اس قوم سے ہیں جس پر قہر و غضب توڑا گیا۔

میں نے کہا! میں کچھ نہیں جان سکا۔ آپ اپنے بیان میں اضافہ فرمائیں۔

اُنہوں نے چند شعر پڑھے، جن کا مضمون یہ ہے۔

ہم آنے والوں کو حوض کوثر سے پانی پلانے والے ہیں"

نجات پانے والا شخص ہمارے وسیلہ کے بغیر مراد کو نہیں پہنچے گا، جو شخص ہم سے دوستی رکھے گا ہرگز بے بہرہ نہیں رہے گا، اور جو ہمارا حق غصب کرے گا قیامت کے دن ہمارے لئے اور اُس کے لئے محکمۂ جزاء کی وعدہ گاہ ہوگی۔ اُنہوں نے یہ بات کی اور میری نگاہوں سے غائب ہوگئے، میں نے بہت تاسف کیا کہ میں اُنہیں نہ جان سکا کہ وہ کون تھے۔

جب میں مکۂ معظمہ میں پہنچا تو ایک دن طواف میں لوگوں کا ایک گروہ دیکھا جس

marfat.com
Marfat.com

نے ایک شخص کو حلقے میں لے رکھا تھا، اور بہت سے لوگ اُس کے قدموں میں کھڑے تھے، میں جب اُن کے سامنے ہوا تو دیکھا کہ یہ وہی صاحبزادے ہیں اور لوگ اُن کے اِرد گرد جمع ہو کر حلال و حرام کے مسائل اور قرآن و حدیث کے دقائق پوچھ رہے ہیں، اور وُہ زبانِ فصیح اور بیانِ بلیغ سے اُن کی مشکلات کی گرہیں کھول رہے ہیں، میں نے کہا یہ کون ہیں؟ لوگوں نے کہا، افسوس ہے تو انہیں نہیں جانتا، یہ وُہ ہیں جنہیں وادیِ مکہ کے سنگریزے بھی پہچانتے ہیں یہ آلِ عبا کے آدم، شہیدِ کربلا کے قرۃ العین، علی بن حسین امام زین العابدین علیہما السلام ہیں عبداللہ بن مبارک نے یہ بات سنی تو آگے بڑھ کر امام عالی مقام کے مبارک ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا، اور روتے ہوئے کہا، اے رسول اللہ کے بیٹے آپ نے مظلومی و مقہوری اہلبیت کی مہجوری کے بارے میں جو فرمایا ہے وُہ درست ہے اِس اُمت میں کسی جماعت کو وُہ مصیبت نہیں پہنچی جو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہلبیت کو پہنچی ہے، ہر رات اور دن کو رنج و تعب اُن کے قریب ہوتے اور ہر دم کے ساتھ وُہ درد و الم کے ہم نشین ہوتے اگر قبا پہنتے تو اُس میں قہر کا بخیہ ہوتا اگر لقمہ کھاتے تو اُس میں مصیبتوں کا زہر ہوتا۔

## عبداللہ بن مبارک کی امام زین العابدین سے ملاقات اور پھر غم کی تصویر

قارئین کرام! آپ نے مذکورہ واقعہ پڑھا جس کا تانا بانا اس پر رکھا گیا کہ

marfat.com
Marfat.com

حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ اور امام زین العابدین کی کسی جنگل میں ملاقات ہوئی اس وقت امام زین العابدین کی عمر بارہ تیرہ سال کے لگ بھگ تھی۔ عبداللہ بن مبارک نے ہر طریقے سے معلوم کرنا چاہا۔ کہ یہ لڑکا کون ہے لیکن اس کی مظلومیت کے سوا اور کچھ نہ جان سکے۔ اور اس کی مظلومیت نے آپ کو حیران پریشان کر دیا۔ لہٰذا ثابت ہوا۔ کہ جن کی مظلومیت پر عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ ایسے شخص پریشان ہو گئے۔ اُن کی مظلومیت پر آنسو بہانا اور غم و پریشانی کا اظہار ایک مستحسن امر ہے۔ اور اہل بیت سے محبت کی ایک علامت ہے۔

اس واقعہ سے ہٹ کر ہم اہل سنت سیدنا امام عالی مقام اور خاندان اہل بیت سے محبت کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ کہ اگر امام عالی مقام کے مبارک قدموں سے لگی مٹی آنکھوں میں ڈالنے کا موقعہ میسر آجائے۔ تو یہ ہمارے لیے باعث فخر ہوگا۔ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ اقدس پر چڑھنے والی شخصیت کی طرف منسوب کوئی چیز مل جائے۔ تو اُسے حرزِ جان و ایمان سمجھتے ہوئے قبر میں اپنے ساتھ لے جائیں۔ خارجیوں کی طرح ہم دشمنانِ اہل بیت نہیں ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم یہ بھی ایمان رکھتے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پاک کے مطابق اگر کوئی غلط بات آپ کی طرف منسوب کرتا ہے۔ تو وہ جہنمی ہے۔ فقیر اپنی تصنیف فقہ جعفریہ جلد سوم میں شیعوں کے ایک بہت بڑے عالم شیخ عباس قمی کی عبارت نقل کر چکا ہے۔ کہا۔ کہ مجالسِ حسین میں اکثر جھوٹے واقعات و روایات بیان کی جاتی ہیں۔ ان بابرکت محافل میں جھوٹا واقعہ بیان کرنا اپنی حقیقی ماں سے ستر بار زنا کرنے سے بدتر ہے۔ اب آئیے ملا حسین کاشفی کے ذکر کردہ واقعہ کی طرف کہ اس میں کتنی صداقت ہے؟

marfat.com
Marfat.com

# کیا عبداللہ بن مبارک اور حضرت امام زین العابدین کی ملاقات ہوئی؟

شیعہ سنی دونوں کی طرف کتب اس بات کی شاہد ہیں۔ کہ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی ولادت ۳۸ھ میں اور وصال ۹۵ھ میں ہوا۔ اور حضرت عبداللہ بن مبارک کی پیدائش ۱۱۸ھ میں اور انتقال ۱۸۱ھ میں ہوا۔ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی کل عمر ستاون برس ہوئی۔ دونوں حضرات کی پیدائش و وصال شیعہ سنی دونوں طرف کی کتب متداولہ مشہورہ سے ملاحظہ فرمائیں۔

## الکنی والالقاب:۔

ابن المبارک ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن المبارک المروزی العالم الزاہد العارف المحدث...... مولدہ بمرو ۱۱۸ھ ووفاتہ بہیت ۱۸۱ھ۔

(الکنی والالقاب جلد اول ص ۴۰۰ تذکرہ ابن المبارک)

**ترجمہ**: ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن مبارک مروزی رضی اللہ عنہ بہت بڑے عالم، زاہد اور محدّث تھے۔ ان کی پیدائش مقام مرو میں ۱۱۸ھ میں اور ان کا وصال ۱۸۱ھ میں مقام ہیت ہوا۔

## تاریخ الائمہ:

آپ حضرت سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کے صاحبزادے اور شیعوں کے چوتھے امام ہیں۔ بنا بر قول جناب شیخ مفید و شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ ۱۵/ جمادی الاولیٰ ۳۶ھ کو مدینہ میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی

marfat.com
Marfat.com

دو سال چند ماہ تک جد بزرگوار حضرت امیرالمؤمنین کی آغوش عاطفت میں پرورش پائی۔ پھر ۵۰ ہجری تک عم معظم اور بزرگوار کے ہمراہ اور ۱۰ محرم ۶۱ھ تک محض والد ماجد کے ساتھ رہے۔ اور واقعہ کربلا کے بعد خاندان رسالت کے سردار اور شیعوں کے ظاہری امام قرار پائے ۳۴ سال مشغول ہدایت وارشاد ناس رہ کر ۲۵ محرم ۹۵ھ اور عیسوی ۷۱۴ء طرف عالم جاودانی کے رحلت فرمائی۔ (تاریخ الائمہ باب چہارم ص ۲۸۲ حالات امام زین العابدین)

## کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ:

فَاَمَّا وِلَادَتُهٗ فَبِالْمَدِيْنَةِ فِي الْخَمِيْسِ الْخَامِسِ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِيْنَ ............ وَاَمَّا عُمْرُهٗ فَاِنَّهٗ مَاتَ فِيْ ثَامِنِ عَشَرَةَ الْمُحَرَّمِ مِنْ سَنَةِ اَرْبَعٍ وَتِسْعِيْنَ وَقِيْلَ خَمْسٍ وَتِسْعِيْنَ وَقَدْ تَقَدَّمَ ذِكْرُ وِلَادَتِهٖ فِيْ سَنَةِ ثَمَانٍ وَثَلَاثِيْنَ فَيَكُوْنُ عُمْرُهٗ سَبْعٌ وَخَمْسُوْنَ سَنَةً۔

(کشف الغمہ فی معروفۃ الائمۃ جلد دوم ص ۷۲ ذکر الامام الرابع ابو الحسن علی بن حسین مطبوعہ تبریز)

**ترجمہ:** امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی ولادت مدینہ منورہ میں جمعرات پانچ شعبان المعظم ۳۸ھ کو ہوئی۔ آپ نے چونکہ آٹھویں محرم

marfat.com
Marfat.com

۹۴ھ یا ۹۵ھ میں وصال فرمایا۔ اس لیے آپ کی کل عمر ستاون برس ہوئی۔

## البدایۃ والنہایہ:۔

وَقَدْ اِخْتَلَفَ اَهْلُ التَّارِيْخِ فِي السَّنَةِ تُوُفِّيَ فِيْهَا عَلِيُّ ابْنُ الْحُسَيْنِ زَيْنُ الْعَابِدِيْنَ. فَالْمَشْهُوْرُ عَنِ الْجَمْهُوْرِ اَنَّهُ تُوُفِّيَ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ اَعْنِيْ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِيْنَ فِيْ اَوَّلِهَا عَنْ ثَمَانٍ وَخَمْسِيْنَ سَنَةً وصلى عليه بالبقيع ودفن به۔

(البداية والنهاية جلد ۹ ص ۱۱۳ ذکر علی بن حسین مطبوعہ بیروت)

ترجمہ:۔ مؤرخین کا اختلاف ہے۔ کہ امام زین العابدین کس سال فوت ہوئے۔ جمہور سے مشہور یہ ہے۔ کہ آپ نے ۹۴ھ میں انتقال فرمایا اس طرح آپ کی کل عمر اٹھاون برس ہوئی۔ نماز جنازہ جنت البقیع میں ادا کی گئی۔ اور وہیں دفنائے گئے۔

**تذکرۃ الحفاظ:** عبد الله بن المبارك بن واضح الامام الحافظ العلامة شيخ الاسلام وفخر المجاهدين قدوة الزاهدين...... ولد سنة ثمانى عشرة ومائة............ ومات ابن المبارك بهيت فى رمضان سنة احدى وثمانين

marfat.com

Marfat.com

و ۱۸۱ھ رحمۃ اللہ علیہ۔

(تذکرۃ الحفاظ جلد اول ص ۲۵۶ تذکرۃ عبداللہ بن المبارک۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ بہت بڑے امام، حافظ اور علام ہونے کے علاوہ شیخ الاسلام، فخر المجاہدین اور قدوۃ الزاہدین تھے۔ آپ ایک سو اٹھارہ ہجری ۱۱۸ھ میں پیدا ہوئے......... اور مقام ہیت پر رمضان شریف ۱۸۱ھ میں انتقال فرمایا۔

قارئین کرام! دونوں طرف کی کتب سے آپ نے امام زین العابدین اور عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہما کی تاریخ ولادت و انتقال ملاحظہ فرمائی۔ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی وفات میں ایک سال کا اختلاف ہے۔ کہ وہ ۹۴ھ میں یا ۹۵ھ میں ہوئی۔ ہم ۹۵ھ میں تسلیم کر لیتے ہیں کیونکہ حضرت عبداللہ بن مبارک کے بارے میں ولادت و انتقال کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اب دونوں حضرات کی دونوں تاریخوں کا موازنہ کریں۔

امام زین العابدین کی ولادت ۳۸ھ ، عبداللہ بن المبارک کی ولادت ۱۱۸ھ

امام زین العابدین کی وفات ۹۵ھ ، عبداللہ بن المبارک کی وفات ۱۸۱ھ

گویا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے وصال کے ۲۳ سال بعد حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ کی پیدائش ہوتی ہے۔ اور جب امام زین العابدین کی عمر شریف بارہ تیرہ برس ہوگی۔ تو اس وقت ابھی عبداللہ بن مبارک کی پیدائش کو ۶۸ سال پڑے تھے۔ لہٰذا ۶۸ سال بعد میں پیدا ہونے والا بوڑھا نظر آ رہا ہے اور ۶۸ سال پہلے پیدا ہونے والا تیرہ سال کا لڑکا نظر آ رہا ہے۔ اب آپ

marfat.com

Marfat.com

حضرات نے بخوبی جان لیا ہو گا۔کہ واقعہ مذکورہ کی کیا حقیقت ہے۔حضرت عبداللہ بن المبارک رضی اللہ عنہ "امیر المؤمنین فی الحدیث" کے بارے میں ایک واقعہ گھڑا گیا، اور گھڑ کر کیسے ایک جھوٹ بن گیا۔اس واقعہ کو رنگینی کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔اور غم اہل بیت سے لوگوں کو گرما کر آنسو بہائے جاتے ہیں۔کس قدر یہ فریب ہے؟ اور افسوس ان سینوں پر ہے جو ایسی انہونی باتوں کو اپنی کتابوں میں نقل کرتے ہیں۔اور ان واعظین پر حیف جو مزے لے لے کر یہ جھوٹ بیان کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ سچ اور جھوٹ کے مابین امتیاز کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

## واقعہ دوم:-

## امام حسین رضی اللہ عنہ کی چار سالہ بچی کا غم اور الم کی حالت میں

## دربار یزید میں وفات پانا

روضۃ الشہداء فارسی ص ۴۶۷ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ۔ روضۃ الشہداء مترجم ص ۴۲۷۔

### شہزادی حسین علیہ السلام کا وصال:

کنز الغرائب میں روایت آئی ہے کہ یزید نے اہلبیت کو محل کے اندر جگہ دے رکھی تھی اہلبیت کے ساتھ امام حسین علیہ السلام کی ایک چار سالہ صاحبزادی تھی، جس کے متعلق آپ بہت زیادہ محبت فرماتے تھے، اور وہ بھی اپنے ابا جان سے انتہائی محبت کرتی تھیں جب آپ کے ابا جان شہید ہو گئے تو آپ پوچھا کرتیں میرے بابا کہاں ہیں؟ اہلبیت انہیں کہا کرتے وہ ایک جگہ تشریف لے گئے ہیں، علاوہ ازیں انہیں مختلف

marfat.com
Marfat.com

طریقوں سے تسلی دیا کرتے تھے انہیں اپنے بابا جان کی زیارت کا بے حد شوق تھا جن دنوں اہلبیت کرام یزید کے محل میں قیام پذیر تھے ایک رات اس صاحبزادی نے اپنے باپ کو خواب میں دیکھا کہ آپ نے انہیں گود میں اٹھا رکھا ہے۔ وہ انتہائی مسرت کی وجہ سے بیدار ہوگئیں مگر جب ان کو نہ دیکھا تو آپ کا شوق اور بڑھ گیا اور مضطرب ہوکر فریاد و فغاں کرنے لگیں ان سے پوچھا گیا تو فرمایا میں نے ابھی ابھی خواب میں خود کو اپنے بابا کی آغوش میں بیٹھے ہوئے دیکھا تھا مگر جب آنکھ کھولی تو وہ مجھے نظر نہیں آتے بتائیں میرے بابا کہاں ہیں کیونکہ مجھ میں اُن کا فراق برداشت کرنے کی طاقت نہیں

اہلبیت کرام نے ہر چند ان کو صبر و شکیبائی سے کام لینے کو کہا انہوں نے جواب دیا

یکلحظہ مرا تاب شکیبائی نیست

طاقت در فراق پدر بابائی نیست

آپ بابا کو میرے پاس لے آئیں یا مجھے میرے بابا کے پاس بھیج دیں اہلبیت نے یہ بات سنی تو ایک دم فریاد و فغاں کرنے لگے ان کی چیخ و پکار کی آواز یزید کی خوابگاہ میں پہنچی تو اس نے ایک شخص کو بھیجا کہ معلوم کرو اہلبیت کو کیا واقعہ پیش آیا ہے؟

اُس شخص نے یزید کو واپس آکر بتایا کہ امام حسین علیہ السلام کی صاحبزادی نے اپنے باپ کو خواب میں دیکھا تو آپ کی زیارت کیلئے بیقرار ہوگئی ہیں۔

یزید نے کہا: جاکر اس کے باپ کا سر اُسے دکھاؤ شائد اُسے کچھ اطمینان حاصل ہوجائے۔

یزید نے امام حسین علیہ السلام کے سر کو اپنے خاص کمرے میں اچھی نگاہ سے

marfat.com
Marfat.com

جا رہا تھا۔ خادمان یزید پلید نے سر مبارک کو چادر کے تھال میں رکھا اور
اوپر ریشمی رومال ڈال کر بیت کرام کے پاس لے گئے۔ اور کہا یزید نے بھیجا ہے یہ
سر بچی کو دکھا دیں شاید اُسے اطمینان حاصل ہو جائے۔
جب بچی کے سامنے تھال رکھا گیا تو اُس نے پوچھا یہ کیا ہے؟
اُنہوں نے کہا جو کچھ تو طلب کر رہی ہے وہی ہے۔
بچی نے رومال اُٹھا کر سر کو دیکھا تو اُس سر کو اُٹھا کر دیکھنے لگی پھر جب اُس نے
پہچانا کہ یہ میرے بابا کا سر ہے، تو سینے سے آہ کھینچتے ہوئے۔ اپنے چہرے کو آپ کے چہرے
سے ملنے لگی اور آپ کے ہونٹوں پہ ہونٹ رکھ کر اُسی وقت۔ جلت میں گئیں

قارئین کرام! امام عالی مقام کی ایک صاحبزادی جس کی چار سال عمر لکھی گئی۔ اور دربار یزید
میں اس کی موت کا جو نقشہ ملا حسین کاشفی نے کھینچا، آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ اس واقعہ
کا مقصد محض نوحہ خوانی اور اپنی دوکان چمکانا ہے۔ ورنہ حقیقت کچھ اور ہے۔
ان نام نہاد "محبان اہل بیت"، کو ذرا شرم نہیں آتی۔ کہ حضرات ائمہ کرام کے نسب
میں کذب بیانی اور بہتان طرازی میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش
کرتے ہیں۔ یہ تیسری صاحبزادی کہاں سے لے آئے؟ گذشتہ اوراق میں ہم
امام عالی مقام کی اولاد امجاد کے بارے میں تفصیلی گفتگو کر چکے ہیں۔ آپ کی
دو صاحبزادیاں تھیں۔

(۱) سیدہ سکینہ (۲) سیدہ فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا۔ دو ہی صاحبزادیوں
کے ہونے کی تو ثیق شیخ مفید۔ اعلام الوری کے حوالے سے تاریخ الائمہ میں ص۔ ۲۸ پر
مذکور ہے۔ امام عالی مقام کی پانچ بیویوں سے چار بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں۔
ان میں سیدہ فاطمہ بڑی تھیں۔ جن کی شادی امام حسن کے بیٹے حسن مثنیٰ سے
اور سیدہ سکینہ کی شادی امام حسن کے دوسرے بیٹے عبداللہ سے ہوئی تھی۔

marfat.com
Marfat.com

واقعہ کربلا کے وقت دونوں شادی شدہ تھیں۔ اور دونوں کا انتقال مدینہ منورہ میں ہوا اگر تیسری صاحبزادی ہوتی۔ تو اس کا ذکر امام عالی مقام کی اولاد میں ہوتا۔ پھر ان کے وصال کے بارے میں گفتگو ہوتی۔ لیکن کہیں اتہ پتہ نہیں ملتا۔ خود ملا حسین کاشفی یہاں تو چار سالہ تیسری صاحبزادی کا ذکر عجیب مظلومانہ انداز میں کر رہا ہے۔ اور جب خود ہی اسی کتاب کے ص ۱۹۴ میں امام عالی مقام کی اولاد کا ذکر کرتا ہے۔ تو اس چار سالہ صاحبزادی کا ذکر تک نہ کیا۔ سچ کہتے ہیں "دروغ گو را حافظہ نہ باشد"۔ جھوٹے کی یادداشت ختم ہو جاتی ہے۔ صرف دو صاحبزادیاں تھیں۔ ان کے وصال کے بارے میں ملاحظہ ہو۔

## منتہی الآمال:

وفاطمہ در تقوی وکمال وفضائل وجمال نظیر وعدیل نہ داشت واو را حور عین می نامند در سال یک صد و ہفدہم ہجری در مدینہ وفات یافت وخواہرش جناب سکینہ ہم در آں سال در مدینہ برحمت ایزدی پیوست۔

(منتہی الآمال جلد اول ص ۴۰۰ در بیان اولاد امام حسین)

**ترجمہ:** سیدہ فاطمہ صغری رضی اللہ عنہا۔ نہایت پرہیزگار، صاحب کمال فضائل اور خوبصورتی میں بے مثل تھیں۔ ان کو "حور عین" کہتے تھے ۱۱۷ھ کو مدینہ منورہ میں انتقال فرمایا۔ ان کی ہمشیرہ سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا بھی اسی سال مدینہ منورہ میں اللہ سے جا ملیں۔

فَاعْتَبِرُوا یَا اُولِی الْاَبْصَار

marfat.com
Marfat.com

## واقعہ سوم:

# امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کے گھوڑے کا عجیب واقعہ

(روضۃ الشہداء فارسی باب نہم ص ۳۳۵ در وقائع اہل بیت) روضۃ الشہداء مترجم ص ۳۶۱ ذوالجناح کی واپسی) مطبوعہ چشتی کتب خانہ لائل پور۔ پاکستان

## ذوالجناح کی واپسی:

امام عالی مقام سیدنا امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد آپ کا گھوڑا بے قرار ہو کر چاروں طرف بھاگنے لگا پھر کچھ دیر بعد واپس آکر اس نے اپنی پیشانی کے بال آپ کے خون میں ترکئے اور اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتا ہوا امام حسین علیہ السلام کے خیمہ کی طرف لوٹ آیا۔ جب اہلبیت کرام نے دیکھا کہ امام عالی مقام کا گھوڑا خون آلود چہرے کے ساتھ واپس آگیا ہے۔ اور اس پر سوار موجود نہیں تو انہوں نے فریاد کرتے ہوئے گھوڑے کو طلب کیا اور فرمایا!

اے ذوالجناح تو نے امام کے ساتھ کیا کیا؟ تو انہیں ساتھ لے کر گیا تھا واپس کیوں نہیں لایا آخر تو کس دل کے ساتھ انہیں دشمنوں کے درمیان چھوڑ آیا ہے اور انکے بغیر ان کے خیموں کی طرف لوٹ آیا ہے۔؟

چہ کردی خداوند اسلام را
چہ کردی شہنشاہ ایام را
چہ خاک است اے اسپ بر ترد تے تو
زخوں کہ سرخ است ایں موئے تو

marfat.com
Marfat.com

اہلبیت کرام نوحہ کر رہے تھے اور ذوالجناح گردن جھکائے رو رہا تھا اور اپنے چہرے کو امام زین العابدین علیہ السلام کے پاؤں پر مل رہا تھا۔

ابوالمؤید خوارزمی روایت لاتے ہیں کہ اُس گھوڑے نے تھوڑی دیر زمین پر سر مارا اور اُس کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی جبکہ ابوالمفاخر نے کہا ہے کہ وہ گھوڑا صحرا کی طرف نکل گیا۔ اور کسی شخص کو اُس کا کوئی نشان نہ مل سکا۔

قارئین کرام! ملا حسین کاشفی نے امام عالی مقام کے گھوڑے "ذوالجناح" کا جو فرضی اور من گھڑت واقع لکھا۔ گھوڑے کا خون حسین سے اپنا چہرہ رنگین کرنا اور دیوانہ وار پھرتے ہوئے امام زین العابدین کے قدموں میں جان دے دینا یہ تمام باتیں بے اصل اور کسی سند کے بغیر ہیں۔ پھر ملا کاشفی نے اس واقعہ کے ثبوت کے لیے ابوالمؤید خوارزمی کی کتاب مقتل حسین کا حوالہ دیا ہے۔ اس واقعہ سے کاشفی صرف نوحہ خوانی کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ میں نے اس واقعہ کے بارے میں شیعوں کی مختلف کتابیں دیکھیں۔ مثلاً ناسخ التواریخ مقتل حسین اور مقتل ابی مخنف وغیرہ۔ اس واقعہ کو گھڑنے والا لوط بن یحییٰ ابو مخنف ہی ہے جس کے متعلق میری کتب تحفہ جعفریہ عقائد جعفریہ اور فقہ جعفریہ کی مجلدات دیکھی جا سکتی ہیں۔ اور اس سے چند صفحات پہلے بھی بحوالہ میزان الاعتدال اور البدایہ والنہایہ کے حوالہ جات سے اس کے متعلق پڑھ چکے ہیں۔ یہ شخص کٹر شیعہ تھا۔ اور کذاب اخباری غیر معتبر تھا۔ محدثین نے اس کی روایات کو متروک تک کہا۔ ایسے شخص کی روایات ہم اہل سنت کے لیے کب قابل قبول ہو سکتی ہیں۔ اس لیے کوئی واعظ (سنی) اس واقعہ کو اہل سنت کی کسی معتبر روایت کے حوالہ سے پیش نہیں کر سکتا۔ اور جو نوحہ خوانی اور پیٹنے رُلانے کے لیے اس کو بیان کرتا ہے۔ اور اہل سنت کی معتبر کتاب کی طرف نسبت کرتا ہے۔ تو یہ اس کی نادانی ہے۔ یہ واقعہ من گھڑت اور بے اصل ہے۔ اس کا

marfat.com
Marfat.com

اصل موجد ابومخنف لوط بن یحیی ہے۔ اس کا ناقل خوارزمی ہے جس کا حوالہ کاشفی نے دیا۔ ہم خوارزمی کی کتاب مقتل حسین سے صرف متعلقہ عبارت ہی نقل کریں گے خوارزمی نے یہ روایت ابومخنف سے نقل کی۔ روضۃ الشہداء سے بھی کچھ زید عبارت کے ساتھ خوارزمی نے اسے نقل کیا۔ پھر اس کا علامہ کاشفی نے لکھا۔ ہم ان تینوں کتب کے حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔ روضۃ الشہداء کی عبارت جو خوارزمی سے نقل کی گئی تھی۔ وہ آپ نے پڑھ لی۔ اب اس کا ماخذ یعنی مقتل حسین للخوارزمی کا حوالہ ملاحظہ ہو۔

## مقتل حسین:

قال: وأقبل فرس الحسين قد عدا من بين أيديهم أن لا يؤخذ فوضع ناصيته في دم الحسين وذهب يركض إلى خيمة النساء وهو يصهل ويضرب برأسه الأرض عند الخيمة فلما نظرت أخوات الحسين وبناته وأهله إلى الفرس ليس عليه أحد رفعن أصواتهن بالصراخ والبكاء ووضعت أم كلثوم يدها على أم رأسها ونادت وا محمداه وا جداه وا نبياه وا أبا القاسماه وا علياه وا جعفراه وا حمزتاه وا حسناه هذا الحسين بالعراء صريع بكربلاء۔

(مقتل حسین جلد ثانی ذکر مقتل حسین جلد ۲ ص ۳۷ مصنفہ ابو المؤید خوارزمی۔ مطبوعہ ایران قم طبع جدید۔)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

ابو مخنف نے کہا۔ امام حسین کا گھوڑا اُن کے سامنے دوڑتا ہوا آیا۔ کہ پکڑا نہ جا سکتا تھا۔ تو کسی نے اپنا ماتھا امام حسین کے خون سے رنگین کیا۔ اور پھر اُچھلتا کودتا عورتوں کے خیمہ کی طرف آیا۔ ہنہناتا تھا۔ اور اپنے سر کو خیمہ کے قریب زمین پر مارتا تھا۔ پھر جب امام حسین کی ہمشیرگان، بیٹیوں اور دوسرے اشخاص زنانہ نے گھوڑے کو دیکھا۔ کہ وہ سوار سے خالی تھا۔ تو سب نے چیخ و پکار سے اپنی آوازیں بلند کیں۔ اور ام کلثوم نے گھوڑے کے سر پر ہاتھ رکھا۔ اور پکارنے لگیں۔ ہائے نانا جان ہائے اللہ کے پیغمبر، ہائے ابوالقاسم، ہائے علی، ہائے جعفر، ہائے حمزہ، ہائے حسن یہ ہیں امام حسین جو کربلا کے جنگل میں شہید پڑے ہوئے ہیں۔

قارئین کرام! مقتل حسین للخوارزمی کی عبارت آپ نے ملاحظہ فرمائی۔ اس روایت کی کوئی اصل نہیں۔ امام حسین کے گھوڑے کی بحث ہم لکھ چکے ہیں۔ تقریباً تمام شیعہ مصنفین نے اس کا انکار کیا ہے۔ بلکہ شیعہ تاریخ کے امام، لسان الملک مرزا محمد تقی صاحب ناسخ التواریخ نے اس کی تردید کی ہے۔ لیکن واعظ کاشفی کذاب اور روایات گھڑنے کا ماہر ہے۔ اس نے گھوڑے کا نام "ذوالجناح" بھی اپنی طرف سے گھڑا۔ اور ایسا گھڑا کہ شیعوں نے اسے اپنے شعائر میں داخل کر لیا ہے۔ اور اس پر جانیں قربان کرتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری وقت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو تلقین فرمائی تھی۔ کہ بیٹی صبر کرنا۔ اس بارے میں بکثرت احادیث و آیات ہم نے فقہ جعفریہ جلد سوم میں درج کیں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی فرمایا۔ اے مومنو! صبر اور نماز سے مدد

marfat.com
Marfat.com

طلب کرو۔ قرآن کریم اور احادیث مقدسہ کی واضح تعلیمات صبر کے ہوتے ہوئے یہ کیونکر متصور کہ اس گھرانے کی صاحبزادیاں بے صبری اور ہاتھ پائے کا مظاہرہ کریں گی۔ اہل بیت کے افراد کے بارے میں ایسے باتیں ثابت کرنا در اصل محبت اہل بیت نہیں بلکہ عداوت اہل بیت ہے۔ اور ان کی توہین ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال شریف ہوا۔ بحوالہ نہج البلاغہ آپ کا قول منقول ہے۔ فرمایا۔ "اے میرے محبوب! اگر آپ کا ارشاد صبر کرنے کا نہ ہوتا۔ تو میں اپنا سینہ چاک کر لیتا"۔ خوارزمی کی مذکورہ کتاب کا ہم نے میزان الکتب میں ذکر کیا ہے کہ یہ شخص حقیقت میں کٹر شیعہ تھا۔ مقتل حسین کے چند مختصر حوالہ جات ہم ذکر کرتے ہیں۔ ان سے آپ خوارزمی کی حقیقت معلوم کر سکیں گے۔

۱۔ معراج کی رات اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت علی المرتضیٰ کی لغت میں کلام کیا۔ (مقتل حسین ص ۴۲ جلد اول)

۲۔ تمام انبیاء کرام کے کمالات علی المرتضیٰ میں موجود تھے۔ (ص ۴۴ جلد اول)

۳۔ زمین و آسمان پر نبی علیہ السلام اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ولایت پیش کی تو انہوں نے قبول کر لی۔ ص ۴۶

۴۔ نبی علیہ السلام کی نبوت اور علی کی ولائیت پر دین مکمل ہوا۔ (ص ۴۷

۵۔ اللہ تعالیٰ نے سیدہ فاطمہ کے حق مہر میں پوری دنیا رکھ دی۔ لہٰذا بغض کرنے والوں کے لیے زمین پر چلنا حرام ہے۔ ص ۶۶

۶۔ جنت کے تمام دروازوں پر لکھا ہے۔ لا الہ الا اللہ محمد حبیب اللہ، علی ولی اللہ فاطمۃ امۃ اللہ۔ ص ۱۰۸

۷۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نورانی چہرہ سے ستر ہزار فرشتے پیدا کیے گئے۔ ص ۴۹

marfat.com

Marfat.com

۸ ۔ قیامت کے دن تیمہ رنگ ابلق گھوڑوں پر سوار ہو کر جنت میں جائیں گے ۔

ص ۴۰، ۴۱

۹ ۔ حضرت علی المرتضٰی ، فاطمہ اور ائمہ اہل بیت کی امامت زمین و آسمان پر پیش کی گئی جنہوں نے قبول کی وہ مومن اور منکرین کافر بن گئے ۔ ص ۹۶

ان چند حوالہ جات سے آپ خوارزمی کے نظریات سے بخوبی واقف ہو چکے ہوں گے ۔ کیونکہ مذکورہ نظریات کسی سنی کے نہیں ہو سکتے ۔ مقتل حسین ، کے پہلے لفظ " قال " کا فاعل جو ہم نے لوطِ بن یحیٰی ابو مخنف لکھا ۔ یہ وضاحت خود خوارزمی نے دوسری جگہ پر کی ہے مقتل حسین ص ۹ پر لکھا ۔ قال ابو مخنف ۔ اس لیے قال کا فاعل یہی ابو مخنف ہی ہے ۔ آئیے ابو مخنف سے یہ واقعہ دیکھیں ۔

## مقتل ابی مخنف :

اِنَّ فَرَسَ الْحُسَیْنِ جَعَلَ یُحَمْحِمُ وَ یَتَخَطَّاءُ الْقَتْلَ فِی الْمَعْرَکَةِ قَتِیْلاً بَعْدَ قَتِیْلٍ بَعْدَ قَتِیْلٍ حَتّٰی وَقَفَ عَلٰی جُثَّةِ الْحُسَیْنِ فَجَعَلَ یُمَرِّغُ نَاصِیَةَ بِالدَّمِ وَ یَلْثِمُ الْاَرْضَ بِیَدِهٖ وَ یَصْهَلُ صَهِیْلاً حَتّٰی مَلَأَ الْبَیْدَاءَ فَتَعَجَّبَ الْقَوْمُ مِنْ فِعَالِهٖ الخ ۔

(مقتل ابی مخنف ص ۹۴ فی مقتل الحسین ومصرعه مطبوعه نجف)

**ترجمہ :** ۔ امام حسین کا گھوڑا ہنہنانے لگا ۔ اور معرکہ کربلا میں ایک ایک شہید کے پاس گراتے ہوئے امام حسین کے جسم پاک کے پاس جا کھڑا ہو گیا ۔ اور اپنی پیشانی کو خون حسین سے رنگین بنایا ۔ اور زمین کو اپنے

marfat.com
Marfat.com

گھروں سے مارنے لگا۔ اور اس قدر زور دار چیخ ماری۔ کہ پورا جنگل
لرز اٹھا۔ اس گھوڑے کے ان افعال سے لوگ تعجب میں پڑ گئے

قارئین کرام! روضۃ الشہداء کی مذکورہ عبارت اور مقتل ابی مخنف کی تحریر جب ہم دونوں کا موازنہ کرتے ہیں۔ تو یہی نتیجہ سامنے آتا ہے۔ کہ ملا حسین کاشفی نے مذکورہ واقعہ لوط بن یحییٰ سے لیا۔ اور اس میں اپنے انداز سے نوحہ خوانی کا مواد جمع کر دیا۔ اس واقعہ کا موجد و بانی لوط بن یحییٰ ہے۔ یہ وہ شخص ہے۔ جو شیعہ ہے اور اس کی روایات کو متروک قرار دیا گیا ہے۔ روضۃ الشہداء کی اکثر حکایات و روایات کا یہی اصل ہے۔ علاوہ ازیں روضۃ الشہداء میں جن دوسری کتب شیعہ سے روایت لی گئی ہیں۔ ان میں ان لوگوں کی کتابیں بھی ہیں۔ جو شیعہ مذہب کے بانی کہلاتے ہیں۔ ماتم کے بارے میں صاحب روضۃ الشہداء نے شیخ صدوق کی کتاب من لا یحضرہ الفقیہ سے کچھ باتیں نقل کی ہیں۔ شیخ صدوق وہ شخص ہے۔ جو مذہب شیعہ کی صحاح اربعہ میں سے ایک کتاب "من لا یحضرہ الفقیہ" کا مصنف ہے۔ گویا ماتم کو ثابت کیا۔ اور اس کے ثبوت کے لیے ایسے شیعہ مصنف کی کتب کا حوالہ دیا۔ جو کٹر بلکہ شیعہ مسلک کا بانی کہلاتا ہے۔ آیئے ذرا روضۃ الشہداء میں غم حسین کے بارے میں کچھ سطور ملاحظہ کریں۔

## واقعہ چہارم: روضۃ الشہداء:

## غم حسین رضی اللہ عنہ میں رونے کا ثواب از عیون الرضا

روضۃ الشہداء فارسی ص ۳۷۱ باب دہم در عقوبت قاتلان حسین مطبوعہ نولکشور لکھنو
روضۃ الشہداء مترجم اردو جلد دوم ص ۴۴ مطبوعہ چشتی کتب خانہ فیصل آباد پاکستان

marfat.com
Marfat.com

## استدراغ غم حسین میں رونے کا ثواب

اُم المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے اہل بیت کرام کو بہت تسلی دی اور امام حسین علیہ السلام کے غم میں رونے والے لوگوں سے بہت زیادہ ثواب کا وعدہ فرمایا۔

امام حسین علیہ السلام کے غم میں رونے کا ثواب بے انتہا ہے۔

چنانچہ پیش ازیں بیان ہوچکا ہے کہ غم حسینؑ میں رونا اور رُلانا بہشت میں داخلے کا سبب ہے۔

عیون الرضا میں مذکور ہے کہ ابن دعبل خزاعی نے روایت بیان کی کہ جب میرا باپ فوت ہوا تو اس کی زبان بند ہوگئی تھی اور اس کا چہرہ سیاہ ہوچکا تھا، میں اس واقعے سے خوف زدہ تھا اور اس صورت کو لوگوں سے چھپائے رکھا یہاں تک کہ اسے پوشیدہ طور پر غسل دینے کے بعد دفن کردیا، میں اس بنا پر بہت زیادہ ملول محزون رہا کرتا تھا ایک رات کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے باپ کا چہرہ درخشاں ہے اور اس نے سفید پوشاک پہن رکھی ہے۔

میں نے پوچھا باجان! اللہ تبارک و تعالےٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

انہوں نے کہا میری بخشش فرمادی ہے۔

میں نے کہا موت کے وقت آپ پر عجیب نشان نمودار ہوئے تھے۔

انہوں نے کہا۔ ہاں میرا منہ کالا اور زبان بندی اس لئے ہوئی تھی کہ میں شراب پیا کرتا تھا، جب میں مرگیا اور قبر میں اتارا گیا تو میں اسی طرح رُو سیاہ تھا اور میری زبان گنگ تھی۔

marfat.com
Marfat.com

اچانک میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور مجھے فرمایا تو ہی دعبل ہے۔

میں نے عرض کی، ہاں، یا رسول اللہ۔

آپ نے فرمایا اُوہ مرثیہ پڑھ جو تو نے میرے اہل بیت کے شہیدوں کے حق میں کہا ہے۔

میں نے پڑھا!

لا اضحك الله سن الدهر ان ضحكت

وآل احمد مظلومون قد قهروا

میں نے یہ مرثیہ آخری شعر تک پڑھ ڈالا اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روتے رہے۔ جب میں نے شعر پورے کرلئے تو آپ نے فرمایا تو نے بہت اچھا کہا ہے اور پھر میری شفاعت فرمائی یہاں تک کہ میں بخش دیا گیا۔ اور یہ لباس جو میں نے پہنا ہوا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عطا فرمودہ ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام مظلوم امام حسین علیہ السلام پر رونا اجر جلیل اور جزائے جزیل کا باعث ہے۔

دیدہ کز بہر شہید کربلا شد اشکبار
یابد از نور سعادت روشنی روز شمار
از عقیق تشنہ شاہ شہیداں یاد کن
گوہر اشکے ز بحر دیدۂ خونیں ببار
ہر کہ اُو امروز گریانست از بہر حسینؑ
بالب خنداں بود فردا بصدرا صدار

marfat.com
Marfat.com

قارئین کرام! روضۃ الشہداء کی مذکورہ عبارت آپ نے ملاحظہ فرمائی۔ ماتم امام عالی مقام اور نوحہ خوانی کے اثبات اور اس پر ثواب ملنے کے بارے میں شیخ صدوق کی کتاب عیون الرضا کا حوالہ پیش کیا۔ واقعہ ذکر کرنے کے بعد لکھ "ازیں خبر معلوم شد کہ گریہ بر حسین مظلوم موجب اجر جمیل وجزائے جزیل است"۔ اس واقعہ سے معلوم ہوا۔ کہ امام حسین پر رونا اور نوحہ گری کرنا بہت بڑے اجر اور عظیم جزا کا سبب ہے آخر ماتم حسین اور ان کی یاد میں نوحہ کرنا اگر ثابت کرنا تھا۔ تو کسی حدیث پاک سے ثابت کیا جاتا۔ یا کسی دوسرے معتبر طریقہ سے اس کا ثبوت ذکر ہوتا لیکن یہ کاشفی کیسا شی ہے۔ جو شیعوں کے نظریات کو ثابت کرتا ہے تو وہ بھی شیعوں کے علماء سے جن کے کندھوں پر شیعیت قائم ہے۔ بہرحال معلوم ہو گیا۔ کہ صاحب روضۃ الشہداء کے پیش نظر کثر شیعوں کی کتابوں کے واقعات وحکایات فرضیہ ہیں۔ اور ان کی روشنی میں ان کے ہی معتقدات بیان کیے جا رہے ہیں۔

## واقعہ پنجم:۔

## میدان کربلا میں امام قاسم کی شادی

روضۃ الشہداء فارسی ص ۳۰۵، ۳۰۶ باب نہم در ذکر محاربت حسین با اعداء۔
روضۃ الشہداء مترجم اردو۔ ص ۲۹۷ تا ۲۹۹ ذکر دوسری وصیت اور اس کا پورا کرنا۔

## دوسری وصیت اور اس کا پورا کرنا:۔

حضرت قاسم علیہ السلام نے اس وصیت نامہ کو پڑھا تو نہیں جانتے تھے کہ وہ خوشی میں کیا کر رہے ہیں تیزی سے اپنی جگہ سے چھلانگ لگائی او۔ امام حسین علیہ السلام کی

marfat.com
Marfat.com

خدمت میں حاضر ہو گئے اور اس بوسیدہ خط کو آپ کے سامنے پیش کر دیا۔ جب شاہِ شہیداں نے اس مکتوبِ گرامی کو دیکھا تو جگر سے آہ سوزناک کھینچی اور زار و قطار روتے ہوئے فرمایا۔ اے جانِ عم یہ تیرے لیے تیرے ابا جان کی وصیت ہے اور تو چاہتا ہے کر اس پر عمل کرے، جب کہ انہوں نے تیرے بارے میں مجھے دوسری وصیت کی ہے اور میں بھی اسے بجالانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ ایک ساعت خیمہ میں رجا کر وصیت کو پوری کر دوں گا پس آپ حضرت قاسم کا ہاتھ پکڑ کر خیمہ کے اندر رہ گئے۔ اور اپنے بھائیوں حضرت عباسؑ اور حضرت عون کو بلا کر جناب قاسم کی والدہ محترمہ کو فرمایا کہ وہ قاسم کو نئے کپڑے پہنائیں اور اپنی بہن جناب زینب خاتونؑ کو فرمایا کہ میرے بھائی حضرت امام حسن علیہ السلام کے کپڑوں کا صندوق لائیں آپ کی خدمت میں وہ صندوق اسی وقت پیش کر دیا گیا تو آپ نے اس صندوق کو کھولا اور اس میں سے حضرت امام حسن علیہ السلام کی زرہ نکال اور ایک قیمتی لباس نکال کر حضرت قاسم کو پہنایا اور خوبصورت دستار نکال کر اپنے ہاتھوں سے ان کے سر پر باندھی اور اپنی صاحبزادی جو حضرت قاسم سے منسوب تھیں کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اے قاسم یہ تیرے باپ کی امانت ہے جس نے تیرے لئے وصیت کی ہے، پس آپ نے اپنی صاحبزادی کا عقد اُن کے ساتھ باندھا اور ان کا ہاتھ اُن کے ہاتھ میں دے کر خیمے سے باہر تشریف لے آئے۔

جناب قاسم نے عروسہ کا ہاتھ تھام کر اُن کی طرف دیکھا اور رو دیا اسی اشارہ میں

---

لے اگر یہ عقد ہوا تو یہ نا امام حسینؑ نے اس وقت اپنے بھائی کی وصیت پر عمل کیا ہو گا ورنہ ان حالات میں نکاح وغیرہ کا معاملہ انتہائی نامناسب اور غیر موزوں ہے۔

واللہ اعلم۔ مترجم

marfat.com

Marfat.com

ابن سعد کے لشکر سے آواز آئی کیا کوئی اور مقابلہ کرنے والا ہے؟

جناب قاسم نے دلہن کا ہاتھ چھوڑ کر خیمے سے باہر آنا چاہا تو انہوں نے آپ کا دامن پکڑ کر کہا کہ اے قاسم آپ کا کیا خیال ہے اور کہاں کا ارادہ ہے؟

بگو کز بر من چرا می روی
مرا می گذاری کجا می روی

جناب قاسم نے فرمایا اے میری دونوں آنکھوں کا نور میں میدان میں جانے کا عزم رکھتا ہوں اور دشمنوں کو دفع کرنا چاہتا ہوں مجھے چھوڑ دیں اور دلہا اور دلہن کا رشتہ قیامت کے دن تک اٹھا رکھیں۔

| | |
|---|---|
| غبارے بردمید از راہ بیداد | شبیخون کرد بر نسرین وشمشاد |
| برآمد ابرے از دریائے اندوہ | فرو بارید سیلے کوہ تا کوہ |
| ز درگہ دشت بادے تند برخاست | ہوا را کرد با خاک زمیں راست |
| رسید از عالم غیبی ندائے | ندائے نے صدائے آشنائے |
| کہ احسنت اے زمان وائے زمیں زو | عروساں را بدامان چنیں دہ |

عروس نے کہا اے قاسم آپ نے فرمایا ہے کہ میری عروسی قیامت کے دن پر ڈال دی ہے یہ فرمائیں کہ آپ کو قیامت کے دن کہاں تلاش کروں اور کس نشانی سے پہچانوں۔

جناب قاسم نے فرمایا مجھے میرے باپ اور دادا کے پاس تلاش کرنا اور اس پھٹی ہوئی آستین کی پہچان رکھنا پس آپ نے ہاتھ بڑھا کر آستین کو پھاڑ لیا۔ اہلبیت کے خیموں سے شور اٹھا

قاسما ایں چہ ظلم و بے دادیست
ایں نہ آئین و رسم دامادیست

marfat.com
Marfat.com

حضرت امام قاسم کی شادی کا قصہ " اوراق غم " کے ضمن میں ہم تفصیل سے لکھ چکے ہیں۔ اب اسے دوبارہ لکھنا باعث طوالت ہوگا۔ امام حسین کو قاسم کا خط پیش کرنا امام حسین کا اسے پڑھ کر اپنی بیٹی کا قاسم سے عقد کرنا، امام حسن کا صندوق منگوا کر اس سے دستار نکال کر قاسم کو پہنانا اور پھر منسوب شدہ لڑکی کو ان کے عقد میں دے دینا یہ تمام باتیں من گھڑت اور اہل بیت پر بہتان عظیم ہیں۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کی دو ہی صاحبزادیاں تھیں۔ واقعہ کربلا پیش آنے سے قبل دونوں کی شادی امام حسن کے دو صاحبزدوں سے ہو چکی تھی۔ اب جناب قاسم (جو امام حسن کے تیسرے صاحبزادے ہیں) کے ساتھ شادی ہونا دو ہی طریقوں سے ممکن ہے۔ ایک یہ کہ ان کے پہلے خاوند نے طلاق دے دی ہو۔ اور عدت گزر چکی ہو۔ یا پھر خاوند فوت ہوگیا ہو اور تو تبدگی کی عدت گزر جائے۔ لیکن ان دونوں باتوں میں سے کوئی ایک بات کسی بھی کتاب سے ثابت نہیں۔ لہذا پھر تیسری صورت ہی باقی رہ جاتی ہے۔ کہ ایک ہی صاحبزادی کو دو بھائیوں کے عقد میں دے دیا جائے اور ایسا کرنے والے امام حسین رضی اللہ عنہ ہوں۔ جن کی پاکدامنی کا قرآن گواہ ان کے بارے میں من گھڑت واقعات سے لوگوں کو بالکل الٹ تاثر دینا کیس مسلمان کو گوارا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ منتہی الآمال جلد اول کے آخری صفحات میں شیخ عباس قمی نے اس واقعہ کو جھوٹا قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے واقعات گھڑنے والوں پر لعنت بھیجے۔ کہ جن سے پاک نسب والے شہزادوں اور شہزادیوں کی توہین نکلتی ہو۔ ملا حسین کاشفی ہی وہ پہلا شخص ہے۔ جس نے یہ شادی کا قصہ گھڑا۔ پھر اس کے بعد اس دور کے مصنفین نے آنکھیں بند کر کے یہ واقعہ لکھ دیا۔ ان تمام کتب کا ماخذ اور اصل "روضۃ الشہداء" ہی ہے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ ملا حسین کاشفی ہے سیدالکاذبین " ایسے اشخاص کی کتب کے مطالعہ کرنے کے بارے میں ہم انشاءاللہ اعلیحضرت فاضل بریلوی

marfat.com
Marfat.com

کے فتاوی رضویہ جلد دہم کے کچھ اقتباسات پیش کریں گے۔

**واقعہ ششم :-**

# میدان کربلا میں شہربانو کی امام حسین رضی اللہ عنہ سے گزارش

روضۃ الشہداء فارسی ص ۲۲۰ باب نہم در ذکر محاربت حسین با عداء۔
روضۃ الشہداء مترجم ص ۲۵۱ باب نہم۔

## زوجہ امام عالی مقام کی گزارش

آپ کی زوجہ محترمہ حضرت شہر بانو نے عرض کی اے میرے سردار و سرور یہاں اس ملک میں غریب الدیار ہوں، اور یہاں پر میرا کوئی غمگسار و غمخوار نہیں، آپ کی بہتیری گال صاحبزادیاں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد ہیں، کوئی شخص ان پر ہاتھ نہیں اٹھائے گا اور ان کی حرمت کا خیال رکھے گا۔

میں یزدجرد کی بیٹی ہوں اور آپ کے سوا میرا کوئی سہارا نہیں، ممکن ہے آپ کے بعد لوگ میری طرف قصد کریں اور آپ کے حرم محترم کی حرمت کا خیال نہ کریں،

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا اے شہربانو آپ غم نہ کریں آپ پر کوئی شخص ہاتھ نہیں اٹھا سکتا، اور آپ ہمیشہ محترم و مکرم رہیں گی۔

ایک روایت میں آیا ہے امام حسین علیہ السلام نے فرمایا جب میں گھوڑے کی پشت سے گر جاؤں گا تو میرا گھوڑا آپ کے پاس آئے گا آپ اس پر سوار ہو کر اس کی لگام چھوڑ دینا وہ آپ کو جہاں اللہ تعالے چاہے گا ان لوگوں سے بچا کر لے جائے گا۔

مگر درست روایت یہ ہے کہ آپکی زوجہ محترمہ اہلبیت کے ہمراہ شام کو گئی تھیں۔

القصہ امام حسین نے اپنی اولاد سے ایک ایک کو رخصت کیا اور سوار ہو گئے، یہ آخری

marfat.com
Marfat.com

زیارت اور آخری وداع تھا پس آپ دوسری مرتبہ گھوڑے پر سوار ہوئے اور زبان حال سے کہا

لا اُبالی وار دستے بر جہاں خواہم فشاند

ہر چہ دامن گیرِ دم دامن ز آں خواہم فشاند

دامنِ آخر زماں دارد غبارِ حادثہ

آستیں بر دامنِ آخر زماں خواہم فشاند

پائے غیرت بر سر کون و مکاں خواہم نہاد

دست ہمت بر گنجِ جان و جہاں خواہم فشاند

از سرِ صدق و صفا چوں صبح دم خواہم زدہ

وند آں دم در ہوائے دوست جاں خواہم فشاند

شہر بانو نے جن الفاظ میں امام عالی مقام سے گزارش کی۔ اور اس میں جو دردناک اور بے بسی کا انداز اپنایا گیا۔ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ یہ واقعہ دیگر واقعات کی طرح من گھڑت اور بے اصل ہے۔ ایسے واقعات سے کاشفی کا مقصد صرف یہ ہے کہ کسی طرح امام حسین کے لیے نوحہ خوانی اور رونا رلانا ثابت کیا جائے۔ علاوہ ازیں روضۃ الشہداء کے مترجم صائم چشتی باوجود اس کے کہ دونوں ہم مشرب و ہم پیالہ ہیں۔ یہ لکھنے سے نہ رہ سکا۔ کہ یہ واقعہ تاریخی غلطی ہے۔ لفظ شہر بانو پر اس کا حاشیہ ان الفاظ سے موجود ہے۔ "علامہ کاشفی نے جہاں کہیں بھی حرم امام عالی مقام کا تذکرہ کیا ہے۔ حضرت شہر بانو کے نام سے کیا ہے۔ حالانکہ شہر بانو بہت عرصہ پہلے رحلت فرما چکی تھیں اور یہ ایک تاریخی غلطی ہے۔ واللہ اعلم صائم چشتی"۔ اپنے مقتداء کی جھوٹی بات کو معمولی ثابت کرنے کے لیے صائم چشتی نے اسے "تاریخی غلطی" قرار دیا۔ تاریخی غلطی تو تب ہو کہ واقعہ

marfat.com

Marfat.com

درست ہو لیکن اس کی تاریخ میں غلطی ہو گئی۔ حالانکہ یہ واقعہ ہی اصل جھوٹ کا پلندہ ہے اسے محض تاریخی غلطی کہنا شیعہ نوازی ہے۔ شہر بانو کا وصال کب ہوا؟ اس بارے میں اکثر کتب خاموش ہیں لیکن شیعوں کی معتبر کتاب منتخب التواریخ نے اس بارے میں لکھا۔

## منتخب التواریخ:

مخفی نماند کہ از روایات معتبرہ استفادہ می شود کہ جناب شہر بانو والدہ ماجدہ حضرت زین العابدین در مرض نفاس از ولادت آں بزرگوار از دنیا رحلت فرمود۔

(منتخب التواریخ ص ۲۴۸ باب ششم)

**ترجمہ:** واضح ہو کہ معتبر روایات سے یہی ثابت ہوتا ہے۔ کہ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ شہر بانو کا انتقال اس نفاس کے مرض سے ہوا تھا۔ جو امام زین العابدین کی پیدائش کے بعد آیا تھا۔

لہٰذا معلوم ہوا۔ کہ ملا حسین کاشفی نے جیسے ہو سکا۔ من گھڑت واقعات و روایات سے یہ ثابت کرنا چاہا۔ کہ امام عالی مقام کی یاد میں ماتم کرنا اور رونا رلانا بہت مفید اور آخرت میں کارآمد بات ہے۔ اسی موضوع پر اس کے کچھ واقعات ملاحظہ ہوں۔

## واقعہ ہفتم:

## عاشورہ کے روز روایات موضوعہ سے ماتم کا اثبات

روضۃ الشہداء فارسی ص ۳۳۶ باب دہم در وقائع اہل بیت۔
روضۃ الشہداء مترجم ص ۴۲۶۔

marfat.com
Marfat.com

# یوم عاشورا کس طرح منائیں :

عاشورہ کے دن اہلبیت فریاد و فغاں کرتے ہیں اور اس دن کی طرح رخسار دلفزاہ کو خون سے رنگین کرتے ہیں اور اس ساعت کو یاد کرتے ہیں جسکی صاحب اقبال نے بنیاد رکھی تھی۔

یہ ایسا عجیب دن ہے کہ انبیاء ذکر حسین کی ردھیں اور ملائکۂ مقربین کا گروہ اس روز حضور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موافقت میں اس داغ سے گریہ کناں ہو جاتا ہے، بہشت کی حوریں اور پاکیزہ سرشت عیسیان اس مصیبت و غم اور تعزیت و الم میں سیدہ بتول عذرا اسلام اللہ علیہا کے ساتھ شریک حال ہو جاتی ہیں اس دن پرچم عشرت اور خیل و حشم سرنگوں ہو جاتے ہیں شدت و تکلیف سے زمین روتی ہے کہ آج روز عاشور ہے اور زمانہ فریاد کرتا ہے کہ یہ روز فتنہ و شور ہے۔

بیا بگری کہ عاشورا ست امروز
جہاں تاریک و بے نور است امروز
حسینے کو نبی را نور دیدہ است
بدست خصم مقہور است امروز
بریدہ حلق و تشنہ لب جگر خوں
سر از تن تن ز سر دور است امروز
رخ چوں آفتابش اے دریغا
بیغ تیغ مستور است امروز

اس روز شمر لعین نے کینے کا خنجر اس بزرگ دین کے حلق ناز نین پر رکھا تھا۔ اس روز

marfat.com
Marfat.com

اُن معطر گیسوؤں کو خاک و خون میں لتھڑا گیا تھا جنہیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ہاتھوں سے چھوا کرتے تھے۔

اس روز ظلمتِ ضلالت کے کتے اور بادیہ جہالت کے سؤر سیراب ہوئے تھے، اور بیشۂ بلاغت وکرامت کے شیر بچے شدتِ پیاس سے مضطرب ہو گئے تھے۔

اس روز اُس شہنشاہ کا سر اٹھایا گیا تھا اور اسکا جسم زمین پر پھینک دیا گیا تھا۔

روزِ عاشوراست بر دار سر پیاز سر تاج کبر

و ندریں ماتم پلاس عجز در گردن کنید

چاک سازید از غمِ شاہِ شہیداں جیبِ جاں

قطرہ ہائے خوں ز چشمِ دیدہ بر داماں کنید

محبانِ اہلبیت اس روز شادی و عشرت سے کنارہ کر لیتے ہیں اور دل سوختہ پر اندوہ و غم کے دروازے کھول دیتے ہیں، کبھی آنکھوں سے اشکِ ماتم برساتے ہیں اور کبھی آہِ سوزناک کو سینے سے باہر لاتے ہیں۔

عیون الرضا میں مذکور ہے کہ عاشورہ کے دن رونا چاہیئے اس دن کو اپنی مصیبت کا دن جانتے ہوئے دُنیا کے کاموں کو چھوڑ کر درد و مصیبت کے لئے کھڑے ہو جائیں، اس لئے کہ عاشورا کے دن جو شخص دُنیاوی کاروبار چھوڑ دیتا ہے۔ حق سبحانہ تعالیٰ اُس کی دنیا و آخرت کی حاجتیں پوری فرما دیتا ہے۔ جو شخص اس دن کو اپنے غم والم کا دن شمار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے قیامت کے دن کو فرحت و سرور کا دن ــــ گا اور باغِ جنت میں اُسکی آنکھیں زیارتِ اہلبیت سے روشن ہو جائیں گی۔

## غمِ حسین کیلئے فرمانِ رسُول

عیون الرضا ہی میں ریان بن شبیب کی حدیث میں فرمایا کہ اے ابن شبیب اگر تو

marfat.com

Marfat.com

چاہتا ہے کہ جنتِ اعلیٰ میں درجاتِ علی پر ہمارا ہم جلیس ہو تو میرے اندوہ سے اندوہناک اور میرے غم سے غمگین ہو جا۔

عیون الرضا میں روایت آئی ہے کہ جو شخص ہماری معیبت یعنی واقعۂ کربلا کو یاد کر کے روئے گا یا کسی کو اس واقعہ سے رُلائے گا اُس کی آنکھ اُس روز نہیں روئے گی جب تمام آنکھیں رو رہی ہوں گی، اور جو شخص مجلس قائم کر کے ہمارے ذکر کو زندہ کرے گا اُس کا دل اُس وقت نہیں مرے گا جب تمام دل ہَول سے مُردہ ہو جائیں گے، پس اے عزیز کوشش کر کہ ان ایامِ غم انجام میں تیری آنکھوں سے قطراتِ اشک جاری ہو جائیں، یہ قطرۂ اشک ضائع اور بے حاصل نہیں ہو گا، کیونکہ یوم لاینفع مال ولا بنون[1] میں تیرا تحفہ آنکھوں کا پانی اور سینے کا سوز ہو گا۔

اشکے بدہ آلودہ درگنجے بردار
آہے بزن آہستہ ومُلکے بستان

خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نور الائمہ میں روایت لائے ہیں کہ اے مشتاقانِ اہلبیت گریہ کرو اور اے محبانِ خاندانِ نبوت نالہ و زاری کیا کرو کیونکہ امام حسین علیہ السلام کی مقدس روح بہ درجِ قدس سے تمہارے اشکوں کو دیکھ رہی ہے اور آپ اپنا غم کرنے والوں پر نگاہِ شفقت ڈالتے ہیں، جس روز امام عالی مقام امام حسین علیہ السلام کمرِ شفاعت باندھیں گے اس روز اُس کی اُمیدوں کے ہونٹ خوشی کی مراد حاصل کر کے مُسکراتے ہوں گے جو آج اُن کیلئے روتا ہے۔

آخر ہر گریہ خندہ ایست
مردِ آخر بیں مبارک بندہ ایست

[1] اُس روز نہ مال کام آئے گا اور نہ اولاد نفع دے گی

قارئین کرام! نوحہ خوانی کے اثبات میں کاشفی نے کس قدر بہتان تراشا کریم عاشورہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت میں تمام انبیاء کرام اور ملائکہ گریہ کناں ہوتے ہیں اسے ایسے واقعات لکھتے وقت قطعًا خوفِ خدا نہ آیا۔ کہ حضرات انبیاء کرام خصوصًا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ پر کیا بہتان لگا رہا ہے۔ خدا کو کیا جواب دے گا۔ اس واقعہ کو جس کتاب سے نقل کیا گیا۔ اس کے مصنف کا نام تو شیخ صدوق ہے جو کٹر قسم کا شیعہ ہے۔ یہ شیعوں کی صحاح اربعہ میں سے من لایحضرہ الفقیہ کا مصنف ہے۔ جزع وفزع اور گریہ وزاری تعلیمات قرآن وحدیث کے بھی سراسر خلاف ہیں۔ اللہ تعالیٰ پریشانی اور مصیبت میں صبر کی تلقین فرماتا ہے۔ بلکہ شیعہ کتب بھی مصیبت کے وقت جزع اور فزع کو جہنمیوں کا فعل قرار دیتی ہیں۔ اس کی تفصیل ہماری کتاب فقہ جعفریہ جلد سوم بیان ماتم میں موجود ہے۔ وہاں مطالعہ کر لیجئے۔

## واقعہ ہشتم: دنیا میں واقعہ کربلا بیان کرنے والا جو روئے گا اور رولائے گا وہ قیامت میں نہیں روئے گا

ملا حسین کاشفی نے یہ روایت بحوالہ عیون الرضا از شیخ صدوق نقل کی ہے جس میں رونے اور رلانے کا ثواب اور اجر ذکر کیا گیا ہے۔ یہ سب کچھ من گھڑت اور بے اصل ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ کاشفی نے ایسی جھوٹی روایات ذکر کرنے کا بیڑا اٹھا رکھا ہے۔ جن سے نوحہ کرنے اور رونے رلانے پر فرضی ثواب بتایا جائے۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں۔ کہ اگر کسی سنی واعظ یا شیعہ ذاکر کو میری مذکورہ جرح پر اعتراض ہو۔ تو وہ کسی ایک امام کی حدیث صحیح یا اثر صحیح سے یہ واقعہ ثابت کر کے منہ مانگا انعام پائے۔

مختصر یہ کہ ملا حسین کاشفی اگرچہ بظاہر سنی علماء میں سے شمار ہوتا ہے لیکن حقیقت یہ نہیں۔ ہم نے کتب شیعہ سے اس کا شیعہ ہونا ثابت کیا ہے۔ خود شیعہ علماء نے

marfat.com
Marfat.com

اسے شیعہ کہا ہے۔ پھر ہم نے آٹھ عدد واقعات نقل کیے۔ جن سے اس کا شیعیت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ اس لیے اس کی کسی کتاب کے حوالہ کو ہم پر بطور حجت پیش کرنا درست نہیں۔ اس کی کتب قطعاً اہل سنت کی کتب میں شامل نہیں ہیں۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

# کتاب ہفدہم

## مقاتل الطالبین مصنفہ علی بن حسین اصفہانی

مقاتل الطالبین کے مصنف کے شیعہ ہونے کے بارے میں کسی حقیقت پسند کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ شیعہ محققین نے اسے بالاتفاق اہل تشیع میں شمار کیا ہے۔ دوسری کتابوں کی طرح اس کے کچھ حوالہ جات سے غلام حسین نجفی نے اپنا مسلک ثابت کیا۔ اور پھر اس کے حوالہ جات کو اہل سنت کی معتبر کتاب کا حوالہ لکھ کر قارئین کو یہ تاثر دینے کی کوشش کی۔ کہ اہل تشیع کے نظریات و معتقدات کتب اہل سنت سے ثابت ہیں۔ لیکن اس کتاب کا حوالہ دیتے وقت نجفی سے ایک غلطی ہو گئی۔ وہ یہ کہ اسے "معتبر" نہیں لکھا۔ لیکن اس کی جگہ "عالم اسلام کی مایہ ناز کتاب" کا عنوان دیا یعنی دنیائے اسلام کے تمام باشندے اس کتاب کو اپنے لیے تحقیق کی دولت سمجھتے ہیں۔ ان تمام عیاریوں اور مکاریوں کے باوجود اس کا مصنف ابوالفرج علی بن حسین اصفہانی اپنے مسلک کا پکا اور اپنے نظریات میں اہل تشیع کا ہم خیال و ہم عقیدہ ہے۔ غلام حسین نجفی نے جس انداز سے اس کتاب کو پیش کیا۔ ذرا اس پر ایک نظر دوڑائیے۔ پھر اس بارے میں حقیقت حال پیش خدمت ہو گی۔

marfat.com
Marfat.com

# رسالہ کردار یزید

"بیعت یزید کے وقت امام حسن رضی اللہ عنہ کی موجودگی سے معاویہ رضی اللہ عنہ کی سخت پریشانی اور امام پاک کو زہر دلا کر راستے سے معاویہ رضی اللہ عنہ کا ہٹانا"

عالم اسلام کی مایۂ ناز کتاب مقاتل الطالبین ص ۲۹ ذکر حسن.....

## مقاتل الطالبین:-

لَمَّا اَرَادَ الْمُعَاوِیَۃُ الْبَیْعَۃَ لِاِبْنِہٖ یَزِیْدَ فَلَمْ یَکُنْ شَیْئٌ اَثْقَلَ عَلَیْہِ مِنْ اَمْرِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ وَ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ فَدَسَّ اِلَیْھِمَا سَمًّا فَمَاتَا مِنْہُ۔

**ترجمہ:** جب معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد اپنے بیٹے یزید کو خلیفہ نامزد کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ تو امام حسن رضی اللہ عنہ کی موجودگی سے اس کے لیے کوئی چیز زیادہ پریشان کرنے والی نہیں تھی۔ اور سعد بن وقاص کا وجود بھی اس کے لیے گراں تھا۔ پس معاویہ رضی اللہ عنہ نے امام حسن رضی اللہ عنہ اور سعد کو زہر دلوایا۔ اور وہ دونوں بزرگ وفات پا گئے۔

(رسالہ کردار یزید تصنیف غلام حسین نجفی ص ۴۵ تا ۴۶)

## جواب:

امام حسن رضی اللہ عنہ کو زہر دلوا کر یزید کا انہیں اپنے راستہ سے ہٹانا یا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف زہر کی نسبت کرنا اس کا آسان اور مختصر جواب تو یہی ہے۔ کہ ایسی روایات چونکہ ان کتابوں سے نقل کی گئی ہیں۔ جن کا تعلق اہل تشیع کے ساتھ ہے۔ لہٰذا ان کی عبارات سے اہل سنت پر حجت قائم کرنا ہرگز کام نہ

marfat.com
Marfat.com

دے گا۔ روایت بالا مقاتل الطالبین کے حوالہ سے ذکر ہوئی۔ اس کتاب کے مصنف علی بن حسین اصفہانی کے متعلق کتب شیعہ سے حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔ کہ یہ شخص مسلک کے اعتبار سے کون تھا؟

## صاحب مقاتل الطالبین کا تشیع اہل سنت کے نزدیک

### میزان الاعتدال:

علی بن الحسین ابو الفرج الاصبہانی الاموی صَاحِبُ کِتَابِ الْاَغَانِی شِیْعِیٌّ وَ ھٰذَا نَادِرٌ فِیْ اُمَوِیٍّ...... وَقَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَنِیْ اَبُوْعَبْدِ اللّٰہِ الحسین بن محمد بن طبا طبا العلوی سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ محمد بن الحسین البو لجی یَقُوْلُ کَانَ اَبُوْ الفَرَجِ الاصبہانی اَکْذَبَ النَّاسِ کَانَ یَشْتَرِیْ شَیْئًا کَثِیْرًا مِنَ الصُّحُفِ۔

(۱۔ میزان الاعتدال۔ جلد دوم ص ۲۲۳ مطبوعہ مصر قدیم)

(۲۔ لسان المیزان جلد چہارم ص ۲۲۱ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

ترجمہ: کتاب الاغانی کا مصنف علی بن حسین ابو الفرج اصفہانی

marfat.com

Marfat.com

اموی شیعہ تھا۔ اور خاندان اموی سے تعلق رکھتے ہوئے کسی کا شیعہ ہونا بہت کم واقع ہوا خطیب کا کہنا ہے۔ کہ مجھے ابو عبداللہ حسین محمد طبا طبا علوی نے بتلایا۔ کہ میں نے ابو الحسن محمد بن حسین بو لبجی سے سنا۔ وہ کہتے تھے۔ کہ ابو الفرج اصفہانی پرلے درجے کا جھوٹا شخص تھا وہ دوسرے لوگوں کی کتب سے مضامین چوری کر کے اپنے کہنے میں پرواہ نہ کرتا تھا۔

## صاحب مقاتل الطالبین اصفہانی کا تشیع شیعہ علماء کے نزدیک

### الکنی والالقاب:

ابو الفرج الاصفہانی علی بن حسین بن محمد المروانی الاموی الزیدی صَاحِبُ کِتَابِ الْاَغَانی ......... وَکَانَ عَالِمًا رَوٰی عَنْ کَثِیْرٍ مِنَ الْعُلَمَاءِ وَ کَانَ شِیْعِیًّا.... وَمِنْ کُتُبِہٖ کِتَابُ مُقَاتِلِ الطَّالِبِیْنَ (الکنی والالقاب جلد اول ص ۱۳۸ مطبوعہ تہران)

### ترجمہ:

ابو الفرج علی بن حسین مروانی اموی زیدی کتاب الاغانی کا مصنف ہے۔ عالم تھا۔ اور بہت سے علماء سے اس نے روایت کی اور وہ

marfat.com
Marfat.com

پکا شیعہ تھا۔ اور اس کی تصنیفات میں سے "مقاتل الطالبین" بھی ہے

**اعیان الشیعہ :**

مُؤَلِّفُو الشِّيْعَةِ فِي التَّارِيْخِ وَالسِّيَرِ الْمَغَازِي ......... ابو الفرج الاصبهانی علی بن حسین المروانی الزیدی صاحب الاغانی لَمْ يُؤَلَّفْ مِثْلُهٗ ......... وَلَهٗ مقاتل الطالبین

(اعیان الشیعہ۔ جلد اول ص ۱۵۳ تا ۱۵۴ مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** تاریخ، سیرت اور مغازی کے موضوع پر لکھنے والے شیعہ لوگوں میں سے ابوالفرج اصفہانی علی بن حسین مروانی زیدی بھی ہے۔ جس کی ایک کتاب "الاغانی" ہے۔ جو اپنی مثل آپ ہے۔ اور مقاتل الطالبین بھی اسی کی تصنیف ہے۔

**مقدمہ مقاتل الطالبین :**

كَانَ اَبُو الفرج اَمْوِيًّا وَ شِيْعِيًّا وَ شِيْعِيًّا اَمْوِيًّا يَعْطِفُ عَلَى الدَّوْلَةِ الْاَمْوِيَّةِ بِالاندلس۔ مقدمہ حرف م

**ترجمہ:** ابوالفرج اصفہانی اموی شیعہ تھا۔ "اور شیعہ اموی" اموی حکومت کے زمانہ میں اندلس کی طرف مقیم تھے۔

**لمحہ فکریہ :**

غلام حسین نجفی نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر امام حسن رضی اللہ عنہ کو زہر دلوا کر راستے

marfat.com

Marfat.com

بنانے کا جو جواز پیش کیا تھا۔ وہ عالم اسلام کی مایہ ناز کتاب "مقاتل الطالبین" تھی۔ "عالم اسلام" سے مراد اگر "دنیائے شیعیت" ہو۔ تو پھر تسلیم کہ ان کی کتاب ان کے ہاں واقعی یہی مقام و مرتبہ رکھتی ہوگی۔ اور ہے بھی یہی۔ کیونکہ اموی خاندان سے خدا خدا کر کے انہیں ایک ماتی اور عزادار ملا۔ اب اس کی تصنیف مایہ ناز ہونی چاہیئے تھی۔ اور اگر "عالم اسلام" سے مراد تمام مکاتب فکر کے مسلمانوں کے نزدیک مایۂ ناز مراد ہے۔ تو یہ صاف بہتان ہے۔ اور دھوکہ و فریب ہے دنیائے سنیت اسے کوئی اہمیت ہی نہیں دیتی۔ کیونکہ جب اس نے اہل سنت سے ناطہ توڑ کر اہل تشیع سے گٹھ جوڑ کر لیا۔ تو ہمارے لیے جائے بھاڑ میں۔

بہرحال غلام حسین نجفی نے پینترا بدلا تھا۔ شاید کوئی دھوکہ میں آ جائے۔ لیکن ہم مداری کی ہر چال سے بخوبی واقف ہیں۔ خود کتب شیعہ سے شیعہ کہتے ہیں۔ ویسے غلطی سے "مایہ ناز" لکھا گیا۔ کاتب کی غلطی ہو سکتی ہے۔ اصل لفظ "مایۂ نار" تھا۔ یعنی دوزخ کی آگ کی دولت ہے جو اس کتاب کے ذریعہ بانٹی جا رہی ہے بس ایک نقطہ بھول کر لکھ دیا گیا۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# کتاب ہشدھم ۱۸

## مودۃ القربےٰ مصنفہ سید علی ہمدانی

"مودۃ القربےٰ" اصل تو عربی میں تصنیف ہوئی۔ پھر اس کی شروحات اور حواشی بھی لکھے گئے۔ بالآخر خیرخواہوں نے مفید عام بنانے کے لیے اس کا ترجمہ بھی کیا۔ اس کے مطالعہ سے ہر صاحب مطالعہ بآسانی سمجھ جاتا ہے۔ کہ اس کا مصنف شیعہ ہے۔ کیونکہ عقائد شیعہ سے یہ کتاب بھری پڑی ہے۔ لیکن "تقیہ" کا کارنامہ دیکھیے۔ ایسے کٹر شیعہ کی کتاب کا ترجمہ جب شائع کیا گیا۔ تو اس کے ٹائٹل پر یہ الفاظ لکھ کر دھوکہ دینے کی قبیح کوشش کی گئی۔

"زاد العقبیٰ ترجمہ مودۃ القربےٰ مؤلفہ حضرت سید علی ہمدانی شافعی سنی المذہب"

یہ انداز صرف اور صرف اس لیے اختیار کیا گیا۔ تاکہ اسے پڑھنے والا اسے اہل سنت کی کتاب سمجھے۔ اور اس میں درج نظریات کو بھی سنیوں کے عقائد جان کر ان پر کاربند ہونے کی کوشش کرے۔ اس کے ترجمہ کرنے والے کا نام مولوی سید شریف حسین شیعی ہے۔ بھلا اس "شریف" آدمی سے کوئی پوچھے۔ کہ اگر صاحب مودۃ القربےٰ اہل سنت کا عالم ہے۔ تو تمہیں کس کتے نے کاٹا تھا۔ کہ اپنے مخالف کی کتاب کا ترجمہ کرنے بیٹھ گئے۔ اور ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا کے مصداق اسے چھاپنے کی "سعادت" امامیہ کتب خانہ لاہور نے حاصل کی۔ ان آثار و علامات سے جاننے والے پہچان جاتے ہیں۔ کہ اندرون خانہ کیا تھا۔ اور بیرون خانہ کیا ظاہر کیا گیا؟

marfat.com

Marfat.com

اس کتاب سے ایک حوالہ کہ جس کے ذریعہ اسے اہل سنت کی معتبر کتاب کہا گیا ملاحظہ ہو۔ پھر اس بارے میں تحقیق پیش خدمت ہوگی۔

## قول مقبول:

# "جناب فاطمہ زہرا کے حق مہر کا بیان"

اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ:

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لِعَلِیٍّ یَا عَلِیُّ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی زَوَّجَكَ فَاطِمَةَ وَجَعَلَ صَدَاقَهَا الْاَرْضَ فَمَنْ مَشٰی عَلَیْهَا مُبْغِضًا لَكَ مَشٰی حَرَامًا۔

(مودۃ القربیٰ صفحہ نمبر ۱۰۸)

**ترجمہ**: ابن عباس فرماتے ہیں۔ کہ نبی پاک نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے تیری شادی میری بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کی ہے اور میری بچی کا حق مہر خدا نے تمام زمین کو قرار دیا۔ جو آپ سے بغض رکھتے ہوئے زمین پر چلے گا۔ تو اس کے لیے زمین پر چلنا حرام ہے۔

(قول مقبول فی اثبات وحدۃ بنت الرسول ص ۹۲، ۹۵)

## جواب:

مودۃ القربیٰ اور اس کے مصنف کے بارے میں تحقیق کہ وہ کس مذہب سے متعلق ہیں۔ ہم وہی دو طریقے اپنا رہے ہیں۔ ایک یہ کہ اس کتاب کے چند اقتباسات پیش کریں گے۔ اور دوسرا طریقہ یہ کہ اس کے مصنف کے بارے میں خود شیعہ علماء کی زبانی چند حوالہ جات پیش کر کے قارئین کرام کو حقیقت سے آگاہ کرتے

marfat.com

Marfat.com

ہیں۔ لیجئے پہلے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں۔

# صاحب مودۃ القربیٰ ہمدانی کا تشیع اسکی تحریرات کے آئینہ میں

## اقتباس ۱:

عَنْ اَبِیْ جَعْفَرِ الباقر علیہ السلام فِیْ قَوْلِہٖ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَافَّۃً الایۃ یَعْنِیْ وِلَایَۃَ عَلِیٍّ وَالاَوْصِیَاءِ مِنْ بَعْدِہٖ

رزاد العقبیٰ اردو ترجمہ مودۃ القربیٰ ص ۵۴) میر امارت کتب خانہ لاہور گوٹلہ)

**ترجمہ:** اور امام ابو جعفر محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ کہ آیت کریمہ یا ایھا الذین امنوا ادخلوا فی السلم کافۃ (اے ایمان والو سب کے سب سلم میں داخل ہو جاؤ) یہ سلم سے مراد علی اور ان کے اوصیاء علیہم السلام کی ولائت ہے۔ جو علی کے بعد ہوئے۔

(زاد العقبیٰ اردو ترجمہ مودۃ القربیٰ ص ۵۴)

## اقتباس ۲:

عن علی بن حسین علیہما السّلام عن ابن عمر قَالَ مَرَّ سَلْمَانُ الْفَارِسِیُّ وَھُوَ یُرِیْدُ اَنْ یَّعُوْدَ رَجُلًا وَ نَحْنُ جُلُوْسٌ فِیْ حَلْقَۃٍ وَفِیْنَا رَجُلٌ یَقُوْلُ لَوْ شِئْتُ لَاَنْبَأتُکُمْ بِاَفْضَلِ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ

marfat.com
Marfat.com

بَعْدَ نَبِیِّنَا وَ اَفْضَلِ مِنْ هٰذَیْنِ الرَّجُلَیْنِ اَبِیْ بَکْرٍ وَّ عُمَرَ فَقَامَ سَلْمَانُ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ شِئْتُ لَاَنْبَأْتُکُمْ الخ ص ۶۲

**ترجمہ:** امام علی بن حسین علیہما السلام نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ سلمان فارسی کسی شخص کی عیادت کے ارادے سے جا رہے تھے کہ ان کا گزر ہم پر سے ہوا۔ اور ہم آدمیوں کے حلقہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اور ہم میں سے ایک شخص کہہ رہا تھا۔ کہ اگر میں چاہوں تو تم کو ایسے شخص کے حال سے خبر دوں۔ جو ہمارے پیغمبر کے بعد اس ساری امت سے افضل ہے۔ اور ان دونوں شخصوں ابوبکر وعمر سے برتر اور بہتر ہے۔ پھر اس نے سلمان سے درخواست کی۔ تب سلمان نے کہا آگاہ ہو۔ خدا کی قسم! اگر میں چاہوں تو بے شک میں تم کو ایسے شخص کے حال سے آگاہ کروں۔ جو رسول خدا کے بعد اس تمام امت سے افضل ہے۔ اور ان دونوں شخصوں ابوبکر وعمر سے بہتر ہے۔ یہ کہہ کر سلمان روانہ ہوئے۔ تب لوگوں نے ان سے کہا۔ اے ابو عبداللہ! تم نے بیان نہ کیا۔ سلمان بولے۔ کہ میں آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپ نزع کی حالت میں تھے۔ میں نے عرض کی۔ یا رسول اللہ آیا آپ نے کسی شخص کو اپنا وصی مقرر کر دیا ہے۔ فرمایا اے سلمان آیا تم اوصیاء کو جانتے ہو۔ میں نے عرض کی کہ اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا آدم کے وصی شیث تھے۔ اور وہ تمام اولادِ آدم سے جو ان کے بعد باقی رہی بہتر تھے۔ اور نوح کے وصی سام تھے جو ان سب سے افضل تھے۔ جن کو حضرت نوح نے اپنے بعد چھوڑا۔ اور

marfat.com
Marfat.com

حضرت موسیٰ کے وصی یوشع تھے۔ اور وہ ان سب سے افضل تھے۔ جو حضرت موسیٰ کے بعد باقی رہے۔ اور سلیمان کے وصی آصف بن برخیا تھے اور وہ ان تمام لوگوں سے جن کو حضرت سلیمان نے اپنے بعد چھوڑا بہتر تھے۔ اور حضرت عیسیٰ کے وصی شمعون بن فرخیا تھے۔ جو ان لوگوں سے بہتر تھے۔ جو حضرت عیسیٰ کے بعد باقی رہے۔ اور میں نے علی بن ابی طالب کو اپنا وصی کیا ہے۔ اور وہ سب لوگوں سے جن کو میں اپنے بعد چھوڑ تا ہوں بہتر اور افضل ہیں۔

(زاد العقبیٰ ترجمہ مودۃ القربیٰ ص ۶۲، ۶۳)

## توضیح :-

آیت کریمہ میں "وسیلہ" سے مراد ولائت علی اور ولایت ائمہ اہل بیت لے کر مصنف نے اپنی شیعیت کا اظہار کر دیا۔ اور اس کے ساتھ حضرت علی المرتضےٰ کو "وصی رسول اللہ" کا عقیدہ بلکہ تمام ائمہ اہل بیت کو "وصی" کون کہتا ہے؟ تو معلوم ہوا۔ کہ ولایت علی افضلیت علی مطلق، وصی رسول وغیرہ کے عقائد صاحب مودۃ القربیٰ نے اپنے بیان کیے۔ اور سبھی جانتے ہیں۔ کہ مذکورہ عقائد اہل تشیع کے ہیں۔ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے حضرت علی المرتضےٰ کی افضلیت بھی عقائد شیعہ میں سے ہے۔ اس لیے سید علی ہمدانی صاحب مودۃ القربیٰ کا اہل تشیع میں سے ہونا واضح ہو گیا۔

## اقتباس ۳ :

عن ابی ذر قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ عَلِيٌّ بَابُ عِلْمِيْ وَ مُبَيِّنٌ لِاُمَّتِيْ مَا اُرْسِلْتُ بِهٖ بَعْدِيْ حُبُّهٗ اِيْمَانٌ وَ بُغْضُهٗ نِفَاقٌ وَالنَّظَرُ اِلَيْهِ رَاْفَةٌ

marfat.com

Marfat.com

وَمَوَدَّتُہٗ عِبَادَۃٌ رواہ ابو نعیم باسنادہ۔

(زاد العقبیٰ ص ۶۹)

**ترجمہ:** ابو ذر غفاری سے مروی ہے۔ کہ جناب رسول خدا نے فرمایا کہ علی میرے علم کا دروازہ ہے۔ اور میرے بعد میری امت کے لیے اس شریعت کا بیان کرنے والا ہے۔ جس کے ساتھ خدا نے مجھ کو بھیجا ہے۔ اس کی محبت ایمان ہے۔ اور اس کی دشمنی نفاق ہے۔ اور اس کی طرف نظر کرنا رأفت و مہربانی ہے۔ اور اس کی دوستی عبادت ہے حافظ ابو نعیم نے اپنے اسناد سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

## اقتباس نمبر ۴:

عن ابن عباس قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ اِنَّہٗ عَلِیٌّ وَشِیْعَتُہٗ هُمُ الْفَائِزُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ (زاد العقبیٰ ص ۸۵)

**ترجمہ:** اور ابن عباس سے مروی ہے۔ کہ رسول خدا نے فرمایا ہے۔ کہ قیامت کے دن علی اور اس کے شیعہ ہی نجات و رستگاری پائیں گے۔

## اقتباس نمبر ۵:

وعن عبایہ ابن ربیعی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ اَنَا سَیِّدُ النَّبِیِّیْنَ وَعَلِیٌّ سَیِّدُ الْوَصِیِّیْنَ وَاِنَّ الْاَوْصِیَاءَ بَعْدِیْ اِثْنَا عَشَرَ اَوَّلُهُمْ عَلِیٌّ وَاٰخِرُهُمْ قَائِمُ الْمَهْدِیُّ۔ (زاد العقبیٰ ص ۹۰)

**ترجمہ:** اور عبایہ ابن ربیعی سے روایت کہ جناب رسول خدا نے فرمایا ہے۔ کہ میں تمام پیغمبروں کا سردار ہوں اور علی تمام اوصیاء کا سردار ہے۔ اور میرے بعد بارہ وصی ہوں گے

marfat.com

Marfat.com

ان میں سے اول علی ہے۔ اور آخری قائم آل محمد مہدی آخرالزمان علیہ السلام ہے

## اقتباس نمبر ۶:

وعن اصبغ بن نباته عن عبد الله بن عباس قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ يَقُوْلُ اَنَا وَعَلِيٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَتِسْعَةٌ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ مُطَهَّرُوْنَ مَعْصُوْمُوْنَ۔ (زاد العقبیٰ ص ۹۰)

## ترجمہ:

اور اصبغ بن نباتہ نے عبد اللہ بن عباس سے روایت کی ہے۔ کہ میں نے رسولِ خدا سے سُنا ہے۔ کہ فرماتے تھے۔ کہ میں اور علی اور حسن و حسین اور نو امام جو اولاد حسین سے ہوں گے۔ پاک و پاکیزہ اور گناہوں سے معصوم و محفوظ ہیں۔

## اقتباس نمبر ۷:

وعن عبد الله جویشقة بن مرة العیری عن جده قَالَ اَتَى عُمَرَ بْنَ خَطَّابٍ رَجُلاَنِ فَسَئَلاَهُ عَنْ طَلاَقِ الْاَمَةِ فَانْتَهَى اِلَى حَلْقَةٍ فِيْهَا رَجُلٌ اَصْلَعُ فَقَالَ يَا اَصْلَعُ مَا تَرَى فِيْ طَلاَقِ الْاَمَةِ الخ

## ترجمہ:

عبد اللہ جویشقہ بن مرہ عیری نے اپنے دادا سے روایت کی ہے۔ کہ عمر بن خطاب کے پاس دو شخص طلاق کنیز کا مسئلہ پوچھنے آئے۔ تب عمر آدمیوں کے ایک حلقہ کے پاس گئے۔ جس میں ایک اصلع شخص موجود تھا۔ اس سے کہا اے اصلع طلاق کنیز کی بابت تیری کیا رائے ہے

marfat.com

Marfat.com

اس نے انگلیوں سے جواب دیا۔ اور کلمے کی انگلی سے اشارہ کیا۔ اس وقت عمر ابن خطاب ان دونوں شخصوں کی طرف متوجہ ہوئے۔ ان میں سے ایک بولا۔ سبحان اللہ ہم تیرے پاس آئے تھے۔ کہ تو امیرالمومنین ہے۔ اور تجھ سے ایک مسئلہ پوچھا تھا۔ اور تو ایک ایسے شخص کے پاس آیا جس نے خدا کی قسم تجھ سے بات تک بھی نہ کی۔ یہ سن کر عمر نے اُس سے کہا۔ تو جانتا ہے۔ کہ یہ شخص کون ہے۔ وہ دونوں بولے نہیں۔ عمر نے کہا کہ یہ علی بن ابیطالب ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ میں نے رسول خدا سے سنا ہے۔ کہ وہ حضرت فرماتے تھے۔ کہ اگر آسمان اور زمین کے رہنے والوں کے ایمان کے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے۔ اور علی ؓ کا ایمان دوسرے پلڑے میں رکھ کر دونوں کو تولا جائے۔ تو علی بن ابی طالب کا ایمان ہی سب سے بھاری ہوگا۔

(زادالعقبیٰ ص ۶۸، ۶۹)

## توضیح:

مندرجہ بالا حوالہ جات میں صاحب مودۃ القربیٰ کے عقیدہ کے مطابق حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے علم کے برابر کوئی دوسرا نہیں ہے۔ ان کی موجودگی میں کسی کو امامت زیب نہیں دیتی۔ بروز حشر کامیابی صرف شیعانِ علی کو ہوگی۔ حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد تمام ائمہ اہل بیت معصوم ہیں۔ اس لیے ہم انہی کی اتباع کرتے ہیں۔ قارئین کرام! یہ عقائد و نظریات رکھنے والا یقیناً اہل تشیع میں سے ہو سکتا ہے۔ کسی سُنّی کو یہ عقائد زیب نہیں دیتے۔ ان حوالہ جات کے ہوتے ہوئے نجفی کا صاحب مودۃ القربیٰ کو اہل سنت میں سے گرداننا یا تو اس کے پرلے درجے کی جہالت کا منہ بولتا ثبوت ہے اگر یہی وجہ ہے۔ تو حقیقت آشکارا ہو جانے پر نجفی کو اپنے لکھے اور کئے پر معافی مانگنی چاہیئے۔ اور اگر یہ نہیں تو پھر یہ سب کچھ دین کو بیچنے کے مترادف ہے۔ اور عوام

marfat.com

Marfat.com

کو دھوکا اور فریب دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق وَمَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّا اَنْفُسَهُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ۔ خود ہی اس فریب کا شکار ہو گیا۔

اب صاحب مودۃ القربیٰ کے بارے میں دوسرا طریقہ اپناتے ہیں یعنی شیعہ محققین کی کتب سے اس کے عقائد و نظریات کے بارے میں حوالہ جات پیش کیے جاتے ہیں۔ ملاحظہ ہوں۔

## صاحب مودۃ القربیٰ کے شیعہ ہونے پر شیعہ علماء کی نصوص قطعیہ

### الذریعہ:

المودۃ فی القربیٰ للسید علی الهمدانی المتوفی سنۃ ست وثمانین وسبعمائۃ ۷۸۶ طُبِعَتْ مَعَ یَنَابِیْعِ الْمَوَدَّةِ وَاَیْضًا مُسْتَقِلًا فِیْ سَنَةِ ۱۳۱۰ وَاَفْرَدَ الْقَاضِی نُوْرُ اللهِ المرعشی رِسَالَةً فِیْ اِثْبَاتِ تَشَیُّعِهٖ كَمَا مَرَّ فِی ۱۱: ۹ وَتَرْجَمَهٗ فِی الْمَجَالِسِ -

(الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد ۲۳ ص ۲۵۵ مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: سید علی ہمدانی متوفی ۷۸۶ھ کی کتاب مودۃ فی القربیٰ ۱۳۱۰ھ میں ینابیع المودۃ کے ساتھ ایک جلد میں چھپی۔ اور قاضی نور اللہ مرعشی نے اس کے شیعہ ہونے پر ایک مستقل رسالہ لکھا ہے مجالس المومنین میں علی ہمدانی کا تذکرہ موجود ہے۔

marfat.com

Marfat.com

## الذریعہ:

اخلاق محرم للسید علی بن شہاب الدین بن محمد الحسینی الھمدانی المتوفی ۷۸۶ھ نسبہ الیہ فی کشف الظنون ترجمۃ تلمیذہ السید نور الدین جعفر البدخشی فی کتابہ خلاصۃ المناقب الذی اوردہ شطراً منہ القاضی نور اللہ فی مجالس المومنین۔ (الذریعہ جلد ۱ ص ۳۷۷)

ترجمہ: "اخلاق محرم" سید علی بن شہاب الدین ہمدانی کی تصنیف ہے۔ جو ۷۸۶ھ میں فوت ہوا کشف الظنون میں اس کتاب کی نسبت اسی مصنف کی طرف کی گئی ہے۔ ہمدانی کے شاگرد سید نور الدین جعفر بدخشی نے خلاصۃ المناقب میں بھی اس کے حالات لکھے۔ اس سے کچھ باتیں قاضی نور اللہ نے مجالس المومنین میں بھی درج کیں۔

## الذریعہ:

دیوان سید علی ھمدانی او شعرہ ھو ابن شہاب العارف الشھیر السیاح فی الربع المسکون ثلاث مرات وتوفی ۷۸۶ھ۔ (الذریعہ جلد ۹ ص ۱۰۶۵)

ترجمہ: سید علی ہمدانی کا دیوان یا شعروں کا مجموعہ۔ ہمدانی مذکور ابن شہاب الدین ہے۔ اور مشہور سیاح تھا۔ تین مرتبہ پوری دنیا کی سیاحت کی۔ آخر ۷۸۶ھ میں فوت ہو گیا۔

marfat.com
Marfat.com

## الذریعہ:

رِسَالَۃٌ فِی اِثْبَاتِ تَشَیُّعِ السَّیِّدِ علی بن شہاب الدین محمد الہمدانی للقاضی نوراللہ المتستری ذَکَرَھَا بَعْضُ الْمُوْثِقِیْنَ (الذریعہ جلد ۱۱ ص ۹)

ترجمہ: سید علی بن شہاب الدین ہمدانی کا مذہب شیعہ ثابت کرنے کے لیے نوراللہ شستری نے ایک رسالہ لکھا ہے۔ بعض موثقین نے اس کا ذکر کیا ہے۔

## مجالس المؤمنین:

الامیر النحریر الموحد الربانی السید علی الہمدانی۔ وی سہ نوبت ربع مسکون را سیر کردہ..... مولانا نورالدین جعفر بدخشی کہ از افاضل تلامذہ اوست در کتاب خلاصۃ المناقب ذکر نمودہ...... فرمودہ اند کہ خدائی تعالیٰ مرا توفیق محبت و متابعت آل طٰہٰ ولیٰس کرامت نمودہ و رخصت موافقت غیر ایشاں نفرمودہ قال صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللہَ عزوجل عَرَضَ حُبَّ عَلِیٍّ وفاطمۃ وَذُرِّیَّتِہِمَا عَلَی الْبَرِیَّۃِ فَمَنْ بَادَرَ مِنْھُمْ بِالْاِجَابَۃِ جَعَلَ مِنْھُمُ الرُّسُلَ وَمَنْ اَجَابَ بَعْدَ ذَالِکَ جَعَلَ مِنْھُمُ الشِّیْعَۃَ...... قال (ص) مَنْ اَحَبَّ اَنْ یُّحْیٰی حَیَاتِیْ وَیَمُوْتَ مَوْتِیْ وَیَدْخُلَ الْجَنَّۃَ الَّتِیْ وَعَدَنِیْ رَبِّیْ فَلْیَتَوَلَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَذُرِّیَّتَہُ الطَّاھِرِیْنَ اَئِمَّۃَ الْھُدٰی...... قَالَ (ص) لَمَّا عُرِجَ بِیْ اِلَی السَّمَاءِ رَاَیْتُ عَلٰی

marfat.com

Marfat.com

بَابِ الْجَنَّةِ مَکْتُوْبًا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَعَلِیٌّ حَبِیْبُ اللّٰہِ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ صِفْوَۃُ اللّٰہِ وَفَاطِمَۃُ اَمَۃُ اللّٰہِ عَلٰی مُحِبِّیْھِمْ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَعَلٰی مُبْغِضِیْھِمْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ...... وَقَالَ (ص) اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَۃِ یَقْعُدُ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَی الْفِرْدَوْسِ وَھُوَ جَبَلٌ قَدْ عَلَا عَلَی الْجَنَّۃِ وَفَوْقَ عَرْشِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَمِنْ سَفْحِہٖ یَنْفَجِرُ اَنْھَارُ الْجَنَّۃِ وَیَتَفَرَّقُ فِی الْجِنَانِ وَھُوَ جَالِسٌ عَلٰی کُرْسِیٍّ مِّنْ نُّوْرٍ یَجْرِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ التَّسْنِیْمُ لَا یَجُوْزُ اَحَدٌ عَلَی الصِّرَاطِ اِلَّا مَعَہٗ بَرَاۃٌ بِوِلَایَتِہٖ وَوِلَایَۃِ اَھْلِ بَیْتِہٖ یَشْرُفُ عَلَی الْجَنَّۃِ فَیُدْخِلُ مُحِبِّیْہِ الْجَنَّۃَ۔ وَمُبْغِضِیْہِ النَّارَ۔

مصنف کی ایک رباعی۔

گر حب علی و آل بتو لت نبود
امید شفاعت از رسولت نبود
گر طاعت حق جملہ بجا آری تو
بے مہر علی ہیچ قبولت نبود

(مجالس المومنین تالیف قاضی نور اللہ شوستری جلد دوم ص ۱۳۸ تا ۱۴۰ ذکر سید علی ہمدانی مطبوعہ تہران)

**ترجمہ:** سید علی ہمدانی نے تین مرتبہ چوتھے حصے زمین کی سیر کی۔ مولنا نور الدین جعفر بدخشی نے جو اس کے لائق شاگردوں میں سے ہیں اپنی کتاب خلاصۃ المناقب میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ہمدانی کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کی متابعت اور محبت

marfat.com
Marfat.com

عطا فرمائی ہے۔ان کے علاوہ کسی اور سے مجھے کوئی پیار نہیں۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ نے علی، فاطمہ اور ان دونوں کی اولاد کی محبت تمام لوگوں پر پیش کی۔جن آدمیوں نے سب سے پہلے اسے قبول کیا۔اللہ تعالیٰ نے انہیں پیغمبر بنا دیا۔اور جنہوں نے ان کے بعد قبول کیا۔ان میں سے شیعہ پیدا کیے.......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے۔جو شخص میری زندگی کی طرح زندگی اور میری موت کی طرح موت کا خواہشمند ہے۔اور جنت میں جانے کا متمنی ہے۔جس کا مجھ سے میرے رب نے وعدہ کر رکھا ہے۔تو اُسے چاہیئے کہ علی بن ابی طالب اور ان کی ذریت سے پیار کرے۔جو کہ آئمہ طاہرین ہیں......حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔جب مجھے معراج کرایا گیا۔تو میں نے جنت کے دروازے پر یہ کلمہ لکھا دیکھا "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد اللہ کے رسول ہیں۔علی اللہ کے حبیب ہیں۔حسن وحسین اللہ کے برگزیدہ ہیں۔فاطمہ اللہ کی بندی ہے۔ان سے محبت رکھنے والے پر اللہ کی رحمت اور ان سے بغض رکھنے والے پر اللہ کی لعنت" حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔قیامت کے دن حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فردوس پر بیٹھے ہوں گے۔جو جنت کے تمام طبقات سے بلند ہے۔اس کے اوپر اللہ تعالیٰ کا عرش ہے۔اس کے نیچے جنت کی نہریں جاری ہیں۔اور جنت کے مختلف درجات میں بہتی ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ وہاں ایک نور کی کرسی پر تشریف فرما ہیں۔سامنے سے تسنیم گزرتی ہے۔پلصراط سے کوئی شخص اس وقت گزر نہ سکے گا۔جب تک اس کے پاس حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی

marfat.com

Marfat.com

ولایت کی پرچی نہ ہوگی۔ اور آپ کے اہل بیت کا پروانہ نہ ہوگا۔ جناب علی المرتضٰے جنت کے اوپر سے دیکھ رہے ہوں گے۔ سو آپ کے چاہنے والے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ اور آپ سے بغض رکھنے والے دوزخ میں گر پڑیں گے۔ مصنف کی ایک رباعی:

اگر تیرے دل میں علی المرتضٰے اور ان کی آل کی محبت نہیں۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی امید مت رکھنا۔ اگر اللہ تعالیٰ کی تمام عبادات تو بجا لا چکا ہے۔ پھر بھی یہ سب کچھ حضرت علی المرتضٰے رضی کی محبت کے بغیر ہرگز تجھ سے قبول نہیں کیا جائے گا۔

**توضیح:** صاحب الذریعہ نے سید علی ہمدانی کو ان مصنفین میں سے شمار کیا جو شیعہ ہوئے۔ نوراللہ شستری نے اس کے تشیع پر ایک مستقل رسالہ تحریر کیا جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کچھ لوگوں کو اس کے شیعہ ہونے میں تردد تھا۔ کیونکہ یہ لوگ اکثر تقیہ باز ہوئے ہیں۔ اس لیے علامہ شوستری کو مجالس المؤمنین میں اس کے شیعہ ہونے کی تصریح کی۔ اور پھر مستقل رسالہ بھی تحریر کیا۔ علی ہمدانی نے جو احادیث ذکر کیں۔ جن میں حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ اور آپ کی آل کی ولایت کا اقرار اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں سے کرایا۔ جو پہل کر گئے وہ پیغمبر بن گئے۔ دوسرے نمبر پر آنے والے شیعہ ہو گئے۔ جنت کے دروازے پر لکھا گیا کلمہ یہ تمام احادیث کہاں سے اسے ملیں بہرحال ان احادیث میں اس نے شیعیت کو کھل کر بیان کیا۔ اور جو کسر باقی تھی وہ رباعی میں نکال دی۔ ان حقائق کے ہوتے ہوئے اسے اہل سنت کا فرد اور اس کی کتاب مودۃ القربیٰ کو اہل سنت کی معتبر کتاب قرار دینا لعنتیوں کا کام ہے۔ تبرائی ہی ایسا کرتے چلے آئے ہیں۔ یہ تھی حقیقت جو ہم نے آپ قارئین کرام کے سامنے پیش کردی۔ اس کے بعد مودۃ القربیٰ اور ان کے مصنف کے بارے میں کوئی خفا نہیں رہتا۔

marfat.com
Marfat.com

اور صراحت کے ساتھ یہ بات سمجھ میں آجاتی ہے۔ کہ وہ کٹر شیعہ تھا۔ اور اس پر اُسے فخر تھا۔ اُس کے شاگردوں کو اس پر ناز تھا۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

# کتاب نوزدہم ۱۹

## الامامۃ والسیاسۃ مصنفہ ابن قتیبہ عبداللہ بن مسلم

الامامۃ والسیاست کا مصنف عبداللہ بن مسلم ابن قتیبہ ہے۔ اس کتاب میں اور اس کی ایک اور کتاب المعارف میں اس شخص نے حضرات صحابہ کرام کے بارے میں بڑا زہر اگلا ہے۔ حضرات صحابہ کرام سے بڑھ کر اس مردود اللسان نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ کو اپنی تحریرات میں نشانہ بنایا۔ ایسے شخص کو کون "معتبر" کہہ سکتا ہے۔ بہر حال غلام حسین نجفی کی کتاب "ماتم اور صحابہ" کا ایک اقتباس پیش کر کے ہم ابن قتیبہ کے بارے میں اپنے انداز سے تحقیق پیش کریں گے۔

ملاحظہ ہو۔

### ماتم اور صحابہؓ:

ثُمَّ جَاءَ اِلٰی اُمِّ خَالِدٍ فَرَقَدَ عِنْدَهَا فَاَمَرَتْ جَوَارِیْهَا وَطَرَحْنَ عَلَیْهِ الشَّوَاذِكَ ثُمَّ غَطَّتْهُ حَتّٰی قَتَلَتْهُ ثُمَّ خَرَجْنَ فَصِحْنَ وَشَقَقْنَ ثِیَابَهُنَّ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ ثُمَّ قَامَ عَبْدُ الْمَلِكِ بِالْاَمْرِ بَعْدَهٗ۔

(اہل سنت کی معتبر کتاب الامامۃ والسیاسۃ جلد دوم ص ۲۶۱)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:** (مروان نے یزید کی زوجہ سے شادی کی تھی۔ پھر کسی بات پر یزید کے بیٹے خالد سے ان بن ہو گئی۔ خالد نے ماں سے شکایت کی۔ اس نے کہا میں اس کا بندوبست کرتی ہوں) پھر جب مروان رات کو گھر آ کر خالد کی ماں کے پاس آ کر سویا تو ام خالد نے کنیزوں کو حکم دیا۔ اور کنیزوں نے اس پر لحاف ڈال کر اس کو مار ڈالا۔ اور پھر ان عورتوں نے گریبان چاک کیے۔ اور چلاتی ہوئی نکلیں اور کہتی تھیں۔ یا امیر المومنین یا امیر المومنین

قارئین کرام! مروان طوائف کے چھ خلیفوں کا باپ ہے۔ اور اس کی موت پر بنو امیہ کی عورتوں نے گریبان چاک کیے۔ اگر یہ بدعت ہوتا تو چھ خلیفوں کے باپ پر اس بدعت کو ہرگز نہ کیا جاتا۔ (ماتم اور صحابہ ص ۲۴۷)

# جوابِ اوّل

## اولاً الامامۃ والسیاسۃ کی ابن قتیبہ کی طرف نسبت ہی غلط ہے

"الامامۃ والسیاسۃ" نامی کتاب کیا ابن قتیبہ کی تصنیف ہے؟ المعارف لابن قتیبہ میں جن تصانیفِ ابن قتیبہ کا تذکرہ ہے۔ ان میں اس نام کی ان کی کوئی تصنیف نہیں لکھی گئی۔ بلکہ المعارف کے مقدمہ میں اس امر کی تردید موجود ہے۔ الفاظ یہ ہیں۔

**مقدمۃ المعارف لابن قتیبہ:**

بَقِيَ بَعْدَ هٰذَا كِتَابٌ شَاعَتْ نِسْبَتُهٗ إِلَى ابْنِ

marfat.com

Marfat.com

قُتَیْبَه وَلَیْسَ لَهٗ وَهُوَ کِتَابُ الْاِمَامَةِ وَالسِّیَاسَةِ وَالْاَدِلَّةُ عَلٰی بُطْلَانِ نِسْبَةِ هٰذَا الْکِتَابِ اِلٰی ابْنِ قُتَیْبَه کَثِیْرَةٌ مِنْهَا۔

(۱) اِنَّ الَّذِیْنَ تَرْجَمُوْا لِابْنِ قُتَیْبَه لَمْ یَذْکُرُوْا هٰذَا الْکِتَابَ بَیْنَ مَا ذَکَرُوْهُ لَهٗ۔

(۲) اِنَّ الْکِتَابَ یَذْکُرُ اَنَّ مُؤَلِّفَهٗ کَانَ بِدِمَشْقَ وَابْنُ قُتَیْبَه لَمْ یَخْرُجْ مِنْ بَغْدَادَ اِلَّا اِلَی الدِّیْنَوَرِ۔

(۳) اَنَّ الْکِتَابَ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ لَیْلٰی وَ اَبُوْ لَیْلٰی کَانَ قَاضِیًا بِالْکُوْفَةِ ۱۴۸ھ اَیْ قَبْلَ مَوْلِدِ ابْنِ قُتَیْبَه بِخَمْسٍ وَسِتِّیْنَ سَنَةً۔

(۴) اَنَّ الْمُؤَلِّفَ نَقَلَ خَبَرَ فَتْحِ الْاَنْدَلُس عَنْ اِمْرَأَةٍ شَهِدَتْهُ وَفَتْحُ الْاَنْدَلُس کَانَ قَبْلَ مَوْلِدِ ابْنِ قُتَیْبَه بِنَحْوِ ثَمَانِیْنَ وَعِشْرِیْنَ سَنَةً۔

(۵) اَنَّ مُؤَلِّفَ الْکِتَابِ یَذْکُرُ فَتْحَ مُوْسٰی بْنِ نُصَیْرٍ لِمَرَّاکُش مَعَ اَنَّ هٰذِهِ الْمَدِیْنَةَ سَیَّدَهَا یُوْسُفُ بْنُ تَاشَقِیْنَ سُلْطَانُ الْمُرَابِطِیْنَ ۴۵۵ھ وَ ابْنُ قُتَیْبَه تُوُفِّیَ ۲۷۶ھ۔

(مقدمة المعارف لابن قتیبه (مقدمہ از ڈاکٹر ثروت عکاشہ ص ۵۶ مطبوعہ قاہرہ مصر)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ**: باقی رہی یہ بات کہ کتاب الامامۃ والسیاسۃ جو ابن قتیبہ کی طرف منسوب ہے۔ وہ ہرگز اس کی تصنیف نہیں۔

۔اور اس بارے میں کہ یہ اس کی تصنیف نہیں بہت سے دلائل ہیں۔

(۱) جن لوگوں نے ابن قتیبہ کے حالات لکھے انہوں نے اس کی تصنیفات میں اس کتاب کا ذکر تک نہیں کیا۔

(۲) کتاب سے پتہ چلتا ہے۔ کہ اس کا مصنف دمشق کا رہنے والا تھا۔ حالانکہ ابن قتیبہ بغداد میں رہائش پذیر تھا۔ اور یہاں سے وہ دینور کے علاوہ کسی اور شہر میں ہرگز نہیں گیا۔

(۳) کتاب میں ابو لیلیٰ کی روایات درج ہیں۔ ابو لیلیٰ ۱۴۸ھ میں کوفہ کا قاضی تھا۔ یعنی ابن قتیبہ کی پیدائش سے ۶۵ سال قبل۔

(۴) کتاب کے مصنف نے اندلس کی فتح کا واقعہ ایک عورت کی زبانی بیان کیا۔ جو اس واقعہ میں موجود تھی۔ اور فتح اندلس ۱۲۰ سال قبل پیدائش ابن قتیبہ ہوئی تھی۔

(۵) اس کتاب کے مؤلف نے مراکش کی فتح موسےٰ بن نصیر کے حوالے سے بیان کی ہے۔ حالانکہ مراکش کو یوسف بن تاشقین نے ۴۵۵ھ میں آباد کیا تھا۔ اور ابن قتیبہ کا انتقال ۲۷۶ھ میں ہو چکا تھا۔

**لمحہ فکریہ:**

"الامامۃ والسیاسۃ" کا مصنف کون تھا؟ صاحب مقدمۃ المعارف نے پانچ مضبوط دلائل سے اس امر کی تردید کی۔ کہ اس کا مصنف مسلم بن قتیبہ نہیں۔ اب مسلم بن قتیبہ کو اہل سنت کا امام کہہ کر پھر الامامۃ والسیاسۃ کو اس کی تصنیف لکھنا

marfat.com
Marfat.com

کہاں کی دانش مندی ہے۔ ذرا انصاف سے کہیے؟

# جواب دوم

## ابن قتیبہ کی بعض غلیظ تحریرات

اگر بفرضِ محال الامامۃ والسیاسۃ کو مسلم بن قتیبہ کی تصنیف تسلیم کر لیا جائے۔ تو پھر ہم ابن قتیبہ کی شخصیت کی تحقیق کریں گے۔ کہ کیا اس کے عقائد وہی ہیں۔ جو اہل سنت کے معتمد اور مقبول ہیں۔ اگر ایسا ہی ہو۔ تو پھر کسی حد تک وہ اہل سنت کی معتبر کتاب" کے عنوان سے "الامامۃ والسیاسۃ" کو پیش کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر ابن قتیبہ نظریاتی طور پر اہل تشیع کا ہمنوا نکلے۔ تو پھر اس کی تصانیف کو "اہل سنت کی معتبر کتاب" کہنا نری حماقت اور پرلے درجے کی جہالت ہوگی۔ آئیے ابن قتیبہ کی تصنیف الامامۃ والسیاسۃ اور المعارف سے چند اقتباسات ملاحظہ کریں۔ تاکہ اس کی اپنی زبانی اس کے عقائد کا اندازہ ہو سکے۔

### اقتباس نمبر (۱)

اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رضی اللہ عنہ تَفَقَّدَ قَوْمًا تَخَلَّفُوْا عَنْ بَيْعَتِهٖ عِنْدَ عَلِيٍّ کرم اللہ وجہہ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ عُمَرَ فَجَاءَ فَنَادَاهُمْ وَهُمْ فِيْ دَارِ عَلِيٍّ فَاَبَوْا اَنْ يَخْرُجُوْا فَدَعَا بِالْحَطَبِ وَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسُ عُمَرَ بِيَدِهٖ لَتَخْرُجُنَّ اَوْ لَاُحْرِقَنَّهَا عَلٰى مَنْ فِيْهَا فَقِيْلَ لَهٗ يَا اَبَا حَفْصٍ اِنَّ فِيْهَا فَاطِمَةَ فَقَالَ وَاِنْ فَخَرَجُوْا فَبَايَعُوْا

marfat.com

Marfat.com

إِلَّا عَلِيًّا فَإِنَّهُ زَعَمُوا أَنَّهُ قَالَ حَلَفْتُ أَنْ لَا أَخْرُجَ وَلَا أَضَعَ ثَوْبِي عَلَى عَاتِقِي حَتَّى أَجْمَعَ الْقُرْآنَ فَوَقَفَتْ فَاطِمَةُ رضی اللہ عنہا عَلَى بَابِهَا فَقَالَتْ لَا عَهْدَ لِي بِقَوْمٍ حَضَرُوا أَسْوَأَ مَحْضَرٍ مِنْكُمْ تَرَكْتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ صلی اللہ عَلَيْهِ وَسلم جَنَازَةً بَيْنَ أَيْدِينَا وَقَطَعْتُمْ أَمْرَكُمْ بَيْنَكُمْ لَمْ تَسْتَأْمِرُونَا وَلَمْ تَرُدُّوا لَنَا حَقًّا۔

(الامامة والسياسة جزء اول ص ۱۲ تا ۱۳
كيف كانت بيعت على بن ابى طالب)

**ترجمہ:۔**

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ کچھ لوگ ان کی بیعت نہیں کرنے آئے۔ اور وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس جمع ہیں۔ تو ان کے پاس ابوبکر نے عمر بن خطاب کو بھیجا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ اور انہیں آواز دی۔ لیکن انہوں نے باہر آنے سے انکار کر دیا۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایندھن منگوایا۔ اور خدا کی قسم کھا کر کہا۔ تمہیں نکلنا ہوگا۔ ورنہ میں تجھے جلا دوں گا۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کہا گیا۔ اے ابو حفص! گھر میں فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی تشریف فرما ہیں۔ فرمایا۔ ہوتی رہیں۔ پس کروہ باہر آئے۔ اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے سوا سب نے بیعت کر لی۔ کیونکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھ یہ عہد کیا ہوا تھا۔ کہ وہ اس

marfat.com
Marfat.com

وقت گھر سے باہر نکلیں گے۔ اور نہ ہی اپنے کندھے پر کہیں جاتے کے لیے کپڑا رکھیں گے۔ جب تک قرآن مجید جمع کریں۔ حضرت فاطمہ بھی رک گئیں۔ اور دروازے پر کھڑے ہو کر فرمایا۔ کیا تم لوگوں کے ہاں میرے لیے کوئی عہد نہیں جو بُری نیت سے آئے ہو۔ تم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ ہمارے سامنے چھوڑ رکھا ہے۔ اور امارت کا فیصلہ اپنے لیے خود ہی کر لیا۔ تم ہمیں امارت کیوں نہیں دیتے۔ اور ہمیں ہمارا حق واپس کیوں نہیں کرتے؟

## اقتباس نمبر (۲)

جب کچھ لوگ حضرت ابو بکر صدیق کے حکم سے حضرت علی المرتضیٰ کو پکڑ کر لا رہے تھے۔ تو انہوں نے کہا۔ آپ ابو بکر صدیق کی بیعت کیوں نہیں کرتے؟ علی المرتضیٰ نے کہا۔ اگر میں بیعت نہ کروں تو تم کیا کرو گے؟ انہوں نے کہا۔ ہم تمہاری گردن اڑا دیں گے۔ حضرت علی رضی بولے۔ کیا تم اللہ کے بندے اور اس کے رسول کے بھائی کو قتل کرو گے؟ اس پر عمر رض بولے۔ تو عبداللہ تو ہے۔ لیکن حضور کا بھائی ہونا یہ تو کوئی بات نہیں ہے۔ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خاموش کھڑے تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے ابو بکر سے کہا۔ آپ اس کو اپنی بیعت کا کیوں نہیں کہتے؟ ابو بکر رض نے کہا جب تک سیدہ فاطمہ ان کے پاس ہیں۔ میں انہیں کچھ بھی مجبور نہیں کروں گا۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے جب محسوس کیا۔ کہ عمر رض مجھے چھوڑتے نہیں۔ تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور پر حاضر ہو کر رو کر عرض کرنے لگے۔ اے بھائی! لوگوں نے مجھے بے بس کر دیا ہے۔ اور میرے قتل

marfat.com

Marfat.com

کے درپے ہو گئے ہیں ۔ (الامامۃ والسیاسۃ ص ۱۳ جزاول)

**نوٹ:۔**

ان دونوں اقتباسات میں حضرات صحابہ کرام کے بارے میں اور خصوصاً حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں جو کچھ کہا گیا۔ ہم اس کا تفصیلی جواب عقائد جعفریہ جلد اوّل اور تحفہ جعفریہ میں پیش کر چکے ہیں۔ یہاں صرف یہ عرض کرنا ہے ۔ کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کا جبراً ابوبکر صدیق کی بیعت کرنا اور قبر رسول پر گریہ زاری کرنا ہرگز اہل سنت کے عقائد میں سے نہیں ۔ بلکہ کتب شیعہ میں ان عقائد کی بھرمار ہے۔ لہٰذا ان کا قائل اہل سنت کا فرد ہرگز ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اور نہ ہی الامامۃ والسیاسۃ اہل سنت کی کتاب ہے ۔

## اقتباس نمبر ۳ :

حضرت طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما بیعت سے فارغ ہونے پر جناب علی المرتضٰے کے ہاں آئے اور کہنے لگے۔ کیا آپ کو معلوم ہے۔ کہ ہم نے آپ کی کیوں بیعت کی ہے ؟ فرمایا میری اطاعت کے لیے۔ اور اسی غرض کے لیے جو ابوبکر و عمر و عثمان کی بیعت کرتے وقت تمہارے پیش نظر تھی۔ دونوں نے کہا۔ "ہم نے بیعت اس لیے کی ہے ۔ کہ امر خلافت میں ہم دونوں بھی آپ کے ساتھ شریک ہیں۔ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ بولے ۔ یہ نہیں ہو سکتا ۔ (جزء اول ص ۵۱)

## اقتباس نمبر ۴ :

ابوحسین احمد بن فاسی اپنی تصنیف "الصاحبی" میں ابن قتیبہ کا کلام نقل کرنے کے بعد لکھتا ہے ۔ کہ ابن قتیبہ منکر باتیں اور میری ناپسند باتیں درج کرتا ہے۔ مثلاً اس نے شعبی سے ایک

marfat.com
Marfat.com

روایت ریقل کی ہے۔ ابو بکر، عمر اور علی المرتضیٰ فوت ہو گئے۔ لیکن قرآن جمع نہ کر سکے۔ اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اپنی قبر میں پہنچ گئے لیکن وہ قرآن حفظ نہ کر سکے یہ کس قدر قبیح کلام ہے۔ (مقدمۃ التحقیق علی المعارف ص ۵۹)

## اقتباس نمبر ۵:

كَانَ الْخَطَّابُ بن نفيل مِنْ رِجَالِ قُرَيْشٍ وَاُمُّهُ اِمْرَاَةٌ مِنْ فَهْمٍ وَكَانَتْ تَحْتَ نفيل فَتَزَوَّجَهَا عَمْرٌو بن نفيل بَعْدَ اَبِيْهِ فَوَلَدَتْ لَهُ زَيْدًا فَاُمُّهُ اُمُّ الْخَطَّاب ۔ (المعارف لابن قتيبه ص ۱۷۹ مطبوعه مصر طبع جديد)

**ترجمہ:** خطاب بن نفیل ایک قریشی آدمی تھا۔ اور اس کی ماں فہم قبیلہ سے تھی۔ اور نفیل کے نکاح میں تھی۔ نفیل کے انتقال کے بعد عمر بن نفیل نے (یعنی بیٹے نے ماں سے) شادی کر لی۔ پھر اس سے "زید" پیدا ہوا۔

## نوٹ:

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے نسب پر کس قدر غلیظ ذہنیت استعمال کی گئی۔ یہی تو شیعیت ہے۔

## اقتباس نمبر ۶:

كانت برة بنت مر اخت تميم بن مر تحت خزيمة ابن مدركة بن الياس بن مضر فَخَلَفَ عَلَيْهَا اِبْنُهُ كِنَانَةُ بْنُ خُزَيْمَةَ فَوَلَدَتْ

marfat.com

Marfat.com

له النضر بن کنانة۔ (المعارف ص ۱۱۲)

**ترجمہ:**

تمیم بن مر کی بیٹی برہ بنت مر کی شادی خزیمہ ابن مدرکہ کے ساتھ ہوئی۔ جب خزیمہ کا انتقال ہوا۔ تو اس کے بیٹے کنانہ نے اس سے (یعنی اپنی والدہ سے) شادی کر لی۔ تو اس سے نضر بن کنانہ پیدا ہوا۔

**نوٹ:۔**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نسب شریف پر یہ اعتراض کس امتی کی جرأت ہو سکتی ہے۔

## اقتباس نمبر ۷:

وكانت واقدة من بنى مازن بن صعصعة عند عبد مناف فَوَلَدَتْ لَهُ نَوْفَلًا وَابَا عَمْرٍو فَهَلَكَ عَنْهَا وَخَلَفَ عَلَيْهَا ابْنُهُ هَاشِمُ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ۔ (المعارف ص ۱۱۲)

**ترجمہ:۔**

واقدہ نامی عورت قبیلہ بنی مازن سے تھیں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا عبد مناف کا انتقال ہو گیا۔ تو ان کے بیٹے ہاشم نے ان سے شادی کر لی۔ (یعنی بیٹے نے ماں سے شادی کر لی۔)

**لمحہ فکریہ:**

حضرات صحابہ کرام کی شان میں بکواس کرنا کتب شیعہ میں بھرپور طریقہ سے موجود ہے۔ اگر ابن قتیبہ کی تحریرات یہیں رک جاتیں۔ تو ہم اسے شیعہ کہہ دیتے لیکن اس خبیث التحریر اور گندی زبان والے نے جن کا کلمہ پڑھا۔ ان کے

marfat.com
Marfat.com

آباؤ اجداد کو بھی معاف نہ کیں۔ اور کمال ڈھٹائی اور بے حیائی سے بلا استدلال اور بے اصل روایات کا سہارا لیا ہم اہل سنی کس طرح تسلیم کریں۔ جب کہ اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد آدم سے تا حضرت عبد اللہ تمام طیب و طاہر ہیں۔ جواہر البحار میں علامہ یوسف نبہانی مواہب لدنیہ میں امام قسطلانی اور مختلف تصانیف میں علامہ السیوطی نے اس کی خوب وضاحت فرمائی ہے۔ صرف ایک حوالہ ملاحظہ ہو۔

## الحاوی للفتاوی:

إِنَّ اللهَ اسْتَخْلَصَ رَسُوْلَهٗ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ اَطْيَبِ الْمَنَاكِحِ وَ نَقَلَهٗ مِنْ اَصْلَابٍ طَاهِرَةٍ اِلٰى اَرْحَامٍ مُنَزَّهَةٍ وَ قَدْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْ تَاوِيْلِ قَوْلِ اللهِ وَ تَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِيْنَ اَىْ تَقَلُّبَكَ مِنْ اَصْلَابٍ طَاهِرَةٍ مِنْ اَبٍ اِلٰى اَنْ جَعَلَكَ نَبِيًّا۔

(الحاوی للفتاوی جلد دوم ص ۲۲۱ للسیوطی)

**ترجمہ**:۔ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو باہمی نکاح میں بھی خاص مقام عطا فرمایا۔ اور آپ کو طاہر مردوں سے پاکیزہ عورتوں کی طرف مختلف پشتوں سے منتقل فرمایا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "و تقلبک فی الساجدین" کے معنی یہ بیان کیے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ تک پاک و طاہر پشتوں سے منتقل کیا۔ اور آپ تشریف لائے۔ تو پیغمبر بن کر آئے۔

marfat.com

Marfat.com

# جوابِ سوم

## "ابن قتیبہ" کی سیرت اور حالات کا آئینہ

**لسان المیزان:**

وَرَاَیْتُ فِیْ مِرْاٰۃِ الزَّمَانِ اَنَّ الدَّارقطنی قَالَ کَانَ ابْنُ قُتَیْبَۃَ یَمِیْلُ اِلَی التَّشْبِیْہِ مُنْحَرِفٌ عَنِ الْعِتْرَۃِ وَکَلَامُہٗ یَدُلُّ عَلَیْہِ وَقَالَ البیہقی کَانَ یَرٰی رَاْیَ الْکَرَامِیَّۃِ...... وَذَکَرَ الْمَسْعُوْدِیْ فی المروج ان ابن قتیبہ اِسْتَمَدَّ فِیْ کُتُبِہٖ مِنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ الدینوری وَسَمِعْتُ شَیْخِیْ العَرَاقِیْ یَقُوْلُ کَانَ ابْنُ قتیبۃ کَثِیْرَ الْغَلَطِ۔

(لسان المیزان جلد سوم ص ۳۵۷ مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** مراۃ الزمان میں میں نے دیکھا۔ کہ ابن قتیبہ کے بارے میں دارقطنی کا کہنا ہے۔ کہ اس کا تشیع کی طرف میلان تھا۔ اور اہل بیت سے منحرف تھا۔ اس پر اس کا کلام بھی دلالت کرتا ہے۔ بیہقی نے اسے کرامیہ کہا۔ مروج میں مسعودی نے کہا۔ کہ اس نے اپنی کتابوں میں ابوحنیفہ دینوری کے مضامین سے مدد لی۔ میں نے اپنے شیخ عراقی سے سنا۔ کہ ابن قتیبہ کثیر الغلط تھا۔)

marfat.com

Marfat.com

## مقدمة التحقيق:-

وَ غَيْرُ ابْنِ الْاَنْبَارِي وَ اَبِي الطَّيِّبِ نَجِدُ الْحَاكِمِ
اَبَا عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدِ النِيسابوري (۴۰۵ھ) اَلَّذِي
يَقُوْلُ اَجْمَعَتِ الْاُمَّةُ عَلٰى اَنَّ الْقُتَيْبِي كَذَّابٌ
كَمَا نَجِدُ ابْنَ تَغْرِيبردي (۸۷۴ھ) وَكَانَ ابْنُ
قُتَيْبَةَ خَبِيْثَ اللِّسَانِ يَقَعُ فِي حَقِّ كِبَارِ الْعُلَمَاءِ
(مقدمة التحقيق للمعارف ص ۶۱ مطبوعه مصر
جديد)

**ترجمہ**:- ابن انباری اور ابو الطیب کے علاوہ حاکم ابو عبداللہ نیشاپوری نے کہا۔ کہ تمام امت کا اس بات پر اجماع ہے۔ کہ قتیبی (ابن قتیبہ) پرلے درجے کا جھوٹا شخص ہے۔ اسی طرح ابن تغری بیبروی نے کہا۔ کہ ابن قتیبہ گندی اور ناپاک زبان والا تھا۔ بڑے بڑے اکابر علماء کو بھی اس اپنی زبان کے خبث سے معاف نہ کیا۔

## الحاصل:-

"ابن قتیبہ" کی سیرت اور اس کی تحریر کے بارے میں ہم نے ایک دو حوالہ جات سے روشنی ڈالی۔ اس پر اہل تشیع ہونے کا فتوٰے، اہل بیت سے منحرف ہونے کا الزام، کرامیہ عقائد پر قائم اور ابو حنیفہ دینوری ایسے کٹر امامی شیعہ کی کتابوں سے استفادہ کرنے والا، غلطیوں کا پیکر، تمام علماء کے ہاں متفقہ طور پر کذاب، خبیث اللسان، حضرات صحابہ کرام پر گند اچھالنے والا اور حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد پر بہتان لگا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ناراض کرنے والا اور اس کے

marfat.com
Marfat.com

باوجود وہ اہل سنت میں سے ؟ غلام حسین نجفی وغیرہ کی آنکھیں ان عبارات سے بند تھیں۔ ؟ بڑی بے حیائی کے ساتھ اس خبیث اللسان کی پیروی کرتے ہوئے "خباثتِ لسانی" کا مظاہرہ کیا گیا۔ اور کذاب ابن قتیبہ کے نقش قدم پر چل کر نجفی نے مسیلمہ کذاب کو مات کر دیا۔ کیوں نہ ایسا ہوتا۔ وہ بھی تشیع کا دلدادہ یہ بھی اسی کا پہرہ دار۔ وہ بھی ادھر اُدھر کی ہانکنے والا اور یہ بھی فٹ بال۔ ؎

کند ہم جنس باہم جنس پرواز کبوتر باکبوتر باز با باز

فاعتبروا یا اولی الابصار

# کتاب بست (۲۰)

## الملل والنحل مصنفہ محمد بن عبد الکریم شہرستانی

محمد بن عبد الکریم شہرستانی صاحب الملل والنحل ایک فلسفی صاحب قلم تھا۔ دین سے اسے کوئی خاص واسطہ نہ تھا۔ اور اسی لیے اسے کوئی بھی قابل اعتبار نہیں کہتا۔ لیکن غلام حسین نجفی نے دیرینہ عادت کے مطابق اس کی مذکورہ کتاب کو بھی اہل سنت کی معتبر کتاب کے طور پر پیش کرکے اہل سنت پر الزام تراشی کی۔ ملاحظہ ہو۔

"عمر کے ظلم سے سیدہ زہرا کے شکم کا بچہ بھی شہید ہوا"

سہم مسموم:
اہل سنت کی معتبر کتاب الملل والنحل جلد اول ص ۵۷ ذکر النظامیہ مولف

marfat.com
Marfat.com

محمد بن عبدالکریم شہرستانی ...... الملل والنحل کی عبارت ملاحظہ ہو۔

## الملل و النحل:

فَقَالَ اِنَّ عُمَرَ ضَرَبَ بَطْنَ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ يَوْمَ الْبَيْعَةِ حَتّٰى اَلْقَتِ المحسن مِنْ بَطْنِهَا وَكَانَ يَصِيْحُ اَحْرِقُوْا الدَّارَ بِمَنْ فِيْهَا وَمَا كَانَ فِي الدَّارِ غَيْرُ عَلِيٍّ وَ فَاطِمَة والحسن والحسين

## ترجمہ:۔

نظام کہتا ہے۔ کہ روز بیعت نبی کی بیٹی فاطمۃ زہرا کے شکم پر عمر نے دُرّہ مارا حتی کہ سیدہ کا بچہ شہید ہو کر گرا۔ اور نیز عمر چیخ رہے تھے۔ کہ اس گھر کو مع ان لوگوں کے جو اس میں ہیں جلادو۔ اور گھر میں سوائے علی و فاطمہ اور حسن و حسین کے اور کوئی نہ تھا۔

## نوٹ:۔

جناب عمر رضی اللہ عنہ کا سیدہ کے دروازہ پر آگ اور لکڑیاں لے کر آنا اور بی بی کے بچہ کا شہید ہونا ہم نے کتب اہل سنت سے ثابت کر دیا ہے۔ لہٰذا شاہ عبدالعزیز کا یہ سفید جھوٹ ہے۔ کہ مذکورہ دونوں باتیں کتابوں میں مذکور نہیں ہیں۔ اب آپ خود انصاف کریں۔

(سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم مصنفہ غلام حسین نجفی شیعی ص ۷۶، ۷۷)

## جواب:۔

کتاب الملل والنحل کے مصنف محمد بن عبدالکریم شہرستانی کا مذہب و مسلک کیا تھا؟ نجفی نے اگرچہ اس کی کتاب کے عنوان سے اس کی صراحت کر دی ہے۔ کہ یہ شخص اہل سنت کا معتبر عالم ہے۔ تبھی اس کی کتاب اہل سنت کی معتبر کتاب بنی۔

marfat.com

Marfat.com

لیکن نجفی نامعتبر کی بات کون تسلیم کرے گا۔ جبکہ اس کے آقائے بزرگ طہرانی علیہ ما علیہ نے اسے "اپنے مصنفین" میں درج کیا ہے۔ حوالہ ملاحظہ ہو۔

## الذریعہ:۔

الملل والنحل لمحمد بن عبد الکریم الشہر ستانی وترجمۃ الفارسیۃ "تنقیح الادلۃ والعلل" المشہود تان۔

(الذریعۃ الیٰ تصانیف الشیعہ جلد ۲۲ ص ۲۲۰ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ**:۔ محمد بن عبدالکریم شہرستانی کی تصنیف الملل والنحل اور اس کا فارسی ترجمہ تنقیح الادلہ والعلل (مذہب شیعہ کی کتب کے طور پر) مشہور ہیں۔ اگر اس مختصر تصدیق پر دل ٹھنڈا نہ ہوتا ہو۔ تو ذرا تفصیل سے ملاحظہ ہو۔

## الکنی والالقاب:

ابو الفتح محمد بن عبد الکریم بن احمد المتکلم الفیلسوف الاشعری صاحب کِتَابِ الملل والنحل وَهُوَ كِتَابٌ مَشْهُوْرٌ وَمِمَّا فِيْهِ اَنَّ الْاِثْنٰى عَشَرِيَّةَ الَّذِيْنَ قَطَعُوْا بِمَوْتِ مُوْسٰى بْنِ جَعْفَرِ الْكَاظِمِ وَسَمُّوْا قَطْعِيَّةً وَسَاقُوْا الْاِمَامَةَ بَعْدَهٗ فِيْ اَوْلَادِهٖ فَقَالُوْا وَالْاِمَامُ بَعْدَ مُوْسٰى عَلِيُّ الرضا (ع) وَمَشْهَدُهٗ بِطُوس ثُمَّ بَعْدَهٗ محمد

marfat.com

Marfat.com

التقی (ع) وَهُوَ فِی مَقَابِرِ قُرَیْشٍ ثُمَّ بَعْدَهٗ
علی بن محمد التقی (ع) وَمَشْهَدُهٗ بِقُمْ
وَبَعْدَهُ الْحَسَنُ الْعَسْکَرِی الزکی وَ بَعْدَہٗ
ابنه م ح م د الْقَائِم المنتظر (ع) اَلَّذِیْ هُوَ
بِسُرَّ مَنْ رَّاٰی وَهُوَ الثَّانِی عَشَرَ هٰذَا هُوَ طَرِیْقُ
الْاِثْنٰی عَشَرِیَّةً انتهیٰ۔
وَفِیْهِ مِنَ الْخَبْطِ وَالْجَهْلِ مَا لَا یَخْفٰی قَالَ
الحموی فِیْ مُعْجَمِ الْبُلْدَانِ فِیْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ
مَا هٰذَا الْغَلْطَةُ وَلَوْلَا تَخَبُّطٌ فِی الْاِعْتِقَادِ وَ
مَیْلُهٗ اِلٰی هٰذَا الْاِلْحَادِ لَکَانَ هُوَ الْاِمَامُ وَکَثِیْرًا
مَا کُنَّا نَتَعَجَّبُ مِنْ وُفُوْرِ فَضْلِهٖ وَ کَمَالِ عَقْلِهٖ
کَیْفَ مَالَ اِلَی الشَّیْئِ لَا اَصْلَ لَهٗ وَاخْتَارَ اَمْرًا لَا دَلِیْلَ
عَلَیْهِ لَا مَعْقُوْلًا وَّلَا مَنْقُوْلًا وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ
الْخُذْلَانِ وَالْحِرْمَانِ مِنْ نُّوْرِ الْاِیْمَانِ وَلَیْسَ
ذَالِكَ اِلَّا لِاِعْرَاضِهٖ عَنْ نُّوْرِ الشَّرِیْعَةِ وَاشْتِغَالِهٖ
بِظُلُمَاتِ الْفَلْسَفَةِ۔
وَقَدْ کَانَ بَیْنَنَا مُحَاوَرَاتٌ وَمُفَاوَضَاتٌ
فَکَانَ یُبَالِغُ فِیْ نُصْرَةِ مَذَاهِبِ الْفَلَاسِفَةِ
وَالذَّبِّ عَنْهُمْ وَقَدْ حَضَرْتُ عِدَّةَ مَجَالِسَ
مِنْ وَعْظِهٖ فَلَمْ یَکُنْ فِیْهَا قَالَ اللّٰهُ وَلَا
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (ص) وَلَا جَوَابٌ مِّنَ الْمَسَائِلِ

marfat.com

Marfat.com

الشَّرْعِیَّةِ۔

(الکنی و الالقاب جلد دوم ص ۳۷۴ حالات الشہرستانی۔ مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:**

ابوالفتح محمد بن عبدالکریم بن احمد ایک متکلم فلسفی اور اشعری عالم ہے۔ الملل و النحل کا مصنف ہے۔ جس کی ایک عبارت (کا ترجمہ) یہ ہے۔ اثنا عشری شیعہ وہ بھی ہیں۔ جو موسےٰ بن جعفر کاظم کی موت پر یقین رکھتے ہیں۔ انہیں "قطعیہ" کہا جاتا ہے۔ ان کا عقیدہ ہے۔ کہ موسیٰ بن جعفر کاظم کی وفات کے بعد امامت ان کی اولاد میں چلی آتی ہے۔ چنانچہ ترتیب امامت یوں ہے۔ موسیٰ بن جعفر کے بعد امام جناب علی رضا ہوئے۔ جن کی جائے شہادت طوس میں ہے۔ ان کے بعد ان کے بیٹے محمد تقی ہیں۔ جو قریش کے قبرستان میں مدفون ہیں۔ ان کے بعد ان کے بیٹے علی بن محمد نقی ہیں۔ جن کی شہادت گاہ قم میں ہے۔ ان کے بعد حسن عسکری ان کے بعد ان کے بیٹے محمد القائم المنتظر ہیں۔ جو سرمن رائے میں (چھپے ہوئے) ہیں۔ یہ بارہویں امام ہیں۔ اثنا عشریہ کا یہی طریقہ ہے۔ انتہیٰ۔

شہرستانی کی اس تحریر میں جو خبط اور بدحواسی ہے۔ وہ بالکل ظاہر ہے۔ معجم البلدان میں حموی کا کہنا ہے۔ کہ اگر یہ شخص اعتقادیات میں خبطی نہ ہوتا۔ اور بے دینی کی طرف اس کا میلان نہ ہوتا۔ تو امام وقت ہوتا۔ ہمیں بہت مرتبہ تعجب ہوتا ہے۔ کہ اس قدر صاحب فضل وعقل کس طرح بے اصل باتوں اور بے دلیل امور کی طرف مائل

marfat.com

Marfat.com

ہو گیا۔ جن پر نہ کوئی عقلی دلیل اور نہ ہی نقلی موجود ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اس ذلت اور محرومی کی پناہ چاہتے ہیں۔ جو نور ایمان کے چھن جانے سے ہوتی ہے۔ شہرستانی کا یہ سب کچھ ایسا اس لیے ہوا۔ کہ اس نے نور شریعت سے منہ موڑ لیا تھا۔ اور فلسفیانہ ظلمتوں میں مشغول و مصروف ہو چکا تھا۔

شہرستانی ہم سے محاورات و مفاوضات بیان کیا کرتا تھا۔ اور فلسفیوں کے نظریات و مذاہب کی مدد کے لیے بہت آگے بڑھ جایا کرتا تھا۔ اور ان پر کیے گئے اعتراضات کا جواب دینے میں دور نکل جاتا تھا۔ میں اس کی متعدد مجالس وعظ میں شریک ہوا۔ کسی مجلس میں اس نے اللہ اور اس کے رسول کی کوئی بات نہ کی۔ اور نہ ہی کسی شرعی مسئلہ کا جواب دینا گوارا کیا۔

## لمحہ فکریہ:

کتاب الملل والنحل کے حوالہ سے نجفی نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کا دشمن ثابت کیا۔ اور دُرّہ مار کر ان کا ہونے والا بچہ شہید کرنے کا ڈرامہ پیش کیا۔ اور پھر یہ سب کچھ "اہل سنت کی معتبر کتاب" کے حوالے سے لکھا۔ اب آپ فیصلہ کر سکتے ہیں۔ کہ یہ کتاب اور اس کا مصنف جس کو شیعہ (بحوالہ الذریعہ) اپنا آدمی کہتے ہیں۔ اور پھر بے دین، خبطی اور فلسفہ کا غلام بھی کہہ رہے ہیں اس کی کتاب کے حوالہ سے تو سرے سے کوئی دلیل و حجت بن ہی نہیں سکتی۔ اور اگر نجفی وغیرہ اُسے حجت قرار دیں۔ تو ہمیں کیا نقصان۔ کیونکہ وہ جب ہے ہی تمہارا۔ تو پھر تمہاری طرح ہی بڑھ مارے گا۔ یہ تو خود شیعہ مصنفین نے اس کی حقیقت بیان کی۔ آیئے ایک دو حوالے اہل سنت کی کتب سے بھی پڑھ لیں۔

marfat.com
Marfat.com

کہ وہ صاحب الملل والنحل محمد بن عبدالکریم شہرستانی کے عقیدہ کے بارے میں کیا لکھتی ہیں۔

## علماء اہل سنّت کے نزدیک صاحب الملل والنحل شہرستانی غالی شیعہ ہے

### طبقات الشافعیہ:

فِیْ تَارِیْخِ شَیْخِنَا الذَّھَبِیْ اَنَّ ابْنَ السَّمْعَانِیْ ذَکَرَ اَنَّہٗ کَانَ مُتَّھِمًا بِالْمَیْلِ اِلٰی اَھْلِ الْقِلَاعِ یَعْنِیْ الْاِسْمَاعِیْلِیَّۃَ وَالدَّعْوَۃِ اِلَیْھِمْ وَالنُّصْرَۃِ بِطَامَاتِھِمْ وَ اَنَّہٗ قَالَ فِی التَّحْبِیْرِ اِنَّہٗ مُتَّھِمٌ بِالْاِلْحَادِ وَالْمَیْلِ اِلَیْھِمْ غَالٍ فِی التَّشَیُّعِ۔

(طبقات شافعیہ الکبریٰ جزء رابع ص ۷۹)

### ترجمہ:

شیخ ذہبی متوفی ۷۴۸ھ کی تاریخ میں تحریر ہے۔ کہ ابن سمعانی نے شہرستانی کے متعلق ذکر کیا۔ کہ وہ فرقہ اسماعیلیہ کی طرف مائل تھا۔ (جو شیعہ ہے) اور ان کے نظریات کی دعوت دیا کرتا تھا۔ اور ان لوگوں کی مدد کرتا جو اسماعیلی ہوتے تھے۔ انہوں نے "تحبیر" نامی کتاب میں کہا ہے۔ کہ شہرستانی بے دینی کی وجہ سے بدنام تھا۔ اور بے دینوں کی طرف اس کا میلان تھا۔ شیعیت میں بہت غالی تھا۔ (یعنی عام شیعوں کی بہ نسبت متعصب اور پرلے درجے کا ضدی شیعہ تھا)

marfat.com

Marfat.com

## منهاج السنة:

مَا يَنْقُلُهُ الشَهرستانى وَ اَمْثَالُهُ مِنَ المُصَنِّفِيْنَ فى الملل و النحل عَامَتُه مِمَّا يَنْقُلُهُ بَعْضُهُمْ عَنْ بَعْضٍ وَكَثِيْرٌ مِنْ ذَالِكَ لَمْ يُحَرِّرْ فِيْهِ اَقْوَالَ المَنْقُوْل عَنْهُمْ وَ لَمْ يَذْكُرِ الْاِسْنَادُ فِى عَامَةِ مَا يَنْقُلُو بَلْ هُوَ يَنْقُلُ مِنْ كُتُبِ مَنْ صَنَّفَ المَقَالَاتِ قَبْلَهُ مِثْل اَبِىْ عِيْسٰى الوراق وَ هُوَ مِنَ المُصَنِّفِيْنَ لِلرَّافِضَةِ المُتَّهِمِيْنَ فِىْ كَثِيْرٍ مِنَ الصَحَابَةِ وَ بِالجُمْلَةِ فالشهر ستانى يَظْهَرُ المَيْلَ اِلَى الشِّيْعَةِ

اِمَّا بِبَاطِنِهٖ وَ اِمَّا مُدَاهَنَةً لَهُمْ فَاِنَّ هٰذَا الْكِتَابَ المِلَلَ وَ النحل صَنَّفَهٗ لرئيسٍ من رُؤَسَائِهِمْ وَكَانَتْ لَهٗ وِلَايَةٌ دِيْوَانِيَةٌ وَ كَانَ للشهرستانى مَقْصُوْدٌ فِى اِستِعْطَافِهٖ لَهٗ وَ كَذَالِكَ صَنَّفَ لَهٗ كِتَابُ المُصَارَعَةِ بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ ابْنِ سِيْنَا لِمَيْلِهٖ اِلَى التَشَيِّعِ وَالفَلْسَفَةِ وَ اَحْسَنُ اَحْوَالِهٖ اَنْ يَكُوْنَ مِنَ الشِّيْعَةِ اِنْ لَمْ يَكُنْ مِنَ الْاِسْمَاعِيْلِيَةِ اَعْنِىْ المُصَنَّفَ لَهٗ وَ لِهٰذَا اتَحَامَلَ فِيْهِ لِلشِّيْعَةِ تَحَامُلًا بَيِّنًا وَ اِذَا كَانَ فِى غَيْرِ ذَالِكَ مِنْ كُتُبِهٖ يَبْطُلُ مَذْهَبَ الاِمَامِيَةِ فَهٰذَا يَدُلُّ عَلَى المُدَاهَنَةِ

marfat.com
Marfat.com

لعمر فی ھذا الکتاب لاجل من صنف لہ۔

(منھاج السنۃ لابن تیمیہ جزء ثالث صفحہ ۲۰۶، ۲۰۹)

**ترجمہ**: شہرستانی اور اس جیسے دوسرے مصنفین الملل والنحل میں جو ذکر کرتے ہیں۔ اس میں سے عام باتیں وہ ایک دوسرے سے نقل کرتے ہیں۔ اور بہت سا حصہ ایسا بھی ہے۔ کہ جس میں منقول عنہم کے اقوال نہیں لکھے۔ اور نقل کرنے میں عام طور پر اسناد کو چھوڑ دیا۔ بلکہ وہ اپنے سے پہلے مصنفین کی کتابوں سے نقل کرتا ہے۔ جیسا کہ ابو عیسیٰ وراق جو کہ شیعہ مصنفین میں سے تھا۔ اور اپنی بہت سی تحریرات میں متہم تھا۔ اور ابو یحییٰ وغیرہ شیعہ مصنفین کے علاوہ زیدیہ کی کتابوں سے بھی نقل کرتا ہے۔ اور کچھ باتیں معتزلہ کی درج کیں۔ جنہوں نے حضرات صحابہ کرام میں سے بہت سے صحابہ پر طعن کئے ہیں۔ مختصر یہ کہ شہرستانی کا شیعیت کی طرف میلان تھا۔ اس کی وجہ یا تو یہ تھی۔ کہ وہ حقیقت میں شیعہ تھا۔ یا پھر ان کی خوشامد کرنے کی وجہ سے شیعہ بن گیا تھا۔ اس نے الملل والنحل ایک رئیس کے حکم پر لکھی تھی۔ جو شیعہ تھا۔ اور حکومت کا آدمی تھا۔ شہرستانی کا مقصد یہ تھا۔ کہ کسی بہانے اس رئیس کا دل موہ لے۔ کتاب المصارعہ بھی شہرستانی نے اسی کے کہنے پر لکھی۔ جو شہرستانی اور ابن سینا کے مابین کچھ باتوں پر مشتمل ہے۔ اس رئیس کا شیعیت کی طرف اور فلسفہ کی میلان تھا۔ یہی وجہ ہے کہ شہرستانی نے شیعیت کی طرفداری میں بہت کچھ برداشت کیا ہے۔ اگرچہ دوسری کتابوں میں مذہب امامیہ کی تردید بھی کرتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شہرستانی کی شیعیت

marfat.com
Marfat.com

بطور خوشامد تھی۔

قارئین کرام! اہل سنت کی دو کتابوں کے حوالہ جات سے شہرستانی کے بارے میں یہ بات کھل کر سامنے آئی۔ اس آدمی کی وجہ سے کہ جس کے لیے اس بدعقیدہ ازلی بدبخت نے یہ کتاب تصنیف کی۔ کہ وہ غالی شیعہ ہے۔ اور الملل والنحل کی تصنیف ہی ایک شیعہ وزیر کے حکم سے ہوئی۔ اُسے خوش کرنے یا اپنے عقائد کے مطابق شہرستانی نے اس کتاب میں شیعیت کا تذکرہ کیا۔ اور بے سند روایات ذکر کرنے کا عادی ہوتے ہوئے محض وزیر کو خوش کرنے پر اپنا دین بیچ ڈالنے والا کب اس قابل ہو سکتا ہے۔ کہ اس کی بے سر و پا باتوں کو حجت مانا جائے۔ روایات کی اسناد بھی ذکر کرتا۔ اور نقل کرنے میں بہت محتاط ہوتا۔ تو بھی تشیع ہونے کی وجہ سے ہم اہل سنت پر اس کی وہ عبارات جن میں شیعیت ٹپک رہی ہو۔ قطعاً حجت نہیں بن سکتیں۔

رہی یہ بات کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ کے لشکر سے پیچھے رہنے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔ تو اس کی وضاحت ہم نے تحفہ جعفریہ جلد سوم میں کر دی ہے۔ مختصر یہ کہ شہرستانی کے بارے میں اہل سنت اور اہل تشیع دونوں طرف کے علماء کا یہی فیصلہ ہے۔ کہ یہ نامعتبر و نامقبول ہے۔ ایسے کے حوالہ جات کس کام کے؟

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# کتاب
# بست و یکم ۲۱

## عقد الفرید مصنفہ احمد بن محمد المعروف ابن عبد ربہ

سہو مسموم:

**"جناب عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا دروازۂ زہرا پر آگ لے کر آنا اور ان کا گھر جلانے کی دھمکی دینا"**

ثبوت ملاحظہ ہو۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عقد الفرید جلد دوم ص ۲۰۵ ذکر خلافت ابی بکر

عقد الفرید:۔

اَمَّا عَلِیٌّ وَ عَبَّاسٌ وَ الزُّبَیْرُ فَقَعَدُوْا فِیْ بَیْتِ فَاطِمَۃَ حَتّٰی بَعَثَ اِلَیْہِمْ اَبُوْ بَکْرٍ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ لِیُخْرِجَہُمْ مِنْ بَیْتِ فَاطِمَۃَ وَقَالَ لَہٗ اِنْ اَبَوْا فَقَاتِلْہُمْ فَاَقْبَلَ بِقَبَسٍ مِنَ النَّارِ عَلٰی اَنْ یَضْرِمَ عَلَیْہِمُ الدَّارَ فَلَقِیَتْہُ فَاطِمَۃُ فَقَالَتْ یَا ابْنَ الْخَطَّابِ اَجِئْتَ لِتُحْرِقَ دَارَنَا قَالَ نَعَمْ اَوْ تَدْخُلُوْا فِیْمَا دَخَلَتْ فِیْہِ الْاُمَّۃُ۔

**ترجمہ:۔** ملخص۔ جناب علیؑ اور عباسؓ اور زبیرؓ ابی بکر کی بیعت سے انکار کر کے سیدہ زہرا کے گھر میں بیٹھ گئے۔ ابو بکر نے عمر کو بھیجا کہ

marfat.com
Marfat.com

ان کو لاؤ۔ اگر انکار کریں۔ تو ان سے جنگ کرو۔ جناب عمر آگ کا شعلے کر آئے تاکر اس گھر کو جلا دیں۔ پس سیدہ زہرا آئیں۔ اور فرمایا۔ اے خطاب کے بیٹے کیا تو میرا گھر جلانے آیا ہے۔ عمر نے کہا ہاں جب تک تم بیعت نہ کرو۔ (سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم ص ۶۷ تا ۶۹)

عبارت بالا غلام حسین نجفی نے سہم مسموم میں ذکر کی۔ اور حوالہ دیتے ہوئے "اہل سنت کی معتبر کتاب عقد الفرید" لکھا۔ عقد الفرید کے مصنف کا نام احمد بن محمد بن عبد ربہ ہے پہلے اس کا مقام علمی پیش خدمت ہے۔ پھر اس کے مسلک پر گفتگو ہو گی۔

## ترجمة المؤلف:

وَلَا يُعْرَفُ شَيْءٌ مِنْ تَارِيْخِ ابْنِ عَبْدِ رَبِّهِ فِيْمَا عَدَا أَنَّهُ كَانَ فِيْ شَبَابِهِ لَاهِيًا وَلُوْعًا بِالْغِنَاءِ ......... لَمْ يَذْكُرْ لَنَا الْمُؤَرِّخُوْنَ شَيْئًا مِنْ سِيْرَةِ ابْنِ عَبْدِ رَبِّهِ تَدُلُّ عَلٰى خُلُقِهِ وَصِفَتِهِ إِلَّا مَا قَدَّمْنَا مِنْ حَدِيْثِ لَهْوِهِ وَصَبْوَتِهِ فِيْ شَبَابِهِ ........ إِنَّ ابْنَ عَبْدِ رَبِّهِ لَمْ يَنْظُرْ فِيْمَا جَمَعَ لِكِتَابِهِ مِنَ الْفُنُوْنِ نَظَرَ الْمُخْتَصِّ بِحَيْثُ يَخْتَارُ لِكُلِّ فَرْعٍ مِنْ فُرُوْعِ الْمَعْرِفَةِ بَعْدَ نَقْدٍ وَتَمْحِيْصٍ وَاخْتِبَارٍ فَلَا يَقَعُ مِنْهُ فِيْ بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْفَنِّ إِلَّا مَا يَجْتَمِعُ عَلَيْهِ صَوَابُ الرَّأْيِ عِنْدَ أَهْلِهِ لَا وَلٰكِنَّهُ نَظَرَ إِلٰى جُمْلَةِ مَا جَمَعَ نَظَرَ الْأَدِيْبِ الَّذِيْ يَرْوِي النَّادِرَةَ لِحَلَاوَةِ مَوْقِعِهَا لَا لِصِحَّةِ الرَّأْيِ

marfat.com

Marfat.com

فِيْمَا وَ يَخْتَارُ الْخَبَرَ لِتَمَامِ مَعْنَاهُ لَا لِصَوَابِ مَوْقِعِهِ عِنْدَ أَهْلِ الرَّأْيِ وَالنَّظَرِ وَالْإِخْتِصَاصِ أَنْظُرْ إِلَيْهِ فِيْمَا رَوٰى مِنْ حَدِيْثِ الرَّسُوْلِ صلی اللہ علیہ وسلم مَثَلًا تَجِدُ الصَّحِيْحَ وَالْمَرْدُوْدَ وَالضَّعِيْفَ وَالْمُتَوَاتِرَ وَالْمَوْضُوْعَ وَأَقْوَالَهُ مَا نَقَلَ مِنْ حَوَادِثِ التَّارِيْخِ وَأَخْبَارِ الْأُمَمِ وَالْمُلُوْكِ تَجِدُ مِنْهُ مَا تُعْرَفُ وَمَا تُنْكَرُ وَمَا تُصَدِّقُ وَمَا تُكَذِّبُ وَمَا يَتَنَاقَضُ آخِرُهُ وَأَوَّلُهُ وَلَمْ يَكُنْ ابْنُ عَبْدِ رَبِّهِ مِنَ الْغَفْلَةِ بِحَيْثُ يَجُوْزُ عَلَيْهِ مَا لَا يَجُوْزُ وَلٰكِنَّهُ جَامِعُ أَخْبَارٍ وَمُؤَلِّفُ نَوَادِرَ جَمَعَ مَا جَمَعَ وَأَلَّفَ مَا أَلَّفَ۔

(تعریف بالکتاب ومولفہ بقلم محمد سعید العریان علی عقد الفرید (س)

**ترجمہ**:۔ ابن عبدربہ کی تاریخ معلوم نہ ہوسکی۔ صرف اتنا پتہ چلا ہے کہ وہ جوانی میں لہو ولعب کا رسیا اور گانے بجانے کا شائق تھا۔۔۔ ......مؤرخین نے ابن عبدربہ کے بارے میں ہمارے لیے کوئی تاریخی مواد نہیں ذکر کیا۔ جو اس کی اچھی عادات اور صفات پر دلالت کرتا ہو۔ ہاں اس قدر موجود ہے۔ کہ جوانی میں اس کے بارے میں لہو ولعب کی بہت سی باتیں مذکور ہیں۔ اور مزاح کے علاوہ لغویات کا رسیا تھا۔...... ابن عبدربہ نے اپنی کتاب میں جو کچھ لکھا اس

marfat.com

Marfat.com

اس پر ایک اچھی نظر اور مخصوص تحقیق کو روا نہیں رکھا۔ اسے جس طرح کی جو بات معلوم ہوئی۔ وہ اپنی کتاب میں لے آیا۔ اس نے اپنی کتاب میں جو روایات واقعات جمع کیے ہیں۔ وہ اصحاب رائے کی متفقہ نہیں ہے۔ بلکہ ایک ادیب کی طرح واقعہ کو رنگین بنانے کے لیے عجیب وغریب باتیں ہیں اور اپنے مقصد کو مکمل کرنے کی خواہش میں سب کچھ درج کیا۔ یہ نہیں دیکھا۔ کہ اس روایات وواقعہ کے بارے میں اہل رائے اور صاحبان تحقیق کیا کہتے ہیں۔ نمونہ کے طور پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث اس نے لکھیں۔ ان کو لیجئے۔ ان میں صحیح، مردود، ضعیف، متواتر اور موضوع تک درج ہیں۔ اور تاریخی واقعات، امتوں کے حالات اور بادشاہوں کی باتوں میں ایسی بہت سے روایات مذکور ہیں جو معروف منکر، سچی اور جھوٹی سب غلط ملط ہیں۔ اور ایسی بھی کہ ان کے اول حصہ آخری کی تردید کرتا ہے۔ بہرحال ابن عبدربہ اس غفلت میں نہیں تھا۔ کہ اس پر وہ تنقید جائز ہو۔ جو جائز نہیں۔ لیکن اتنی بات ضرور ہے۔ کہ وہ اِدھر اُدھر کی خبریں جمع کرنے والا اور نادر روا قعات لکھنے والا ہے جو ملا لکھ دیا۔ اور جو سمجھا اُسے درج کر دیا۔

**نوٹ:**

عبارات بالا میں ابن عبدربہ کو ایک مجہول شخص قرار دیا گیا۔ اور اگر اس کے سوانح حیات کچھ ملتے بھی ہیں۔ تو وہ بالکل اس پر اعتبار نہ کرنے والے ہیں۔ واقعات و روایات میں سخت غیر محتاط شخص ہے۔ حتیٰ کہ احادیث کے بارے میں صدرجہ غفلت برتنے والا ہے۔ ایسے شخص کی کتاب کو نجفی، اہل سنت کی معتبر کتاب" کہہ رہا ہے۔ ذرا انصاف کیجئے۔ کس قدر بے وقوفی اور جہالت ہے۔

marfat.com

Marfat.com

عبارات مذکورہ میں تو اس کی عادات و اطوار اور علمی مقام پر ہم نے روشنی ڈالی اب اس کے مسلک و مشرب کی طرف آیئے۔ کہ یہ لہو و لعب کا رسیا اور ادھر اُدھر کی بے تکی ہانکنے والا "اہل سنت" تھا۔؟

## صاحب عقد الفرید کا تشیع

## الذریعہ:

اَلْعَقْدُ لابی عمر احمد بن محمد المعروف بابن عبد ربہ القرطبی المتوفی سنۃ ثمان وعشرین وثلاثمائۃ اَوَّلُہٗ (الحمد للہ الاول بلا ابتداء) کَانَ فِیْ خِزَانَۃِ اَلْحَاج معتمد الدولۃ فرہاد میرزا حکی فی کشف الظنون) عَنْ اِبْنِ خَلْکَان اَنَّہٗ مِنَ الْمُمْتَعَۃِ حَوٰی مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَحَکٰی ابن کَثِیْر اَیْضًا اَنَّہٗ یَدُلُّ کَلَامُہٗ عَلٰی تَشَیُّعٍ مِنْہُ۔

(الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد ۱۵ ص ۲۸۶)

## ترجمہ:

ابو عمر احمد بن محمد المعروف ابن عبد ربہ متوفی ۳۲۸ھ کی تصنیف "عقد الفرید" ہے۔ جو "الحمد للہ الاول بلا ابتداء" کے الفاظ سے شروع ہوتی ہے کتاب مذکور الحاج معتمد الدولہ فرہاد مرزا کے خزانہ کتب خانہ میں تھی۔ ابن خلکان سے کشف الظنون میں روایت ہے۔ کہ یہ کتاب معمولی سے معمولی نفع کی باتوں پر مشتمل ہے۔ اور ابن کثیر نے یہ بھی کہا

marfat.com

Marfat.com

کہ شخص اہل تشیع میں سے تھا۔

## لمحہ فکریہ:

صاحب الذریعہ نے اس بات پر اعتماد کرتے ہوئے کہ عقد الفرید کا مصنف ابن عبدربہ شیعہ ہے۔ تب جا کر اس کا تذکرہ الذریعہ میں کیا ہے۔ اور پھر ابن کثیر کی تحقیق کا حوالہ بھی دیا۔ کہ یہ واقعی شیعہ ہے۔ ایک ایسا شخص جس کی سوانح ناپید ہوں۔ اور گانے بجانے اور گپیں ہانکنے کے علاوہ اس کی زندگی کی کوئی اچھی صفت صفحات تاریخ پر ناپید ہوں اور غلط سلط باتیں محض اپنے مقصد کی تکمیل کے لیے ذکر کرنے سے نہ کتراتا ہو۔ نجفی اسے شیعوں سے نکال کر سنی اور گپیوں سے نکال کر "معتبر عالم" لکھ کر اپنے یار کی تعریف کر رہا ہے۔ ایسے مصنف کی تحریر کب حجت بننے کی صلاحیت رکھتی ہے؟

فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ

marfat.com

Marfat.com

# کتاب بست و دوم ۲۲

## تاریخ الطبری مصنفہ ابو جعفر محمد بن جریر طبری

تاریخ طبری تصنیف ابو جعفر محمد بن جریر طبری بھی ایسے مواد پر مشتمل ہے۔ جو اہل سنت کے معتقدات کے خلاف ہیں۔ انہیں باتوں کو کچھ ناسمجھ شیعہ پیش کر کے عوام اہل سنت کو گمراہ کرنے کی ناپاک کوشش کرتے ہیں۔ ایک اقتباس ملاحظہ ہو۔

### تاریخ آئمہ:

آنحضرت کے انتقال کے بعد جن لوگوں نے حضرت ابو بکر کی بیعت سے انکار کیا۔ وہ جناب سیدہ کے گھر پر تھے۔ تو حضرت ابو بکر نے حضرت عمر رضؓ کو بھیجا۔ کہ جو لوگ خانۂ سیدہ میں ہیں۔ ان کو وہاں نہ رہنے دیں۔ اور وہ نکلنے سے انکار کریں تو بزور شمشیر وہاں سے نکالیں۔ اس پر حضرت عمرؓ آگ لکڑی لے کر وہاں اس قصد سے پہنچے۔ کہ گھر میں آگ لگا دیں۔ یہ سن کر جناب سیدہ نے کہا۔ اے پسر خطاب کیا تو میرا گھر جلانے آیا ہے۔؟ حضرت نے کہا بے شک اسی ارادے سے آیا ہوں۔ ورنہ جو لوگ اس گھر میں ہیں۔ وہ سب مل کر ابو بکر کی بیعت کریں۔ دوسری روایت میں ہے۔ کہ جب حضرت عمر رضؓ نے گھر میں آگ لگنے کی قسم کھائی تو لوگوں نے کہا کہ اس گھر میں تو فاطمہ بھی ہیں۔ حضرت عمر رضؓ نے کہا ہوا کریں۔ (تاریخ طبری جلد سوم ص ۱۹۸)

(تاریخ ائمہ مصنفہ سید علی حیدر نقوی ص ۱۵۱ تا ۱۵۲)

marfat.com

Marfat.com

## نوٹ:

یہ عبارات اور ایسی ہی دوسری عبارات سے اہل تشیع یہ پروپیگنڈا کرتے ہیں۔ کہ ہمارا مسلک صحیح ہے۔ کیونکہ خود سنیوں کی کتابوں میں ایسی کئی شہادتیں موجود ہیں۔ کہ ابوبکر اور عمر فاروق۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دشمن تھے۔ اور بنتِ رسول کی دشمنی دراصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی ہے۔ لہٰذا دشمنانِ رسول وآلِ رسول منصب خلافت کے مستحق کیونکر ہو سکتے ہیں۔

## جواب:

"تاریخ طبری" کے مصنف محمد بن جریر طبری کا مختصر سوانحی خاکہ پہلے پیشِ خدمت ہے۔

ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید بن کثیر بن غالب ۲۲۴ھ میں طبرستان کے شہر آمل میں پیدا ہوئے۔ آمل شہر کی نسبت سے آملی بھی کہلائے۔ اور طبرستان کی طرف نسبت سے طبری بھی کہلائے۔ دونوں میں سے مشہور "طبری" ہے۔ علم و فضل میں اپنے وقت کے بے مثل شخص تھے۔ اور مسلمان علماء میں ان کا بہت اونچا مقام تھا۔ اہل سنت اور اہل تشیع کی کتابوں میں انہیں "اہل سنت کا امام" لکھا گیا ہے لیکن ان کے بارے میں بعض حضرات اس بات کے قائل ہیں۔ کہ ان میں تشیع پایا جاتا تھا۔ ان قائلین کے چند دلائل ملاحظہ ہوں۔

# دلیل اوّل

## ابن جریر طبری میں تشیع تھا۔ دلائل ملاحظہ ہوں

ان کا تعلق ایک ایسے خاندان سے تھا۔ جو شیعیت میں غلو رکھتا تھا۔ ان کا

marfat.com

Marfat.com

حقیقی بھانجا ابوبکر محمد بن عباس خوارزمی جو ایک بلند پایہ ادیب اور بحر گر شاعر تھا۔ غالی رافضی تھا۔ اس کا باپ علاقہ خیوا کے مقام خوارزم کا رہنے والا تھا۔ اور ماں مؤرخ طبری کی بہن جریر کے گھرانے کی تھی۔

وَهُوَ ابْنُ اُخْتِ اَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ جَرِيْرِ الطَّبَرِيِّ صاحب تاریخ (ابن خلکان ص ۴۰۰) اس نے اپنے ننہال میں پرورش پائی۔ اور آخر میں بویہ ایسے نامی غالی شیعہ امراء کی سرپرستی میں رہا۔ وہ اپنے ماموں (ابن جریر طبری) کے رافضی مسلک ہونے کا اظہار درج ذیل اشعار میں فخریہ بیان کرتا ہے یہی اشعار شیخ عباس قمی نے اپنی کتاب الکنیٰ والالقاب میں بھی درج کیے ہیں۔

## الکنیٰ والالقاب:

بِآمُلَ مَوْلِدِيْ وَبَنُوْ جَرِيْرٍ
فَاَخْوَالِيْ وَيَحْكِي الْمَرْءُ خَالَه
فَهَا اَنَا رَافِضِيٌّ عَنْ تُرَاثٍ
وَغَيْرِيْ رَافِضِيٌّ عَنْ كَلَالَه

(الکنیٰ والالقاب جلد اول ص ۲۲ مطبوعہ تہران طبع جدید بحث ابو بکر)

**ترجمہ:** مقام آمل میری جائے پیدائش ہے۔ اور جریر کے بیٹے میرے ماموں ہیں۔ اور آدمی اپنے ماموؤں کے مشابہ ہوتا ہے۔ ہاں ہاں میں جدی پشتی شیعہ ہوں۔ اور میرے سوا شیعہ کہلانے والا جدی پشتی نہیں بلکہ دور کا شیعہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# دلیل دوم

ابن جریر اپنی تصنیف تاریخ الامم والملوک (المعروف تاریخ طبری) میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق یوں کہتا ہے۔

## تاریخ طبری:۔

كَانَ جَعْفَرُ بْنُ ابي سفيان مِمَّنْ ثَبَتَ يَوْمَ حُنَيْنٍ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ اَصْحَابِهٖ وَلَمْ يَزَلْ مَعَ اَبِيْهِ مُلَازِمًا لِرَسُوْلِ اللهِ حَتّٰى قُبِضَ وَتُوُفِّيَ جَعْفَرُ فِيْ وَسْطِ خِلَافَةِ مُعَاوِيَةَ لَعَنَهُ اللهُ۔

(تاریخ طبری جلد ۱۳ ص ۲۴ ذکر من مات اوقتل سنہ ۸۰ مطبوعہ بیروت)

## ترجمہ:۔

جعفر بن ابی سفیان ان صحابہ کرام میں سے ایک ہیں۔ جو غزوہ حنین میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت قدم رہے۔ اور زندگی بھر یہ اپنے والد ابوسفیان کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر رہے۔ یہ جعفر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت کے درمیان میں فوت ہوئے

## تاریخ طبری:۔

وَقَدْ رَوٰى نَوْفَلُ بن معاويه عن النبي صلى الله عليه وسلم وَتُوُفِّيَ نَوْفَلُ بالمدينة فِيْ خِلَافَةِ يَزِيْدَ بن معاويه لعنهما الله

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:**

زفل بن معاویہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت حدیث کی ہے اور یہ زفل مدینہ منورہ میں یزید بن معاویہ (ان دونوں پر لعنت ہو) کی خلافت کے دوران فوت ہوا۔ (تاریخ طبری جلد ۱۳ ص ۲۸)

**نوٹ:**

ان دونوں حوالہ جات میں ابن جریر طبری نے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر لعنت بھیجی۔ اور یہ فعل یا عقیدہ کسی سنی کا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اس فعل کی وجہ سے بھی اس کی شیعیت ثابت ہوتی ہے۔

# دلیل سوم

**البدایہ والنہایہ:۔ ابن جریر طبری کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ ہونے دیا۔**

ابو جعفر بن جریر الطبری....... وَقَدْ كَانَتْ وَفَاتُهُ وَقْتَ الْمَغْرِبِ عَشِيَّةَ يَوْمِ الْاَحَدِ لِيَوْمَيْنِ بَقِيَا مِنْ شَوَّالٍ مِنْ سَنَةِ عَشَرٍ وَثَلٰثِمَائَةٍ وَقَدْ جَاوَزَ الثَّمَانِيْنَ بِخَمْسِ سِنِيْنَ اَوْ سِتِّ سِنِيْنَ وَفِيْ شَعْرِ رَاسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ سَوَادٌ كَثِيْرٌ وَدُفِنَ فِيْ دَارِهٖ لِاَنَّ بَعْضَ عَوَامِ الْحَنَابِلَةِ وَرُعَاعِهِمْ مَنَعُوْا مِنْ دَفْنِهٖ نَهَارًا وَنَسَبُوْهُ اِلَى الرَّفْضِ...... وَلَمَّا تُوُفِّيَ اِجْتَمَعَ النَّاسُ مِنْ سَائِرِ الْاَقْطَارِ بِبَغْدَادَ وَصَلَّوْا عَلَيْهِ بِدَارِهٖ وَدُفِنَ بِهَا....

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:** ابوجعفر جریر طبری کی وفات بوقت مغرب ہفتہ کے دن ہوئی جبکہ ۳۱۰ ہجری مکمل ہونے کو صرف دو دن باقی تھے۔ بوقت انتقال ابن جریر کی عمر پچاسی یا چھیاسی برس تھی۔ اور اس کے سر اور داڑھی کے بال اکثر سیاہ تھے۔ اپنے گھر میں ہی دفن کیے گئے کیونکہ کچھ حنبلی حضرات نے دن کے وقت انہیں دفن کرنے سے روک دیا تھا۔ اور انہیں رافضیوں کی طرف منسوب کیا تھا...۔ جب فوت ہوئے۔ تو تمام اطراف کے لوگ بغداد جمع ہو گئے۔ اور اسی گھر میں ان کی نماز جنازہ پڑھی جس میں انہیں دفن کیا گیا تھا۔

(البدایہ والنہایہ جلد ۱۱ ص ۱۴۶۔ ۱۴۷ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

# دلیل چہارم

## تذکرۃ الحفاظ:

حدیث خم غدیر جو کہ اہل تشیع کے ہاں حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولایت کی بہت بڑی دلیل ہے۔ اس حدیث کو ابن جریر نے کئی طریقوں سے صحیح ثابت کیا ہے۔ چونکہ اس کی صحت شیعیت کی تقویت ہے۔ لہذا اس وجہ سے بھی ابن جریر کے تشیع ہونے کو بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ امام ذہبی تذکرۃ الحفاظ میں رقم طراز ہیں۔

## تذکرۃ الحفاظ:

وَلَمَّا بَلَغَهُ إِنَّ ابْنَ اَبِیْ دَاوٗد تَكَلَّمَ فِیْ حَدِیْثِ غَدِیْرِ خُمٍ عَمَلَ كِتَابَ الْفَضَائِلِ وَتَكَلَّمَ عَلٰی تَصْحِیْحِ الْحَدِیْث قُلْتُ رَأَیْتُ

marfat.com
Marfat.com

مُجَلَّدًا مِنْ طُرُقِ الْحَدِيْثِ لابن جرير فَانْدَهَشْتُ لَهٗ وَلِكَثْرَةِ تِلْكَ الطُّرُقِ۔

(تذکرۃ الحفاظ جلد دوم ص ۷۱۳ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** جب ابن جریر کو یہ علم ہوا کہ ابن ابی داؤد نے غدیر خم کی حدیث پر اعتراض کیا ہے۔ تو اس نے اس کی تردید اور حدیث کی صحت کے موضوع پر کتاب الفضائل لکھی۔ میں (ذہبی) نے ابن جریر کی مذکور کتاب کی ایک جلد دیکھی ہے۔ میں اسے پڑھ کر حیران ہوگیا۔ اور اس کے کثرت طرق نے مجھے ششدر کر دیا۔

**نوٹ:**

ابن جریر کی ایک کتاب الخصائص نامی کا تذکرہ الذریعہ جلد ۷ ص ۱۶۳ پر بھی ہے جو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل پر لکھی گئی ہے۔

## دلیل پنجم

**لسان المیزان:**

اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ السُّلَيْمَانِيُّ الْحَافِظُ فَقَالَ كَانَ يَضَعُ لِلرَّوَافِضِ۔

(لسان المیزان جلد پنجم ص ۱۰۰ مطبوعہ بیروت)
(میزان الاعتدال جلد سوم ص ۵۰۳)

**ترجمہ:** حافظ احمد بن علی سلیمانی کہتے ہیں۔ کہ ابن جریر رافضیوں کے لیے حدیثیں گھڑا کرتا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

# دلیل ششم

## البدایۃ والنہایہ:۔

اِنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ بِجَوَازِ مَسْحِ الْقَدَمَيْنِ فِي الْوُضُوْءِ وَاِنَّهٗ لَا يُوْجِبُ غَسْلَهُمَا وَقَدْ اِشْتَهَرَ عَنْهُ هٰذَا۔

(البدایۃ والنہایۃ جلد ۱۱ ص ۴۷ امطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** ابن جریر وضو کے دوران پاؤں کے مسح کا قول کیا کرتا تھا اور ان کا دھونا واجب نہیں سمجھتا تھا۔ اور یہ بات اس کی بہت مشہور تھی۔

## تفسیر طبری:۔

عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الرِّجْلَيْنِ غَسْلٌ اِنَّمَا نَزَلَ فِيْهِمَا الْمَسْحُ۔ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ قَالَ اِمْسَحْ عَلٰى رَاْسِكَ وَقَدَمَيْكَ......وَالصَّوَابُ مِنَ الْقَوْلِ عِنْدَنَا فِيْ ذَالِكَ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ بِعُمُوْمِ مَسْحِ الرِّجْلَيْنِ بِالْمَاءِ فِي الْوُضُوْءِ كَمَا اَمَرَ بِعُمُوْمِ مَسْحِ الْوَجْهِ بِالتُّرَابِ فِي التَّيَمُّمِ

(تفسیر طبری جلد ۵ ص ۸۲-۸۳ مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** حضرت عکرمہ سے روایت ہے۔ کہ پاؤں کا دوران وضو دھونے کا حکم نہیں بلکہ ان کا مسح کرنا نازل ہوا ہے۔ امام ابوجعفر کہتے ہیں۔ کہ اپنے سر اور دونوں قدموں پر مسح کیا کرو۔ ہمارے نزدیک

marfat.com

Marfat.com

صحیح یہ ہے۔ کہ پاؤں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے عام مسح کرنے کا حکم دیا ہے۔ جس طرح تیمم میں چہرہ کے عموم کا مسح کرنا فرمایا ہے۔

**نوٹ:**

شیعہ سنی فقہ کے مابین مختلف مسائل میں ایک مسئلہ یہ بھی ہے۔ کہ اہل سنت وضوء کے دوران پاؤں کے دھونے کے قائل ہیں۔ اور اہل تشیع ان پر مسح کے قائل۔ ابن جریر نے شیعہ مسلک کو صواب قرار دے کر اپنی شیعیت بیان کر دی۔

# دلیل ہفتم

ابن جریر کی تاریخ الامم والملوک بہت مشہور تصنیف ہے۔ اس کتاب کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ ابو مخنف لوط بن یحییٰ سے مروی ہے۔ گزشتہ اوراق میں کتاب یازدہم کے عنوان کے تحت ہم مقتل ابی مخنف کی روشنی میں اس کا امامی شیعی ہونا ثابت کر چکے ہیں۔ علاوہ ازیں ابن جریر نے وہ روایات جو اہل سنت کے عقائد کے مخالف ہیں۔ انہیں واقدی سے بھی روایت کیا ہے۔ واقدی یعنی محمد بن عمر کو اگرچہ اہل سنت کی کتب اسمائے رجال میں سنی بھی لکھا گیا ہے۔ اور تنقید بھی کی گئی ہے۔ یہ بہت بڑا کذاب ہے۔ لیکن کتب شیعہ میں اسے تقیہ باز شیعہ کہا گیا ہے۔ اہل سنت تو بس ظاہر پر چلتے ہیں۔ لیکن گھر کے بھیدی بخوبی جانتے ہیں۔ کہ یہ ہمارا آدمی ہے۔ اور گدھا شیر کی کھال پہن کر شیر بنا ہوا تھا۔ واقدی کو شیعہ تسلیم کرنے کا کتب شیعہ سے حوالہ ملاحظہ ہو۔

**الذریعہ:**

قَالَ ابْنُ النَّدِيْمِ اَنَّهُ كَانَ يَتَشَيَّعُ حَسَنَ الْمَذْهَبِ يَلْزِمُ التَّقِيَّةَ۔

(الذریعہ جلد ۱۶ ص ۱۲۰)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:** ابن ندیم نے کہا۔ کہ واقدی مذہب شیعہ رکھتا تھا۔ اور وہ اس میں اچھے مذہب پر تھا۔ اور اپنے لیے تقیہ لازم کیے ہوئے تھا۔

**الکنی والالقاب:**

وَقَالَ ابْنُ النَّدِيْمِ اِنَّ الْوَاقِدِی كَانَ يَتَشَيَّعُ حُسْنَ الْمَذْهَبِ يَلْزِمُ التَّقِيَّةَ وَهُوَ الَّذِیْ رَوٰی اَنَّ عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَام كَانَ مِنْ مُعْجِزَاتِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہ علیہ وسلم كَالْعَصَا لِمُوْسٰی علیہ السلام وَ اِحْيَاءِ الْمَوْتٰی لِعِيْسٰی بْنِ مَرْيَمَ علیہ السلام وَ غَيْرِ ذَالِكَ مِنَ الْاَخْبَارِ۔ (الکنی والالقاب جلد سوم ص ۲۸۰ تذکرۃ الواقدی)

**ترجمہ:** ابن ندیم نے کہا۔ کہ واقدی مذہب شیعہ میں بہت اچھا تھا۔ اور تقیہ کا خوگر تھا۔ یہ وہی ہے۔ کہ جس نے روایت کی۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے تھے۔ جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے عصا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے مروے زندے کرنا۔ وغیر ذالک۔

**تاریخ طبری:**

قَالَ محمد وحدثنی عبد اللہ بن موسیٰ المخزومی قَالَ لَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ رضی اللہ عنہ اَرَادُوْا حَزَّ رَأْسِهٖ فَوَقَعَتْ عَلَيْهِ نَائِلَةُ وَاُمُّ الْبَنِيْنَ فَمَنَعَتْهُمْ وَصَحَنَ وَ ضَرَبْنَ الْوُجُوْهَ وَخَرَقْنَ ثِيَابَهُنَّ۔

(تاریخ طبری ۳۵ھ جلد ۵ ص ۱۴۴)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ**: کہا محمد (واقدی) نے مجھے عبداللہ بن موسےٰ مخزومی نے روایت بیان کی۔ کہ جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا۔ اور قاتلوں نے آپ کا سر انور جدا کرنے کی کوشش کی۔ تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیویاں نائلہ اور ام البنین آپ پر گر پڑیں۔ اور ان کو اس سے روک دیا۔ اور خوب چیخیں چلائیں۔ اور اپنے چہرے پیٹے۔ اور کپڑے بھی پھاڑے۔

## تاریخ طبری:-

قَالَ اَبُوْ مخنف فَحَدَّثَنِیْ ابو زهیر العبسی عن قرة بن قیس التمیمی قَالَ نَظَرْتُ اِلٰی تِلْكَ النِّسْوَةِ لَمَّا مَرَرْنَ بِحُسَیْنٍ وَاَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ صَحْنَ وَلَطَمْنَ وُجُوْهَهُنَّ قَالَ فَاعْتَرَضْتُهُنَّ عَلٰی فَرَسٍ فَمَا رَاَیْتُ مَنْظَرًا مِنْ نِسْوَةٍ قَطُّ كَانَ اَحْسَنَ مِنْ مَنْظَرٍ رَاَیْتُهٗ مِنْهُنَّ ذَالِكَ۔ (تاریخ طبری جلد ششم ص ۲۶۲ سنہ ۶۱ھ)

**ترجمہ**: ابو مخنف نے کہا۔ مجھے ابو زہیر عبسی نے قرہ بن قیس تیمی سے روایت بیان کی۔ کہ میں نے ان عورتوں کو دیکھا۔ جو امام حسین رضی اللہ عنہ کی نعش کے قریب سے گزریں۔ ان کے اہل اور ان کی اولاد کے پاس سے گزریں تو چیخیں اور اپنے چہروں کو پیٹا۔ راوی کہتا ہے۔ کہ میں جب گھوڑے پر سوار ان کے پاس آیا۔ تو ان عورتوں کا ایسا منظر دیکھا جیسا کہ زندگی بھر میں نے نہ دیکھا۔

**نوٹ**:-

مذکورہ دونوں روایات ثبوت ماتم اور کپڑے پھاڑنے پر دلالت کرتی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

ان دونوں میں اول الذکر کا راوی "واقدی" اور موخر الذکر کا راوی "ابو مخنف" ہے۔ یہ دونوں مسلک و مذہب کے اعتبار سے امامی شیعہ ہیں۔ ان کا گزشتہ اوراق میں تفصیلی ذکر ہو چکا ہے۔ ایک سنی العقیدہ شخص کو بھلا کیا ضرورت تھی۔ کہ ایک مسئلہ کے لیے روایاتِ شیعہ ذکر کرتا پھرے۔ جو اہل سنت کے نزدیک سرے سے ہی غلط ہیں اس سے معلوم ہوا۔ کہ محمد بن جریر کا تشیع کی طرف میلان تھا۔ یہ تھیں وہ سات عدد دلیلیں جو ابن جریر کے تشیع اپنانے کے ثبوت میں تھیں۔ ان دلائل میں سے دلیل چھ پر اگرچہ امام ذہبی نے جرح کی۔ اور لکھا کہ جو لوگ ابن جریر پر رافضیوں کی خاطر احادیث وضع کرنے کا الزام لگاتے ہیں۔ وہ یہ ابن جریر نہیں بلکہ ایک ایسے نام کا رافضی یعنی محمد بن جریر بن رستم تھا۔ پھر علامہ ذہبی یہ بھی فرماتے ہیں۔ کہ رافضیوں کی خاطر ابن جریر صاحب طبری کا حدیثیں وضع کرنا یہ طعن بھی کاذب ہے۔ لہٰذا اس سے ان کی شخصیت مطعون نہیں ہوتی۔

امام ذہبی نے ابن جریر کی صفائی میں جو کچھ فرمایا۔ وہ اس قدر مضبوط نہیں۔ کہ اس سے بقیہ چھ دلائل بھی ختم ہو جائیں۔ حدیث خم غدیر کے بارے میں ابن جریر کا دو ضخیم جلدیں لکھ دینا۔ اور اس کی صحت ثابت کرنا کیا یہ اس امر کی دلیل نہیں۔ ابن جریر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت کو منصوص من اللہ بلا واسطہ نبی کریم سمجھتا ہے۔ ہو سکتا ہے۔ کہ اس نے رافضیوں کو خوش کرنے کی خاطر اس حدیث کو ادھر اُدھر کی کثرت طریقوں سے منسوب کر کے "صحیح" ثابت کرنے کی کوشش کی ہو۔ اسی طرح اگر یہ کٹر سنی تھا۔ تو ابو مخنف اور واقدی وغیرہ سے ثبوتِ ماتم پر روایات جمع کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ خود اس کا حقیقی بھانجا محمد بن عباس خوارزمی قسمیہ بیان کرتا ہے۔ کہ میں اور میرا ماموں ابن جریر جدی پشتی شیعہ ہیں۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو "لعنۃ اللہ علیہ" کے الفاظ سے ذکر کرنا کس سنی کا عقیدہ ہے۔ اور بوقت مرگ حنبلی العقیدہ مسلمانوں کا انہیں قبرستان میں دفن کرنے سے روکنا آخر اس کی

marfat.com
Marfat.com

کیا ہو تھی۔ اور پاؤں پر مسح کو دھونے کی بہ نسبت صحیح کہنا یہ وہ الزام ہیں۔ کہ جن سے برات ناممکن ہے۔

مختصر یہ کہ اگر تسلیم بھی کر لیا جائے۔ کہ ابن جریر سنی تھا۔ تو پھر اس کی وہ روایات جو اہل تشیع کے حق میں جاتی ہیں۔ وہ صرف اس ایک آدمی کی ہیں۔ اس کے خلاف دیگر تمام علمائے اہل سنت نے اُن کو تسلیم نہ کیا۔ بلکہ ان کے خلاف بکثرت روایات ذکر فرمائی ہیں۔ روایات ہم اہل سنت پر قطعاً حجت نہیں ہو سکتیں۔ مثلاً دو شنف اور تدبی سے مروی ثبوت ماتم کی روایات اگرچہ بالفرض ابن جریر نے سنی ہوتے ہوئے ذکر کیں۔ اور دیگر سنی تصانیف میں اور شیعہ ہیں ماتم حرام ہے۔ تو ہم ابن جریر کی اس کاوش کو کس طرح تسلیم کریں۔ کہ ایک یہ سچا ہے۔ اور دوسرے تمام سنی حضرات جھوٹے ہیں؟ ایسی روایات سے شیعہ تو خوش ہو سکتے ہیں۔ لیکن اہل سنت پر حجت ہرگز نہیں ہو سکتیں۔

فاعتبروا یا اولی الابصار۔

## توضیح:

قارئین کرام! یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے۔ کہ "طبری" نسبت والے تین آدمی مشہور ہوئے ہیں۔ اول محمد بن جریر بن رستم طبری آملی۔ اس شخص کے شیعہ ہونے میں کسی کو انکار نہیں۔ الذریعہ، الکنی والالقاب، اعیان الشیعہ وغیرہ کتب میں اس کے تشیع کی تصریح موجود ہے۔ دوم محمد بن جریر بن زید طبری۔ یہ وہ ہیں۔ کہ جن کے بارے میں گزشتہ صفحات میں آپ نے پڑھا۔ تاریخ طبری کے مصنف اور تفسیر طبری کے مؤلف یہی ہیں۔ ان کا بظاہر شمار اگرچہ اہل سنت کے علماء میں ہوتا ہے۔ لیکن ان پر تشیع کا الزام دلائل کے ساتھ ہے۔ کیونکہ ایسے اختلافی مسائل جن میں اہل سنت اور اہل تشیع کا اختلاف ہے۔ اُن میں اُن کی کتابوں میں

marfat.com

Marfat.com

اہل تشیع کی طرف جھکاؤ ہے۔ اسی بنا پر ان کی تحریرات ہم اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتیں۔ تیسرا شخص احمد بن عبداللہ محب الدین طبری ہے۔ جس کی مشہور تصنیف ریاض النضرۃ ہے ان کے حالات فی الحال نہیں لکھنے کی ضرورت ہے۔ اور نہ ہی ہم نے کتب اسماء رجال میں انہیں تلاش کیا۔

آخر میں ابن جریر طبری کے بارے میں ایک ثبوت پیش خدمت ہے جس میں خود شیعہ بھی اس میں تشیع کے قائل نظر آتے ہیں۔

## تنقیح المقال:

وَرَامَ فِیْ رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ اِثْبَاتَ کَوْنِ الرَّجُلِ اِمَامِیًّا لَا عَامِیًّا وَاسْتَدَلَّ بِوُجُوْهٍ قَاصِرَةٍ عَنْ ذَالِكَ مِثْلَ کَوْنِهٖ بَلْدَةٍ کَانُوْا قَدِیْمِیِّ التَّشَیُّعِ خُصُوْصًا فِیْ زَمَنِ السَّلَاطِیْنِ آلِ بُوَیْه وَعَدَمِ قُبُوْلِهٖ اَحَدًا مِنَ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ الَّتِیْ انْحَصَرَ فِیْهَا اَهْلُ السُّنَّةِ.........بِاَنَّهٗ ذَکَرَ طُرُقَ خَبَرِ الْغَدِیْرِ وَلَا یَنْعَ لَهٗ اِلَّا شِیْعِیٌّ۔ (تنقیح المقال جلد دوم ص۔۹ مطبوعہ تھران طبع جدید باب میم)

**ترجمہ:** روضات الجنات کے مصنف نے ابن جریر کے امامی شیعی ثابت کرنے کی ٹھانی۔ اور پھر اس پر چند دلائل پیش کیے۔ وہ اس قدر مضبوط نہیں کہ ان سے اس کا شیعہ ہونا یقینی ثابت ہو جائے۔ مثلاً ایک دلیل یہ کہ ابن جریر اس شہر کا باشندہ تھا۔ جو قدیمی (ابدی شیعی) شیعہ تھے۔ بالخصوص ان بادشاہوں کے دور میں جو آل بویہ کے تھے۔

marfat.com

Marfat.com

دوسری دلیل یہ کہ ان مشہور چار مذاہب میں سے ایک کو بھی ابن جریر نے قبول نہ کیا۔ جن میں سنیت کا انحصار ہے۔ اور یہ بھی دلیل کہ اس نے غدیر کی حدیث کو مختلف طریقوں سے صحیح ثابت کرنے کی کوشش کی۔ جو ایک شیعہ ہی کر سکتا ہے۔

**نوٹ:**

تنقیح المقال کی عبارت سے ہمارا مقصد یہ دکھانا ہے۔ کہ اہل تشیع کے نزدیک بھی ابن جریر کی شخصیت مشکوک ہے۔ کچھ بادلائل اسے اپنا کہتے ہیں۔ اور بعض دوسرے اس کی تردید کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ ابن جریر وہ شخص ہے۔ جو شیعہ سنی دونوں کے مابین متنازع اور مشکوک شخصیت ہے۔ لہذا جو اس کی روایات مسلک شیعہ کے مطابق و موافق ہیں۔ وہ ہمیں اسی طرح قبول نہیں جس طرح اس کی وہ روایات جو مسلک اہل سنت کی موید ہیں انہیں شیعہ تسلیم نہیں کرتے۔

## وباللہ التوفیق

marfat.com
Marfat.com

# کتاب بست وسوم

## تذکرۂ غوثیہ مصنفہ سید گل حسن قادری

"تذکرہ غوثیہ" کی عبارات میں سے بعض کو دیوبندی اور بعض کو شیعہ ہم اہل سنت کے معتقدات کے خلاف پیش کرتے ہیں۔ اور دونوں اپنے اپنے نظریہ کے مطابق اہل سنت کے عقائد کو طعن کا نشانہ بناتے ہیں۔ کتاب مذکور میں بکثرت خیالی واقعات اور من گھڑت قصہ جات موجود ہیں۔ اور اس کے مصنف نے اس میں متضاد عبارات بھی لکھ ڈالی ہیں۔ کہیں تو اولیاء کرام وانبیاء کرام کو خدا کی خدائی کا مالک کل حقیقی بنا دیا ہے۔ اور کہیں حضرات انبیاء کرام کی انتہا درجہ کی توہین ہے۔ جو خالص کفر ہے۔ بعض واقعات میں شیعیت بھری ہوئی ہے۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو "وصی رسول" ثابت کیا ہے۔ حالانکہ یہ مسئلہ اہل سنت کا ہرگز نہیں۔ چند عبارات "تذکرہ غوثیہ" کی اور پھر اس کتاب کے بارے میں آخر میں اعلیحضرت فاضل بریلوی قدس سرہ کی رائے ملاحظہ فرمائیں۔

### ۱ ـــــــ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حق میں گستاخی

### تذکرہ غوثیہ:

ایک روز ارشاد ہوا۔ کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے جبکہ آپ کی

marfat.com

Marfat.com

عمر بارہ برس تھی۔حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا۔آپ کے دل میں کس کی محبت ہے؟ فرمایا تمہاری، پھر پوچھا بھائی حسین کی؟ فرمایا ان کی بھی۔پوچھا اماں جان کی؟ فرمایا ان کی بھی۔ پھر پوچھا نانا جان کی؟ فرمایا ان کی بھی۔پھر پوچھا اللہ میاں کی؟ فرمایا ہاں ان کی بھی۔اب امام حسن رضی اللہ عنہ بولے ابا جان آپ کا دل ہے یا مسافر خانہ؟ (تذکرہ غوثیہ ص ۲۳۸ مطبوعہ گنج شکر اکیڈمی لاہور)

**قارئین کرام!** اس عبارت میں بقول امام حسن رضی اللہ عنہ سیدنا علی المرتضٰے کا دل مسافر خانہ ہے۔جس میں کسی کی محبت آتی اور کسی کی جاتی ہے کیونکہ مسافر خانہ میں ایسے ہی ہوتا ہے۔کوئی آتا اور کوئی جاتا ہے۔حالانکہ اللہ تعالٰی کی محبت اگر کسی کے دل سے نکل جائے تو وہ مسلمان کب رہے گا؟ پھر امام حسن کا اپنے والد گرامی سے طرز تخاطب بھی ایسے انداز میں پیش کیا گیا۔جس سے یہ اپنے والد کے گستاخ نظر آتے ہیں۔لہذا معلوم ہوا کہ یہ واقعہ خود ساختہ ہے۔اور امام حسن کی طرف منسوب کر دیا گیا۔

## ۲ ——— یحیٰی علیہ السلام کے حق میں گستاخی

### تذکرہ غوثیہ:

جب دونوں پیغمبر اس طرح بیدردی سے قتل کیے گئے۔تو غضب الٰہی نازل ہوا۔دن تاریک ہو گیا۔ایک بادشاہ فوج خونخوار لے کر چڑھا اور شہر کے باشندوں کو گرفتار کر لیا۔حضرت یحیٰی علیہ السلام کا خون بند نہ ہوتا تھا۔جب قبر میں رکھتے تھے۔تو قبر خون سے لبریز ہو جاتی تھی۔بادشاہ لشکر کش نے قسم کھائی کہ جب تک خون بند نہ ہوگا میں قتل سے باز نہ رہوں گا،ہزارہا آدمی تہ تیغ کر دیئے۔لیکن خون بند نہ ہوا۔اس وقت ایک

marfat.com
Marfat.com

شخص حضرت یحیٰی علیہ السلام کی لاش کے قریب آیا۔ اور کہا تم پیغمبر ہو یا ظالم؟ ایک خون کے بدلے میں ہزارہا آدمی قتل ہو چکے اب کیا سارے جہان کو قتل کرائے گا؟ اتنا کہنا تھا۔ کہ ان کا خون بند ہو گیا۔ (تذکرہ غوثیہ ص ۳۵۲ مطبوعہ گنج شکر اکیڈمی لاہور)

قارئین کرام! یہ واقعہ کسی معتبر کتاب میں نہیں پایا گیا۔ حضرت یحیٰی کے بارے میں اگر اس واقعہ کو بالفرض مان بھی لیا جائے۔ تو کیا وہ اپنا خون خود بہا رہے تھے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہہ رہا تھا۔ پھر ایک پیغمبر کو ظالم کے لفظ سے مخاطب کرنا کسی کافر و مرتد کا ہی کام ہو سکتا ہے۔

## ۲ ــــــــ دانیال علیہ السلام کے حق میں گستاخی

### تذکرہ غوثیہ:

ایک روز ارشاد ہوا۔ کہ حضرت دانیال علیہ السلام بسبب عدم اتباع امت کے خفا ہو کر پہاڑ پر جا بیٹھے ملک میں قحط سالی ہوئی۔ لوگوں نے انہیں تلاش کیا۔ مگر کہیں پتہ نہ چلا۔ پیغمبر خدا کو دو روٹی صبح و شام فرشتے پہنچا جاتے۔ اور مخلوق ہلاک ہوتی جاتی تھی۔ نہایت عجز و انکساری سے دعا مانگی کچھ اثر نہ ہوا۔ کیونکہ بارش کا ہونا پیغمبر خدا کی دعا پر منحصر تھا۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان کی روٹی موقوف کر دی۔ دو چار روز تو صبر و ثبات سے بیٹھے رہے۔ آخر پہاڑ سے اتر کر کسی بستی میں گئے۔ اور ایک عورت سے روٹی مانگی۔ اس نے جواب دیا۔ ہمارے گھر میں جتنے آدمی ہیں ہر ایک کے حصہ کی ایک ہلکی چپاتی رکھی ہے۔ اگر تمہیں دی جائے تو ہم مر جائیں گے۔ معاف فرمایئے! انہوں نے بہت اصرار کیا۔ ناچار اس عورت نے ہر

marfat.com

Marfat.com

ایک کی روٹی میں سے ایک ایک ٹکڑا توڑ کر حضرت کو دیا۔ اس کا چھوٹا لڑکا جو آیا تو دیکھا کہ میری روٹی توڑ کر اس فقیر کو دے دی۔ وہ رونے لگا اور پیٹ پیٹ کر مر گیا۔ اس کی ماں رونے لگی حضرت پیغمبر صاحب بھی گھبرائے اور لوگوں سے کہا اچھا میں دعا کرتا ہوں۔ آپ نے دعا کی وہ لڑکا زندہ ہو گیا۔ لوگ جان گئے کہ یہ پیغمبر وقت ہیں۔ جو روپوش ہو گئے تھے۔ فوراً پکڑ لیا۔ اور کہا بارش کے واسطے دعا کرو۔ انہوں نے انکار کیا۔ لوگوں نے ایک کوٹھڑی میں بند کر کے بھس کی دھونی کر دی۔ جب دھوئے کے مارے بہت دم گھبرایا تو فرمایا اچھا مجھے چھوڑ دو۔ اب میں دعا کروں گا۔ لوگوں نے نہ مانا۔ اور کہا پہلے دعا کرو۔ پھر رہائی ہو گی ۔ آخر تنگ آکر دعا کی بارش ہونے لگی۔ (تذکرہ غوثیہ ص ۳۰۵ تا ۳۰۶)

اس واقعہ میں اللہ تعالیٰ کے ایک پیغمبر کی کس قدر توہین کی گئی۔ اور انہیں بے صبر ثابت کیا گیا۔ اور لوگوں کو علم ہو جانے کے بعد پھر انہوں نے حضرت دانیال علیہ السلام کو کوٹھڑی میں بند کر کے آگ کا دھواں دیا۔ یوں پیغمبر کو تنگ کر کے ان سے بارش کے لیے دعا کرائی جا رہی ہے۔ استغفر اللہ۔

## ۴:۔ــــــــــ موسیٰ علیہ السلام کے حق میں گستاخی۔

### تذکرہ غوثیہ:

ایک روز ارشاد ہوا۔ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیٹ میں درد ہو گیا۔ جناب باری میں التجا کی۔ حکم ہوا کہ سونف کھاؤ۔ سونف کھائی۔ درد جاتا رہا ہے۔ ایک بار پھر درد ہوا۔ تو پھر التجا کی اس وقت حکم ہوا۔ کہ اب جالینوس حکیم کے پاس جاؤ حسب الحکم اس کے پاس گئے۔

marfat.com
Marfat.com

بتلایا کہ نیم بریاں کی ہوئی سونف کھاؤ۔ چنانچہ اس کے کھانے سے صحت ہو گئی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جناب باری میں عرض کی۔ الہٰی اس کے پاس جو بھیجا تو نے ہی یہ نسخہ کیوں نہ بتلایا حکم ہوا کہ طب کا پیغمبر وہی ہے۔ (تذکرہ غوثیہ ص ۳۶۵)

قارئین کرام! عظیم المرتبت پیغمبر کو ایک بد دین کے پاس اللہ بھیج رہا ہے۔ اور پھر اللہ نے فرمایا کہ جالینوس طب کا پیغمبر ہے۔ کیا یہ کلمات ملحدانہ کلمات نہیں؟ خدا بہتر جانتا ہے۔ کہ ایسے من گھڑت اور ارتداد و الحاد سے لبریز واقعات لکھنے سے کیا غرض تھی؟

## ۵: ———— شرکیہ واقعہ

## تذکرہ غوثیہ:

ایک روز ارشاد ہوا۔ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام پیغمبر خدا کے پاس وحی لائے۔ حضرت نے دریافت فرمایا۔ اے جبرئیل تم جانتے ہو۔ وحی کہاں سے آتی ہے؟ عرض کی حضرت میری رسائی سدرۃ المنتہیٰ سے آگے نہیں۔ اس مقام معلوم سے ایک ندائے غیب وارد ہوتی ہے اس کا آپ تک پہنچا دینا میرا کام ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں جانتا۔ آپ نے فرمایا۔ اب کی بار ندا ہو تو اس وقت پرواز شروع کر دو۔ دیکھو کہ ندا کہاں سے آتی ہے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ایسا ہی کیا۔ اور ایک طویل مسافت طے کرنے کے بعد دیکھا۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وہ ندا وحی کر رہے ہیں۔ (تذکرہ غوثیہ ص ۲۸۸)

marfat.com

Marfat.com

# اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت کا اس کتاب کے بارے میں فتویٰ

## فتاویٰ رضویہ:

کتاب تذکرہ غوثیہ جس میں غوث علی پانی پتی کا تذکرہ ہے۔ ضلالتوں، گمراہیوں بلکہ صریح کفر پر مشتمل ہے۔ مثلاً غوث علی شاہ جگن ناتھ کی چوکی پر اشنان کرتے ملے کسی نے پہچانا تو بولے اس شخص کے دو باپ تھے۔ ایک مسلمان ان کی طرف سے حج کر آیا ہے۔ دوسرا باپ ایک پنڈت تھا۔ اس کی طرف سے جگن ناتھ تیرتھ کرنے آیا ہے۔ ایسی ناپاک بے دینی کی کتاب دیکھنا حرام جس مسلمان کے پاس ہو جلا کر خاک کر دے۔ واللہ الہادی الی صراط مستقیم۔
(فتاویٰ رضویہ جلد ۶ ص ۱۹۵ مطبوعہ مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی)

## فتاویٰ رضویہ:

(پانچ نمبر کے واقعہ کے بارے میں کسی نے اعلیحضرت سے دریافت کیا۔ تو فرمایا) یہ روایت جھوٹ اور کذاب وافتراء ہے۔ اس کا بیان کرنے والا ابلیس کا مسخرہ، اگر اس کے ظاہر مضمون کا معتقد ہے تو صریح کافر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۶ ص ۴۴)

قارئین کرام! ایسی کتاب جس کے بارے میں اہل سنت کے عظیم مجدد کا فتوے آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ جس میں صریح کفر موجود ہیں۔ اس کے جلا ڈالنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔ کیا ایسی کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتاب کہنا درست ہوگا؟

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# کتاب بست وچہارم ۲۴

## تاریخ ابوالفداء مصنفہ ملک عماد الدین

ملک مؤید ابوالفداء اسماعیل کی یہ تصنیف ہے۔ اس میں بھی کئی ایک جگہ پر حضرات صحابہ کرام کے خلاف گندی روایات اور ناز یبا زبان استعمال کی گئی ہے۔ یہ شخص کٹر شیعہ ہے۔ لیکن غلام حسین نجفی وغیرہ اسے سنی بنا کر اس کی عبارات سے استدلال کرتے ہیں۔ نجفی کی تحریر ملاحظہ ہو۔

## "جناب عمر کا دروازہ زہرا پر آگ لے کر آنا اور ان کا گھر جلانے کی دھمکی دینا"

### تاریخ ابوالفداء:

ثُمَّ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ بَعَثَ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ اِلَى عَلِيٍّ وَمَنْ مَعَهُ لِيُخْرِجَهُمْ مِنْ بَيْتِ فَاطِمَةَ وَقَالَ اِنْ اَبَوْا عَلَيْكَ فَقَاتِلْهُمْ فَاَقْبَلَ عُمَرُ بِشَيْءٍ مِنْ نَارٍ عَلَى اَنْ يَضْرِمَ الدَّارَ فَلَقِيَتْهُ فَاطِمَةُ وَ قَالَتْ اِلَى اَيْنَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اَجِئْتَ لِتُحْرِقَ دَارَنَا قَالَ نَعَمْ اَوْ تَدْخُلُوْا فِيْمَا دَخَلَ

marfat.com

Marfat.com

فِيهِ الْأُمَّةُ۔

(اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ ابوالفداء جلد اول ص ۱۵۶ ذکر بیعتِ ابی بکر)

**ترجمہ:** پھر ابوبکر نے عمر ابن الخطاب کو علیؑ اور ان کے ساتھیوں کی طرف بھیجا۔ تاکہ ان کو فاطمہ کے گھر سے نکالے۔ اور کہا کہ اگر وہ تیری بات نہ مانیں تو ان سے لڑائی کر۔ لہٰذا عمر آگ لے کر چلا۔ تاکہ فاطمہ کے گھر کو جلا دے لہٰذا جب فاطمہؑ کی عمرؓ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے پوچھا۔ اے عمرؓ تو کہاں جا رہا ہے۔ کیا تو اس لیے جا رہا ہے۔ کہ میرا گھر جلائے۔ عمرؓ نے کہا ہاں اس لیے جا رہا ہوں۔ یا تو تم ابوبکرؓ کی بیعت کرو۔ ورنہ میں تمہارا گھر جلا دوں گا۔

(سہم مسموم ص ۶۹ مصنفہ غلام حسین نجفی مطبوعہ ماڈل ٹاؤن لاہور)

## تاریخ ابوالفداء کی شیعہ نواز عبارتیں

**جواب:**

تاریخ ابوالفداء کے بارے میں اس سے چند عبارات ہم درج کر رہے ہیں۔ تاکہ ان عبارات کے آئینہ میں اس کے مصنف کی اصلی شکل نظر آ سکے۔ پھر دوسرے طریقے یعنی کتب شیعہ سے کا سوانحی و مذہبی خاکہ پیش کیا جائے گا۔ لیجئے چند عبارات ملاحظہ ہوں۔

**عبارت اوّل:۔**

قَالَ اَبُو الْفِدَاءِ كُوْفِي الْحَسَنِ مِنْ سَمٍّ سَقَتْهُ اِمْرَاَتُهٗ جُعْدَةُ اِلٰى اَنْ قَالَ وَكَانَ قَدْ اَوْصٰى

marfat.com

Marfat.com

اَنْ یُدْفَنَ عِنْدَ جَدِّہٖ رَسُوْلِ اللہِ صلی اللہ علیہ و سلم فَلَمَّا تُوُفِّیَ اَرَادُوْا ذَالِكَ وَكَانَ عَلَى الْمَدِیْنَةِ مَرْوَانُ ابْنُ الحکم مِنْ قِبَلِ مُعَاوِیَة فَمَنَعَ مِنْ ذَالِكَ وَ كَانَ یَقَعُ بَیْنَ بَنِیْ اُمَیَّةِ وَ بَنِیْ هَاشِمٍ بِسَبَبِ ذَالِكَ فِتْنَةٌ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اَلْبَیْتُ بَیْتِیْ وَلَا اٰذَنُ اَنْ یُدْفَنَ فِیْهِ فَدُفِنَ بِالْبَقِیْعِ -

(تاریخ ابوالفداء بحوالہ تاریخ احمدی ص ۲۱۲ مطبوعہ نیو گارڈن لاہور)

**ترجمہ** :۔ ابوالفداء کہتا ہے۔ کہ امام حسن کا انتقال اس زہر کی وجہ سے ہوا۔ جو ان کی بیوی جعدہ نے دیا تھا۔ اور یہ بھی کہا۔ امام حسن نے یہ وصیت کی تھی۔ کہ ان کی میت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دفن کی جائے۔ جب ان کا انتقال ہوا۔ اور لوگوں نے وصیت پوری کرنے کا ارادہ کیا۔ ان دنوں مدینہ کا گورنر مروان بن حکم تھا۔ جو امیر معاویہ رض کی طرف سے مقرر تھا۔ اس نے اس وصیت پر عمل کرنے سے روک دیا۔ اسی وجہ سے بنی ہاشم اور بنی امیہ کے درمیان فتنہ اٹھ کھڑا ہوا۔ حضرت عائشہ نے فرمایا۔ گھر میرا گھر ہے۔ لہٰذا میں امام حسن رض کو یہاں دفن ہونے کی اجازت نہیں دیتی۔ پھر بقیع میں آپ کو دفن کیا گیا۔

**عبارت دوم** :

قَالَ ابُو الفداء وَ لَمَّا بَلَغَ مُعَاوِیَةَ مَوْتُ الْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ خَرَّ سَاجِدًا لِلّٰہِ -

(تاریخ ابوالفداء بحوالہ تاریخ احمدی ص ۱۴۸)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:** ابوالفداء کہتا ہے۔ جب امیر معاویہ رض کو امام حسن رض کے انتقال کی خبر پہنچی۔ تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے سجدہ میں گر گئے۔

## عبارت سوم:

قال ابو الفداء، ثُمَّ دَخَلَتْ سَنَةُ ثَلَاثِيْنَ فِيْهَا تَكَلَّمَ جَمَاعَةٌ مِّنَ الْكُوْفَةِ فِيْ حَقِّ عُثْمَانَ بِاَنَّهٗ وَلّٰى جَمَاعَةً مِّنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ لَا يَصْلُحُوْنَ لِلْوِلَايَةِ فَكَتَبَ سَعِيْدُ بْنُ الْعَاصِ وَالِي الْكُوْفَةِ مِنْ قِبَلِ عُثْمَانَ عَلَيْهِ بِذٰلِكَ فَاَمَرَهٗ عثمانُ بِسَيْرِ الَّذِيْنَ تَكَلَّمُوْا بِذٰلِكَ اِلٰى مُعَاوِيَةَ بِالشَّامِ فَاَرْسَلَهُمْ وَفِيْهِمُ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ الْمَعْرُوْفُ بِالْاَشْتَرِ النخعی و ثابت بن قیس النخعی وجمیل ابن زیاد و زید ابن صوحان العبدی و اخوہ صعصعہ وجندب ابن زھیر و عروۃ ابن الجعد و عمرو بن الحمق فَقَدِمُوْا عَلٰى معاویہ وَجَرٰى بَيْنَهُمْ كَلَامٌ كَثِيْرٌ فَتَوَثَّبُوْا وَاَخَذُوْا بِلِحْيَةِ مُعَاوِيَةَ فَكَتَبَ بِذٰلِكَ اِلٰى عثمانَ فَكَتَبَ اِلَيْهِ عثمانُ اَنْ تَرُدَّهُمْ اِلٰى سعید بن العاص فَرَدَّهُمْ اِلٰى سعید فَاَطْلَقُوْا اَلْسِنَتَهُمْ فِيْ عُثْمَانَ وَاجْتَمَعَ اِلَيْهِمْ اَهْلُ الْكُوْفَةِ۔

(تاریخ ابو الفداء بحوالہ تاریخ احمدی ص ۱۲۸)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**۔ ابوالفداء کہتا ہے۔ کہ ۳۳ھ میں اہل کوفہ کو حضرت عثمان رضی کے بارے میں چہ میگوئیوں کا موقعہ ملا۔ وہ بھی اس بات پر کہ انہوں نے اپنے کچھ رشتہ داروں کو امور مملکت سپرد کر دیئے۔ حالانکہ وہ اس کے اہل نہ تھے۔ حضرت عثمان رض نے سعید بن العاص والی کوفہ کو لکھا۔ کہ ان نکتہ چینی کرنے والوں کو امیر معاویہ رض کے پاس شام بھیج دیا جائے۔ چنانچہ انہیں وہاں بھیج دیا گیا۔ ان لوگوں میں حارث بن مالک المعروف اشتر نخعی، جمیل ابن زیاد زید ابن صوحان العبدی ان کے بھائی صعصعہ، جندب ابن زہیر، عروۃ ابن جعد اور عمرو بن حمق تھے۔ جب یہ لوگ معاویہ رض کے ہاں پہنچے۔ اور ان کے مابین گفتگو بڑھی۔ تو ان لوگوں نے جوش میں آکر معاویہ رض کی داڑھی پکڑ لی جناب معاویہ رض نے یہ سارا واقعہ حضرت عثمان رض کو لکھ بھیجا۔ جواباً حضرت عثمان رض نے لکھا۔ کہ ان لوگوں کو سعید بن عاص کے ہمراہ واپس بھیج دو۔ چنانچہ وہ سعید بن عاص کے پاس آگئے۔ یہاں پہنچ کر انہوں نے حضرت عثمان رض کے بارے میں اور تیز زبانی شروع کر دی۔ اور پھر کوفہ کے بہت سے لوگ ان کے ساتھ جمع ہو گئے۔

## عبارت چہارم:۔

وَقَالَ ابو الفداء و مِمَّا نقم الناس عَلَيْهِ رَدُّهُ الحكمَ بْنَ العاص طريدُ رسول الله صلى الله عليه وسلم وَطَرِيدُ ابو بكر وعمر اَيْضًا وَاعطاه مَروان بن الحكم خمس غنائم افريقيه وَهُوَ خَمْسُ مِائَةِ اَلْفِ دِيْنَارٍ اِلَى اَنْ قَالَ وَاَقْطَعَ مَرْوَانَ بْنَ الحكم

marfat.com

Marfat.com

فَدَکَ۔ (تاریخ الوالفداء بحوالہ تاریخ احمدی ص ۱۴۹)

**ترجمہ:** ابوالفداء کہتا ہے۔ کہ حضرت عثمان کے خلاف جس بات سے لوگ برانگیختہ ہوئے۔ ایک یہ بھی تھی۔ کہ انہوں نے حکم بن عاص کو واپس بلا لیا۔ جنہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے باہر نکالا ہوا تھا۔ پھر ابوبکر نے نکالا اور پھر عمر نے بھی نکالا۔ اور مروان بن حکم کو افریقی مال غنیمت میں سے پانچواں حصہ دیا۔ جو پانچ لاکھ دینار بنتا تھا۔ اور یہ بھی ابوالفداء نے کہا۔ کہ عثمان رضی نے مروان بن حکم کو فدک بھی دے دیا تھا۔

## عبارت پنجم:

قال ابو الفداء ابن شحنه اروی بنت الحارث بن عبد المطلب بن هاشم دَخَلَتْ عَلٰی مُعَاوِیَةَ وَهِیَ عَجُوْزٌ کَبِیْرَةٌ فَقَالَ مُعَاوِیَةُ مَرْحَبًا بِکِ یَا خَالَةُ کَیْفَ اَنْتِ فَقَالَتْ بِخَیْرٍ یَا ابْنَ اُخْتِیْ لَقَدْ کَفَرْتَ النِّعْمَةَ وَاَسَاْتَ لِابْنِ عَمِّکَ الصُّحْبَةَ وَتَسَمَّیْتَ بِغَیْرِ اسْمِکَ وَاَخَذْتَ غَیْرَ حَقِّکَ وَکُنَّا اَهْلَ بَیْتٍ اَعْظَمَ النَّاسِ فِیْ هٰذَا الدِّیْنِ بَلَاءً حَتّٰی قَبَضَ اللّٰهُ نَبِیَّهٗ مَشْکُوْرًا سَعْیُهٗ مَرْفُوْعًا مَنْزِلَةً وَثَبَتَ عَلَیْنَا بَعْدَهٗ الخ۔

(تاریخ احمدی ص ۲۱۸)

**ترجمہ:** تاریخ ابوالفداء شحنہ میں ہے۔ کہ اروی بن الحارث بن عبدالمطلب بہت بڑھیا تھیں۔ تو ایک مرتبہ امیر معاویہ رضی کے ہاں گئیں

marfat.com

Marfat.com

معاویہ رضی اللہ عنہ نے دیکھ کر کہا۔ خوش آمدید خالہ جان! آپ کیسی ہیں۔ کہنے لگیں بھانجے اللہ کی خیر ہے۔ تو نے اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کی۔ اور اپنے بھتیجے کے ساتھ بُرا سلوک کیا۔ اپنے لیے وہ لقب اختیار کیا۔ جس کا تو مستحق نہ تھا۔ ہم اس دین میں تمام لوگوں سے زیادہ پریشان تھے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو اپنے پاس بلا لیا۔ اور تم لوگ ہم پر حاکم بن بیٹھے۔ حالانکہ ہمارا مرتبہ تم سب میں ایسا تھا۔ جیسا کہ بنی اسرائیل کا مرتبہ آلِ فرعون میں تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت علی کی وہ منزلت تھی۔ جو موسےٰ کے ساتھ ہارون کی تھی۔ یہ سُن کر عمرو بن العاص نے کہا۔ بڑھیا! خاموش ہو جا۔ تیری عقل جواب دے گئی۔ اور بے ہودہ گوئی پر اتر آئی ہے۔ اروٰی نے جواباً کہا۔ اے باغیہ کے بیٹے! تو مجھ سے گفتگو کی جراُت کر رہا ہے۔ اپنی حقیقت تجھے یاد نہیں۔ تیری ماں مکہ کی بدکارہ تھی۔ اور معمولی معاوضہ پر اپنی عصمت لٹاتی تھی۔ چنانچہ تجھ پر پانچ مردوں نے اپنا بیٹا ہونے کا دعوےٰ کیا۔ بالآخر تیری ماں سے پوچھا گیا۔ تو اس نے پانچ آدمیوں کے ساتھ تعلق کی تصدیق کی۔ اس لیے ان میں سے جس کی شکل و صورت سے اس بچے کی شکل و صورت ملے۔ اسی کا سمجھو۔ تو عاص بن وائل کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے تم اس کے بیٹے قرار پائے۔ اروٰی کی یہ باتیں سُن کر جناب معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا پچھلی باتوں کا تذکرہ نہ کرو۔ اللہ نے اُسے معاف کر دیا۔

(تاریخ احمدی ص ۳۱۸ تا ۳۱۹ مصنف خان بہادر نواب احمد حسین۔ مطبوعہ نیو گارڈن لاہور)

**ملحوظہ فکر یہ:** تاریخ ابوالفداء کے چند اقتباسات ہم نے ذکر کیے۔ ان

marfat.com

Marfat.com

بکہ حضرات صحابہ کرام میں سے بعض کی جس بے ہودگی سے تعریض پیش کی ہے۔ وہ ظاہر کرتی ہے۔ کہ تاریخ ابوالفداء کا مصنف گستاخ صحابہ ہونے کی وجہ سے کٹر شیعہ ہے ہم نے ان عبارات کا تفصیلی جواب تحفہ جعفریہ جلد چہارم میں لکھ دیا ہے۔ اب آئیے دوسری طرف کہ شیعہ محققین اس کے مذہب کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ الذریعہ کی عبارت ملاحظہ ہو۔

## الذریعہ:

الملك المؤيد عماد الدين اسماعيل بن الافضل نور الدين علي بن الملك المظفر محمود بن الملك المنصور محمد بن المظفر تقي الدين أبي الخطاب عمر بن شهنشاه الايوبي الملك العالم المؤرخ الفلسفي الجغرافي مجالس العلماء ومرتبهم وصاحب (حماة) وملكها مستقلا وُلِدَ سنة ٦٧٢ وَمَاتَ بِحماه سنة ٧٣٢ وَلَهُ تقويم البلدان المطبوع كما طبع تاريخه المرتب على اربعة اجزاء في مجلدين مكررا وهو ان عُدَّ من الشافعية لكن في مواضع من تاريخه عند ذكر امير المؤمنين عليه السلام وذكر والده ابي طالب وغيرهما يظهر منه آثار التشيع وقد مر في (ج ٢ ص ٢٠٣) انه اخرج في كتاب امامة امير المؤمنين عليه السلام عن تاريخ المؤيد هذه جملة وافرة من

marfat.com

Marfat.com

مَنَاقِبِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِی الغزوات غزوۃ فراجعہ

(الذریعہ جلد سوم ص ۲۲۷)

**ترجمہ:-**

ملک حماد الدین ۶۷۲ھ میں پیدا ہوا اور ۷۳۲ھ میں مقام حماۃ میں اس کا انتقال ہوا۔ تقویم البلدان اس کی ایک تصنیف ہے۔ اسے اگرچہ شافعی المسلک کہا گیا ہے۔ لیکن اپنی تاریخ میں بہت سے مقامات پر اس نے حسن انداز سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور ان کے والد ابوطالب کا تذکرہ کیا۔ اس سے اس کا شیعہ ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ اور امامت امیر المومنین جو حسن بن نوح شیعی کی مشہور تصنیف ہے۔ اس نے تاریخ ابوالفداء سے ہی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے غزوات کے بارے میں مناقب لکھے ہیں۔

## لمحہ فکریہ:

ابوالفداء کے بارے میں خود اس کی تحریرات اور پھر محقق شیعہ علماء کی تصریحات اس کی تائید کرتی ہیں۔ کہ یہ شخص شیعہ تھا۔ اگر اس میں شیعیت نہ ہوتی تو صاحب الذریعہ اس کو ہرگز اپنی کتاب میں جگہ نہ دیتا۔ جگہ دینے کے ساتھ ساتھ اس نے اس کے شیعہ ہونے کی دلیل بھی پیش کر دی۔ ان تصریحات کے ہوتے ہوئے نجفی وغیرہ کا اسے سنی اور اس کی کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتاب لکھنا کہاں تک درست ہو سکتا ہے۔ ایسے علماء جو متنازعہ فیہ ہوں۔ کچھ انہیں سنی کہیں اور کچھ انہیں شیعہ۔ ایسے ہی لوگوں کی پہچان کے لیے "الذریعہ" تصنیف ہوئی۔ تاکہ کم از کم وہ اپنوں کی نشاندہی تو کر دیں۔ کیونکہ وہی جانتے ہیں۔ کہ کون سا ہمارا تھا۔ جو تقیہ کر کے سنی بنا رہا۔ وہ اس کے مرنے کے بعد اس کی تقیہ والی چادر ہٹا کر رونمائی کر دیتے ہیں

marfat.com

Marfat.com

لیکن ہم اہل سنت کے ہاں وہ تقیہ "منافقت" کا نام ہے۔ اس لیے اس کی ہرگز اجازت نہیں۔ اس لیے اگر کسی نے اپنے آپ کو سنی کہلایا تو ظاہراً اسے سنی ہی کہنا پڑا لیکن جب اس کے ہم خیالوں نے لکھا۔ کہ وہ تقیہ کے طور پر سنی تھا۔ تو ہمارے خلاف اس کی عبارات کیونکر حجت تسلیم ہوں گی۔ اس لیے تاریخ ابو الفداء کی کوئی عبارت ہمارے خلاف حجت ہرگز ہرگز نہیں بن سکتی۔

فاعتبروا یا اولی الابصار۔

# کتاب بست وپنجم [۲۵]

## خصائص نسائی مصنفہ احمد ابن شعیب النسائی

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ اس کے مصنف حافظ ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب النسائی ہیں۔ جو صحاح ستہ میں سے ایک قابلِ قدر کتاب نسائی کے مصنف بھی ہیں۔ اس خصائص نامی کتاب میں انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب بیان کیے۔ لیکن ان میں وہ حد سے آگے بڑھ گئے۔ اس غلو کی وجہ سے ان کے ہم عصر لوگوں نے ان میں تشیع کا احتمال سمجھا۔ اور اس امر کی شیعہ کتابوں میں صراحت بھی موجود ہے۔ اب اس کتاب کے حوالے سے اور اہل تشیع کے خیالات سے امام نسائی کے بارے میں کچھ باتیں درج کی جاتیں ہیں۔ پہلے خصائص کی چند عبارات ملاحظہ ہوں۔

عبارت اول:۔

فَقَالَ لَهُ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ مَنْزِلَةَ

marfat.com
Marfat.com

هَارُوْنَ مِنْ مُوْسیٰ اِلَّا اِنَّكَ لَسْتَ نَبِیٌّ اِنَّهُ لَا
یَنْبَغِیْ اَنْ اَذْهَبَ اِلَّا وَاَنْتَ خَلِیْفَتِیْ قَالَ قَالَ
لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم اَنْتَ وَلِیٌّ عَلٰی
كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِیْ۔

(خصائص النسائی ص ۱۵ ذکر الاختلاف علی محمد
ابن المنکدر فی ھذا الحدیث چشتی کتب خانہ
فیصل آباد۔)

**ترجمہ:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ کیا تم اس پر راضی نہیں۔ کہ تمہارا مقام و مرتبہ میرے ہاں وہی ہو۔ جو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہارون کو تھا۔ مگر تم پیغمبر نہیں ہو۔ اور یہ بھی بات ضروری ہے۔ کہ میرے بعد تم میرے خلیفہ ہو گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ تم میرے بعد ہر مومن کے ولی ہو۔

## عبارت دوم:۔

ثُمَّ قَالَ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ اَوْلٰی بِكُلِّ مُؤْمِنٍ
مِنْ نَفْسِهٖ قَالُوْا بَلٰی نَشْهَدُ لَاَنْتَ اَوْلٰی بِكُلِّ
مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهٖ قَالَ فَاِنِّیْ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهٰذَا
مَوْلَاهُ وَاَخَذَ بِیَدِ عَلِیٍّ۔

(خصائص النسائی ص ۲۲ ذکر قول النبی علیہ السلام
من کنت ولیہ فھذا ولیہ

**ترجمہ:** پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دخم غدیر کے موقعہ پر لوگوں سے فرمایا۔ کیا تم نہیں جانتے۔ کہ میں ہر مومن کی جان سے زیادہ

marfat.com
Marfat.com

قریب ہوں۔ سب نے کہا۔ ہم آپ کی اس قربت کی گواہی دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ میں جس کا مولیٰ ہوں۔ یہ بھی اس کا مولیٰ ہے۔ آپ نے یہ کہتے ہوئے علی کا ہاتھ پکڑا۔

## عبارت سوم:

فَقَالَ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ اِنَّ عَلِيًّا مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ بَعْدِيْ

(خصائص النسائی ص ۲۷ ذکر دعاء النبی علیہ السلام لِمَنْ احبہ چشتی کتب خانہ فیصل آباد)

## ترجمہ:-

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم علی کے بارے میں کیا ارادہ رکھتے ہو۔ بے شک علی مجھ سے اور میں اس سے ہوں۔ اور وہ میرے بعد ہر مومن کا ولی ہے۔

## عبارت چہارم:

يَقُوْلُ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ وَاَحِبَّ مَنْ اَحَبَّهٗ وَاَبْغِضْ مَنْ اَبْغَضَهٗ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهٗ وَتَفَرَّقَ بَيْنَ الْمُؤْمِنِ وَالْكَافِرِ۔

(تہذیب ص ۶۱)

(خصائص النسائی ص ۲۷ ذکر دعاء النبی علیہ السلام لِمَنْ احبہ چشتی کتب خانہ فیصل آباد)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ:

آپ فرماتے ہیں۔ جس کا میں مولیٰ اس کا علی بھی مولیٰ ہے۔ اے اللہ جو علی سے دوستی کرے۔ تو بھی اس سے دوستی کر۔ جو اس سے عداوت رکھے۔ تو بھی اُسے دشمن بنا۔ جو اُس سے محبت کرے تو بھی اُس سے پیار کر اور جو اس سے بغض رکھے تو بھی اس سے بغض رکھ اور اس کی مدد کر۔ اور کافر و مومن کے ما بین اس کے ذریعہ تفریق کر دے۔

## عبارت پنجم:

قَالَ اِسْتَاذَنَ اَبُوْ بَکْرٍ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَسَمِعَ صَوْتَ عَائِشَۃَ عَالِیًا وَھِیَ تَقُوْلُ لَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ عَلِیًّا اَحَبُّ اِلَیْکَ مِنِّیْ فَاَھْوٰی لَھَا لِیَلْطِمَھَا وَقَالَ لَھَا یَابِنْتُ فُلَانٍ اَرَاکِ تَرْفَعِیْنَ صَوْتَکِ عَلٰی رَسُوْلِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فَاَمْسَکَہٗ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وَخَرَجَ اَبُوْ بَکْرٍ مُغْضِبًا۔

(خصائص النسائی ص ۲۸ ذکر منزلۃ علی)

ترجمہ:

راوی بیان کرتے ہیں۔ کہ ایک دفعہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اندر آنے کی اجازت طلب کی۔ جب ابوبکر اندر آئے۔ تو انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی بلند آواز سنی۔ وہ کہہ رہی تھیں۔ کہ میں جانتی ہوں۔ کہ آپ کو حضرت علی رضہ سے بہ نسبت میرے زیادہ محبت ہے۔ حضرت ابوبکر رضہ نے چاہا کہ عائشہ کے تھپڑ لگائیں۔ اور کہا کہ اے فلاں کی بیٹی! تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

Marfat.com

کے سامنے آواز بلند کر رہی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کر دیا اس پر ابو بکر ناراضگی کی حالت میں باہر نکل گئے۔

**نوٹ:**

مذکورہ حوالہ جات میں امام نسائی نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شان میں غیر محتاط بلکہ حد سے بڑھے ہوئے الفاظ کہے ہیں۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو ہر مومن کا ولی صاف صاف لکھا۔ اور مولیٰ بھی کہا جس کا مطلب یہ لیا جاتا ہے۔ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سب سے اولیٰ ہیں۔ اور یہ عقیدہ اہل تشیع کا ہے انہی عبارات کی وجہ سے شیعہ لوگوں نے امام نسائی میں تشیع کا ثبوت لکھا۔ حوالہ ملاحظہ ہو۔

**الکنی والالقاب:۔**

حُكِيَ اَنَّهٗ لَمَّا اَتٰى دمشق وَصَنَّفَ كِتَابَ الْخَصَائِصِ فى مناقب امير المومنين عليه السلام اُنكِرَ عَلَيْهِ ذٰلِكَ وَقِيْلَ لَهٗ لِمَ لَا صَنَّفْتَ فِيْ فَضَائِلِ الشَّيْخَيْنِ فَقَالَ دَخَلْتُ دمشق وَالْمُنْحَرِفُ عَنْ عَلِيٍّ بِهَا كَثِيْرٌ فَصَنَّفْتُ كِتَابَ الْخَصَائِصِ رَجَاءً اَنْ يَهْدِيَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ فَدَفَعُوْا فِيْ خُصْيَتَيْهِ وَاَخْرَجُوْهُ مِنَ الْمَسْجِدِ ثُمَّ مَازَالُوْا بِهٖ حَتّٰى اَخْرَجُوْهُ من البلد دمشق اِلَى الرَّمْلَةِ فَمَاتَ بِهَا۔

(کتاب الکنی والالقاب جلد سوم ص ۲۴۸)

**ترجمہ:**

بیان کیا گیا ہے۔ کہ جب امام نسائی دمشق آئے۔ اور حضرت علی المرتضیٰ

marfat.com
Marfat.com

کے مناقب میں کتاب الخصائص لکھی تو ان کی اس بات کو نہ پسند کیا گیا اور ان سے کہا گیا۔ کہ آپ نے ابوبکر و عمر کے فضائل میں کوئی کتب کیوں نہیں لکھی۔ کہنے لگے۔ کہ یہاں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے والے بکثرت رہتے ہیں۔ اور میں نے اس لیے کتاب الخصائص لکھی شاید یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے ہدایت پا جائیں۔ لوگوں نے جب یہ سنا۔ تو امام نسائی کے خصیتین کو نقصان پہنچایا۔ اور مسجد سے باہر نکال دیا۔ یہاں تک کہ دمشق سے رملہ جانے پر مجبور کر دیا۔ نسائی رملہ میں ہی فوت ہوئے۔

## الکنی والالقاب:

اِنَّ اَبَا عبد الرحمٰن فَارَقَ مِصْرَ فِیْ اٰخِرِ عُمْرِہٖ وَخَرَجَ اِلٰی دمشق فَسُئِلَ عَنْ مُعَاوِیَة وَمَا رُوِیَ مِنْ فَضَائِلِہٖ فَقَالَ اَمَا یَرْضٰی مُعَاوِیَۃُ اَنْ یَخْرُجَ رَاْسًا بِرَاْسٍ حَتّٰی یُفَضَّلَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اُخْرٰی مَا اَعْرِفُ لَہٗ فَضِیْلَۃً اِلَّا لَا اَشْبَعَ اللہُ بَطْنَکَ۔

(الکنی والالقاب جلد سوم ص ۲۴۸) (تنقیح المقال جلد اوّل ص ۷۲)

## ترجمہ:

ابو عبدالرحمٰن نسائی نے آخری عمر میں مصر کو چھوڑ کر دمشق میں سکونت اختیار کی۔ ان سے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے فضائل کے بارے میں پوچھا گیا۔ تو کہنے لگے۔ کیا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اس پر راضی نہیں کہ وہ سر کے بدلے سر سے نکلیں۔ یہاں تک کہ وہ فضیلت پائیں

marfat.com

Marfat.com

ایک اور روایت میں ہے۔ کہ امام نسائی نے کہا۔ میں ان میں کوئی فضیلت نہیں جانتا۔ صرف یہ جانتا ہوں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں فرمایا تھا۔ اللہ تعالیٰ تیرا (امیر معاویہ) پیٹ نہ بھرے۔ امام نسائی میں تشیع پایا جاتا تھا۔

## الذریعہ:۔

اَلْخَصَائِصُ فِیْ فَضَائِلِ عَلِیٍّ (ع) وَقَدْ یُقَالُ لَہٗ الْخَصَائِصُ الْعَلَوِیَّۃُ لِلْاِمَامِ النِّسَائِیِّ اَبِیْ عَبْدَ الرَّحْمٰن احمد بن علی بن شعیب بن سنان بن بحر الخراسانی المولود ۲۱۵ والمتوفی بمکۃ ۳۰۳ بَعْدَ اِخْرَاجِہٖ مِنَ الْمَسْجِدِ الْاُمَوِیِّ بِالشَّامِ بِسَبَبِ تَصْنِیْفِ ھٰذَ الْکِتَابِ فَتَمَرَّضَ عَلٰی اَثَرِ الضَّرْبِ والرفس وَالدَّفْعِ فِیْ خُصْیَیْہِ فَطَلَبَ حَمْلَہٗ اِلٰی مَکَّۃَ وَھُوَ عَلِیْلٌ فَتُوُفِّیَ بِھَا فِیْ شَعْبَانَ تِلْکَ السَّنَۃِ قَالَ ابن خلکان اِنَّہٗ کَانَ یَتَشَیَّعُ۔

(الذریعۃ الی تصانیف الشیعۃ جلد ۷ ص ۱۶۳ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں کتاب الخصائص امام نسائی نے لکھی۔ جسے خصائص العلویہ بھی کہتے ہیں۔ امام نسائی ۲۱۵ میں پیدا ہوئے اور مکہ میں ۳۰۳ میں فوت ہوئے۔

marfat.com

Marfat.com

اس کتاب کی تصنیف کی وجہ سے انہیں شام میں واقعہ مسجد اموی سے نکالا گیا۔ اور لوگوں نے ان کو دھکے دیئے اور سینے اور خصیتین پر ضربات لگائیں۔ جن کی وجہ سے بیمار ہو گئے۔ اور مکہ پہنچانے کے لیے لوگوں کو کہا۔ بیماری کی حالت میں مکہ پہنچے۔ اور اسی سال شعبان کے مہینہ میں انتقال کر گئے۔ ابن خلکان نے کہا۔ کہ ان میں تشیع تھا۔

## لمحہ فکریہ :۔

امام نسائی کے بارے میں کتب شیعہ کے حوالہ جات سے یہ بات سامنے آگئی۔ کہ ان میں تشیع پایا جاتا تھا۔ اگرچہ ہم ان کو شیعہ نہیں کہتے۔ لیکن اتنا ضرور ہے۔ کہ ان کی غیر محتاط روش اور غلو کی وجہ سے جن عبارات و روایات پر ان پر تشیع کا پایا جانا ثابت کیا جاتا ہے۔ وہ روایات ہم اہل سنت پر ہرگز حجت نہیں بن سکتیں۔ امام نسائی میں تشیع کا پایا جانا اب جبکہ کتب شیعہ سے حوالہ جات کے ذریعہ ثابت کر چکے۔ اب اہل سنت کی کتب سے بھی اس کا ملاحظہ ہو جائے۔

## اہل سنت کی کتب سے امام نسائی کا تعارف

### تذکرۃ الحفاظ :۔

ثُمَّ اِنَّهٗ صَنَّفَ بَعْدَ ذَالِكَ فَضَائِلَ الصَّحَابَةِ فَقِيْلَ لَهٗ وَاَنَا اَسْمَعُ اَلَا تُخْرِجُ فَضَائِلَ مُعَاوِيَه

marfat.com

Marfat.com

فَقَالَ اَیُّ شَیٍٔ اُخْرِجُ حَدِیْثَ اَللّٰھُمَّ لَا تُشْبِعْ بَطْنَہٗ فَسَکَتَ السَّائِلُ۔

(تذکرۃ الحفاظ جلد دوم ص ۶۹۹ تذکرۃ النسائی ۷۱۹ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:** فضائل علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ پر کتاب تصنیف کرنے کے بعد امام نسائی نے ایک کتاب فضائل صحابہ پڑھی۔ ایک شخص نے ان سے پوچھا۔ کہ آپ فضائل معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں کوئی حدیث بیان نہیں کرتے؟ کہنے لگے۔ کون سی حدیث لکھوں۔ کیا تم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معاویہؓ کے بارے میں یہ حدیث نہیں سنی۔ اے اللہ! اس کے پیٹ کو سیر نہ کر۔ یہ سن کر سائل خاموش ہو گیا۔

## تہذیب التہذیب:

قَالَ اَبُوْ بَکْرٍ الْمَامُوْنِیُّ سَاَلْتُہٗ عَنْ تَصْنِیْفِہٖ کِتَابَ الْخَصَائِصِ فَقَالَ دَخَلْتُ دِمَشْقَ وَالْمُنْحَرِفُ بِھَا عَنْ عَلِیٍّ کَثِیْرٌ وَ صَنَّفْتُ کِتَابَ الْخَصَائِصِ رِجَاءَ اَنْ یَّھْدِیَھُمُ اللّٰہُ ثُمَّ صَنَّفْتُ بَعْدَ ذَالِکَ کِتَابَ فَضَائِلِ الصَّحَابَۃِ وَ قَرَاَھَا عَلَی النَّاسِ وَقِیْلَ لَہٗ وَاَنَا حَاضِرٌ اَلَا تُخْرِجُ فَضَائِلَ مُعَاوِیَۃَ فَقَالَ اَیُّ شَیٍٔ اُخْرِجُ اَللّٰھُمَّ لَا تُشْبِعْ بَطْنَہٗ فَسَکَتَ السَّائِلُ۔

(تہذیب التہذیب لابن حجر العسقلانی جلد اول ص ۳۸ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ:

ابو بکر المامونی کہتے ہیں۔ کہ میں نے امام نسائی سے ان کی تصنیف، کتاب الخصائص کے بارے میں پوچھا۔ کہنے لگے۔ کہ میں جب دمشق پہنچا تو وہاں مجھے بہت سے لوگ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے منحرف ملے۔ میں نے یہ کتاب اس امید پہ لکھی۔ کہ شاید اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت عطا فرما دے۔ پھر اس کے بعد امام نسائی نے فضائل صحابہ پر ایک کتاب لکھی۔ اور وہ لوگوں کو سنائی گئی۔ پوچھا گیا۔ اور میں اس وقت موجود تھا۔ کہ آپ حضرت امیر معاویہ رض کے فضائل کے بارے میں کوئی حدیث بیان نہیں کرتے۔ کہنے لگے۔ اس ارشاد نبوی کے بعد کونسی روایت ان کے بارے میں بیان کروں حضور نے ان کے بارے میں فرمایا۔ اللہ تیرے پیٹ کو سیر نہ کرے۔ اس پر نسائی بھی خاموش ہو گیا۔ اور سائل بھی خاموش ہو گیا۔

## وفیات الاعیان:-

قَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ اِسْحَاقَ الْاَصْبِهَانِیْ سَمِعْتُ مَشَائِخَنَا بِمِصْرَ یَقُوْلُوْنَ اِنَّ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَارَقَ مِصْرَ فِیْ اٰخِرِ عُمْرِهٖ وَخَرَجَ اِلٰی دِمَشْقَ فَسُئِلَ عَنْ مُعَاوِیَةَ وَمَارُوِیَ مِنْ فَضَائِلِهٖ فَقَالَ اَمَا یَرْضٰی مُعَاوِیَةُ اَنْ یُّخْرَجَ رَأْسًا بِرَأْسٍ حَتّٰی یُفَضَّلَ وَفِیْ رِوَایَةٍ اُخْرٰی مَا اَعْرِفُ لَهٗ فَضِیْلَةً اِلَّا لَا اَشْبَعَ اللّٰهُ بَطْنَكَ) وَكَانَ یَتَشَیَّعُ فَمَا زَالُوْا یَدْفَعُوْنَ فِیْ

marfat.com

Marfat.com

خِضْرِیَةٌ حَتّٰی اُخْرِجُوْهُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَفِیْ رِوَایَةٍ اُخْرٰی یَدُقُّوْنَ فِیْ خُصْیَتِهِ وَدَاسُوْهُ ثُمَّ حُمِلَ اِلَی الرَّمْلَةِ فَمَاتَ بِهَا۔

(وفیات الاعیان لابن خلکان جلد اول ص ذکر ابو عبد الرحمٰن نسائی)

مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:**

محمد بن اسحاق اصبہانی کہتے ہیں۔ کہ میں نے اپنے مشائخ سے مصر میں سنا۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ امام نسائی نے آخری عمر میں مصر سے دمشق چلے گئے وہاں ان سے پوچھا گیا۔ کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے فضائل کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں۔ تو کہنے لگے۔ کیا معاویہ رضؓ اس پر راضی نہیں۔ کہ سر بہ سر نکلیں۔ حتٰی کہ فضیلت لے جائیں۔ ایک اور روایت میں ہے۔ کہ مجھے ان کی فضیلت کے بارے میں اس کے سوا کوئی حدیث نہیں آتی۔ "اللہ تعالیٰ اس کے پیٹ کو سیر نہ کرے"، اور ان میں تشیع تھا۔ لوگ متواتر ان کو ستاتے رہے اور ان کے خصیتین میں مارا۔ بالآخر مسجد سے نکال دیا۔ ایک اور روایت میں ہے۔ کہ ان کے خصیتین کو لوگوں نے بہت تکلیف دی اور انہیں مروڑتے تھے۔ پھر انہیں وہاں سے رملہ لایا گیا۔ اور یہیں ان کا انتقال ہوا۔

مذکورہ روایات جو کتب اہل سنت سے پیش کی گئی ہیں۔ ان کے مطابق بھی امام نسائی میں تشیع کا وجود ملتا ہے۔ ہم تسلیم کرتے ہیں۔ کہ امام موصوف کا شمار اہل سنت کے ان علماء میں ہوتا ہے۔ جو یگانہ روزگار تھے۔ نہایت

marfat.com
Marfat.com

متقی اور دیندار تھے لیکن ان کی جن عبارات و روایات پر علماء نے تنقید کا اظہار کیا وہ بہرحال ہمارے خلاف حجت بننے کی صلاحیت نہیں رکھتیں۔

# قابل توجہ:

اب تک جن کتب کا ہم نے تذکرہ کیا۔ ان میں سے تین کے مصنف ابن حجر مکی محمد بن جریر طبری اور امام نسائی اہل سنت کے معتبر علماء میں سے ہیں۔ اور انکی تصانیف بھی اہلسنت کی تصانیف شمار ہوتی ہیں۔ لیکن ان تصانیف میں وہ روایات و واقعات جو ان کے تشیع ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔ وہ ہرگز ہم اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتیں۔ ان کے علاوہ عقد الفرید اور معارج النبوۃ ویسے ہی اس درجہ کی نہیں۔ کہ ان پر اعتبار کیا جا سکے یہ مختصر طور پر ان کتب کا تذکرہ تھا۔ جو اہل سنت کے علماء نے لکھیں۔ ان کے بغیر جن کتب کا ہم نے تذکرہ کیا۔ وہ تمام کی تمام اہل تشیع کے علماء کی ہیں۔ جنہیں آئے دن کچھ بے وقوف قسم کے شیعہ مولوی "اہل سنت کی معتبر کتاب" کے طور پر اپنی کتابوں میں ذکر کرتے ہیں۔ اور پھر ان کی عبارات سے اپنے مذہب کی تائید چاہتے ہیں۔ حالانکہ وہ دراصل مذہب شیعہ کی ترویج و اشاعت کے لیے ہی لکھی گئیں۔

ہم سے جس قدر ہو سکا۔ ان کتب کے بارے میں حقائق سے پردہ اٹھایا ہے۔ ہم امید رکھتے ہیں۔ کہ ہماری یہ کوشش علماء اہل سنت کے لیے باعث نفع ہو گی۔ اور ہم قارئین کرام سے خلوص دل کے ساتھ اس امر کے متمنی ہیں کہ وہ ہماری ان معروضات سے جب مستفید ہوں۔ تو اپنی مخصوص دعاؤں میں ضرور یاد فرمائیں۔ اور اللہ کریم سے بتوسل نبی کریم بخشش کی دعا فرمائیں

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین الخ

marfat.com

Marfat.com

# ۲۶
# کتاب بست و ششم

## المستدرک للحاکم مصنفہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری

یہ کتاب علم حدیث کی ہے۔ اور مشہور یہ ہے۔ کہ مسلم اور بخاری کی شرائط پر اسے حاکم نے لکھا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ اس کتاب میں بعض روایات ایسی بھی درج ہیں۔ جو عقائد اہل سنت کے صراحۃً خلاف ہیں۔ اور اجماع اہل سنت کی مخالفت ہے۔ مثلاً یہ اجماعی عقیدہ ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تمام سے افضل ہیں۔ بلکہ پہلی امتوں کے تمام افراد سے افضل ہیں۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ان کی ایک رات جو انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتے ہوئے غار ثور میں گزاری کے بدلے تمام نیکیاں ہیچ سمجھیں۔ اب اس اجماعی عقیدہ کو دیکھئے اور المستدرک کی ایک روایت پر نظر ڈالئے۔

**المستدرک:**

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لَمُبَارَزَۃُ عَلِیِ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ لِعَمْرِوبْنِ عَبْدُوُدٍ یَوْمَ الْخَنْدَقِ اَفْضَلُ مِنْ اَعْمَالِ اُمَّتِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

(المستدرک جلد سوم ص ۳۲ کتاب المغازی مطبوعہ بیروت طبع جدید) ذکر مبارزۃ علی

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ:

غزوۂ خندق کے دن جب حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے مدمقابل عمر بن عبدود سے لڑائی لڑی۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علی کا یہ کام تاقیامت میری امت کے کاموں سے افضل ہے۔

یہی وجہ ہے۔ کہ روایت مذکورہ چونکہ اہل سنت کے اجماعی نظریہ وعقیدہ کے خلاف اور شیعیت کے رُس سے بھری ہوئی نظر آتی ہے۔ اس لیے امام ذہبی نے اس کے تحت یہ الفاظ لکھے۔

قُلْتَ قَبَّحَ اللهُ رَافِضِيًّا اِفْتَرَاهُ۔ میں کہتا ہوں۔ کہ اس رافضی (صاحب مستدرک حاکم) کا برا ہو۔ یہ روایت اس نے خود بنائی ہے (ایسی روایات اور اس کے معتقدات کے پیش نظر اہل تشیع نے اسے اپنا آدمی کہا ہے۔)

اعیان الشیعہ:۔

قَالَ الخطیب ابو بکر عبد الله الحاکم کَانَ ثِقَةً یَمِیْلُ اِلَی التَّشَیُّعِ فَحَدَّثَنی ابراهیم بن محمد الاموری قَالَ جَمَعَ الحاکم اَحَادِیْثَ وَزَعَمَ اَنَّهَا صِحَاحٌ عَلٰی شَرْطِ البخاری ومسلم مِنْهَا حَدِیْثُ الطَّیْرِ وَمَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ فَاَنْکَرَهَا عَلَیْهِ اَصْحَابُ الْحَدِیْثِ فَلَمْ یَلْتَفِتُوْا اِلٰی قَوْلِهٖ قال ابو عبد الرحمٰن الشاذ یا رخی کُنَّا فِیْ مَجْلِسِ السَّیِّدِ اَبِی الحسن فَسُئِلَ الْحَاکِمُ عَنْ حَدِیْثِ الطَّیْرِ فَقَالَ لَا یَصِحُّ وَلَوْصَحَّ

marfat.com

Marfat.com

لَمَا كَانَ اَحَدٌ اَفْضَلَ مِنْ عَلِيٍّ بَعْدَ النَّبِيِّ قُلْتُ ثُمَّ تَغَيَّرَ الْحَاكِمُ وَاَخْرَجَ حَدِيْثَ الطَّيْرِ فِيْ مُسْتَدْرَكِهٖ۔ وَلَا رَيْبَ اَنَّ فِي الْمُسْتَدْرَكِ اَحَادِيْثَ كَثِيْرَةً لَيْسَتْ عَلٰى شَرْطِ الصِّحَّةِ بَلْ فِيْهِ اَحَادِيْثُ مَوْضُوْعَةٌ...... قَالَ ابْنُ طَاهِرٍ سَاَلْتُ اَبَا اسماعیل الانصاری عَنِ الْحَاكِمِ فَقَالَ ثِقَةٌ فِي الْحَدِيْثِ رَافِضِيٌّ خَبِيْثٌ ثُمَّ قَالَ ابْنُ طَاهِرٍ كَانَ شَدِيْدَ التَّعَصُّبِ لِلشِّيْعَةِ فِي الْبَاطِنِ۔

(اعیان الشیعہ جلد ۹ص ۲۹)

**ترجمہ:**

(تذکرہ عبداللہ حاکم)

خطیب ابوبکر نے کہا۔ کہ حاکم (صاحب مستدرک) ثقہ تھا اور شیعیت کی طرف اس کا میلان تھا۔ مجھ سے ابراہیم بن محمد اموری نے بیان کیا۔ کہ حاکم نے احادیث جمع کیں۔ اور زعم کیا۔ کہ وہ بخاری اور مسلم کی شرط پر صحیح ہیں۔ ان میں سے ایک حدیث ''الطیر'' اور دوسری۔ من کنت مولاہ فعلی مولاہ کہ جس کا میں مولیٰ اس کا علی مولیٰ۔ ان پر محدثین نے انکار کیا۔ اور اس کی بات کی طرف کوئی دھیان نہ دیا۔ ابوعبدالرحمٰن شاذ ریاخی نے بیان کیا۔ کہ ہم سید ابوالحسن کی مجلس میں تھے حاکم نے ان سے حدیث طیر کے بارے میں پوچھا۔ تو انہوں نے کہا۔ یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ اگر صحیح ہوتی۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے افضل کوئی نہ ہوتا۔ میں کہتا ہوں۔ یہ سن کر حاکم نے تغیر کیا۔ اور حدیث طیر کو اپنی

marfat.com

Marfat.com

مستدرک میں ذکر کیا۔ یقیناً مستدرک میں بہت سی ایسی احادیث ہیں۔ جو صحت کے شرط پر نہیں۔ بلکہ اس میں کرمن گھڑت احادیث بھی ہیں۔ ابن طاہر کہتے ہیں۔ میں نے ابو اسماعیل انصاری سے حاکم کے بارے میں پوچھا تو فرمایا۔ حدیث میں ثقہ ہے۔ رافضی خبیث ہے۔ پھر ابن طاہر ہی کہتے ہیں۔ کہ حاکم سخت متعصب تھا۔ اور اندرون خانہ شیعیت پر پختہ تھا۔

## الکنی والالقاب:

الحاکم وَقَدْ يُقَالُ لَهُ الْحَاكِمُ النيشاپوری هُوَ ابو عبد الله محمد بن عبد الله بن محمد حمدویه الحافظ المعروف بابن البیع ......وَ هُوَ مِنْ اَبْطَالِ الشِّيْعَةِ وَ سَدَنَتِهٖ لِلشَّرِيْعَةِ............ وَ كَانَ ابْنُ الْبَيْعِ يَمِيْلُ اِلَى التشيع.......... صَرَّحَ جَمْعٌ مِنَ الْفَرِيْقَيْنِ بِتَشَيُّعِهٖ عَنِ الذَّهْبِي عن ابن طاهر قَالَ سَأَلْتُ ابا اسماعیل الانصاری عَنِ الْحَاكِمِ فَقَالَ ثِقَةٌ فِي الْحَدِيْثِ رَافِضِيٌّ خَبِيْثٌ ثُمَّ قَالَ ابن طاهر كَانَ شَدِيْدَ التَّعَصُّبِ لِلشِّيْعَةِ فِي الْبَاطِنِ وَكَانَ يُظْهِرُ التَّسَنُّنَ فِي التَّقْدِيْمِ وَالْخِلَافَةِ وَكَانَ مُنْحَرِفًا عَنْ مُعَاوِيَةَ وَآلِهٖ مُتَظَاهِرًا بِذَالِكَ وَلَا يَعْتَذِرُ مِنْهُ قَالَ الذهبی لَمَّا انْحِرَافُهٗ عَنْ خُصُوْمِ علی فظاهِرٌ وَ اَمَّا اَمْرُ الشَّيْخَيْنِ

marfat.com
Marfat.com

فَمُعَظِّمٌ لَهُمَا بِكُلِّ حَالٍ فَهُوَ شِيْعِيٌّ لَا رَافِضِيٌّ
وَلَيْتَهُ لَمْ يُصَنِّفِ الْمُسْتَدْرَك فَإِنَّهُ غَضَّ عَنْ
فَضَائِلِهِ بِسُوْءِ تَصَرُّفِهِ وَذَكَرَ ابن شهر
اشوب فى معالم العلماء وصاحب الرياض
فى القسم الاول فى عداد الإمامية على مانقل
عَنْهُمَا۔

(الکنیٰ والالقاب جلد دوم ص ۱۷۰-۱۷۱ مطبوعہ
تہران طبع جدید)

**ترجمہ:** حاکم نیشاپوری ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ معروف ابن بیع ۔ یہ بہت بڑے شیعوں میں سے ہے۔ اور ان کی شریعت کے ستون ہیں۔ ابن بیع کا میلان شیعیت کی طرف تھا۔ شیعہ سنی دونوں اس کے تشیع کی تصریح کرتے ہیں ذہبی نے ابن طاہر سے بیان کیا۔ کہ میں نے ابواسماعیل انصاری سے حاکم کے متعلق پوچھا۔ کہنے لگے حدیث میں ثقہ ہے۔ اور خبیث رافضی ہے۔ پھر ابن طاہر نے کہا۔ باطنی طور پر متعصب شیعہ تھا۔ اور خلافت و تقدیم میں سنی ہونا ظاہر کرتا تھا۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کی آل سے منحرف تھا۔ اور یہ بات اس کی اعلانیہ تھی۔ اس کا کوئی عذر اس کی طرف سے نہیں کیا گیا۔ ذہبی کہتے ہیں۔ اس کا انحراف جنگ صفین سے وہ تو ظاہر ہے۔ رہا معاملہ شیخین کا تو وہ ان دونوں کی ہر حال میں تعظیم کرتا تھا۔ لہٰذا وہ شیعی ہے رافضی نہیں۔ کاش کہ وہ مستدرک نہ لکھتا کیونکہ اس میں اس نے ان کے فضائل سے روگردانی کی ہے۔ اور بے جا تصرف کیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ابن شہر آشوب نے معالم العلماء میں اس کا ذکر کیا اور صاحب الریاض نے قسم اول میں اس کا تذکرہ کیا۔ جہاں اس نے شیعہ علماء کی تعداد بیان کی ہے۔ یہی ان سے منقول ہے۔

## لسان المیزان:

(محمد) بن عبداللہ الضبی النیسابوری الحاکم ابوعبد اللہ الحافظ صاحب التصانیف.....

اِمَامٌ صَدُوْقٌ وَلٰكِنَّهٗ يُصَحِّحُ فِيْ مُسْتَدْرَكِهٖ اَحَادِيْثَ سَاقِطَةً فَيُكْثِرُ مِنْ ذٰلِكَ فَمَا اَدْرِيْ هَلْ خَفِيَتْ عَلَيْهِ فَمَا هُوَ مِمَّنْ يَجْهَلُ ذٰلِكَ وَاِنْ عَلِمَ فَهُوَ خِيَانَةٌ عَظِيْمَةٌ۔ ثُمَّ هُوَ شِيْعِيٌّ مَشْهُوْرٌ بِذٰلِكَ مِنْ غَيْرِ تَعَرُّضٍ لِلشَّيْخَيْنِ وَقَدْ قَالَ ابوطاهر سَاَلْتُ اَبَا اسماعيل عبداللہ الانصاری عَنِ الْحَاكِمِ ابی عبداللہ فَقَالَ اِمَامٌ فِي الْحَدِيْثِ رَافِضِيٌّ خَبِيْثٌ..... قُلْتُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاِنْصَافَ مَا الرَّجُلُ بِرَافِضِيٍّ بَلْ شِيْعِيٌّ فَقَطْ۔

(لسان المیزان جلد ۵ ص ۲۳۲ حرف المیم)

## ترجمہ:

محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری صاحب تصانیف کثیرہ.......

امام صدوق ہے۔ لیکن مستدرک میں اس نے گری پڑی احادیث کو بھی صحت کا درجہ دے دیا۔ یہ بات اس نے کثرت سے کی ہے

marfat.com

Marfat.com

میں نہیں سمجھتا کہ ایسا اس نے جہالت اور ان احادیث سے بے خبری کی بنا پر کیا ہے۔ لیکن ایسا ہو نہیں سکتا۔ اور یا پھر یہ اس کی بہت بڑی خیانت ہے۔ پھر وہ مشہور شیعی ہے۔ ہاں شیخین کے در پے نہیں ہوتا تھا۔ ابو طاہر نے کہا۔ کہ میں نے ابو اسماعیل عبد اللہ انصاری سے حاکم کے متعلق پوچھا۔ تو کہنے لگے۔ حدیث کا امام اور خبیث رافضی ہے۔ میں کہتا ہوں۔ اللہ انصاف کو پسند کرتا ہے۔ حاکم رافضی نہیں شیعی تھا فقط۔

**لمحہ فکریہ**

حاکم صاحب المستدرک بالاتفاق شیعہ ہے۔ اور اس کا اقرار دونوں مذاہب کی کتب میں موجود ہے۔ جس کے چند حوالہ جات پیش خدمت کیے جا چکے ہیں ہاں اس کے رافضی ہونے کو بالاتفاق تسلیم نہیں کیا گیا۔ جس کی وجہ رافضی کی تعریف ہے۔ اگر رافضی وہ ہے۔ جو شیخین کو غاصب کہے اور بقیہ صحابہ کرام پر تبرا بازی کرے تو اس معنی میں حاکم نیشا پوری رافضی نہیں۔ کیونکہ شیخین کے بارے میں اس کے بارے میں اس کے ظاہری خیالات درست ہیں۔ اور اگر رافضی کی تعریف یہ کی جائے۔ جو کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر لعن طعن کرے۔ اور اس کے کچھ مسائل اہل سنت کے معتقدات کے خلاف ہوں۔ تو اس معنی میں حاکم رافضی ہے۔ کیونکہ من جملہ مسائل و معتقدات اہل سنت میں سے ایک مسئلہ افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ہے۔ جسے حاکم تسلیم نہیں کرتا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ کچھ لوگ حدیث کے امام بن کر بھی شیعیت سے نہیں بچ سکے۔ اس لیے جس محدث پر شیعیت ٹپکتی ہو اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتے۔ حاکم نے مستدرک میں جو حدیث طیر ذکر کی۔ اور جس پر امام ذہبی نے فیہ التشیع لکھا۔ وہ اہل سنت کے خلاف بطور حجت ہرگز تسلیم نہیں ہو سکتی

فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ

marfat.com
Marfat.com

# کتاب بست وہفتم[۲۷]

## مقتل الحسین الخوارزمی مصنفہ ابوالمؤید محمد بن احمد

یہ کتاب ابو المؤید الموفق الدین محمد بن احمد کی تصنیف ہے۔ اس کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتاب ،، کے عنوان سے اہل تشیع پیش کرتے ہیں۔ اور پھر اس کے مندرجات سے اپنے مذہب و مسلک کی تائید کرتے ہیں۔ غلام حسین نجفی نے بھی "قول مقبول" میں متعدد مقامات پر اس کے حوالہ جات پیش کیے۔ حالانکہ اس کا مصنف اہل سنت کا فرد نہیں۔ لہذا اس کی تصنیف کردہ کتاب اہل سنت کی معتبر کتاب کیسے ہو سکتی ہے؟ ہم زبانی جمع خرچ نہیں کرتے بلکہ انشاء اللہ تحقیق سے ثابت کریں گے۔ کہ علامہ خوارزمی اہل سنت نہیں مقتل الحسین کی صرف دو عبارتیں پیش خدمت ہیں۔ جو غلام حسین نجفی کی تصنیف "قول مقبول فی اثبات وحدۃ بنت رسول ،، میں اس نے اپنے مسلک کی تائید میں لکھی ہیں۔

**اللہ تعالیٰ نے پوری زمین سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حق مہر میں دے دی**

**قول مقبول:۔** (مقتل الحسین للخوارزمی کی عبارت ملاحظہ ہو)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ اِنَّ اللّٰهَ زَوَّجَكَ فَاطِمَةَ وَجَعَلَ صَدَاقَهَا الْاَرْضَ فَمَنْ مَشٰى عَلَيْهَا

marfat.com
Marfat.com

مُبْغِضًا لَهَا مَشْيُ حَرَامًا۔

ترجمہ: ابن عباس فرماتے ہیں۔ کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی سے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے تیری شادی میری بیٹی فاطمہ سے کی ہے۔ اور میری بچی کا حق مہر خدا نے تمام زمین کو قرار دیا۔ جو آپ سے بغض رکھتے ہوئے زمین پر چلے گا۔ تو اس کے لیے زمین پر چلنا حرام ہے

(قول مقبول ص ۹۵)

نوٹ: مذکورہ حوالہ سے شیعہ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ کہ ابو بکر صدیق اور عمر فاروق کا زمین پر چلنا حرام تھا۔ کیونکہ ان دونوں نے باغ فدک کے معاملہ میں حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو ناراض کیا تھا۔ اور ان کی ناراضگی کے ہوتے ہوئے ان کے حق مہر میں دی گئی زمین پر ان دونوں حضرات کا چلنا ناجائز اور حرام ثابت ہوا۔

**قول مقبول:** تمام عبارتوں کا ملخص ترجمہ:

ترجمہ: جناب ام سلمیٰ روایت کرتی ہیں۔ کہ نبی کریم نے فرمایا۔ اگر اللہ تعالیٰ جناب علی کو پیدا نہ کرتا۔ تو میری بیٹی فاطمہ کا کوئی کفو اور ہمسر نہ تھا۔

(۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مقتل الحسین للخوارزمی ص ۶۶) (۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مودۃ القربیٰ ص ۴۶) (۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودۃ ص ۱۷۷)

## لمحہ فکریہ:

"مقتل الحسین" کی دو عبارتیں جو پیش کی گئی۔ آپ ان سے اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کہ کسی سنی کا نظریہ بیان نہیں کیا گیا۔ بلکہ اہل تشیع کی طرفداری برتی گئی۔ ہم غلام حسین نجفی کو ان روایات کے ضمن میں صرف اتنا کہنا چاہتے ہیں۔ کہ مذکورہ روایات سند صحیح

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ اگرچہ خبر واحد ہی کے درجہ میں ہو دکھا دی جائیں۔ تو منہ مانگا انعام ملے گا۔ بہرحال یہ من گھڑت اور موضوع روایات ہیں۔ اور ان کا عقل و نقل کے خلاف ہونا بھی اظہر من الشمس ہے۔ دیکھئے کہ اگر تمام زمین سیدہ خاتون جنت کا حق مہر تھی۔ تو عورت اپنے حق مہر کی بلا شرکت غیرے مکمل مالک ہوتی ہے۔ اس کی اجازت کے بغیر تصرف حرام ہوتا ہے۔ اگر واقعی ایسا تھا تو پھر پوری زمین کی بجائے صرف باغ فدک کا مطالبہ کرنا کیا معنی رکھتا ہے اور اگر ابوبکر و عمر (رضی اللہ عنہما) نے ان کی زمین کو ناجائز استعمال کیا۔ تو کیا کوئی شیعہ اپنے زیر تصرف زمین کی کوئی رسید کوئی ثبوت اس امر پر پیش کر سکتا ہے۔ کہ اُسے سیدہ رضی اللہ عنہا نے ایسا کرنے کی اجازت عطا کی ہے۔ اگر بلا اجازت ابھی استعمال کر رہے ہیں۔ اس پر نمازیں ادا کی جاتی ہیں۔ اُس پر امام باڑے تعمیر کیے جاتے ہیں۔ اس پر مجالس و محافل منعقد کی جاتی ہیں۔ ان سب کے جواز کا حکم کہاں سے ملے گا؟ خلاصہ کلام یہ کہ خوارزمی نے ایسی بہت سی روایات گھڑیں۔ جیسا کہ اہل تشیع کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔ اس کے شیعہ ہونے کی خود شیعہ محققین گواہی دیتے ہیں۔ پھر بھی اس کے اہل سنت ہونے کا چرچا کیا جائے تو کس قدر حقائق سے چشم پوشی ہو گی۔ ثبوت ملاحظہ ہو۔

## الذریعہ:

واوردہ القمی فی "الکنی والالقاب"، بعنوان اخطب خوارزم ونقل ما فی آخر مناقبہ من مدیح علی (ع) بقولہ

اِنَّ النَّبِیَّ مَدِیْنَۃٌ لِعُلُوْمِہٖ وَعَلِیُّ الْھَادِیْ لَھَا کَاَبْوَابٍ

لَوْلَا عَلِیٌّ مَا اھْتَدٰی فِیْ مُشْکِلٍ عُمَرُ الْاِصَابَۃِ وَالْھُدٰی لِصَوَابٍ

بِالْجُمْلَۃِ لَا شُبْھَۃَ فِیْ اَنَّہٗ یُفَضِّلُ عَلِیًّا عَلٰی غَیْرِہٖ

marfat.com

Marfat.com

مِنَ الصَّحَابَۃِ وَعَدَّہٗ فِی "رِسَالَۃِ مَشَائِخِ شِیْعَۃٍ" مِنْھُمْ۔ (الذریعۃ علی تصانیف الشیعۃ جلد ۲۲ ص ۳۱۶ م ن الف)

ترجمہ: القمی نے اپنی کتاب "الکنی والالقاب" میں اسے اخطب خوارزم کے عنوان سے ذکر کیا۔ اور اس کے مناقب کے اخیر میں بیان کیا کہ حضرت علی المرتضٰی کے بارے میں اس کے تعریفی اشعار یہ ہیں:

بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم علوم کے شہر ہیں۔ اور علی المرتضٰی ہادی اس کے دروازہ کی مانند ہیں۔

اگر علی المرتضٰی نہ ہوتے تو عمر بن الخطاب مشکل میں نہ صواب پاتے اور نہ راہ چلتا۔

مختصر یہ کہ اس بارے میں کوئی شبہ نہیں کہ خوارزمی حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو تمام صحابہ کرام پر فضیلت دیتا ہے۔ اور علامہ القمی نے اپنے رسالہ مشائخ شیعہ میں اسے شیعہ مشائخ میں سے شمار کیا ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ خوارزمی سنی نہیں بلکہ شیعہ ہے۔ اس کی ایک کتاب "مناقب اہل بیت" کے بہت سے حوالہ جات پیش کر کے کم علم لوگوں کو یہ باور کرایا جاتا ہے کہ اہل سنت کے مشہور عالم نے یہ لکھا وہ لکھا۔ حالانکہ جب خوارزمی کو "قمی" ایسا شخص مشائخ شیعہ میں سے لکھ رہا ہے۔ تو پھر اس کا سنی ہونا اور اس کی کتابوں کا اہل سنت کی معتبر کتابیں ہونا کس قدر بعید از حقیقت ہے۔ مذکورہ دو حوالہ جات تو غلام حسین نجفی کی کتاب سے پیش کیے گئے۔ ہم ان کے علاوہ مقتل الحسین کے مزید حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔ تاکہ ان کی روشنی میں اس کی حقیقت سے بخوبی آگاہ ہو جائیں کہ خوارزمی کون ہے۔ اور اس کی عبارات کس مسلک کی نمائندگی کرتی ہیں۔ درج ذیل ملاحظہ فرمائیں۔

marfat.com

Marfat.com

# خوارزمی اپنی عبارات کے آئینے میں

اللہ تعالیٰ نے اپنے نام اعلیٰ سے شیر خدا کے نام علی کو مشتق کیا اور علی کی ولایت کو اہل آسمان اور اہل زمیں پر پیش کیا جس نے تسلیم کیا وہ

مومن اور جس نے انکار کیا وہ کافر ہوا

## عبارت اوّل ــــــــ مقتل الحسین

(وذکر) ابن شاذان هذا حدثنا احمد بن محمد عبد الله الحافظ حدثني علي بن سنان الموصلي عن احمد بن محمد بن صالح عن سلمان بن محمد عن زياد بن مسلم عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر عن سلامة عن أبي سلمى راعي إبل رسول الله صلى الله عليه وسلم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ليلة أسري بي إلى السماء قال لي الجليل جل وعلا ،، آمن الرسول بما أنزل إليه من ربه ،، قلت والمؤمنون قال صدقت يا محمد من خلفت في أمتك قلت خيرها قال

marfat.com
Marfat.com

عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ قُلْتُ نَعَمْ یَا رَبِّ قَالَ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اِطَّلَعْتُ اِلَی الْاَرْضِ اِطِّلَاعَةً فَاخْتَرْتُکَ مِنْهَا فَشَقَقْتُ لَکَ اِسْمًا مِنْ اَسْمَائِیْ فَلَا اُذْکَرُ فِیْ مَوْضِعٍ اِلَّا ذُکِرْتَ مَعِیْ فَاَنَا الْمَحْمُوْدُ وَاَنْتَ مُحَمَّدٌ ثُمَّ اطَّلَعْتُ الثَّانِیَةَ فَاخْتَرْتُ عَلِیًّا وَشَقَقْتُ لَهٗ اِسْمًا مِنْ اَسْمَائِیْ فَاَنَا الْاَعْلٰی وَهُوَ عَلِیٌّ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ خَلَقْتُکَ وَخَلَقْتُ عَلِیًّا وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ وَالْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِهٖ مِنْ سِنْخِ نُوْرٍ مِنْ نُوْرِیْ وَعَرَضْتُ وِلَایَتَکُمْ عَلٰی اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرْضِ فَمَنْ قَبِلَهَا کَانَ عِنْدِیْ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَمَنْ جَحَدَهَا کَانَ عِنْدِیْ مِنَ الْکَافِرِیْنَ یَا مُحَمَّدُ لَوْ اَنَّ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِیْ عَبَدَنِیْ حَتّٰی یَنْقَطِعَ اَوْ یَصِیْرَ کَالشَّنِّ الْبَالِیْ ثُمَّ اَتَانِیْ جَاحِدًا لِوِلَایَتِکُمْ مَا غَفَرْتُ لَهٗ حَتّٰی یُقِرَّ بِوِلَایَتِکُمْ یَا مُحَمَّدُ اَتُحِبُّ اَنْ تَرَاهُمْ قُلْتُ نَعَمْ یَا رَبِّ فَقَالَ لِیْ اِلْتَفِتْ عَنْ یَمِیْنِ الْعَرْشِ فَالْتَفَتُّ فَاِذَا اَنَا بِعَلِیٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَعَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ ومحمد بن علی وجعفر بن محمد وموسیٰ بن جعفر وعلی بن موسیٰ ومحمد ابن علی وعلی بن محمد والحسن بن علی والمهدی۔ (مقتل الحسین جلد اوّل ص ۹۵۔ ۹۶ فی فضائل الحسن والحسین مطبوعہ قم ایران)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کا چرواہا ابوسلمیٰ بیان کرتے ہیں۔
کہ حضور نے فرمایا۔ جب شب معراج مجھے آسمانوں کی طرف لے جایا گیا
تو اللہ تعالیٰ نے مجھے فرمایا۔ "امن الرسول بما انزل الیہ
من ربہ"، میں نے عرض کیا والمؤمنون۔ فرمایا۔ تو نے سچ
کہا۔ یا محمد! تو نے اپنی امت میں کسے خلیفہ چھوڑا ہے۔ عرض کی امت
کے بہترین آدمی کو۔ پوچھا کون؟ علی بن ابیطالب کو۔ عرض کیا ہاں پھر
فرمایا۔ اے محمد! میں زمین کی طرف متوجہ ہوا۔ اور اہل زمین میں سے
تمہیں میں نے منتخب کیا۔ اور پھر تمہارے لیے اپنے ناموں میں
سے ایک نام تجویز کیا۔ لہٰذا جہاں میرا ذکر ہو گا وہاں تیرا بھی ذکر ہو گا
میں محمود اور تو محمد ہے۔ پھر دوسری مرتبہ میں متوجہ ہوا۔ تو علی بن ابیطالب
کو منتخب کر کے انہیں بھی اپنے ناموں میں سے ایک نام دیا۔ میں
اعلیٰ اور وہ علی ہے۔ اے محمد! میں نے تمہیں، علی، فاطمہ، حسن اور حسین
اور ان کی اولاد میں سے تمام ائمہ کو اپنے خالص نور سے پیدا کیا اور
تمہاری ولایت تمام آسمانوں اور زمین والوں پر پیش کی جس نے
اسے قبول کیا۔ وہ میرے نزدیک مومن ہے اور جس نے انکار کیا
وہ کافر ہے۔ اے محمد! اگر میرے بندوں میں سے کوئی بندہ میری
تادم آخر عبادت کرتا ہے۔ یا عبادت کرتے کرتے وہ مشکیزہ کی
طرح خشک ہو جائے۔ پھر میرے پاس تمہاری ولایت کا منکر ہو کر
آئے۔ میں اس کی اس وقت تک بخشش نہیں کروں گا۔ جب تک وہ
تمہاری ولایت کا اقرار نہ کرے۔ اے محمد! کیا تم انہیں دیکھنا چاہتے
ہو۔ عرض کی ہاں اے اللہ! فرمایا تو پھر عرش کی دائیں جانب نظر کرو۔

marfat.com

Marfat.com

میں نے دیکھا۔ تو وہاں علی، فاطمہ، حسن اور حسین، علی بن حسن، محمد بن علی، جعفر بن محمد، موسےٰ بن جعفر، علی بن موسےٰ، محمد بن علی، علی بن محمد، حسن بن علی اور مہدی وہاں موجود پائے۔

## لمحہ فکریہ:۔

مندرجہ بالا اقتباس میں درج ذیل باتیں مذکور ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کو اپنا نام عطا کیا۔ (لہٰذا ان کا کوئی بھی ہمسر نہ ہوا۔ اس سے علی المرتضےٰ کی ابوبکر صدیق اور عمر فاروق پر افضلیت ثابت ہوئی)

۲۔ بارہ اماموں کی ولایت کو تسلیم کرنے والے مومن اور منکر کافر ہیں۔

۳۔ ائمہ اور خلفاء بارہ ہیں جنہیں بارہ امام کہا جاتا ہے۔ ان میں سے پہلے علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ اور آخری امام مہدی ہیں۔

مذکورہ تین نظریات کیا کسی سنی کے ہیں۔ حضرت علی المرتضےٰ کو خلیفہ بلافصل کہنا اور صدیق اکبر و فاروق اعظم کی خلافت و امامت کا انکار کرنا کس سنی کا عقیدہ ہے۔ ائمہ اہل بیت کی ولائت کے تسلیم اور عدم تسلیم پر ایمان و کفر کا حکم، اہل سنت میں سے کس عالم یا مجتہد و فقیہہ کا قول ہے؟ لہٰذا ان نظریات کی روشنی میں صاحب مقتل الحسین علامہ خوارزمی کا تشیع بالکل واضح طور پر سامنے آگیا۔

علاوہ ازیں مذکورہ روایت کی سند میں جن راویوں کا نام ذکر کیا گیا۔ ان آٹھ (سلامہ، عبدالرحمٰن بن یزید، زیاد بن مسلم، سلمان بن محمد، احمد بن محمد بن صالح، علی بن سنان، احمد بن محمد بن عبداللہ اور محمد ابن شاذان) کا کتب رجال اہل سنت میں اول تو نام ہی نہیں ملتا۔ اور اگر ملتا ہے۔ تو اس کے شیوخ و تلامذہ کا نام وہ نہیں جو ذکر

marfat.com
Marfat.com

کیا گیا۔ اسی طرح لقب اور کنیت وغیرہ میں بھی اشتباہ ہے۔ لہٰذا ایسی سند جو اول تا آخر مجہول راویوں پر مشتمل ہو۔ اُسے فرضی اور موضوع ہی کہا جا سکتا ہے۔ شیعہ اسماء رجال میں ان راویوں میں سے محمد ابن شاذان کا نام ملتا ہے۔ اس کنیت کے دو نام وہاں موجود ہیں۔ اور دونوں ہی شیعہ علماء میں سے ہیں۔ ایک فضل بن شاذان اور دوسرا محمد بن احمد بن علی بن حسن شاذان ہے۔ پہلے ابن شاذان کے متعلق رجال کشی اور جامع الرواۃ میں یوں مذکور ہے۔

## جامع الرواۃ:

هٰذا الشَّيْخُ اَجَلُّ مِنْ اَنْ يُغْمَزَ عَلَيْهِ فَاِنَّهُ رَئِيسُ طَائِفَتِنَا اَجَلُّ اَصْحَابِنَا الْفُقَهَاءِ وَالْمُتَكَلِّمِيْنَ۔ (جامع الرواۃ جلد دوم ص ۵

ترجمہ: فضل ابن شاذان جلیل القدر عالم ہے جس پر انگشت نمائی نہیں ہو سکتی۔ ہمارے گروہ کا سردار، فقہاء اور متکلمین میں سے عظیم المرتبت شخص ہے۔ دوسرے ابن شاذان کے بارے میں شیخ عباس قمی نے یوں لکھا ہے۔

## الکنی والالقاب:-

ابو الحسن محمد بن احمد بن علی بن الحسن بن شاذان القمی مِنْ اَجَلِّ الْعُلَمَاءِ الْاِمَامِيَّةِ الْفُقَهَاءِ۔۔ یروی عن والدہ ابی العباس احمد بن

marfat.com

Marfat.com

عَلِیٌّ صَاحِبُ کِتَابِ زَادِ الْمُسَافِرِ وَالْاَمَالِیْ وَکَانَ ابوالعباس احمد سَمِعَ مِنْ مُحَمَّدِ بن الحسن بن احمد بن الولید و محمد بن علی ابن تمام الدھقان وَکَانَ شَیْخَ الشِّیْعَۃِ فِیْ وَقْتِہٖ۔ (الکنی والالقاب ص ۳۲۳) (لسان المیزان جلد اول ص ۲۳۴ تذکرہ ابن شاذان)

ترجمہ:۔

ابن شاذان قمی امامی فقہاء علماء میں سے عظیم عالم تھا۔ اپنے والد ابوالعباس احمد بن علی سے روایت کرتا ہے۔ جو زاد المسافر والامالی کتاب کا مصنف ہے۔ اور ابوالعباس نے محمد بن الحسن اور محمد بن علی سے سماع حدیث کیا۔ اور اپنے دور کا شیخ الشیعہ تھا۔

قرائن سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ خوارزمی نے جس ابن شاذان کا ذکر کیا۔ وہ مؤخر الذکر ہے۔ بہر حال کوئی بھی ہو۔ دونوں اہل تشیع کے جید علماء میں سے ہیں۔ اور ان کی مرویات پھر خاص کر مختلف فیہ مسائل وعقائد میں کب قابل حجت ہو سکتی ہیں۔ اور پھر جب ایسی روایات کے مفاسد کی طرف دیکھا جائے۔ تو ان میں موضوع ہونے کا معاملہ بھی نکھر کر سامنے آجاتا ہے۔ مثلاً علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت بلافصل کی جگہ ابوبکر، عمر خلیفہ پہلے بن گئے۔ جس سے عملی طور پر ان کی امامت وخلافت کا انکار ثابت ہوتا ہے۔ اور خوارزمی کی روایت کے مطابق ان کی ولائت کا انکار کفر ہے۔ لہٰذا شیخین (معاذ اللہ) کافر ٹھہرے۔ پھر جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی صاحبزادیوں کو عثمان غنی کے نکاح میں دینا اور علی المرتضیٰ کا اپنی صاحبزادی ام کلثوم کا عقد عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کرنا دیکھا جائے۔ تو معاملہ اور بھی بگڑ جاتا ہے کہ عمر فاروق ولایتِ علی پر غاصبانہ قابض ہوئے۔ اور معاذ اللہ منکر ولائت علی

marfat.com

Marfat.com

ہو کر کافر ہو گئے۔ اور علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ نے ایک کافر کو اپنی صاحبزادی نکاح میں دی۔ ہم نے صرف بطور نمونہ ایسی روایات کے مفاسد میں سے ایک کا تذکرہ کیا۔ لہٰذا معلوم ہوتا ہے۔ کہ ایسی روایات حب اہل بیت نہیں بلکہ ان سے دشمنی پر مبنی ہیں۔ اور ان کے پیچھے یہودیت کارفرما ہے۔ اب علامہ خوارزمی کی ہم ایک اور عبارت پیش کرتے ہیں۔ جس سے اس کی مذہبی لگن کا اندازہ ہو جائے گا۔

## اگر تمام لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت پر جمع ہو جاتے تو اللہ تعالیٰ دوزخ کو پیدا نہ کرتا۔

### عبارت دوم:

عن یحیی بن طاھر الیرجعی اخبرنی ابو معاویۃ عن لیث بن ابی سلیم عن طاؤس عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لَوِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلٰی حُبِّ عَلِيٍّ لَمَا خَلَقَ اللّٰہُ النَّارَ۔

(مقتل الحسین جلد اول ص ۳۸ فی فضائل امیر المؤمنین مطبوعہ قم ایران) تذکرہ فی فضائل امیر المؤمنین

ترجمہ: ابن عباس کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمام لوگ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کی محبت پر جمع ہو جاتے۔ تو اللہ تعالیٰ دوزخ کو پیدا نہ فرماتا۔

marfat.com

Marfat.com

## عبارت سوم:

اخبرنی ابو الفرج حدثنی الحسن بن علی حدثنی صہیب بن عباد حدثنی ابی عن ابیہ علی بن الحسین عن ابیہ عن علی ابن ابیطالب علیہ السلام قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ وَ قَدْ نَشَرَ جَنَاحَیْہِ فَاِذَا فِیْھِمَا مَکْتُوْبٌ عَلٰی اَحَدِھِمَا لا الٰہ الا اللہ مُحَمَّدٌ النَّبِیُّ وَعَلَی الاٰخَرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ عَلِیُّ الْوَصِیُّ۔

(مقتل الحسین جلد اول ص ۳۸ فی فضائل امیر المؤمنین مطبوعہ قم ایران)

### ترجمہ:

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے پاس جبرئیل آیا۔ اور اس نے اپنے دونوں پر پھیلا رکھے تھے۔ اس وقت اس کے ایک پر پر لکھا تھا۔ لا الہ الا اللہ محمد النبی اور دوسرے پر پر لا الہ الا اللہ علی الوصی لکھا ہوا تھا۔

## الفکریہ:

مذکورہ دونوں عبارات کو یا ان کے ترجمے کو پڑھنے والا بغیر کسی تامل کے فوراً بول اٹھے گا۔ کہ یہ عبارات کسی اہل تشیع کی ہیں۔ اور سبھی قارئین جانتے ہیں۔ کہ مذکورہ عبارات ہم نے

marfat.com

Marfat.com

مقتل الحسین سے نقل کیں جو خوارزمی کی تصنیف ہے۔ لہٰذا واضح ہوا کہ خوارزمی اہل سنت کا فرد نہیں اور نہ ہی اس کی یہ کتاب "اہل سنت کی کتاب" ہے۔ محض دھوکا اور فریب دینے کے لیے کچھ لوگ خوارزمی کو سنی اور اس کی کتابوں میں اہل سنت کی کتابیں کہہ کر ان کے اقتباسات کو اپنے مذہب پر حجت لاتے ہیں۔ عبارت دوم میں اگر غور کیا جائے۔ تو اس سے دراصل اہل تشیع کا حضرات صحابہ کرام کے بارے میں عقیدہ نظر آتا ہے۔ وہ اس طرح کہ ان کے نزدیک تین صحابہ کرام کے سوا باقی سبھی حضرت علی المرتضٰے کے دشمن ہونے کی وجہ سے معاذ اللہ جہنم میں گئے۔ کیونکہ اگر ان میں علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ سے پیار ہوتا۔ تو وہ کبھی بھی ابوبکر، عمر اور عثمان کو خلیفہ نہ بننے دیتے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ہی دوزخ تیار کر رکھی ہے۔ معاذ اللہ اور دوسری عبارت سے اپنا کلمہ اور الفاظ اذان ثابت کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ دیکھو ایک معتبر سنی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے۔ کہ "علی وصی اللہ" ہیں۔ تو اگر ہم اذان اور کلمہ میں یہ الفاظ زیادہ کرتے ہیں۔ تو اس پر اعتراض کیوں کیا جاتا ہے۔ بلکہ جب یہ الفاظ جبرئیل امین کے پر پر لکھے موجود ہیں۔ تو پھر اس کے اصل اور صحیح ہونے میں کیا کسر باقی رہ جاتی ہے۔ اسی صفحہ پر مزید یہ بھی ہے۔

عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَكْتُوبٌ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰهِ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفَيْ عَامٍ۔

ترجمہ:۔ یعنی جنت کے دروازے پر محمد رسول اللہ علی ابن ابیطالب اخو رسول اللہ زمین و آسمان کے پیدا ہونے سے دو ہزار سال پہلے لکھا ہوا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

یہ تھی حقیقت حال جسے دھوکہ دینے کے لیے خوارزمی کو اہل سنت کا عالم بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ اور پھر اپنے من گھڑت گھلے اور ازان کے الفاظ کو اس کی کتابوں سے ثابت کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں روایت مذکورہ کے افراد اور سند بھی بالکل جعلی اور من گھڑت ہے۔ اس میں سے کچھ کا تو کتب اسماء الرجال میں اتہ پتہ ہی نہیں۔ اس روایت کا مرکزی راوی ابوالفرج لکھا گیا۔ اور کتب اسماء الرجال میں اس کنیت کے دو آدمی ہیں۔ اور دونوں کٹر شیعہ ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

## الکنی والالقاب:۔

علیّ بن الحسین بن محمد المروانی الاموی الزیدی صاحب کتاب الاغانی اَوْرَدَہٗ شیخنا الْحُرّ الاٰمِلِی قُدِّسَ سِرُّہٗ فِی اَمَلِ الْاٰمَالِ وَقَالَ ھُوَ اَصْبَھَانِی الْاَصْلِ بَغْدَادِیُّ الْمَنْشَاءِ مِنْ اَعْیَانِ الْاُدَبَاءِ وَکَانَ عَالِمًا رَوٰی عن کثیرٍ مِنَ الْعُلَمَاءِ وَکَانَ شِیْعِیًّا۔

(الکنی والالقاب جلد اول ص ۱۳۸)

ترجمہ:۔

ابوالفرج اصفہانی علی بن الحسین بن محمد المروانی اموی زیدی کتاب اغانی کا مصنف ہے۔ شیخ حر آملی نے امل الآمال میں اس کا تذکرہ کیا۔ اور کہا کہ یہ اصل صفہانی ہے۔ اور بغداد میں نشوونما پائی۔ مشہور ادیب تھا۔ بہت سے علماء سے روایت کی۔ اور شیعہ تھا۔

دوسرے ابوالفرج کے بارے میں اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۱۴۰ میں یہ الفاظ لکھے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

الشیخ الاقدم محمد بن ابی عمران موسیٰ من علماء الامامیۃ ثقۃ۔

ترجمہ: یعنی ابوالفرج شیخ محمد بن ابی عمران موسیٰ فرقہ امامیہ کے مشہور علماء میں سے تھا۔ اور ثقہ تھا۔

اب خدا بہتر جانتا ہے۔ کہ خوارزمی کے کس ابوالفرج سے روایت کی لیکن جس سے بھی کی۔ وہ پکا شیعہ ہے۔ اور ایسا ہونا بھی چاہیئے تھا۔ کیونکہ خوارزمی اور ابوالفرج دونوں کا خمیر ملتا ہے۔ اس لیے من گھڑت روایات اور بے تکی باتوں کو حدیث بنا کر پیش کرنا ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ ان کی عبارات اہل سنت پر حجت ہرگز نہیں ہو سکتیں۔

## عبارت چہارم:۔

عن ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم دعا الناس الی علیٍ فی غدیر خم امر بما کانت الشجرۃ من شوک فقم و ذالک یوم الخمیس ثم دعا الناس الی علیٍ فاخذ بضبعیہ ثم رفعہ حتی نظر الناس الی بیاض ابطیہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم لم یتفرقا حتی نزلت ھذہ الایۃ (الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا) فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ اکبر علی کمال الدین و اتمام النعمۃ و رضا الرب برسالتی و ولایۃ علیٍ۔

marfat.com

Marfat.com

(مقتل الحسین ص ۴۷ جلد اول فی فضائل امیرالمؤمنین مطبوعہ قم ایران)

ترجمہ:-

ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غدیرخم کے دن بروز جمعرات لوگوں کو علی المرتضٰے کی بیعت کے لیے بلایا۔ اور کانٹے دار درخت کے نیچے سب کو اکٹھا کیا۔ آپ نے علی المرتضٰے رضہ کے بازو پکڑے اور اوپر اٹھایا۔ حتی کہ لوگوں نے آپ کی بغلوں کی سپیدی دیکھی۔ پھر وہ جُدا نہ ہوئے تھے۔ کہ الیوم اکملت لکم دینکم الخ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دین کے کامل فرمانے، نعمت کے تمام کرنے، میری رسالت پر رب کے راضی ہونے اور علی کی ولایت پر راضی ہونے پر اللہ تعالیٰ کی بڑائی ہے۔

نوٹ:-

غدیرخم کا تفصیلی واقعہ اور اس واقعہ میں اہل تشیع کی قلابازیاں ہم نے تحفہ جعفریہ جلد اول میں واضح کردی ہیں۔ مختصر یہ کہ اس موقعہ پر اہل تشیع یہ ثابت کرتے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے علی المرتضٰی رضہ کی خلافت بلافصل کا اعلان کیا تھا۔ یہی بات خوارزمی بھی کہہ رہا ہے۔ اور دین کی تکمیل کو ولایتِ علی المرتضٰی رضہ کے ساتھ مشروط کرکے دیکھا جارہا ہے۔ اس عبارت سے بھی اس کی شیعیت ٹپک رہی ہے۔

عبارت پنجم:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما دخلت الجنۃ رأیت فیہا شجرۃ تحمل الحلی

marfat.com
Marfat.com

وَالْحُلَلُ اَسْفَلُهَا خَیْلٌ بُلْقٌ وَاَوْسَطُهَا حُوْرُ الْعِیْنِ
وَفِیْ اَعْلَاهَا الرِّضْوَانُ فَقُلْتُ یَا جِبْرَئِیْلُ لِمَنْ هٰذِهِ
الشَّجَرَةُ قَالَ هٰذِهٖ لِابْنِ عَمِّكَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ
ابْنِ اَبِیْطَالِبٍ اِذَا اَمَرَ اللّٰهُ الْخَلِیْقَةَ بِالْاَحْوَلِ
اِلَی الْجَنَّةِ یُؤْتٰی بِشِیْعَةِ عَلِیٍّ حَتّٰی یَنْتَهِیْ بِهِمْ
اِلٰی هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَیَلْبِسُوْنَ الْحُلِیَّ وَالْحُلَلَ
وَیَرْکَبُوْنَ الْخَیْلَ الْبُلْقَ وَیُنَادِیْ مُنَادٍ هٰؤُلَاءِ
شِیْعَةُ عَلِیٍّ صَبَرُوْا فِی الدُّنْیَا عَلَی الْاَذٰی
فَحُبُوْا الْیَوْمَ۔ (مقتل الحسین جلد اول ص۴۱
فی فضائل امیرالمؤمنین مطبوعہ قم ایران)

**ترجمہ:۔**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں جب جنت میں داخل ہوا۔ تو ایک درخت زیورات اور پوشاکوں سے بھرا ہوا دیکھا۔ اس کے نیچے ابلق گھوڑے اور درمیان میں حور العین تھیں۔ اور اس کے اوپر رضوان تھا۔ میں نے جبرئیل سے پوچھا۔ یہ درخت کن کے لیے ہے جبرائیل نے کہا۔ آپ کے چچازاد بھائی علی بن ابیطالب کے لیے ہے جب اللہ تعالیٰ آپ کے خلیفہ کو جنت میں داخل ہونے کا حکم دے گا۔ وہ اپنے شیعوں کو لائیں گے۔ اور اس درخت کے قریب آکر اس کے زیورات اور پوشاکیں پہنیں گے۔ اور ابلق گھوڑوں پر سوار ہوں گے آواز دینے والا آواز دے گا۔ یہ ہیں شیعان علی جنہوں نے دنیا میں تکالیف پر صبر کیا۔ تو آج انہیں اس کا صلہ عطا کیا گیا۔

marfat.com
Marfat.com

## عبارت ششم :-

عن ابن عباس قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِیْ اِلَی السَّمَاءِ اُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ فَرَاَیْتُ نُوْرًا ضُرِبَ بِهٖ وَجْهِیْ فَقُلْتُ لِجِبْرَئِیْلَ مَا هٰذَا النُّوْرُ الَّذِیْ رَاَیْتُهٗ قَالَ یَا مُحَمَّدُ لَیْسَ هٰذَا نُوْرُ الشَّمْسِ وَلَا نُوْرُ الْقَمَرِ وَلٰکِنْ جَارِیَةٌ مِّنْ جَوَارِیْ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْطَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِطَّلَعَتْ مِنْ قُصُوْرِهَا فَنَظَرَتْ اِلَیْكَ وَضَحِکَتْ فَهٰذَا النُّوْرُ خَرَجَ مِنْ فِیْهَا وَهِیَ تَدُوْرُ فِی الْجَنَّةِ اِلٰی اَنْ یَّدْخُلَهَا اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

(منتخب ارحسین ص ۳۹-۴۰ جلد اول۔ فی فضائل امیرالمومنین مطبوعہ قم ایران)

### ترجمہ :-

ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ کہ شب معراج مجھے آسمانوں کی طرف لے جایا گیا۔ اور مجھے جنت میں داخل کیا گیا۔ وہاں میں نے دیکھا۔ کہ ایک نور میرے چہرے پر آن پڑا۔ میں نے جبرئیل سے پوچھا۔ کہ یہ نور کیسا ہے جو میں نے دیکھا؟ کہا۔ اے محمد! یہ نہ تو سورج کا نور ہے اور نہ ہی چاند کا نور ہے لیکن حضرت علی بن ابیطالب کی ایک لونڈی اپنے محل سے جھانکی ہے اور وہ آپ کو دیکھ کر ہنس پڑی۔ تو یہ نور اس کے منہ سے نکلا ہے۔ اور یہ حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کے داخلِ جنت ہونے تک

marfat.com

Marfat.com

اسی طرح پھرتی رہے گی۔

## عبارت ہفتم:

عن عبد الله بن مسعود قال قال
رسول الله صلی الله علیه وسلم اوّل
مَن اتَّخَذَ عَلِیَّ ابن ابیطالبٍ اَخًا مِنْ
اَهْلِ السَّمَآءِ اِسْرَافِیْلُ ثُمَّ میکائیل ثم جبرئیل
وَاَوّلُ مَنْ اَحَبَّهٗ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ حَمَلَةُ
الْعَرْشِ ثُمَّ الرِّضْوَانُ خَازِنُ الْجَنَّةِ ثُمَّ مَلَكُ
الْمَوْتِ وَاِنَّ مَلَكَ الْمَوْتِ يَتَرَحَّمُ عَلٰى مُحِبِّيْ
عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالب كَمَا يَتَرَحَّمُ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ
(مقتل الحسین جلد اول ص ۳۹ فی فضائل امیر المومنین
مطبوعہ قم ایران)

ترجمہ:۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آسمان والوں سے سب سے پہلے جس نے علی المرتضے کو بھائی بنایا۔ وہ اسرافیل ہے۔ پھر میکائیل اور پھر جبرئیل ۔ اور آسمانوں والوں میں سے سب سے پہلے جس نے محبت کرنے والے وہ فرشتے ہیں۔ جو عرش اٹھائے ہوئے ہیں۔ پھر رضوان خازن جنت اور اس کے بعد ملک الموت۔ اور یقیناً ملک الموت علی المرتضے رض کے محبوں پر دعائے رحمت کرتا ہے۔ جیسا کہ وہ انبیاء کرام کے لیے کرتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# شب معراج اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام سے حضرت علیؓ کی لغت پر کلام فرمائی کہ جس سے آپ کو پتہ نہ چلا کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے کلام فرما رہا ہے یا علی رضؓ سے

## عبارت ہشتم:

لخبرنی ابو مخنف لوط بن یحییٰ الازدی عن عبد اللہ بن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (وَسُئِلَ بِاَیِّ لُغَۃٍ خَاطَبَکَ رَبُّکَ) قَالَ خَاطَبَنِیْ بِلُغَۃِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فَاُلْھِمْتُ اَنْ قُلْتُ یَا رَبِّ خَاطَبْتَنِیْ اَمْ عَلِیٌّ فَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ یَا اَحْمَدُ اَنَا شَیْئٌ لَا کَالْاَشْیَاءِ لَا اُقَاسُ بِالنَّاسِ وَلَا اُوْصَفُ بِالشُّبْھَاتِ خَلَقْتُکَ مِنْ نُوْرِیْ وَخَلَقْتُ عَلِیًّا مِنْ نُوْرِکَ فَاطَّلَعْتُ عَلٰی سَرَائِرِ قَلْبِکَ فَلَمْ اَجِدْ فِیْ قَلْبِکَ اَحَبَّ اِلَیْکَ مِنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِب علیہ السلام فَخَاطَبْتُکَ بِلِسَانِہٖ کَیْمَا

marfat.com
Marfat.com

یَطْمَئِنَّ قَلْبُکَ ۔

(مقتل الحسین جلد اوّل ص ۴۲ فی فضائل امیرالمومنین

مطبوعہ قم ایران)

ترجمہ :۔ عبداللہ بن عمر سے لوطن یحییٰ ازدی بیان کرتا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ سے پوچھا گیا کہ شبِ معراج آپ سے اللہ تعالیٰ نے کس لغت سے خطاب کیا۔ فرمایا علی بن ابیطالب کی لغت میں اس نے خطاب کیا۔ مجھے الہام ہوا کہ میں یوں کہوں کہ اے اللہ! تو نے مجھے خطاب کیا یا علی المرتضےٰ نے ؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اے احمد! میں دیگر چیزوں کی طرح کوئی چیز نہیں ہوں۔ اور نہ ہی مجھے لوگوں پر قیاس کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی شبہات سے مجھے موصوف کیا جا سکتا ہے۔ میں نے تجھے اپنے نور سے بنایا۔ اور پھر تیرے نور سے علی المرتضےٰ کو پیدا کیا۔ میں نے تیرے دل کے رازوں کو دیکھا۔ تو آپ کے دل میں علی بن ابیطالب سے بڑھ کر کوئی محبوب نہ پایا۔ لہٰذا میں نے اُن کی لغت میں تم ہی خطاب کیا۔ تاکہ تمہارا دل مطمئن رہے۔

## لمحہ فکریہ :

قارئین کرام۔ مذکورہ عبارت میں غور فرمائیں۔ کس انداز سے خوارزمی نے اپنے قارئین میں شیعیت کا زہر گھولنے کی کوشش کی۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ ان روایات میں سے کوئی ایک بھی صحیح نہیں بلکہ موضوع اور من گھڑت ہیں۔ پانچویں نمبر کی روایت سے دراصل خوارزمی یہ

marfat.com

Marfat.com

بن جاتا ہے۔ کہ دنیا میں اگر کوئی شخص کتنا بڑا بدکار، شرابی، زانی اور بدعمل ہو لیکن اگر وہ شیعہ ہے۔ تو پھر اس کی اخروی کامیابی یقینی ہے۔ کیونکہ شیعیانِ علی کے لیے اللہ تعالیٰ نے زیورات، پوشاک اور ابلق گھوڑے تیار کر رکھے ہیں۔ بس مرنے کی دیر ہے۔ اور پھر اس شیعہ کو ان بہشتی حلّوں میں، زیورات پہن کر سیدھا جنت پہنچا دیا جائے گا۔ اور منادی ندا کرے گا۔ کہ لوگو! یہ ہیں شیعیان علی! جو سنیوں کی تکالیف برداشت کرتے رہے۔ تو اس فرضی اور موضوع روایت سے خوارزمی نے شیعہ بننے کی ترغیب دی۔ پھر روایت ششم میں حضرت علی المرتضیٰ رضؓ کی لونڈی کے چہرہ اور تبسم کرنے کا نور ایسا بیان کیا۔ جسے دیکھ کر سرکار دوعالم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی حیران ہو گئے۔ اور جبرئیل سے پوچھ لیا۔ کہ یہ کس کا نور ہے؟ گویا ایک لونڈی کو حضرت علی المرتضیٰ کی لونڈی ہونے کی وجہ سے یہ شرف اور کمال ملا۔ تو جو شخص حضرت علی المرتضیٰ کا شیعہ ہو گا۔ اس کے نور کا کیا کہنا۔ خوارزمی نے اس من گھڑت روایت سے یہ کہنا چاہا۔ کہ لوگو! اگر قیامت میں کچھ نور چاہتے ہو۔ تو اس کا ایک ہی طریقہ ہے۔ وہ یہ کہ شیعیانِ علی ہو جاؤ۔ اور روایت ہفتم کے مطابق جان کنی کی شدت سے بچنے کا عجیب علاج تجویز کیا۔ وہ یہ کہ اگر تم شیعیان علی بن جاؤ گے۔ تو پھر عزرائیل علیہ السلام تمہاری جان نکالتے وقت اس طرح مہربانی اور رحمت سے پیش آئیں گے۔ جس طرح وہ پیغمبروں سے پیش آتے ہیں یعنی شیعیانِ علی کا مقام حضرات انبیائے کرام کے بالکل قریب ہے۔ آٹھویں روایت میں لوط بن یحییٰ (جو اہلِ تشیع کا ماخذ و مرکز ہے) کے توسط سے تو خوارزمی نے کمال کر دکھایا۔ کہ علی المرتضیٰ کی شان خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ارفع و اعلیٰ ہو گی۔ اللہ تعالیٰ نے شب معراج حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے علی المرتضیٰ کی زبان سے گفتگو فرما کر آپ کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ کہ اس بولنے والے کو علی کہوں یا اللہ تعالیٰ کہوں۔

marfat.com
Marfat.com

ان حوالہ جات میں خوارزمی نے وہی نظریات ذکر کیے۔ جو اہل سنت اور اہل تشیع کے مابین متنازع ہیں۔ اور اہل تشیع کی نمائندگی کا حق ادا کر دیا۔ ہم نے ایک دو حوالہ جات کی بجائے آٹھ عدد حوالہ جات اس لیے ذکر کیے۔ کیونکہ خوارزمی کی اس کتاب کو بڑے فخر کے ساتھ اہل سنت کی مایۂ ناز کتاب کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ اور قول مقبول میں غلام حسین نجفی شیعی نے بیسیوں حوالہ جات اس کتاب کے پیش کیے۔ اور اسی عنوان کے ساتھ پیش کیے۔ کہ یہ اہل سنت کی معتبر کتاب ہے۔ ان چند حوالہ جات سے آپ بخوبی جان چکے ہوں گے۔ کہ ”مقتل الحسین“ کس مسلک کے شخص کی تصنیف ہے اور کن نظریات کے پرچار کی مالک ہے۔

## نوٹ:-

ابوالمؤید خوارزمی کی تصانیف بہت سی ہیں۔ ایک کا تذکرہ ہو چکا۔ دوسری مشہور کتاب ”مناقب للخوارزمی“ کے نام سے مشہور ہے۔ اور غلام حسین نجفی نے قول مقبول میں اس دوسری تصنیف کے بھی بہت سے حوالہ جات ”اہل سنت کی معتبر کتاب“ کے عنوان سے دیئے ہیں۔ جب ان دونوں کا مصنف ایک ہی یعنی خوارزمی ہے۔ تو پھر یہی دوسری کتاب نہیں بلکہ خوارزمی کی تمام تصانیف کے بارے میں قارئین کرام مطلع ہو چکے ہوں گے۔ کہ وہ اہل سنت نہیں بلکہ اہل تشیع کی مؤید کتابیں ہیں۔ مناقب خوارزمی کے بارے میں بطور نمونہ ایک حوالہ پیش خدمت ہے۔

marfat.com

Marfat.com

# اللہ تعالیٰ نے جبرائیل اسرائیل اور صرصائیل کو

# سیدہ فاطمہ کے نکاح کا گواہ بنایا

## قول مقبول:-

مناقب خوارزمی ص ۲۴۲ باب ۲۰ کی عبارت ملاحظہ ہو

انا صرصائیل بعثنی اللہ الیک لتزوج بالنور فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من والی من قال بنتک فاطمۃ من علی فزوج النبی فاطمۃ من علی بشھادۃ میکائیل وجبرائیل و صرصائیل۔ (قول مقبول ص ۹۰)

ترجمہ:- ایک فرشتے نے عرض کیا۔ کہ میرا نام صرصائیل ہے۔ اور مجھے اللہ نے بھیجا ہے۔ کہ آپ کو یہ حکم خداوندی پہنچاؤں کہ آپ نور کی شادی نور سے فرمادیں حضور پاک نے فرمایا۔ کس نور کی شادی کون سے نور کے ساتھ۔ فرشتہ نے عرض کیا۔ کہ ایک نور آپ کی بیٹی فاطمہ ہے۔ ان کی شادی دوسرے نور کے ساتھ جو کہ علی بن ابیطالب ہیں۔ نبی کریم نے فاطمہ کی شادی دوسرے نور جناب امیر کے ساتھ فرمادی۔ جبرائیل میکائیل اور صرصائیل کو گواہ بنایا۔

مذکورہ حدیث نے جناب فاطمہ زہرا کے شرف کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

کیونکہ کسی نبی کی بیٹی کی شادی کی خاطر قدرت کی طرف سے خصوصی حکم نہیں آیا اور جناب فاطمہ زہرہ بنت رسول کا رشتہ جناب علی علیہ السلام کے ساتھ حکم خدا سے ہوا ہے بقول سنی بھائیوں کے کہ نبی پاک کی تین لڑکیاں اور بھی تھیں اگر تھیں تو ان کی شادی کے لیے وحی کیوں نہ اُتری۔ ان کے نکاح کفار کے ساتھ کیوں ہوئے معلوم ہوا کہ بیٹی حضور پاک کی صرف وہی ہے جس کی شادی کے لیے حکم خداوندی آیا اور یہ عذر کہ شان والی صرف فاطمہ ہے۔ اس سے جناب عثمان کی فضیلت ختم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ جب ان کی کوئی بیوی شان والی نہ تھی۔ تو خود ان کو بلند شان کیسے ملی۔ جناب فاطمہ کی شادی کے لیے حکم خداوندی جو آیا کہ اے حبیب تو خود نور کی نور سے شادی کر معلوم ہوا۔ کہ جناب فاطمہ اور حضرت علی دونوں نور ہیں۔ اور لقب ذوالنورین در اصل جناب امیر کا ہے۔ حضرت علی خود بھی نور اور ان کی بیوی بھی نور پس آنجناب ہوئے ذوالنورین اور جناب عثمان کے خود نور ہونے کا ثبوت ہی نہیں ملتا۔ (قول مقبول ص ۹۰)

## لمحہ فکریہ:۔

ہمارا مقصد اس عبارت کے پیش کرنے سے یہ ہے۔ کہ خوارزمی کے عقائد اور پھر اسے شیعہ علماء نے کس ڈھٹائی سے اہل سنت کا عالم بنا کر پیش کیا یہ بات واضح ہو جائے رہا یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں کتنی تھیں۔ ہم اس کی مفصل بحث لکھ چکے ہیں مختصر یہ کہ ایک باپ کی اولاد سبھی یکساں درجہ کی نہیں ہوتی۔ کچھ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں میں سیدہ خاتون جنت افضل و اعلیٰ ہیں۔ دوسری درجہ میں ان سے کم ہیں۔ لیکن یہ نہیں کہ وہ آپ کی صاحبزادیاں ہی نہیں تھیں۔ کتب شیعہ میں آپ کی چار صاحبزادیوں کا ثبوت موجود ہے۔ مثلاً ”ذبح عظیم“ میں ہے۔ کہ حسین وہ ہیں۔ جس کے چچے جعفر طیار اور عقیل ہیں۔ اور خالائیں زینب اور ام کلثوم ہیں۔ ان کے چچوں

marfat.com

Marfat.com

جیسے کسی کے بیٹے نہیں۔ ان کی خالاؤں جیسی کسی کی خالائیں نہیں۔ تخنی کا ذوالنورین کے بارے میں اپنا خیال ظاہر کرنا نری حماقت اور جہالت ہے۔ کیونکہ اس کا معنی ہے۔ دو نوروں والا۔

اب حضرت علی کو دو نور ملے ہیں۔ ایک فاطمہ زہرہ اور دوسرا اپنا نور ملا ہے۔ کیسی بچکی سی بات ہے ما اپنا نور خود اپنے آپ کو ملے۔ کوئی شیعہ اپنی کسی کتاب میں ذوالنورین کا لقب حضرت علی المرتضیٰ رضی کے لیے استعمال کردہ دکھا دے۔ تو ہم مان جائیں گے کہ یہ لقب واقعی علی المرتضیٰ کا تھا۔ اور اگر نہ دکھا سکو۔ تو ہم تمہیں تمہاری کتابوں سے یہی لقب حضرت عثمان رضی کے لیے دکھاتے ہیں۔

## منتخب التواریخ

داما مخدرہ مکرم ام کلثوم اسم شریفش، آمنہ بود و بعد از جناب رقیہ بعثمان تزویج شد لہذا عثمان را ذوالنورین میگویند۔

ترجمہ:۔ یعنی پردہ نشین محترمہ ام کلثوم کہ جن کا نام آمنہ ہے۔ رقیہ کے بعد حضرت عثمان رضی کے عقد میں آئیں جس کی وجہ سے عثمان کو ذوالنورین کہتے ہیں۔
منتخب التواریخ ص ۲۵ مطبوعہ تہران فصل پنجم در ذکر اولاد آنحضرت مطبوعہ طہران ایران

خلاصہ یہ کہ خوارزمی پکا شیعہ ہے۔ اور مناقب وغیرہ اس کی تصانیف اس کے مذہب کی آئینہ دار ہونے کی وجہ سے اہل سنت کی معتبر کتابیں ہرگز نہیں ہوسکتیں اور ان کتب کی عبارات و روایات بیشتر موضوع اور من گھڑت ہیں۔ جیسا کہ اہل تشیع کا وطیرہ ہے۔ اس لیے خوارزمی کی کسی کتاب کا حوالہ یا روایت ہم اہل سنت پر حجت اور دلیل بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

(فاعتبروا یا اولی الابصار)

marfat.com
Marfat.com

# کتاب بست ۲۸ وہشتم

## المحاضرات مصنفہ حسین ابن محمد الراغب اصفہانی

امام راغب اصفہانی کا پورا نام حسین ابن محمد ہے۔ شیعوں کا بہت بڑا امام گزرا ہے لیکن کمال چالاکی سے اسے بھی اہل سنت کا بہت بڑا عالم کہہ کر اس کی کتابوں کے حوالہ جات ہم اہل سنت کے خلاف پیش کیے جاتے ہیں۔ جیسا کہ شیعہ عالم نثیر جالندھری نے اپنی کتاب ”جواز متعہ“ کے ص ۶۸ پر محاضرات راغب اصفہانی کا حوالہ ان الفاظ سے لکھا ہے۔ محاضرات راغب اصفہانی جلد دوم ص ۹۴ میں لکھا ہے۔ کہ عظیم صحابی زبیر بن عوام اور جلیل القدر صحابیہ حضرت اسماء بنت حضرت ابی بکر خواہر ام المومنین عائشہ نہ صرف حضرت عمر کی قولی مخالفت کرتے ہیں۔ بلکہ حکم متعہ کی عملی تفسیر کر کے آپس میں متعہ کرتے ہیں۔ جس سے حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہما جیسا عظیم القدر سپوت جنم لیتا ہے۔“

ایسی عبارات لکھ کر پھر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ کہ جب اہل سنت کے امام نے متعہ کے جواز کا عملی ثبوت پیش کر دیا ہے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ سنی خواہ مخواہ متعہ کی حرمت کا ڈھنڈورا پیٹتے ہیں۔ حالانکہ عبارت مذکورہ میں اس امر کی کوئی گنجائش نہیں تھی کیونکہ متعہ ”نکاح شرعی“ ہرگز نہیں ہوتا۔ اور حضرت زبیر بن عوام اور اسماء بنت ابی بکر کے درمیان نکاح دائمی شرعی تھا۔ لہٰذا نکاح دائمی سے پیدا ہونے والی اولاد کو ”اولاد متعہ“ کہنا کس قدر بے ایمانی اور شیطنیت ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نکاح دائمی کو متعہ کے رنگ میں پیش کر کے خود راغب اصفہانی نے دشمن صحابہ ہونے کی تصدیق کر دی اسی طرح ایک اور شیعہ غلام حسین نجفی نے بھی راغب اصفہانی کا حوالہ اپنی تصنیف قول مقبول میں

marfat.com

Marfat.com

ان الفاظ سے نقل کیا ہے۔

## قولِ مقبول:

اہلسنت کی معتبر کتاب محاضرات مؤلف راغب اصفہانی میں لکھا ہے۔ وعبد اللہ بن مبارك كان يُرمى بالابنة فقال یا امیر المؤمنین انا احتاج الی رجال یعینونی فقال قد بلغنی ذالك۔ (حوالہ محاضرات جلد ۲ ص ۱۹۹)

ترجمہ:۔ حاکم طبرستان نے عبداللہ بن مبارک کو قاضی بنایا۔ اور یہ عبداللہ علت ابنہ کا مریض تھا۔ اس نے حاکم سے کہا کہ سردار مجھے کچھ مردوں کی ضرورت ہے۔ جو میری مدد کریں۔ حاکم نے فرمایا۔ کہ مجھے اس طلب کی وجہ پہلے سے معلوم ہے۔

# محاضرات کی عبارت کے تین جوابات

## جوابِ اوّل:

محاضرات کا مصنف "راغب اصفہانی" ایک شیعہ مصنف و عالم ہے۔ جس کے شیعہ ہونے کی تصدیق شیعہ معتبر کتب میں موجود ہے ـــــ اگر اس نے سیدنا عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ پر لواطت (مفعولیت) کی تہمت لگائی۔ تو اس پر کیا تعجب؟ ایسا کرنا اول تو ان لوگوں کی عادت و وطیرہ ہے۔ دوسرا ان کے مذہب میں جب عورت سے لواطت کرنا محبوب مشغلہ ہے۔ تو اس فعلِ محبوب کا ذکر بھی محبوب ہوتا ہے۔ اس لیے "راغب اصفہانی"

marfat.com
Marfat.com

نے اپنا چسکا پورا کرنے کے لیے عبداللہ بن مبارک پر یہ الزام دھرا ہے مختصر یہ کہ ایک شیعہ مصنف کی تحریر سے ایک سنی شخصیت کی ذات پر الزام دھرنا "حجت" نہیں بن سکتا۔ راغب اصفہانی کے شیعی ہونے کی وجہ سے اس کی کتاب بھی ہمارے نزدیک نامعتبر اور اس کی مذکورہ عبارت بھی ناقابل قبول ہے۔

## اصفہانی کے شیعہ ہونے پر کتب شیعہ سے استدلال

### الکنی والالقاب:۔

فقال الماهر الخبير الميرزا عبد الله (ض) فی ترجمته و نقل الخلاف فی اعتزاله وتشيعه ما هذا لفظه لكنّ الشيخ حسن بن على الطبرسی قد صرح فی آخر كتابه اسرار الامامة انّه ای الراغب كان من حكماء الشيعة الامامية له مصنفات فائقة مثل مفردات فی غريب القرآن و افانين البلاغة والمحاضرات - (الكنی و الالقاب جلد دوم ص ۲۶۸ مطبوعه تهران طبع جديد)

ترجمہ:۔ عالم اور بہت بڑے ماہر عبداللہ مرزا نے راغب اصفہانی کے بارے میں کہا۔ کہ اس کے معتزلہ اور اہل تشیع ہونے میں اگرچہ اختلاف کیا گیا ہے۔ لیکن شیخ حسن بن علی الطبرسی نے اپنی کتاب اسرار الامامۃ کے آخر میں بالتصریح لکھا کہ راغب اصفہانی شیعہ امامیہ حکماء میں سے تھا۔ اس کے بلند پایہ تصنیفات میں سے مفردات فی غریب القرآن

marfat.com

Marfat.com

افاضین البلاغہ اور مفسرات ہیں۔

## الذریعہ فی تصانیف الشیعہ:

جامع التفسیر الامام ابو القاسم الحسین بن محمد بن فضل بن محمد الشہیر براغب اصفہانی ذُکِرَ فِی الرِّیَاضِ اَوَّلًا وُقُوْعُ الْخِلَافِ فِیْ تَشَیُّعِہٖ ثُمَّ قَالَ لٰکِنَّ الشیخ حسن بن علی الطبرسی صاحب کامل البہائی صرح فی آخر کتابہ اسرار الامامۃ اَنَّہٗ کَانَ مِنْ حُکَمَاءِ الشیعۃ الامامیۃ

(الذریعۃ فی تصانیف الشیعہ جلد ۵ ص ۴۵)

ترجمہ:۔ جامع التفسیر ابو القاسم حسین بن محمد المعروف راغب اصفہانی کا ذکر الریاض نامی کتاب ،، میں ہے۔ ابتداءً اس کے تشیع میں اختلاف نقل کرنے کے بعد علامہ حسن بن علی طبرسی کا اسرار الامامۃ کے آخر سے یہ قول نقل کیا گیا ہے۔ کہ راغب اصفہانی شیعہ حکماء میں سے تھا۔

## الذریعہ فی تصانیف الشیعہ:

الحسین بن محمد بن فضل بن محمد المتوفی کما اَرَّخَہٗ فِی اَخْبَارِ البشر فی سنۃ اثنتین وخمسمائۃ لِلرَّدِّ دُھُوْبِاَنْ کَوْنِہٖ مُعْتَزِلِیًّا اَوْشِیْعِیًّا وَجَزَمَ الشَّیخ حسن ابن علی صاحب کامل البہائی فِی آخِرِ کِتَابِہٖ اسرار الامامۃ وَلِذَا تَرْجَمَہٗ صَاحِبُ الرِّیَاضِ فِی الْقِسْمِ الْاَوَّلِ (الذریعہ فی تصانیف الشیعہ جلد ۳ ص ۲۰)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ: حسین بن علی راغب اصفہانی کی تاریخ وفات بحوالہ اخیار البشر ۵۰۲ھ ہے۔ اگرچہ اس کے معتزلی اور شیعی ہونے میں اختلاف کیا گیا لیکن حسن بن علی نے اسرار الامامہ کے آخر میں اسے شیعہ لکھا ہے۔ اسی لیے صاحب الریاض نے راغب اصفہانی کو قسم اول کے شیعوں میں ذکر کیا ہے۔

## اعیان الشیعہ:۔

و فی الریاض اُختُلِفَ فی کونہ شِیعِیًّا فالعامۃُ صَرَّحَ بِکَوْنِہٖ مُعْتَزِلِیًّا۔ وَبَعْضُ الخاصۃِ صَرَّحَ بِذَالِکَ و لکنَّ الشیخ حسن بن علی الطبرسی قد صَرَّحَ فی اٰخرِ کتابِ اسرارِ الامامۃ بِاَنَّہٗ کانَ مِنْ حُکَمَاءِ الشِّیعَۃِ......... فَاِنَّ کَثِیْرًا مِنَ النَّاسِ یَظُنُّوْنَ اَنَّہٗ مُعْتَزِلِیٌّ اَقُوْلُ یُؤَیِّدُ تَشَیُّعَہٗ قَوْلُ مَنْ قَالَ اَنَّہٗ کَانَ مُعْتَزِلِیٌّ فَاِنَّہٗ کَثِیْرًا مَا یَخْلِطُوْنَ بَیْنَ الشِّیْعِیِّ وَالْمُعْتَزِلِیِّ لِتَوَافُقٍ فِیْ بَعْضِ الْاُصُوْلِ وَیُؤَیِّدُہٗ اَیْضًا کَثْرَۃُ رِوَایَتِہٖ عَنْ اَئِمَّۃِ اَھْلِ الْبَیْتِ وَتَعْبِیْرُہٗ عَنْ عَلِیٍّ علیہ السلام بامیر المومنین وقولہ فِیْ مُحَاضَرَاتِہٖ کَمَا فِیْ روضات الجنان قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لِاَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ اَلَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ ھَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی غَیْرَ اَنَّہٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ ......... وقال عن انس قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّ خَلِیْلِیْ وَوَزِیْرِیْ وَخَلِیْفَتِیْ وَخَیْرَ مَنْ

marfat.com
Marfat.com

اترك من يغوي يقضي ديني ويتخير موعدي علي بن ابيطالب اترك فقال يحيى ابن اقسم للشيخ بالبصرة بمن افتيت في جواز المتعة فقال لعمر بن الخطاب فقال كيف هذا وعمر كان اشد الناس فيها قال لان الخبر صحيحا قد اتاه ان علياً صعد المنبر فقال ان الله ورسوله احل لكم متعتين وانا احرمهما عليكم واعاقب عليهما فقبلنا شهادته ولم نقبل تحريمه هذا ما نقل في روضات عن المحاضرات - (اعیان الشیعہ جلد ۲۶ ص ۱۶۰ تذکرہ الراغب الاصفہانی)

ترجمہ :- "الریاض" میں راغب اصفہانی کے شیعی ہونے میں اختلاف مذکور ہے۔ عام شیعہ اسے معتزلی کہتے ہیں۔ اور بعض خاص شیعوں نے بھی اس کی تصریح کی ہے۔ لیکن شیخ حسن بن علی طبرسی نے اپنی کتاب اسرار الامامۃ کے آخر میں یہ تصریح کی کہ راغب اصفہانی حکماء الشیعہ میں سے تھا... بہت سے لوگوں کا خیال ہے۔ کہ وہ معتزلی ہے۔ میں کہتا ہوں۔ کہ اس کے تشیع پر قائل کا یہ قول تائید کرتا ہے کہ وہ معتزلی تھا، کیونکہ ایسا بہت مرتبہ ہوا ہے۔ کہ ایک شیعہ اور معتزلی کو باہم ملا دیتے ہیں۔ کیونکہ ان دونوں (شیعیت، اعتزال) کا بعض اصول میں اتفاق ہے۔ اور اس کے تشیع پر یہ بات بھی دلالت کرتی ہے۔ کہ اس کی روایات اہل بیت سے بکثرت ہیں۔ اور جہاں کہیں بھی علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا نام لیتا ہے۔ وہاں آپ کے نام کے ساتھ "امیر المومنین" ضرور لکھتا ہے۔ اور یہ قول بھی اس کے تشیع کی تائید کرتا

marfat.com

Marfat.com

ہے۔ جیسا کہ روضات الجنان میں اس کی کتاب محاضرات کے حوالہ سے منقول ہے۔ "حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امیر المؤمنین علی المرتضٰے کو فرمایا کیا تو اس بات پر راضی نہیں۔ کہ تو میرے نزدیک ایسا ہو جائے۔ جیسا ہارون، موسیٰ کے نزدیک تھا۔ یہ علیحدہ بات ہے۔ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں"۔ اور حضرت انس سے ایک روایت یہ بیان کی۔ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرا دوست، میرا وزیر، میرا خلیفہ، اور میرے بعد والوں میں سے سب سے بہتر جو میرا قرض ادا کرے گا، میرا وعدہ پورا کرے گا۔ وہ علی بن ابی طالب ہے۔۔۔۔
یحییٰ بن اکثم نے شیخ کو بصرہ میں پوچھا کہ آپ نے متعہ کے جواز کا فتویٰ کس شخص کے اعتبار سے دیا ہے؟ کہا عمر بن الخطاب کے اقوال کی روشنی میں اس نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے حالانکہ عمر بن الخطاب جواز متعہ کے بارے میں سخت مخالف ہیں۔ جواب دیا کہ صحیح خبر میں ہے کہ عمر بن الخطاب ایک مرتبہ منبر پر چڑھے اور تقریر کے دوران کہا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے تمہارے لیے دو متعہ حلال کیے ہیں۔ اور میں انہیں تم پر حرام کرتا ہوں۔ اور اس پر سزا دیتا ہوں۔ تو ہم نے عمر بن الخطاب کی گواہی قبول کی۔ اور ان کی تحریم کو نہ مانا۔ یہ روایت بحوالہ محاضرات، روضات میں منقول ہے۔

## لمحہ فکریہ:

شیعہ کتب میں سے ایسی کتابوں کے حوالہ جات پیش کیے۔ جن کا موضوع ہی یہ ہے۔ کہ اہل تشیع کے کون کون علماء گزرے اور ان کی کیا کیا تصانیف تھیں۔ ان کتابوں کے حوالہ جات سے خود شیعہ تسلیم کرتے ہیں۔ کہ راغب اصفہانی ہمارا آدمی ہے اور شیعہ حکماء میں سے ایک ہوا ہے۔ اگرچہ اس کو معتزلی بھی کہا گیا لیکن صاحب

marfat.com
Marfat.com

اعیان الشیعہ نے اسی سے اس کی شیعیت ثابت کر دکھائی۔

اہل تشیع کے عقائد باطلہ خبیثہ میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اپنی عورتوں سے لواطت کرنی جائز ہے۔ تو اس لیے غلام حسین نجفی نے اپنے اس فعل مرغوب کے تصور سے لذت حاصل کرنے کے لیے حضرت عبداللہ بن مبارک کی ذات پر کیچڑ اچھالا ہے۔ حالانکہ حضرت عبداللہ بن مبارک اپنے دور کی بے مثل شخصیت تھے۔ شیعہ کتب بھی ان کے تقویٰ اور تبحر علمی کی معترف ہیں۔ ان پر مرض ابنہ کا الزام دھرنا دراصل خود اس مرض کا مریض ہونا بیان کیا گیا ہے۔ ذرا اپنوں کی زبانی حضرت عبداللہ بن مبارک کی شخصیت کو سنیئے۔

## الکنی والالقاب:-

ابو عبد الرحمن عبد الله بن المبارك المروزي العالمُ الزاهدُ العارفُ المحدِّثُ كَانَ مِنْ تَابِعِي التَّابِعِيْنَ ذَكَرَهُ الخطيبُ فى تاريخ بغداد واثنى عَلَيْهِ وروى عن ابى اسامه قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ فِيْ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ مِثْلُ امير المومنين فِي النَّاسِ وعن ابن مهدى قَالَ كَانَ ابْنُ الْمُبَارَكِ اَعْلَمُ مِنْ سفيان الثورى وعن ابن عُيَيْنَه قال نَظَرْتُ فِىْ اَمْرِ الصَّحَابَةِ وَاَمْرِ ابن المبارك فَمَا رَاَيْتُ لَهُمْ عَلَيْهِ فَضْلاً اِلاَّ بِصُحْبَتِهِمُ النبى صلى الله عليه وسلم وَغَزْوِهِمْ مَعَهُ وعن عمار بن الحسن اَنَّهُ مدح ابن المبارك وقال۔

marfat.com
Marfat.com

اِذَا سَارَ عبد الله مِنْ مَرْوٍ لَيْلَةً
فَقَدْ سَارَ مِنْهَا نُوْرُهَا وَجَمَالُهَا
اِذَا ذُكِرَ الْاَحْبَارُ فِيْ كُلِّ بَلْدَةٍ
فَهُمْ اَنْجُمٌ فِيْهَا وَ اَنْتَ هِلَالُهَا

يُحْكٰى اَنَّهُ اَحْسَنَ اِلٰى عَلَوِيَّةٍ مَلْهُوْفَةٍ فَرَاٰى فِي الْمَنَامِ اَنَّهُ يَخْلُقُ اللهُ تَعَالٰى عَلٰى صُوْرَتِهِ مَلَكًا يَحُجُّ عَنْهُ كُلَّ عَامٍ - وَرُوِيَ اَنَّهُ قَالَ لِاَبِيْ جعفر محمد بن علی الباقر (ع) قَدْ اَتَيْتُكَ مُسْتَرِقًّا مُسْتَعْبِدًا فَقَالَ قَبِلْتُ وَاَعْتَقَهُ وَكَتَبَ لَهُ عَهْدًا حَكَى الدَّمِيْرِيُّ اَنَّهُ اسْتَعَارَ قَلَمًا مِنَ الشَّامِ فَعَرَضَ لَهُ سَفَرٌ فَسَارَ اِلٰى انطاكيه وَكَانَ قَدْ نَسِيَ الْقَلَمَ مَعَهُ فَذَكَرَهُ هُنَاكَ فَرَجَعَ مِنْ انطاكيه اِلَى الشَّامِ مَاشِيًا حَتّٰى رَدَّ الْقَلَمَ اِلٰى صَاحِبِهِ وَعَادَ وَرَوَى الْخَطِيْبُ اَنَّهُ اسْتَعَارَ قَلَمًا بِاَرْضِ الشَّامِ فَذَهَبَ اِلَيْهِ صَاحِبُهُ فَلَمَّا قَدِمَ مَرْوَ نَظَرَ فَاِذَا هُوَ مَعَهُ فَرَجَعَ اِلٰى اَرْضِ الشَّامِ حَتّٰى رَدَّهُ عَلٰى صَاحِبِهِ۔ (الکنی والقاب جلد اول صفحہ ۳۲۲)

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ بہت بڑے عالم زاہد عارف اور محدث ہو گزرے ہیں۔ آپ تبع تابعین میں سے تھے خطیب نے تاریخ بغداد میں ان کا تذکرہ کیا۔ اور ان کی شان بیان کی۔ ابو اسامہ سے مروی ہے۔ کہ ابن مبارک کا مقام محدثین کرام میں یوں جیسا کہ عوام میں امیر المومنین کا ہوتا ہے۔ ابن مہدی سے منقول ہے۔ کہ ابن

marfat.com

Marfat.com

مبارک کو انہوں نے سفیان ثوری سے بڑا عالم کہا ہے۔ ابن عیینہ سے منقول ہے۔ کہ میں نے صحابہ کرام اور ابن مبارک کے معاملہ میں غور و فکر کیا۔ تو مجھے یہی نظر آیا۔ کہ حضرات صحابہ کرام کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت مبارکہ اور آپ کی معیت میں غزوات میں شرکت یہ دو باتیں باعث فضیلت ہیں۔ عمار بن الحسن نے ابن مبارک کی تعریف میں کہا ۔ ے

جب مرو سے جناب عبداللہ بن مبارک نے رات کو سفر کیا ۔ تو یقیناً مرو سے اس کے نور و جمال نے سفر کیا۔
جب ہر شہر میں اس کے جید علماء کا تذکرہ کیا جائے تو وہ ستارے ہیں۔ اور عبداللہ بن مبارک ان کے چاند ہیں۔

بیان کیا گیا کہ جناب عبداللہ بن مبارک نے ایک دفعہ ایک غریب علوی عورت کی مدد کی۔ اس نے خواب میں دیکھا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے ابن مبارک کی صورت میں ایک فرشتہ پیدا کیا۔ جو ہر سال اُن کی طرف سے حج کرتا ہے۔ مروی ہے کہ انہوں نے جناب ابو جعفر محمد بن علی باقر رضی اللہ عنہ کو عرض کیا۔ میں آپ کے ہاں غلام اور نوکر بن کر حاضر ہوا ہوں۔ آپ نے فرمایا۔ میں نے قبول کیا۔ اور پھر آزاد کر دیا۔ اور ایک عہد نامہ بھی تحریر فرما دیا۔ دمیری نے بیان کیا کہ ابن مبارک نے شام میں کسی سے قلم ادھار لیا۔ پھر سفر درپیش ہوا۔ اور انطاکیہ چلے آئے۔ تو وقت قلم دینا بھول گئے۔ انطاکیہ پہنچ کر یاد آیا۔ فوراً انطاکیہ سے پیدل چل کر شام آئے۔ اور قلم اس کے مالک کے سپرد کیا۔ اور واپس انطاکیہ آ گئے۔ خطیب نے روایت کی۔ کہ انہوں نے سرزمین شام میں کسی سے

marfat.com

Marfat.com

قلم ادھار لیا۔ لیکن قلم دینا بھول گئے۔ اور مرو میں جاکر دیکھا۔ کہ وہی قلم ان کے پاس موجود ہے۔ تو وہاں سے واپس شام تشریف لائے۔ اور قلم والے کے قلم سپرد کر دیا۔

## تہذیب التہذیب:

قال ابو حاتم عن اسحاق بن محمد بن ابراھیم المروزی نعی ابنُ المبارک الی سفیان بن عُیَینَۃ فقالَ لَقَدْ کَانَ فَقِیْھًا عَالِمًا عَابِدًا زَاھِدًا شَیْخًا شُجَاعًا شَاعِرًا وَقَالَ فضیل بن عیاض اَمَا اِنَّہٗ لَمْ یُخَلِّفْ بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ وقال ابو اسحاق الفرازی ابن المبارک اِمَامُ الْمُسْلِمِیْنَ وَقَالَ سلام بن ابی مطیع مَا خَلَفَ بِالْمَشْرِقِ مِثْلَہٗ ...... وقال اسماعیل بن عیاش مَا عَلٰی وَجْہِ الْاَرْضِ مِثْلُ ابن المبارک وَلَا اَعْلَمُ اِنَّ اللہَ خَلَقَ خَصْلَۃً مِّنْ خِصَالِ الْخَیْرِ اِلَّا وَقَدْ جَعَلَھَا فِیْہِ ...... وَکَانَ یُنْفِقُ عَلَی الْفُقَرَاءِ فِیْ کُلِّ سَنَۃٍ مِائَۃَ اَلْفِ دِرْھَمٍ وَمَنَاقِبُہٗ وَفَضَائِلُہٗ کَثِیْرَۃٌ جِدًّا ......... و قال الحسن بن عیسیٰ کَانَ مُسْتَجَابَ الدَّعْوَاتِ و قال العجلی ثِقَۃٌ ثَبَتٌ فِی الحدیث رَجُلٌ صَالِحٌ وَکَانَ جَامِعًا لِّلْعِلْمِ و قال ابن حبان فِی الثِّقَاتِ کَانَ فِیْہِ خِصَالٌ لَمْ تَجْتَمِعْ فِیْ اَحَدٍ مِّنْ اَھْلِ الْعِلْمِ فِیْ زَمَانِہٖ فِی الْاَرْضِ کُلِّھَا۔

(تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۳۸۵ تا ۳۸۶)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ:۔ ابو حاتم نے اسحاق بن محمد بن ابراہیم المروزی سے بیان کیا کہ جب حضرت عبداللہ بن مبارک کے انتقال کی خبر جناب سفیان بن عینیہ کو پہنچی۔ تو انہوں نے کہا۔ وہ بہت بڑا فقیہہ، عالم، عابد، زاہد، شیخ، بہادر اور شاعر تھا۔ فضیل بن عیاض نے کہا کہ ابن مبارک نے اپنے بعد اپنی مثل نہیں چھوڑی۔ ابو اسحاق فرازی کا قول ہے۔ کہ ابن مبارک امام المسلمین تھے۔ سلام بن ابی مطیع نے کہا۔ کہ مشرق میں انہوں نے اپنی مثل پیچھے نہ چھوڑی۔ اسماعیل بن عیاش کا قول ہے۔ روئے زمین پر ابن مبارک کی مثل نہیں۔ اور میرے علم میں ایسی کوئی خصلت نہیں جو اچھی ہو اور ابن مبارک میں نہ پائی جاتی ہو۔ آپ فقیروں پر ہر سال ایک لاکھ درہم تقسیم فرمایا کرتے تھے۔ آپ کے فضائل و مناقب کی فہرست بہت طویل ہے۔ حسن بن عیسیٰ نے آپ کو مستجاب الدعوات بتایا۔ عجلی نے کہا۔ کہ آپ ثقہ اور حدیث میں پختہ تھے۔ صالح مرد تھے۔ علم کے جامع تھے۔ ابن حبان نے انہیں ثقہ لوگوں میں شمار کیا۔ اور کہا۔ ان میں ایسی خصلتیں تھیں۔ جو ان کے علاوہ کسی عالم میں مجتمع نہ تھیں۔

قارئین کرام۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ کی شخصیت، کتب شیعہ اور سنی دونوں سے ہم نے واضح کی۔ اور سب اس پر متفق ہیں۔ کہ آپ بڑے مجاہد، زاہد اور علم کے بے کنار سمندر تھے۔ آپ اپنے دور کی بے مثل علمی، اخلاقی شخصیت تھے۔ مستجاب الدعوات تھے۔ ہاں ہو سکتا ہے کہ اصفہانی نے اس لذت اور ثواب کو حاصل کے لیے عبداللہ ابن مبارک کا نام لے دیا ہو۔

کہ چونکہ اہل تشیع کے مسلک میں "وطی فی الدبر" محبوب مشغلہ ہے۔ اس لیے ان کے ہاں "مرض ابنہ" کے مریض کی یہ شان ہو۔ کہ اس کے نزدیک

marfat.com
Marfat.com

ایک دفعہ مفعول بننے پر ایک فرشتہ پیدا ہو۔ تو قیامت تک اس کی طرف حج کرتا رہے (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) منہج الصادقین جلد دوم آخری صفحہ پر آپ متعہ کے فضائل اگر دیکھیں۔ تو حیران و ششدر رہ جائیں گے۔ لکھا ہے "متعہ کرنے والا مرد اور عورت جب اس کی خاطر ایک دوسرے کو ہاتھ لگاتے ہیں۔ تو ان کے ہاتھوں سے تمام گناہ جھڑ جاتے ہیں۔ اور جب جماع ہوتا ہے۔ تو ایک حرکت پر ستر ہزار نیکیاں ملتی ہیں۔ اور یہ دونوں غسل کرتے ہیں۔ تو پانی کے ہر قطرہ پر ایک ایک فرشتہ پیدا ہوتا ہے۔ جو قیامت تک ان دونوں کے لیے استغفار کرتا رہتا ہے۔"

جب متعہ کے غسل پر فرشتے پیدا ہوں۔ تو مرض ابنہ کے رسیا پر بھی ضرور پیدا ہونے چاہیں۔ لیکن صرف اہل تشیع کے فاعل و مفعول کے فعل سے نہ کہ اہل سنت کے مسلک حقہ کے مطابق۔ کیونکہ حرام بہر حال حرام ہے۔ اس سے فرشتوں کی پیدائش کو منسلک کرنا بے دینی اور شریعت کا استہزاء ہے۔

(فاعتبروا یا اولی الابصار)

## جواب دوم:

"ابن" کا لغوی معنی عیب اور عداوت آیا ہے۔ ہر عیب میں سے کوئی مخصوص عیب اس کا معنی نہیں۔ اس لیے جب عیوب کی مختلف اقسام ہیں۔ تو ان سب کو چھوڑ کر صرف "مفعولیت" کا اس سے مراد لینا غلام حسین نجفی ایسے ذلیل ترین شیعہ کا ہی کام ہے۔ حالانکہ اس نے جو محاضرات سے عبارت نقل کی ہے۔ اس میں حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے یہ بیان

marfat.com
Marfat.com

مذکور ہے۔ کہ انہوں نے بادشاہ وقت سے کہا۔ کہ کچھ لوگوں کو مجھ سے عداوت ہے لہٰذا مجھے چند محافظ دیئے جائیں۔ خبث باطنی کی وجہ سے نجفی نے معنی کچھ یوں کیا۔ کہ "مجھے مردوں کی ضرورت ہے جو میری مدد کریں"۔ یعنی میرے ساتھ لواطت کریں۔ اور میں اُن کا مفعول بنوں۔ بادشاہ نے کہا۔ میں اس بات کو پہلے سے ہی جانتا ہوں۔ جب لفظ "اُبن" کا معنی مفعول بننا نہ معروف ہے نہ عام۔ تو پھر دوسرے معانی کو چھوڑ کر اسے ہی اختیار کرنا بدباطنی کی علامت نہ ہوگی تو اور کیا ہوگی؟ لغت کی کتب میں اس لفظ کے معانی "عیب اور عداوت" کے ہیں۔ چند حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔

## لسان العرب:

وفی حدیث ابی ذر انّہٗ دخل علٰی عثمان بن عفان فما سبّہٗ ولا اَبنہٗ ای ما عابہٗ...... ویقال بینھم اُبنٌ ای عداوۃٌ۔

(لسان العرب جلد ۱۳ ص ۳ تا ۴ حرف نون مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: ابو ذر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے۔ کہ وہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے۔ تو انہوں نے انہیں نہ گالی دی اور نہ عیب لگایا۔ اور کہا جاتا ہے۔ کہ ان کے درمیان "اُبن" ہے۔ یعنی عداوت ہے۔

## تاج العروس:

وَاَبنہ تَعْیِیْنًا ای عابہٗ فی وجہہٖ وعیّرہٗ ومنہٗ حدیث ابی ذر انّہٗ دخل علٰی عثمان رضی اللہ عنہما فما سبّہٗ ولا اَبنہٗ...... اَلحِقدُ والعَداوۃُ

marfat.com

Marfat.com

يُقَالُ بَيْنَهُمْ أُبَنٌ.....

(تاج العروس جلد ۹ صفحہ ۱۱۲ باب النون-)

**ترجمہ:**

اس نے دوسرے کو "أبن" یعنی عیب لگایا یعنی چہرہ میں عیب لگایا۔ اور اُسے شرم دلائی۔ اسی سے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے۔ تو انہوں نے انہیں نہ گالی دی اور نہ عیب لگایا........ حسد اور عداوت بھی اس کا معنی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ان لوگوں کے درمیان "أبن" ہے۔ یعنی عداوت ہے۔

**المنجد:**

الأُبْنَةُ۔ عیب، کینہ، لکڑی کی گرہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ أُبَنٌ" ان کے درمیان دشمنیاں ہیں۔ فِي حَسَبِهِ أُبَنٌ۔ اس کے حسب میں بہت سے عیب ہیں۔ (المنجد ص ۵ حرف ابن)

**مجمع البحرین:**

وَالْمَأْبُوْنُ الْمَعِيْبُ وَالْأُبْنَةُ الْعَيْبُ وَلَا يُؤْبَنُ وَلَا يُعَابُ۔ (مجمع البحرین جلد ۶ ص ۱۹۷ لفظ ابن مطبوعہ تہران)

**ترجمہ:** مابون کا معنی عیب لگایا ہوا ہے۔ اور "ابنۃ" عیب کو کہتے ہیں۔ لا یأبن یعنی لا یعیب (وہ عیب نہیں لگاتا) ہے

**تاج العروس:**

قَالَ الزمخشری آبَنَهُ مَدَحَهُ وَعَدَّ

marfat.com

Marfat.com

مُحَاسِنَہٗ۔
(تاج العروس جلد ۹ ص ۱۱۷)
(فصل الھمزہ باب النون مطبوعہ مصر)

**ترجمہ:**

زمخشری نے کہا کہ "ابنۃ"، کا معنی یہ ہے کہ اس نے فلاں کی تعریف کی۔ اور اس کی خوبیاں شمار کیں۔

**قارئین کرام!** مختلف کتب لغت سے لفظ "ابن"، کے معانی آپ نے ملاحظہ فرمائے۔ عیب، کینہ، لکڑی کی گرہ، دشمنی اور تعریف سبھی اس کے لغوی معانی ہیں۔ ان تمام معنی میں سے تعریف کرنا اور خوبیاں شمار کرنا بھی ہے۔ پھر عیب کی کوئی خاص قسم اس کے معنی میں ملحوظ نہیں۔ ان حقائق کے پیش نظر نجفی نے اپنے مسلک کی کتاب کو بھی چھوڑا۔ اور وحید الزمان غیر مقلد کے بیان کردہ معنی کو لے بیٹھا۔ اسے کون عقلمند تسلیم کرے گا۔ وحید الزمان بھی تو اسی کا ساتھی عقیدہ شیعیت میں اس سے کم نہیں یار کو یار مل ہی جاتا ہے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ جب لفظ "ابن"، کے چند معانی ہیں تو اس کا معنی متعین کرنے کے لیے عبارت کے سیاق وسباق کو دیکھنا پڑے گا۔ جیسا کہ حدیث ابو ذر رضی اللہ عنہ میں اگر نجفی والا ہی معنی کر لیں۔ یا "بَيْنَهُمْ ابْنٌ"، کا یہی مذکورہ معنی کیا جائے۔ تو بالکل نجفی بھی تسلیم نہیں کرے گا۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ کے بارے میں لفظ "ابن"، سے کیا معنی مراد ہے۔ اس کے لیے بھی ہمیں سیاق و سباق کا سہارا لینا پڑے گا۔ جیسا کہ لفظ "صلوۃ"، کے مختلف معانی ہیں۔ دعا، نماز، درود شریف، چوتڑوں کا حرکت دینا ان میں سے ہر ایک معنی سیاق وسباق سے ہی متعین کرنا پڑے گا۔ حافظوا علی الصلوات کا معنی نجفی یوں کرے گا؟ اے شیعو! چوتڑ ہلانے پر مداومت اور حفاظت اختیار کرو۔ جب "صلوۃ"، کا معنی چوتڑ ہلانا یہاں نہیں کرے گا۔ تو پھر سیاق وسباق کو ہی دیکھا جائے گا۔ لفظ "ابن"، میں بھی یہاں قاعدہ جاری ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

## جواب سوم :

"محاضرات" کہ جس سے نجفی نے عبارت نقل کی ہے۔ اس کے بارے میں یہ سب کو معلوم ہے۔ کہ یہ عربی ادب کی کتاب ہے۔ سیرت اور سوانح نگاری اس کا موضوع نہیں۔ جیسا کہ مدارس دینیہ میں عربی ادب سمجھنے کے بارے میں یہ سب کو معلوم اور سبعہ معلقہ وغیرہ کتب داخل نصاب ہیں۔ ان میں ایک لفظ کو مختلف معانی میں استعمال کیا جاتا پایا جاتا ہے۔ کہیں وہ مدح کے رنگ میں کہیں وہ ہجو کے رنگ میں اور کہیں مرثیہ کی صورت میں مذکور ہوتے ہیں۔ ایک شاعر اگر کسی وقت کسی سے خوش ہو کر اس کے بارے میں تعریف کرتے ہوئے زمین و آسمان کے قلابے ملا دیتا ہے۔ یا مذمت کرتے ہوئے اسے بدترین مخلوق سے بھی گھٹا دیتا ہے۔ تو اس کا یہ طریقہ حقیقت شناسی کے لیے ثبت نہیں بنتا۔ بلکہ اگر وہ فصیح و بلیغ شاعر ہے۔ تو اس کی فصاحت و بلاغت سے اس کے کلام سے کچھ باتیں اخذ کی جاتی ہیں۔ جو کلام کی فصاحت و بلاغت کی دلیل بن سکتی ہیں۔ سبھی جانتے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کفار و مشرکین نے ہجو کی۔ آپ نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو ان کی ہجویات کے جواب دینے کے لیے مقرر فرمایا۔ تو کیا کفار نے ہجویات میں جو باتیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بکیں۔ ان کو بطور استشہاد پیش کرنا خود کفر سے کیا کم ہے" اور "صاحب محاضرات کے موضوعات کچھ یوں مذکور ہیں۔ المھجو باخذ الرشوۃ۔ المھجوّ مِنَ القُضَاۃ باللواطت المھجوّ منھم بالابنۃ وَالکشخ ———— یعنی رشوت لینے کی وجہ سے جن کی ہجو کی گئی۔ ایسے قاضی کہ جن کی لواطت کی وجہ سے ہجو کی گئی۔ اور وہ کہ جن کی عداوت اور کینہ سے ہجو کی گئی۔ اگر "ابنہ" کا معنی لواطت ہی ہوتا۔ جیسا کہ نجفی نے کیا ہے۔ تو حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ پر اس کا الزام "المھجو من القضاۃ باللواطت" کے تحت آتا ہے۔ لیکن ایسا نہیں۔ اب ہم دیکھتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

کرابنہ اور کشح دونوں کو ایک موضوع کے تحت لایا گیا۔ ان میں کون سی قدر مشترک ہے؟

ابنہ کا معنی آپ پڑھ چکے۔ اب "کشح" کے معانی سنیئے۔؟

لسان العرب: وَالْکَاشِحُ الْمُتَوَلِّي عَنْكَ بِوُدِّهِ وَيُقَالُ طَوَى فُلَانٌ كَشْحَهُ إِذَا قَطَعَكَ وَعَادَاكَ وَمِنْهُ قَوْلُ الْأَعْشَى وَكَانَ طَوَى كَشْحًا وَأَبَّ لِيَذْهَبَ قَالَ الْأَزْهَرِي يَحْتَمِلُ قَوْلُهُ وَكَانَ طَوَى كَشْحًا أَيْ عَزَمَ عَلَى أَمْرٍ وَاسْتَمَرَّتْ عَزِيمَتُهُ وَيُقَالُ طَوَى كَشْحَهُ عَنْهُ إِذَا أَعْرَضَ عَنْهُ وَقَالَ الجوهری طَوَيْتُ كَشْحِي على الامر اذا اضمرته و سترته۔ والکاشح الْمُبْغِضُ الْعَدُوُّ وَالْكَاشِحُ الَّذِي يُضْمِرُ لَكَ الْعَدَاوَةَ يُقَالُ كَشَحَ لَهُ بِالْعَدَاوَةِ وَكَاشَحَهُ بِمَعْنًى قَالَ ابْنُ السیده وَالْكَاشِحُ الْعَدُوُّ الْبَاطِنُ الْعَدَاوَةَ كَأَنَّهُ يَطْوِيهَا فِي كَشْحِهِ أَوْ كَأَنَّهُ يُوَلِّيكَ كَشْحَهُ وَيُعْرِضُ عَنْكَ بِوَجْهِهِ۔

(لسان العرب جلد دوم ص ۵۸۲ لفظ کشح مطبوعہ بیروت)

ترجمہ:۔ کاشح وہ شخص جو اپنی محبت کی وجہ سے تجھ سے پھرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے۔ فلاں نے اپنی کشح لپیٹ لی۔ جب وہ تجھ سے قطع تعلق کرے۔ اور تیرا دشمن بن جائے۔ اسی سے اعشیٰ کا قول ہے اس نے پہلوتہی کی۔ اور جانے کا ارادہ کر لیا۔ ازہری نے کہا۔ کہ "وطوی کشحا" میں یہ احتمال بھی ہے۔ کہ اس نے فلاں کام کرنے کا عزم کر لیا۔ اور اس کی عزیمت لگاتار ہے۔ اور کہا جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

"طوی کشحہ عنہ" جب وہ اس سے منہ پھیر لے۔ جوہری نے "طویت کشحی علی الامر" کا معنی یہ کیا ہے۔ کہ میں نے فلاں کام کو پوشیدہ اور چھپا لیا ہے کاشح کا معنی بغض وعداوت رکھنے والا بھی ہے۔ اور کاشح وہ شخص جو دشمنی چھپا کر رکھتا ہے۔ گویا اس نے دشمنی بغل میں چھپا لی ہے۔ یا اس لیے کہ وہ تجھ سے اپنا پہلو پھیر لینا چاہتا ہے۔ اور منہ موڑ لینا چاہتا ہے۔

قارئین کرام! لفظ ابن اور کشح کہ جن دونوں کو ایک موضوع بنایا گیا ہے کے معانی آپ نے ملاحظہ فرمائے۔ جن کا خلاصہ یہ کہ یہ دونوں لفظ خفیہ عداوت کی معنی میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں۔ اب حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ کے بارے میں ان الفاظ کے پیش نظر یہ کہنا تو مناسب ہوگا۔ کہ کچھ لوگوں سے آپ کو یا کچھ لوگوں کو آپ سے خفیہ عداوت تھی۔ جن کی بنا پر وہ لوگوں سے پہلو تہی کرتے تھے۔ یعنی عوام سے دور رہنا یا عوام کا ان سے دور رہنا ان میں عیب تھا۔ جس کو شاعر نے ہجو کے طور پر بیان کیا۔ نہ کہ اس سے مراد "مفعولیت" تھی۔ تو موضوع میں لفظ "کشح" کو ابنہ کے ساتھ ذکر کرنا اس بات کی دلیل ہے۔ کہ ابنہ سے مراد عداوت ہی ہے۔ اور "لواطت" کے موضوع میں ان اشعار کو ذکر نہ کرنا جن میں لفظ ابنہ آیا ہے۔ اس بات کی دلیل ہے۔ کہ ابنہ سے مراد لواطت یا مفعولیت نہیں۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# کتاب بست ونہم ۲۹

## مصنف عبدالرزاق مصنفہ عبدالرزاق

محدث، عالم اور مصنف جناب عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ "اہل سنت" میں سے ہیں۔ لیکن ان کی کتب سے بعض عبارات اس پر دلالت کرتی ہیں۔ کہ ان میں تشیع پائی جاتی تھی۔ ہم نے ان کا تذکرہ بھی ضروری سمجھا۔ تاکہ ان کی وہ عبارات جو شیعہ سنی کے مابین مختلف فیہ مسائل کے بارے میں اہل سنت کی بجائے اہل تشیع کی ترجمانی کرتی ہیں۔ انہیں ہم اہل سنت پر حجت بنا کر پیش نہ کیا جا سکے۔ ان کے ثبوت، تشیع پر جانبین سے حوالہ جات پیش خدمت ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے۔

### میزان الاعتدال:

وقال ابن عدی حدث باحادیث فی الفضائل لم یوافقہ علیھا احد ومثالب لغیرھم مناکیر ونسبوہ الی التشیع سمعت مخلد الشعیری یقول کنت عند عبد الرزاق فذکر رجل معاویۃ رضی اللہ عنہ فقال لا تقذر مجلسنا بذکر ولد ابی سفیان۔

(میزان الاعتدال جلد ۲ ص ۱۲۷)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ: ابن عدی نے کہا کہ عبدالرزاق فضائل میں ایسی احادیث لاتا ہے جن میں کسی نے اس کی موافقت نہ کی۔ اور دوسروں کی عیب جوئی میں مناکیر وارد ہیں۔ علماء نے اسے تشیع کی طرف منسوب کیا ہے۔ میں نے مخلد شعیری سے سنا کہتا تھا۔ کہ عبدالرزاق کے پاس میں بیٹھا تھا۔ کہ ایک شخص نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ چھیڑا۔ تو عبدالرزاق نے کہا۔ ہماری مجلس کو ابوسفیان کے بیٹے کے ذکر سے گندہ نہ کرو۔

## تہذیب التہذیب:

وقال ابن عدی وَلِعَبْدِ الرزاق اَصْنَافٌ وَحَدِيْثٌ كَثِيْرٌ وَقَدْ رَحَلَ اِلَيْهِ ثِقَاتُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَئِمَّتُهُمْ وَكَتَبُوْا عَنْهُ اِلَّا اَنَّهُمْ نَسَبُوْهُ اِلَى التَّشَيُّعِ ـــــــ وَذَكَرَهُ ابن حبان فِي الثِّقَاتِ وَقَالَ كَانَ مِمَّنْ يُخْطِئُ اِذَا حَدَّثَ مِنْ حِفْظِهٖ عَلٰى تَشَيُّعٍ فِيْهِ

(تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۳۱۳ - ۳۱۴)

ترجمہ: ابن عدی نے کہا۔ کہ عبدالرزاق کی احادیث بہت ہیں۔ اور کئی اصناف ہیں۔ ان کی طرف مسلمان ثقہ لوگوں نے اور ان کے اماموں نے سفر کیا۔ اور پھر اس سے احادیث و روایات لکھیں مگر انہوں نے اسے تشیع کی طرف منسوب کیا ـــــ ابن حبان نے انہیں ثقہ راویوں میں ذکر کیا۔ اور کہا۔ کہ جب اپنی یاداشت پر بھروسہ کرتے ہوئے حدیث بیان کرتا۔ تو خطا کر جاتا۔ اس میں تشیع پایا جاتا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

## کامل ابن اثیر:۔

فِيهَا تُوُفِّيَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ الصَّنْعَانِي المحدث وهو مِنْ مَشَائِخِ احمد بن حنبل وكان يَتَشَيَّعُ۔

(کامل ابن اثیر جلد ۶ ص ۴۰۶۔ ذکر ثم دخلت سنة احدى عشرة و مائتين مطبوعه بیروت)

ترجمہ: ۲۱۱ھ میں عبدالرزاق محدث نے وفات پائی۔ اور یہ امام احمد بن حنبل کے اساتذہ میں سے ہیں۔ اور ان میں تشیع پائی جاتی تھی۔

## تنقیح المقال:

عبد الرزاق بن همام اليمانى الصَّنْعَانِيُّ مِنْ صَنْعَاءِ الْيَمَنِ عَدَّهُ الشَّيْخُ فِي رِجالِهِ مِنْ أَصْحَابِ الصَّادِقِ وَقَالَ رَوَى عَنْهُمَا يعنى الباقر والصادق ويَظْهَرُ مِنَ الرِّوَايَةِ الطَّوِيلَةِ الآتِيَةِ فِي تَرْجَمَةِ محمد بن ابى بكر بن همام كَوْنُهُ مِنْ عُلَمَاءِ الشِّيعَةِ بَلْ كَوْنُهُ فَرِيدَ عَصْرِهِ فِي الْعِلْمِ فَلَاحِظْهَا اَلْبَتَّةَ فَهُوَ مِنَ الْحِسَانِ بِلَاشُبْهَةٍ وعن تقريب ابن حجر عبد الرزاق بن همام بن نافع الحميرى مولاهم ابوبكر الصنعانى الحافظ مُصَنِّفٌ شَهِيرٌ عَمِيَ فِي آخِرِ عُمُرِهِ فَتَغَيَّرَ وَكَانَ يَتَشَيَّعُ

marfat.com
Marfat.com

من التاسعة۔

(تنقیح المقال جلد دوم ص۱۵۰۔ من ابواب العین مطبوعہ نجف اشرف)

ترجمہ:۔ عبدالرزاق بن ہمام الیمانی الصنعانی۔ صنعاء یمن کا باشندہ تھا۔ شیخ نے اسے اپنے رجال اصحاب صادق سے شمار کیا ہے اور کہا کہ عبدالرزاق دونوں یعنی امام باقر اور امام جعفر صادق سے روایت کرتا ہے اور محمد بن ابی بکر بن ہمام کے ترجمہ میں ایک طویل روایت سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ عبدالرزاق شیعہ عالم تھا۔ بلکہ اپنے دور کا علم میں یکتا تھا۔ تو تجھے ملاحظہ کرنا چاہیئے وہ واقعی نیک لوگوں میں سے تھا ابن حجر کی تصنیف تقریب کے حوالے سے عبدالرزاق بن ہمام بن نافع الحمیری حافظ مشہور مصنف اپنی آخری عمر میں نابینا ہو گیا۔ اور اس کے حفظ میں کچھ تبدیلی ہو گئی۔ اور اس میں قوی فرقے کی تشیع پائی جاتی ہے۔

## الکنی والالقاب:

قال ابو محمد هارون بن موسیٰ رحمة الله حدثنا محمد بن همام قال حدثنا احمد بن ما بندار قال اَسْلَمَ اَبِیْ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ مِنْ اَهْلِهٖ وَخَرَجَ مِنَ الْمَجُوْسِیَّةِ فَکَانَ یَدْعُوْا اَخَاهُ سُهَیْلًا اِلٰی مَذْهَبِهٖ فَیَقُوْلُ لَهٗ یَا اَخِیْ اِعْلَمْ اَنَّكَ لَا تَاْلُوْنِیْ نُصْحًا وَلٰكِنَّ النَّاسَ مُخْتَلِفُوْنَ فَكُلٌّ یَدَّعِیْ اَنَّ الْحَقَّ فِیْهِ وَلَسْتُ اَخْتَارُ اَنْ اَدْخُلَ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا عَلٰی یَقِیْنٍ فَمَضَتْ لِذٰلِكَ

marfat.com
Marfat.com

مُدَّۃً وَحَجَّ سَہِیْلُ فَلَمَّا صَدَرَ مِنَ الْحَجِّ قَالَ لِاَخِیْہِ اِنَّ الَّذِیْ کُنْتَ تَدْعُوْا اِلَیْہِ ھُوَ الْحَقُّ قَالَ وَکَیْفَ عَلِمْتَ ذَالِکَ قَالَ لَقِیْتُ فِیْ حَجِّیْ عبدالرزاق بن ھمام الصنعانی وَمَا رَاَیْتُ اَحَدًا مِثْلَہٗ فَقُلْتُ لَہٗ عَلٰی خَلْوَۃٍ نَحْنُ قَوْمٌ مِنْ اَوْلَادِ الْاَعَاجِمِ وَعَہْدُنَا بِالدُّخُوْلِ فِی الْاِسْلَامِ قَرِیْبٌ وَاَرٰی اَھْلَہٗ مُخْتَلِفِیْنَ فِیْ مَذَاھِبِھِمْ وَقَدْ جَعَلَکَ اللّٰہُ مِنَ الْعِلْمِ بِمَا لَا نَظِیْرَ لَکَ فِیْہِ فِیْ عَصْرِکَ مِثْلُہٗ وَاُرِیْدُ اَنْ اَجْعَلَکَ حُجَّۃً فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنْ رَاَیْتَ اَنْ تُبَیِّنَ لِیْ مَا تَرْضَاہُ لِنَفْسِکَ مِنَ الدِّیْنِ لَا تَبِعُکَ فِیْہِ وَاُقَلِّدُکَ فَاَظْھَرَ لِیْ مَحَبَّۃَ اٰلِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وَتَعْظِیْمَھُمْ وَالْبَرَاءَۃَ مِنْ عَدُوِّھِمْ وَالْقَوْلَ بِاِمَامَتِھِمْ۔

(الکنی والالقاب جلد دوم ص ۴۲۷ مطبوعہ تہران)

ترجمہ:۔ محمد بن ہمام بیان کرتا ہے۔ کہ احمد بن ما بندار نے کہا۔ ہمارے خاندان میں سے سب سے پہلے اسلام لانے والے میرے والد تھے۔ اور مجوسیت کو چھوڑ دیا تھا۔ وہ اپنے بھائی سہیل کو بھی اپنے مذہب کی طرف بلایا کرتے تھے۔ کہتے۔ بھائی۔ تُو میری نصیحت قبول نہیں کرتا۔ لیکن لوگ مختلف عقیدے رکھتے ہیں۔ لہٰذا ہر ایک یہی کہتا ہے۔ کہ حق میرے پاس ہی ہے۔ اور میں بغیر یقین کسی

marfat.com
Marfat.com

چیز میں داخل نہیں ہوں گا۔ اسی پر کافی عرصہ گزر گیا۔ سہیل نے حج کیا پھر جب حج سے واپس آیا تو اپنے بھائی سے کہنے لگا۔ جس دین کی آپ دعوت دیتے تھے وہ حق ہے۔ پوچھا تجھے اس کا علم کیونکر ہوا۔ کہنے لگا۔ دوران حج میری ملاقات عبدالرزاق بن ہمام الصنعانی سے ہوئی۔ میں نے اس جیسا کوئی عالم نہیں دیکھا میں نے اُسے تنہائی میں کہا۔ ہم عجمیوں کی اولاد ہیں۔ اور ہمارا اسلام قبول کرنے کا زمانہ بہت قریب ہے۔ اور میں اپنے گھر والوں کو مختلف مذاہب والے دیکھتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں بے مثل علم عطا کیا ہے۔ اور میں چاہتا ہوں۔ کہ اپنے اور اللہ کے درمیان تجھے حجت بناؤں۔ اگر تو اپنا پسندیدہ دین مجھے بتا دے۔ تو میں تیری اتباع کروں گا۔ اور تیری تقلید کروں گا۔ تو اس نے میرے سامنے رسول اللہ کی آل کی محبت ظاہر کی۔ اور ان کی تعظیم کا اظہار کیا۔ ان کے دشمنوں سے بیزاری جتائی۔ اور ان کی امامت کا قول کیا۔

## لمحہ فکریہ:

عبدالرزاق صاحب مصنف کے تشیع پر اہل سنت و شیعہ دونوں کا اتفاق ہے۔ بلکہ شیعہ تو اسے اپنا عالم کہتے ہیں۔ اور مذکورہ حوالہ سے اپنے تشیع کا خود اقرار کر رہا ہے۔ دشمنان آل رسول سے بیزاری دراصل حضرات صحابہ کرام پر تبرا بازی کے مترادف ہے۔ کیونکہ شیعہ لوگ صحابہ کرام کو آل رسول کا دشمن کہتے ہیں۔ اور عبدالرزاق بھی آل رسول کے دشمنوں سے بیزاری کا عقیدہ ظاہر کر رہا ہے۔ اس لیے ثابت ہوا۔ کہ اس میں شیعیت موجود ہے۔ اور پھر

marfat.com
Marfat.com

امامت کو آل رسول میں ہی منحصر کر دینا دراصل ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کی خلافت و امامت کا انکار کرنا ہے۔ مسئلہ امامت اور تبرہ بازی دو معرکۃ الآرا مسئلے ہیں۔ جن میں عبدالرزاق اہل تشیع کی ہمنوائی کر رہا ہے بہر حال عقائد کے بارے میں کسی شخص کے متعلق فیصلہ کرنا کہ وہ شیعہ ہے یا سنی۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ مختلف فیہ مسائل میں اس کا رویہ دیکھا جائے گا۔ وہ کس کی طرفداری کرتا ہے۔ اور پھر جب شیعہ اسے اپنا عالم کہیں۔ تو وہ ہم سے اپنے آدمی کو زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ اور جانتے ہیں کہ کس نے کب اور کہاں کہاں تقیہ کا سہارا لیا۔ ہمارے ہاں تو تقیہ سرے سے ہی ناجائز ہے۔ اس لیے ہم اگر کسی شخص سے اہل سنت کے مسلک کے موافق کچھ پاتے ہیں۔ تو ہم اسے سنی ہی سمجھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ عبدالرزاق صاحب مصنف کو ہمارے علماء نے سنی ہی شمار کیا ہے۔ لیکن جب اس کا تشیع متفق علیہ ہوا۔ تو ایسی عبارات جو شیعیت کی ترجمانی کرتی ہوں۔ وہ ہم اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتیں۔ خلاصہ یہ کہ عبدالرزاق صاحب مصنف کی وہ عبارات جو شیعہ علماء پیش کر کے اہل سنت پر حجت قائم کرنا چاہتے ہیں۔ ان سے حجت قائم نہیں ہو سکتی۔

(فاعتبروا یا اولی الابصار)

marfat.com
Marfat.com

# واقدی محمد ابن عمر کے حالات

جن لوگوں کو اہل تشیع کے مصنفین نے "اہل سنت کا عالم" کہہ کر پیش کیا۔ ان میں سے ایک واقدی محمد ابن عمر بھی ہے۔ اور حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی تمام صحابہ کرام سے افضلیت خود واقدی کی عبارات سے پیش کر کے اسے شیعہ سنی کا متفقہ عقیدہ بنایا جاتا ہے۔ چنانچہ افضلیت علی المرتضٰی رض کے بارے میں واقدی کی روایت ملاحظہ ہو۔

## الکنی والالقاب:

وَهُوَ الَّذِیْ رَوٰی اَنَّ عَلِیًّا عَلَیْهِ السَّلام کَانَ مِنْ مُعْجِزَاتِ النَّبِیِّ صلی الله علیه و سلم کَالْعَصَا لِمُوْسٰی علیه السلام وَاِحْیَاءِ الْمَوْتٰی لِعِیْسٰی بن مریم علیه السلام وَغَیْرِ ذَالِکَ مِنَ الْاَخْبَارِ۔

(الکنی والالقاب جلد سوم ص ۲۸۰ مطبوعہ تہران)

ترجمہ: واقدی وہی شخص ہے۔ جس نے یہ روایت بیان کی "حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ تھے۔ جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ عصا اور عیسیٰ علیہ السلام کا مردے زندہ کرنا تھا! اس کے علاوہ بھی واقدی نے بہت سی روایات ذکر کیں۔

روایت مذکورہ میں یہ تسلیم کیا گیا۔ کہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ ہوئے۔ تو وہ آپ کی صفت ذاتی ہو گئے۔ اور دوسرے

marfat.com
Marfat.com

تینوں خلفاء میں یہ خوبی موجود نہیں۔ لہذا علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں ان کی خلافت و امامت درست نہ ہوئی۔ اور یہ تینوں غاصب ٹھہرے۔ مختصر یہ کہ ہمیں تسلیم کہ واقدی کو ہماری اسماء الرجال کی کتابوں نے سنی کہا لیکن اس کی روایت اس لیے حجت نہیں۔ کہ اسے سخت مجروح کہا گیا۔ اسماء الرجال سے اس کا ثبوت ملاحظہ ہو۔

## تہذیب التہذیب:

وَقَالَ البخاری الواقدی مَدَنِیٌّ سَکَنَ بَغْدَادَ مَتْرُوْکُ الْحَدِیْثِ تَرَکَهٗ اَحْمَدُ و ابن المبارک و ابن نمیر و اسماعیل بن ذکریا وَقَالَ فِیْ مَوْضِعٍ آخَرَ کَذَّبَهٗ احمد وَقَالَ معاویة بن صالح قَالَ لِیْ احمد بن حنبل الواقدی کَذَّابٌ وَقَالَ لِیْ یحیٰی بن معین ضَعِیْفٌ وَقَالَ مَرَّةً لَیْسَ بِشَیْءٍ وَقَالَ مَرَّةً کَانَ یُقَلِّبُ حَدِیْثَ یونس بِغَیْرِهٖ عن معمر لَیْسَ بِثِقَةٍ وَقَالَ مَرَّةً لَیْسَ بِشَیْءٍ۔ قال الشافعی فیما اسنده البیہقی کُتُبُ الْوَاقِدِیْ کُلُّهَا کَذَّابٌ...... وقال النسائی فِی الضعفا الکَذَّابُوْنَ الْمَعْرُوْفُوْنَ بِالْکِذْبِ عَلٰی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَرْبَعَةٌ الْوَاقِدِیْ بالمدینة......

وقال النووی فی شرح المھذب فِیْ کِتَابِ الْغُسْلِ مِنْهُ الواقدی ضَعِیْفٌ بِاتِّفَاقِهِمْ وَقَالَ الذہبی فِیْ مِیْزَانِ اسْتَقَرَّ الْاِجْمَاعُ عَلٰی

marfat.com
Marfat.com

و ھن الواقدی۔

(تھذیب التھذیب ص ۳۶۴ تا ۳۶۸ مطبوعہ بیروت جدید)

ترجمہ:۔

امام بخاری نے واقدی کو متروک الحدیث کہا۔ امام احمد نے اسے ترک کیا اور ابن المبارک۔ ابن نمیر اور اسماعیل بن زکریا نے بھی اسے ترک کیا۔ ایک اور جگہ کہا۔ امام احمد نے اسے جھوٹا کہا۔ معاویہ بن صالح بیان کرتے ہیں کہ مجھے احمد بن حنبل نے بتایا۔ واقدی کذاب ہے۔ یحییٰ بن معین نے مجھے بتایا۔ کہ واقدی ضعیف ہے۔ ایک مرتبہ اسے لیس بشئی کہا۔ کہ واقدی، یونس کی حدیث کو الٹ پلٹ کر دیتا تھا۔ اور معمر کی روایات میں تغیر کرتا تھا یہ ثقہ نہیں ہے۔ امام شافعی سے بیہقی نے بیان کیا۔ کہ واقدی کی تمام کتابیں جھوٹ کا پلندا ہیں۔ امام نسائی نے الضعفاء میں کہا ان معروف جھوٹے چار آدمیوں میں سے ایک واقدی ہے جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھا۔ امام نووی نے شرح المہذب میں اسے ضعیف کہا۔ اور اس کے ضعف پر اتفاق نقل کیا۔ امام ذہبی نے میزان میں کہا۔ کہ واقدی کے کمزور ہونے پر اجماع پختہ ہو چکا ہے۔

قارئین کرام! محمد بن عمر المعروف الواقدی کے متعلق کتب اسماء الرجال کے حوالہ جات سے آپ کو بخوبی علم ہو گیا ہو گا۔ کہ ایسے شخص کی عبارات کو اہل سنت کے خلاف بطور حجت پیش کرنا کس قدر ناانصافی ہے۔ اور پھر الواقدی کی عبارت کو "الکنی والالقاب،، سے نقل کیا گیا۔ جو خود مسلک شیعہ کی ترجمان کتاب ہے

marfat.com

Marfat.com

اس کا حوالہ بھی غیر معتبر ہوا۔ اور جبکہ الواقدی کو اہل تشیع نے اپنا عالم اور امام تسلیم کیا۔ تو پھر رہی سہی کسر بھی ختم ہو گئی۔ ملاحظہ ہو۔

## الکنی و الالقاب:

و قال ابن الندیم ان الواقدی کان یتشیع حسن المذھب یلزم التقیۃ و ھو الذی روی ان علیاً علیہ السلام کان من معجزات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کالعصا لموسیٰ علیہ السلام و احیاء الموتیٰ لعیسیٰ علیہ السلام بن مریم علیہ السلام و غیر ذالک من الاخبار۔

(۱۔ الکنی و الالقاب جلد سوم ص ۲۸۰ مطبوعہ تہران)

(۲۔ اعیان الشیعہ جلد اول ص ۵۴ اجلد ۱۰ ص ...)

(۳۔ تنقیح المقال جلد سوم ص ۱۶۶)

ترجمہ:۔ ابن ندیم نے کہا۔ کہ الواقدی میں تشیع تھا۔ مذہب کا اچھا تھا اور تقیہ کو ضروری سمجھتا تھا۔ یہ وہی شخص ہے۔ جس نے روایت کی۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہیں۔ جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کا عصاء اور عیسیٰ علیہ السلام کا مردے زندہ کرنا تھا۔ اس کے علاوہ بھی کچھ خبریں ایسی ہی ہیں۔

## تنقیح المقال:

و اقول بعد کون الرجل شیعیاً عالماً ینبغی عد حدیثہ فی الحسن و تولیۃ القضاء لا یدل علی فسقہ لامکان کونہ بعد

marfat.com

Marfat.com

حُسْنِ مَذْهَبِهٖ تَوَلّٰی بِاِذْنٍ مِنَ الرِّضَا۔

(تنقیح المقال جلد سوم ص ۱۶۶ باب محمد من

ابواب المیم مطبوعہ نجف اشرف)

ترجمہ: میں کہتا ہوں جبکہ یہ ثابت ہے۔ کہ الواقدی شیعہ عالم تھا تو اس کی حدیث کو "حسن" شمار کرنا چاہیئے۔ اور عہدۂ قضاء قبول کرنا اس کے فاسق ہونے پر دلالت نہیں کرتا۔ کیونکہ اس کے اچھے مذہب کے ہوتے ہوئے ممکن ہے کہ یہ امام رضا کی اجازت سے قاضی بنا ہو۔

## لمحہ فکریہ:

گزشتہ حوالہ جات سے معلوم ہوا۔ کہ الواقدی کو اگر سنی تسلیم کر لیا جائے تو سخت مجروح آدمی ہے۔ لہٰذا اس کی روایات قابل حجت نہ رہیں۔ اور اگر یہ دیکھا جائے۔ کہ خود شیعوں نے اسے شیعہ عالم قرار دیا۔ اور تقیہ کرنا اس کا لازمہ ثابت کیا۔ تو پھر ہو سکتا ہے۔ کہ اس نے سنیت کو بطور تقیہ اختیار کیا ہو۔ اور قرائن اسی کی تصدیق و تائید کرتے ہیں۔ کیونکہ تقیہ باز بہتر سمجھتا ہے۔ لہٰذا اس اعتبار کے پیش نظر بھی اس کی روایات قطعاً اہل سنت پر حجت نہیں ہوں گی۔

# محمد بن اسحاق بن یسار کے حالات

محمد بن اسحاق بن یسار کا بھی محدثین اہل سنت میں شمار کیا جاتا ہے لیکن متفق علیہ راویوں میں سے نہیں ہے۔ اہل تشیع اس کی مرویات کو بھی پیش کر کے حجت کا کام لیتے ہیں۔ خاص کر مروجہ ماتم کے جائز ہونے پر اس کی مندرجہ ذیل

marfat.com

Marfat.com

روایت پیش کی جاتی ہے۔

## سیرت ابن ہشام:

قال ابن اسحاق وحدثنی یحییٰ بن عباد بن عبد اللہ بن الزبیر، عن ابیہ عباد قال سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ علیہ وسلم بَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ وَفِيْ دَوْلَتِيْ لَمْ اَظْلِمْ فِيْهِ اَحَدًا فَمِنْ سَفَهِيْ وَحَدَاثَةِ سِنِّيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قُبِضَ وَهُوَ فِيْ حِجْرِيْ ثُمَّ وَضَعْتُ رَأْسَهٗ عَلٰى وِسَادَةٍ وَقُمْتُ اَلْتَدِمُ مَعَ النِّسَاءِ وَاَضْرِبُ وَجْهِيْ۔

(سیرت ابن ہشام جلد چہارم ص ۳۰۵)

ترجمہ: ابن اسحاق نے کہا (بحذف الاسناد) میں نے حضرت عائشہ سے سنا۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال میری ٹھوڑی اور سینہ کے درمیان ہوا۔ آپ آخری وقت میرے ہی گھر میں تھے میں نے کسی کے ساتھ بھی ظلم نہ کیا۔ میری سفاہت اور لڑکپن کی وجہ تھی۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا میری گود میں انتقال ہوا۔ پھر بعد انتقال میں نے آپ کا سر انور ایک تکیہ پر رکھ دیا۔ اور عورتوں کو بلا کر میں نے ان کے ساتھ اپنا چہرہ پیٹا۔

یہ اور اس قسم کی دوسری روایات سے اہل تشیع مروجہ ماتم کو اہل سنت کی کتب سے ثابت ہونا بیان کرتے ہیں۔ ہم نے اس اعتراض کا تفصیلی جواب

marfat.com
Marfat.com

تحریر کر دیا ہے۔ خلاصۃً یہ کہ ابن اسحاق کو اگر اہل سنت کا عالم تسلیم کر بھی لیا جائے۔ تو پھر بھی یہ بالاتفاق ثقہ راوی نہیں۔ بلکہ سخت مجروح ہے۔

## تہذیب التہذیب:

وقال مالک دَجَّالٌ مِنَ الدَّجَاجِلَۃِ............

وقال الزبیری عن الدراوردی وَجُلِدَ ابْنُ اسحاق یَعْنِی فِی الْقَدْرِ وَقَالَ الْجَوْزَجَانِی النَّاسُ یَشْتَھُوْنَ حَدِیْثَہٗ وَکَانَ یُرْمٰی بِغَیْرِ نَوْعٍ مِنَ الْبِدَعِ وقال موسیٰ بن ہارون سَمِعْتُ محمد بن عبد اللہ بن نمیر یَقُوْلُ کَانَ محمد بن اسحاق یُرْمٰی بِالْقَدْرِ.....وقال احمد بن حَنْبَلٌ کَانَ ابن اسحاق یُدَلِّسُ سَمِعْتُ اباعبد اللہ یقول ابن اسحاق لَیْسَ بِحُجَّۃٍ..........وَقَالَ مَیْمُوْنِی عن ابن معین ضَعِیْفٌ قال النسائی لَیْسَ بِقَوِیٍّ۔

(تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۴۱ تا ۴۴)

ترجمہ:۔

امام مالک نے ابن اسحاق کو دجال کہا۔ زبیری نے دراوردی سے نقل کیا۔ کہ ابن اسحاق کو قدریہ ہونے پر کوڑے مارے گئے۔ جوزجانی نے کہا۔ کہ لوگ ابن اسحاق کی احادیث کی خواہش کیا کرتے تھے۔ اور اس میں بدعت کی کوئی نوع باقی نہ تھی موسیٰ بن ہارون نے کہا۔ میں نے محمد بن عبداللہ بن نمیر کو یہ کہتے

marfat.com

Marfat.com

سنا کہ محمد ابن اسحاق قدریہ ہونے میں مطعون تھا۔ حنبل بن اسحاق نے کہا۔ میں نے عبداللہ سے سنا۔ کہ ابن اسحاق "لیس بشئی" ہے۔ ابن معین سے میمونی بیان کرتا ہے۔ کہ ابن اسحاق ضعیف ہے اور نسائی نے بھی "لیس بقوی" کہا۔

## میزان الاعتدال:

وقال ابو داؤد قَدَرِیٌّ مُعْتَزِلِیٌّ وقال سلیمان التیمی كَذَّابٌ وقال وَهَيْبٌ سَمِعْتُ هشام بن عروة يقول كَذَّابٌ)

(میزان الاعتدال جلد سوم ص ۲۱ حرف المیم مطبوعہ مصر قدیم)

ترجمہ:۔ ابو داؤد نے کہا۔ کہ ابن اسحاق قدری معتزلی ہے۔ سلیمان تیمی نے اسے کذاب کہا۔ وہیب نے بیان کیا۔ کہ ہشام بن عروہ اسے کذاب کہتے تھے۔

قارئین کرام! کتبِ اسماء الرجال (اہل سنت) سے آپ نے محمد بن اسحاق کا مقام و مرتبہ معلوم کیا۔ کذاب تک کہا گیا۔ بہر حال سخت تنقید کا نشانہ بنا۔ چاہے اس کی وجہ کوئی بھی ہے۔ اس لیے اس کی مروجہ ماتم کے ثبوت پر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ روایت سے استدلال درست نہیں ہو سکتا۔ علاوہ ازیں اگرچہ کتب اہل سنت میں سے بعض نے اسے صدوق کہا ہے۔ لیکن یہ "متفق علیہ" نہیں۔ اور ہماری کتب یہ ثابت بھی کرتی ہیں۔ کہ محمد بن اسحاق میں تشیع پایا جاتا تھا۔

marfat.com

Marfat.com

## تقریب التہذیب:-

محمد بن اسحاق یسار ابو بکر المطلبی
مولا ھم المدنی تنزیل العراق امام المغازی
صَدُوْقٌ یُدَلِّسُ وَرُمِیَ بِالتَّشَیُّعِ وَالْقَدرِ -
(تقریب التہذیب جلد دوم ص ۱۴۴ مطبوعہ
بیروت)

ترجمہ:- محمد بن اسحاق یسار المطلبی المدنی عراق میں رہائش پذیر ہوا - امام المغازی تھا. صدوق تھا - اور تدلیس کیا کرتا تھا - علاوہ ازیں اور قدریہ ہونے کا بھی اسکی طرف نسبت کی گئی ہے یاد رہے محمد بن اسحاق میں وجود تشیع کی وجہ سے اس کی وہ روایات جو مسلک اہلسنت کے خلاف ہیں - وہ ہم اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتیں - اور پھر خود شیعوں نے اسے اپنا امام تسلیم بھی کیا ہے - ثبوت ملاحظہ ہو -

## اعیان الشیعہ:

محمد بن اسحاق بن یسار المدنی صاحب
السیر و المغازی نَصَّ عَلٰی تَشَیُّعِہٖ اِبْنُ حَجَرٍ
فِی التَّقْرِیْبِ وَذَکَرَہٗ اَصْحَابُنَا فِی عُلَمَاءِ الشِّیْعَۃِ
وَقَالَ الْعُلَمَاءُ اَنَّہٗ اَعْلَمُ النَّاسِ بِالمغازی
وَاَحْفَظُہُمْ وَاَعْرَفُھُمْ بِفُنُوْنِ الْعِلْمِ
(اعیان الشیعہ جلد اول ص ۱۵۳ ذکر طبقات
المورخین من الشیعۃ مطبوعہ بیروت
لبنان جدید)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ:۔ محمد بن اسحاق صاحب السیر والمغازی کے تشیع پر ابن حجر نے تقریب میں نص وارد کی۔ اور اسے ہمارے شیعہ احباب نے علماء الشیعہ میں سے ذکر کیا ہے۔ اور علماء نے یہ بھی کہا ہے۔ کہ مغازی کے موضوع کا یہ سب سے بڑا حافظ، عالم اور فنون کا علم ماہر تھا۔

## تنقیح المقال:۔

محمد بن اسحاق بن یسار المدنی عدّہ الشیخ فی رجالہ من اصحاب الصادق......

وعلی کل حال فظاھر الشیخ ان الرجل امامی ونص علیہ ابن حجر فی التقریب حیث قال محمد بن اسحاق بن یسار ابوبکر المطلبی مولاھم المدنی نزیل العراق امام صدوق یدلس ورمی بالتشیع والقدر من صغار الخامسۃ۔

(تنقیح المقال جلد دوم من ابواب المیم ص ۷۹ مطبوعہ تہران)

ترجمہ:۔ محمد بن اسحاق مدنی کو شیخ نے اپنے ان رجال میں سے شمار کیا ہے۔ وہ امام جعفر صادق کے اصحاب میں سے تھے۔ بہرحال شیخ نے اس کے امامی ہونے کی تصریح کر دی ہے اور ابن حجر نے تقریب میں اس کے متعلق لکھا کہ امام صدوق اور تدلیس کرنے والا تھا۔ تشیع اور قدریہ کا بھی اس پر الزام ہے۔

## خلاصہ:

محمد بن اسحاق صاحب المغازی کو اگر اہل سنت قرار دیا جائے۔ تو

marfat.com
Marfat.com

بوجہ سخت مجروح ہونے کے اس کی روایات قابل احتجاج نہیں ۔اور جب اس کے تشیع کو دیکھا جائے جسے اہل سنت اور اہل تشیع دونوں نے تسلیم کیا ہے ۔ تو پھر اس کی ایسی روایات جو مسلک اہل سنت کے خلاف ہیں ۔ وہ اہل سنت پر حجت کا کام نہیں دے سکتیں ۔لہٰذا سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے ماتم کی روایت سے اہل سنت کے ہاں جوازِ ماتم پر استدلال پیش کرنا بعید از عقل ہے ۔علاوہ ازیں مائی صاحبہ رضی اللہ عنہا جب اسے اپنے بچپن کی غلطی خود تسلیم کر رہی ہیں ۔ تو پھر سرے سے ہی استدلال "ھَبَاءً منثورا" ہو گیا ۔

(فاعتبروا یا اولی الابصار)

# شیعہ مجتہد ابو حنیفہ نعمان کے حالات

ابو حنیفہ نعمان نامی شیعہ عالم کا ذکر ہم نے اس لیے ضروری سمجھا ۔ تاکہ اہل سنت کے امام جناب ابو حنیفہ نعمان بن ثابت اور اسی نام و کنیت کے شیعہ عالم کے درمیان امتیاز ہو جائے ۔ اور اس شیعہ ابو حنیفہ کی ایک فقہی عبارت سے یہ وہم دور ہو جائے ۔ کہ اس کا قائل ابو حنیفہ نعمان بن ثابت نہیں بلکہ ابو حنیفہ شیعی ہے ۔ اگرچہ یہ مسئلہ فقہ جعفریہ کتاب النکاح میں ہم نے تحریر کر دیا ہے ۔ لیکن شیعہ سنی مصنفین کے امتیاز کے پیش نظر اسے مستقل ذکر کرنا ضروری سمجھا ۔ "لف حریر" مشہور مسئلہ کے بارے میں اس شیعی ابو حنیفہ کی عبارت درج ذیل ہے

**ذخیرۃ المعاد :**

س ۔ اگر شخص آلت خود را بپیچد بدست مال حریر و نخواں کرمات

marfat.com
Marfat.com

حاصل نشود و در زمان جماع و ہم چنین مماست حاصل نشود بجہت کشادی فرج یا باریکی آلت آیا غسل واجب است یا نہ؟

ج ۔ لزوم غسل خالی از قوت نیست و از ابو حنیفہ نقل شدہ کہ جماع در فرج محارم بالف حریر جائز است ۔ ذخیرۃ المعاد ص۹ از شیخ العابدین باب الطہارۃ غسل جنابۃ مطبوعہ لکھنو)

**ترجمہ:** س ۔ اگر کوئی شخص اپنے ذکر کو ریشمی رومال یا اس کی مثل کسی اور چیز سے لپیٹ لے ۔ کہ جس کی وجہ سے مرد عورت کی شرمگاہ میں بوقت جماع مس نہ پایا جائے ۔ اور اسی طرح عورت کی شرمگاہ کشادہ ہونے یا مرد کا ذکر بہت باریک ہونے کی صورت میں مس نہ پایا جائے ۔ تو کیا غسل واجب ہے یا نہیں؟

ج ۔ غسل کا لازم ہونا مضبوط دکھائی دیتا ہے ۔ اور ابو حنیفہ سے منقول ہے ۔ کہ محارم کے ساتھ ریشم لپیٹ کر جماع کرنا جائز ہے ۔

"ذخیرۃ المعاد .. کی مذکورہ عبارت پر محشی نے لف حریر کے مسئلہ کو جو ابو حنیفہ کے نام سے لکھا گیا ہے ۔ اسے اہل سنت کے امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کر کے اپنے شیعہ مذہب میں اس کی تردید کا قول کیا ہے ۔ محشی کی عبارت ملاحظہ ہو ۔

## حاشیہ ذخیرۃ المعاد :

دستخطے علماء لکھنو دریں باب دارم کہ جناب مفتی سید محمد عباس تستری نوشتہ کہ ایلاج ذکر در فرج زن دخول و جماع است اگرچہ ذکر ملفوف باشد و ابو حنیفہ امام اعظم سنیان است در شیعہ

marfat.com
Marfat.com

قابل ایں قول و عالم ایں کنیت غیر معلوم مدعی باید اثبات کند واللہ اعلم۔
(مذکورہ عبارت پر حاشیہ ذخیرۃ المعاد ص ۹۵ مطبوعہ لکھنؤ۔)

ترجمہ:۔

میرے پاس لکھنؤ کے علماء کے دستخط ہیں۔ کہ جناب مفتی سید محمد عباس قبلہ نے لکھا ہے۔ مرد کا آلۂ تناسل، عورت کے فرج میں داخل ہو جانا دخول اور جماع کہلاتا ہے۔ اگرچہ مرد کا آلۂ تناسل کسی کپڑے وغیرہ میں لپٹا ہوا ہی کیوں نہ ہو۔ اور رابو حنیفہ سنیوں کا امام اعظم ہے۔ شیعہ میں یہ قول اور اس کنیت کا عالم ناقابلِ اعتبار ہے۔ مدعی کو چاہیے کہ ہمارے کسی شیعہ عالم کی یہ کنیت ثابت کر دکھائے۔ واللہ اعلم۔

# ابو حنیفہ سُنی اور ابو حنیفہ شیعہ کا تعارف اور فرق

## الکنی و الالقاب:

النعمان ابن ثابت بن زوطی بن ماہ مولی تیم اللہ بن ثعلبہ الکوفی اَحَدُ الاَئِمَّۃِ الاَربَعَۃِ السُّنِّیَّۃِ صَاحِبُ الرَّاْیِ وَالقِیَاسِ وَالفَتَاوٰی المَعرُوفَۃِ الفِقْہِیَّۃِ

(الکنی و الالقاب جلد اول ص ۵۳ مطبوعہ تہران)

ترجمہ:۔ نعمان بن ثابت بن زوطی بن ماہ الکوفی اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک ہوئے ہیں۔ رائے قیاس اور فقہی فتاوی میں معروف

marfat.com
Marfat.com

شخصیت ہیں۔

## مجالس المومنین:

در تاریخ ابن خلکان و ابن کثیر شامی مسطور است کہ او یکے از فضلائے مشار الیہ بود و در علم فقہ و دین و بزرگی بمرتبہ رسیدہ بود کہ مزیدی بر آں متصور نہ بود و در اصل مالکی مذہب بود و بعد از آں بمذہب امامیہ انتقال نمود و او را مصنفات بسیار است مانند کتاب اختلاف اصول المذاہب و کتاب اختیار در فقہ و کتاب الدعوۃ للعبیدین و از ابن زولاق روایت نمودہ کہ نعمان بن محمد القاضی در غایت فضل و از اہل قرآن و عالم بود بوجوہ فقہ و اختلاف فقہاء و عارف بود بوجوہ فقہ و اختلاف فقہاء و عارف بود بوجوہ لغت و شعر و تاریخ و بحلیہ عقل و انصاف آراستہ بود و در مناقب اہل بیت چندیں ہزار ورق تالیف نمودہ بود بہ نیکو ترین تالیفے و لطیف ترین سجعی و در مثالب اعداء و مخالفان ایشان نیز کتابے تالیف نمودہ و او را کتابہا است کہ در آنجا رد بر ابو حنیفہ کوفی و مالک و شافعی و ابن شریح و غیر ایشاں از مخالفاں نمودہ و از مصنفات او کتاب اختلاف فقہا است کہ در آنجا نصرت مذہب اہل بیت نمودہ و او را قصیدہ ایست در علم فقہ و ابو حنیفہ مذکور ہمراہ معز الدین اللہ خلیفہ فاطمی از مغرب بمصر آمدہ در ماہ رجب سنۃ ثلاث و ستین و ثلثمائۃ در مصر وفات یافت۔ (مجالس المومنین جلد اول ص ۵۲۸-۵۲۹۔ ابو حنیفہ نعمان بن محمد مطبوعہ تہران۔ خیابان)

(الکنی والالقاب جلد اول ص ۵۷)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ: تاریخ ابن خلکان اور ابن کثیر شامی میں تحریر ہے۔ کہ (ابو حنیفہ شیعی) یہ مشہور و معروف زمانہ آدمی تھا۔ علم فقہ اور دین و بزرگی میں ایسے مرتبہ و مقام پر فائز تھا کہ اس سے زیادہ کا تصور نہیں ہو سکتا۔ دراصل مالکی المذہب تھا۔ اور پھر اس کے بعد مذہب امامیہ کی طرف منتقل ہو گیا۔ اس کی بہت سی تصنیفات ہیں۔ مثلاً کتاب اختلاف اصول المذاہب، کتاب اختیار در فقہ اور کتاب الدعوۃ للعبیدین۔ ابن زولاق سے مروی ہے کہ نعمان بن محمد القاضی بہت بڑا فاضل اور قرآن و علوم قرآن کا بہت بڑا عالم تھا۔ اور وجوہ فقہ کا بہت جاننے والا تھا۔ لغت، شعر اور تاریخ کا عارف تھا۔ عقل و انصاف کے زیور سے آراستہ تھا۔ اہل بیت کے مناقب میں کئی ہزار صفحات تحریر کیے۔ اس کی تالیفات بہت اچھی اور ان کی عبارت بڑی مسجع تھی۔ اہل بیت کے دشمنوں کی چیرہ دستیاں اور مظالم پر اس کی تصنیفات ہیں۔ اور اس کی کچھ تصنیفات میں امام ابو حنیفہ کوفی، امام مالک، اور امام شافعی، قاضی شریح وغیرہ اکابر اہل سنت جو اس کے مخالف ہیں۔ ان کا رد بلیغ لکھا ہے۔ اس کی تصنیفات میں سے ”اختلاف فقہا“ نامی کتاب ہے۔ اس میں اس نے اہل بیت کے مذہب کی پُر زور حمایت کی۔ اور علم فقہ میں اس کا ایک قصیدہ بھی ہے۔ یہ ابو حنیفہ (شیعی المذہب) معزالدین خلیفہ فاطمی کے ساتھ مغرب مصر میں آیا۔ اور رجب ۳۶۳ھ میں وہیں انتقال کر گیا۔

## اعیان الشیعہ:

القاضی ابو حنیفہ النعمان بن محمد المصری

marfat.com

Marfat.com

قاضی الفاطمیین قال ابن خلکان کان مالکیا
ثم انتقل الی مذهب الامامیۃ لہ کتاب الاخبار فی الفقہ
وکتاب الاقتصار فی الفقہ ذکرہ الامیر مختار المسبحی
فی تاریخہ فقال کان من الفقہ والدین
والنبل علی ما لا مزید علیہ وقال ابن
زولاق کان فی غایۃ الفضل عالما بوجوہ
الفقہ ومن مؤلفاتہ فی الحدیث کتاب
دعائم الاسلام۔

(اعیان الشیعہ جلد اول ص ۴۴ مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: ابو حنیفہ نعمان بن محمد مصری فاطمی عقیدہ والوں کا قاضی تھا۔ ابن خلکان نے کہا۔ کہ پہلے مالکی المذہب تھا۔ پھر اسے چھوڑ کر امامی المذہب ہو گیا۔ اس کی ایک کتاب الاخبار اور دوسری الاقتصار فقہ کے موضوع پر تھا۔ امیر مختار نے اپنی تاریخ میں اس کا ذکر کیا ہے۔ کہ فقہ، دین اور عقل و حزم میں آخری درجہ پر فائز تھا۔ ابن زولاق کا کہنا ہے کہ بہت بڑا عالم اور وجوہ فقہ کا ماہر تھا۔ دعائم الاسلام نامی کتاب فن حدیث پر اس نے لکھا ہے۔

## لمحہ فکریہ:

"ذخیرۃ المعاد" جو شیعہ مسلک کی کتاب ہے۔ اس میں ابو حنیفہ کنیت والے شخص کا ایک فقہی مسئلہ لکھا تھا۔ جسے لعت حریر کہا جاتا ہے۔ اس ابو حنیفہ کنیت والے شخص کو مذکورہ کتاب کے حاشیہ لکھنے والے نے بڑی دلیری

marfat.com
Marfat.com

سے یہ ثابت کر دیا تھا۔ کہ یہ ابو حنیفہ اہل سنت کا امام اعظم ہے۔ اور لعنت ہو اس کا مسئلہ ہے۔ ہم اہل تشیع کا نہ یہ مسلک ہے۔ اور نہ ہی اس کیفیت کا کوئی آدمی ہمارے اندر ہوا۔ الخ۔ یہ محشی کی عیاری اور فریب دینے کی کوشش تھی۔ خود شیعہ مصنفین کو تسلیم کہ ایک ابو حنیفہ ہمارا مجتہد بھی ہے۔ جو

۱۔ ابو حنیفہ نعمان بن محمد مصری ہے۔ جبکہ اہل سنت کا امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کوفی ہے۔

۲۔ یہ فاطمی مسلک کے لوگوں کا قاضی تھا۔ جبکہ امام اعظم نے عہدۂ قضا قبول ہی نہیں کیا تھا۔

۳۔ یہ پہلے مالکی تھا پھر امامی ہو گیا۔ جبکہ ابو حنیفہ امام اعظم خود ائمہ اربعہ میں سے ایک مجتہد مطلق ہوئے ہیں۔

۴۔ اس نے مذہب امامیہ کی تائید اور سنی ائمہ ابو حنیفہ کوفی، امام مالک، امام شافعی وغیرہ کی بھرپور تردید کی۔

۵۔ یہ فاطمی خلیفہ معز الدین کے ساتھ مصر آیا۔ اور ۳۶۳ھ میں فوت ہوا جبکہ امام اعظم ابو حنیفہ نہ فاطمی خلیفہ کے ساتھ مصر آئے۔ اور نہ ہی آن کا وصال مذکورہ سن میں ہے۔ بلکہ وہ اس سے پہلے ہی انتقال کر گئے تھے۔

لہٰذا ان حقائق کے پیش نظر ذخیرۃ المعاد میں جس ابو حنیفہ کی بات لکھی گئی وہ شیعی ابو حنیفہ ہے۔ اور اس کے الفاظ کی روشنی میں ہر شیعہ اپنی ماں، بہن، بیٹی وغیرہ سے اگر اس طرح جماع کرے۔ کہ اپنے ذکر پر کوئی ریشمی کپڑا وغیرہ لپٹا ہوا ہو۔ تو وہ جائز ہے۔ یہ شیعوں کا مسئلہ ایک شیعہ مجتہد اور ہر علم و فن کا ماہر لکھ رہا ہے۔ جس کی بقول شیعہ، اپنے زمانے میں نظیر نہ تھی۔ اب شرم کی کون سی بات ہے۔ بھلا ہو تمہارے ابو حنیفہ کا کہ آسان اور کم خرچ وظیفہ بن گیا ہے

marfat.com

Marfat.com

خواہ مخواہ اسے سُنّی ابو حنیفہ کی طرف منسوب کر رہے ہو۔ اور اپنے عالم، مجتہد اور بے نظیر محقق کو ہیرا پھیری سے سنی ابو حنیفہ قرار دے کر بحوالہ جامع الاخبار کتے اور خنزیر سے بدتر قرار دے رہے ہو۔ بہر حال ان چند سطور سے ہم نے دونوں ابو حنیفہ کنیت والے اشخاص کے درمیان امتیاز واضح کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ حق و باطل کا امتیاز سمجھنے اور قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# سنی ۳

# کفایۃ الطالب مصنفہ محمد بن یوسف بن محمد قرشی گنجی

## محمد بن یوسف بن محمد قرشی گنجی صاحب کفایۃ الطالب کے حالات

غلام حسین نجفی شیعی نے اپنی تصنیف قول مقبول میں بہت سے مقامات پر "کفایت الطالب" کے حوالہ جات پیش کیے اور کہا کہ یہ اہل سنت کی معتبر کتاب ہے۔ اس طرح اس نے بزعم خود اپنے باطل عقائد کو ان حوالہ جات سے سہارا دینے کی کوشش کی۔ حالانکہ اس کتاب کا مصنف محمد بن یوسف بن محمد قرشی گنجی خود شیعہ ہے۔ اس نے اپنے مسلک کی بھرپور تائید میں کئی ایک باتیں لکھیں۔ جن کا اہل سنت کے معتقدات سے کوئی تعلق نہیں۔ ذیل میں چند عبارات ملاحظہ ہوں۔

marfat.com

Marfat.com

# سیدہ فاطمہ کے زفاف کے وقت فرشتوں نے تکبیریں کہیں۔ لہٰذا ایسے وقت تکبیریں کہنا سنّت ٹھہرا

## عبارت نمبر(۱) کفایۃ الطالب:

قَالَ فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِلَى سَلْمَانَ فَقَالَ يَا سَلْمَانُ اِئْتِنِىْ بِبَغْلَتِي الشَّهْبَاءِ فَاَتَاهُ بِبَغْلَتِهِ الشهباء فَحَمَلَ عَلَيْهَا فَاطِمَةَ فَكَانَ سلمان رضی اللہ عنہ يَقُوْدُ وَرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْمُ بِهَا فِيْنَا هُوَ كَذَالِكَ اِذْ سَمِعَ حِسًّا خَلْفَ ظَهْرِهِ فَالْتَفَتَ فَاِذَا هُوَ بِجِبْرَئِيْل و ميكائيل واسرافيل فِيْ جَمْعٍ كَثِيْرٍ مِّنَ الْمَلٰئِكَةِ فَقَالَ يَا جِبْرَئِيْل وَمَا اَنْزَلَكُمْ قَالُوْا نَزَلْنَا نُزِفُّ فَاطِمَةَ اِلٰى زَوْجِهَا فَكَبَّرَ جِبْرَئِيْل ثُمَّ كَبَّرَ ميكائيل ثُمَّ كَبَّرَ اِسْرَافِيْلُ ثُمَّ كَبَّرَتِ الْمَلٰئِكَةُ ثُمَّ كَبَّرَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم ثُمَّ

marfat.com

Marfat.com

كَبَّرَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ فَصَارَ التَّكْبِيْرُ خَلْفَ الْعَرَائِسِ سُنَّةً مِّنْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ

(كفاية الطالب ص ۳۰۳)

ترجمہ:۔ بیان کیا۔ کہ جب رات کا وقت آیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلمان فارسی کو بلوایا۔ جب آئے تو انہیں فرمایا۔ سلمان! میرا خچر شہبا لاؤ۔ وہ لے آئے۔ آپ نے اس پر سیدہ فاطمہ کو بٹھایا۔ سلمان اس کو آگے سے پکڑے ہوئے تھے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نگرانی فرما رہے تھے۔ اسی دوران ایک آواز محسوس ہوئی۔ جو پشت کی طرف سے آ رہی تھی۔ آپ نے مڑکر دیکھا۔ تو جبرئیل، میکائیل اور اسرافیل بہت سے فرشتوں کی جماعت کے ساتھ اترے تھے۔ پوچھا اے جبرئیل! تم کیوں آئے ہو! کہا۔ ہم سیدہ فاطمہ کو ان کے زوج کی طرف زفاف کے لیے آئے ہیں۔ جبرئیل نے اس کے بعد تکبیر کہی۔ پھر میکائیل پھر اسرافیل پھر تمام موجود فرشتوں نے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور پھر سلمان فارسی نے تکبیر کہی۔ پس اس رات کے واقعہ کے بعد بارات کے پیچھے تکبیر کہنا سنت ہوگیا۔

**نوٹ:۔**

"التکبیر خلف العرائس سنۃ" جو کفایۃ الطالب میں ابھی آپ نے پڑھی یہی نظریہ کتب شیعہ میں موجود ہے۔ ملاحظہ ہو۔

**جلاء العیون:**

چوں شب زفاف شد جبرئیل و میکائیل و اسرافیل با ہفتاد ہزار ملک

marfat.com

Marfat.com

بزیر آمدند دلدل را برائے فاطمہ آوردند و جبرئیل لجام آنرا گرفت و اسرافیل رکاب را گرفت و میکائیل ایستادہ بود در پہلوئے دلدل و حضرت رسول جامہائے او را درست میکرد پس جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و جمیع ملائکہ تکبیر گفتند و سنت جاری شد در تکبیر گفتن در زفاف تا روز قیامت۔ (جلاء العیون جلد اول ص ۱۹۳)

ترجمہ:

جب زفاف کی رات آئی۔ جبرئیل، میکائیل، اسرافیل اور ان کے ساتھ ستر ہزار فرشتے زمین پر آئے۔ سیدہ فاطمہ کے لیے دلدل کو تیار کیا جبرئیل نے لگام تھامی۔ اسرافیل نے رکاب پکڑی اور میکائیل دلدل کے پہلو میں کھڑے ہو گئے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ کے کپڑے درست کر رہے تھے۔ پس جبرئیل، میکائیل، اسرافیل اور تمام فرشتوں نے تکبیر کہی اور زفاف کے وقت تکبیر کہنا تا قیامت سنت ہو گیا۔

لمحہ فکریہ:

کفایۃ الطالب اور جلاء العیون دونوں کی تحریر ایک ہی مسئلہ کو مختلف الفاظ سے واضح کر رہی ہے۔ یہ سبھی جانتے ہیں۔ کہ زفاف کے وقت تکبیر کہنا اہل تشیع کا مسلک ہے۔ لہذا محمد بن یوسف قرشی گنجی اس نظریئے کی وجہ سے سُنی نہیں۔ اس لیے نجفی کا اسے معتبر اہل سنت قرار دینا دھوکہ ہے۔ اور غلط بیانی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# جن پر علی ناراض ہو وہ شیطانی نطفہ ہے

## عبارت ۲ کفایۃ الطالب:

عَنِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ عَلِیُّ ابْنُ ابِیطالِبٍ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم عِنْدَ الصَّفَاءِ وَھُوَ مُقْبِلٌ عَلٰی شَخْصٍ فِی صُوْرَۃِ الْفِیْلِ مِنْکَ یَنْقِیْہٗ فَقُلْتُ وَمَنْ ھٰذَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ ھٰذَا الشَّیْطَانُ الرَّجِیْمُ فَقُلْتُ وَاللّٰہِ لَاَقْتُلَنَّکَ وَلَاُرِیْحَنَّ الْاُمَّۃَ مِنْکَ قَالَ مَاھٰذَا وَاللّٰہِ جَزَائِیْ مِنْکَ قُلْتُ وَ مَاجَزَائُکَ مِنِّیْ یَاعَدُوَّ اللّٰہِ؟ قَالَ وَاللّٰہِ مَا اَبْغَضَکَ اَحَدٌ قَطُّ اِلَّا شَارَکْتُ اَبَاہُ فِیْ رِحْمِ اُمِّہٖ (کفایۃ الطالب ص ۷۰) بجز آخر

**ترجمہ:** ابن عبد اللہ کہتے ہیں کہ علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صفا کے قریب ایک ہاتھی کی شکل کے انسان کی طرف متوجہ کھڑے دیکھا۔ آپ اسے تلقین فرما رہے تھے۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! یہ کون ہے؟ فرمایا یہ شیطان مردود ہے۔ میں نے کہا۔ خدا کی قسم! اے اللہ کے دشمن میں تجھے ضرور قتل کر دوں گا اور امت محمدیہ کو تجھ سے نجات دے دوں گا۔ شیطان بولا۔ خدا کی قسم! تمہاری طرف سے میری یہ جزا نہیں۔ پوچھا۔ پھر وہ کیا ہے؟ کہنے لگا۔

marfat.com
Marfat.com

خدا کی قسم! جو بھی تم سے بغض رکھے گا میں اس کے باپ کے نطفہ میں شکم مادر کے اندر شریک ہو جاؤں گا۔

## توضیح:

روایت مذکورہ کا خلاصہ یہ ہوا کہ جس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ ناراض ہوں۔ یا جو آپ سے بغض رکھے۔ وہ شیطانی نطفہ ہے۔ یعنی شیطان نے اس کے باپ کے جماع کرتے وقت جماع میں شرکت کر لی تھی۔ یہ عقیدہ بھی شیعہ خرافات میں سے ہے صاحب کفایۃ الطالب نے اس کی تخریج تاریخ بغداد جلد سوم ص ۲۹۰ سے کی ہے وہاں اس واقعہ کے ساتھ یہ بھی موجود ہے۔ کہ اس کا راوی محمد بن مزید بن محمود غالی شیعہ تھا۔ یہی کفایۃ الطالب کا حوالہ نجفی نے قول مقبول ص ۵۶۴ پر درج کر کے ثابت کیا۔ کہ جن سے علی ناراض ہوں وہ نطفہ شیطانی ہیں۔ تو جب صاحب کفایۃ الطالب خود شیعہ اور اس واقعہ کا اصل راوی بھی غالی شیعہ تو پھر یہ اہل سنت پر حجت کیونکر ہوگا۔ اسے اہل سنت کی معتبر کتاب کے عنوان سے پیش کرنا نہایت حماقت اور اعلیٰ درجے کی بددیانتی ہے۔

# عرش پر شیعوں کا کلمہ لکھا ہوا ہے

## عبارت سوم: کفایۃ الطالب:

عن ابی ھریرۃ قال مکتوب علی العرش لا الٰہ الا اللہ وحدی لا شریک لی ومحمد عبدی ورسولی ایدتہ بعلی۔ (کفایۃ الطالب ص ۲۳۴)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ: ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرش پر یہ کلمہ لکھا ہوا ہے۔ لا الہ الا اللہ الخ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں میں ایک ہوں میرا کوئی شریک نہیں۔ محمد میرے بندے اور رسول ہیں۔ میں نے علی المرتضٰے رض کے ذریعہ ان کی تائید کی۔

# تمام پیغمبروں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولایت اور علی المرتضٰے کی ولایت کا عہد لیا گیا۔

## عبارت ۲ کفایۃ الطالب:

عن عبد اللہ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یا عبد اللہ اتانی ملک فقال یا محمد و اسئال من ارسلنا من قبلک علی ما بعثوا۔ قال قلت علی ما بعثوا قال علی ولایتک و ولایۃ علی ابن ابی طالب

(کفایۃ الطالب ص ۷۵)

ترجمہ: عبد اللہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا۔ اے عبد اللہ! میرے پاس ایک فرشتہ آیا۔ اور کہا کہ ان پیغمبروں کے بارے میں سوال کریں۔ جو آپ سے پہلے تشریف لائے۔ کہ انہیں کس لیے بھیجا گیا۔ میں نے پوچھا تم ہی بتا دو۔ کہنے لگا آپ کی

marfat.com
Marfat.com

ولائت اور علی المرتضٰے رضؓ کی ولائت پر۔

## لمحہ فکریہ:

جیسا کہ یہ بات جانی پہچانی ہے۔ کہ اہل سنت کے عقائد کے مطابق حضرات انبیائے کرام تمام مخلوق سے افضل ہیں۔ اور یہی عقیدہ اہل تشیع کا بھی ہونا چاہیئے تھا کیونکہ ان کی فقہ کے امام حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے بحوالہ رجال کشی فرمایا۔ جو ہمیں پیغمبر کہے اس پر خدا کی لعنت،، امام موصوف کے اس ارشاد کے بالکل برعکس اہل تشیع عقیدہ رکھتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ تمام انبیاء سے افضل ہیں۔ اور صاحب کفایۃ الطالب بھی اسی عقیدہ کی مؤیدہ روایات درج کر رہا ہے۔ جب اس کے نزدیک حضرات انبیاء کرام کی رسالت و نبوت اس بات پر موقوف ہے۔ کہ وہ ولایت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کا بھی اقرار کریں۔ تو اس عبارت سے اس کے قائل کے نظریات کا بخوبی علم ہو سکتا ہے۔ اس لیے نہ تو کفایۃ الطالب اہل سنت کی معتبر کتاب اور نہ اس کا مصنف سنیوں کا قابل اعتبار عالم۔ جن لوگوں نے اسے اہل سنت کی معتبر کتاب کے عنوان سے پیش کیا انہوں نے دراصل اپنے دین کے ستون عظیم "تقیہ،، کا سہارا لیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# جنت میں علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا محل حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے محل کے مقابلہ میں ہوگا

## عبارت ۵ کفایۃ الطالب:

عن عبد اللہ بن ابی اوفی قال خرج رسول اللہ ذات یوم علی اصحابہ اجمع ما کانوا فقال یا اصحاب محمد لقد ارانی اللہ تعالیٰ منازلکم من منزلی۔ قال ثم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخذ بید علی فقال یا علی اما ترضیٰ ان یکون منزلک فی الجنۃ مقابل منزلی؟ قال بلی بابی انت و امی یا رسول اللہ قال فان منزلک فی الجنۃ مقابل منزلی

(کفایۃ الطالب ص ۲۲۸ - الباب الستون)

ترجمہ:

عبداللہ بن ابی اوفی کہتے ہیں۔ کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجمع صحابہ کرام میں تشریف لائے۔ اور فرمایا۔ اے صحابہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہارے مقامات اپنے مقام کے اعتبار

marfat.com
Marfat.com

سے دکھادیے ہیں۔ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے علی المرتضے رض کا ہاتھ پکڑا۔ اور فرمایا۔ اے علی! کیا تو اس پر راضی نہیں کہ جنت میں تیری منزل میری منزل کے مقابل ہو؟ عرض کیا ہاں یا رسول اللہ فرمایا بیشک تیرا محل میرے محل کے بالمقابل ہے۔

## لمحہ فکریہ:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی المرتضے کے مابین کامل اتحاد اور مماثلت کے شیعہ دعویدار ہیں۔ اس کے اثبات میں انہوں نے کئی طریقوں سے قلابازیاں کھائیں۔ ان کے ایک فرقے "غرابیہ" کا کہنا ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی المرتضے رض کے مابین ایسی مماثلت ہے۔ جیسی ایک کوے کی دوسرے کے ساتھ ہوتی ہے۔ (انوار نعمانیہ جلد دوم ص ۲۳۷ نورنی بیان فرق طبوعہ تبریز) اسی مماثلت اور کامل اتحاد کی وجہ سے جبرئیل بھولکر علی المرتضے رض کی بجائے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چلے گئے۔ (معاذ اللہ) صاحب کفایۃ الطالب نے بھی اسی مماثلت اور اتحاد کو اپنا نظریہ بنا رکھا ہے۔ اس سے اس کی شیعیت عیاں ہو رہی ہے۔ اور پھر مذکورہ روایت کی تخریج کو مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۰۳ اور صواعق محرقہ ص ۹۶ کی طرف منسوب کیا۔ حالانکہ ان دونوں کتابوں کے مذکورہ صفحات پر بلکہ پوری کتابوں میں اس کا نام و نشان نہیں۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کہ جس روایت کا سر پاؤں ہی نہ ہو۔ اسے بد دیانتی کے ساتھ کسی ایسی کتاب کے سپرد کر دیا جائے۔ جس میں اس کا نام و نشان نہ ہو۔ اتنا تکلف وہی کرے گا۔ جسے اس تحریر و روایت سے پیار ہو گا۔ گویا محمد ابن یوسف گنجی نے شیعہ ایجنٹ ہونے کا حق ادا کر دیا۔ غلام حسین نجفی وغیرہ کو اسے اپنا کہہ کر فخر

marfat.com
Marfat.com

کرنا چاہیے تھا۔

## علی کی شکل کا ایک فرشتہ جنت میں موجود ہے جس کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی علم نہیں

### عبارت ۶ کفایۃ الطالب:

حدثنا یزید بن هارون حدثنا حمید عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم مَرَرْتُ لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِیْ اِلَی السَّمَآءِ فَاِذَا اَنَا بِمَلَکٍ جَالِسٍ عَلٰی مِنْبَرٍ مِنْ نُوْرٍ وَالْمَلٰئِکَةُ تَحْدِقُ بِهٖ فَقُلْتُ یَا جِبْرَئِیْلُ مَنْ هٰذَا الْمَلَکُ؟ قَالَ اُدْنُ مِنْهُ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ فَدَنَوْتُ مِنْهُ وَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَاِذَا اَنَا بِاَخِیْ وَابْنِ عَمِّیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْطَالِبٍ فَقُلْتُ یَا جِبْرَئِیْلُ سَبَقَنِیْ عَلِیٌّ اِلَی السَّمَآءِ الرَّابِعَةِ فَقَالَ لِیْ یَا مُحَمَّدُ لَا وَلٰکِنَّ الْمَلَائِکَةَ شَکَتْ حُبَّهَا لِعَلِیٍّ فَخَلَقَ اللهُ تَعَالٰی هٰذَا الْمَلَکَ مِنْ نُوْرٍ عَلٰی صُوْرَةِ عَلِیٍّ فَالْمَلَائِکَةُ تَزُوْرُهٗ فِیْ کُلِّ لَیْلَةِ جُمُعَةٍ وَیَوْمِ جُمُعَةٍ سَبْعِیْنَ اَلْفَ مَرَّةٍ یُسَبِّحُوْنَ اللهَ وَیُقَدِّسُوْنَهٗ وَیُهْدُوْنَ ثَوَابَهٗ لِمُحِبِّ عَلِیٍّ۔

(کفایۃ الطالب ص ۱۳۲ تا ۱۳۳) الباب سادس والعشرون)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ: حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے جب شب معراج آسمان پر لے جایا گیا۔ تو وہاں نور کے منبر پر بیٹھا ایک فرشتہ نظر آیا۔ اور دوسرے فرشتے اُسے بغور دیکھ رہے تھے۔ میں نے جبرئیل سے پوچھا۔ یہ کون ہے؟ اس نے کہا۔ اس سے قریب جاؤ اور سلام کرو۔ میں قریب گیا اور سلام کیا۔ تو میں کیا دیکھتا ہوں۔ کہ وہ میرا بھائی اور چچا زاد علی بن ابیطالب ہے۔ میں نے پوچھا جبرئیل، چوتھے آسمان پر یہ مجھ سے پہلے کیسے آ گیا؟ اس نے کہا۔ یا محمد! اس طرح نہیں۔ بات یہ ہے۔ کہ فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور حضرت علی رضا کی محبت کی شکایت کی تھی۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس فرشتہ کو شکلِ علی میں اپنے نور سے پیدا فرمایا۔ تمام فرشتے ہر جمعرات اور جمعہ کو ان کی زیارت ستر ہزار مرتبہ کرتے ہیں۔ اللہ کی تسبیح و تقدیس کہتے۔ اور اس کا ثواب حضرت علی المرتضیٰ رضا کے چاہنے والوں کو بھیجتے ہیں۔

## لمحہ فکریہ:

مذکورہ روایت بظاہر شیعہ عقائد کے خلاف جاتی ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک تمام ائمہ اہل بیت ہر چیز کا علم رکھتے ہیں۔ غیب و مشاہدہ سب ان پر عیاں ہیں۔ لیکن اس واقعہ میں ائمہ اہل بیت کے امام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بے خبر اور لاعلم دکھایا جا رہا ہے۔ لیکن صاحب کفایۃ الطالب کا اس طرف خیال ہے۔ وہ اس دُھن میں سوار ہے۔ کہ علی المرتضیٰ رضا کے فضائل بیان کیے

marfat.com

Marfat.com

جائیں ۔اور اس مقصد کے پیش نظر اگر کسی دوسرے عقیدہ پر ضرب کاری لگے ۔ تو اس کی پرواہ نہیں ۔بعینہٖ یہی اس من گھڑت روایت میں ہے ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لاعلم ثابت کیا گیا، آپ کو اس کا مکلف و مامور کیا گیا ۔ کہ فرشتے کو سلام کریں ۔آپ فرشتے اور علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ میں فرق امتیاز نہ کر سکے ۔ بہر حال اس فرشتہ کو جو شکل علی میں پیدا کیا گیا ۔ ستر ہزار فرشتے اسے سلام کرتے ہیں ۔ اور اپنی تسبیحات و تقدیسات کا ثواب "محبان علی" کو بخشتے ہیں ۔اس کا بارِ ثبوت صاحب کفایۃ الطالب نے تین کتابوں پر ڈالا ۔ حلیۃ الاولیاء جلد ۷ ص ۳۲۹، تاریخ جلد ۱۲ ص ۳۵۸، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۷۳ ۔ لیکن یہ تینوں کتابیں اس روایت سے خالی ہوتے ہوئے صاحب کفایۃ الطالب کے تشیع کو ظاہر کر رہی ہیں ۔

## جو علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کو سب سے افضل نہ مانے وہ کافر ہے ۔

### عبارت کفایۃ الطالب :

عن عبد عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ لَمْ یَقُلْ عَلِیٌّ خَیْرُ النَّاس فَقَدْ کَفَرَ ۔ (کفایۃ الطالب ص ۲۴۵)

ترجمہ :۔ حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ سے عبداللہ راوی ہیں ۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ جو علی المرتضےٰ کو تمام لوگوں سے بہتر و افضل نہیں کہتا وہ کافر ہے ۔

marfat.com
Marfat.com

## لمحہ فکریہ:۔

اہل سنت کے معتقدات میں یہ عقیدہ بالکل واضح طور پر موجود ہے۔ کہ مخلوقات میں سے تمام انبیاء کرام افضل ہیں۔ اور غیر انبیاء انسانوں میں ابو بکر صدیق پھر عمر بن الخطاب بالترتیب افضل ہیں۔ اس سلسلہ میں ہم امام اہل سنت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا فتاوی افریقہ سے ایک فتویٰ اور مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات سے عبارت پیش کر چکے ہیں۔ ابو بکر صدیق کی افضلیت کا منکر اہل سنت میں سے نہیں۔ اور یہ کہ وہ احمق اور ابوالفضول ہے۔ صاحب کفایۃ الطالب نے اس متفق علیہ عقیدہ کے خلاف روایت لکھ کر اپنی شیعیت پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔ روایت مذکورہ کی تخریج تاریخ بغداد جلد سوم ص ۱۹۲۔ اور تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۱۸ ۴ سے پیش کی گئی ہے ٹھیک ہے کہ مذکورہ روایت ان کتابوں میں موجود ہے۔ لیکن جس راوی سے اسے نقل کیا گیا ہے۔ اسے کذاب تک کہا گیا ہے۔ محمد بن کثیر ابو اسحاق قرشی کوفی اس کا اصل راوی ہے۔ جسے بخاری منکر الحدیث اور الدوری عن ابن معین شیعی کہتا ہے پھر یہی روایت مختلف الفاظ سے صاحب کفایۃ الطالب نے نقل کی۔ عَلِیٌّ خَیْرُ الْبَشَرِ مَنْ اَبٰی فَقَدْ کَفَرَ الفاظ تاریخ بغداد جلد ۷ ص ۴۲۱ سے نقل کیے۔ اس حدیث کے راوی حسن ابن محمد ہیں۔ اور میزان الاعتدال میں اس حسن بن محمد کو جھوٹا اور شیعہ کہا ہے۔ بہرحال یہ دیگر اسباب نہ بھی ہوں۔ تو پھر بھی مذکورہ روایت اہل سنت کے عقائد و نظریات کے بالکل خلاف ہے۔ لہذا معلوم ہوا۔ کہ محمد بن یوسف صاحب کفایۃ الطالب شیعہ ہے۔ اور اس نے اپنی تصانیف میں شیعیت کا پرچار کیا۔ آخر میں ہم اس کتاب کی ایک اور عبارت نقل کرتے ہیں۔ تاکہ اس کے مصنف کے بارے میں شیعہ سنی ہونے کا کوئی واضح ثبوت مل جائے۔ ملاحظہ ہو

marfat.com

Marfat.com

# حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں ان سے بڑھ کر خلافت کا حق کسی اور کو نہ تھا

## عبارت ۵ کفایۃ الطالب:

وَھُوَ اَھْلُ کُلِّ فَضِیْلَۃٍ وَمَنْقَبَۃٍ وَمُسْتَحِقٌّ لِکُلِّ سَابِقَۃٍ وَمَرْتَبَۃٍ وَلَمْ یَکُنْ اَحَدٌ فِیْ وَقْتِہٖ اَحَقَّ بِالْخِلَافَۃِ مِنْہُ ۔ (کفایۃ الطالب ص۲۵۳)

ترجمہ: حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ ہر فضیلت اور منقبت کے اہل ہیں۔ اور ہر مرتبہ اور بڑائی آپ کو زیب دیتی ہے۔ آپ کے وقت میں آپ سے بڑھ کر کوئی دوسرا خلیفہ بننے کا حق دار نہ تھا۔

## لمحہ فکریہ:

جب علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کے ہوتے ہوئے کوئی دوسرا خلافت کا حق دار نہ تھا۔ تو آپ سے پہلے تینوں خلفاء (معاذ اللہ) غاصب ٹھہرے۔ اور ناجائز خلیفہ رہے۔ کیا یہ کسی سنی عالم کا عقیدہ بیان کیا جا رہا ہے؟ آخر میں اس کتاب کے مقدمہ سے ایک اقتباس پیش کیا جا رہا ہے۔ جس سے اس کے مصنف کی وابستگی کا بخوبی علم ہو جائیگا۔

marfat.com
Marfat.com

## مقدمۃ کفایۃ الطالب:

وَقَالَ اَبُوْشَامَۃَ المقدس تُوُفِّیَ ۲۹ مِنْ رمضان قُتِلَ بِالْجَامِعِ اَلْفَخْرِ محمد بن یوسف بن محمد الکنجی وَکَانَ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ بِالْفِقْهِ وَالْحَدِیْثِ لٰکِنَّهٗ کَانَ فِیْهِ کَثْرَۃُ کَلَامٍ وَمَیْلٌ اِلٰی مَذْهَبِ الرَّافِضِیَّۃِ جَمَعَ لَهُمْ کُتُبًا تُوَافِقُ اَغْرَاضَهُمْ وَتَقَرَّبَ بِهَا اِلَی الرُّؤَسَاءِ مِنْهُمْ اَلدَّوْلَتَیْنِ الْاِسْلَامِیَّۃِ وَالتَّاتَارِیَّۃِ کُمْ وَافَقَ الشَّمْسَ الْقُمِّیْ فِیْمَا فُوِّضَ اِلَیْهِ مِنْ تَخْلِیْصِ اَمْوَالِ الْغَائِبِیْنَ وَغَیْرِهِمْ فَانْتَدَبَ لَهٗ مَنْ تَاَذّٰی مِنْهُ وَاَلَّبَ عَلَیْهِ بَعْدَ صَلٰوۃِ الصُّبْحِ فَقُتِلَ وَبُقِرَ بَطْنُهٗ کَمَا قُتِلَ اَشْبَاهُهٗ مِنْ اَعْوَانِ الظَّلَمَۃِ وَمِثْلَ الشمس بن الماسکینی وابن البغیل اَلَّذِیْ کان یسخر الدوابّ الوَیْلَ عَلَی الرَّوْفِضِیِّیْنَ ص ۲۰۸

ثُمَّ ذَکَرَ مِحْنَتَهٗ الیونینی وَهُوَ مِنْ مُعَاصِرِیْهِ فَقَالَ وَوَرَدَ کِتَابُ المظفر اِلٰی دِمَشْقَ فِیْ شَهْرِ رمضان یُخْبِرُ بِالْفَتْحِ وَکَسْرِ الْعَدُوِّ وَیَعِدُهُمْ لِوُصُوْلِهٖ اِلَیْهِمْ وَنَشْرِ الْعَدْلِ فِیْهِمْ فَثَارَ الْعَوَامُ بِدِمَشْقَ وَقَتَلُوا الفخر محمد بن یوسف ابن محمد الکنجی فِیْ جَامِعِ دِمَشْقَ وَکَانَ المَذْکُوْرُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ لٰکِنَّهٗ کَانَ

marfat.com

Marfat.com

فِيْهِ شَرٌّ وَمَيْلٌ إِلَى مَذْهَبِ الشِّيْعَةِ وَخَالَطَهُ الشَّمْسُ
القمي الَّذِي كَانَ حَضَرَ إِلَى دِمَشْقَ مِنْ جِهَتِهِمْ وَلَا كُرْ
وَدَخَلَ مَعَهُ فِي أَخْذِ أَمْوَالِ ايغياب عَنْ دِمَشْقَ فَقُتِلَ
ذَيْل مراة الزمان ج ا ص ۳۶۰ وَلَمْ يَكْتَفِ بِهٰذَا وَإِنَّمَا
عَادَ فَذَكَرَهُ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ فِي كِتَابِهِ فَقَالَ الْفَخْرُ
محمد بن يوسف الكنجي كَانَ رَجُلًا فَاضِلًا أَدِيْبًا
وَلَهُ نَظْمٌ حَسَنٌ قُتِلَ فِي جَامِعِ دِمَشْقَ بِسَبَبِ دُخُوْلِهِ
مَعَ نُوَّابِ التتر ذيل مراة الزمان ج ا ص ۳۹۲ وَذَكَرَهُ
ابْنُ كَثِيْرٍ فِي تَارِيْخِهِ بِقَوْلِهِ وَقَتَلَتِ الْعَامَّةُ
وَسَطَ الْجَامِعِ شَيْخًا رَافِضِيًّا كَانَ مُصَانِعًا لِلتَّتَارِ
عَلَى أَمْوَالِ النَّاسِ يُقَالُ لَهُ الْفَخْرُ محمد ابن يوسف
ابن محمد الكنجي كَانَ خَبِيْثَ الطَّوِيَّةِ مُشْرِقِيًّا
مُمَالِئًا لَهُمْ عَلَى أَمْوَالِ النَّاسِ قَبَّحَهُ اللهُ وَقَتَلُوْا جَمَاعَةً
مِّنَ الْمُنَافِقِيْنَ البداية والنهاية ج ۱۳ ص ۲۲۱ وتبجح
ابن تغرى بردى بِالْفِعْلَةِ الدَّنِيْئَةِ فَقَالَ قَتَلَ عَوَامُّ
دمشق وَكَانَ الْمَذْكُوْرُ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ لٰكِنَّهُ كَانَ فِيْهِ
شَرٌّ وَكَانَ رَافِضِيًّا خَبِيْثًا وَانْضَمَّ عَلَى التَّتَارِ ۔

(النجوم الظاهرة ج ۹ ص ۸۰)

**ترجمہ:** ابو شامہ مقدسی نے کہا۔ کہ محمد بن یوسف گنجی ۲۹ رمضان کو دمشق کی جامع مسجد میں قتل کیا گیا۔ یہ فقہ اور حدیث کا عالم تھا لیکن اس میں منطق کا غلبہ تھا۔ اور رافضی مذہب کی طرف میلان تھا۔ ان کی اغراض کے پیش

marfat.com
Marfat.com

نظران کے لیے اس نے کتابیں لکھیں۔ اور تصنیفات کے ذریعہ رافضی سرداروں کا تقرب حاصل کیا۔ جن میں اسلامی اور تاتاری دونوں طرح کے سردار تھے۔ پھر الشمس القمی نے اس کی موافقت کی۔ کہ دونوں مل کر غائب لوگوں کے اموال ان کو سپرد کریں۔ اس پر ان لوگوں نے شور مچایا جنہیں اس سے تکلیف ہوئی تھی۔ نماز صبح کے بعد اس پر حملہ کیا۔ اور اسے قتل کر دیا۔ اس کا پیٹ چاک کیا گیا۔ اسی طرح اس کے ساتھی دوسرے ظالموں اور مددگاروں کو کیا گیا۔ جیسا کہ شمس بن ماسکینی اور ابن بحیل جو گھوڑوں کی تربیت کا ماہر تھا۔ پھر اس مصنف کا تذکرہ شحنۃ الیونینی نے کیا۔ جو اس کا ہم عصر تھا۔ اس نے کہا۔ کہ جب مظفر کا خط ۲۸ رمضان کو دمشق میں پہنچا۔ جس میں دشمنوں کے تباہ ہونے کی خوش خبری تھی۔ اس خط میں اس نے وعدہ کیا۔ کہ وہ وہاں پہنچے گا۔ اور عدل کرے گا۔ لہذا عوام نے دمشق پر حملہ کر دیا اور جامع دمشق میں محمد بن یوسف گنجی کو قتل کر دیا۔ محمد بن یوسف گنجی اہل علم میں سے تھا۔ لیکن اس کی ضمیر میں شرارت تھی۔ اس کا مذہب شیعہ کی طرف میلان تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ اسے شمس قمی کی ہم نشینی حاصل تھی۔ جو دمشق میں ہلاکو خاں کی طرف سے غائب لوگوں کے اموال پکڑنے پر شریک تھا۔ لہذا وہ بھی وہاں قتل ہو گیا۔ اور یونینی نے اسی پر اکتفا نہ کیا۔ بلکہ اس نے اپنی کتاب میں ایک اور جگہ پر اس کا ذکر کیا۔ لکھا۔ کہ محمد بن یوسف گنجی ادیب اور فاضل آدمی تھا۔ اور نظم بخوبی کہتا تھا۔ وہ جامعہ دمشق میں قتل کیا گیا۔ کیونکہ تاتاری نواب کے ساتھ یہاں آیا تھا۔ ابن کثیر نے اپنی تاریخ میں اس کا ذکر ان الفاظ سے کیا ہے۔ اس کو عام اہل سنت نے

marfat.com
Marfat.com

جامع دمشق میں قتل کیا۔ یہ رافضی شیخ تھا۔ تاتاریوں کے لیے لوگوں کے مال لوٹا کرتا تھا۔ یہ خبیث شریر اور لوگوں کا مال جمع کرنے والا تھا۔ اللہ نے اسے ذلیل کیا۔ اس کو منقین ذمہ دار لوگوں نے قتل کیا۔ ابن تغری نے تعزیت کرتے اس کے قبیح افعال کو رد کرتے ہوئے کہا کہ اس کے قتل پر اہل دمشق نے بہت خوشیاں منائیں۔ اسے جامع دمشق میں قتل کیا گیا۔ یہ اہل علم میں سے تھا لیکن طبعاً شرارتی تھا اور ذلیل قسم کا آدمی تھا۔ اس کا جوڑ توڑ تاتاریوں کے ساتھ تھا۔

## حرف آخر:

کفایۃ الطالب کے مقدمہ میں چار معتبر کتب کے مصنفین نے محمد بن یوسف گنجی کو بد مذہب، گمراہ اور ذلیل شیعہ کہا ہے۔ یہ ہلاکو خان کا ساتھی تھا جس نے بغداد کے اہل سنت کے ساتھ بہت مظالم ڈھائے۔ اس کے شیعہ ہونے کی وجہ سے اس کا شمس قمی نامی شیعی سے گہرا تعلق تھا۔ رافضی سرداروں کو خوش کرنے کے لیے کتابیں لکھنا اس کا مشغلہ تھا۔ اہل سنت کے مال کو لوٹنا جائز قرار دینے والا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ بعد از آیت نقل کیا ہے کہ صاحب البدایہ والنہایہ نے اس کے حالات کے بعد یہ آیت نقل کی۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ظالموں کی جڑ کاٹ دی گئی۔ اور تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔ ان حوالہ جات اور مصنف کی اپنی عبارات سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ محمد بن یوسف گنجی شیعہ تھا۔ اس نے اسی مذہب کی اشاعت کی۔ لہذا اسے اہل سنت کا عالم اور اس کی کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتاب کہنا بہت بڑا دھوکہ ہے۔ غلام حسین نجفی وغیرہ شیعہ مصنف نے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی خاطر اسے اہل سنت میں

marfat.com
Marfat.com

لاکھڑا کر دیا۔ ورنہ حقیقت حال وہی ہے جو گذشتہ صفحات میں آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔

نوٹ:

کتاب کفایۃ الطالب کے بیرونی صفحہ (ٹائٹل) پر اس کے مصنف کا تذکرہ ان الفاظ سے کیا گیا "ابی عبداللہ محمد بن یوسف بن محمد القرشی الکنجی الشافعی" اس آخری لفظ "الشافعی" کو محض دھوکہ دینے کے لیے لکھا گیا۔ اگر یہ واقعی شافعی (اہل سنت) ہوتا۔ تو پھر اس کتاب میں اہل تشیع کے عقائد مذمومہ کی تردید ہوتی اور پھر مطبعہ حیدریہ نجف اس کے چھاپنے کی جرأت نہ کرتا۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com

Marfat.com

# سنی ویکو
# ارجح المطالب مصنفہ عبید اللہ امرتسری

ان کتابوں میں سے ایک کتاب جو اہل سنت کے خلاف حجت کے طور پہ پیش کی جاتی ہیں۔ ارجح المطالب بھی ہے۔ اس کے مصنف کا نام عبید اللہ امرتسری ہے۔ غلام حسین نجفی نے اپنی کتاب قول مقبول میں درجنوں اس کتاب کے حوالہ جات نقل کیے۔ اور ہر حوالہ سے قبل ناظرین کو متاثر کرنے کے لیے "اہل سنت کی معتبر کتاب" کہا۔ یہی وہ کتاب ہے۔ جس سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کہ جو عورت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی دشمن ہو۔ اس کو پاخانہ کی جگہ سے حیض آتا ہے۔ اور جو مرد ایسا ہو وہ مفعولیت کے مرض میں گرفتار ہوتا ہے اس قاعدہ کو پھر حضرات صحابہ کرام اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم پر فرضی مخالفت کے ضمن میں چسپاں کیا جاتا ہے۔ صاحب ارجح المطالب کی مذہبی وابستگی اور نظریات عنقریب اس کی اسی کتاب سے ہم پیش کر رہے ہیں۔ ان کے مطالعہ سے بخوبی پتہ چل جائے گا۔ کہ یہ شخص سنی ہے۔ یا تقیہ باز شیعہ۔ لیکن پہلے قول مقبول کی ایک آدھ عبارت پیش کی جاتی ہے۔

## قول مقبول:

اہل سنت کی معتبر کتاب ارجح المطالب ص ۶۳۸۔ جو عورت مولیٰ علی سے دشمنی رکھتی ہے۔ اس کو پاخانہ کی راہ سے خون حیض آتا ہے۔

ارجح المطالب کی عبارت ملاحظہ ہو۔

عن علی قال لی رسول اللہ لا یبغضك من ...

marfat.com
Marfat.com

اِلَّا السَّلْقَلَقُ وَهِیَ الَّتِیْ تَحِیْضُ مِنْ دُبُرِهَا قِیْلَ جَاءَتْ اِمْرَاَۃٌ اِلٰی عَلِیٍّ فَقَالَتْ اِنِّیْ اُبْغِضُکَ قَالَ فَاَنْتِ اِذًا سَلْقَلَقٌ قَالَتْ مَنْ سَلْقَلَقٌ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ الْحَدِیْثَ وَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا السَّلْقَلَقُ قَالَ الَّتِیْ تَحِیْضُ مِنْ دُبُرِهَا قَالَتْ صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَاللّٰہِ اَنَا اَحِیْضُ مِنْ دُبُرِیْ وَلَا عِلْمَ لِاَبَوَیَّ اخرجہ الدیلمی ص ۶۳۸

ترجمہ:

حضرت علی رضی فرماتے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا۔ کہ جو عورت آپ سے دشمنی رکھے گی۔ وہ سلقلق ہوگی۔ یعنی اس کو پاخانہ کی راہ سے خون حیض آتا ہوگا۔ ایک عورت جناب علی رضی کے پاس آئی۔ اور کہا کہ میں آپ سے دشمنی رکھتی ہوں۔ آنجناب نے فرمایا۔ کہ تو سلقلق ہے۔ عورت نے پوچھا وہ کیا ہوتی ہے۔ حضور نے فرمایا وہ عورت ہوتی ہے۔ جسے پاخانہ کی راہ سے حیض آتا ہو۔ عورت نے کہا خدا کی قسم نبی پاک نے سچ فرمایا۔ مجھے پاخانہ کی راہ سے حیض آتا ہے۔ اور میرے والدین کو بھی اس بات کا علم نہیں ہے۔ (حوالہ قول مقبول ص ۴۵۵)

**جواب: صاحب ارجح المطالب۔**

مولوی عبید اللہ نے روایت مذکورہ بحوالہ دیلمی لکھی ہے۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے دیلمی کا تعارف کرایا جائے۔ کیونکہ ارجح المطالب میں بہت سے حوالہ جات اسکی طرف سے نقل کیے گئے ہیں۔ ابو محمد الحسن بن ابی الحسن محمد الدیلمی کے

marfat.com

Marfat.com

متعلق مشہور شیعہ کتاب الکنی والالقاب میں لکھا ہے۔ کہ ارشاد القلوب اُس کی تصنیف ہے۔ اور ارشاد القلوب کے مصنف دیلمی کو شیعہ کتب اپنا آدمی کہتے ہیں۔ علامہ الشیخ آغابزرگ الطہرانی نے لکھا۔

## الذریعۃ:

۲۵۲۷۔ (ارشاد القلوب الی الصواب) المنجی من عمل بہ من الیم العقاب للشیخ الجلیل ابی محمد الحسن بن ابی الحسن بن محمد الدیلمی وَ ھُوَ مُعَاصِرٌ لِفَخْرِ الْمُحَقِّقِیْنَ ابن العلامہ الحلی اَلَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْ سَنَۃ ۷۷۱ وَ یَنْقُلُ عَنْ کِتَابِہِ الشیخ ابو العباس احمد بن فَھْد الحلی فِیْ عِدَّۃِ الدَّاعِیْ الَّذِیْ اَلَّفَ سَنَۃَ ۸۰۱ (الذریعہ جلد اول ص ۵۱۷)

### ترجمہ:

ارشاد القلوب جس کا معنی یہ ہے۔ کہ یہ کتاب دلوں کو صواب کی طرف پھیرتی ہے۔ اور جو اس کے مضامین پر عمل کرے گا۔ وہ دردناک سزا سے بچ جائے گا۔ یہ کتاب شیخ جلیل ابو محمد الحسن بن ابی الحسن بن محمد دیلمی کی تصنیف ہے۔ اور دیلمی، فخر المحققین ابن علامہ الحلی کا ہم زمانہ ہے۔ جس کی موت ۷۷۱ھ میں ہوئی۔ اور اس کی کتاب سے ابوالعباس احمد بن الفہد الحلی نے اپنی کتاب عدۃ الداعی میں نقل کیا۔ یہ کتاب ۸۰۱ھ میں تصنیف کی گئی۔

الذریعہ کے اس حوالہ سے واضح ہوا۔ کہ دیلمی صاحب ارشاد القلوب بہت بڑ

marfat.com

Marfat.com

شیعہ عالم ہے۔ اور ابو العباس احمد بن فہد ایسے شیعہ اس کی عبارات کے ناقل ہیں لہٰذا مولوی عبید اللہ امرتسری کا دیلمی کے حوالے سے کسی روایت کو نقل کرنا یا تو اس کے حقیقی شیعہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ یا پھر بطور تقیہ اس نے اہل سنت کا لبادہ اوڑھ کر لوگوں کو دھوکہ دینے کی کوشش کی ہے۔

## توضیح:

مولوی عبید اللہ امرتسری نے ارجح المطالب میں دیلمی کے علاوہ جن کتب سے حوالہ جات تحریر کیے ہیں۔ اُن کے کچھ نام یہ ہیں فرائد السمطین، تذکرۃ الخواص الامہ۔ ینابیع المودۃ، المناقب للخوارزمی، مروج الذہب کفایۃ الطالب اور ابن حدید ان کتابوں اور ان کے مصنفین کے بارے میں ہم تفصیلی گفتگو کر چکے ہیں۔ ان میں کچھ تو کٹر شیعہ اور بعض میں شیعیت کی ملاوٹ ہے۔ لہٰذا ان کتب کے وہ حوالہ جات جو اہل سنت اور شیعہ کے مابین عقائد مختلفہ کے ضمن میں پیش کیے جاتے ہیں۔ وہ ہم اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ خود اس معاملہ میں ایک طرف جھکے ہوئے ہیں۔

باقی رہی یہ بات کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ سے بغض کے بارے میں پھر اہل سنت کا کیا نظریہ ہے۔ تو اس کا واضح جواب موجود ہے۔ کہ قرآن کریم نے تمام صحابہ کرام کے لیے " رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ " کا لفظ فرما کر ان کے درمیان باہمی بغض و عداوت اور کدورت کا دروازہ ہی بند کر دیا ہے۔ ان حضرات کے درمیان جتنے بھی اختلاف و مناقشات نظر آتے ہیں۔ اُن میں بغض و عناد نہیں بلکہ اجتہادی اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔ اس لیے اہلسنت ان حضرات کے درمیان اختلاف کو اسی نظریہ سے دیکھتے ہیں۔ اور شیعہ ان اختلافات کو بغض و عناد کی بھینٹ چڑھا کر پھر اپنے گندے قواعد وضوابط

marfat.com

Marfat.com

ان پر چسپاں کرتے ہیں۔ بہر حال ہم اب ذیل میں مولوی عبیداللہ امرتسری کی کتاب ارجح المطالب سے چند حوالہ جات نقل کر رہے ہیں جس سے اس کی نظریاتی وابستگی کا علم ہو سکے گا۔

## ارجح المطالب: عبارت نمبر ۱

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَا وَعَلِیٌّ مِنْ نُوْرٍ وَاحِدٍ قَبْلَ اَنْ یَخْلُقَ اللّٰہُ اٰدَمَ بِاَرْبَعَۃِ اٰلَافِ عَامٍ فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی الْخَلْقَ رَکَّبَ ذَالِکَ النُّوْرَ فِیْ صُلْبِہٖ فَلَمْ یَزَلْ فِیْ شَیْئٍ وَاحِدٍ حَتّٰی اِفْتَرَقَا فِیْ صُلْبِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَفِیَّ النُّبُوَّۃُ وَفِیْ عَلِیِّ الْخِلَافَۃُ اَخْرَجَہُ الدَّیْلَمِیْ۔ (
ارجح المطالب ص ۳۸) ذکر خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

## ترجمہ:

حضرت ابو سعید خدری کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں اور علی ایک ہی نور سے ہیں۔ اور آدم کے پیدا کرنے سے چار ہزار برس پہلے ہمیں پیدا کیا گیا۔ پھر جب اور لوگ پیدا کیے۔ تو وہ نور ایک کی پشت پر سوار ہوا۔ ایک میں لگاتار منتقل ہوتا رہا یہاں تک جناب عبدالمطلب کی صلب میں آکر جدا جدا ہو گیا۔ لہٰذا مجھ میں نبوت اور علی میں خلافت ہے۔ اس کو دیلمی نے اخراج کیا۔

## توضیح:

روایت مذکورا اول تو بے سند ہے۔ لہٰذا قابل توجہ ہی نہیں۔ اور دوسری

marfat.com
Marfat.com

بات یہ کہ اس میں مشہور شیعہ عقیدہ بیان کیا گیا ہے۔ یعنی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ ہیں۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے خلیفہ ہونے کے یہاں دو مفہوم ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ آپ خلیفہ بلافصل ہیں۔ یہ بھی اہل سنت کے عقیدہ کے خلاف ہے۔ کیونکہ اس سے خلفائے ثلاثہ معاذ اللہ غاصب ثابت ہوتے ہیں۔ اور دوسرا مفہوم یہ کہ خلافت علی المرتضیٰ کی اولاد میں ہو گی۔ یہ بھی ائمہ اہل بیت کی امامت و خلافت کا ثبوت کرنا ہے۔ اور پھر امام حسن رض کے بعد حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت و امامت کا انکار کرنا ہے۔ حالانکہ امام حسن رض نے ان کے حق میں دستبرداری فرما کر ان کے ہاتھ پر بیعت بھی کر لی تھی۔ جس پر کتب اہل تشیع بھی گواہ ہیں۔ امام حسن رض کے علاوہ کسی کو اولادِ علی میں سے خلافت نہ مل سکی۔

# ابوبکر نے باغ فدک کے معاملہ میں غلطی کی

## ارجح المطالب: عبارت نمبر (۲)

حضرت ابوبکر صدیق رض مجتہد تھے۔ مگر معصوم نہیں تھے۔ لہٰذا مجتہد ان سے فدک کے معاملہ میں خطا فی الاجتہاد واقع ہو گی۔ سیرت شیخین۔ (ارجح المطالب ص ۶۷۲)

## توضیح:

جہاں تک باغ فدک کا معاملہ ہے۔ تو اہل سنت کا نظریہ یہ ہے۔ کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کیا وہی حق اور صحیح تھا۔ ہاں شیعہ کہتے ہیں۔ کہ یہ باغ دراصل سیدہ فاطمہ کی ملکیت میں آنا چاہیے تھا۔ لیکن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے باغ فدک انہیں نہ دے کر ان کا حق غصب کیا۔ یہی بات مولوی عبیداللہ امرتسری

marfat.com

Marfat.com

ملی گئی ہے۔ لیکن انداز نرالا ہے۔ ابوبکر صدیق نے باغ فدک سیدہ کو نہ دے کر غلطی کی ہے۔ لیکن یہ غلطی اجتہادی ہے۔ یہاں اجتہاد کہاں سے آ ٹپکا۔ ابوبکر صدیق کے پاس تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد موجود تھا۔ وہ انبیائے کرام وراثت مالی نہیں چھوڑتے۔ نہ ان کا کوئی وارث اور نہ وہ کسی کے وارث۔ اسی سے ملتی جلتی حدیث اصول کافی میں موجود ہے۔ علاوہ ازیں نہج البلاغہ کی شرح ابن حدید میں زید ابن امام حسن کا قول منقول ہے۔ کسی نے ان سے پوچھا۔ کہ آپ کی دادی صاحبہ کے ساتھ ابوبکر نے جو زیادتی باغ فدک کے بارے میں کی ہے۔ یہ کیسی ہے۔؟ جواب دیا۔ جو کچھ ابوبکر نے فیصلہ کیا۔ اگر میرے سامنے وہ مقدمہ پیش ہوتا تو میں بھی وہی فیصلہ کرتا۔ اس معاملہ میں اجتہادی خطا کا شوشہ چھوڑنا دراصل اپنی شیعیت ظاہر کرنا ہے۔

## عبارت ۱۲: ارجح المطالب:

جناب امیر شیخین کو اکثر امور شریعت میں غلطی کرنے سے روکا کرتے تھے۔ جو بتقاضائے بشریت ان سے سرزد ہو جایا کرتی تھیں چنانچہ جن کی نسبت اکثر جناب عمر کو لَوْلَا عَلِیٌّ لَہَلَکَ عُمَرُ فرمایا کرتے تھے۔ اس لیے جناب امیر نے سیرت شیخین کے اتباع کا اقرار نہ کیا۔ اور بخوف وقوع فساد امر خلافت حضرت عثمان پر منتقل ہو گیا۔ لیکن اس میں کسی طرح شک نہیں ہے۔ کہ حضرت امیر ہمیشہ اپنی خلافت کے خواہاں رہتے تھے اور ان کی خواہش اس غرض سے نہ تھی۔ کہ ان کو دنیوی سلطنت حاصل ہو جائے۔ بلکہ ان کی منشاء یہ تھی۔ کہ امور خلافت میں کوتاہی جو بتقاضائے بشریت اکثر خلفاء سے ظہور میں آتی رہتی ہے۔ احیاناً

marfat.com

Marfat.com

بھی وقوع میں نہ آئے۔ (ارجح المطالب ص ۲۷۶)

**توضیح:** عبارت درج بالا میں کمال چالاکی اور پھرتی کے ساتھ مولوی عبیداللہ امرتسری نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے اہل التشیع کے عقیدہ کی ترجمانی کی۔ وہ اس طرح کہ خلفاء ثلاثہ بتقاضائے بشریت غلطی کرتے تھے۔ اوران کے مقابلہ میں حضرت علی المرتضیٰ رض سے غلطی کا صدور ممکن نہیں تھا۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ علی المرتضیٰ رض معصوم ہیں۔ اگر عبیداللہ امرتسری کھلے طور پر حضرت علی المرتضیٰ رض کی عصمت بیان کرتا تو شائد اس کا بھرم باقی نہ رہتا۔ اس لیے اس نے دھیمے انداز میں اپنا عقیدہ عصمتِ علی المرتضیٰ بیان کر دیا۔ دوسرا اس عبارت سے یہ بھی ثابت کرنا چاہتا ہے۔ کہ اصل حق دار خلافت و امامت علی المرتضیٰ تھے۔ اس طرح تینوں خلفاء خلافت کے اہل نہ تھے۔ یہی وجہ تھی کہ علی المرتضیٰ رض نے ان کی سیرت کا اتباع نہیں کیا۔ یہ دونوں باتیں اہل سنت کے عقائد کے خلاف ہیں ——— ہمارے ہاں عصمت صرف حضرات انبیائے کرام کے لیے ہے۔ کوئی خلیفہ یا امام معصوم نہیں۔ اور خلفائے ثلاثہ کی خلافت اصل اور برحق تھی۔ علی المرتضیٰ رض نے ان کی اقتدار میں نمازیں ادا فرمائیں۔ ان کے ہاتھوں پر بیعت کی۔ اوران کے حق میں کلمات خیر کہے۔ لہٰذا یہ عبارت بھی عبیداللہ امرتسری کے شیعہ ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

## عبارت ۴: ارحج المطالب:

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لَوْ لَمْ يَخْلُقْ عَلِيًّا مَا كَانَ لِفَاطِمَةَ كُفُوًا۔ اخرج الدیلمی) (ارجح المطالب ص ۲۰)

**ترجمہ:** ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

نے فرمایا۔ اگر علی رضہ پیدا نہ کیے جاتے تو پھر فاطمہ کا کفو نہ ہوتا۔

## توضیح:

دیلمی کے تشیع کی بحث ابھی گزری۔ یہ روایت اسی سے لی گئی ہے بہر حال جہاں تک سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے کفو کا معاملہ ہے۔ تو علی المرتضٰے رضہ سمیت تمام قریش آپ کا کفو ہے۔ اس کا اعلان خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحفہ جعفریہ میں نکاح ام کلثوم کی بحث میں ہم ذکر چکے ہیں۔ کہ شیعوں کے نزدیک علوی اور غیر علوی کا کوئی فرق نہیں۔ لوامع التنزیل جلد دوم میں علامہ حائری نے اس کی طویل بحث کی ہے۔ اور ثابت کیا کہ اولاد فاطمہ کا نکاح کمینہ سے کمینہ آدمی ہو اس سے بھی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا فقہ جعفریہ میں تو کفو کا معاملہ ہی ختم ہے۔ اہل سنت کے ہاں اس کا نکاح میں ہونا ضروری ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صریح ارشاد کے ہوتے ہوئے کہ "قریش باہم کفو ہیں"، یہ کہنا کہ سیدہ کا حضرت علی المرتضٰے رضہ کے سوا کوئی کفو نہیں۔ بالکل غلط ہے۔ اور شیعی عقیدہ ہے۔ مولوی عبید اللہ امرتسری اس عبارت سے علی المرتضٰے رضہ کی تمام صحابہ کرام پر افضلیت ثابت کرنے کے درپے ہیں۔ اور یہ بارہا بیان ہو چکا ہے۔ کہ اہل سنت کا مسلک یہ ہے۔ کہ حضرات انبیاء کرام کے بعد افضل ترین شخصیت ابوبکر صدیق ہیں۔

## عبارت ۵:

حضرت علی علیہ السلام اس وقت موجود نہ تھے۔ اور نہ ان سے رائے لینے کی مہلت ملی جب حضرت ابوبکر وہاں سے لوٹے تو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم دفن ہو چکے تھے۔ اسی لیے شرکت جنازہ سے محروم رہے۔ جس کا قلق ان کو تا مدت العمر

marfat.com
Marfat.com

باقی رہا۔ ذکر شیخین (دارج المطالب ص۔۶۷)

## لمحہ فکریہ:

مذکورہ عبارت بظاہر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تعریف کرتی نظر آتی ہے۔ لیکن حقیقت یہ نہیں۔ بلکہ کہا یہ جا رہا ہے۔ کہ جب ابوبکر صدیق رضؓ نے ثقیفہ بنی ساعدہ میں اپنی خلافت کا اعلان کیا۔ اور بیعت لی۔ تو اس وقت انہوں نے علی المرتضےٰ رضؓ کو اس بارے میں مشورہ دینے کے لیے نہیں بلایا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ایک جھگڑے کو نمٹانے کے لیے وہاں تشریف لے گئے تھے۔ لیکن وقت کی نزاکت کے پیش نظر فاروق اعظم رضؓ نے فوراً ان کی خلافت کا اعلان کر کے اپنا ہاتھ بڑھا کر بیعت کر لی۔ فاروق اعظم رضؓ کے اس عمل کی سب حاضرین نے تائید کی۔ اور اگر اس معاملے میں علی المرتضےٰ رضؓ کے آنے کا انتظار کیا جاتا تو بہت بڑے فتنے کے اٹھ کھڑے ہونے کا اندیشہ تھا۔ یہاں تک کے واقعات تو درست ہیں۔ لیکن اس کے بعد مولوی عبیداللہ امرتسری کا یہ کہنا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وہاں اتنے مشغول ہو گئے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ میں بھی شریک نہ ہو سکے۔ یہ اس کے باطنی کوڑھ کی علامت ہے۔ کیونکہ واقعات کے مطابق ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دو مرتبہ بیعت لی۔ ایک مرتبہ ثقیفہ بنی ساعدہ میں موجود لوگوں سے اور دوسری مرتبہ مسجد نبوی میں عام لوگوں سے۔ پہلی بیعت چونکہ بہت کم لوگوں سے لی گئی۔ اس لیے اس میں دو چار گھنٹے ہی صرف ہو سکتے تھے۔ اور اسی بیعت کی مشغولیت کو جنازہ میں عدم شرکت کی وجہ بنایا جا رہا ہے۔ تاریخ شاہد ہے۔ کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک پیر کے دن ہوا۔ اور پیر کے دن سے لے کر بدھ کی نصف شب تک آپ کا جنازہ

marfat.com
Marfat.com

ہوتا رہا۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اگر پیر سے بدھ کی رات تک وہاں بیعت لینے میں مشغول رہے تو پھر جنازہ میں عدم شرکت مفقود۔ لیکن عبید اللہ امر تسری وغیرہ کوئی یہ ثابت نہیں کرسکتا۔ کہ ابوبکر صدیق ثقیفہ بنی ساعدہ میں تین دن ٹھہرے رہے اور بدھ کی رات حضور کے دفنانے تک واپس نہیں آئے۔ شیعہ خواہ مخواہ اس بات کو اچھالتے ہیں۔ کہ ابوبکر صدیق جنازۂ رسول میں شریک نہ ہوئے۔ حالانکہ خلیفہ وقت کی اجازت کے بغیر یہ کیسے ممکن تھا۔

**نوٹ:**

یاد رہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ عام میت کی طرح نہ تھا۔ بلکہ لوگ ٹولیوں کی شکل میں آتے۔ اور صلوٰۃ وسلام پیش کرتے چلے جاتے۔ یہی آپ کی صلوٰۃ جنازہ تھی۔ کتب اہل سنت اس بات کی صراحت کرتی ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مذکورہ نماز جنازہ سب سے پہلے ادا کرنے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

**البدایہ والنہایہ:**

لَمَّا كُفِّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوُضِعَ عَلٰى سَرِيْرِهٖ دَخَلَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَمَعَهُمَا نَفَرٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ بِقَدْرِ مَا يَسَعُ الْبَيْتُ فَقَالَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَسَلَّمَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ كَمَا سَلَّمَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ ثُمَّ صَفُّوْا صُفُوْفًا لَا يَؤُمُّهُمْ اَحَدٌ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَهُمَا فِي الصَّفِّ الْاَوَّلِ حِيَالَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

marfat.com
Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَشْھَدُ اَنَّہٗ قَدْ بَلَّغَ مَا اُنْزِلَ اِلَیْہِ

(البدایۃ والنہایۃ جلد پنجم ص ۲۶۵) کیفیۃ الصلاۃ علیہ

ترجمہ:۔

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کفن پہنا کر چارپائی پر رکھا گیا۔ تو ابوبکر و عمر بمعہ انصار و مہاجرین کی جماعت کے اندر آئے۔ یہ لوگ اتنے تھے۔ جتنے گھر میں سما سکتے تھے۔ دونوں نے عرض کیا۔ السلام علیک ایہا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ پھر یہی الفاظ تمام موجود انصار و مہاجرین نے کہے۔ پھر انہوں نے صفیں باندھیں لیکن اُن کا امام کوئی نہ تھا۔ ابوبکر و عمر نے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بالکل قریب کھڑے تھے۔ کہا اے اللہ! ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سب کچھ پہنچا دیا۔ جو اُن کی طرف اتارا گیا۔

قارئین کرام! مولوی عبیداللہ امرتسری نے شیعوں کی ایجنٹی کا حق ادا کرتے ہوئے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی ذات پر کیچڑ اچھالا۔ اور صاف صاف لکھ دیا۔ کہ حضور کے دفن کرنے تک یہ لوگ خلافت کے جھگڑے میں مشغول رہے۔ حالانکہ سب سے پہلے آپ کی نماز جنازہ پڑھنے والے یہی ہیں۔ یہ شیعوں کا پرانا اعتراض ہے۔ جو عبیداللہ شیعی نے بھی نقل کر دیا۔ اس کا تفصیلی جواب ہماری کتاب تحفہ جعفریہ میں موجود ہے۔ جہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ کی بحث کی ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

عبارت ۶:

رَوَیٰ محمدُ بن سیرین عن عکرمہ قَالَ لَمَّا کَانَ بَیْعَۃُ ابی بکر قَعَدَ عَلِیٌّ فِیْ بَیْتِہٖ فَقِیْلَ لِاَبِیْ بَکْرٍ قَدْ کَرِہَ بَیْعَتَکَ فَاَرْسَلَ اِلَیْہِ

marfat.com

Marfat.com

فَقَالَ كَرِهْتَ بَيْعَتِيْ قَالَ لَا قَالَ مَا اَقْعَدَكَ عَنِّيْ قَالَ رَاَيْتُ كِتَابَ اللّٰهِ يُزَادُ فِيْهِ فَحَدَّثَتْ نَفْسِيْ اَنْ لَا اَلْبِسَ رِدَائِيْ اِلَّا لِصَلٰوةٍ حَتّٰى اَجْمَعَهُ قَالَ لَهُ اَبُوْبَكْرٍ فَاِنَّكَ نِعْمَ مَا رَاَيْتَ قَالَ محمد بن سيرين لعكرمة اَلَّفُوْهُ كَمَا اُنْزِلَ الاول فَقَالَ اِجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ اَنْ يُؤَلِّفُوْا هٰذَا التَّالِيْفَ مَا اسْتَطَاعُوْا۔ رواہ ابوداؤد۔

محمد ابن سیرین کہا کرتے تھے۔ اگر وہ قرآن مل جاتا۔ جو امیر علیہ السلام نے جمع کیا ہے۔ تو اس سے بہت علم حاصل ہو سکتا۔

(ارجح المطالب ص ۱۳۸)

ترجمہ: محمد بن سیرین نے عکرمہ سے روایت کی ہے۔ کہ جب حضرت ابوبکر سے لوگوں نے بیعت لی۔ اور علی سے کہلا بھیجا۔ کہ کیا آپ نے میری بیعت سے کراہت کی ہے۔ تو آپ نے جواب دیا۔ کہ نہیں پھر پوچھا کہ پھر آپ کی گھر میں بیٹھ رہنے کی کیا وجہ ہے۔ فرمایا میری یہ رائے ہوئی ہے۔ کہ کتاب اللہ میں کچھ نہ کچھ ضرور زیادتی کی جائے گی۔ لہذا میرے دل میں آیا کہ میں اپنی چادر سوائے نماز کے اور وقت نہ اوڑھوں جب تک کہ قرآن کو جمع کر لوں حضرت ابوبکر نے کہا آپ کی رائے بہت مناسب ہے۔ محمد بن سیرین نے عکرمہ سے پوچھا۔ کہ کیا صحابہ نے قرآن اسی طرح سے تالیف کیا ہے۔ جیسے کہ اوّل مرتبہ نازل ہوا تھا۔ عکرمہ نے کہا۔ اگر تمام انس و جن جمع ہو کر ویسے تالیف کرنا چاہیں تو ہرگز نہیں کر سکیں گے۔

marfat.com

Marfat.com

# توضیح:

مولوی عبیداللہ امرتسری نے روایت مذکورہ کی نسبت ابوداؤد کی طرف کی ہے۔ لیکن ابوداؤد شریف میں ان الفاظ کے ساتھ ایسی کوئی روایت نہیں۔ اصل مقصد اس روایت کے بیان کرنے کا یہ ہے۔ کہ یہ ثابت کیا جائے۔ یا کم از کم قارئین ناظرین کے ذہن میں یہ خدشہ بٹھا دیا جائے۔ کہ موجودہ قرآن مکمل نہیں۔ اس میں کمی بیشی موجود ہے۔ اصل اور مکمل قرآن وہ ہے جو علی المرتضیٰ رضی نے جمع کیا تھا۔ اس مقصد کو بیان کرنے کا انداز اور ہے۔ لیکن پس پردہ یہی شیعی عقیدہ کارگر ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی کے حوالہ سے یہ ذکر کرنا کہ ”میری رائے یہ ہے۔ کہ اس قرآن میں زیادتی کی جائے گی“ اس عقیدہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ کہ صحابہ کرام پر علی المرتضیٰ کو جمع قرآن کے بارے میں بھروسہ نہ تھا۔ اور جب علی المرتضیٰ رضی کا جمع کردہ نسخہ عام نہ ہوا۔ تو پھر آپ کا یہ خدشہ عملی طور پر سامنے آگیا۔ لہذا موجودہ قرآن میں بہت سی ایسی آیات اور کثیر تعداد میں ایسے کلمات ہیں۔ جو خود ساختہ ہیں۔ یہی شیعہ کہتے ہیں۔ اور یہی بات عبیداللہ امرتسری بھی کہہ رہا ہے۔ اس کی تفصیل کے لیے عقائد جعفریہ جلد سوم کا مطالعہ بہت مفید ہوگا۔ روایت مذکورہ کا دوسرا پہلو یہ کہ اگر وہ قرآن مل جاتا جس کو علی المرتضیٰ رضی نے جمع کیا۔ تو بہت کچھ علم حاصل ہوتا۔ اس سے عبیداللہ امرتسری یہ باور کرانا چاہتا ہے۔ کہ علی المرتضیٰ کے جمع کردہ قرآن میں اس موجود قرآن کی بہ نسبت زیادہ علم ہے۔ اور یہ بات واضح ہے۔ کہ علم کی زیادتی کے لیے الفاظ و آیات کی زیادتی ضروری ہے۔ یعنی اگر علی المرتضیٰ کا جمع کردہ قرآن اور موجود قرآن آیات و کلمات کی تعداد کے اعتبار سے برابر ہوتے تو زیادتی کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔ کیونکہ قرآن کریم چاہے ترتیب نزولی پر مرتب و مؤلف کیا جائے۔ یا موجود ترتیب پر دونوں صورتوں میں آیات و سورتیں برابر ہی رہتیں۔ صرف تقدیم و تاخیر کا فرق پڑتا۔ لیکن زیادتی علم کا پایا جانا اس کو متقاضی ہے۔ کہ

marfat.com

Marfat.com

کچھ نہ کچھ اضافہ علی المرتضےٰ رضی نے جمع کردہ نسخہ میں کیا تھا۔ اس سے نتیجہ یہ نکلا۔ کہ موجود قرآن ناقص اور نامکمل ہے۔ اور یہی اہل تشیع کا عقیدہ ہے۔ جسے عبیداللہ امرتسری بیان کر رہا ہے۔ علاوہ اس کے کہ اس روایت میں خود تضاد ہے۔ (جیسا کہ علی المرتضےٰ رضی کا خدشہ کہ لوگ اس قرآن میں زیادتی کردیں گے۔ اور یہ کہ آپ کا مرتب کردہ زیادہ آیات پر مشتمل تھا۔) یہ روایت اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اختیار پر بھی ضرب کاری لگا رہی ہے۔ قرآن کریم کے بارے میں اس کا اعلان ہے۔ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ۔ ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ تو جب موجود قرآن کمی بیشی لیے ہوئے ہے۔ اور علی المرتضےٰ کا جمع کردہ کہیں نظر نہیں آتا۔ تو پھر اللہ تعالیٰ کا حفاظت کرنا کہاں گیا؟ معاذاللہ اس کی حفاظت کا انتظام ناقص تھا۔ علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ کے اس اعلان کی خبر نہ تھی۔ یا اس کی حفاظت کرنے پر انہیں شک تھا؟ روایت مذکورہ کی روشنی میں بھی ہم یہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ صاحب ارجح المطالب مولوی عبیداللہ امرتسری شیعہ مسلک کا پیرو ہے۔ اور ان کے نظریات کی تبلیغ و ترویج اس کا مطمع نظر ہے۔ تو یہ سُنّی نہ اس کی تصنیف سُنّی۔ لہٰذا اس کا کوئی حوالہ ہمارے خلاف بطور حجت پیش نہیں کیا جاسکتا۔

## عبارت ۷:

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ محمد بن یوسف الکنجی الشافعی ھکذا ذکرہ الشَّیْخُ مُحْیِ الدِّیْنِ النَّوَوِی وَقَالَ اَبُوْ بَکْرِ النَّقَّاشُ اِنَّھَا نَزَلَتْ فِی بَیَانِ الْوِلَایَۃِ لِعَلِیٍّ وَقَالَ الامامُ فَخْرُ الدین الرازی و ھو قول ابن عباس و البراء بن عارب و محمد بن علی بن الحسین ابن علی و

marfat.com

Marfat.com

ابو سعید الخدری ۔ (ارجح المطالب ص ۸۵)

ترجمہ:

حافظ ابو عبداللہ محمد بن یوسف الگنجی شافعی کفایۃ الطالب میں لکھتے ہیں کہ امام نووی شارح صحیح مسلم نے بھی اس طرح پر ذکر کیا ہے۔ اور ابو بکر نقاش کہتے ہیں۔ کہ یہ آیت جناب امیر کی روایت کی نسبت نازل ہوئی اور امام فخر الدین رازی لکھتے ہیں۔ کہ غدیر خم کے روز اس آیت کے شرف نزول کی نسبت عبداللہ بن عباس، براء بن عازب اور جناب محمد بن علی بن الحسین بن علی کا قول ہے۔

## توضیح:

جس آیت کریمہ کے بارے میں مذکورہ اقوال لکھے گئے۔ وہ یہ ہے۔ یا اَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ الخ اس آیت کا شانِ نزول ولایت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لیے ہونا۔ یہ عقیدہ سراسر شیعہ عقیدہ ہے۔ اس کی تفصیلی بحث ہم نے تحفہ جعفریہ جلد اول اور عقائد جعفریہ جلد دوم میں کر دی ہے۔ سبب نزول یوں بنایا گیا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حج کے دوران میدانِ عرفات میں جبرئیل امین نے یہ پیغام دیا۔ کہ یہاں تم علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ولایت کا اعلان کرو۔ آپ نے اعلان نہ کیا اور اپنے تحفظ کی اللہ تعالیٰ سے ضمانت طلب کی۔ دوسری طرف منیٰ میں جبرئیل حاضر ہو گئے۔ پھر یہی سوال و جواب ہوئے تیسری مرتبہ مکہ کے قریب ملاقات ہونے پر جبرئیل نے عرض کیا پھر وہی طلب ضمانت کا جواب چوتھی دفعہ غدیر خم پر پہنچ کر آپ پر مذکورہ آیت اتاری گئی جس میں تنبیہہ کی گئی۔ کہ اگر ٹال مٹول کیا۔ تو رسالت کی تبلیغ ناقص بلکہ کالعدم ہو جائے گی۔ یہ اول تا آخر شیعہ عقائد کی کہانی ہے۔ اور پھر اسے محمد بن یوسف الگنجی صاحب

marfat.com
Marfat.com

کفایۃ الطالب کے حوالہ سے پیش کرنا سونے پر سہاگہ کے مترادف ہے
عبید اللہ امرتسری نے رعب ڈالنے کے لیے ابو نقاش کا نام لیا جس کی کوئی
سند ذکر نہ کی۔ امام رازی کو اپنا ہم نوا ثابت کیا۔ حالانکہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ
نے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں دس عدد روایات پیش کیں۔ آخری یہ کہ نزلت
الایۃ فی فضل علی ابن ابیطالب۔ یعنی آیت کریمہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ
کی فضیلت میں اتری۔ کیا فضیلت اور امامت لازم ملزوم ہیں؟ امام رازی نے
اس آیت کریمہ کا مفہوم جو راجح طور پر بیان کیا۔ وہ یہ ہے اور یہی ان کا مسلک ہے

**تفسیر کبیر۔**

اِعْلَمْ اَنَّ هٰذِهِ الرِّوَايَاتِ وَاِنْ كَثُرَتْ اِلَّا اَنَّ
الْاَوْلٰى حَمْلُهٗ عَلٰى اَنَّهٗ تَعَالٰى اٰمَنَهٗ مِنْ مَكْرِ الْيَهُوْدِ
وَالنَّصَارٰى وَاَمَرَهٗ بِاِظْهَارِ التَّبْلِيْغِ مِنْ غَيْرِ
مُبَالَاةٍ مِّنْهُمْ وَذٰلِكَ لِاَنَّ مَاقَبْلَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ بِكَثِيْرٍ
وَمَابَعْدَهَا بِكَثِيْرٍ لَمَّا كَانَ كَلَامًا مَعَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى
اِمْتَنَعَ اِلْقَاءُ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الْوَاحِدَةِ فِى الْبَيْنِ عَلٰى
وَجْهٍ تَكُوْنُ اَجْنَبِيَّةً عَمَّا قَبْلَهَا وَمَابَعْدَهَا۔
(تفسیر کبیر جلد ۱۲ ص ۵۰)

**ترجمہ:** مذکورہ آیت (یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک الخ
کے مفہوم پر اگرچہ بہت سی روایات ملتی ہیں۔ مگر بہتر یہ ہے۔
کہ اسے اس بات پر محمول کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے یہود و نصاریٰ
کے مکر و فریب سے آپ کو امن میں رکھنے کا اعلان فرمایا۔ اور
بے دھڑک تبلیغ کرنے کا حکم دیا۔ یہ معنی اس لیے بہتر ہے۔ کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

اس سے پہلے کی بکثرت آیات اور اس کے بعد کی بہت سی آیات
میں اللہ تعالیٰ نے یہود و نصاریٰ سے گفت گو کی۔ لہٰذا اس آیت
کو ماقبل اور مابعد سے کاٹ کر اجنبی مضمون پر محمول کرنا ممتنع ہے۔

قارئین کرام! عبید اللہ امرتسری شیعی کا ارجح المطالب میں امام رازی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا قول اپنے مسلک کی تائید میں ذکر کرنا کہاں تک درست ہے؟ آپ نے امام رازی کی تفسیر سے ان کا اپنا مسلک ملاحظہ کر لیا۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ولایت و امامت کا ان کے مسلک میں اس آیت سے ثابت نہیں۔ تو اس طرح عبید اللہ امرتسری نے اس عبارت کے ذریعہ بھی شیعیت کا پرچار کیا۔ خم غدیر پر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی امامت کا اعلان ہونا شیعی مسلک ہے۔ جس کا نتیجہ یہ کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا بطور خلیفہ و امام انتخاب غلط تھا۔ اسی مسلک کی تبلیغ صاحب ارجح المطالب بھی کر رہا ہے۔

## عبارت ۸:

عن حذیفہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و سلم عَلِیٌّ خَیْرُ الْبَشَرِ مَنْ اَبٰی
فَقَدْ کَفَرَ۔ اخرجہ ابن مردویہ۔

(ارجح المطالب ص ۲۶)

ترجمہ: حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے۔ علی علیہ السلام خیر البشر ہیں۔ جس نے انکار کیا وہ کافر ہوا۔

## توضیح:

ابن مردویہ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے درمیان تین چار صدیوں کا طویل

marfat.com

Marfat.com

زمانہ ہے۔ کیونکہ حضرت حذیفہ صحابی رسول ہیں۔ اور ابن مردویہ نے سنہ ۴۱۶ھ میں انتقال کیا۔ صاف واضح کہ ان دونوں میں ملاقات نہ ہوئی۔ لہٰذا کئی واسطوں سے یہ روایت ابن مردویہ تک پہنچی ہو گی۔ وہ واسطے کیا ہیں۔ کتنے ہیں۔ کیسے ہیں۔؟ کوئی علم نہیں۔ اس لیے تحقیق کے میدان میں یہ روایت قابل احتجاج ہرگز نہیں۔ اب اس کے مضمون کی طرف ہم آتے ہیں۔ وہ بھی نہایت عجیب ہے۔ بلکہ کفر تک پہنچانے والا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے۔ کہ "خیر البشر" سے مراد مطلقاً ہر بشر و انسان سے بہتر ہے۔ تو پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی افضلیت تمام انبیاء کرام حتیٰ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی تسلیم کرنا پڑے گی۔ اسے تسلیم کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اور اگر "خیر البشر" سے مراد صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام لیے جائیں۔ تو اجماع امت کی مخالفت لازم آتی ہے۔ کیونکہ امت محمدیہ میں صدیق اکبر کی افضلیت پر اجماع منعقد ہے۔ اور اگر یہ کہا جائے۔ کہ کچھ مسلمان علماء حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی افضلیت کے قائل ہیں۔ تو ہم کہیں گے۔ کہ ان علماء نے عبید اللہ امرتسری کی طرح اس افضلیت کے منکر کو کافر ہرگز نہیں کہا۔ آخر میں ہم خود عبید اللہ امرتسری کے منہ سے اُس کا اپنے بارے میں امامی ہونا ثابت کر کے بحث کو ختم کر رہے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

## مولوی عبید اللہ امرتسری کا اپنی زبان سے اپنے شیعہ ہونے کا اقرار

ارجح المطالب:

ہمارے نزدیک سب شیخین نہایت امر شنیع ہے۔ ہم اپنے

marfat.com

Marfat.com

امامیہ مذہب کے ساتھ ہرگز اس میں اتفاق نہیں کرسکتے۔

(ارجح المطالب ص ۶۷۳)

## توضیح:

مولوی عبید اللہ امرتسری تسلیم کرتا ہے۔ کہ میں امامی ہوں۔ لیکن ساتھ ہی "امامیہ" مسلک کے ایک عقیدہ سے اتفاق کرنے سے پہلوتہی کی جا رہی ہے۔ پہلی تو بات یہ ہے۔ کہ "امامیہ" فرقہ کے نزدیک ابو بکر و عمر کو بُرا بھلا کہنا ضروری ہے۔ اس کے بغیر کوئی پکا امامی نہیں بن سکتا۔ اس لیے اگر عبید اللہ امرتسری امامی کہلانے میں عار نہیں محسوس کرتا۔ تو پھر اس عدم اتفاق کے اعلان کی ضرورت کیوں؟ ممکن ہے۔ کہ کچھ دوسرے نام نہاد سنیوں کی طرح اس نے بھی "تقیہ" سے کام لیا ہو۔ اور یہ عدم اتفاق اسی کا ثمرہ ہو۔ دوسری بات یہ کہ صرف شیخین کے بُرا بھلا کہنے میں اس کے بقول اِسے دوسرے امامیوں سے اتفاق نہیں۔ دیگر تمام عقائد و نظریات میں ان سے اتفاق ہے۔ اب اس سے بڑھ کر امامی شیعی ہونے کا ثبوت کیا ہوسکتا ہے۔ مختصر یہ کہ ہم نے آٹھ عدد عبارات ایک عدد قول مقبول سے غلام حسین نجفی کی عبارت اور آخری حوالہ جس میں عبید اللہ نے اپنے امامی ہونے کا صراحتہً اقرار کیا۔ کل دس حوالہ جات نقل کیے ہیں۔ ان کے مطالعہ کے بعد کوئی بھی یہ نہیں کہہ سکتا۔ کہ مولوی عبید اللہ امرتسری صاحب ارجح المطالب سنی عالم تھا۔ اور نہ ہی اس کی تصنیف ارجح المطالب کو "معتبر سنی کتاب" کہا جاسکتا ہے۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

فَاعْتَبِرُوْا يَا اُولِي الْاَبْصَارِ

marfat.com

Marfat.com

# ۳۲ سی دوم

## الفصول المہمہ مصنفہ علی بن محمد المعروف ابن صباغ

ان کتب میں سے جس کے مصنفین میں شیعیت پائی جاتی ہے۔ایک کا نام۔ "الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الائمۃ علیہم السلام" بھی ہے۔ اور اس کتاب کو بھی کچھ شیعہ مؤلفین نے اہل سنت کی معتبر کتاب کے عنوان سے پیش کر کے اس کی عبارات سے اپنے نظریات ثابت کیے۔یوں قارئین کرام کو یہ باور کرانے کی کوشش کی گئی۔ کہ اہل سنت اور شیعہ کا فلاں نظریہ مشترک ہے۔حالانکہ اس کتاب کا مصنف اہل سنت نہ ہونے کی وجہ سے سنیوں کے لیے کوئی وقعت نہیں رکھتا۔چنانچہ غلام حسین نجفی نے اسی انداز فریبانہ کو پیش نظر رکھ کر "قول مقبول" میں لکھا ہے۔

### قول مقبول:

قَالَتْ اُمُّ سَلمَۃَ قَالَ لِیَ النَّبِیُّ قُوْمِیْ تَنَحِّیْ عَنْ اَھْلِ بَیْتِیْ فَتَنَحَّیْتُ۔ (بحوالہ الفصول المہمہ ص ۲۵ مطبوعہ تہران) بحوالہ قول مقبول ص ۱۵۹)

**ترجمہ:** ام سلمہ نے کہا مجھے نبی پاک نے فرمایا تو میری اہل بیت سے الگ ہو جا۔لہذا میں الگ ہو گئی۔

### توضیح:

الفصول المہمہ کی مذکورہ عبارت کو ذکر کر کے نجفی نے یہ ثابت کیا ہے۔ کہ اہل سنت کے

marfat.com
Marfat.com

نزدیک بھی ازواج مطہرات، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت میں شامل نہیں۔ صاحب الفصول المہمہ کا تعارف بحیثیت مصنف اس کتاب کے ٹائیٹل پر یوں کرایا گیا ہے۔ علی بن محمد بن احمد مالکی۔ مالکی چونکہ امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد کو کہتے ہیں۔ اور ائمہ اربعہ اپنے مقلدین سمیت اہل سنت کہلاتے ہیں۔ لہٰذا علی بن محمد بن احمد بھی سنی ہوا۔ حالانکہ اس کی رفض و شیعیت ہر دو مکتبہ فکر کے نزدیک ثابت ہے۔ اس کی کتاب کے بعض مندرجات، کتب شیعہ میں اس کو اپنا مشائخ کہنا اور اہل سنت کا اس کی شیعیت کی وضاحت کرنا یہ تین امور اس کے نظریات و معتقدات کا فیصلہ کر دیتے ہیں۔ سب سے پہلے ہم اس کی مذکورہ تصنیف سے چند اقتباسات پیش کر رہے ہیں۔ انہیں پڑھیں۔ اور فیصلہ کریں کہ ان کا قائل کون ہے؟

عبارت نمبر(۱):

وَقَدْ نَسَبَ بَعْضُهُمُ الْمُصَنِّفَ فِيْ ذَالِكَ اِلَى التَّرَفُّضِ لِمَا ذَكَرَهُ فِيْ خُطْبَةِ اَوَّلِهِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ مِنْ صَلَاحِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ نَصْبَ الْاِمَامِ الْعَادِلِ۔ (مقدمۃ الفصول المہمہ ص۶)

ترجمہ:۔

(صاحب کشف الظنون نے کہا) بعض نے الفصول المہمہ کے مصنف کو رافضیت کی طرف منسوب کیا۔ اور اس پر دلیل اس کی کتاب کے خطبہ کے ان الفاظ کو بنایا۔ تمام تعریفیں اس اللہ پاک کے لیے کہ جس نے اس امت کی اصلاح کے لیے امام عادل کو مقرر کیا،،

خطبہ کی مذکورہ عبارت میں امامت کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے

marfat.com

Marfat.com

منصوص قرار دیا گیا۔ اور یہی نظریہ اہل تشیع کا دربارۂ امامت ہے۔ اور اہل سنت کے ہاں مسئلہ امامت منصوص من اللہ نہیں۔ لہٰذا مصنف الفصول المہمہ کا عقیدہ وہی ہے جو اہل رفض و تشیع کا ہے۔ اس لیے یہ علمائے اہل سنت میں سے نہیں ہے۔

عبارت (۲):

اَكْثَرَ الْقَوْلَ بِتَبْجِيلِهِ وَاِسْتِحْسَانِ فَرَائِدِهِ مِنَ الْحُجَجِ الْمُعَاصِرِيْنَ اُسْتَاذُنَا الْاَكْبَرُ الحجة الامام الشيخ محمد الحسين آل كاشف الغطاء دامت فواضله (مقدمہ الفصول المہمہ ص۵)

ترجمہ:

کتاب الفصول المہمہ کی عظمت شان اور اس کے دلائل کی اچھائی مصنف کے ہم عصر علماء میں سے خاص کر استاد الاکبر الحجۃ الامام الشیخ محمد حسین نے بیان کی ہے۔ جو صاحب آل کاشف الغطاء ہیں۔

قارئین کرام! شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاء اہل تشیع کا بہت بڑا مجتہد ہے اس کی تصنیف "اصل الشیعہ واصولہا"، جیسا کہ اپنے نام سے ظاہر ہے مسلک شیعیت کے اصول بیان کرنے پر لکھی گئی۔ اور یہ کتاب دنیائے شیعیت کی مسلمہ کتاب ہے۔ اس سے صاف ظاہر کہ اگر الفصول المہمہ کا مصنف پکا سنی ہوتا۔ تو اس کی کتاب کے دلائل اور نظریات کو ایک بہت بڑا شیعہ مجتہد کیسے اچھے کہتا۔ یوں محمد حسین آل کاشف الغطاء نے اس کی شیعیت توثیق کر دی۔ ادھر شیعہ یہ کہتے ہیں۔ کہ جس روایت میں سنیوں کی موافقت نظر آتی ہو۔ اُسے چھوڑ دو۔ ان دونوں باتوں کو پیش نظر رکھ کر آپ صاحب الفصول المہمہ کے بارے میں بآسانی فیصلہ کر سکتے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

عبارت ۳:-

قُلْنَا اِنَّ مِنْ اَهَمِّيَّةِ هٰذَا الْكِتَابِ الْجَلِيْلِ الْقَدْرِ هُوَ اِعْتِمَادُ مُؤَلِّفِهِ عَلٰى كُتُبِ الْفَرِيْقَيْنِ فِيْ تَثْبِيْتِ اِمَامَةِ الْاَئِمَّةِ الْاَطْهَارِ (ع) وَمِنْ جُمْلَتِهَا كِتَابُ (كفاية الطالب فى مناقب امير المومنين على بن ابيطالب) للشيخ العلامة فَقِيْهِ الْحَرَمَيْنِ الكنجى الشافعى المتوفى سنة ٦٥٨ - (مقدمة الكتاب ص۵)

ترجمہ:-

ہم کہتے ہیں۔ کہ اس عظیم القدر کتاب کی اہمیت یہ بھی ہے۔ کہ اس کے مصنف نے فریقین کی کتب سے ائمہ اطہار کی امامت ثابت کی ہے اور ان کتابوں میں سے ایک کتاب "کفایۃ الطالب فی مناقب امیر المومنین علی بن ابیطالب" بھی ہے جس کے مصنف علامہ الشیخ فقیہ الحرمین الکنجی شافعی متوفی ۶۵۸ھ ہیں۔

توضیح:-

"کفایۃ الطالب" کا تعارف چند اوراق قبل آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔ دھوکہ دہی کے لیے اس کے نام کے آخر میں "شافعی" لکھا گیا ہے۔ ورنہ در حقیقت یہ شخص پکا رافضی ہے۔ اب فصول المہمہ کا ماخذ جب ایسی کتاب ٹھہری۔ جس کا مصنف کٹر رافضی ہو۔ تو پھر اس کا نظریہ خود آشکارا ہو جاتا ہے۔ ایسی کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتاب کہنا اور اس سے عقائد اہل تشیع کی توثیق پیش کرنا کس طرح درست ہو سکتا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

## عبارت نمبر۴: ـــــ الفصول المہمہ کے چند ماخذ

(۱) المغازی لابن قتیبہ (۲) الفتوح لابن اعثم (۳) الارشاد للشیخ مفید (۴) الجوانح والجوامع للامام قطب الدین ابی سعید ھبۃ اللہ ابن الحسن نہاوندی (۵) الدلائل للحمیری (۶) الوزیر السعید موید الدین العلقمی

(مقدمہ صفحہ ۹)

### توضیح:۔

مندرجہ بالا چھ کتب کے مصنف بھی کفایۃ الطالب کے مصنف کی طرح رافضی ہیں۔ اگرچہ اس کے مصنف کے نام کے آخر میں "المالکی" لکھا گیا ہے۔ لیکن یہ صرف فریب دینے کے لیے کیا گیا۔ درحقیقت وہ اہل تشیع میں سے ہے۔

### عبارت نمبر۵:

لَقَدْ اِعْتَمَدَ الْمُؤَلِّفُ فِیْ نَقْلِ الْاَحَادِیْثِ الشَّرِیْفَةِ وَالْاَخْبَارِ فِیْ فَضَائِلِ اٰلِ الْبَیْتِ الْمَیَامِیْنَ الْاَخْیَارِ عَلٰی رِوَایَةِ الْاَئِمَّةِ الْمَعْصُوْمِیْنَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَمَنْ بَعْدَهُمْ عَلَی الصَّحَابَةِ الْکِرَامِ مثل ابن عباس وعبد اللہ بن مسعود وابی ذر الغفاری الخ

(مقدمہ صفحہ ۹)

ترجمہ: مؤلف نے فصول المہمہ میں احادیث اور اخبار جو کہ فضائل آل بیت کے متعلق ہیں نقل کرنے میں ان پر اعتماد کیا ہے۔ جو ائمہ اہل بیت

marfat.com
Marfat.com

معصومین سے مروی ہیں۔ اس کے بعد چند صحابہ مثل ابن عباس، عبداللہ بن مسعود اور ابوذر غفاری رضی اللہ عنہم سے بھی روایات کی ہیں۔

## توضیح:

فصول المہمہ کا مقدمہ تحریر کرنے والا اکثر شیعہ ہے۔ اور اس نے صاحب فصول المہمہ کے شیعہ ہونے کی تائید اس طرح کی۔ کہ یہ بھی ائمہ اہل بیت کو معصوم سمجھتا ہے حالانکہ اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے۔ کہ حضرات انبیاء کرام کے علاوہ کوئی اور معصوم نہیں ہے عصمت ائمہ دراصل اہل تشیع کا عقیدہ ہے۔ لہٰذا اس سے بھی ثابت ہوا۔ کہ صاحب فصول المہمہ اہل سنت کا فرد نہیں بلکہ اہل تشیع کا ایک فرد ہے۔

## عبارت نمبر ۶:

قَدْ اَثْبَتَ الْوَصِيَّةَ وَالْاِمَامَةَ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم لِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ (ع) فِيْ مَوْضُوْعَاتِ كِتَابِهٖ هٰذَا۔ (مقدمة الكتاب ص۱۶)

## ترجمہ:

مصنف نے اپنی اس کتاب میں وصیت اور امامت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رض کے لیے ثابت کیا ہے۔ یہ بات اس کتاب کے موضوعات میں سے ایک ہے۔

## توضیح:

قارئین کرام! اہل سنت کا عقیدہ اس بارے میں یہ ہے۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلافت بلافصل اور امامت کا منصب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو ملا۔ اس کے برخلافت بلافصل اور امامت بلافصل کو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

marfat.com
Marfat.com

کے لیے ثابت کرنے والا قطعاً سنی نہیں ہو سکتا۔

عبارت نمبر ۱۷

قَالَ الشَّيْخ كَمَالُ الدِّيْنِ طَلْحَة تُوُفِّيَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ لَيْلَةَ الثَّلَاثَاء لِثَلَاثٍ خَلَوْنَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ الْمُعَظَّم سَنَة إِحْدٰى عَشَرَةَ مِنَ الْهِجْرَةِ وَدُفِنَتْ بِالْبَقِيْعِ لَيْلًا صَلّٰى عَلَيْهَا عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَكَبَّرَ عَلَيْهَا خَمْسَ تَكْبِيْرَاتٍ۔ (الفصول المهمه فی ذکر البتول ص ۱۴۷)

ترجمہ:۔ شیخ کمال الدین طلحہ نے کہا۔ حضرت خاتون جنت سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کا گیارہ ہجری رمضان المبارک کی تین تاریخ منگل کو انتقال ہوا اور رات کے وقت جنت البقیع میں دفن کی گئیں۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کی نماز جنازہ پانچ تکبیرات سے پڑھائی۔

## توضیح:

اہل سنت کی کتب مثلاً البدایہ والنہایہ اور تاریخ خمیس میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ پڑھانے والا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو لکھا گیا۔ اور انہوں نے چار تکبیرات کہیں۔ لیکن صاحب الفصول نے امام اور تعداد تکبیرات میں اہل سنت کے قول کی مخالفت کی۔ اور اہل تشیع کا مسلک ثابت کیا۔ لہٰذا اسے سنی کہنا صرف دھوکہ دہی کے لیے ہو سکتا ہے۔ ورنہ یہ اہل تشیع میں سے ایک کٹر شیعہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

**عبارت نمبر ۱۸:**

فصل فی ذکر وفاته ومدة عمرہ وامامته۔ قال ابوعلی الفضل بن الحسن الطبرسی فی کتابه "اعلام الوریٰ"، بَعْدَ اَنْ تَمَّ الصلح بین الحَسَنِ وَ مُعَاوِیَةَ وَخَرَجَ الْحَسَنُ اِلَی الْمَدِیْنَةِ وَ اَقَامَ بِهَا عشر سِنِیْنَ سَقَتْهُ زَوْجَتُهٗ جُعْدَۃُ بِنْتَ الْاَشْعَثِ بْنِ قَیْسِ الکندی السَّمَّ وَ ذَالِکَ بَعْدَ اَنْ بَذَلَ لَهَا مُعَاوِیَةُ عَلیٰ سَمِّهٖ مِأَةَ اَلْفِ درهم فَبَقِیَ مَرِیْضًا اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا۔ (الفصول المهمه فی ذکر البتول ص ۱۴۶)

**ترجمہ:-**

امام حسن کی وفات، ان کی عمر اور مدت خلافت کی فصل میں مولف نے ذکر کیا۔ کہ ابوعلی فضل بن حسن طبرسی نے اپنی تصنیف "اعلام الوریٰ" میں لکھا۔ کہ جب امیر معاویہ رض اور امام حسن رض کی صلح ہو گئی۔ اور امام حسن رض مدینہ کی طرف تشریف لے گئے۔ وہاں کچھ سال آپ نے قیام فرمایا پھر ان کی بیوی جعدہ بنت اشعت نے انہیں زہر کھلایا۔ اور اس زہر کھلانے کے لیے امیر معاویہ رض نے ایک لاکھ درہم خرچ کیے تھے چنانچہ اس زہر کے اثر سے چالیس دن بیمار رہ کر امام حسن رض نے انتقال فرمایا۔

**توضیح:-**

قارئین کرام! اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے۔ اور کتب شیعہ میں بھی اس کی تائید

marfat.com

Marfat.com

موجود ہے۔ کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جب امام حسن کی صلح ہو گئی۔ تو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ انہیں خطیر رقم سالانہ بطور وظیفہ دیتے رہے۔ اس کی تفصیل تحفہ جعفریہ جلد چہارم میں وضاحت سے مذکور ہو چکی ہے۔ رہا زہر دینے کا معاملہ تو اس بارے میں خود حسنین کریمین کو بھی علم نہ تھا۔ چہ جائیکہ کسی دوسرے کو اس بارے میں علم ہو۔ صاحب الفصول کا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر یہ الزام دھرنا کہ انہوں نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو زہر کھلانے کے لیے بہت سے دراہم خرچ کیے۔ اہل تشیع کی ترجمانی کرتا ہے۔ صحابی رسول اور کاتب وحی پر ایک بہتان عظیم بھی ہے۔ علاوہ ازیں جس کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے اس کا مصنف بہت بڑا شیعہ مجتہد بلکہ اس کے شاگردوں میں سے تو شاگردوں کی اجتہادی عظمت کا تذکرہ اعلام الوریٰ میں یوں مذکور ہے۔

۱۔ الشیخ محمد بن علی شهر آشوب السروی المازندرانی۔

۲۔ ولده الذاکی رضی الدین الحسن بن الفضل ابو النصر الطبرسی۔

۳۔ الشیخ منتجب الدین علی بن عبید الله بن الحسن الملقب بحسکا الرازی من احفاد ابن بابویه القمی۔

۴۔ الشیخ سعید بن هبة الله ابو الحسین المعروف بالقطب الراوندی۔

۵۔ الشیخ عبد الله بن جعفر الدوریستی۔

۶۔ الشیخ شاذان بن جبرئیل القمی۔

۷۔ السید مهدی بن نزار ابو المحمد الحسینی القائنی۔

marfat.com
Marfat.com

۸ - السید شرفشاہ بن محمد بن زیادۃ الافطسی۔

۹ - السید فضل الدین علی بن عبید اللہ الحسنی

ضیاء الدین راوندی۔ (اعلام الوری ص ۵ ترجمۃ المؤلف)

قارئین کرام! یہ ترکتب وہ ہیں۔ جن پر شیعیت کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ اور یہ ان لوگوں کی تصانیف ہیں جن کو شیعیت میں اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ ان کے استاد اور ان کے مربی فضل ابن عباس طبرسی کے شیعہ ہونے میں کس کو اعتراض ہے۔ جب پورا ٹولہ "گروہ شیعہ" سے تعلق رکھتا ہے۔ تو پھر ان کی کتب کو اہل سنت کی مشہور و معتبر قرار دینا کس قدر جہالت ہے۔ یہ چند حوالہ جات کتاب الفصول المہمہ سے ہم نے نقل کیے ہیں۔ ان کے علاوہ خود اہل تشیع نے اس کا تعارف "اپنا آدمی" کے طور پر کرایا ہے۔

## کتب شیعہ سے صاحب الفصول المہمہ علی بن محمد کا تعارف

الذریعہ:۔

الفصول المہمۃ فی معرفۃ الائمۃ الاثنی عشر و فضلہم و معرفۃ اولادہم و نسلہم للشیخ نور الدین علی بن محمد الصباغ المالکی المکی المتوفی ۸۵۵ مطبوعہ متداول اولہ [الحمد للہ الذی جعل من صلاح ہذہ الامۃ نصب الامام العادل] عدہ فی رسالۃ

marfat.com

Marfat.com

(مشائخ الشیعۃ) ومنہم مع انّہ من اعاظم المالکیۃ ولذا قال فی (کشف الظنون) انّہ نسب بعضہم المصنف الی الرفض لما ذکرہ فی خطبتہ۔ (الذریعہ جلد ۱۶ ص ۲۴۶ درحروف فاء، صاد، واؤ مطبوعہ بیروت

ترجمہ:۔

فصول المہمہ کتاب جس میں بارہ اماموں، ان کے فضل اور ان کی اولاد و نسل کی معرفت کا تذکرہ ہے۔ اس کے مصنف شیخ نورالدین علی بن محمد الصباغ مالکی ہیں۔ جن کا انتقال ۸۵۵ھ میں ہوا۔ مشہور و معروف کتاب ہے۔ اس کی ابتدا ان الفاظ سے ہوتی ہے۔ الحمد للہ الذی جعل من صلاح ھذہ الامۃ نصب الامام العادل،، رسالہ مشائخ الشیعہ میں اس مصنف کو شیعہ مشائخ میں شمار کیا گیا۔ حالانکہ یہ مالکی مسلک کے بڑے عالم تھے۔ اسی لیے کشف الظنون میں ہے۔ کہ بعض نے اس کے مصنف کی طرف رافضی ہونے کی نسبت کی۔ کیونکہ اس کی کتاب کے خطبہ میں مذکورہ الفاظ اس کے رفض کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

## الکنی والالقاب:

وقد یطلق ابن الصباغ علی نورالدین علی بن محمد بن الصباغ المکی المالکی صاحب کتاب الفصول المہمہ فی معرفۃ الائمۃ قال الکاتب الحلبی وقد نسبہ بعضہم الی الترفض لما ذکر فی اول خطبتہ الحمد للہ الذی جعل من صلاح ھذہ الامۃ نصب الامام

marfat.com
Marfat.com

العَادِلِ الخ توفی سنة ۸۵۵ھ (الکنی والالقاب جلد ۱ ص ۳۳۶)

**ترجمہ:**- ابن الصباغ نورالدین علی بن محمد الصباغ کو بھی کہا جاتا ہے۔ جو مکی اور مالکی ہے۔ اور کتاب الفصول المہمہ کا مصنف ہے۔ کاتب الحلبی نے کہا۔ کہ اسے بعض علماء نے رافضی ہونے کی طرف منسوب کیا۔ کیونکہ اس نے اسی مذکورہ کتاب کے شروع میں یہ لکھا ہے کہ تمام تعریفیں اس ذات کے لیے جس نے امت کی اصلاح کے لیے امام عادل کھڑا کیا۔ ۸۵۵ھ میں اس کا انتقال ہوا۔

## توضیح:-

قارئین کرام! صاحب الفصول المہمہ کے بارے میں دو عدد ایسی کتب شیعہ سے ہم نے حوالہ جات پیش کیے ہیں۔ جن پر دنیائے شیعیت کو مکمل اعتماد ہے۔ ان میں سے ایک نے بحوالہ کاتب حلبی اس کی رافضیت کو بیان کیا۔ لیکن اس پر جرح نہ کر کے یہ تاثر دیا۔ کہ کاتب حلبی کی بات درست ہے۔ درست کیوں نہ ہوتی آخر "مشائخ شیعہ" کے مصنف نے اسے صرف شیعہ ہی نہیں بلکہ مشائخ میں سے لکھا ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا۔ کہ ابن الصباغ علی بن محمد اہل سنت علماء میں سے نہیں۔ بلکہ شیعہ ہے۔ اور اس کی کتاب مذکورہ کا کوئی حوالہ ہم اہل سنت پر حجت نہیں ہو سکتا۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com

Marfat.com

# سی و سوم ۳۳

## مطالب المسئول مصنفہ کمال الدین محمد بن طلحہ

کمال الدین محمد بن طلحہ ۵۸۲ھ میں پیدا ہوا۔ اور ۶۵۲ھ میں اس کا انتقال ہوا بظاہر شافعی المسلک کہلاتا ہے۔ یا اسے لکھا جاتا ہے۔ لیکن اس کے نظریات جو اس کی تصنیف "مطالب المسئول" سے معلوم ہوتے ہیں۔ اُن کے پیش نظر اس کی رافضیت عیاں ہوتی ہے۔ اہل سنت اور اہل تشیع کے درمیان مختلف فیہ مسائل میں اس کا رجحان اہل سنت کی طرف نہیں۔ بلکہ مسئلہ امامت میں واضح طور اس نے اہل تشیع کا عقیدہ اپنایا ہے۔ ہم درج ذیل میں اس کی تشیعیت پر چند شواہد پیش کرتے ہیں ملاحظہ ہوں۔

**علمائے شیعہ نے اس کی مذکورہ کتاب کو اپنے ہاں معتبر گردانا ہے**

مقدمۃ مطالب المسئول:

كلمة الإمام آية الله كاشف الغطاء حول

marfat.com
Marfat.com

هَذَا الْكِتَابَ اِنَّ كِتَابَ (مطالب المسئول فِي مناقب آل الرسول) اَحَدُ الْكُتُبِ الْمُعْتَبَرَةِ فِي عَالَمِ التَّأْلِيفِ فَقَدْ حَوِيَ كُلَّ نَفِيسٍ مِنَ الْقَوْلِ تَضَمَّنَ الْمُحَاكَمَاتِ الَّتِي تَهْدِفُ اِلَى تَدْوِينِ فَضَائِلِ آلِ بَيْتٍ مِنَ الطُّرُقِ الصَّحِيحَةِ وَالرُّوَاةِ الثِّقَاتِ بِقَلَمٍ شَخْصِيَّةٍ عَرَفَهَا اَعْلَامُ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالضَّبْطِ وَالتَّحْقِيقِ وَعَلَيْهِ فَهُوَ كِتَابٌ جَلِيلٌ حَوِيَ فَوَائِدَ جَمَّةً قَدْ لَا يَحْوِيهِ كِتَابٌ آخَرُ جَاءَتْ وَفْقَ مَا تَطْلُبُهُ هُدَاةُ الْفَضَائِلِ وَاَرْبَابُ الْوَلَاءِ لِلْاَئِمَّةِ الطَّاهِرِيْنَ - وَهَذَا عَمَلٌ يَسْتَحِقُّ صَاحِبُهُ -

(الشيخ محمد رضا الكتبي) اَلَّذِي عُرِفَ بِمَسَاعِيهِ وَجُهُودِهِ فِي نَشْرِ الْكُتُبِ النَّفِيسَةِ الشُّكْرَ وَالدُّعَاءَ - (مقدمة مطالب السئول مصنفه كمال الدين محمد بن طلحه)

ترجمہ :-

کتاب مطالب السئول کے بارے میں امام آیۃ اللہ کاشف الغطاء کے تاثرات -

دنیائے تصانیف میں کتاب مطالب السئول ایک معتبر اور مشہور کتاب ہے۔ مصنف نے اس میں نفیس باتیں درج کیں۔ اور ایسے محاکمات پرمشتمل ہے۔ جو اہل بیت کے فضائل کی طرف نشاندہی کرتے

marfat.com

Marfat.com

ہیں۔ اس موضوع پر مصنف نے صحیح اور ثقہ روایات درج کیں۔ اور مصنف مذکور کو مشہور مؤرخین نے صاحب ضبط و تحقیق میں شمار کیا لہذا یہ کتاب عظیم الشان کتاب ہے۔ اور ایسے فوائد کی جامع ہے۔ جو کسی اور کتاب میں نہیں پائے جاتے۔ حضرات ائمہ طاہرین کے بارے میں صاحبان فضل و ارباب ولایت کا دیرینہ مطالبہ اس کتاب نے پورا کر دیا ہے۔ اور اس عمل کی بنا پر اس کا ناشر شیخ محمد رضا الکتبی ہمارا دعا اور شکر کا مستحق ہے۔ جس نے ایسی نفیس کتابوں کے چھاپنے اور نشر و اشاعت میں بہت شہرت پائی ہے۔

## توضیح:

کتاب مذکور کے بارے میں کہ جسے غلام حسین نجفی نے اہل سنت کی معتبر کتاب کے طور پر پیش کیا۔

۱۔ اسے ایسے مطبع نے چھاپا جو خالص شیعہ کتب کے نشر و اشاعت کا ادارہ ہے۔

۲۔ اس کی تعریف میں صاحب کاشف الغطاء نے خوب دل کھول کر داد دی۔ اور اس کے مصنف کو محقق کہا۔

۳۔ اسی علامہ نے اس کی اشاعت کرنے والے ادارے کو دعائے خیر سے نوازا۔

۴۔ فضائل و مناقب اہل بیت پر خواہشات اہل تشیع کا پورا پورا حق ادا کیا گیا۔

ان تمام باتوں کے پیش نظر محمد بن طلحہ کے شیعہ ہونے میں کیسے شک ہو سکتا ہے۔ صرف دھوکہ دینے کے لیے اس کے نام کے ساتھ شافعی۔۔ ہونے کی دم

marfat.com
Marfat.com

لگادی گئی ہے۔

## مقدمہ مطالب السئول ۲:

وَ قَدْ اِعْتَمَدَ عَلٰی هٰذَا الْكِتَابِ كَثِيْرٌ مِنَ الْعُلَمَاءِ وَ مِنْهُمُ الْعَلَّامَةُ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى الْاَرْبَلِيِّ الَّذِيْ نَقَلَ عَنْهُ كَثِيْرًا فِيْ كِتَابِهِ (كشف الغمه) وكذالك ابن الصباغ۔ (مقدمہ مطالب السئول ص۴)

**ترجمہ:**

اس کتاب کے مندرجات پر بہت سے علماء نے اعتماد کیا۔ ان میں سے ایک علامہ علی بن عیسیٰ اربلی بھی ہیں۔ جنہوں نے اس کتاب سے بہت سی باتیں اپنی کتاب "کشف الغمہ" میں نقل کیں۔ اور اسی طرح ابن الصباغ نے بھی۔

## توضیح:

جن علماء کا ذکر اس اعتبار سے کیا گیا۔ کہ انہوں نے اس کی کتاب سے بہت زیادہ اقتباس کیا۔ ان میں سے ایک صاحب کشف الغمہ بھی ہیں۔ جس کے شیعہ ہونے پر کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہے۔ جس کی عبارات کو ایک شیعہ عالم بطور تائید پیش کرے۔ اور اپنے مسلک کی توثیق کے طور پر پیش کرے۔ اُسے اہل سنت کا عالم کہنا کس قدر زیادتی اور ناانصافی ہے۔

## مقدمہ مطالب السئول ص۳:

وَالْاَوَّلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ والثانی مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَكُلٌّ وَاحِدٍ مِنْ هٰذَيْنِ الْاَصْلَيْنِ مُرَكَّبٌ مِنْ اِثْنٰى عَشَرَ حَرْفًا وَالْاِمَامَةُ فَرْعٌ

marfat.com

Marfat.com

عَلَى الْإِيْمَانِ الْمُتَاصِلِ وَالْإِسْلَامِ الْمُتَقَرِّرِ فَيَكُوْنُ عَدَدُ الْأَئِمَّةِ الْقَائِمِيْنَ بِهِمَا اِثْنَىْ عَشَرَ كَعَدَدِ كُلِّ وَاحِدٍ مِنَ الْأَصْلَيْنِ الْمَذْكُوْرَيْنِ ـ

(مطالب السئول ص ۱۱)

ترجمہ :۔ بارہ اماموں میں امامت کے انحصار پر بہت سے دلائل میں سے ایک یہ ہے کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے دونوں اجزاء بارہ بارہ حروف سے مرکب ہیں۔ اور امامت ایمان مضبوط اور پختہ اسلام کی شاخ ہے۔ لہٰذا ان اماموں کی تعداد جو اسے قائم رکھنے والے ہیں۔ اتنی ہی ہے جتنی ان دونوں اصول (توحید و رسالت) کے حروف کی تعداد ہے۔

## مقدمہ مطالب السئول ۴:

اَلْقِسْمُ الثَّانِىْ فِىْ ذِكْرِ الْمَعَانِى الَّتِىْ ذُكِرَ اِخْتِصَاصُهُمْ بِهَا وَهِىَ الْإِمَامَةُ الثَّابِتَةُ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ وَكَوْنُ عَدَدِهِمْ مُنْحَصِرًا فِىْ اِثْنَىْ عَشَرَ اِمَامًا وَاَمَّا ثُبُوْتُ الْإِمَامَةِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ فَإِنَّهُ حَصَلَ ذَالِكَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْ قِبَلِهٖ فَحَصَلَتْ لِلْحَسَنِ التَّقِىْ "ع" مِنْ اَبِيْهِ على ابن ابيطالب "ع" وَحَصَلَتْ بَعْدَهٗ لِاَخِيْهِ الْحُسَيْنِ الزَّكِىِّ مِنْهُ وَحَصَلَتْ بَعْدَ الحسين لِابْنِهٖ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ لِوَلِدِهٖ محمد الباقر "ع" مِنْهُ وَحَصَلَتْ بَعْدَ الْبَاقِرِ لِوَلَدِهٖ جعفر صادق "ع" مِنْهُ وَحَصَلَتْ بَعْدَ الصَّادِقِ

marfat.com
Marfat.com

لِوَلَدِہٖ موسیٰ الکاظم رع، مِنْہُ وَحَصَلَتْ بَعْدَ
الکاظم لِوَلَدِہٖ عَلِی الرِّضَا رع، مِنْہُ وَحَصَلَتْ
بَعْدَ الرِّضَا لِوَلَدِہٖ محمد القانع مِنْہُ وَحَصَلَتْ
بَعْدَ الْقَانِعِ لِوَلَدِہٖ عَلِیِ المُتَوَکِّلِ مِنْہُ وَحَصَلَتْ بَعْدَ المُتَوَکِّلِ لِوَلَدِہٖ الْحَسَنِ
الْخَالِصِ مِنْہُ وَحَصَلَتْ بَعْدَ الْخَالِصِ لِوَلَدِہٖ
محمد الحجۃ المہدی مِنْہُ وَ ثُبُوْتُہَا
لِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ فَمُسْتَقْصٰی عَلٰی کُلِّ الْوُجُوْہِ
فِیْ کُتُبِ الْاُصُوْلِ وَلَا حَاجَۃَ اِلٰی بَسْطِ الطَّرِیْقِہٖ
فِیْ ھٰذَا الْکِتَابِ ۔ (مطالب السئول ص۱۱۱)

ترجمہ:۔

دوسری قسم میں ان باتوں کا تذکرہ ہوگا۔ جو حضرات ائمہ کے ساتھ خاص ہیں۔ اور امامت کا مسئلہ ہے۔ جو ان بارہ میں سے ہر ایک کے لیے ثابت ہے۔ اور یہ بھی کہ ان کی تعداد بارہ میں ہی منحصر ہے۔ بہرحال ان میں سے ہر ایک کے لیے ثبوت امامت کا مسئلہ تو یہ بات ہر ایک آنے والے امام کو اپنے پیش امام سے ملی۔ امام حسن رضی اللہ عنہ کو ان کے والد علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ان کے بعد امام حسین رضی اللہ عنہ ان کے بعد زین العابدین، ان کے بعد محمد باقر، ان کے بعد جعفر صادق ان کے بعد موسیٰ کاظم، ان کے بعد علی رضا، ان کے بعد محمد قانع، ان کے بعد علی المتوکل ان کے بعد ان کے صاحبزادے حسن خالص اور آخر میں ان کے صاحبزادے محمد المہدی کو امامت ملی۔ اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لیے مسئلہ امامت کا ثبوت تو وہ مکمل طریقہ سے کتب اصول میں

marfat.com
Marfat.com

مذکور ہے۔ اس کتاب میں اس تفصیل کی گنجائش نہیں۔

## توضیح:

مسئلہ امامت میں اہل تشیع کا یہ نظریہ ہے کہ یہ منصوص من اللہ ہوتی ہے محمد بن طلحہ نے اس مقام پر مسئلہ امامت کے منصوص من اللہ ہونے پر چند عدد دلائل ذکر کیے ہیں۔ اب اس وضاحت کے بعد بھی کوئی شخص محمد بن طلحہ کو اہل سنت کا عالم کہے گا؟ لہٰذا اس کی کوئی عبارت ہم اہل سنت پر بطور حجت پیش نہیں ہو سکتی۔ اگرچہ تقیۃً اس کے ساتھ "شافعی" بھی لکھا جاتا ہے۔

## مقدمہ مطالب السئول ۵:

عن الحسن بن علی قَالَ قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم اُدْعُ لِی سَیِّدَ الْعَرَبِ یَعْنِی فَقَالَتْ عَائِشَۃُ اَلَسْتَ سَیِّدَ الْعَرَبِ فَقَالَ اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَعَلِیٌّ سَیِّدُ الْعَرَبِ فَلَمَّا جَاءَ اَرْسَلَ اِلَی الْاَنْصَارِ فَاَتَوْہُ فَقَالَ لَھُمْ یَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَلَا اَدُلُّکُمْ عَلٰی مَا اِنْ تَمَسَّکْتُمْ بِہٖ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَہٗ اَبَدًا قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ ھٰذَا عَلِیٌّ فَاَحِبُّوْہُ بِحُبِّیْ وَاَکْرِمُوْہُ بِکَرَامَتِیْ فَاِنَّ جِبْرَائِیْلَ اَمَرَنِیْ بِالَّذِیْ قُلْتُ لَکُمْ عَنِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَرَوَی الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمَذْکُوْرُ بِسَنَدِہٖ فِیْ حِلْیَتِہٖ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللہ علیہ وسلم یَا اَنَسُ اُسْکُبْ لِیْ وَضُوْءً ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ قَالَ یَا اَنَسُ اَوَّلُ

marfat.com
Marfat.com

مَنْ یَدْخُلُ عَلَیْكَ مِنْ هٰذَا الْبَابِ اَمِیْرُالْمُؤْمِنِیْنَ
وَسَیِّدُ الْمُسْلِمِیْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَخَاتَمُ
الْوَصِیِّیْنَ قَالَ اَنَسٌ قُلْتُ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ رَجُلًا
مِّنَ الْاَنْصَارِ وَکَتَمْتُهٗ اِذْ جَآءَ عَلِیٌّ فَقَالَ مَنْ هٰذَا
یَا اَنَسُ فَقُلْتُ عَلِیٌّ فَقَامَ مُسْتَبْشِرًا فَاعْتَنَقَهٗ
ثُمَّ جَعَلَ یَمْسَحُ عِرْقَ وَجْهِهٖ بِوَجْهِهٖ وَعِرْقَ وَجْهِهٖ
عَلٰی وَجْهِهٖ فَقَالَ علیٌ یارسول الله صلی الله علیه
وسلم لَقَدْ رَاَیْتُكَ صَنَعْتَ بِیْ شَیْئًا مَاصَنَعْتَ
بِیْ قَبْلُ قَالَ وَمَا یَمْنَعُنِیْ وَاَنْتَ تُؤَدِّیْ عَنِّیْ
وَتُسْمِعُهُمْ صَوْتِیْ وَتُبَیِّنُ لَهُمْ مَا اخْتَلَفُوْا
فِیْهِ بَعْدِیْ وَمِنْ ذَالِكَ مَا رواه الحافظ
المذکور یَرْفَعُهٗ فِیْ حِلْیَةٍ بِسَنَدِهٖ عَنْ علقمه
بن عبد الله قَالَ کُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ صلی الله علیه
وسلم فَسُئِلَ عَنْ عَلِیٍّ فَقَالَ قُسِّمَتِ الْحِکْمَةُ
عَشَرَةَ اَجْزَاءٍ فَاُعْطِیَ عَلِیٌّ تِسْعَةَ اَجْزَاءٍ
وَالنَّاسُ جُزْءًا وَّاحِدًا وَمِنْ ذَالِكَ مارواه
الحافظ المذکور بِسَنَدِهٖ فِیْ حلیته عَنِ
ابنِ عباس قَالَ قَالَ رَسُوْلُ الله صلی الله علیه
وسلم مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
اِلَّا وَعَلِیٌّ رَاْسُهَا وَاَمِیْرُهَا وَمِنْ ذَالِكَ مَا
رَوَاهُ الْحَافِظُ الْمَذْکُوْرُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ الله

marfat.com

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰہَ عَہِدَ اِلَیَّ فِیْ عَلِیٍّ عَہْدًا فَقُلْتُ یَارَبِّ بَیِّنْہُ لِیْ فَقَالَ اِسْمَعْ فَقُلْتُ سَمِعْتُ فَقَالَ اِنَّ عَلِیًّا رَایَۃُ الْہُدٰی وَ اِمَامُ اَوْلِیَائِیْ وَنُوْرُ مَنْ اَطَاعَنِیْ وَھُوَ الْکَلِمَۃُ الَّتِیْ اَلْزَمْتُہَا الْمُتَّقِیْنَ۔ (مطالب السئول ص۱۶۱)

**ترجمہ:۔**

امام حسن بن علی کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے پاس سید العرب علی المرتضٰی رضؓ ہیں۔ عائشہ صدیقہ نے عرض کیا۔ کیا آپ خود سید العرب نہیں ہیں؟ فرمایا۔ میں اولادِ آدم کا سردار ہوں۔ اور سید العرب علی المرتضٰی رضؓ ہیں۔ پھر جب علی المرتضٰی رضؓ آ گئے۔ تو آپ نے انصار کو بلوایا۔ پھر انہیں فرمایا۔ اے گروہ انصار! کیا میں وہ نہ بتاؤں کہ اگر میرے بعد اس کو مضبوطی سے تھامے رکھو گے تو گمراہ نہ ہو گے۔ انہوں نے عرض کیا۔ ہاں یا رسول اللہ بتلایئے۔ فرمایا۔ یہ علی المرتضٰی رضؓ ہیں۔ میری محبت کی بنا پر ان سے محبت رکھو۔ اور میری بزرگی کی بنا پر ان کا احترام کرو۔ کیونکہ جبرائیل نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے یہی کچھ تمہیں کہنے کا حکم دیا ہے۔ امام حافظ مذکور نے حلیۃ الاولیاء میں حضرت انس بن مالک سے روایت لکھی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وضو کے لیے پانی تیار کرنے کا حکم دیا۔ پھر وضو کے بعد آپ نے دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ پھر کہا اے انس! جو شخص اس دروازے سے سب سے پہلے تمہارے سامنے آئے

marfat.com
Marfat.com

وہ امیر المومنین، سید المسلمین قائد المحجلین اور خاتم الوصیین ہے۔ جناب انس کہتے ہیں۔ اے اللہ! اس کا مستحق کسی انصاری مرد کو کر دے۔ یہ بات میں نے دل میں چھپائے رکھی۔ تا آنکہ حضرت علی المرتضٰے تشریف لے آئے۔ حضور نے پوچھا یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا۔ علی ہیں۔ آپ خوش ہو کر اٹھے اور اُن کو گلے لگایا۔ پھر اپنی پیشانی کے پسینہ کو علی کی پیشانی کے پسینے سے ملایا۔ اس پر علی المرتضٰے نے کہا۔ یا رسول اللہ! آپ نے آج میرے ساتھ وہ کام کیا۔ جو آج سے قبل کبھی نہیں کیا۔ فرمایا۔ مجھے اس کام کے کرنے سے کیا روکاوٹ ہو سکتی ہے۔ تو میری امانت ادا کرے گا۔ لوگوں کو میری آواز سنائے گا۔ اور میرے بعد اختلافی امور میں اُن کو صحیح راہنمائی کرے گا۔ حلیۃ الاولیاء میں ہی حافظ مذکور نے حضرت علقمہ بن عبد اللہ کی سند سے یہ روایت بھی لکھی ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس پاک میں تھا۔ آپ سے علی المرتضٰے رض کے بارے میں پوچھا گیا۔ فرمایا۔ حکمت دس حصوں میں بانٹی گئی۔ اس میں نو حصے علی المرتضٰے رض کو اور ایک حصہ تمام لوگوں کو دیا گیا۔ ایک اور روایت حلیۃ الاولیاء میں حضرت ابن عباس سے نقل کی گئی ہے۔ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے جب بھی "و یا ایہا الذین امنوا" نازل فرمایا۔ تو علی المرتضٰے رض کو اس کا سردار اور امیر مقرر فرمایا۔ ایک اور روایت میں صاحب حلیۃ الاولیاء نے نقل کیا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت علی المرتضٰے رض کے بارے میں مجھ سے عہد لیا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے

marfat.com

Marfat.com

عرض کیا۔ اس عہد کو واضح فرمایئے۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا سنو! علی المرتضیٰ رضہ ہدایت کے جھنڈے۔ میرے اولیاء کے امام اور میرے فرمانبرداروں کے نور ہیں۔ اور وہ وہی کلمہ ہیں جسے میں نے پرہیزگاروں کے لیے لازم کر دیا ہے۔

# مذکورہ حوالہ سے مندرجہ ذیل امور سامنے آتے ہیں

۱۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قابل تمسک شخصیت علی المرتضیٰ ہیں۔ لہذا خلفائے ثلاثہ وغیرہ سے تمسک گمراہی اور بے دینی ہے۔ اسی عقیدہ کو اہل تشیع یوں بیان کرتے ہیں کہ جس نے علی المرتضیٰ کو چھوڑ کر ابوبکر کی بیعت کی وہ کافر ہو گیا۔

۲۔ علی المرتضیٰ رضہ کے ساتھ تمسک کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے جس سے خلافت بلافصل کا عقیدہ نکلتا ہے۔

۳۔ حضرت انس کی زبانی معلوم ہوا کہ علی المرتضیٰ رضہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے "خاتم الوصیین" کا لقب عطا فرمایا۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال شریف عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے سینہ پر سرِ اقدس رکھے ہوئے ہوا تھا۔ اس آخری وقت کی باتیں مائی صاحبہ کے علاوہ دوسرا کون جان سکتا ہے۔ لیکن مائی صاحبہ سے ایسی وصیت کی ایک روایت بھی نہیں ملتی۔

۴۔ حضور نے اپنے بعد اختلافات میں علی المرتضیٰ رضہ کو حق بیان کرنے والا

marfat.com
Marfat.com

فرمایا یعنی مسئلہ خلافت میں لوگوں کے اختلاف کے دوران جو علی المرتضےٰ رضہ نے فیصلہ کیا۔ وہی حق تھا شیعہ کہتے ہیں۔ کہ لوگوں نے علی المرتضےٰ رضہ کا فیصلہ نہ مانا۔ اور ابوبکر کو خلیفہ بنالیا۔ اس اختلاف کی وجہ سے علی المرتضےٰ رضہ کو ہر وقت یہ خدشہ تھا۔ کہ کہیں مجھے قتل نہ کر دیا جائے۔ چنانچہ بحوالہ حیات القلوب احتجاج طبرسی اور جلاءالعیون علی المرتضےٰ رضہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ پاک کے سامنے کھڑے ہو کر یہ کہا تھا۔ یَا ابْنَ عَمِّی سَیَقْتُلُوْنَنِیْ اے میرے چچا زاد بھائی۔ یہ لوگ عنقریب مجھے قتل کر دیں گے۔

۵۔ بموجب عہد باری تعالیٰ۔ علی المرتضےٰ رضہ تمام صحابہ کرام کے بھی امام ہیں۔ اور یہ کلمہ تمام پرہیزگاروں پر لازم کر دیا گیا ہے۔ یہی عقیدہ خلافت بلافصل کو جنم دیتا ہے۔ اور خلفائے ثلاثہ کی امامت و خلافت کو ناجائز قرار دیتا ہے۔ ان مذکورہ پانچ امور کے پیش نظر محمد بن طلحہ کی نظریاتی وابستگی صاف ظاہر ہے۔ کہ اہل تشیع کے ساتھ ہے۔ اور اس نے "شافعی" کی قید محض تقیہ کے طور پر لگائی ہے۔

(فاعتبروا یا اولی الابصار)

## سیدہ عائشہ صدیقہ، طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہم کی گستاخی

### مطالب السئول ۷۰:

وَکَتَبَ اِلٰی عَائِشَۃَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّكِ خَرَجْتِ مِنْ بَیْتِكِ عَاصِیَۃً لِلّٰہِ تَعَالٰی وَلِرَسُوْلِہٖ تَطْلُبِیْنَ اَمْرًا کَانَ عَنْكِ مَوْضُوْعًا ثُمَّ تَزْعُمِیْنَ اِنَّكِ تُرِیْدِیْنَ الْاِصْلَاحَ بَیْنَ النَّاسِ فَخَبِّرِیْنِیْ

marfat.com

Marfat.com

مَا لِلنِّسَاءِ وَقَوْدُ الْعَسَاكِرِ وَزَعَمْتِ اِنَّكِ طَالِبَةٌ
بِدَمِ عُثْمَانَ وَعُثْمَانُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي اُمَيَّةَ
وَاَنْتِ اِمْرَاَةٌ مِنْ بَنِي تَمِيْمِ ابْنِ مُرَّةَ وَلَعُمْرِي
اِنَّ الَّذِي عَرَضَكِ لِلْبَلَاءِ وَحَمَلَكِ عَلَى الْمَعْصِيَةِ
لَاَعْظَمُ اِلَيْكِ ذَنْبًا مِنْ قَتَلَةِ عُثْمَانَ وَمَا
غَضِبْتُ حَتّٰى اَغْضَبْتِ وَلَا هِيَّجْتُ حَتّٰى هَيَّجْتِ
فَاتَّقِي اللهَ يَا عَائِشَةُ اِرْجِعِي اِلٰى مَنْزِلِكِ وَاَسْبِلِي
عَلَيْكِ سِتْرَكِ وَالسَّلَامُ............ثُمَّ رَفَعَ
يَدَهُ اِلَى السَّمَاءِ وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ طَلْحَةَ
بْنَ عُبَيْدِ اللهِ اَعْطَانِي صَفْقَةَ يَمِيْنِهِ طَائِعًا
ثُمَّ نَكَثَ بَيْعَتِي اَللّٰهُمَّ فَعَاجِلْهُ وَلَا تُمْهِلْهُ
اَللّٰهُمَّ اِنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَامِ قَطَعَ قَرَابَتِي وَنَكَثَ
عَهْدِي وَظَاهَرَ عَدُوِّي وَنَصَبَ الْحَرْبَ لِي
وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهُ ظَالِمٌ اَللّٰهُمَّ فَاكْفِنِيْهِ كَيْفَ
شِئْتَ وَاَنّٰى شِئْتَ - (مطالب السئول ص ۱۱۵-۱۱۶)

ترجمہ:-

حضرت علی المرتضےٰ رضی نے سیدہ عائشہ صدیقہ رض کی طرف یہ خط لکھا۔
اما بعد۔ تو اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمان ہو کر نکلی ہے
کہ وہ ذمہ داری اٹھانا چاہتی ہے۔ جس کا تجھے متحمل نہیں بنایا گیا۔ پھر اس
پر تجھے گمان ہے۔ کہ تو لوگوں کے درمیان اصلاح کا ارادہ رکھتی ہے۔
مجھے بتاؤ کہ کیا فوج کی سپہ سالاری عورتوں کا کام ہوتا ہے۔ اور تیرا

marfat.com
Marfat.com

یہ خیال ہے۔ کہ تو عثمان غنی کے خون کا مطالبہ کر رہی ہے۔ حالانکہ عثمان کا تعلق خاندان بنی امیہ سے اور تیرا تعلق بنی تیم سے ہے۔ مجھے اپنی عمر کی قسم! جس ارادہ وخیال نے تجھے ایسی نافرمانی پر ابھارا ہے۔ وہ نافرمانی حضرت عثمان کے قاتلوں کے گناہ سے بھی بڑی ہے۔ جب تک تو نے غصہ نہ ظاہر کیا۔ میں نے بھی اس کا اظہار نہ کیا۔ اور تیرے ابھارنے کے بعد میں نے جوش کا مظاہرہ کیا۔ اے عائشہ! اللہ سے ڈرو اور اپنے گھر کی راہ لو۔ اور پردہ کی پابندی کرو۔ والسلام اس کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ اور کہا۔ اے اللہ! طلحہ بن عبیداللہ نے بخوشی میری بیعت کی تھی۔ پھر اُسے توڑ دیا۔ تو تو اُسے جلدی گرفت میں لے اور اُسے مہلت نہ دے۔ اے اللہ! زبیر بن العوام نے میری قرابت کو توڑ ڈالا۔ میرے وعدہ کو پورا نہ کیا۔ اور میرے دشمنوں کی پشت پناہی کی۔ اور میرے لیے لڑائی کھڑی کر دی۔ حالانکہ وہ جانتا ہے۔ کہ وہ ظالم ہے۔ اے اللہ! جیسے تو چاہے اور جب چاہے۔ اس کی خبر لے۔

## توضیح:

مذکورہ عبارت میں محمد بن طلحہ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے ایک من گھڑت رقعہ کا مضمون داغ دیا۔ سیدہ عائشہ صدیقہ کو ان کی زبانی "بے پردہ" کہا گیا۔ کوئی پوچھے تو سہی کہ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے کہاں اور کس وقت احکام پردہ کی مخالفت کی؟ ان کے بارے میں ایسی عبارت کھلی گستاخی ہے۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ ان کے حق میں علی المرتضیٰ رض کی بددعا نقل کر دی۔ اگر اس بددعا کو درست تسلیم کر لیا جائے۔ تو پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

Marfat.com

کے ارشاد کا کیا مطلب ہو گا۔ طلحہ فی الجنۃ۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنہیں جنتی فرمائیں حضرت علی المرتضےٰ رضوان کے لیے ہلاکت کی بددعا کریں۔ پھر یہی طلحہ ہیں۔ کہ جنہوں نے اپنی شہادت کے آخری لمحات میں اپنے آپ کو علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کی فوج کے سپرد کر دیا۔ اور علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھجوایا۔ کہ میں آپ کی بیعت پر رخصت ہو رہا ہوں اسے سن کر علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ طلحہ تو پہلے ہی جنتی ہے۔ اس کی تفسیر جنگ جمل کے تحت ہم تحریر کر چکے ہیں۔ تیسری گستاخی حضرت زبیر کے بارہ میں نقل کی۔ کہ علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ نے انہیں ظالم کہا۔ اور ان کے حق میں اللہ تعالیٰ سے گرفت کی بددعا کی۔ اس بارے میں ہم اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے۔ کہ جنگ جمل میں حق اگرچہ علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کی طرف تھا۔ لیکن ان کے مقابل خطائے اجتہادی کے مرتکب ہوئے۔ یہی زبیر ہیں۔ کہ جب ان کو شہید کرنے والے نے ان کا سر علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کے سامنے اس غرض سے پیش کیا۔ کہ منہ مانگا انعام ملے گا۔ تو اس کی بجائے اس قاتل کو آپ نے جہنمی فرمایا۔ زبیر کی تلوار کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ناز کرنے والی تلوار فرمایا۔ پھر خود کتب شیعہ کہتی ہیں۔ کہ علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ نے جناب زبیر سے پوچھا کہ تم میرے مقابلہ میں کیوں آئے ہو۔ انہوں نے کہا قتل عثمان کے قصاص کے سلسلہ میں فرمایا تمہیں فلاں دن کا واقعہ یاد نہیں رہا۔ جب تم اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے بازار میں سے آرہے تھے۔ سامنے سے میں آگیا۔ تم نے میرے ساتھ معانقہ کیا۔ حضور نے پوچھا۔ زبیر تمہیں علی سے پیار ہے؟ جواب دیا ہاں وہ میرے پھوپھی زاد ہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ تو ایک دن علی کے مقابلہ میں آئے گا۔ اور تو خطا پر ہو گا۔ یہ سنتے ہی جناب زبیر کو واقعہ یاد آگیا۔ اور میدان جنگ سے منہ موڑ لیا۔ مگر راستہ میں ایک بدقسمت نے انہیں شہید کر دیا۔ اس واقعہ سے صاف معلوم ہوا کہ جب تک حضرت زبیر کو اپنی غلطی کا علم نہ تھا۔ وہ مقابلہ کرنے پر

marfat.com
Marfat.com

تلے بیٹھے تھے۔ جونہی انہیں غلطی کا احساس ہوا۔ فوراً دستبردار ہو گئے۔ اب محمد بن طلحہ کی گستاخی دیکھئے۔ کہ وہ حضرت زبیر کے بارے میں یہ کہہ رہا ہے۔ کہ انہیں اپنے بارے میں حق پر نہ ہونے کا علم ہوتے ہوئے پھر بھی وہ علی المرتضٰے رض کے مقابلہ میں ڈٹے رہے۔ ہم اس کی کافی و شافی تفصیل جنگ جمل میں لکھ چکے ہیں۔

خلاصہ کلام یہ کہ اہل تشیع کی وہ کتاب جو ان کے اپنے اور بیگانوں میں خط امتیاز کھینچتی ہے۔ (یعنی الذریعہ فی تصانیف الشیعہ) اس میں محمد بن طلحہ کو نظریات عقائد کے اعتبار سے اپنا کہا گیا۔ اور آپ بھی اس کی تصدیق و تصویب کریں گے۔ کہ اس کی تصنیف "مطالب السئول" سے ہم نے جو چند حوالہ جات پیش کیے ان کی وجہ سے واقعی یہ آدمی اہل تشیع کا فرد ہی ہے۔ لہٰذا اس کے نام کے ساتھ "شافعی" لکھے جانے سے اہل سنت کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔ اس میں رافضیت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ بنا بریں اس کی کسی کتاب کی عبارت ہم اہل سنت پر کوئی حجت نہیں ہو سکتی خصوصاً ان مسائل میں جو اہل سنت اور اہل تشیع میں مختلف فیہ ہیں۔

فَاعْتَبِرُوْا يَا اُولِي الْاَبْصَارِ

marfat.com

Marfat.com

# سی چہارم

## جامع المعجزات مصنفہ محمد الواعظ الرھاری

اس کے مصنف کا نام محمد الواعظ الرھاوی ہے۔ اس کا ترجمہ علامہ عطاء المصطفیٰ جمیل صاحب نے کیا ہے۔ یہ کتاب قصہ جات اور کہانیوں پر مشتمل ہے مصنف چونکہ واعظ ہے۔ اس لیے اکثر و بیشتر واعظین کی طرح اس نے بھی بات کو بنانے کی کوشش کی۔ اور روایات کے صحیح اور غلط ہونے کا امتیاز پیش نظر نہ رکھا بلکہ بعض من گھڑت روایات و واقعات بھی درج کر دیے گئے۔ شیعہ اسی کتاب کا ایک واقعہ لے کر اہل سنت پر اعتراض کرتے ہیں۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو جب ابوبکر صدیق نے "وصی رسول" کہا ہے۔ تو سنیو تم کیوں نہیں تسلیم کرتے؟ وصی رسول مانا بھی اور ابوبکر نے زبردستی خلافت پر قبضہ بھی کر لیا وغیرہ وغیرہ۔ اصل عبارت (ترجمہ) ملاحظہ ہو۔

## جامع المعجزات، معجزہ، حضرت دارم کے حالات اور عجیب و غریب سوالات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا۔ تو صحابہ کرام پر غم و اندوہ کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ آپ کے وصال کو ابھی دس دن ہی گزرے تھے۔ ایک اجنبی مسجد نبوی کے دروازہ پر آیا۔ ہاتھ میں عصا پکڑے اس نے اپنے چہرہ کو چادر

marfat.com
Marfat.com

سے ڈھانپ رکھا تھا۔ وہ دروازہ سے ہی پکارا۔ السلام علیکم اصحاب آل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصال فرما گئے ہیں۔ تو کیا ہوا رب محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو زندہ ہے۔ وہ حیی لایموت ہے۔ اللہ تم پر رحم فرمائے۔ تمہارے آقا کی وفات سے تم پر قیامت ٹوٹ پڑی ہے۔ پھر اجنبی نے پوچھا حضور علیہ السلام کے وصی کون ہیں؟ تو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت علی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ یہ ہیں وصی رسول۔ (جامع المعجزات ص ۱۰۲ تصنیف محمد الواعظ۔ فرید بک سٹال لاہور)

قارئین کرام! سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بقول علی المرتضیٰ کا وصی رسول ہونا کسی صحیح روایت میں اس کا اتہ پتہ نہیں ملتا۔ یہ واقعہ کذب و افتراء ہے۔

اسی واقعہ کو شیعہ دلیل بنا کر پیش کرتے ہیں۔ اور یہ بھی کہتے ہیں۔ کہ ہماری اذان میں "علی وصی رسول اللہ"، کے الفاظ کو تم سنیو اچھا نہیں سمجھتے حالانکہ ابو بکر صدیق رضی نے خود ان کا اعلان و اقرار کیا ہے۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جامع المعجزات اہل سنت کی معتبر کتاب ہے۔ بات یہ ہے۔ کہ اس کا مصنف ایک واعظ ہے۔ اور واعظین کی طرح یہ بھی اِدھر اُدھر کی مارتا ہے۔ یہ واقعہ بھی اسی نوعیت کا ہے۔ ایک اور جھوٹا قصہ سنیئے۔ جسے اس کے مصنف نے معجزہ کا نام دیا ہے۔

## جامع المعجزات۔ معجزہ۔

حسنین کے صدقے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں۔ چند صحابہ کے ساتھ میں حضور کی خدمت میں حاضر تھا۔ حضور کے پہلو میں سیدنا حسن رضی اللہ عنہ اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص نے حضور کی خدمت میں ایک سیب پیش کیا۔ آپ نے قبول فرمالیا۔ دونوں نواسوں میں سے ہر

marfat.com
Marfat.com

ایک نے چاہا کہ سیب اسے مل جائے لیکن حضور علیہ السلام کو یہ پسند نہ تھا کہ ایک نواسے کو سیب دے کر دوسرے کو ناخوش کیا جائے۔ اتنے میں جبرئیل نے حاضر ہو کر عرض کی۔ یا رسول اللہ! دونوں سے کہیں کہ کشتی لڑیں جو غالب آئے گا سیب اسی کا ہو گا۔ حضور علیہ السلام نے مسکرا کر حکم دیا۔ تو دونوں بھائی کشتی لڑنے لگے۔ حسین علیہ السلام کو حضور داؤ پیچ سکھا رہے تھے۔ اور حسن کو جبرئیل۔ کشتی طوالت پکڑ گئی۔ دونوں بھائی برابر رہے۔ جبرئیل فوراً جنت سے دوسرا سیب لے آئے ایک سیب حسن کو اور دوسرا حسین رضی اللہ عنہما کو (جامع المعجزات ص ۸۲)

قارئین کرام یہ ایسا واقعہ ہے۔ کہ اس کا کسی صحیح روایت میں ملنا تو درکنار از روئے عقل بھی غلط اور باطل ہے۔ اور من گھڑت ہے۔ اگر ایک سیب کو دونوں صاحبزادے کھانا چاہتے تھے۔ تو اس کی آسان صورت یہ تھی۔ کہ اس کے دو ٹکڑے کر دیئے جاتے۔ یا بازار سے ایک اور سیب لا کر تقسیم کر دیئے جاتے۔ جبرئیل آئے۔ کشتی کرائی۔ حضور اور جبرئیل نے داؤ سکھائے۔ کشتی برابر رہنے پر جنت سے سیب منگوا کر دونوں کو ایک ایک سیب دینا ایک سے بڑھ کر ایک گپ اور من گھڑت ہے۔ لہٰذا ایسی کتاب کو اہل سنت کی معتبر کتاب کہنا انتہائی بے وقوفی ہے۔

فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَار

marfat.com
Marfat.com

# کتاب ۳۵ و ۳۶

## ذخائر عقبیٰ وریاض النضرہ مصنفہ محب الدین طبری

ذخائر عقبیٰ "ریاض النضرہ" محب الدین ابوالعباس احمد بن عبداللہ بن محمد الطبری شیخ الحرم المکی کی تصنیف ہے۔ ۶۱۵ھ میں مکہ شریف میں پیدا ہوئے اور ۶۹۴ھ میں وفات پائی۔ اہل سنت کے جید عالم اور محدث تھے۔ مذکورہ تصنیف میں انہوں نے عشرہ مبشرہ کے فضائل ومناقب میں بیش قدر احادیث کا ذخیرہ جمع فرما دیا ہے۔ کسی موضوع کے تحت احادیث وروایات وحکایات کا نقل کرنا اس بارے میں ہمیں دو اقسام کے مصنفین ملیں گے۔ ایک وہ جو صرف ایسی احادیث و روایات کو ذکر کرتے ہیں۔ جن کی صحت وشہرت اور غیر مجروح ہونا مسلم ہوتا ہے۔ لیکن ایسا کرنے والے معدودے چند حضرات ہیں۔ دوسری قسم ان حضرات کی ہے۔ جو موضوع کے مناسب جو ملا اسے درج کر دیا۔ اس کی صحت وعدم صحت انہوں نے ناقدین حضرات پر چھوڑ دی۔ علامہ طبری موصوف بھی اسی مکتبہ فکر سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ السیوطی نے جب فن حدیث پر کتاب لکھی۔ جس کا نام "اللوالی المصنوعۃ" ہے۔ اس میں انہوں نے تحریر کردہ بعض احادیث کو بھی "موضوعات" میں شمار فرمایا۔ بہرحال ان حضرات کے جمع شدہ ذخیرہ احادیث

marfat.com

Marfat.com

سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ لیکن ہر روایت کی صحت کو یقینی ماننا یا اس کی صحت کا اعتقاد رکھنا ضروری نہیں۔ ذخائر عقبٰے اور ریاض النظرہ میں بھی علامہ طبری نے اُن احادیث کو جمع فرما دیا۔ جو موضوع کے متعلق انہیں ملیں۔ لیکن ان میں روایات ایسی بھی ہیں۔ جو موضوع ہیں۔ اگرچہ یہ کتب ایک محدث اور عالم یکتا کی تصنیف ہیں لیکن ان میں درج روایات کے سقم و صحت کو آنکھ بند کیے تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے ان کتب کا شمار "کتب معتبرہ اہل سنت" میں نہیں ہوتا۔ اگر ان کی کسی روایت کو کوئی شیعہ اپنے مسلک کی تائید و توثیق میں پیش کرتا ہے۔ تو اسے یہ بھی ثابت کرنا پڑے گا۔ کہ اس کی پیش کردہ روایت فن اسماء الرجال کے اعتبار سے صحیح ہے۔ مطالعہ سے عیاں ہے۔ کہ ان دونوں کتب کی روایات کی اکثریت موضوع، ضعیف اور منکرات پر مشتمل ہے۔

## موضوع احادیث کی امثال:

### رياض النظرة:

عن سلیمان قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ كُنْتُ اَنَا وَعَلِیٌّ نُوْرًا بَيْنَ يدى الله تعالى قَبْلَ اَنْ يُّخْلَقَ اٰدَمُ بِاَرْبَعَةَ عَشَرَ اَلْفَ عَامٍ فَلَمَّا خَلَقَ اللهُ اٰدَمَ قَسَمَ ذَالِكَ النُّوْرَ جُزْئَيْنِ فَجُزْءٌ اَنَا وَجُزْءٌ عَلِیٌّ۔

(رياض النضرة جلد سوم ص ۱۲۰ ذکر اختصاص على الخ مطبوعه بيروت)

**ترجمہ:** سلیمان سے روایت ہے کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

سے سنا۔ آپ نے فرمایا۔ میں اور علی المرتضےٰ اللہ تعالیٰ کے حضور آدم علیہ السلام کے پیدا کیے جانے سے چودہ ہزار سال پہلے ایک نور تھے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے آدم کو پیدا کیا۔ تو اس نور کے دو حصے کیے ایک جزء میں اور دوسرے علی ہوئے۔

## نوٹ:

یہ حدیث ملتے جلتے الفاظ سے مختلف کتب میں مذکور ہے۔ لیکن ان کا بنیادی مقصود تقریباً ایک جیسا ہے۔ اس روایت کے بارے میں علامہ جلال الدین السیوطی کی تحریر ملاحظہ فرمائیے۔

## لآلی المصنوعۃ فی احادیث الموضوعۃ:

عن ابی ذر مرفوعاً خُلِقْتُ اَنَا وَعَلِیٌّ مِنْ نُوْرٍ وَکُنَّا مِنْ یَمِیْنِ الْعَرْشِ قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَ اللّٰہُ اٰدَمَ اَلْفَیْ عَامٍ ثُمَّ خَلَقَ اللّٰہُ اٰدَمَ فَانْقَلَبْنَا فِیْ اَصْلَابِ الرِّجَالِ ثُمَّ جُعِلْنَا فِیْ صُلْبِ عَبْدِ المطلب ثُمَّ شَقَّ اَسْمَائَنَا مِنْ اِسْمِہٖ فَاللّٰہُ مَحْمُوْدٌ وَاَنَا مُحَمَّدٌ وَاللّٰہُ الْاَعْلٰی وَعَلِیٌّ عَلِیٌّ۔ وَضَعَہٗ جَعْفَرٌ کَانَ رَافِضِیًّا وَضَّاعًا۔

(اللوٰلی المصنوعۃ جلد اول ص ۱۶۶ مناقب خلفاء اربعہ)

ترجمہ: ابو ذر سے مرفوعاً مروی ہے۔ کہ میں اور علی ایک نور سے بنائے گئے۔ ہم عرش کی دائیں طرف تھے۔ جبکہ ابھی آدم علیہ السلام کی پیدائش کو دو ہزار سال پڑے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آدم کو

marfat.com

Marfat.com

پیدا کیا۔ پھر ہمیں اللہ تعالیٰ نے مردوں کی پشتوں میں منتقل کیا۔ پھر ہمیں عبد المطلب کی پشت میں منتقل کیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے ناموں میں سے ہمارے نام مشتق فرمائے۔ پس اللہ تعالیٰ محمود اور میں محمد ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ الاعلیٰ ہے۔ اور علی، علی ہے۔ اس حدیث کو ایک رافضی جعفر نامی نے گھڑا۔ وہ احادیث بکثرت گھڑتا تھا۔

## ریاض النضرۃ:

ترجمہ: ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کرایا گیا۔ آپ نے فرمایا: میں ایک فرشتے کے پاس سے گزرا جو نوری تخت پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کا ایک قدم مشرق اور دوسرا مغرب میں تھا۔ اس کے پاس ایک تختی تھی جسے وہ دیکھتا تھا۔ تمام دنیا اس کے سامنے اور تمام مخلوق اس کے گھٹنوں کے درمیان تھی۔ اس کا ہاتھ مشرق و مغرب تک پھیلا ہوا تھا۔ میں نے جبرئیل سے پوچھا یہ کون ہے؟ عرض کیا۔ یہ عزرائیل ہے۔ میں نے آگے بڑھ کر اسے سلام کیا۔ اس نے جواب دیا۔ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا أَحْمَدُ مَا فَعَلَ ابْنُ عَمِّكَ عَلِيٌّ؟ اے احمد! تم پر بھی سلام ہو۔ تمہارے چچازاد بھائی علی نے کیا کیا۔؟ آپ نے پوچھا۔ کیا تو میرے چچازاد بھائی کو جانتا ہے۔ اس نے کہا۔ كَيْفَ لَا أَعْرِفُهُ وَقَدْ وَكَّلَنِي اللّٰهُ بِقَبْضِ أَرْوَاحِ الْخَلَائِقِ مَا خَلَا رُوْحَكَ وَرُوْحَ ابْنِ عَمِّكَ عَلِيِّ ابْنِ أَبِي طَالِبٍ فَإِنَّ اللّٰهَ يَتَوَفّٰى كُمَا بِمَشِيَّتِهٖ میں اسے کیونکر نہ جانوں

marfat.com
Marfat.com

حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام ارواح کو قبض کرنے پر مقرر فرمایا ہے
صرف آپ اور آپ کے چچازاد بھائی علی بن ابی طالب کی روح
میں قبض نہیں کروں گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ اپنی مشیت سے
تم دونوں کی روحیں قبض کرے گا۔
(ریاض النضرہ جلد سوم ص ۱۲۱ مطبوعہ بیروت)

قارئین کرام! یہ روایت، قرآن کریم اور احادیث مشہورہ کے خلاف ہے قرآن کریم میں ”قُلْ يَتَوَفَّاكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ“ کے الفاظ اپنے عموم پر ہیں۔ فرما دیجئے۔ کہ تمہاری جانیں ملک الموت قبض کرتا ہے۔ جو تم پر مقرر کیا گیا۔ اور احادیث مشہورہ میں صاف صاف مذکور ہے کہ عزرائیل علیہ السلام جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح اقدس کو قبض کرنے کے لیے حاضر ہوئے۔ تو انہوں نے اس کی اجازت طلب کی تھی۔ لہٰذا معلوم ہوا۔ کہ یہ روایت بے اصل اور بے سند ہے۔ اور قرآن و حدیث کے خلاف ہے

## ذخائر عقبیٰ:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں، ابو عبیدہ اور ابو بکر اور صحابہ کرام کی ایک جماعت بیٹھے ہوئے تھے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے علی المرتضیٰ کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا۔ اے علی! تو اول المؤمنین ہے ایمان کی رو سے۔ اور اسلام کی رو سے اول المسلمین ہے۔ اور تو میرے ساتھ یوں ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہارون تھے۔ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ نے روایت کیا۔ کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ نے علی المرتضیٰ کے بارے میں فرمایا۔ تو سب سے پہلا

marfat.com

Marfat.com

شخص ہے جو مجھ پر ایمان لایا۔ اور میری تصدیق کی۔ اور معاذہ العدویہ سے مروی ہے۔ کہ میں نے علی المرتضیٰ کو منبر پر بیٹھے یہ کہتے سنا۔ میں صدیق اکبر ہوں۔

(ذخائر عقبیٰ ص ۵۸ ذکر انہ علیہ السلام اول من اسلم مطبوعہ بیروت)

**قارئین کرام!** "انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ"، اور "انا صدیق اکبر"، ان دونوں روایات کو علامہ السیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اللوالی المصنوعہ میں بالترتیب جلد اول ص ۱۷۷، جلد اول ص ۱۶۶ مطبوعہ حیدر آباد دکن میں موضوع فرمایا ہے۔ مختصر یہ کہ ان دونوں کتابوں کے مصنف علامہ طبری کے پیش نظر یہ مقصد تھا۔ کہ ہر موضوع کے متعلق جو روایات مل سکیں۔ انہیں درج کر دیا جائے۔ علامہ طبری کے بارے میں یہ بات یقینی ہے کہ وہ اہل سنت کے ممتاز عالم اور حدیث دان تھے لیکن ان کی مذکورہ تصانیف کا اصل مقصود جو تھا۔ وہ ہم نے بیان کر دیا۔ لہٰذا انہیں اہل سنت کی معتبر کتابوں میں شمار نہیں کیا جا سکتا، اور نہ ہی ان میں درج روایات واحادیث آنکھیں بند کر کے قبول کی جا سکتی ہیں۔ اس لیے ان کے حوالہ جات سے شیعہ مصنفین کا اپنے مسلک باطل کی صحت پر استدلال درست نہیں ہے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com

Marfat.com

# کتاب سی و ہفتم ۳۷

# نور الابصار مصنفہ شیخ مومن بن حسن شبلنجی

اس کتاب کے مصنف کا نام شیخ مومن بن حسن بن مومن شبلنجی ہے۔ اس کا اردو ترجمہ قبلہ استاد المکرم شیخ الحدیث جامع المعقول والمنقول حضرت علامہ غلام رسول مدظلہ العالی ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ سراجیہ فیصل آباد نے کیا۔ مترجم کتاب ہر خاص و عام تک پہنچی۔ آپ نے یہ ترجمہ بعض احباب کے پر اصرار اور مبنی بر خلوص مطالبہ و فرمائش پر کیا۔ قبلہ استادی المکرم کے پیش نظر اس کتاب کی عربی عبارت کا ترجمہ ہی تھا۔ جس میں انہوں نے پوری دیانت داری اور کمی بیشی بغیر اپنی ذمہ داری نبھائی۔ استاذی المکرم صرف مترجم ہیں۔ اس میں موجود نظریات و اعتقادات سے آپ متفق نہ سمجھے جائیں بلکہ ان کی نسبت صرف اور صرف مصنف مومن بن حسن کی طرف ہے۔ اس کتاب میں بہت سے واقعات غیر معتبر اور رافضی العقیدہ لوگوں سے منقول ہیں اس لیے ہم اہل سنت کی یہ کتب معتبرہ میں شامل نہیں۔ غلام حسین نجفی نے "سہم مسموم" میں اس کے حوالہ جات نقل کیے۔ اور اسے "اہل سنت کی معتبر کتاب" کے طور پر پیش کیا ہے۔ نور الابصار کے مصنف کے بارے میں ہلکا سا تاثر یہ ہے۔ کہ اس میں شیعیت کی طرف میلان ہے۔ ایسی روایات و حکایات و نظریات کو اس نے بغیر جرح کے اس کتاب میں درج کر دیا ہے۔ جس سے اس کے رافضی ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ ایسی روایات و حکایات میں سے ایک دو آپ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

marfat.com

Marfat.com

## نور الابصار:

ابو بصیر نے کہا۔ میں نے ایک روز حضرت باقر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا۔ کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں۔ میں نے عرض کی۔ جناب رسول اللہ تو سارے نبیوں کے وارث تھے۔ آپ نے فرمایا میں اُن کے سارے علوم کا وارث ہوں۔ میں نے عرض کی۔ کیا آپ رسول اللہ کے تمام علوم کے وارث ہیں۔؟ فرمایا۔ ہاں۔ میں نے عرض کیا۔ کیا آپ مردوں کو زندہ کرنے بہروں اور کوڑھوں کو شفا دینے لوگوں کا اپنے گھروں میں ذخیرہ کرنے اور ان کے کھانے پینے کی خبر دینے پر قادر ہو؟ فرمایا۔ ہاں۔ ہم اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہ کر سکتے ہیں۔ پھر فرمایا۔ ابو بصیر! ذرا میرے نزدیک آؤ۔ ابو بصیر آنکھوں سے معذور تھے۔ انہوں نے کہا میں آپ کے قریب ہوا۔ آپ نے میرے چہرے پر اپنا ہاتھ پھیرا۔ میں آسمان پہاڑ اور زمین دیکھنے لگا۔ فرمایا کیا تم چاہتے ہو کہ ایسے ہی دیکھتے رہو؟ اور تمہارا حساب وکتاب اللہ کے حوالے ہو گا؟ یا جیسے پہلے تھے ویسے ہی رہنا چاہتے ہو؟ اور تجھے اللہ تعالیٰ جنت دے گا۔ میں نے کہا میں جنت چاہتا ہوں۔ آپ نے اپنا ہاتھ میرے چہرے پر پھیرا میں اسی طرح ہو گیا۔ جس طرح تھا

(نور الابصار مترجم جلد دوم ص ۲۲ حضرت محمد باقر کی کرامت)

**قارئین کرام!** اس حکایت کا مرکزی راوی "ابو بصیر" وہ شخص ہے۔ جس پر

marfat.com

Marfat.com

شیعیت کی چکی گھوتی ہے۔ رجال کشی (شیعوں کی اسماء الرجال کی مایۂ ناز کتاب) میں چار آدمیوں کو اللہ تعالیٰ کے نجیب اور امین حلت و حرمت کہا گیا ہے۔ ان میں سے ایک "ابوبصیر" بھی ہے۔ حوالہ ملاحظہ ہو۔

رجال کشی:۔

عن جمیل بن دراج قال سمعت ابا عبد اللہ علیہ السلام یَقُوْلُ بَشِّرِ الْمُخْبِتِیْنَ بِالْجَنَّةِ برید بن معاویة العجلی و ابا بصیر لیث بن البختری المرادی و محمد بن مسلم و زرارة اَرْبَعَةٌ نُجَبَاءُ اُمَنَاءُ اللّٰہِ عَلٰی حَلَالِہٖ وَحَرَامِہٖ لَوْلَا ھٰؤُلَاءِ انْقَطَعَتْ آثَارُ النُّبُوَّةِ وَانْدَرَسَتْ۔

(رجال کشی ص ۱۵۲، ابو بصیر لیث بن بختری) مطبوعہ کربلا

ترجمہ:۔

جمیل بن دراج سے مروی کہ میں نے ابو عبد اللہ محمد باقر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا۔ عجز و انکساری کرنے والوں کے لیے جنت کی بشارت دو۔ یعنی برید بن معاویہ عجلی، ابو بصیر لیث بن البختری المرادی، محمد بن مسلم اور زرارۃ۔ یہ چار نجیب، اللہ تعالیٰ کے حلال و حرام کے امین ہیں۔ اگر یہ چاروں نہ ہوتے تو نبوت کے آثار منقطع ہو جاتے اور مٹ جاتے۔

تنقیح المقال:۔

وَمِنْهَا مَا مَرَّ هُنَاكَ مِنْ خَبَرِ سُلَيْمَان بن خالد الاقطع قَالَ سَمِعْتُ ابا عبد اللہ علیہ السلام

marfat.com

Marfat.com

يَقُولُ مَا اَحَدٌ اَحْيىٰ ذِكْرَنَا وَ اَحَادِيثَ اَبِي اِلَّا زُرَارَة
و ابو بصير ليث المرادی و محمد بن مسلم
و بريد بن معاوية العجلی وَ لَوْلَا هٰؤُلَاءِ
مَا كَانَ اَحَدٌ يَسْتَنْبِطُ هٰذَا هٰؤُلَاءِ حُفَّاظُ
الدِّيْنِ وَ اُمَنَاءُ اَبِي عَلٰى حَلَالِ اللّٰهِ وَ حَرَامِهِ
هُمُ السَّابِقُوْنَ اِلَيْنَا فِي الدُّنْيَا وَ هُمُ السَّابِقُوْنَ
اِلَيْنَا فِي الْاٰخِرَةِ وَ مِنْهَا مَا مَرَّ هُنَاكَ مِنْ خَبَرِ
جَمِيْلِ بْنِ دَرَّاجِ الْمُتَضَمِّنِ لِقَوْلِ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ
علیه السلام اِنَّ اَقْوَامًا كَانَ اَبِي ائْتَمَنَ عَلٰى
حَلَالِ اللّٰهِ وَ حَرَامِهِ كَانُوا عيبته عِلْمِهِ وَ كَذَالِكَ
الْيَوْمَ هُمْ عِنْدِي هُمْ مُسْتَوْدَعُ سِرِّيْ وَ
اَصْحَابُ اَبِي حَقًّا اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِاَهْلِ الْاَرْضِ سُوْءً
صَرَفَ بِهِمْ عَنْهُمُ السُّوْءَ هُمْ نُجُوْمُ شِيْعَتِي
اَحْيَاءً وَ اَمْوَاتًا يُحْيُوْنَ ذِكْرَ اَبِي بِهِمْ يَكْشِفُ اللّٰهُ
كُلَّ بِدْعَةٍ يَنْفُوْنَ عَنْ هٰذَا الدِّيْنِ اِنْتِحَالَ
الْمُبْطِلِيْنَ وَ تَاْوِيْلَ الْغَالِيْنَ ثُمَّ بَكىٰ فَقُلْتُ مَنْ هُمْ
فَقَالَ مَنْ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَ رَحْمَتُهُ اَحْيَاءً
وَ اَمْوَاتًا بريد العجلی و زرارة و ابو بصير ومحمد
بن مسلم۔ الحديث۔ (۱ تنقيح المقال جلد ۲ ص ۴۵
من ابواب اللام مطبوعه تهران) (۲۔ جامع الرواه جلد ۲
ص ۳۴ باب اللام بعده اليا ليث المرادی مطبوعه ايران۔)

marfat.com
Marfat.com

صحیحہ اور اُن میں سے ایک وُہ جو سلیمان بن خالد اقطع کی خبر گزری کہ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے سُنا۔ فرماتے تھے۔ کہ ہمارا کسی ایک نے ذکر زندہ نہ کیا۔ اور میرے والد کی احادیث کو زندہ نہ کیا۔ مگر زرارہ ابو بصیر لیث مرادی اور محمد بن مسلم و برید بن معاویہ عجلی نے زندہ کیا اگر یہ لوگ نہ ہوتے۔ تو کوئی اس کو مستنبط کرنے والا نہ ہوتا۔ یہ دین کے حافظ اور میرے والد کے فرمان کے مطابق اللہ تعالیٰ کے حلال و حرام پر امین ہیں۔ یہ ہماری طرف دنیا اور آخرت میں سبقت لے جانے والے ہیں۔ اور اُن میں سے ایک وہ خبر جو بیان جمیل بن دراج کی گزری جو ابو عبداللہ علیہ السلام کی گفتگو کو متضمن ہے۔ کچھ لوگوں کو میرے والد گرامی نے اللہ کے حلال و حرام کا امین مقرر کیا وہ ان کے علم کے صندوق ہیں یونہی آج وہ لوگ میرے نزدیک میرے راز کے امین ہیں اور میرے والد کے سچے اصحاب ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ زمین والوں پر کوئی سختی ڈالنے کا ارادہ کرتا ہے۔ تو ان کی وجہ سے وہ سختی اُن سے دُور کر دیتا ہے۔ میرے شیعوں کے وہ ستارے ہیں خواہ شیعہ زندہ ہوں یا مر چکے ہوں۔ میرے والد کا ذکر ان کی بدولت زندہ ہے۔ ان کے ذریعہ اللہ تعالیٰ ہر بدعت کو دُور کر دیتا ہے۔ وہ اس دین سے بدعت کو دُور کر دیتے ہیں۔ دین میں باتوں کی آمیزش اور غلط روایات کے غلط ملط کو ان کے ذریعہ دُور کر دیتا ہے۔ یہ کہہ کر وہ رو پڑے۔ میں نے عرض کیا۔ وہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا۔ وہ وُہ ہیں۔ جن پر اللہ تعالیٰ کی صلوٰۃ و رحمت زندگی اور موت کے بعد بھی ہے۔ وہ برید عجلی، زرارہ، ابو بصیر اور محمد بن مسلم ہیں۔ (الحدیث)

marfat.com

Marfat.com

قارئین کرام! "ابوبصیر" کے بارے میں آپ نے پڑھا۔ کہ امام جعفر صادق نے اسے شیعوں کا ستارہ فرمایا۔ حلال و حرام کا امین۔ اپنے والد گرامی کی احادیث کا محافظ اور السابقون الاولون میں داخل ہے۔ اس قدر اہم شخص کا اہلسنت کی کتب اسماء الرجال میں نام و نشان نہیں ملتا۔ لہٰذا قابل غور بات یہ ہے۔ کہ مومن بن حسن نے ابوبصیر کو (جس کی کنیت یہ ہے اور نام لیث بن بختری ہے۔) کہاں سے ڈھونڈ نکالا۔ یہ حقیقت سامنے آئے گی۔ کہ مومن بن حسن بخوبی جانتا ہے۔ کہ ابوبصیر شیعوں کا بہت بڑا مجتہد ہے۔ اب اس کے جنتی ہونے کی نسبت امام جعفر صادق کی طرف کر دی۔ اسے کون تسلیم کرے گا؟ مختصر یہ کہ مومن بن حسن ٹھیک ہے کہ سنی ہے۔ لیکن اس قسم کی کرامات ذکر کرنے کی وجہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس میں شیعیت موجود ہے اس کی تصنیف "نور الابصار" کو اہل سنت کی معتبر کتاب کہنا اور سمجھنا صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ مذکورہ عبارات اس کے تشیع پر دلالت کرتی ہیں۔

## نور الابصار:

محمد بن عسکری حسن (امام مہدی) آپ کی والدہ ماجدہ اُم ولد ہیں ان کو نرجس کہا جاتا تھا بعض ان کو صقیل اور بعض سوسن کہتے ہیں آپ کی کنیت ابو القاسم ہے۔۔۔۔۔ آپ کا سب سے مشہور لقب مہدی ہے۔ آپ نوجوان درمیانہ قد چہرہ خوبصورت اور بال لمبے کندھوں تک تھے۔ ناک لمبی اور چہرہ منور تھا۔ آپ کا چوکیدار محمد بن عثمان اور مواصل معتمد تھا۔۔۔۔۔۔ تاریخ ابن الوردی میں ہے۔ کہ محمد بن حسن خالص رضی اللہ عنہ ہجری ۲۵۵ میں پیدا ہوئے۔ شیعہ کہتے ہیں۔ آپ سر من را اپنے والد کے گھر سرنگ میں

marfat.com
Marfat.com

داخل ہو گئے تھے۔ جبکہ ان کی والدہ ماجدہ دیکھ رہی تھیں اور واپس نہ آئے۔ آپ کی عمر اس وقت نو برس تھی۔ یہ سن ہجری ۲۶۵ کا واقعہ ہے۔ اس سن میں اختلاف ہے۔ شیخ ابو عبداللہ محمد بن یوسف بن محمد کنجی نے اپنی کتاب البیان فی اخبار صاحب الزمان میں ذکر کیا کہ امام مہدی کے غائب ہونے کے بعد زندہ اور باقی رہنے کی دلیل یہ ہے۔ کہ ان کی اور عیسٰی بن مریم، خضر، الیاس۔ جو اللہ تعالیٰ کے ولی نبی ہیں کی بقا اور کانا دجال اور ابلیس لعین جو اللہ کے دشمن ہیں کی بقاء ممتنع نہیں ہے۔ ابراہیم بن سعید نے کہا کہا جاتا ہے۔ کہ وہ شخص سیدنا خضر علیہ السلام ہوں گے جو صحیح مسلم کے الفاظ ہیں۔ ابلیس لعین کی بقاء اور زندہ رہنے کی دلیل یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ" یقیناً تمہیں قیامت تک مہلت ہے۔ سیدنا مہدی علیہ السلام کی بقاء اس ارشاد کی تفسیر ہے۔ (نور الابصار مترجم جلد دوم ص ۱۰۵ تا ۱۰۷)

نور الابصار کی مختلف مذکورہ عبارات کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ

۱۔ امام حسن عسکری یعنی امام مہدی ۲۵۵ھ میں پیدا ہو چکے۔ اور ابھی تک وہ زندہ ہیں۔

۲۔ ان کے باقی ہونے کی دلیل نقلی تاریخ ابن الوردی اور فصول المہمہ تصنیف علی بن محمد المعروف ابن صباغ کے علاوہ ابو عبداللہ محمد بن یوسف کنجی سے دی۔

۳۔ امام مہدی کے زندہ ہونے کی دلیل عقلی محمد بن یوسف کنجی سے

marfat.com

Marfat.com

حوالے سے پیش کی گئی۔ یعنی حضرت عیسیٰ، خضر، اور الیاس زندہ ہو سکتے ہیں۔ تو امام مہدی زندہ کیوں نہیں ہیں۔ اور ابلیس ملعون بھی زندہ ہے۔ تو امام مہدی کے زندہ ماننے میں کیا رکاوٹ ہے؟

قارئین کرام! مومن بن حسن نے امام مہدی کے پیدا ہونے کے بعد اب تک زندہ موجود ہونے کا جو عقیدہ ذکر کیا ہے؟ وہ دراصل اہل سنت کا نہیں بلکہ رافضیوں کا عقیدہ ہے۔ اور اس عقیدہ کے اثبات پر جن حوالہ جات کو پیش کیا۔ وہ بھی کثر شیعہ مصنفین ہیں۔ ہم نے ان کی تفصیل ایک میزان الکتب میں ذکر کر دی گئی ہے۔ اہل سنت کا امام مہدی کے بارے میں یہ عقیدہ ہے کہ قرب قیامت آپ پیدا ہوں گے۔ اور چالیس سال زندہ رہنے کے بعد انتقال فرما جائیں گے۔ عقد الدرر میں اس پر بہت سی احادیث مذکور ہیں۔

**عقد الدرر:**

وعن علی بن ابی طالب قال یلی المهدی أَمْرَ النَّاسِ ثَلَاثِيْنَ اَوْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً اخرجه ایضًا الحافظ ابو عبد الله نعیم بن حماد فی کتاب (الفتن) وعن أرطاة (يَبْقَى الْمَهْدِيُّ أَرْبَعِيْنَ عَامًا) اخرجه ایضا نعیم بن حماد فی کتاب (الفتن) وعن حذیفة بن الیمان رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم يَلْتَفِتُ الْمَهْدِيُّ وَقَدْ نَزَلَ عِيْسَى ابن مریم علیه السلام فذکر الحديث وَفِي اٰخِرِهٖ فَيَمْكُثُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً يَعْنِي الْمَهْدِی علیه السلام اخرجه

marfat.com
Marfat.com

الحافظ ابو نعیم الاصفہانی فی مناقب المھدی وابو قاسم الطبرانی فی معجمہ
وعن ارطاۃ قال بلغنی ان المہدی یعیش اربعین سنۃ ثم یموت علی فراشہ۔
(عقد الدرر فی اخبار المنتظر مصنفہ الشیخ علامہ یوسف بن یحییٰ الشافعی ص ۳۰۶) الباب الحادی عشر حدیث نمبر ۲۷۶

ترجمہ:۔
حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے حدیث کی تخریج کی حافظ ابو عبد اللہ نعیم بن حماد نے اپنی کتاب "الفتن" میں ابن ارطاۃ تابعی سے کہ امام مہدی تیس یا چالیس سال تک باقی رہیں گے۔ اس کی تخریج کی نعیم بن حماد نے کتاب الفتن فی باب النسب المہدی جلد ۵ ص ۱۰۲ حذیفہ بن حماد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ التفات رہیں گے مہدی اس حال میں کہ عیسےٰ بن مریم نازل ہو جائیں گے۔ ذکر کیا اس حدیث کو۔ اور اس حدیث کے آخر میں ہے امام مہدی چالیس سال تک ٹھہریں گے۔ اس کی تخریج کی حافظ ابو نعیم اصفہانی نے مناقب مہدی میں۔

قارئین کرام:۔ عقد الدرر کی مختلف روایات سے امام مہدی کی عمر چالیس سال معلوم ہوتی ہے۔ آپ کا دورِ حکومت سات یا آٹھ سال پر مشتمل ہوگا۔ آپ قرب قیامت تشریف لائیں گے۔ اسی کتاب کے ص ۲۴۲ پر حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون عند انقطاع من الزمان وظہور من الفتن رجل یقال لہ المہدی اعطاء ہنیئا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرب قیامت اور فتنوں کے رونما ہونے کے وقت ایک مرد آئے گا۔ جس کو مہدی کہا جاتا ہے۔ اس کی اطاعت بہت مبارک ہے۔ ص ۱۳۲ کے الفاظ یہ ہیں۔ فیبعث اللہ عز وجل رجلا من عترتی فیملأ الارض قسطا وعدلا کما ملئت ظلما وجورا یرضی عنہ ساکن السماء وساکن الارض لا تدخر الارض من بذرہا شیئا الا اخرجتہ ولا السماء من قطرہا شیئا الا صبت اللہ علیہم مدرارا یعیش فیہم سبع سنین او ثمان او تسع۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر اللہ تعالیٰ میری اولاد میں سے ایک مرد بھیجے گا۔ پھر تمام زمین عدل وانصاف سے بھر جائے گی۔ جس طرح پہلے ظلم وزیادتی سے بھرپور ہوگی۔ زمین وآسمان والے اس سے راضی ہوں گے۔ زمین اپنے اندر کے تمام بیج باہر نکال دے گی۔ اور آسمان پانی کے قطرے لوگوں پر برسائے گا۔ وہ لوگوں میں سات آٹھ یا نو سال رہے گا۔

قارئین کرام! ان روایات سے یہی ثابت ہوا۔ کہ امام مہدی قرب قیامت تشریف لائیں گے۔ ان کی کل عمر چالیس برس ہوگی۔ اور اکثر روایات کے مطابق وہ سات، آٹھ یا نو سال تک اپنے فرائض سرانجام دیں گے اگرچہ ایک روایت میں چالیس سال بھی آیا ہے۔ ہوسکتا ہے۔ کہ اس روایت کا مفہوم یہ ہو کہ وہ پیدا ہوتے ہی عوام کے لیے باعث رحمت و برکت ہوں گے۔ لیکن حکومت کے فرائض ۹ سال تک سرانجام دیں گے۔

marfat.com

Marfat.com

لیکن چالیس سے زائد سال کی عمر کسی ایک روایت میں موجود ومذکور نہیں۔ تمام شیعوں کو میرا چیلنج ہے۔ کہ امام مہدی کی عمر (جیسے وہ کہتے ہیں کہ وہ ۲۵۵ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ابھی موجود ہیں۔ اور آئیں گے۔) ان کے حساب سے بارہ تیرہ سو سال اب تک بنتی ہے۔ اور جب آئیں گے اس وقت ان کی مجموعی عمر خدا بہتر جانتا ہے کتنی ہوگی

## چیلنج:

اتنی طویل عمر کسی ایک ایسی روایت سے ثابت کر دکھائیں۔ جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہو۔ کہ میری اولاد میں سے ایک مرد "مہدی" نام کا آئے گا۔ جو ڈھائی سو سال میرے بعد پیدا ہوگا۔ اور پھر آٹھ نو سال کی عمر میں چھپ ... سے ... ریوں بعد نکلے گا۔ اور عدل وانصاف قائم کرے گا۔ اگر اس طرح کی کوئی صحیح حدیث دکھا دے میں اس کو بیس ہزار روپے نقد انعام پیش کروں گا۔

امام مہدی کے بارے میں آپ نے اہل سنت اور شیعوں کا عقیدہ ملاحظہ فرمایا۔ اس کی روشنی میں نور الابصار کی مذکورہ عبارت کو دیکھیں۔ اس کے مصنف نے اگرچہ امام مہدی کے بارے میں مختلف شیعہ مصنفین کے عقلی ونقلی دلائل ذکر کیے ہیں۔ لیکن ان کا انداز تردیدی نہیں۔ بلکہ اثباتی ہے اہل تشیع کا عقیدہ اپنی ... میں ان کے دلائل کے ساتھ ذکر کرنا اور اپنا مسلک یعنی اہل سنت کا اس بارے میں مسلک نظر انداز کر دینا اس طرف نشاندہی کرتا ہے کہ صاحب نور الابصار میں شیعیت کی طرف میلان ہے۔ اس لیے اس کی عبارت اور کتاب کو اہل سنت کی کتاب وعبارت کہنا غلط ہے۔ اس لیے اس کی تحریر ہم اہل سنت کے خلاف حجت نہیں ہو سکتی۔

**فاعتبروا یا اولی الابصار**

marfat.com
Marfat.com

# سی و ہشتم[۳۸]

## شواہد النبوۃ مصنفہ عبد الرحمٰن جامی

مولانا عبدالرحمٰن جامی کی یہ کتاب مختلف مضامین پر مشتمل ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل، خلفائے راشدین کے اوصاف اور بارہ ائمہ کے حالات لکھے گئے ہیں۔ علامہ جامی بہت بڑے فاضل تھے جن کا ۸۹۸ھ میں وصال ہوا۔ ان کی شخصیت بھی شیعہ سنی کے مابین متنازع ہے۔ ویسے تو انہیں ہر شخص اہل سنت ہی سے ہی شمار کرتا ہے۔ ان کے کلام کو واعظین اور علماء کرام بڑے بڑے خوبصورت انداز میں پیش کرتے ہیں۔ اور ان کے اشعار میں جو محبت مصطفےٰ اور آداب بارگاہِ رسالت ٹپکتے ہیں۔ آدمی انہیں سُن کر داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ہم نے اگرچہ اس سے قبل بھی ان کی مذکورہ تصنیف کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ ان کی یہ کتاب اہل سنت کے نزدیک معتبر نہیں ہے۔ خامی کہ علامہ موصوف کے جب اشعار عوام سنتے ہیں۔ تو ان کے بارے میں قطعاً یہ سننا گوارا نہیں کریں گے۔ کہ جامی کے بارے میں کوئی اعتراض کرے۔ اس لیے ہم مختلف فیہ عقائد میں پہلے ان کے عقیدہ پر علماء کرام کا فیصلہ بعد ان کی اصل عبارت اور پھر اس کے نتائج پر تفصیل گفتگو کریں گے۔ تاکہ عوام تو عوام علماء بھی لعن و تشنیع کا بہانہ نہ بنا سکیں۔ علاوہ ازیں ان کے بارے میں شیعوں کی عقیدت کا بھی ذکر ہوگا۔ ہم نے اس سے قبل جو بارہ ائمہ

marfat.com
Marfat.com

کے بارے میں کچھ لکھا ہے۔ اس میں علامہ جامی کی ہی عبارات سے ہم نے ثابت کر دیا ہے۔ کہ ان کے کچھ نظریات وعقائد شیعوں جیسے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم نے ان کی کتاب ''شواہد النبوۃ'' کو اپنی تصنیف ''میزان الکتب'' میں شامل کیا ہے۔

علامہ جامی کے بارے میں بہت سے علماء نے تحقیق کی جس سے ان کا مسلک اہل سنت سے مختلف اور اہل تشیع کے قریب بلکہ اُن جیسا نظر آتا ہے۔ جیسا کہ ''شواہد النبوۃ'' کا مترجم لکھتا ہے ''شیعہ تذکرہ نگاروں نے آج تک حضرت جامی کے کمالات کا اعتراف صرف اس تعصب میں ڈوب کر نہ کیا کہ وہ صحابہ کرام کے مداح سرا ہیں لیکن دوسری طرف راست فکر شیعوں نے آپ کی محبت اہل بیت کی روشنی میں ایک شیعہ کہنے سے دریغ نہ کیا۔ اور آپ کے کلام کو دل کھول کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اور صحابہ کرام کی مداح کو تقیہ پر محمول کرتے رہے'' یہ عبارت بتاتی ہے کہ جامی نے اگرچہ حضرات صحابہ کرام خصوصًا خلفائے اربعہ کی تعریف کی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے جہاں اپنے نظریات ذکر کیے۔ اُن کے پیش نظر پختہ شیعوں نے انہیں شیعہ ہی کہا۔ اور ان کی تعریف صحابہ کو تقیہ پر محمول کیا ہے۔ یعنی صرف اہل بیت کی تعریف کرنے سے انہیں شیعہ نہیں کہا گیا۔ یہ تو ہر سنی کا جزو ایمان ہے فقیر بھی جہاں کہیں تقریر کرنے جاتا ہے۔ شیعیت کا رد میرا اولین مقصود ہوتا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپنی تقریر میں اہل بیت کرام سے محبت اور عقیدت کا تذکرہ ابتدائے تقریر میں ضرور کرتا ہوں۔ ہمارے واعظین جو محبت اہل بیت سے سرشار ہیں۔ اور اس بناء پر وہ جب اپنے خطاب میں مبالغہ آمیزی سے کام لیتے ہوں کہ جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہ ہو۔ انہیں صرف مبالغہ آمیزی کی بناء پر۔ ہم شیعہ کہنے پر تیار نہیں۔ صرف بے احتیاطی سے تعبیر کریں گے۔ لیکن علامہ جامی میں صرف محبت اہل بیت ہی کی بات نہیں بلکہ اس میں اُن عقائد کا ذکر ہے۔ جو شیعہ لوگوں کے عقائد

marfat.com

Marfat.com

ہیں۔ آئندہ حوالہ جات سے آپ خود اس بات کو دیکھیں گے۔ کہ ہم جو کچھ کہہ رہے ہیں۔ اس میں کہاں تک صداقت ہے۔

"شواہد النبوۃ" کے مصنف علامہ جامی کے حالات زندگی کتاب بنام جامی فارسی میں "اصغر حکمت" نے لکھے۔ لیکن اردو میں تفصیلی حالات نہیں ملتے تھے۔ اب مکتبۃ العلمیہ نے ایک کتاب شائع کی۔ مترجم کا نام سید عارف نوشاہی ہے۔ اس کتاب میں علامہ جامی کے فضائل ومناقب پر بہت زور دیا گیا۔ اس کے باوجود اس کتاب میں "جامی کے مذہبی عقائد" کی سرخی لگا کر اس کے تحت چند حوالہ جات نقل کیے ہیں۔ ہم ان حوالہ جات میں سے چند کو ذیل میں پیش کر رہے ہیں۔

**حوالہ نمبر(۱)**

جامی کی کتاب "شواہد النبوۃ" حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات اور ان کی محبت کے دلائل پر مبنی ہے۔ اس کے چھٹے رکن میں انہوں نے صحابہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت کے حالات ومناقب اور ان سے منسوب کرامات اور خوارق عادت بیان کیے ہیں۔ اس رکن کی تدوین جس نہج پر ہوئی ہے۔ وہ جامی کے اس طرز فکر اور مذہبی رحجان کی ترجمان ہے۔ کہ وہ شیعہ مائل سنی تھے۔ (جامی ص ۲۵۴)

مندرجہ بالا اقتباس جامی کے مذہبی میلان کو واضح کر رہا ہے۔ کہ وہ تھے تو سنی لیکن تشیعت کی طرف اُن کا میلان تھا۔ شیعہ ایک مسلک ہے اُن کے نظریات میں سنی اور شیعہ کے درمیان اختلاف دراصل عقائد کا اختلاف ہے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ ان کے عقائد شیعوں سے ملتے جلتے تھے۔

**حوالہ نمبر(۲)**

مختصر یہ کہ مذکورہ کتاب (شواہد النبوۃ) کے مندرجات سے بخوبی پتہ چلتا ہے۔ کہ اس کا

marfat.com

Marfat.com

مصنف ایک سنی ہے جس کا دل تعصب سے پاک ہے۔ مگر ساتھ ہی وہ عقائد امامیہ کی طرف بھی راغب ہے۔ (جامی ص ۲۵۴)

## حوالہ نمبر (۳)

جامی کے اشعار میں بھی خاندان رسالت کے مناقب بیان ہوئے ہیں۔ اگرچہ وہ اپنی ساتوں مثنویوں کے شروع میں خلفاء ثلاثہ کی مدح لکھتے ہیں۔ لیکن ان کی غزلیات اور قصائد میں امیرالمؤمنین حضرت علی بن ابی طالب، حسین بن علی اور علی بن موسیٰ کے مناقب بکثرت ملتے ہیں۔ جو جامی کے افکار میں دونوں عقیدوں شیعہ سنی کے امتزاج کی دلیل ہے۔ (جامی ص ۲۵۵)

## حوالہ نمبر (۴)

جو ایرانی شیعہ جامی سے عقیدت رکھتے ہیں۔ وہ جامی کو باطنی طور پر ایک خاص العقیدہ شیعہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے خیال میں خلفاء ثلاثہ کی مدح میں یہ عبارت اور اشعار جامی کا تقیہ ہیں۔ چنانچہ سبحۃ الابرار (مصنفہ جامی) کے مندرجہ قطعہ کے آخری شعر کو یہ حضرات خلفاے ثلاثہ کی قدح اور امیرالمؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کنایہ قیاس کرتے ہیں۔ وہ شعر یہ ہے۔

شعر

پنجہ در کن اسد اللّٰہی را

پوست برکن دو سہ روباہی را (جامی ص ۲۵۶)

ترجمہ شعر: اللہ کے شیر کے پنجہ سے دو تین لومڑیوں کی کھال اتار دے۔

قارئین کرام! عقائد امامیہ سے کون واقف نہیں۔ جامی کا ان کی طرف راغب ہونا کس طرف اشارہ کر رہا ہے؟ یونہی ان کے افکار میں شیعہ سنی دونوں کے نظریات و عقائد کا امتزاج جو ملتا ہے۔ اسے ایرانی شیعوں نے یہ ثابت کیا۔ کہ سنیوں کے نظریات جامی نے بربنائے تقیہ کہے۔ ورنہ وہ درحقیقت شیعہ تھے۔ ان کے تقیہ پر جس شعر سے

marfat.com

Marfat.com

استدلال لائے ہیں۔اس میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا لقب ""اسد اللہ"" اس طرح ذکر کیا گیا ہے۔ کہ ان کے مقابل ""دوسرو باہی""، دو تین لومڑیاں کہہ کر اشارۃً اور کنایۃً اصحاب ثلاثہ کی توہین کی ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ کی افضلیت کا معاملہ اور ہے۔ یہاں اصحاب ثلاثہ کی توہین اور ان کی قدح پیش نظر ہے۔ اور یہی مقصود شیعیت ہے۔اس لیے جامی کو سنی نما شیعہ کہنے کی بجائے ایرانی شیعہ کٹر شیعہ کہا ہے۔

## حوالہ نمبر (۵)

نویں صدی ہجری کے اواخر میں ہرات ایک ایسا شہر تھا۔ جہاں خراسانی اور ایرانی شیعوں اور افغانستانی اور ترکستانی سنیوں کے عقائد کا امتزاج پایا جاتا تھا جامی جنہوں نے اپنی عمر کا بہترین حصہ اسی شہر میں گزارا۔ وہ اس وقت کے مذہبی رجحانات کے اثر سے کیوں کر بچ سکتے تھے۔ زمان و مکان کے اعتبار سے وہ اس مقام پر کھڑے تھے۔ جہاں طریقہ اہل سنت والجماعت سے منہ پھیر سکتے تھے۔ اور نہ مبادیات امامیہ کو مکمل طور پر جھٹلا سکتے تھے۔ (جامی ص ۲۵۰ مکتبہ علمیہ لاہور)

قارئین کرام! مولانا جامی کے حالات جو ""جامی"" نامی کتاب میں علی اصغر حکمت نے درج کیے ہیں۔ انہیں منصفانہ طور پر لکھنے کی کوشش کی۔ اگرچہ اس مصنف نے زیادہ زور جامی کے فضائل اور صفات میں لگایا۔ لیکن مذکورہ پانچ عدد باتیں جو اس نے لکھیں۔ ان میں اس نے تسلیم کیا ہے۔ کہ جامی جن حالات میں رہتے تھے اور جس ماحول میں وہ تھے۔ اس میں ""مبادیات امامیہ"" کو چھوڑا نہیں جا سکتا ہے اور نہ سنیت سے منہ موڑا جا سکتا ہے۔ مبادیات امامیہ کیا ہیں؟ ان میں سے اعلیٰ درجہ کی چیز مسئلہ امامت ہے۔ جس طرح شیعہ لوگ بارہ اماموں کے قائل اور ان کی ہی خلافت کے معتقد ہیں۔ کچھ ایسے ہی جامی بھی نظریہ بیان کرتے ہیں۔ اس عقیدہ کے پیش نظر شیعوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو وصی رسول اور خلیفہ بلافصل خلیفہ اول کہا۔ پھر حسن

marfat.com
Marfat.com

حسین، زین العابدین، محمد باقر، جعفر صادق، موسیٰ کاظم، موسیٰ رضا، تقی، نقی، حسن عسکری تک گیارہ امام ہیں۔ اور بارہویں امام "مہدی" ہیں۔ جن کے متعلق شیعوں کا نظریہ ہے کہ وہ ۲۵۹ھ کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ اور ۲۶۵ھ میں سرمن رائے غار میں چھپ گئے۔ ان کی طرف سے ایک سفیر مقرر ہوا۔ جو ۳۲۶ھ تک ان کی باتیں لوگوں تک پہنچاتا رہا۔ آخری سفیر علی بن محمد پر سفارت ختم ہو گئی۔ اب اس بارہویں امام کی تشریف آوری کا شدید انتظار کیا جا رہا ہے۔ اسی لیے شیعہ لوگ انہیں امام المنتظر امام الحجۃ، الامام القائم، امام مہدی اور قائم آل محمد ایسے القاب سے یاد کرتے ہیں۔ ان تمام باتوں کو تقریباً جامی نے شواہد النبوۃ میں لکھا ہے۔ مکمل تفصیل جو جامی نے لکھی۔ اس کا ذکر کرنا باعث طوالت ہوگا۔ اس لیے صرف چند عبارات بطور نمونہ ذکر کی جا رہی ہیں۔ ان عبارات کو پڑھنے کے بعد آپ جامی کے عقائد و نظریات اور شیعوں کے معتقدات کا موازنہ کریں گے۔ تو یقیناً آپ کو وہی کچھ نظر آئے گا۔ جس کی پچھلے پانچ حوالہ جات میں جامی نامی کتاب کے مصنف نے لکھا۔ بلکہ جامی کی عقیدت میں واضح طور پر شیعیت نظر آئے گی۔

## شواہد النبوۃ کی چند عبارت

### عبارت اول

ایک راہب کلیسا سے نیچے اتر کر حضرت امیر المؤمنین کے حضور میں آیا۔ اور سامنے کھڑے ہو کر پوچھا کیا آپ پیغمبر و رسل ہیں۔ حضرت امیر نے فرمایا۔ نہیں اس نے پوچھا کیا آپ ملک مقرب ہیں۔ حضرت امیر نے فرمایا نہیں۔ پس گفت تو چہ کسے ؟ فرمود ۔ برمن وصی پیغمبر مرسلم محمد بن عبداللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم راہب گفت دست بیار کہ مسلمان می شوم حضرت امیر کرم اللہ وجہہ دست بوے داد گفت اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ

marfat.com
Marfat.com

و اشھد انک علی وصی رسول اللہ۔ (شواھد النبوۃ ص ۱۶۴ رکن سادس مطبوعہ نامی نو لکشور ھند)

ترجمہ: اس نے پوچھا۔ پھر آپ کون ہیں۔ حضرت امیر نے فرمایا۔ میں وصی پیغمبر مرسل جناب محمد بن عبداللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔ راہب کہنے لگا۔ ہاتھ بڑھائیے میں آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کروں۔ حضرت امیر نے اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھایا۔ تو راہب نے کہا۔ اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ وَاَشْھَدُ اَنَّکَ عَلِیٌّ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔

(شواھد النبوۃ مترجم ص ۲۸۷ مکتبہ علمیہ لاھور)

قارئین کرام! علامہ جامی نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں واقعہ مذکورہ کے آخر میں راہب کی زبان سے "علی وصی رسول اللہ" نقل کیا۔ یہ واقعہ حضرت علی المرتضیٰ رض کے ساتھ جنگ صفین سے واپسی پر پیش آیا بیان کیا جا رہا ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ رض کو "وصی رسول اللہ" کہنا شیعہ لوگوں کا بنیادی عقیدہ ہے۔ کرامت کے ضمن میں اسے ذکر کرنے سے دراصل جامی یہ ثابت کر رہے ہیں۔ کہ حضرت علی کا وصی رسول اللہ ہونا۔ اللہ کی طرف سے مقرر ہے۔ جس طرح مسلمان ہونے کے لیے اللہ تعالیٰ کی واحدانیت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی ضروری ہے۔ اسی طرح حضرت علی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصی تسلیم کرنا اور اس کی گواہی دینا بھی ضروری ہے۔ اس بات پر جامی نے اشارۃً یا کنایۃً بیزاری کا اظہار بھی نہیں فرمایا۔ بلکہ اسے بڑے اہتمام سے کرامت کے طور پر ذکر کیا ہے۔ شیعہ لوگوں کے کلمہ کی اس آخری جزء کی تحقیق اور رد تفصیل میں نے عقائد جعفریہ جلد سوم میں بیان کر دی ہے۔ یہ کتاب چھپ کر بازار میں آچکی ہے۔ ان کے تمام دلائل کا جواب

marfat.com
Marfat.com

اس کتاب کے تقریباً ۸۹ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمالیں لیکن یہاں ایک نئی دلیل کی تردید ضروری سمجھتا ہوں۔ جسے حال ہی میں غلام حسین نجفی نے ذکر کیا۔

## رسالہ علیؑ ولیُ اللہ:

اہل سنت کی معتبر کتاب لسان المیزان جلد ۵ ص ۱۴۷ ذکر محمد بن حماد مؤلف احمد بن حجر العسقلانی اختصار کی خاطر ترجمہ ہی ملاحظہ ہو۔ راوی کہتا ہے۔ کہ مجھے ہشام بن عبدالملک نے حجاز سے اپنے پاس شام بلوایا۔ اور میں نے مقام بلقاء میں ایک سیاہ پہاڑ دیکھا۔ جس پر کچھ لکھا تھا۔ جو میں نہ پڑھ سکا۔ میں شہر میں داخل ہوا۔ اور لوگوں سے ایسے شخص کو دریافت کیا۔ جو قبروں پر اور پہاڑوں پر پرانی تحریرات کو پڑھ سکتے مجھے ایک بہت بوڑھے شخص کے بارے میں نشاندہی کی گئی میں اس کے پاس پہنچا۔ اور اس کو سوار کر کے اس پہاڑ پر لایا اور اس کو وہ تحریر دکھائی۔ اس نے پڑھ کر تعجب کیا اور مجھے کہا۔ کہ کوئی چیز لاؤ میں اس کا ترجمہ کر کے آپ کو دیتا ہوں۔ میں ایک چیز لایا۔ اس نے کہا کہ اس پتھر پہ عبرانی زبان میں یہ لکھا ہے۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ولی اللہ وکتبہ موسیٰ بن عمران بیدہٖ کہ خدائی تعالیٰ معبود برحق ہے۔ اور محمد صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ اس کا رسول ہے۔ اور علی اس کا ولی ہے۔ یہ کلمہ موسےٰ بن عمران نے اپنے ہاتھ سے لکھا۔ (رسالہ علی ولی اللہ مصنفہ غلام حسین نجفی ص ۷)

**جواب:**

بڑے بڑے کذاب ہو گزرے لیکن غلام حسین نجفی نے سب کو مات کر دیا۔ ہم اہل سنت کی کتاب لسان المیزان کا حوالہ لکھنے بیٹھا۔ اور ترجمہ پر اختصار کا بہانہ بنایا۔ اور مذکورہ کلمہ کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا کلمہ بتایا لیکن حقیقت

marfat.com
Marfat.com

اس کے خلاف ہے۔ اگر ایمانداری سے اس کتاب کی عبارت کا پورا ترجمہ ہی کر دیتا۔ تو سب کو حقیقت حال کا پتہ چل جاتا۔ آیئے صاحب لسان المیزان کے الفاظ میں مذکورہ روایت پڑھیں اس کا ترجمہ دیکھیں۔ اور اس کے بارے میں خود صاحب لسان المیزان کا فیصلہ سنیں۔

## لسان المیزان:

(محمد) بن حماد عن مقاتل بن سليمان وعنه علی بن محمد الفارسی ذَکَرَ الْمُؤَلِّفُ فِیْ تَرْجَمَةِ مُقَاتِلٍ حَدِیْثًا وَ قَالَ وَضَعَهُ اَحَدُ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةِ قَالَ قَالَ محمد بن حماد اَشْخَصَنِیْ هشام بن عبد الملك مِنَ الْحِجَازِ اِلَی الشَّامِ فَاجْتَزْتُ بِالْبَلْقَاءِ فَرَاَیْتُ جَبَلًا اَسْوَدَ عَلَیْهِ کِتَابَةٌ لَا اَدْرِیْ مَا هِیَ فَطَلَبْتُ مَنْ یَقْرَءُهَا فَدُلِلْتُ عَلٰی شَیْخٍ کَبِیْرٍ فَقَالَ هٰذَا عَلَیْهِ بِالْعِبْرَانِیَّةِ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ جَآءَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ لا اله الا الله محمد رسول الله صلی الله علیه و اله واصحابه وسلم عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ وَ کَتَبَ مُوْسٰی بن عمران بِیَدِهٖ قَالَ ابْنُ عَسَاکِرَ هٰذَا حَدِیْثٌ مُنْکَرٌ وَ اَسْنَادُهٗ مُظْلِمٌ۔ (لسان المیزان جلد ۵ ص ۱۴۷ محمد بن حماد حرف المیم)

**ترجمہ:** مقاتل بن سلیمان سے محمد بن حماد اور اس سے علی

marfat.com
Marfat.com

بن محمد فارسی نقل کرتا ہے۔ مؤلف بنے مقاتل کے ترجمہ (حالات زندگی) میں ایک حدیث ذکر کی۔ اور کہا کہ اسے ان تینوں میں سے کسی نے گھڑا ہے۔ کہا۔ کہ محمد بن حماد بیان کرتا ہے۔ کہ مجھے ہشام بن عبدالملک نے حجاز سے شام بلوایا۔ میرا گزر مقام بلقاد سے ہوا۔ وہاں میں نے ایک سیاہ پہاڑ دیکھا۔ اس پر لکھی ہوئی تحریر ملی۔ جسے میں نہ جانتا تھا۔ کہ یہ کیا لکھا ہوا ہے۔ لہٰذا میں نے کسی ایسے شخص کو تلاش کیا۔ جو اسے پڑھ سکتا ہے۔ مجھے ایک بہت بڑے بوڑھے آدمی کی نشاندہی کی گئی اس نے تحریر دیکھ کر کہا۔ یہ عبرانی زبان میں ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے اسے اللہ! تیرے نام سے تیری طرف سے حق آگیا ہے واضح اور عربی زبان میں۔ وہ یہ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ علی اللہ کے ولی ہیں۔ اسے موسیٰ بن عمران نے اپنے ہاتھ سے لکھا۔ ابن عساکر نے کہا۔ کہ یہ حدیث منکر اور مظلم ہے۔

## تبصرہ:

قارئین کرام! جس روایت کو نجفی نے شیعہ کلمہ میں "علی ولی اللہ" ہونے کی دلیل کے طور پر پیش کیا تھا۔ اور بڑے فخر سے لکھا۔ کہ اہل سنت کی معتبر کتاب میں اس کلمہ کا ثبوت موجود ہے۔ اس حدیث کو محمد بن حماد کے ترجمہ میں صاف صاف "موضوع" کہا گیا۔ اس کے گھڑنے والا تین راویوں میں سے کوئی ایک ہے جن کا اس کی سند میں ذکر ہے۔ پوری کی پوری روایت من گھڑت ہے۔ من گھڑت روایت سے اتنا تو واقعی ثابت ہوتا ہے۔ کہ شیعوں کا کلمہ "علی ولی اللہ" من گھڑت ہے۔ لیکن کمال

marfat.com

Marfat.com

چالاکی سے عوام کو اور اسماء الرجال سے ناواقف کو دھوکہ دے کر یہ ثابت کر رہا ہے کہ دیکھو جی سنیوں کی کتاب سے ہمارے کلمہ کا صحیح ہونا ثابت ہے۔ لعنت اللہ علی الکاذبین۔

مقام حیرت یہ ہے۔ کہ نجفی چونکہ سب ہی شیعہ اسے تو اپنا کلمہ کسی نہ کسی طرح ثابت کرنا ہی تھا۔ جامی کو کیا مصیبت پڑی تھی۔ کہ وہ علی ولی اللہ،، کے الفاظ حضرت علی کی کرامت میں درج کر دیے۔ جب یہ بات بالکل واضح ہے۔ کہ شیعوں کا کلمہ من گھڑت ہے۔ اور اس پر قدیم و جدید تمام علماء اہل سنت متفق ہیں۔ تو جامی نے مذکورہ کرامت ذکر کرتے وقت اسے من وعن ذکر کر دیا۔ اور اس پر کوئی تبصرہ نہ کیا۔ جیسا کہ ابن عساکر نے مذکورہ حدیث کو منکر اور مظلم کہہ کر اس کا من گھڑت ہونا واضح کر دیا۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ جامی شیعہ لوگوں کے بنیادی عقائد کی طرف مائل تھا کہ وہ درست ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا۔ تو یقیناً مذکورہ کرامت کے بعد اس کی تردید موجود ہوتی۔ کہ یہ بے اصل اور غلط ہے۔ لہٰذا اس سے کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ مذکورہ روایت کے اصل راوی مقاتل کے حالات زندگی پڑھنے ہوں۔ تو صاحب لسان المیزان کی دوسری کتاب تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۲۸۴-۲۸۲ ملاحظہ فرمالیں۔ حضرت انس بن مالک بیان کرتے ہیں۔ کہ کسی نے مجھ سے اصحاب کہف کے کتے کا رنگ پوچھا۔ مجھے نہ آیا۔ مقاتل کہنے لگا۔ کہہ دیتے کہ وہ ودا بلقع،، تھا۔ اس پر کوئی اعتراض نہ کرتا۔ یہ اس کی پہلی کذب بیانی ہے۔ مقاتل نے کہا۔ کہ اگر دجال ۱۵۰ھ میں ظاہر ہوا۔ تو جان لو کہ میں کذاب ہوں۔ خلیفہ مہدی کو مقاتل نے کہا۔ کہ اگر تو چاہے تو میں حضرت عباس کے بارے میں تیرے لیے کچھ احادیث گھڑ لوں۔ مہدی نے کہا۔ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ ابراہیم بن یعقوب نے کہا۔ کہ مہدی کذاب اور احادیث پر بڑا دلیر تھا۔ عباس اپنے باپ سے بیان کرتا ہے۔ کہ میں نے مقاتل سے

marfat.com
Marfat.com

چند احادیث نہیں جو باہم متضاد تھیں۔ نسائی نے کہا۔ کہ چار آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حدیثیں گھڑتے تھے۔ مدینہ میں ابراہیم بن یحیٰے، خراسان میں مقاتل شام میں محمد ابن سعید اور بغداد میں واقدی۔ ایسے راوی کی روایت جسے خود لسان المیزان نے کہا۔ کہ اس کی گھڑی ہوئی ہے۔ اس سے نجفی اپنا کلمہ ثابت کر رہا ہے۔ تو پھر ہم یہی کہہ سکتے ہیں۔ کہ تمہیں مقاتل ایسے کذاب کا کلمہ مبارک ہو۔

## عبارت دوم:

### شواهد النبوة

امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ وے امام اول است از ائمہ اثنی عشر و کنیت وے رضی اللہ عنہ ابوالحسن و ابوتراب است و ہیچ نامی وے را از ابوتراب خوشتر نیامدی (شواہد النبوہ فارسی ص ۱۵۹)

**ترجمہ:** حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بارہ اماموں میں سے پہلے امام علی المرتضیٰ ہیں۔ کنیت ابوالحسن اور ابوتراب تھی۔ اور انہیں "ابوتراب" سے زیادہ پسند اور کوئی کنیت نہ تھی۔

ہم بارہ ائمہ کی تشریح کر چکے ہیں۔ ان میں سب سے پہلے امام علی المرتضیٰ ہیں امامت کے بارے میں شیعہ لوگوں کا یہ عقیدہ ہے۔ کہ یہ منصب اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتا ہے۔ جس طرح نبوت و رسالت من جانب اللہ ہوتی ہے۔ یہ شیعوں کا مشہور عقیدہ ہے۔ جیسا کہ مشہور شیعہ مؤرخ محمد حسین لکھتا ہے۔

## الشیعہ فی التاریخ:

اَمَّا الْاِمَامَةُ وَهِيَ وَاجِبَةٌ عِنْدَ هُمْ وَعِنْدَ

marfat.com

Marfat.com

جُمْهُوْرِ الْمُسْلِمِیْنَ فَیَعْتَبِرُهَا الشِّیْعَةُ مَنْصَبًا اِلٰهِیًّا کَمَنْصَبِ النُّبُوَّةِ قَالُوْا اِنَّ الَّذِیْ عَیَّنَهُ رَسُوْلُ اللّٰه صلی اللّٰه علیه و سلم وَنَصَّبَهُ اِمَامًا وَّ نَائِبًا عَنْهُ هُوَ عَلِیُّ بْنُ ابی طالب لِاَنَّ الْعِصْمَةَ لَمْ تُوْجَدْ فِیْ غَیْرِهٖ ......... وَالْعِصْمَةُ وَالْاَفْضَلِیَّةُ ثَبَتَتْ اِمَامَةَ الْحَسَنِ بن علی ۔ وَاِمَامَةَ اَخِیْهِ الْحُسَیْنِ وَاِمَامَةَ زین العابدین علی بن حسین وَ اِمَامَةَ محمد بن علی الباقر وَاِمَامَةَ جَعْفَر بن محمد الصادق ۔ وَاِمَامَةَ مُوْسٰی بن جعفر الکاظم وَاِمَامَةَ علی بن موسٰی الرضا وَاِمَامَةَ محمد بن علی الجواد وَاِمَامَةَ علی بن محمد الهادی وَاِمَامَةَ الحسن بن علی العسکری ۔ وَاِمَامَةَ محمد بن الحسن المهدی وَهُوَ الْاِمَامُ الثانی عشر هٰذِهٖ هِیَ الْاِمَامَةُ (الشیعة فی التاریخ ص ۳۱ تا ۳۲ محجل عقائد الشیعه)

**ترجمہ:** امامت شیعوں کے نزدیک واجب ہے۔ اور جمہور کے نزدیک بھی واجب ہے۔ لہذا شیعہ منصب امامت کو منصب نبوت کی طرح اللہ تعالیٰ کی طرف سے معتبر سمجھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منصب امامت و نیابت کے لیے

marfat.com

Marfat.com

معین فرمایا۔ وہ علی بن ابی طالب ہیں۔ کیونکہ ان کے علاوہ کسی دوسرے (صحابی) میں عصمت نہیں ملتی عصمت اور افضلیت نے ہی امام حسن کے لیے امامت ثابت کی۔ پھر ان کے بھائی حسین کے لیے۔ پھر زین العابدین کے لیے۔ پھر محمد الباقر، پھر جعفر صادق، پھر موسیٰ کاظم موسے رضا، محمد بن علی الجواد، محمد ہادی، حسن عسکری اور بارہویں امام محمد بن حسن مہدی کے لیے۔

قارئین کرام! امامت کا عقیدہ شیعہ لوگوں میں کیا مقام رکھتا ہے۔ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ انہی بارہ اماموں کے ماننے کی وجہ سے "اثنا عشری شیعہ" اپنا یہ نام لکھتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ بارہ اماموں کی پیشگوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے۔ ہم نے اس مسئلہ کی مکمل تحقیق عقائد جعفریہ جلد دوم میں کی ہے۔ جو تقریباً چھ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ شیعہ ان بارہ ائمہ کو "صاحب الامر" بھی کہتے اور مانتے ہیں۔ ان کے منکرین کو کافر تک قرار دیتے ہیں۔ خواہ وہ علی المرتضیٰ کی اولاد میں سے ہی کیوں نہ ہو۔ اور جامی بھی جا بجا ان ائمہ کے ساتھ "صاحب الامر" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ اور انہیں معصوم بھی تسلیم کرتے ہیں۔ بلکہ ان کی عصمت کے دلائل بھی جامی نے نقل کیے ہیں۔ اس کا ثبوت جامی کی تیسری عبارت پیش کر رہی ہے۔

## عبارت سوم: شواہد النبوت:

واز آں جملہ آنست کہ روزے با حاضران مجلس سوگند داد کہ ہر کہ از رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم شنیدہ است کہ گفتہ "مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ"، گواہی دہد دوازدہ تن از انصار حاضر بودند گواہی دادند یکے دیگر کہ آں را از رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

Marfat.com

شنیدہ بود اما گواہی نداد حضرت امیر کرم اللہ وجہہ فرمود کہ اے فلاں تو گواہی چرا ندادی ؟ با انکہ تو ہم شنیدۂ گفت من نیز شنیدہ ام والا فراموش کردہ ام امیر دعا کرد کہ خداوندا کہ اگر ایں شخص دروغ میگوید سفیدی بر بشرۂ وے ظاہر گرداں کہ عمامہ آنرا نپوشاند راوی گوید کہ واللہ من آں شخص را دیدم کہ سفیدی درمیان دو چشم وے پیدا آمدہ ......

وازاں جملہ آنست کہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ گفتہ است کہ من در مجلس یا مثل آں حاضر بودم ومن نیز ازاں جملہ بودم کہ شنیدہ بودم اما گواہی ندادم وآں را پنہاں داشتم خدائے تعالیٰ روشنائی چشم مرا ببرد گویند کہ ہمیشہ بر حضرت آں شہادت اظہار ندامت می کرد واز خدائے تعالیٰ آمرزش می خواست .......... وازاں جملہ آنست کہ روزے بر بالائے منبر گفت انا عبداللہ واخ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وارث نبی الرحمۃ منم وناکح سیدہ نساء اہل الجنۃ منم سید الوصیاء وخاتم ایشاں منم ہر کہ غیر از من ایں دعوے کند خدائے تبارک وتعالیٰ ویرا ببدی گرفتار گرداند مردے ازاں مجلس گفت کہ کیست کہ از وے خوش نیاید کہ گوید انا عبداللہ واخو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم از جائے خود برنخاستہ بود ویرا جنونے وفسادے در دماغ واقع شد چنانکہ پائے ویرا گرفتند واز مسجد بیروں کشیدند بعد ازاں از قوم وے پرسیدند کہ ہرگز ویرا ایں عارضہ بودہ است گفتند کہ نے ۔

(شواہد النبوۃ فارسی ص ۱۶۸ احوالات حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ۱۹۰۵ء) ۔

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی کرامات میں سے ایک یہ ہے۔ کہ ایک دن آپ نے حاضرین مجلس کو قسم دی۔ کہ جس نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" سنا ہو۔ وہ اس کی گواہی دے۔ انصار سے بارہ افراد تھے کہ جنہوں نے گواہی دے دی لیکن اور شخص نے یہ جملہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا لیکن اس نے گواہی نہ دی۔ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے اسے فرمایا۔ کہ اے فلاں! تو نے باوجود اس کے کہ مذکورہ جملہ سنا تھا۔ گواہی کیوں نہ دی؟ وہ کہنے لگا۔ میں نے سنا ضرور تھا۔ لیکن بھول گیا تھا۔ حضرت علی المرتضٰی نے دعا کی۔ اے اللہ! اس شخص نے جھوٹ بولا ہو تو اس کے چہرے پر سفیدی ظاہر کر دے۔ کہ اس کی پگڑی بھی اسے چھپا نہ سکے۔ راوی کہتا ہے کہ خدا کی قسم! میں نے اس شخص کو دیکھا۔ کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان سپیدی ظاہر ہو گئی تھی۔

ان تمام کرامات میں سے ایک یہ بھی ہے۔ کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کہ میں بھی اس مجلس یا اس جیسی کسی اور مجلس میں حاضر تھا اور میں نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اقدس سے مذکورہ جملہ سن رکھا تھا لیکن گواہی نہ دی۔ اور اسے چھپائے رکھا۔ اللہ تعالیٰ نے میری آنکھوں کی روشنی ضائع کر دی۔ بیان کرتے ہیں۔ کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ ہمیشہ گواہی نہ دینے پر اظہار ندامت کرتے رہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے اس کی طلب کرتے رہے۔

marfat.com
Marfat.com

ان تمام کرامات میں سے ایک یہ بھی ہے۔ کہ ایک دن حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ نے منبر پر تشریف فرما ہوتے ہوئے فرمایا۔ میں اللہ کا بندہ ہوں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بھائی ہوں۔ نبیٔ رحمت کا وارث ہوں جنتی عورتوں کی سردار کا خاوند ہوں۔ تمام اوصیاء کا سردار اور ان کا قائم ہوں میرے سوا کوئی اور شخص اگر ان باتوں کا دعوےٰ کرے گا۔ اللہ تعالٰی اس کو کسی بدی میں گرفتار کر دے گا۔ اس مجلس میں سے ایک شخص نے کہا۔ کہ وہ کون ہے جس سے یہ باتیں اچھی نہ لگتی ہوں۔ کہ وہ کہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھائی اور اللہ کا بندہ ہوں۔ یہ شخص ابھی اپنی مجلس سے بھی نہ اٹھا تھا۔ کہ وہ دیوانہ اور فساد میں مبتلا ہو گیا۔ اور اس کا دماغ چل گیا۔ اس کے پاؤں سے پکڑ کر اُسے مسجد سے باہر کھینچ کر لایا گیا۔ اس کے بعد اس کی قوم سے لوگوں نے پوچھا۔ کہ کیا اس پہلے بھی یہ بیماری تھی؟ انہوں نے کہا۔ نہیں

**تبصرہ:**

جامی کی اس تیسری تحریر سے شیعہ لوگوں کا مرکزی عقیدہ ثابت ہو رہا ہے۔ اور اس کی دلیل پیش کی جا رہی ہے۔ وہ عقیدہ یہ کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے خلیفہ ہیں۔ یعنی خلافت بلافصل آپ کی ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے یعنی میری سرداری اور ولائت کے بعد علی المرتضٰے رضی کی سرداری اور ولائت ہے۔ اور سرداری سے مراد خلافت ہے۔ لہذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی اس بات کی دلیل ہے۔ کہ حضرت علی المرتضٰے ہی خلیفہ بلافصل ہیں۔ شیعہ لوگ اسی عقیدہ کو بیان کرتے ہوئے یوں کہتے ہیں۔ کہ خم غدیر کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام صحابہ کرام کو جمع کر کے حضرت علی کی بیعت لینے کا

marfat.com
Marfat.com

ان کو حکم دیا تھا۔ جب سب بیعت کر چکے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت فرمایا تھا۔ من کنت مولاہ فعلی مولاہ۔ علاوہ ازیں بہت سی شیعہ کتب میں بھی مذکور ہے۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام سے پوچھا کہ کیا تم نے یہ حدیث حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟ سب نے کہا۔ جی سنی ہے۔ لہذا ثابت ہوا۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ رض ہی بلافصل خلیفہ ہیں۔ اس عقیدہ کی یہ سب سے بڑی دلیل ہے جس کا فقیر نے تحفہ جعفریہ جلد اول میں ص ۳۸ تا ۸۰ تک ایسا جواب دیا ہے کہ قیامت تک انشاء اللہ اس کا جواب اور اس کا رد کوئی شیعہ نہیں دے سکے گا۔ ان کے تمام دلائل کے تحقیقی اور تفصیلی جوابات کے لیے تحفہ جعفریہ کا مطالعہ فرمائیں۔ بہرحال ہم نے جامی نے اپنی کتاب میں وہی دلیل ذکر کی۔ جسے شیعہ حضرت علی کی خلافت بلافصل پیش کرتے ہیں۔ اب شیعہ لوگ جامی کی مذکورہ عبارت پیش کر کے ببانگ دہل کہہ سکتے ہیں بلکہ کہتے ہیں۔ کہ سنیوں کے بہت بڑے عالم نے اپنی کتاب میں حضرت علی المرتضیٰ کی خلافت بلافصل کو ثابت کیا ہے۔

کیونکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا اعلان فرمانا کہ جس نے "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سن رکھا ہے۔ وہ اس کی گواہی دے۔ ایک آدمی نے گواہی نہ دی اور بارہ نے گواہی دے دی۔ گواہی نہ دینے والے نے بھولنے کا عذر پیش کیا۔ آپ نے اس کے بہانے پر اسے بددعا دی۔ جو قبول ہوئی اور وہ برص کی بیماری میں مبتلا ہو گیا۔

اس واقعہ میں پہلی بات تو یہ ہے۔ کہ من کنت مولاہ الخ والی بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت کے بعد نہیں فرمائی تھی۔ بلکہ ہوا یوں کہ یمن کے کچھ باشندوں نے حضرت علی المرتضیٰ کی کچھ شکایات کیں۔ انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ الفاظ ارشاد فرمائے۔ اس حدیث پاک میں "مولا" بمعنی دوست ہے۔ نہ کہ سردار اور خلیفہ

marfat.com

Marfat.com

کہ جس سے خلافت بلافصل ثابت کی جائے۔ اس کی تفصیل ہماری کتاب تحفہ جعفریہ میں مرقوم ہے۔ دوسری بات یہ کہ آدمی بسا اوقات کوئی بات بھول جاتا ہے۔ بھول تو حضرات انبیاء کرام سے بھی وقوع پذیر ہوئی۔ اور اگر یہ کہا جائے۔ کہ وہ شخص جان بوجھ کر گواہی نہیں دے رہا تھا۔ تو بارہ گواہوں کے بعد اس کی گواہی نہ دینے سے حضرت علی المرتضیٰ کا کونسا کام رک گیا تھا۔ کہ آپ نے اسے ایسی بددعا دے دی۔ کہ عمر بھر وہ روگی ہو گیا۔ بددعا دینے کی بجائے آپ نے اس سے چشم پوشی فرمائی ہوتی۔ جو آپ کے شایان شان تھی۔ اس گھرانے کے اخلاق ہی ایسے تھے۔ خود حضور صلی اللہ علیہ کا فرمان ہے۔ کہ اے اللہ! اگر میں کسی کے لیے بددعا کروں تو اسے قبول نہ فرمانا۔ تاکہ میری امت کے کسی فرد کو میری وجہ سے نقصان اٹھانا پڑے جامی نے اس واقعہ کو حضرت علی المرتضیٰ کی کرامات کے تحت ذکر کیا۔ گویا پہلی کرامت یہ کہ آپ کو بذریعہ کشف معلوم ہو گیا۔ کہ ایک اور آدمی بھی یہاں موجود ہے۔ جس نے یہ حدیث سن رکھی ہے۔ لیکن اس نے گواہی نہیں دی۔ دوسری کرامت یہ کہ آپ کو علم تھا۔ کہ اس نے جھوٹ بولا ہے۔ اور تیسری یہ کہ اس کے جھوٹ بولنے پر عوام کے سامنے اسے ذلیل و رسوا کرنا تھا۔ کہ آپ کی بددعا کی وجہ سے وہ برص کی بیماری میں گرفتار ہو جائے گا اور عمر بھر اپنے سر پر کپڑا نہ رکھ سکے گا۔ کرامت کا کون منکر ہے لیکن کسی کرامت کا واقعۃً رونما ہونا اور بات ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کرامات کے جامع اور منبع تھے۔ لیکن اس قسم کی کرامت کا ثبوت اگر جامی کے چاہنے والوں میں سے کوئی ثابت کر دکھائے تو منہ مانگا انعام پائے۔

## واقعہ دوم:

سیدنا حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ ایک جلیل القدر صحابی رسول ہیں جن کے

marfat.com
Marfat.com

گھر ابتدائی دورِ نبوت میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تنہائی میں پروردگار عالم کی عبادت کیا کرتے تھے۔ انہی کے گھر حضرت عمر بن خطاب مشرف باسلام ہوئے تھے ان کے بارے میں من گھڑت واقعہ بیان کیا گیا۔ کہ حضرت علی المرتضٰے کی ولایت کی گواہی نہ دینے کی وجہ سے یہ آنکھوں سے محروم ہو گئے۔ پھر ہمیشہ یہ اس گواہی کے چھپانے پر نادم رہے۔ یہ واقعہ کسی صحیح مسند روایت سے ثابت نہیں ہے علاوہ ازیں جلیل القدر صحابی کی آنکھوں کا ضائع ہو جانے کا سبب یعنی حضرت علی کی ولایت کی گواہی چھپانا یہ بات ثابت کی جا رہی ہے۔ کہ حضرت علی المرتضٰے رضی کی ولایت کی گواہی نہ دینا اس قدر اللہ کے ہاں جرم ہے۔ کہ جس کی پاداش میں صحابی بھی بینائی سے محروم ہو گئے۔ لہٰذا علی المرتضٰے کی ولایت کا اعلان اور اس کا سر عام اقرار ہی ذریعہ رضائے باری تعالیٰ ہے۔ یہی طریقہ شیعہ لوگ اختیار کرتے ہیں جیسے ملا باقی نے حضرت علی المرتضٰے کی کرامت کے ضمن میں ذکر کر دیا۔

## واقعہ سوم :

حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کا بر سر منبر اعلان فرمانا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھائی اور وارث ہوں۔ سیدہ فاطمہ کا خاوند اور تمام اوصیاء کا سردار ہوں اور تمام اوصیاء کا خاتم بھی ہوں۔ اہل تشیع کا یہ عقیدہ ہے۔ کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ تمام اوصیاء کے سردار و خاتم ہیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت علی وصی تھے یہی شیعوں کا عقیدہ ہے۔ حضرت علی نے اپنے بعد حسن کو وصی مقرر کیا۔ اور یہ وصیت یکے بعد دیگرے ائمہ اہل بیت کی طرف منتقل ہوتی رہی۔ اس کی تفصیل وراثت شیعہ فی التاریخ ہ کے حوالے میں گزر چکی ہے۔ حضرت علی المرتضٰے کا اپنے آپ کو "خاتم اوصیاء" کہنا۔ اس کے بارے میں علامہ جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ملاحظہ ہو۔

marfat.com

Marfat.com

## اللآلی المصنوعہ فی احادیث الموضوعۃ:

حدثنا الحسن بن احمد بن حرب حدثنا الحسن بن محمد بن یحییٰ العلوی حدثنا محمد بن اسحاق القرشی حدثنا ابراهیم بن عبد اللہ حدثنا عبد الرزاق انبأنا معمر عن محمد بن عبد اللہ الصامت عن أبی ذر مرفوعًا کما أنا خاتم النبیین، کذالک علیؒ و ذریتہٗ یختمون الاوصیاء الیٰ یوم الدین موضوع العلوی منکر الحدیث رافضی و ابراهیم متروکٌ۔

(اللآلی المصنوعہ فی احادیث الموضوعۃ جلد۱ ص ۱۸۷ مطبوعہ حیدر آباد دکن۔ رکن سادس۔)

**ترجمہ:**

ہم سے حدیث بیان کی حسن بن احمد بن حرب نے ہم سے حدیث بیان کی حسن بن محمد بن یحییٰ علوی نے ہم سے حدیث بیان کی محمد بن اسحاق قریشی نے ہم سے حدیث بیان کی ابراہیم بن عبداللہ نے ہم سے حدیث بیان کی عبدالرزاق نے ہمیں خبر دی معمر نے محمد بن عبداللہ الصامت سے وہ ابوذر سے مرفوعًا روایت کرتے ہیں۔ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جیسے میں تمام نبیوں کا خاتم ہوں اسی طرح علی اور اس کی ذریت قیامت کے دن تک تمام اوصیاء کے

marfat.com
Marfat.com

خاتم ہیں۔ یہ حدیث موضوع ہے۔ جسے علوی نے گھڑا۔ وہ منکرالحدیث ہے رافضی ہے۔ اور دوسرا راوی ابراہیم متروک ہے۔

قارئین کرام! تیسرے واقعہ میں حضرت علی المرتضیٰ کی بددعا سے ایک شخص کو جنون ہوگیا۔ کیونکہ اس نے "خاتم الاوصیاء وغیرہ اوصافِ علی المرتضیٰ کی گواہی نہ دی تھی۔ یہاں بھی ہم یہی عرض کریں گے۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ کا بددعا دینا عقل سلیم اسے ویسے ہی تسلیم نہیں کرتی۔ اور یہ روایت ایک منکرالحدیث رافضی کی من گھڑت ہے۔ جسے علامہ جامی نے حضرت علی المرتضیٰ کی کرامت کے طور پر نقل کیا ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ بلکہ پورا اہل بیت کا خاندان صبر و رضا کا پیکر تھا۔ و یطعمون الطعام علی حبہ مسکینا و یتیما و اسیرا۔ آیت کریمہ کی تفسیر میں شیعہ بھی تسلیم کرتے ہیں۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ اور آپ کا گھرانہ نہایت صابر و شاکر تھا۔ یہاں ان کے صبر و شکر کی بجائے ان کی بددعاؤں کو جامی ذکر کر رہے ہیں۔ جو درحقیقت کرامت علی المرتضیٰ نہیں بلکہ اہانتِ شیرِ خدا کی گئی ہے۔ اسی طرح کے اور بہت سے واقعات جامی نے علی المرتضیٰ کی کرامات کے تحت نقل کیے۔ جن میں علی المرتضیٰ کی بددعاؤں کا ذکر کیا گیا۔ اور ان سے لوگوں کو مختلف پریشانیوں اور مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ ہذا بہتان عظیم۔ فاعتبروا یا اولی الابصار

## عبارت چہارم: از شواہد النبوۃ

واز آں جملہ آنست کہ بعد از قتل امیرالمومنین حسین رضی اللہ عنہ محمد بن الحنفیہ رضی اللہ عنہ پیش علی بن حسین آمد وگفت من عم تو ام و بسن از تو بزرگ ترام و با مامت سزاوار ترم سلاحِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را بمن دہ علی بن حسین رضی اللہ عنہ گفت اے عم از خدائے تعالیٰ بترس و دعوائے

marfat.com

Marfat.com

اینکہ حق تو نیست مکن دیگرے بار محمد بن الحنفیہ مبالغہ کرد فرمود اے عم بیا کتاب
بیش حاکم رویم کہ میان ما حکم کند گفت آں حاکم کیست فرمود کہ حجر اسود۔ ہر دو
پیش وے آمدند فرمود کہ اے عم سخن گو سخن گفت ہیچ جواب نیامد بعد ازاں
دست بدعا برداشت وخدائے تعالیٰ را باسمائے اعظام بخواند وطلب
آں کرد کہ حجر الاسود را سخن آورد پس روے بحجر الاسود کرد وگفت بحق آں
خدائے کہ مواثیق بندگان خود را در تو نہادہ است کہ ما را خبر کن کہ امامت
ووصایت بعد از حسین بن علی حق کیست حجر الاسود بر خود بجنید چنانکہ نزدیک
بود کہ از جائے خود بیفتد و زبان عربی فصیح گفت اے محمد بن الحنفیہ مسلم
دار کہ امامت و وصایت بعد از حسین بن علی حق علی بن الحسین است رضی اللہ عنہ
(شواہد النبوۃ فارسی ص ۱۸۰ رکن سادس مطبوعہ منشی نولکشور لکھنؤ)

ترجمہ: ان تمام واقعات میں سے ایک یہ بھی ہے۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد محمد ابن حنفیہ امام زین العابدین کے پاس آئے۔ اور کہنے لگے۔ میں تیرا چچا بھی ہوں اور امامت کے لیے تجھ سے زیادہ سزاوار ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہتھیار مجھے دے دو۔ علی بن حسین (زین العابدین) رضی اللہ عنہ نے کہا۔ اے چچا! اللہ سے ڈر۔ اور جس کا تجھے حق نہیں اس کا دعویٰ نہ کر۔ دوسری مرتبہ محمد بن حنفیہ اسی بات کو مبالغہ سے بیان کیا۔ اس پر امام زین العابدین نے کہا۔ چچا! آؤ کسی حاکم سے اس بارے میں فیصلہ کرالیں۔ محمد بن حنفیہ نے پوچھا وہ حاکم کون ہے۔ کہا۔ حجر اسود ہے۔ دونوں اس کے پاس آگئے زین العابدین نے کہا۔ چچا جان۔ بات کرو۔ انہوں نے بات کی لیکن حجر اسود سے کوئی جواب نہ آیا۔ اس کے بعد دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ اور اللہ تعالیٰ کے عظیم ناموں سے اُسے پکارا۔ اور سوال کیا کہ حجر اسود کو بولنے کی طاقت عطا کر دے۔ پھر حجر اسود کی طرف منہ کیا۔ اور کہا۔ اس خدا کی قسم!

marfat.com
Marfat.com

کہ جس نے لوگوں کے میثاق تجھ میں رکھے ہیں۔ ہمیں بتا کہ حسین بن علی کے بعد وصائت کی امامت کا حق کیسے ہے؟ حجر اسود ایسا کانپا۔ کہ قریب تھا۔ کہ اپنی جگہ سے گر جاتا۔ اس نے فصیح عربی زبان میں کہا۔ اے محمد بن حنفیہ! اسے تسلیم کرے۔ کہ حسین بن علی کے بعد امامت و وصائت کا حق امام زین العابدین کو ہے۔

## تبصرہ:

شیعوں کا عقیدہ یہ ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی المرتضےٰ اور ان کے آخری بارہویں امام مہدی تک یہی وہ حضرات ہیں۔ جو امیر المؤمنین کے منصب کے حق دار ہیں۔ اس لیے خلفائے ثلاثہ، امیر معاویہ اور عمر بن عبد العزیز کو یہ لوگ امیر المؤمنین نہیں تسلیم کرتے۔ حالانکہ "امیر المؤمنین" کا لقب مسلمانوں کے حاکم اور خلیفہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اور یہ حقیقت ہے۔ کہ خلفاء ثلاثہ اور امیر معاویہ و عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہم تو مسلمانوں کے حاکم ہوئے۔ لیکن بارہ ائمہ میں سے امام حسن رضی اللہ عنہ تک یہ منصب صرف دو اماموں کو ملا۔ بقیہ دس امام کسی ملک کے حاکم مقرر نہیں ہوئے۔ اور ان دو حضرات کو بھی اپنے دورِ امامت و خلافت میں "امیر المؤمنین" کہا گیا۔ حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کو صدیق اکبر، عمر فاروق اور عثمان غنی کے بعد امیر المؤمنین کہا جانے لگا۔ لیکن شیعہ لوگ یوں کہتے ہیں۔ کہ اگرچہ ظاہر میں ان کی خلافت غصب کی گئی تھی۔ لیکن درحقیقت خلافت و امامت انہی کی تھی۔ جاحظ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے لیے "امیر المؤمنین" لفظ استعمال کیا۔ جو واقعات و حقائق کے خلاف اور شیعوں کے موافق ہے۔ باقی رہا قصہ یہ کہ امام زین العابدین اور ان کے چچا محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہما دونوں میں امامت و وصی ہونے میں جھگڑا ہوا۔ جس کا فیصلہ حجر اسود نے کیا۔ یہ قصہ کسی صحیح روایت سے ثابت نہیں شیعوں کے نزدیک

marfat.com

Marfat.com

امامت و وصی ہونا منصوص من اللہ ہوتا ہے۔ یعنی یہ منصب اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے۔ اور اس نے بارہ اماموں کو یہ منصب عطا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے وصی و امامت کا فیصلہ حجراسود نے کیا۔ گویا امام حسین رضی اللہ عنہ کے وصی امام زین العابدین ہیں ان کی کرامت تھی۔ کہ ان کی امامت و وصی ہونے کی گواہی حجراسود نے دی۔ جبکہ یہی حجراسود محمد بن حنفیہ سے گفتگو کرنے پر آمادہ نہ ہوا شیعوں نے امام زین العابدین کی امامت اور وصی ہونے کی ایک کرامت بیان کی جس کی تفصیل میری کتاب عقائد جعفریہ جلد دوم امام زین العابدین کی بحث میں دیکھی جا سکتی ہے؟ بہرحال امام زین العابدین نے محمد بن حنفیہ کو کہا۔ کہ امامت کا حق دار ہونے کا جو دعویٰ کر رہا ہے۔ اس کے بارے میں خدا سے خوف کر۔ الی آخرہ۔ یہ واقعہ من گھڑت ہے مسئلہ امامت میں شیعہ نظریات کی تفصیل اور وصی ہونے کی تحقیق ہماری دوسری کتاب تحفہ جعفریہ جلد اول میں ملاحظہ فرمائیں۔ انشاء اللہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ جامی نے اس واقعہ کو بھی جس رنگ اور جس پس منظر میں ذکر کیا۔ اس سے ان کا شیعیت کی طرف رجحان پایا جاتا ہے۔ اہل سنت کا یہ مسلک نہیں۔ اور اگر کوئی شخص اس روایتِ جامی کو صحیح سمجھتا ہو۔ تو ہمارا چیلنج ہے۔ کہ کسی صحیح اسناد سے ثابت کرنے کے بعد منہ مانگا انعام پائے۔

## عبارت پنجم از شواہد النبوۃ:

> در از آں جملہ آنست کہ دیگرے گفتہ است کہ جعفر بن محمد رضی اللہ عنہما گفت کہ پدر من وصیت کرد چوں من بمیرم تو مرا دفن کن و غسل دہ زیراں کہ امام را جز امام نشوید۔ و دیگر گفت کہ برادر تو عبداللہ زود باشد کہ دعوئی امامت کند۔ و مردم را بخود خواند وے را بگذار کہ عمر وے کوتاہ خواہد بود۔ چوں پدر من وفات یافت من وے را غسل کردم و برادر من عبداللہ دعوائے امامت

marfat.com
Marfat.com

کرد و چنداں نزلیست چنانکہ پدر گفتہ بود۔ (شواہد النبوۃ فارسی ص ۱۸۱ رکن سادس مطبوعہ نولکشور لکھنؤ)

**ترجمہ:** ان تمام باتوں میں سے ایک یہ ہے۔ کہ کسی راوی نے بیان کیا کہ امام جعفر بن محمد رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کہ میرے ابا جان نے وصیت فرمائی۔ کہ جب میں مروں تو تو مجھے کفن دینا اور غسل بھی۔ کیونکہ امام کو امام کے بغیر کوئی دوسرا غسل نہیں دیتا۔ دوسری بات یہ فرمائی۔ کہ تیرا بھائی عبداللہ بہت جلد امامت کا دعوٰی کرے گا۔ اور لوگوں کو اپنی طرف بلائے گا۔ اسے اس کے حال پر چھوڑ دینا۔ کیونکہ اس کی عمر بہت تھوڑی ہو گی۔ جب آپ نے انتقال فرمایا۔ تو میں نے انہیں غسل دیا۔ پھر میرے بھائی عبداللہ نے امامت کا دعوٰی کیا۔ اور زیادہ دیر زندہ نہ رہا جیسا کہ میرے والد نے کہا تھا۔

## تبصرہ:

شیعوں کا مسلک ہے۔ کہ امام کو امام ہی غسل دیتا اور کفن پہناتا ہے۔ اس کا ثبوت ان کی بکثرت کتب میں موجود ہے۔ امام باقر رضی اللہ عنہ کی مذکورہ وصیت کہ جس میں دو باتیں مذکور ہیں۔ یہ شیعہ مسلک کے مصنفین کی بہت سی کتابوں میں موجود ہے۔ امام باقر کی امامت کے ضمن میں اسے درج کیا گیا۔ اس میں پہلی بات تو وہی شیعہ اصل ہے۔ یعنی امام کو غسل صرف امام ہی دے سکتا ہے۔ اور دوسرا امام باقر کی کرامت کہ انہوں نے انتقال سے قبل ہی خبردار کر دیا۔ کہ عبداللہ دعوئے امامت کرے گا لیکن وہ بہت جلد انتقال کر جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ یہی دو باتیں جامی نے ذکر کیں۔ جس سے صاف ظاہر کہ جامی کا مسلک بھی یہی ہے۔ کیونکہ اس واقعہ کو من وعن نقل کر دینا۔ اور اس پر کچھ بھی نہ کہنا اسی بات کا غماز ہے۔ حالانکہ اہل سنت کا ہرگز ہرگز

marfat.com

Marfat.com

یہ عقیدہ نہیں۔ کہ امام کو امام ہی غسل دے۔ اور کفن پہنائے۔ کیونکہ امامت کا مسئلہ ہی من گھڑت ہے۔ اس لیے جانے والے امام کا آنے والے کو وصی مقرر کرنا اور امامت سپرد کرنا سب کچھ شیعہ مسلک کی حکایات ہیں

## عبارت ششم از شواہد النبوۃ:

وفرمود کہ سخن گوئے اے فرزند من باذن اللہ تعالیٰ گفت بسم اللہ الرحمن الرحیم وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ بعد ازاں دیدم کہ مرغانِ سبز اورا فرو گرفتند ابو محمد رضی اللہ عنہ یکے ازاں مرغاں سبز را بخواند وگفت خُذْهُ فَاحْفَظْهُ حَتّٰى يَأْذَنَ اللّٰهُ فِيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ از ابو محمد رضی عنہ پرسیدم کہ ایں مرغ کہ بود وایں مرغان دیگر کیاند فرمود کہ آں جبرئیل علیہ السلام ودیگراں ملائکہ رحمت اند۔ (شواہد النبوۃ ص ۲۱۴ تا ۲۱۳ رکن سادس در ذکر علی بن محمد بن الرضا یعنی امام مہدی رضی اللہ عنہ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ)

**ترجمہ**: اور فرمایا۔ اے میرے بیٹے اللہ تعالیٰ کے حکم سے بول۔ پس بیٹا بولا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ونرید الآیۃ۔ ہم ارادہ رکھتے ہیں۔ کہ ان لوگوں پر احسان کریں۔ جو زمین میں کمزور کر دیے گئے ہیں اور ہم انہیں امام بنائیں اور ہم انہیں وارث بنائیں۔ اس کے بعد میں نے دیکھا۔ کہ سبز رنگ کے پرندوں نے ہمیں گھیرے میں لے لیا۔ جناب ابو محمد رضی اللہ عنہ نے ان سبز پرندوں میں سے ایک کو بلا کر فرمایا یہ لو

marfat.com
Marfat.com

اور اسے اس وقت تک محفوظ رکھنا جب تک اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں کوئی حکم نہیں دیتا۔ اللہ تعالیٰ بے شک اپنے حکم کو کر گزرنے والا ہے۔ میں نے ابو محمد رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ کہ یہ سبز پرندہ کون تھا۔ اور دوسرے سبز پرندے کون تھے؟ فرمایا۔ یہ جبرئیل علیہ السلام تھے۔ اور وہ رحمت کے فرشتے تھے۔

## تبصرہ :-

شیعوں کا عقیدہ ہے۔ کہ گیارہویں امام حسن عسکری رضی اللہ عنہ کا ایک ہی بیٹا تھا۔ جس کی کنیت ابو محمد تھی۔ اور اسی کو امام مہدی بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی والدہ کا نام نرجس تھا۔ یہ لڑکا ۲۵۵ھ میں پیدا ہوا۔ اور ان کی پیدائش سے تقریباً پانچ سال بعد ۲۶۰ھ میں ان کے والد حسن عسکری کا انتقال ہو گیا پھر جب ان کی عمر نو برس ہو گی۔ تو یہ صاحبزادے ایک غار میں داخل ہوئے۔ جس سے آج تک ان کے وکیل ان کو لوگوں کی خبریں سناتے اور لوگوں کو ان کی باتیں بتاتے رہے۔ جب چوتھا وکیل فوت ہوا۔ تو یہ کام بھی ٹھپ ہو گیا۔ اس کے بعد امام مہدی بے خبری کے عالم میں بغداد کے نزدیک سرداب غار میں منتظر ہیں۔ سرمن رائی بھی اسی کو کہتے ہیں۔ اصل قرآن بھی ان کے پاس ہی ہے۔ قیامت سے نزدیک غار سے نکل کر ابو بکر صدیق، عمر فاروق اور سیدہ عائشہ صدیقہ کو قبروں سے نکال کر سخت سزا دے گا امام مہدی کے بارے میں تفصیلی گفتگو ہم نے اپنی تصنیف عقائد جعفریہ جلد دوم ص ۱۹۵ تا ص ۲۵۶ پر لکھ دی ہے۔ اس کا مطالعہ ضرور کر لیجئے۔ مختصر یہ کہ امام حسن عسکری کا کوئی لڑکا نہ تھا۔ بلکہ وہ بے اولاد ہی انتقال کر گئے تھے شیعوں نے اس غائب امام کے بارے میں ایسے من گھڑت واقعات منسوب کیے۔ جن سے دفتر بھر جاتا ہے

marfat.com

Marfat.com

جنہیں پڑھ کر ایک عام ذہن کا آدمی بھی جان لیتا ہے۔ کہ یہ من گھڑت واقعات ہیں۔ اور انہیں کمال چالاکی سے اہل بیت کی مقدس ہستیوں کی طرف منسوب کیا گیا ہے امام مہدی فرضی کے بارے میں چند باتیں عقائد جعفریہ کی ملاحظہ ہوں۔

۱- حضرت علی المرتضیٰ رض کا قول ہے۔ کہ امام مہدی کی غیبت چھ دن یا چھ ماہ یا چھ سال ہے۔ (اصول کافی جلد اول ص ۳۳۸ کتاب الحجۃ باب فی الغیبۃ مطبوعہ تہران طبع جدید)

۲- امام باقر فرماتے ہیں۔ کہ امام مہدی کا ظہور سنہ ۷۰ھ میں ہونا تھا لیکن قتل حسین کی وجہ سے اللہ تعالیٰ غضبناک ہو گیا۔ اور امام مہدی کا ظہور سنہ ۱۴۰ھ تک موخر کر دیا۔ (اصول کافی جلد اول ص ۳۶۸ کتاب الحجۃ باب کراہیۃ التوقیت مطبوعہ تہران طبع جدید) یہ بھی جب صحیح نہ نکلا تو امام باقر نے فرمایا۔ کہ امام مہدی کے ظہور کا وقت نفس زکیہ کے قتل کے اور امام مہدی کے ظہور کے درمیان پندرہ دن سے زیادہ فیصلہ نہیں ہو گا۔ کشف الغمہ جلد دوم ص ۴۶۰ فی علامات قیام القائم مطبوعہ تبریز طبع جدید۔ اور نفس زکیہ سنہ ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

ان تینوں باتوں کو بار بار پڑھیں۔ نہ حضرت علی المرتضیٰ کی بات سچی نکلی۔ نہ امام باقر کے وعدے سچے ثابت ہوئے۔ کہتے ہیں کہ جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے یہی کہاوت امام مہدی کے بارے میں نظر آ رہی ہے۔ ذرا غور فرمائیں۔ امام حسن عسکری کا انتقال سنہ ۲۶۰ھ میں اور امام مہدی کا تولد سنہ ۲۵۵ھ میں تاریخ ائمہ کے اندر موجود ہے اس مہدی کے بارے میں امام باقر نے کہا کہ سنہ ۷۰ھ میں اس کا ظہور ہو گا۔ پیدائش سنہ ۲۵۵ھ میں ہو گی۔ اور غار سے امام مہدی سنہ ۷۰ ہجری میں نکلے گا۔ اور یہ کہا کس نے؟ امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔ وہی امام باقر رضی اللہ عنہ جو بارہ اماموں میں سے پانچویں امام ہیں۔ اور امام کی پہچان یہ کہ وہ کبھی جھوٹ نہیں بولتا۔ بلکہ اللہ کے حکم سے

marfat.com
Marfat.com

ہوتا ہے۔ خدا کا خوف کیوں نہیں آتا۔ اپنے ہی اماموں کی غلط باتوں سے جگ ہنسائی کرتے ہوئے شرم نہیں آتی۔ خود شیعہ تسلیم کرتے ہیں۔ کہ امام حسن عسکری کا کوئی بیٹا نہ تھا۔ چنانچہ اصول کافی جلد اول ص ۵۰۵، اعلام الوریٰ اور ارشاد شیخ مفید وغیرہ میں یہ واقعہ مذکور ہے۔ کہ جب امام حسن عسکری کا انتقال ہوا۔ تو اس وقت کے خلیفہ عباسی نے حکم دیا۔ کہ امام حسن عسکری کی اولاد کی خوب تحقیق کرو۔ اگر ان کا کوئی بیٹا ثابت ہو جائے۔ تو اسے میراث دی جائے۔ ایسا نہ ہو۔ کہ ساری کی ساری میراث ان کی والدہ اور ان کے بھائی لے جائیں۔ چنانچہ تفتیش بسیار کے بعد یہی رپورٹ دی گئی کہ حسن عسکری کا کوئی لڑکا نہیں ہے۔ بلکہ ان کی لونڈی جو امید سے تھی۔ اس پر نظر رکھی گئی کہ کیا جنتی ہے۔ مگر اس کے بطن سے بھی کوئی لڑکا پیدا نہ ہوا۔ خود امام حسن عسکری کی والدہ نے خلیفہ کو بیان دیا۔ کہ میرے فوت شدہ لڑکے کی کوئی نرینہ اولاد نہیں ہے اس پر ایک حوالہ ملاحظہ فرمائیں۔

## فرق الشیعہ :۔

قَالَتِ الْفِرْقَةُ الثَّامِنَةُ اَنَّهُ لَا وَلَدَ لِلْحَسَنِ اَصْلًا لِاَنْ قَدِ امْتُحِنَ ذَالِكَ وَطَلَبْنَاهُ بِكُلِّ وَجْهٍ فَلَمْ نَجِدْهُ وَلَوْ جَازَ لَنَا اَنْ نَقُوْلَ فِيْ مِثْلِ الْحَسَنِ وَقَدْ تُوُفِّيَ وَلَا وَلَدَ لَهُ اَنَّ لَهُ وَلَدًا خَفِيًّا لَجَازَ مِثْلُ هٰذَا الدَّعْوٰى فِيْ كُلِّ مَيِّتٍ عَنْ غَيْرِ خَلَفٍ وَلَجَازَ مِثْلُ ذَالِكَ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقَالَ خَلَفَ اِبْنًا نَبِيًّا رَسُوْلًا۔ (فرق الشیعہ ص ۱۰۳، الفرقۃ الثامنۃ مطبوعہ حیدریہ ۱۳۵۵ھ)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:** شیعوں کا آٹھواں فرقہ کہتا ہے۔ کہ امام حسن عسکری کا بالکل کوئی صاحبزادہ نہ تھا۔ کیونکہ اس بارے میں خوب چھان بین اور تحقیق کی گئی لیکن کوئی ثبوت نہ ملا۔ اور اگر ہمارے لیے یہ کہنا جائز ہو۔ کہ امام حسن عسکری کا ایک فرزند تھا۔ جو ان کے انتقال کے بعد چھپ گیا تھا۔ تو پھر ایسا دعویٰ ہر مرنے والے کے بارے میں کیا جانا درست ہوگا۔ جو لاولد مرا۔ اور اسی قول کی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کہنا بھی درست ہوگا کہ آپ نے بھی ایک چھپا ہوا بیٹا چھوڑا۔ جو نبی اور رسول تھا۔

قارئین کرام! امام مہدی کی فرضی حکایات آپ نے بھی ملاحظہ فرمائیں۔ جب شیعوں کا امام مہدی ہی فرضی ہے۔ تو اس کے آنے، چھپنے اور ظاہر ہونے کے تمام واقعات کیا حقیقت رکھتے ہیں۔ یہی فرضی امام ہے۔ کہ جسے جامی نے بھی حسن عسکری کا صاحبزادہ بتایا۔ اور ان کی بچپن کی زبان سے از روئے کرامت ایک آیت سنائی جو سورہ قصص پارہ نمبر۲۰ کی پانچویں آیت ہے۔ اس سے ثابت یہ کرنا مقصود ہے۔ کہ امام حسن عسکری نے اپنے چھوٹے سے بیٹے کو ایسی عمر میں بولنے کو کہا۔ جس میں بولا نہیں جا سکتا۔ ایسا اس لیے کیا گیا۔ کہ حسن عسکری اپنی پھوپھی حکیمہ کو بتانا چاہتے ہیں۔ کہ یہ بچہ صاحبِ امر اور امام وقت ہوگا۔ دوسری یہ بات بتلانا چاہتے تھے۔ کہ ہم سب امام از ظاہری حکومت کے بغیر کمزوروں کی سی زندگی بسر کر گئے۔ لیکن یہ بچہ صاحب حکومت ہوگا۔ اور پوری دنیا اس کے زیر تسلط ہوگی۔ پھر امام حسن عسکری مزید تسلی دیتے ہوئے پھوپھی کو کہتے ہیں۔ کہ ابھی جبرئیل امین اور رحمت کے فرشتے سبز رنگ کے پرندوں کی صورت میں آئے تھے۔ میں نے انہیں اس بیٹے کی حفاظت کا حکم دے دیا ہے۔ اور یہی کچھ جامی کے پیش نظر بھی ہے۔ ورنہ حقیقت میں آیت مذکورہ فرعون کے ظلم میں پسنے والوں کے لیے آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سے وعدہ فرما رہا ہے۔ کہ

marfat.com

Marfat.com

آج تم مظلوم ہو لیکن ایک وقت آئے گا۔ کہ تم صاحبِ حکومت ہو گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ایسے من گھڑت واقعات وحکایات کے سلسلہ میں ملا علی قاری حنفی نے جو تردید کی۔ ہم اس کی چند سطور ہدیہ ناظرین کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہوں۔

**مرقات:**

وَكَذَا الْمُعْتَقِدُ الطَّائِفَةُ الشِّيْعَةُ مِنَ الْإِمَامِيَّةِ أَنَّ الْمَهْدِيَّ الْمَوْعُوْدَ وَهُوَ مُحَمَّدُ بْنُ حَسَنِ عَسْكَرِيْ كَأَنَّهُ لَمْ يَمُتْ بَلْ هُوَ مُخْتَفٍ عَنْ أَعْيُنِ النَّاسِ مِنَ الْعَوَامِ وَالْأَعْيَانِ وَأَنَّهُ إِمَامُ الزَّمَانِ وَأَنَّهُ سَيَظْهَرُ فِيْ وَقْتِهِ وَيَحْكُمُ فِيْ دَوْلَتِهِ وَهُوَ مَرْدُوْدٌ عِنْدَ أَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَالْأَدِلَّةُ مُسْتَوْفَاةٌ فِيْ كُتُبِ الْكَلَامِ الخ...... ثُمَّ جَلَسَ عَلَى الْعَرِيْكَةِ الْقُطْبِيَّةِ بَعْدَ أَنْ تَوَفَّا اللّٰهُ عَلِيَّ بْنَ الْحَسَنِ الْبَغْدَادِيْ الْقُطْبَ إِلَيْهِ وَأَنَّهُ دُفِنَ فِيْ بَغْدَادَ فِي الشُّوْنِيْزِ بِرُوْحٍ وَرَيْحَانٍ وَبَقِيَ فِيْ مَرْتَبَةِ الْقُطْبِيَّةِ تِسْعَ عَشَرَ سَنَةً ثُمَّ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ إِلَيْهِ بِرُوْحٍ وَرَيْحَانٍ انتہٰی۔ وَقَدْ نَقَلَ مَوْلَانَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ جَامِيْ هٰذَا عَنْهُ فِيْ بَعْضِ كُتُبِهِ وَاعْتَمَدَ عَلَيْهِ فِيْ اعْتِقَادِهِ لٰكِنْ لَا يَخْفٰى أَنَّ الشَّيْخَ عَلَاءُ الدَّوْلَةِ ظَهَرَ بَعْدَ مُحَمَّدِ بْنِ حَسَنِ الْعَسْكَرِيِّ بِزَمَانٍ

marfat.com
Marfat.com

كَثِيْرٍ وَلَمْ يُسْنَدْ هٰذَا الْقَوْلُ إِلٰى مَنْ كَانَ فِيْ ذٰالِكَ الْوَقْتِ وَالظَّاهِرُ أَنَّهُ يَدَّعِيْ هٰذَا مِنْ طَرِيْقِ الْكَشْفِ وَكَذَا لَا يُمْكِنُ مِنْ غَيْرِهٖ أَيْضًا إِلَّا كَذٰالِكَ وَلَا يَخْفٰى أَنَّ مَبْنَى الْإِعْتِقَادِ لَا يَكُوْنَ إِلَّا عَلَى الْأَدِلَّةِ الْيَقِيْنِيَّةِ وَمِثْلُ هٰذَا الْمَعْنَى الَّذِيْ أَسَاسَهُ عَلٰى ذٰالِكَ الْمَبْنٰى لَا يَصْلُحُ أَنْ يَكُوْنَ مِنَ الْأَدِلَّةِ الظَّنِّيَّةِ وَلِذَا لَمْ يُعْتَبَرْ أَحَدٌ مِنَ الْفُقَهَاءِ جَوَازُ الْعَمَلِ فِي الْفُرُوْعِ الْفِقْهِيَّةِ بِمَا يَظْهَرُ الصُّوْفِيَّةُ مِنَ الْأُمُوْرِ الْكَشْفِيَّةِ أَوْ مِنَ الْحَالَاتِ الْمَنَامِيَّةِ وَلَوْ كَانَتْ مَنْسُوْبَةً إِلَى الْحَضْرَةِ النَّبَوِيَّةِ عَلٰى صَاحِبِهَا أَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَأَكْمَلُ التَّحِيَّةِ لٰكِنَّ الْأَحَادِيْثَ الْوَارِدَةَ فِيْ أَحْوَالِ الْمَهْدِيِّ مِمَّا جَمَعَهُ السُّيُوْطِيُّ رحمہ اللہ وَغَيْرُهٗ تَرُدُّ عَلَى الشِّيْعَةِ فِيْ اعْتِقَادَاتِهِمُ الْفَاسِدَةِ وَآرَائِهِمُ الْكَاسِدَةِ بَلْ جَعَلُوْا تَمَامَ إِيْمَانِهِمْ وَبِنَاءَ إِسْلَامِهِمْ وَإِنْ كَانَ أَحْكَامِهِمْ بِأَنَّ محمد بن حسن العسکری هُوَ الْحَيُّ الْقَائِمُ الْمُنْتَظَرُ وَهُوَ الْمَهْدِيُّ الْمَوْعُوْدُ عَلٰى لِسَانِ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ۔ (مرقات شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری المتوفی ۱۰۱۴ھ جلد ۱۰)

marfat.com
Marfat.com

ص۹۷۱۔۱۸۰ باب اشتراط الساعۃ فصل ثانی مطبوعہ

مکتبہ امدادیہ ملتان)

ترجمہ:

یونہی امامیہ شیعوں کا ایک گروہ یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ جس امام مہدی کے بارے میں احادیث نبویہ میں قرب قیامت آنے کا وعدہ ہے وہ امام حسن عسکری کا بیٹا محمد ہے۔ وہ پیدا ہونے کے بعد مرا نہیں بلکہ عوام و خواص کی آنکھوں سے چھپا ہوا ہے۔ اور وہی امام الزمان ہے۔ عنقریب اپنے وقت پر ظاہر ہوگا۔ اور اپنی بادشاہت میں حکومت کرے گا لیکن یہ اہل سنت کے نزدیک مردود ہے اس بارے میں دلائل دیکھنا ہوں تو علم عقائد کی کتب میں موجود ہیں۔...

(عروۃ الوثقیٰ میں شیخ علاؤ الدولہ سمنانی نے تصریح کی محمد بن حسن عسکری چھپ گیا۔ تو پہلے ابدال کے دائرہ میں داخل ہوا جب پھر اسی منصب پر رہا۔ حتیٰ کہ کوئی ابدال باقی نہ رہا۔ پھر ابطال یعنی چالیس آدمیوں کے دائرہ میں داخل ہوا۔ یہاں تک اس کے سوا باقی سب انتقال کر گئے۔ تو یہ سید الابطال ہوگیا۔ پھر سات سیاحوں کے دائرہ میں داخل ہوا۔ ان میں سے سب کے انتقال کے بعد سید السیاح کہلایا۔ پھر اوتاد کے دائرہ میں داخل ہوا۔ جو پانچ افراد پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان کے انتقال کے بعد یہ باقی بچا رہا اور سید الاوتاد کہلایا۔ پھر تین اشخاص جو افراز کہلاتے ہیں۔ ان میں داخل ہوا۔ جب اس کے سوا باقی دونوں انتقال کر گئے۔ تو یہ سید الافراز کہلایا) پھر قطبیت کی کرسی پر بیٹھا۔ جب اللہ تعالیٰ نے علی بن حسن بغدادی

marfat.com

Marfat.com

کو فوت کر دیا۔ جو اپنے وقت کا قطب تھا۔ انہیں بغداد میں شونیز مقام پر دفن کیا گیا۔ اور یہ مقام قطبیت پر باقی رہا۔ انیس سال تک اسی منصب پر فائز رہنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اسے فوت کر دیا۔ مولنا عبدالرحمن جامی نے اس واقعہ کو "عروۃ الوثقیٰ" سے اپنی کسی تصنیف میں ذکر کیا ہے۔ اور اپنے اعتقاد کے لیے اس کو معتمد جانا لیکن مخفی نہ رہے کہ شیخ علاؤ الدولہ سمنانی، محمد بن عسکری کے کافی عرصہ بعد پیدا ہوئے۔ انہوں نے اپنے اس قول کا اسناد اس دور کے کسی شخص کی طرف بھی نہیں کیا۔ ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ انہوں نے یہ دعویٰ از روئے کشف کیا ہوگا۔ یونہی کوئی دوسرا اگر اسے روایت کرتا ہے۔ تو وہ بھی اسی طریقہ سے ہی ہوگا۔ اور یہ امر بالکل واضح ہے۔ کہ عقائد کا دارومدار دلائل یقینیہ پر ہوتا ہے۔ اور یہ بات جو کشف کی بنیاد پر رکھی گئی۔ یہ دلائل ظنیہ بھی بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ اسی لیے کسی مجتہد اور فقیہ نے فقہی فروعات میں ان پر عمل کرنا معتبر قرار نہ دیا۔ جو صوفیاء کرام پر کشف یا خواب میں ظاہر ہوتی ہیں۔ اگرچہ وہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہی منسوب کیوں نہ ہوں لیکن وہ احادیث جو امام مہدی کے بارے میں وارد ہیں۔ جنہیں علامہ السیوطی وغیرہ نے جمع فرمایا۔ وہ ان شیعوں کے فاسد عقائد اور جھوٹی آراء کی تردید کرتی ہیں۔ بلکہ ان شیعوں نے تو اپنے ایمان کا کمال، اپنے اسلام کی بنیاد اور اپنے احکام کا رکن اس بات کو قرار دیا۔ کہ محمد بن عسکری وہ زندہ ہے۔ قائم ہے۔ منتظر ہے۔ اور وہ مہدی موعود ہے۔ کہ جس کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آنے کی خوشخبری دی ہے۔

marfat.com

Marfat.com

## تبصرہ:-

جناب ملا علی قاری نے شیعوں کے اس عقیدہ کی تردید کی۔ جو عقیدہ وہ مہدی موعود کے بارے میں رکھتے ہیں۔ امام حسن عسکری کے بیٹے کو مدار ایمان، بنائے احکام اور اعمال کی اصل قرار دینا بالکل غلط ہے۔ کیونکہ ہر عقیدہ کی بنیاد دلائل یقینیہ پر ہوتی ہے اور شیعوں کا مذکورہ عقیدہ دلائل یقینیہ تو دور کی بات ہے۔ دلائل ظنیہ سے بھی ثابت نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اس کا مدار محض خواب اور کشف پر ہے۔ جو کسی عقیدہ کی بنیاد نہیں بن سکتے۔ امام حسن عسکری کے بیٹے ہونے اور اس کے بارے میں مختلف مراتب کی گفتگو علاؤ الدولہ سمنانی نے کی۔ اسی کو جامی نے "شواہد النبوۃ" میں نقل کر دیا لیکن جس طرح ملا علی قاری نے اس واقعہ کی تردید بھی لکھی۔ جامی کا قلم اس سے خاموش رہا۔ ان کی خاموشی اس طرف اشارہ کرتی ہے۔ کہ ان کا عقیدہ بھی یہی ہے۔ اور علاؤ الدولہ کی تحریر کے مطابق جامی بھی اسے من وعن تسلیم کر رہے ہیں۔

یاد رہے۔ کہ ملا علی قاری نے علاؤ الدولہ کے مذکورہ عقیدہ کی تردید کی لیکن خود علاؤ الدولہ کی شخصیت پر انہوں نے کچھ نہ لکھا۔ کہ وہ مسلک کے اعتبار سے کون تھا؟ صاحب عروۃ الوثقیٰ علاؤ الدولہ سمنانی کون ہے؟ حوالہ ملاحظہ ہو۔

## الذریعہ الی تصانیف الشیعہ:

شیخ بزرگ آقائے طہرانی صاحب الذریعہ لکھتے ہیں۔ العروۃ الوثقی لِشَیْخِ الطَّرِیْقَةِ احمد بن محمد علاؤ الدولۃ السمنانی ...... یُوْجَدُ فِی (الرضویہ وَعَدَّہٗ فِی المجالس مِنْ عُرَفَاءِ الشِّیْعَةِ۔ (الذریعہ الی تصانیف الشیعہ جلد ۱۵ ص ۲۵۱ مطبوعہ بیروت)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

صاحب ذریعہ آقائے طہرانی لکھتے ہیں۔ کہ عروۃ الوثقیٰ کے مصنف احمد بن محمد علاؤ الدولہ سمنانی ہیں۔ ان کا تذکرہ "رضویہ" نامی کتاب میں موجود ہے اور مجالس میں اس کے مصنف کو ایسے شیعوں میں شمار کیا گیا ہے جو معتدل تھے۔

**نوٹ:**

مولانا جامی کی "شواہد النبوۃ" میں اکثر و بیشتر واقعات و حکایات ایسی ہیں۔ جن کے راوی شیعہ اور جن کا ماخذ کتب شیعہ ہیں۔ ان کی نہ کوئی سند ذکر کی گئی اور نہ ہی اور کوئی ذریعہ ثبوت مہیا کیا گیا شیعہ مسلک کی بنیاد جن چار اشخاص پر ہے۔ ان میں سے ایک "ابو بصیر" بھی ہے۔ جس کے بارے میں شیعوں کا کہنا ہے کہ اگر یہ نہ ہوتا تو آثار نبوت مٹ جاتے۔ جامی نے اس شخص کے واسطہ سے بہت سی روایات کو اپنی کتاب میں جگہ دی۔ جس سے ان کی عقیدت کا پتہ چلتا ہے۔ مذکورہ چار کے ٹولے کا مقام ایک شیعہ کتاب سے سنیئے۔

**رجال کشی:**

عن جمیل بن دراج۔ قال سمعت اباعبداللہ بَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ بِالْجَنَّةِ۔ برید بن معاویۃ العجلی وابا بصیر اللیث بن البختری المرادی ومحمد بن مسلم وزرارہ اربعۃ نُجَبَاءُ اُمَنَاءُ اللہ عَلٰی حَلَالِہٖ وَحَرَامِہٖ لَوْلَا هٰؤُلَاءِ انْقَطَعَتْ اٰثَارُ النُّبُوَّةِ وَانْدَرَسَتْ۔

(رجال کشی ص ۱۵۲ حالات ابو بصیر مطبوعہ کربلا۔)

marfat.com
Marfat.com

ایک باغ سے گزرا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ باغ کتنا خوبصورت ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے علی! تیرے لیے بہشت میں اس سے کہیں بہتر ہوگا۔ اسی طرح ہمارا سات باغوں پر سے گزر ہوا۔ ہر باغ سے گزرتے وقت میں نے اس کی تعریف کی۔ اور ہر مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جنت میں تمہارے لیے اس سے بہتر ہوگا۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز بلند فرمائی۔ اور رونا شروع کر دیا۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! آپ کو کس بات نے رلایا؟ آپ نے فرمایا۔ کہ وہ بغض و حسد جو تمہارے متعلق لوگوں کے سینوں میں ہے۔ اور اسے میرے وصال کے بعد ظاہر کریں گے۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! کیا وہ سلامتی کے ساتھ اس دنیا سے جائیں گے؟ فرمایا، ہاں سلامتیٔ دین کے ساتھ جائیں گے۔

## توضیح :-

جامی کے منقولہ واقعہ کا اول و آخر متخالف ہے۔ کیونکہ ابتداء میں یہ ذکر کیا گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایسے لوگوں (صحابہ خصوصاً خلفاء) کے طرز عمل سے رنجیدہ ہوئے جو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے دلی بغض رکھتے ہیں۔ یہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں موجود تھے۔ تبھی آپ نے فرمایا۔ کہ میرے بعد ان کا دلی بغض ظاہر ہوگا۔ اسی رنجیدہ دلی کی وجہ سے آپ بلند آواز سے رونا شروع ہو گئے۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچی اور آپ کو اذیت پہنچانے والے قرآنی فیصلہ کے مطابق۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَھُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا۔ جو لوگ

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ:

جمیل بن دراج کہتا ہے۔ کہ میں نے ابو عبداللہ امام جعفر سے سُنا۔ فرمایا مخبتین کو جنت کی بشارت دے دو۔ برید بن معاویہ عجلی۔ ابو بصیر لیث بختری مرادی۔ محمد بن مسلم۔ زرارۃ۔ یہ چار نجیب اللہ تعالیٰ کے حلال وحرام پر اس کے امین ہیں۔ اگر یہ نہ ہوتے تو نبوت کے آثار منقطع ہو چکے ہوتے۔ اور مٹ گئے ہوتے۔

## عبارت ہفتم از شواہد النبوۃ:-

واز آں جملہ آنست کہ امیر المومنین رضی اللہ عنہ گفتہ است کہ با رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحدیقہ بگذشتم گفتم یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چہ خوش است ایں حدیقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گفت مر ترا در بہشت بہتر ازیں خواہد بود۔ وہم چنیں ہر ہفت حدیقہ بگذشتیم در ہمہ گفتم کہ خوب است ایں حدیقہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گفت مر ترا در بہشت خوبتر ازیں خواہد بود بعد ازاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آواز برداشت و آغاز گریہ کرد گفتم یا رسول اللہ چہ می گریاند ترا۔ گفت کینہ ہائے کہ در قومی است از تو کہ آں را ظاہر می کنند بعد از من گفتم یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسلامت گزرند گفت بسلامت دین۔

(شواہد النبوۃ فارسی ص ۱۴۲ تا ۲۴۳ قسم ثانی در رکن خامس مطبوعہ نولکشور لکھنؤ)

ترجمہ: ان تمام واقعات میں سے ایک یہ بھی ہے۔ کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

marfat.com
Marfat.com

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچاتے ہیں۔ ان پر اللہ کی لعنت دنیا اور آخرت میں اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ دنیا و آخرت میں ملعون اور جہنمی ہیں لیکن اسی واقعہ کے آخری حصہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جب علی المرتضیٰ رض نے ان بغض و حسد کرنے والوں کے انجام کے بارے میں پوچھا۔ تو آپ نے فرمایا سلامتی دین کے ساتھ دنیا سے جائیں گے۔ یہ حصہ ان کے جنتی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے۔ کہ باہم متخالف واقعہ کن لوگوں پر منطبق ہوتا ہے۔ تو صاف ظاہر کہ یہ لوگ اس وقت موجود تھے۔ یعنی خلفاء ثلاثہ، امیر معاویہ، طلحہ، زبیر اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم وغیرہ۔ شیعہ لوگ بھی ان حضرات کے بارے میں یہی کچھ کہتے ہیں۔ یہی روایت وہ بھی اپنی کتب میں نقل کرتے ہیں۔ اور اس سے ان کا مطلب یہی ہوتا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش گوئی کے مطابق یہ لوگ معاذ اللہ جہنمی ہیں۔ روایت کا آخری جملہ جامی نے نہ جانے کیونکر نقل کر دیا۔ حالانکہ یہ جملہ ابتدائی حصہ کے خلاف ہے۔ اسی اختلاف کی وجہ سے شیعہ کتب میں اس روایت کے آخر میں مذکورہ حصہ نہیں ملتا۔ اس سے جامی کے تقیہ کا پتہ چلتا ہے۔ کیونکہ جامی کی ان عبارات کو شیعہ علماء نے تقیہ پر محمول کیا ہے۔ جن میں حضرات، خلفائے ثلاثہ اور دیگر صحابہ کے فضائل مذکور ہیں۔ ان میں ایک جملہ یہ بھی بطور تقیہ لکھ دیا ہو۔ ہم انشاء اللہ اس بحث کے آخر میں چند ایسے حوالہ جات کتب شیعہ سے نقل کریں گے۔ جو جامی کی نظریاتی حیثیت کو متعین کرنے میں بہت ممد و معاون ثابت ہوں گے۔ بہرحال جامی نے اس بے سند اور بے اصل روایت کو نقل کیا۔ جو دراصل شیعوں کی روایت تھی۔ نہ معلوم اس سے جامی کیا فائدہ اٹھانے چاہتے تھے۔ ؟ ایسی روایت جس کی زد میں خلفائے ثلاثہ اور جلیل القدر صحابہ کرام آتے ہوں۔ اسے ذکر کرنا سنی قطعاً سوچ بھی نہیں سکتا۔ یہ روایت بے سند اور بے اصل

marfat.com

Marfat.com

ہونے کی وجہ سے من گھڑت ہے۔

## عبارت ہشتم از شواہد النبوۃ:

# امیر معاویہ کا امام حسن رضی اللہ عنہ کی زوجہ کے ذریعہ ان کو زہر پلوانا

## شواہد النبوۃ:

آوردہ اند کہ وے را زہر دادند و در وقت وفات وے امیر المؤمنین حسین رضی اللہ عنہ بر سر بالین وے بود فرمود کہ برادر من گمان می برم کہ ترا زہر دادہ است گفت برائے آں می پرسی کہ وے را بکشی گفت آرے فرمود کہ اگر آں کس باشد کہ من گمان می برم پاس و نکال خدائے تعالیٰ از ہمہ سخت است و اگر نباشد دوست نمیدارم کہ بے گناہ را برائے من بکشند و مشہور آنست کہ وے را خاتون وے جعدہ زہر دادہ است بفرمود معاویہ وفات وے در اول ربیع الاول بودہ است سن خمسین من الہجرۃ۔

(شواہد النبوۃ فارسی ص ۲۰۷ رکن سادس مطبوعہ نولکشور لکھنؤ۔)

**ترجمہ:** بیان کرتے ہیں۔ کہ امام حسن کو زہر دیا گیا۔ ان کی وفات کے وقت امام حسین رضی اللہ عنہ ان کے سرہانے تشریف فرما تھے۔ پوچھا بھائی جان! میرا گمان ہے۔ کہ آپ کو زہر دیا گیا ہے؟ فرمایا! اس

marfat.com
Marfat.com

لیے پوچھتے ہو کہ زہر دینے والے کو مار ڈالو؟ کہا۔ ہاں اسی لیے۔ فرمایا اگر مجھے زہر دینے والا وہ ہے۔ جس کے بارے میں میرا گمان ہے تو اللہ تعالیٰ کی پکڑ اور سزا تمام سے بڑھ کر ہے۔ اور اگر وہ نہیں۔ تو میں پسند نہیں کرتا کہ کسی بے قصور کو میری خاطر لوگ قتل کر دیں۔ اور مشہور یہ ہے۔ کہ امام حسن کو ان کی بیوی جعدہ نامی نے زہر دیا تھا۔ اور اس کا حکم اسے امیر معاویہ نے دیا تھا۔ امام حسن کی وفات پچاس ہجری ماہ ربیع الاول کے ابتدائی دنوں میں ہوئی تھی۔

## تبصرہ:-

جامی کی منقولہ عبارت من وعن وہی ہے۔ جو شیعہ ہم پر بطور اعتراض پیش کرتے ہیں۔ اس کا تفصیلی جواب اور حقیقت حال میں نے تحفہ جعفریہ جلد پنجم میں دے دیا ہے۔ وہاں مطالعہ کر لیجئے۔ یہاں اس عبارت کو اس لیے نقل کیا گیا۔ تاکہ قارئین کو بتایا جا سکے۔ کہ جامی نے شیعیت کے حق میں کیسی کیسی من گھڑت روایات و حکایات درج کیں۔ واقعہ مذکورہ میں امام حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے زہر دینے والے کے بارے میں حتمی اور یقینی علم نہیں۔ اور نہ ہی آپ نے شک کے طور پر کسی کا نام لیا۔ جس کی بنا پر آپ کے گھر کے افراد کو بھی کچھ علم نہ ہو سکا۔ ایسے بے سر و پا واقعہ کو جامی کا یوں بیان کرنا کہ "مشہور یہ ہے کہ زہر ان کی بیوی نے امیر معاویہؓ کے حکم سے دیا تھا"۔ یہ شہرت صحیح ہے یا جھوٹی؟ سب کہیں گے کہ من گھڑت اور غلط ہے۔ دوسری بات اس سے یہ بھی ثابت ہوئی۔ کہ امیر معاویہ کو امام حسن اور دیگر اہل بیت سے سخت دشمنی تھی۔ دشمنِ اہل بیت کے متعلق میں اس سے قبل کئی مرتبہ اپنے شیخ اور مرشد روحانی پیر گیلانی کا واقعہ ذکر کر چکا ہوں بطور اختصار یہ ہے۔ کہ آپ نے فرمایا۔ مجھ سے امیر معاویہ کے بارے میں کچھ نازیبا کلمات نکل

marfat.com
Marfat.com

گئے۔ رات کے وقت خواب میں حضرت علی المرتضیٰ اور امیر معاویہ کی زیارت ہوئی دونوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں تشریف لائے۔ علی المرتضیٰ فرمانے لگے۔ معاویہ سے جھگڑا میرا ہوا تھا یا تیرا؟ تم ہمارے بارے میں دخل اندازی کیوں کرتے ہو؟ جامی نے جو زہر دینے کی نسبت اور وہ بھی مشہور طریقے سے حضرت امیر معاویہ کی طرف کی جس سے یہی ثابت کرنا تھا۔ کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خاندان اہل بیت سے محبت کی بجائے دشمنی تھی۔ اور امام حسن کے قاتل امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ہی تھے۔ اس سے بڑھ کر شیعہ نوازی اور ان کی طرفداری کیا ہو سکتی ہے۔ فاعتبروا یااولی الابصار)

## جب تک کلیجہ کھانے والی کا بیٹا میرے سر سے نہیں کھیلے گا اس وقت تک میں دنیا سے رخصت نہ ہونگا۔ (علی المرتضیٰ)

## عبارت نہم از شواہد النبوۃ:

وازاں جملہ آنست کہ روزے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ گفت چگونہ تواں کرد کہ عاقبت کار خود را بدانیم حاضران مجلس گفتند کہ ما طریق دانستن ایں را نمی دانیم گفت آں را من از علی معلوم توانم کرد کہ ہرچہ بر زبان وے گذرد حق آں بود سہ تن از معتمدان خود را طلبید و گفت با یکدیگر بروید تا یک مرحلہ از کوفہ و از آنجا ہر یک بعد از دیگرے بکوفہ درآئید و خبر

marfat.com
Marfat.com

مرگ مرا باز گوئید ولیکن می باید کہ ہمہ با یکدیگر متفق باشند در خبر بیماری روز مرگ و
وساعت آں وموضع قبر و گزارندہ نماز و غیر آں بستہ تن چنانکہ امیر معاویہ
گفتہ بود رواں شدند چوں نزدیک کوفہ رسیدند یکے روز اول در آمد
اہل کوفہ از وے پرسیدند کہ از کجا می رسی گفت از شام گفتند خبر چیست
گفت معاویہ وفات یافت پیش حضرت امیر کرم اللہ وجہہ بردند و آں
خبر را باز گفتند باں التفات ننمود و بعد ازاں روز دیگر دیگرے آمد و
وے نیز خبر وفات معاویہ گفت با امیر بگفتن آں ہیچ نگفت روز
سوم دیگرے آمد و وے نیز موافق ایشاں گفت با امیر رضی اللہ عنہ گفتند
کہ ایں خبر تحقیق شد و بصحت پیوست امروز کسے دیگر آمد و موافق آں
دو کس نخستین خبر وفات معاویہ باز گفت امیر رضی اللہ عنہ فرمود کہ کلا
وے نمیرد و مادام کہ ایں و اشارت بریش خود کرد ازیں و اشارت
سر خود کرد خضاب کردہ نشود و رنگین نگردد و ابن آکلۃ الاکباد بایں
ملاعبہ نکرد۔ آں سہ تن ایں خبر را بمعاویہ بردند۔

(شواہد النبوۃ فارسی ص ۱۶۹ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ)

**ترجمہ:**

ایک روز حضرت امیر معاویہؓ کہنے لگے ،
حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت علیؓ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم بالآخر اپنی عاقبت سے
آگاہ ہو جائیں۔ حاضرین مجلس نے کہا: ہم تو ایسے کسی طریقے سے آشنا نہیں۔ حضرت امیر معاویہؓ
نے کہا، میں اس طریقہ کو علیؓ سے معلوم کر سکتا ہوں کیونکہ وہ جو بھی کہیں سچ ثابت ہوتا ہے
چنانچہ امیر معاویہؓ نے تین با اعتبار اشخاص کو بلایا اور انہیں ہدایت کی کہ وہ ایک دوسرے
کے بعد اکیلے کوفہ جائیں اور میری موت کی خبر مشہور کر دیں۔ لیکن یہ امر ضروری ہے کہ تم

marfat.com
Marfat.com

بیری بیاری، ایام وفات، وقت اجل، جگہ، قبر اور نماز جنازہ پڑھانے والے کے تذکرہ میں باہم متفق رہو۔ یہ شخص گروہ روانہ ہوئے۔ کوفہ کے نزدیک پہنچے تو پہلے روز ایک آدمی کوفہ میں وارد ہوا۔ اہلِ کوفہ نے پوچھا: کہاں سے آتے ہو؟

کہنے لگا: شام سے۔

انہوں نے پوچھا: وہاں کے احوال و واقعات کیا ہیں؟

اس نے کہا، امیر معاویہؓ وفات پا گئے ہیں۔

اہلِ کوفہ نے جناب امیر علیہ السلام (علیؓ) کے پاس آکر امیر معاویہؓ کی وفات کی خبر سنائی لیکن آپ نے اس طرف توجہ نہ فرمائی۔

دوسرے روز دوسرا آدمی وارد کوفہ ہوا۔ اس نے بھی امیر معاویہؓ کی وفات کی خبر سنائی۔

حضرت علیؓ نے پھر اس طرف چنداں التفات نہ فرمایا۔

تیسرے روز ایک اور آدمی آیا اور اس نے بھی اُن کی طرح امیر معاویہؓ کی وفات کی خبر دی۔ حضرت علیؓ کے متوسلین کہنے لگے کہ اب یہ خبر پایۂ تحقیق وصحت کو پہنچ چکی ہے۔ آج ایک شخص پھر آیا ہے جس نے پہلوں کی طرح امیر معاویہؓ کی وفات کی خبر دی ہے۔ حضرت علیؓ نے اپنی داڑھی مبارک اور سر جس پر خضاب لگا ہوا تھا، کی طرف اشارہ کر کے فرمایا، یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ وفات پا جائیں جب تک کہ میری داڑھی اور سر رنگین نہ ہو جائیں یا اللہ ابن آکلۃ الاکباد ان سے ملاحبت نہ کریں۔ ان تینوں نے اسی طرح حضرت امیر معاویہؓ سے اہل کوفہ کا ابقاء جا لیا۔

## تبصرہ :-

جامی کا ذکر کردہ یہ واقعہ بالکل من گھڑت اور بے اصل ہے۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا تین آدمیوں کو حضرت علی کے پاس جھوٹ بولنے کے لیے بھیجا۔ کیا کسی صحابی سے ایسے فعل کی توقع کی جا سکتی ہے؟ یہ حضرت امیر معاویہ پر بہتان ہے۔ دوسری بات یہ کہ

marfat.com
Marfat.com

حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کہ کلیجہ چبانے والی کا بچہ (معاویہ) جب تک میرے سر اور داڑھی سے نہ کھیلے گا۔ وہ مر نہیں سکتا۔ یہ ایک واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ وہ یہ کہ حضرت امیر معاویہ کی والدہ ہندہ نے حضرت امیر حمزہ کی شہادت پر ان کا کلیجہ چبایا۔ لیکن ”کلیجہ چبائی کا بیٹا“، جیسا پست لفظ اور پھر اسے حضرت علی المرتضٰے کی طرف منسوب کرنا کتنی بڑی جسارت ہے۔ علاوہ ازیں ہندہ نے یہ کام قبل از ایمان کیا تھا۔ بعد میں مشرف باسلام ہوئیں۔ تو اسلام گزشتہ دور کے گناہ مٹا دیتا ہے۔ اسلام کے بعد ان کا شمار فقہا صحابیات میں ہوتا ہے۔ ان کے فضائل و مناقب اگر تفصیل سے پڑھنے ہوں۔ تو ہماری کتاب ”دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ“، میں ملاحظہ کریں۔ قرآن کریم حضرات صحابہ کرام کو ”رحماء بینھم“ کہے۔ اور مذکورہ واقعہ انہیں آپس میں دشمن بتائے۔ تو قرآن کریم فیصلہ بہر حال قابل قبول ہے۔ اس واقعہ میں حضرت امیر معاویہ پر جھوٹ باندھا گیا۔ علی المرتضٰے کی طرف گھٹیا بات منسوب کی گئی۔ اور مشرف باسلام ہندہ کے قبل از اسلام فعل کو اچھالا گیا۔ یہ سب باتیں شیعوں کی ہیں۔ کلیجہ چبانے کے واقعہ میں حبشی نے امیر حمزہ کو شہید کیا تھا۔ یہی حبشی ہیں۔ ان کے متعلق مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ وحشی کے صحابی ہونے کی وجہ سے اویس قرنی ان کا ہم مرتبہ نہیں ہو سکتے۔ جب وحشی کا قتل کرنا اسلام لانے کی وجہ سے معاف ہو گیا۔ تو ہندہ کا فعل کیونکر باعث عار رہا۔ ان تمام باتوں کے پیش نظر جامی کی یہ حکایت ذکر کرنا کس امر کی نشاندہی کرتی ہے؟ آپ اسے بخوبی جان چکے ہیں۔

نوٹ:

”شواہد النبوۃ“، کے چند حوالہ جات کے بعد آخر میں ہم ملا جامی کے بارے میں کتب شیعہ سے ایک فیصلہ نقل کر رہے ہیں۔ تاکہ اس سے آپ کو مزید بات واضح ہو جائے۔ کہ وہ بھی انہیں اپنا کہتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

marfat.com
Marfat.com

## الکنی والالقاب :

المولی عبد الرحمن بن احمد بن محمد الدشتی الفارسی الصوفی النحوی الصرفی الشاعر الفاضل وَ يُقَالُ لَهُ الْجَامِی لِاَنَّهُ وُلِدَ بِبَلْدَةِ «جام» مِنْ بِلَادِ مَا وَرَاءِ النَّهْرِ ۸۱۷ھ وَلَهُ سَجَةُ الابرار و شواهد النبوة فی فضائل النبی صلی الله علیه وسلم والائمه......
وَ هَلْ هُوَ مِنْ عُلَمَاءِ السُّنَّةِ كَمَا هُوَ الظَّاهِرُ مِنْهُ بَلْ مِنَ الْمُتَعَصِّبِيْنَ كَمَا هُوَ الْغَالِبُ عَلٰى اَهْلِ بِلَادِ ترکستان وما وراء النهر وَلِذَا بَالَغَ فِي التَّشْنِيعِ القاضی نور الله مع مَذَاقَةِ الْوَسِيْعِ اَوْ اِنَّهُ كَانَ ظَاهِرًا مِّنَ الْمُخَالِفِيْنَ وَفِي الْبَاطِنِ مِنَ الشِّيْعَةِ الْخَالِصِيْنَ وَلَمْ يُبْرِزْ مَافِيْ قَلْبِهٖ تَقِيَّةً لِمَا يَشْهَدُ بِذَالِكَ بَعْضُ اَشْعَارِهٖ مِنْهَا مَاعَنْ سَجَةِ الابرار۔

پنجه در کن اسد اللهی را
بیخ برکن دو سه روباہی را

وَاعْتَضَدَهُ السید الرجل الامیر محمد حسین الخاتون آبادی سبط العلامه المجلسی (وَيَنْقُلُ) حِكَايَةً فِیْ ذَالِكَ مُسْنَدًا وَحَاصِلُهَا

marfat.com

Marfat.com

اَنَّ الشَّیخ علی بن عبد العالی کَانَ رَفِیقًا مَعَ الجامی فِیْ سَفَرِ زِیَارَةِ اَئِمَّةِ الْعِرَاقِ علیهم السلام وَکَانَ یَتَّقِیْهِ فَلَمَّا وَصَلُوْا اِلٰی بغداد ذَهَبَا اِلٰی سَاحِلِ الدَّجْلَةِ للتنزه فَجَاءَ درویش قلندر وَقَرَاءَ قَصِیْدَةً غَرَّاءَ فِی مَدْحِ مَوْلانا امیرالمومنین علیه السلام وَلَمَّا سَمِعَهَا الْجَامِی بَکٰی وَسَجَدَ وَبَکٰی فِیْ سُجُوْدِهٖ ثُمَّ اَعْطَاهُ جَائِزَةً ثُمَّ قَالَ فِیْ سَبَبِ ذَالِکَ اَعْلَمُ اَنِّیْ شِیْعِیٌّ مِنْ خُلَصِ الْاِمَامِیَّةِ وَلٰکِنَّ التَّقِیَّةَ وَاجِبَةٌ وَهٰذِهِ الْقَصِیْدَةُ مِنِّیْ وَاَشْکُرُ اللّٰهَ اَنَّهَا صَارَتْ بِحَیْثُ یَقْرَءُهَا الْقَارِیْ فِیْ هٰذَ الْمَکَانِ۔ ثُمَّ قَالَ الخاتون آبادی وَاَخْبَرَنِیْ بَعْضُ الثِّقَاةِ مِنَ الْاَفَاضِلِ نَقْلاً عَمَّنْ یَثِقُ بِهٖ اَنَّ کُلَّ مَنْ کَانَ فِیْ دَارِ الْجَامِی مِنَ الْخَدَمِ وَالْعِیَالِ وَالْعَشِیْرَةِ کَانُوْا عَلٰی مَذْهَبِ الْاِمَامِیَّةِ وَنَقَلُوْا عَنْهُ اَنَّهٗ کَانَ یُبَالِغُ فِی الْوَصِیَّةِ بِاِعْمَالِ التَّقِیَّةِ سِیَّمَا اِذَا اَرَادَ سَفَرًا وَاللّٰهُ الْعَالِمُ بِالسَّرَائِرِ۔

(الکنی والالقاب جلد دوم ص ۱۳۸ تا ۱۳۹ احالات الجامی مطبوعہ تہران)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ:

مولوی عبدالرحمن بن احمد بن محمد دشتی، فارسی، صوفی، نحوی، صرفی، شاعر اور فاضل تھے۔ انہیں جامی اس لیے کہا جاتا ہے۔ کہ یہ ماوراء النہر کے ایک شہر "جام" میں ۸۱۷ھ کو پیدا ہوئے۔ ان کی ایک کتاب سبحۃ الابرار اور دوسری شواہد النبوۃ ہے۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل اور ائمہ کرام کے اوصاف میں لکھی گئی ہیں...... کیا وہ سنی علماء میں سے ہیں؟ جیسا کہ ان کی ظاہری حالت بتاتی ہے۔ بلکہ وہ متعصب سنی ہیں۔ جیسا کہ ترکستانی اور ماوراء النہر کے شہروں میں مشہور ہے اسی لیے انہوں نے قاضی نوراللہ پر سخت تشنیع کی۔ حالانکہ ان کی طبیعت میں اتنی سختی نہ تھی۔ یا یہ کہ جامی بظاہر مخالفین دشمنوں میں سے اور اندر سے خالص شیعوں میں سے تھے۔ اور جو ان کے دل میں تھا۔ وہ از روئے تقیہ ظاہر نہ کیا۔ اس کی ان کے بعض اشعار گواہی دیتے ہیں ان میں سے ایک شعر سبحۃ الابرار کا یہ ہے۔ اللہ کے شیر والا پنجہ نکال اور دو تین لومڑیوں کو چیر پھاڑ دے۔ اور اس بات کو امیر سید محمد حسین خاتون آبادی کی ذکر کردہ ایک حکایت سے مضبوطی حاصل ہوتی ہے یہ محمد حسین علامہ مجلسی کے نواسے تھے۔ اس باسند حکایت کا خلاصہ یہ ہے۔ شیخ علی بن عبدالعالی ایک مرتبہ سفر میں جامی کے ہمرکاب تھے۔ جو عراق میں ائمہ کرام کی قبور کی زیارت کے لیے کیا گیا۔ وہ تقیہ کرتے تھے۔ جب یہ بغداد پہنچے۔ تو دونوں دجلہ کے ساحل کی طرف چل دیئے۔ ایک درویش قلندر آیا۔ اور اس نے ایک عمدہ قصیدہ حضرت علی المرتضٰی کی تعریف میں پڑھا۔ جب جامی نے یہ قصیدہ سنا۔ رو پڑے۔ اور سجدہ میں پڑے

marfat.com
Marfat.com

روتے رہے۔ پھر اس کو انعام دیا۔ پھر اس کے بعد کہا۔ کہ تمہیں معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ میں خالص امامی ہوں۔ لیکن تقیہ واجب ہے۔ اور یہ قصیدہ میرا لکھا ہوا ہے۔ اور میں اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہوں۔ کہ وہ قصیدہ اس مرتبہ کو اس نے پہنچایا۔ کہ اس کو اس مقام پر پڑھا گیا ہے۔ پھر خاتون آبادی نے کہا۔ مجھے بعض ثقہ فاضلوں میں سے کسی نے بتایا۔ وہ اس بات کو ثقہ لوگوں سے نقل کرتا ہے۔ وہ بات یہ کہ جامی کے گھر کے تمام افراد خادم، بال بچے اور خاندان کے لوگ مذہب امامیہ پر تھے۔ لوگوں نے اس راوی سے یہ بھی نقل کیا ہے۔ کہ جامی تقیہ کرنے کے متعلق بہت زوردار وصیت کرتے تھے۔ خاص کر جب وہ سفر کا ارادہ کرتے حقیقت حال اور دلوں کی بات کو اللہ بہتر جانتا ہے۔

## توضیح:

شیخ عباس قمی نے مذکورہ عبارت میں جامی کا سنی یا شیعہ ہونا اس پر بحث کی۔ شروع میں سنی ہونے کی یہ دلیل دی۔ کہ جامی متعصب سنی اس لیے تھا۔ کہ اس نے قاضی نور اللہ کو بُرا بھلا کہا تھا۔ اگر شیعہ ہوتا۔ تو اپنے مسلک کے ایک بزرگ کو بُرا نہ کہتا۔ اور اس کا متعصب سنی ہونا ہی ترکستان اور ماوراءالنہر کے لوگوں میں مشہور تھا۔ اور شیخ قمی نے جامی کے شیعہ ہونے کی دلیل یہ دی۔ کہ اس کے بعض اشعار اور عبارات شیعوں کے نظریات سے ملتی جلتی ہیں۔ اور جو کچھ جامی نے صحابہ کرام اور دوسرے سنیوں کی تعریف کی۔ وہ تقیہ پر محمول تھی۔ ورنہ حقیقتہً یہ امامی شیعہ تھے اس کی دلیل یہ بھی ہے۔ کہ خاتون آبادی کے سامنے خود جامی نے امامی شیعہ ہونے کا اقرار کیا۔ اور شیعہ لنگ سے سنا قصیدہ اپنا بتایا۔ تیسری دلیل یہ کہ ان کی گھر کے تمام باشندے امامی شیعہ تھے اور خود جامی تقیہ کی پرزور تبلیغ کیا کرتے تھے

marfat.com

Marfat.com

یہ باتیں سند صحیح اور معتبر سے خاتون آبادی نے ذکر کیں۔

## نوٹ :

شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی نے تحفہ اثناعشری میں لکھا ہے۔ کہ بہت سے شیعہ اپنے آپ کو سنی کہلا کر اور تصانیف لکھ کر اپنے شیعی مسلک کی تقویت کرتے رہے۔ لہٰذا ایسے سنی نما شیعوں اور ان کی کتابوں سے باخبر رہنا چاہیئے شاہ صاحب کی اس بات سے کوئی یہ نہ سمجھے۔ کہ شیخ عباس نے جامی وغیرہ کو جو شیعہ تھے۔ ان کو سنی ثابت کرتے ہوئے ان کی عبارات کو اپنے مسلک کے لیے تائید بنایا ہوتا کہ شیخ عباس قمی کی عبارات کو دھوکا پر محمول کیا جائے۔ بلکہ اس کے برعکس اس نے یہ ثابت کیا ہے۔ کہ جامی وغیرہ ہمارے شیعہ ہیں تو تقیہ کرتے ہوئے سنّی بنے رہے اس لیے شاہ صاحب کی عبارت کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیئے ——— یعنی اُس نے اپنی اس کتاب میں اُن سنی نما شیعوں کا تذکرہ کیا۔ جو سنی بن کر سنیوں کو دھوکہ دیتے رہے۔ اور حقیقت میں وہ اُن شیعوں کے اپنے آدمی تھے ایسے آدمیوں کا نام اُن کی تصانیف کا ذکر الکنی والقاب میں کیا گیا۔ اور یہ بات بالکل واضح ہے۔ کہ ہر مکتبہ فکر والا اپنے ساتھی کو خوب پہچانتا ہے۔ دوسرے تو دھوکہ میں آسکتے ہیں۔ لیکن اپنوں کو تو علم واقعی اور حقیقی ہوتا ہے۔ اور انہیں یہ بھی علم ہوتا ہے۔ کہ کس نے تقیہ کا سہارا لے کر کہاں کہاں وقت گزارا۔ اور تقیہ کرتے ہوئے کون کون سی کتابیں لکھیں۔ اب دیکھیئے۔ کہ شیخ عباس قمی جامی کے بارے میں کیا کہہ رہا ہے۔ اللہ کن پردوں کو اٹھا رہا ہے۔ اس نے صاف صاف لکھا۔ کہ ملا باقر مجلسی کے نزدیک سے مستند روایات سے ثابت ہے۔ کہ جامی

marfat.com

Marfat.com

امامی شیعہ تھا۔ اور تقیہ کا خوگر تھا۔ اور اس کے تمام اہل خانہ امامی شیعہ تھے۔ وہ بظاہر سنی بنا رہا۔ جو اس کے تقیہ کی واضح علامت ہے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ جامی در اصل امامی شیعہ اور تقیہ باز شخص تھا۔ اس لیے اس کی کوئی تحریر ہم اہل سنت کے خلاف اور شیعہ اپنے حق میں پیش کر کے اپنا غلط نظریہ ثابت نہیں کر سکتے۔

# عقائد جامی کے بارہ میں دیوان جامی کی چند عبارات

## دیوان کامل جامی:

وبعضی برآنند کہ مولوی نخست بطریق سنت وجماعت بودہ ودر اواخر عمر مذہب تشیع اختیار نمودہ وقصیدہ ئی کہ در حین ورود بہ نجف در مدح امیر المؤمنین گفتہ کہ دو بیت آن از ندکور می نماید شاہد آرند۔ اصبحت زائراً لک یا شحنۃ النجف۔ بہر نثار مقدم تو نقد جان بکف۔ من بوسم آستانہ قصر جلال تو۔ در دیدہ اشک عذر ز تقصیر ما سلف۔ (دیوان کامل جامی ص ۱۹۳ بخشش دا ہم مذہب جامی مطبوعہ ایران)

ترجمہ: بعض لوگ یہ کہتے ہیں۔ کہ جامی ابتداء اہل سنت و جماعت کے طریقہ پر تھے اور آخری عمر میں مذہب تشیع اختیار کیا تھا اور اس پر دلیل جامی کا وہ قصیدہ لاتے ہیں۔ جو انہوں نے نجف میں وارد ہوتے وقت حضرت علی المرتضے رضی اللہ عنہ کی تعریف میں کہا۔ اس کے دو بیت یہ ہیں۔ وہ اے نجف کے سردار! میں صبح سویرے آپ کی زیارت کے لیے اپنی جان اپنی ہتھیلی پہ لیے آپ پر قربان کرنے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔ میں آپ کے

marfat.com

Marfat.com

روضہ مبارک کے آستانہ کو چومتا ہوں۔ اور میری آنکھوں میں گزری عمر کی تقصیر کے عذر کے آنسو ہیں۔

(۲) دیوان کامل جامی:

(کچھ لوگوں نے جامی کو تقیہ باز شیعہ ثابت کرنے کی کوشش کی) محمد حسین حسینی خاتون آبادی کہتا ہے۔ کہ جامی کی وہ عبارات جو ان کے ناصبی (اہل سنت) ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔ ان کو تقیہ پر محمول کیا جائے گا۔ اور اس حمل کی دلیل وہ پیش کرتا ہے

وآنچہ حکایت برائے تائید ایں مدعا نقل میکند از قول علی بن عبدالعال بچند روایت کردے گوید کہ در سفر نجف بجامی ہمسفر بودم ومن تقیہ کردہ از وے عقیدہ خود را پنہاں می داشتم تا وارد بغداد شدیم۔ در روزے ساحلش بیروں شدہ برائے تفریح برلب دجلہ گشتے الخ (دیوان کامل جامی ص ۴۹ انجشش دہم)

ترجمہ:

اس مدعا پر جو حکایت نقل کرتے ہیں وہ یہ کہ علی بن عبدالعال کہتا ہے۔ کہ نجف کے سفر میں جامی کے ساتھ میں بھی شریک تھا اور میں نے اپنا عقیدہ تقیہ کرکے چھپا رکھا تھا۔ حتیٰ کہ ہم بغداد میں داخل ہوئے۔ ایک دن دجلہ کے ساحل کی طرف ہم نکل پڑے الخ

نوٹ: یہ واقعہ ہم اس سے قبل شیخ عباس قمی کی کتاب الکنی والالقاب سے نقل کر چکے ہیں۔

(۳) دیوان کامل جامی:

در اوا فر عہد تیموریان آخریں سلطان بزرگ ایں سلسلہ یعنی

marfat.com
Marfat.com

سلطان حسین بایقرا تمایل شدید بتشیع واشت و ہنگام نیز براں شد کہ آں روش را پذیرہ شود اما وزیر بزرگ او میر علی شیر مانعش گردید بعض پسینیں شاعر نامدار و بزرگ ایں عصر یعنی نورالدین عبدالرحمٰن جامی نیز متمایل بمذہب شیعہ بود۔ (دیوان کامل جامی ص ۸۸ بخشش چہارم مذہب و تصوف جامی)

**ترجمہ:**

تیموری خاندان کے آخری فرماں روا سلطان حسین بایقرا شیعیت کی طرف بہت زیادہ جھکاؤ رکھتا تھا۔ اور حالات بھی اس بات کے قبول کرنے کا تقاضا کرتے تھے۔ لیکن اس کا ایک بڑا وزیر میر علی شیر اس میں آڑے آیا۔ اس کے بعد ایک مشہور اور بزرگ شاعر نورالدین عبدالرحمٰن جامیؔ بھی شیعہ مذہب کی طرف میلان رکھتے تھے۔

## (۴) دیوان کامل جامی:

(جامی کے زمانہ میں صوفیاء اور فقہاء کے درمیان اختلاف زوروں پر تھا۔ اور عقائد کی بے ثباتی کی وجہ سے جامی کی روش یہ تھی۔ گاہے از سر تعصب قتل عام بیدنیاں و نا باوران مذہب را تجویز میکند و گاہے از دے رند و قلندرانہ از جنگ مذاہب اظہار تنفر کردہ واز سنی و شیعہ ہر دو بد میگوئید۔ اے مغبچہ و ہر بدہ جام میم۔ کہ آمد ز نزاع سنی و شیعہ بہم۔ گویند کہ جامیا چہ مذہب داری صد شکر کہ سگ سنی و خر شیعہ نیم۔ (دیوان کامل جامیؔ ص ۸۹ مذہب و تصوف جامیؔ)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ:

کبھی تو وہ تعصب کی بنا پر بے دینوں اور مذہب کو نہ ماننے والوں کے قتل کرنے کو جائز قرار دیتے۔ اور کبھی از روئے رند و قلندری مذہب کے جھگڑے سے نفرت کا اظہار کرتے۔ اور شیعہ سنی دونوں کو برا کہتے۔ اسے شرابی مجھے شراب کا پیالہ دے۔ کیونکہ میں شیعہ سنی کے جھگڑے سے بیزار ہو چکا ہوں۔ لوگ پوچھتے ہیں کہ جامی تیرا کون سا مذہب ہے؟ تو وہ جواب دیتے اللہ کا لاکھ شکر کہ میں نہ سنی کا گدھا اور نہ شیعہ کا گدھا ہوں۔

قارئین کرام! مولنا عبدالرحمن جامی کا مسلک خود ان کی تحریرات سے چونکہ واضح اور صراحتًا ہے۔ لیکن ان کی عبارت دونوں مکتبۂ فکر کے عقائد و نظریات کی حامل ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ مولنا جامی کے بارے میں ناقدین نے کسی ایک مسلک پر اتفاق نہیں کیا۔ ان کی عبارات کو دیکھا جائے۔ جن میں انہوں خلفائے ثلاثہ کے فضائل و بیانات بیان کیے۔ اور خود ان کے سلسلہ بیعت کے معاملہ میں غور کیا جائے۔ تو اہل سنت کے بہت بڑے عالم کی صورت میں نظر آتے ہیں۔ ایمان ابی طالب کی بحث بھی اسی کی تائید کرتی ہیں۔ اس صورت حال کے پیش نظر بعض ناقدین نے یہ کہا۔ کہ جامی ابتداء میں سنی اور آخر میں شیعہ ہو گئے تھے۔ اور بعض نے کہا۔ کہ جامی شیعہ تھا، سنیوں والی عبارات اس نے از روئے تقیہ لکھیں۔ بہر حال شیعہ تو تقیہ کر سکتا ہے۔ لیکن سنی کو تقیہ زیب نہیں دیتا۔ اس لیے جامی کی وہ عبارات جو شیعیت پر دلالت کرتی ہیں۔ یا شیعہ عقائد کی تائید میں ملتی ہیں۔ یہ عبارات اگرچہ انہوں نے اپنے دور میں شیعوں کے خوف کے پیش نظر لکھی ہوں۔ اس سے پتہ یہ چلتا ہے۔ کہ

marfat.com

Marfat.com

جامی عند اللہ تو سنی ہوگا۔ اور اس کے اہل سنت ہونے کا احتمال و احتمال بعید ہوگا۔ لیکن بظاہر کثر سنی نظر نہیں آتا۔ اس لیے جامی کی کتب مثل شواہد النبوۃ وغیرہ غیر معتبر اور غیر مسلم ہیں۔ ان کی کوئی عبارت ہم اہل سنت پر حجت نہیں بن سکتی۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

## مصنّف کی طرف سے علامہ جامی کے بارہ میں ایک تاویل

یاد رہے کہ جامی کے بارہ میں اس وقت تک جو کچھ آپ نے پڑھ لیا ہے اس بات پر واضح دلیل ہے کہ جامی خالص سنی نہیں ہے۔ لیکن اس کے حالات زندگی بتاتے ہیں کہ اس نے ایک ایسے شہر میں زندگی بسر کی ہے۔ کہ جس کو شیعوں کا شہر قرار دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ اعیان الشیعہ میں ہراۃ کو شیعوں کا شہر قرار دیا گیا ہے۔ اس کے پیش نظر یہ خیال کیا جا سکتا ہے۔ کہ شیعوں نے اس کی کتب میں مذکورہ عبارات داخل کر دی ہوں۔ دوسرا اکابرین اہل سنت پیر مہر علی۔ مجدد الف ثانی۔ ملا قاری وغیرہ نے بڑے اچھے الفاظ سے جامی کا نام لیا ہے یہ بھی اس بات کی دلیل ہے کہ مذکورہ عبارات جامی کی نہیں ہیں۔ تو اس صورت میں جامی کی مذکورہ عبارات کی وجہ سے اس کو شیعہ نہیں کہا جا سکتا۔

اس مذکورہ تاویل کی رو سے جامی سنی ثابت ہوا ———— بہر صورت جامی کی کتب سے کوئی شیعہ اپنا مسلک ثابت کرتے ہوئے اہل سنت پر حجت قائم نہیں کر سکتا۔ کیونکہ جامی کی کتب میں ایسی عبارات کثیر تعداد میں پائی جاتی ہیں۔ جو اہل تشیع کے مسلک کی تائید کرتی ہیں۔ جن کا تفصیلی ذکر آپ پڑھ چکے ہیں۔ جب فرض کر لیا جائے۔ کہ جب حسب ہی اہل تشیع کی مذکورہ ہیں تو اہل سنت پر حجت کیسے ہو سکتی ہیں؟

واللہ اعلم بالصواب

marfat.com

Marfat.com

# ۳۹ سی و نہم

# وحید الزمان غیر مقلد کی کتب

شیعہ اور سنی دو متقابل نظریات ہیں۔ شیعہ لوگ اہل سنت میں بریلویوں، دیوبندیوں اور غیر مقلدوں (اہل حدیث) سبھی کو شمار کرتے اور سنی کہتے ہیں۔ کیونکہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے عقیدت کا دعویٰ اور اس کا اظہار یہ سب لوگ کرتے ہیں دوسری طرف شیعہ وہ ہیں جو حضرات صحابہ کرام کو عموماً اور خلفائے ثلاثہ کو بالخصوص غاصبین خلافت کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ انہیں خارج از اسلام گردانتے ہیں شیعوں کا ایک اور گروہ جو تفضیلی شیعہ کہلاتا ہے۔ وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو ابو بکر و عمر فاروق پر فضیلت کا معتقد ہے۔ جبکہ تمام سنی حضرت ابو بکر صدیق اور عمر بن خطاب کی افضلیت کے معتقد ہیں۔ شیعوں کا تیسرا گروہ وہ ہے۔ جو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا امیر المومنین، رضی اللہ عنہ اور دوسرے باعزت الفاظ کی بجائے گستاخانہ الفاظ سے نام لیتے ہیں۔ "دشمنان امیر معاویہ،، نامی اپنی تصنیف میں فقیر نے ان گستاخیوں کی فہرست دی۔ جو فوری طور پر سامنے آ گئے۔ جب "میزان الکتب" کا مسودہ تیار کر رہا ہوں۔ کہ جس میں اصل موضوع یہ ہے۔ کہ کون کون سی کتب ایسی ہیں جنہیں شیعہ علماء اور مصنفین "اہلسنت کی معتبر کتاب" کے حوالہ سے پیش کرتے ہیں۔ حالانکہ یا تو اہلسنت کی کتب ہی نہیں۔ اگر ہیں تو وہ غیر معتبر ہیں۔ اور پختہ اہل سنت کے مسلک کے آدمیوں کی تصنیف شدہ نہیں ہیں۔ تو اس سلسلہ میں کچھ سنی اور دیوبندی مصنفین کا ذکر ہوا۔ لہٰذا مناسب سمجھا

marfat.com

Marfat.com

کو وحیدالزمان غیر مقلد کا بھی کچھ ذکر ہو جائے۔ کیونکہ شیعہ لوگ اسے بھی سنی کہتے اور سمجھتے ہیں۔ اور اس تعلق کی بنا پر اس کی بعض عبارات اپنے مسلک کی تائید میں پیش کر کے ہم پر حجت قائم کرتے ہیں۔ لہذا اس کی اپنی عبارات سے ہم بتانا چاہتے ہیں۔ کہ یہ شخص غیر مقلدیت کے روپ اور اہل حدیث کے بہروپ میں شیعہ تھا۔ اس امر کی وضاحت وحیدالزمان کے سوانح نگار مولوی عبدالحلیم سے سنیئے۔ ان سے وحیدالزمان نامی کتاب تصنیف کی۔

## وحیدالزمان:-

اس مسئلہ میں قدیم سے اختلاف چلا آرہا ہے۔ کہ عثمان اور علی دونوں میں کون افضل ہے۔ لیکن شیخین کو اکثر اہل سنت حضرت علی سے افضل کہتے ہیں۔ اور مجھ کو اس امر پر بھی کوئی دلیل قطعی نہیں ملتی۔ نہ یہ مسئلہ کچھ اصول اور ارکان دین سے ہے۔ زبردستی اس کو متکلمین نے عقائد میں داخل کر دیا ہے۔ ایک اور مقام پر لکھتے ہیں۔ حضرت علی اپنے تئیں سب سے زیادہ خلافت کا مستحق سمجھتے تھے۔ اور ہے بھی یہی۔ آپ بلحاظ قرابت قریبہ اور فضیلت اور شجاعت کے سب سے زیادہ پیغمبر کی قائم مقامی کے مستحق تھے۔ مگر چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی صاف وصریح نص خلافت کے باب میں وفات کے وقت نہیں فرمائی۔ اور صحابہ نے اپنی رائے اور مشورہ سے بلحاظ مصلحت وقت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنا لیا۔ آپ صبر کر کے خاموش ہو رہے۔ اگر اس وقت تلوار نکالتے اور مقابلہ کرتے تو دین اسلام مٹ جاتا۔ اللہ تعالیٰ کو یہی منظور تھا۔ کہ پہلے ابوبکر خلیفہ ہوں۔ پھر عمر پھر عثمان اور پھر علی رضی اللہ عنہم اس میں یہ حکمت تھی۔ کہ چاروں کو خلافت کی فضیلت مل جائے اگر جناب امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پہلے پہل خلیفہ ہو جاتے۔ تو یہ تینوں حضرات اس فضیلت سے محروم رہتے۔ ایک مقام پر حضرت امیر معاویہ کے متعلق تحریر

marfat.com

Marfat.com

فرماتے ہیں۔ بھلا ان پاک نفوس پر امیر معاویہ کا قیاس کیونکر ہو سکتا ہے۔ جو نہ مہاجرین میں سے نہ انصار میں سے۔ نہ انہوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کوئی خدمت اور جاں نثاری کی۔ بلکہ آپ سے لڑتے رہے۔ اور فتح مکہ کے دن ڈر کے مارے مسلمان ہو گئے۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت عثمان کو یہ رائے دی۔ کہ علی اور طلحہ اور زبیر کو قتل کر ڈالیں۔ آگے لکھتے ہیں۔ ایک سچے مسلمان کا جس میں ایک ذرہ برابر بھی پیغمبر صاحب کی محبت ہو دل یہ گوارا کرے گا۔ کہ وہ معاویہ کی تعریف اور توصیف کرے۔ البتہ ہم اہل سنت کا یہ طریق ہے۔ کہ صحابہ کرام سے سکوت کرتے ہیں۔ اس لیے معاویہؓ سے بھی سکوت کرنا ہمارا مذہب ہے۔ اور یہی اصلاً اور قرین قیاس ہے۔ مگر ان کی نسبت کلماتِ تعظیم مثل حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کہنا سخت دلیری اور بے باکی ہے۔ اللہ محفوظ رکھے۔

(حیاتِ وحید الزمان ص ۱۰۲ تا ۱۰۹ مطبوعہ نور محمد آرام باغ کراچی پاکستان)

## توضیح :-

وحید الزمان غیر مقلد کے نظریات آپ نے پڑھے۔ جن میں سے بعض کے پیش نظر وہ تفضیلی شیعہ نظر آتا ہے۔ اور بعض سے وہ رافضی شیعہ دکھائی دیتا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی افضلیت پر اس عقل و خرد کے اندھے کو کوئی دلیل نظر نہ آئی۔ سب باتوں کو چھوڑئیے حدیث پاک "مروا ابابکر فلیصل بالناس"، صدیق اکبر کو کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ اہل حدیث کہلانے کے باوجود یہ حدیث نظر نہ آئی۔ اس وقت حضرت علی المرتضٰی وغیرہ موجود تھے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

marfat.com

Marfat.com

یہ ارشاد فرمایا تھا۔ اس سے ابوبکر صدیق کی افضلیت ثابت نہیں ہوتی تو اور کیا ثابت ہوتا ہے؟ رہا زبردستی شکلمین کا اس بات کو عقائد میں لانا اس سے بھی وحید الزمان کی شیعیت ٹپکتی ہے۔ اکابرین اہل سنت اور مجدد الف ثانی وغیرہ حضرات نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی افضلیت کو اجماعی مسئلہ قرار دیا۔ اور اجماع بھی ان دلائل میں سے ایک ہے۔ جو قطعی ہوتے ہیں۔ خاص کر صحابہ کرام کا اجماع وہ تو یقیناً بالاتفاق قطعی ہے۔ اس کے خلاف وحید الزمان حضرت علی المرتضےٰ کو حقدار خلافت کہتا ہے۔ اور اس کی نسبت خود علی المرتضےٰ رضہ کی طرف کرتا ہے۔ کہ وہ اپنے آپ کو تمام صحابہ سے زیادہ حقدار خلافت سمجھتے تھے۔ اور حقیقت بھی یہی ہے یہ بھی اس کے رفض کی دلیل ہے۔ صواعق محرقہ ص ۶۰ مطبوعہ قاہرہ حضرت علی المرتضےٰ رضہ کا ایک قول منقول ہے۔ فرمایا۔ "جو مجھے ابوبکر صدیق پر فضیلت دیے۔ میں اس مفتری کو بطور سزا کوڑے ماروں گا" امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں وہ گھٹیا زبان استعمال کی۔ جو رافضی بھی نہ کر سکے۔ وہ الزام دھرا جو ان کے بڑے سے بڑا دشمن بھی نہ دے سکا یعنی حضرت عثمان رضہ کو انہوں نے مشورہ دیا تھا۔ کہ علی، طلحہ اور زبیر کو قتل کرا دو۔ اس قدر عظیم بہتان آج تک میری نظروں سے کسی مکتبہ فکر کی کتاب میں نہیں گزارا۔ بہر حال دعوےٰ تو نہیں لیکن اپنے مطالعہ کی بنا پر یہ کہہ رہا ہوں۔ میں نے اگلے پچھلے شیعوں کے تمام اعتراضات کا تفصیلی مطالعہ کر کے ان کے جوابات لکھے۔ جو تقریباً ستر مجلدات پر مشتمل ہیں۔ یہ اعتراض آج تک کسی رافضی کو بھی نہیں سوجھا اس سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ رافضیوں سے بھی وحید الزمان بڑا رافضی ہے۔ وحید الزمان اور اس کے چیلے چانٹوں کو میں چیلنج کرتا ہوں۔ کہ کسی ایک صحیح سند روایت کے ساتھ اس الزام کو ثابت کر دکھائیں اور ایک لاکھ انعام پائیں۔ اگرچہ اس عبارت سے وحید الزمان کے چیلوں کو بہت

marfat.com

Marfat.com

تکلیف ہوگی۔ لیکن میں انہیں خدا اور رسول کا واسطہ دے کر کہتا ہوں۔ کہ جبکہ تمہارا دعویٰ ہے۔ کہ ہم قرآن و حدیث کو ہی مانتے ہیں۔ اور تمام صحابہ کرام کو عادل سمجھتے ہیں۔ تو پھر وحیدالزمان کی پیروی میں حضرات صحابہ کرام کے دشمنوں میں کیوں داخل ہو رہے ہیں؟ اگر کوئی مستند صحیح روایت مل جائے۔ تو بے شک رافضیوں میں شامل ہو جائیں۔ اور اگر نہ مل سکے۔ تو کم از کم اتنا تو تسلیم کریں۔ کہ وحیدالزمان کا مذکورہ عقیدہ اہل سنت کا عقیدہ نہیں ہے۔

پھر لکھا۔ کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نہ کوئی خدمت کی نہ مہاجر تھے نہ انصار اور نہ ہی کوئی خوبی ان میں تھی۔ وحیدالزمان کو یہ بھی نظر نہ آیا۔ کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کاتبانِ وحی میں سے ہیں۔ یہ خوبی نہیں ہے۔ ؟ میری کتاب "دشمنانِ امیر معاویہ کا علمی محاسبہ" میں آپ پڑھیں گے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے مختلف دعائیں مانگیں ان کے ہادی اور مہدی ہونے کی دعا فرمائی۔ انہیں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت بڑا امین کہا جاتا تھا۔ کیا یہ خوبیاں نہیں ہیں لیکن تعصب و رفض کا پردہ اٹھا کر دیکھا جاتا تو یہ خوبیاں روزِ روشن کی طرح نظر آتیں۔

آخر میں جو وحیدالزمان نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق اچھے اچھے الفاظ مثلاً حضرت، امیرالمؤمنین رضی اللہ عنہ۔ لکھنے کو "بہت بڑی دلیری"، کہا ہے یعنی خدا اور اس کے رسول سے مقابلہ کرنا ہے۔ یہ عبارت اور عقیدہ بھی وحیدالزمان کے کٹر شیعہ ہونے کا ثبوت ہے۔ اہل سنت وجماعت کا یہ عقیدہ ہرگز نہیں عنقریب اہل سنت کا عقیدہ آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے صحابی ہونے میں کسی کو بھی شک نہیں۔ یہ اگرچہ فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے دونوں فریق (فتح مکہ سے پہلے اسلام لانے والے اور اس دن یا اس کے بعد ایمان لانے والے)

marfat.com

Marfat.com

کے ساتھ بھلائی کا وعدہ فرمایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے "برابر نہیں وہ لوگ جنہوں نے فتح مکہ سے قبل ایمان قبول کیا اور اللہ کے راستہ میں خرچ کیا یہ لوگ ان لوگوں سے مرتبہ میں بڑھے ہوئے ہیں جنہوں نے فتح مکہ کے بعد خرچ کیا اور جہاد کیا۔ اور اللہ نے سب سے بھلائی کا وعدہ فرما لیا ہے" (سورہ حدید آیت نمبر۱۰) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے قبول ایمان کے بعد بہت سے معرکوں میں شرکت فرمائی۔ اسلام کو پھیلایا غریبوں کی خدمت کی۔ کیا مذکورہ آیت کریمہ کے مطابق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھلائی کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے یا نہیں؟ اگر ان پر وعدہ صادق آتا ہے۔ تو پھر ان کے حق میں اور ان کے اسم گرامی کے ساتھ حضرت، رضی اللہ عنہ وغیرہ الفاظ لکھنے دراصل وعدۂ خداوندی کا مظہر ہے اور اسے "بہت بڑی دلیری" کہنا خود بہت بڑی دلیری ہے جو کم از کم ایک مسلمان سے متوقع نہیں ہو سکتی۔ اب ہم ایک عبارت ذیل میں درج کر رہے ہیں۔ جو صحابہ کرام کے بارے میں اہل سنت کے عقیدہ کی ترجمان ہے۔

## الکفایۃ فی علم الروایۃ:

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰہ تعالیٰ اِخْتَارَنِیْ وَاخْتَارَ اَصْحَابِیْ فَجَعَلَهُمْ اَصْحَابِیْ وَجَعَلَهُمْ اَنْصَارِیْ وَاَنَّهٗ سَیَجِیْئُ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ یَنْتَقِصُوْنَهُمْ اَلَا فَلَا تُنَاكِحُوْهُمْ اَلَا فَلَا تَنَاكحوا اِلَیْهِمْ اَلَا فَلَا تُصَلُّوْا مَعَهُمْ اَلَا فَلَا تُصَلُّوْا عَلَیْهِمْ

marfat.com
Marfat.com

جُمْلَتُ الفِتْنَةِ وَالْاَخْبَارُ فِي هٰذَا الْمَعْنٰى تَتَّسِعُ وَ
كُلُّهَا مُطَابِقَةٌ لِمَا وَرَدَ فِي نَصِّ الْقُرْاٰنِ وَجَمِيْعَ
ذَالِكَ يَقْتَضِيْ طَهَارَةَ الصَّحَابَةِ وَالْقَطْعَ عَلٰى
تَعْدِيْلِهِمْ وَنَزَاهَتِهِمْ فَلَا يَحْتَاجُ اَحَدٌ مِنْهُمْ بَعْدَ
مَا تَعْدِيْلَ اللهِ تَعَالٰى الْمُطَّلِعَ عَلٰى بَوَاطِنِهِمْ
اِلٰى تَعْدِيْلِ اَحَدٍ مِنَ الْخَلْقِ لَهُ فَهُمْ عَلٰى هٰذِهِ
الصِّفَةِ اِلَّا اَنْ يَثْبُتَ عَلٰى اَحَدٍ اِرْتِكَابِ مَا لَا يَحْتَمِلُ
اِلَّا قَصْدَ الْمَعْصِيَةِ وَالْخُرُوْجِ مِنْ بَابِ التَّاْوِيْلِ
فَيُحْكَمُ سُقُوْطُ الْعَدَالَةِ وَقَدْ بَرَاَهُمُ اللهُ مِنْ
ذَالِكَ وَرَفَعَ اَقْدَارَهُمْ عِنْدَهُ عَلٰى اَنَّهُ لَوْ لَمْ
يَرِدْ مِنَ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُوْلِهِ مِنْهُمْ شَيْئٌ
مِمَّا ذَكَرْنَاهُ لَاَوْجَبَتِ الْحَالُ الَّتِيْ كَانُوْا
عَلَيْهَا مِنَ الْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ وَالنُّصْرَةِ وَبَذْلَ
الْمُهَجِ وَالْاَمْوَالَ وَقَتْلَ الْاٰبَاءِ وَالْاَوْلَادِ وَالْمُنَاصِحَةِ
فِي الدِّيْنِ وَقُوَّةِ الْاِيْمَانِ وَالْيَقِيْنِ الْقَطْعِ عَلٰى
عَدَالَتِهِمْ وَالْاِعْتِقَادِ لِنَزَاهَتِهِمْ وَاِنَّهُمْ
اَفْضَلُ مِنْ جَمِيْعِ الْمُعَدِّلِيْنَ وَالْمُزَكِّيْنَ الَّذِيْنَ
يَجِيْئُوْنَ بَعْدَهُمْ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ هٰذَا مَذْهَبُ
كَافَّةِ الْعُلَمَاءِ وَمَنْ يُعْتَمَدُ بِقَوْلِهِ مِنَ الْفُقَهَاءِ
--------...... اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ
عِيْسَى الْهَمَدَانِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ

marfat.com
Marfat.com

الحافظ قال سمعت ابا جعفر احمد بن عبد الله يقول سمعت احمد بن محمد بن سليمان التستری يقول سمعت ابا زرعه يقول اذا رأيت الرجل ينقص احد من اصحاب رسول الله صلی الله عليه وسلم فاعلم انه زنديق وذالك ان الرسول الله صلی الله عليه وسلم عندنا حق والقرآن حق وانما ادى الينا هذا القرآن والسنن اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم وانما يريدون ان يجرحوا شهودنا ليبطلوا الكتاب والسنة والجرح بهم اولى وهم زنادقة۔

(کتاب الکفایہ فی علم الروایۃ ص۴۸-۴۹ باب ماجاء فی تعدیل اللہ ورسولہ للصحابۃ مطبوعہ علمیہ مدینہ منورہ)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا۔ اور میرے صحابہ کو پسند فرمایا۔ انہیں میرے سسر بنایا۔ اور میرا مددگار بنایا عنقریب زمانہ آئے گا۔ کہ کچھ لوگ صحابہ کرام کی شان کی تنقیص کریں گے۔ خبردار! تم ان لوگوں سے نکاح کرنا نہ انہیں نکاح دینا۔ خبردار! ان سے میل ملاپ نہ رکھنا۔ ان کی نماز جنازہ نہ پڑھنا۔ ان پر لعنت ہے احادیث اس بارے میں بہت ہیں۔ اور سب کی سب قرآن کریم کے مضمون کے مطابق ہیں۔ یہ تمام روایات واحادیث اس

marfat.com

Marfat.com

بات کا تقاضا کرتی ہیں۔ کہ حضرات صحابہ کرام سبھی پاکیزہ شخصیات تھیں اور ان کی عدالت یقینی تھی۔ اور وہ ہر برائی سے دور رہنے والے تھے۔ ان میں سے کوئی صحابی اللہ تعالیٰ کے انہیں عادل کہنے کے بعد کسی اور کی طرف سے عدالت کے اثبات کے محتاج نہیں رہے۔ کیونکہ وہ ان کے باطن سے واقف ہے۔ لہٰذا تمام صحابہ کرام اللہ تعالیٰ کی طرف سے سنائی گئی عدالت پر فائز ہیں۔ ہاں اگر ان میں سے کسی سے یہ ثابت ہو جائے۔ کہ اس سے ایسی حرکت سرزد ہوئی ہے۔ جس نے انہیں اس صفت سے محروم کردیا۔ اور ان کی عدالت ختم ہوگئی۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس بری فرمایا۔ ان کے مراتب بلند فرمانے۔ علاوہ ازیں اگر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مذکورہ صفت کے بارے میں کچھ بھی وارد نہ ہوتا۔ تو پھر بھی ان کی ہجرت، جہاد، نصرت، مال خرچ کرنا، اپنے باپ اور اولاد کو خدا اور رسول کے مقابل مار ڈالنا، ایمان کی قوت اور یقین یہ سب باتیں ان میں ثبوت عدالت کے لیے کافی تھیں۔ اور ان کے پاکیزہ ہونے کے عقیدہ کے لیے بہت تھیں۔ حضرات صحابہ کرام اپنے بعد آنے والے تمام مزکین اور معدلین سے کہیں زیادہ افضل تھے یہ مذہب تمام علماء کرام کا ہے۔........ ہمیں ابو منصور محمد بن عیسیٰ ہمدانی نے خبر دی۔ ہمیں صالح بن احمد حافظ نے بتایا۔ وہ کہتے ہیں۔ میں نے ابو جعفر احمد بن عبدل سے سُنا۔ وہ کہتے تھے۔ میں نے احمد بن محمد بن سلیمان تستری سے سُنا۔ وہ کہتے

marfat.com

Marfat.com

تھے کہ میں نے جناب ابو ذرعہ کو کہتے سنا۔ فرمایا۔ جب تو کسی شخص کو کسی صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نقص بیان کرتے دیکھے۔ تو اسے زندیق یعنی بے دین جاننا۔ یہ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے نزدیک حق ہیں۔ قرآن حق ہے۔ یہ قرآن اور آپ کی سنتیں ہم تک پہنچانے والے یہی صحابہ کرام ہیں۔ یہ بہتان تراش لوگ ان پر جرح کر کے یہ چاہتے ہیں۔ کہ کتاب وسنت کو باطل کر دیں۔ اس کے مقابلہ میں خود ان لوگوں کو مجروح قرار دینا بہتر ہے کیونکہ وہ بے دین ہیں۔

## کفایۃ فی علم الروایۃ کے مذکورہ حوالہ سے درج ذیل امور ثابت ہوئے۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کو چن لیا ہے۔

۲۔ بعض صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سسرال بنے۔ جیسا کہ ابو بکر صدیق عمر بن خطاب اور سفیان رضی اللہ عنہم۔

۳۔ ان کی اولاد کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سالے بنایا۔ مثلاً عبداللہ بن عمر، عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور امیر معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہم۔

۴۔ کچھ لعنتی لوگ پیدا ہوں گے۔ جو صحابہ کرام کی شان گھٹائیں گے۔ خبردار! ان سے نکاح نہ کرنا نہ ان سے میل ملاپ رکھنا نہ ان کی نماز جنازہ پڑھنا۔

۵۔ صحابہ کرام کو جب اللہ تعالیٰ نے عادل فرمایا۔ تو اس کے بعد وہ کسی سے عدالت کی سند لینے کے محتاج نہیں۔

marfat.com

Marfat.com

۶۔ ان کی عدالت اسی صورت میں ختم ہو سکتی ہے۔ جبکہ ان سے کوئی ایسا فعل سرزد ہو جو عدالت کو ختم کر دیتا ہو۔ لیکن ان سے ایسا فعل سرزد نہیں ہوا۔

۷۔ بقول ابوزرعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی کی تنقیص شان کرنے والا زندیق ہے۔ ایسے زندیق کا مقصد صحابی کی گستاخی کرنا نہیں بلکہ مسلمانوں کا قرآن وسنت سے اعتبار اٹھا دینا ہے۔ کیونکہ یہ چیزیں ان صحابہ کرام کے ذریعہ ہم تک پہنچیں۔

ان امور کے پیش نظر وحیدالزمان کی خرافات کو دیکھیں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں جو کچھ اس نے کہا۔ جناب ابوزرعہ کے فتویٰ کے مطابق وہ بے دین اور زندیق ہو گیا۔ صحابی ہونا ہی ایک ایسی فضیلت ہے۔ جس کے سامنے دیگر فضائل کم نظر آتے ہیں۔ مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ ادنیٰ درجے کے صحابی حضرت وحشی رضی اللہ عنہ وہ مقام رکھتے ہیں۔ کہ ان کے مقام و مرتبہ کو اویس قرنی ایسے بزرگ بھی نہیں پہنچ پاتے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح عقیدت عطا فرمائے۔ اور صحابہ کرام کی گستاخی سے بچائے رکھے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# باب دوم

## موجودہ دور میں واقعہ کربلا پر لکھی گئی کتب کا جائزہ اور ان میں جھوٹے واقعات بیان کرنے والوں اور ان محافل کا انعقاد کرنے والوں کے متعلق اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ

marfat.com
Marfat.com

# باب دوم

راقم الحروف جب "میزان الکتب" میں ایسی کتب کے تذکرہ سے فارغ ہوا۔ جو کہ شیعہ یا مائل بتشیع مصنفین کی تھیں۔ اور کچھ ایسی کتابوں کا ذکر ہوا۔ جن کے مصنفین کا تعلق اہل سنت سے تو تھا۔ لیکن ان میں رطب و یابس سب کچھ جمع کر دینے کی وجہ سے ان کا شمار اہل سنت کی کتب معتبرہ میں نہ ہوتا تھا۔ اسی دوران لاڑکانہ سے ایک مخلص دوست جناب سید زین العابدین شاہ صاحب کا ایک تفصیلی خط موصول ہوا۔ جس میں انہوں نے لکھا۔ کہ واقعہ کربلا کے متعلق موجودہ دور کے بعض سُنّی مصنفین اور واعظین کا جائزہ لینا اشد ضروری ہے۔ کیونکہ ان کی تصنیفات اور وعظ ایسی باتوں سے بھرے پڑے ہیں۔ جو مسلکِ شیعیت کی تائید و ترجمانی کرتی ہیں۔ اور ہو سکتا ہے۔ کہ آگے چل کر یہی تصنیفات، اہل سنت کے لیے دردِ سر بن جائیں اور ان کی واعظ بھری کیسٹیں ہم اہل سنت کو گمراہ کرنے اور مذہب شیعہ کو حق ثابت کرنے کے لیے بطور حوالہ پیش کی جائیں۔ جیسا کہ اس سے پہلے ہوتا چلا آ رہا ہے۔ لہٰذا اس بات کی اشد ضرورت ہے۔ کہ ان کتب کا بغور مطالعہ کیا جائے۔ اور ان کے مندرجات پر بے لاگ تبصرہ کر کے آئندہ اٹھنے والے طوفان پر بند باندھا جائے۔

یہ ان کا مطالبہ بواسطہ بھورل شاہ ایڈیٹر لاڑکانہ کے واسطہ کئی دفعہ پہنچا۔

فقیر نے جب یہ خط قبلہ عالم خواجہ سید محمد باقر علی شاہ صاحب سجادہ نشین آستانہ عالیہ کیانزاد شریف کے حضور پیش کیا۔ تو قبلہ عالم نے مولانا موصوف کی رائے کو بہت پسند فرمایا۔ اور اسے روبکار لانے کا ارشاد فرمایا۔ فقیر نے عرض کیا۔ حضور! ایسا کرنے سے موجودہ دور کے مصنفین علماء اور واعظین حضرات کی سخت مخالفت

marfat.com
Marfat.com

کا سامنا کرنا پڑے گا۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا۔ جب تمہارے سامنے حق و باطل کا امتیاز کرنا ہے۔ تو پھر تمہیں کسی کی مخالفت یا موافقت سے ہرگز نہیں گھبرانا چاہیئے ایسے کاموں میں اللہ تعالیٰ حامی و ناصر ہوتا ہے۔ کچھ ہی دنوں بعد فقیر نے اسی سلسلہ میں ایک خواب دیکھا۔ وہ یہ کہ کچھ لوگوں سے سنتا ہوں۔ کہ فلاں حویلی میں قبلہ عالم سیدی مرشدی جناب سید محمد باقر علی شاہ صاحب تشریف فرما ہیں زیارت بابرکت سے مشرف ہونے کی خاطر حویلی کی طرف چل پڑا۔ دیکھا کہ حضرت قبلہ برآمدہ میں جلوہ فرما ہیں۔ روشنی پہلے کم تھی۔ پھر مکمل روشنی چھا گئی۔ فقیر نے قبلہ عالم سے گزارش کی۔ کہ حضور! موجود دور کے علماء اور واعظین حضرات کا ایسی کتاب لکھنے سے میں ضرور نشانہ بنوں گا۔ ان کی دل شکنی ہوگی۔ یہ سن کر آپ نے ڈانٹ پلائی اور فرمایا کہ ایک مرتبہ جو کہہ دیا ہے۔ کہ جب تمہارا ارادہ محض اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول اور حق و باطل کا امتیاز ہے۔ تو پھر گھبرانے کی کیا ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ تمہارا حامی و ناصر ہوگا۔ اس سلسلہ میں اسی پر بھروسہ کرو اور کسی کی مخالفت و مخاصمت کی پرواہ نہ کرو۔ اسی دوران خواب میں کیا دیکھتا ہوں۔ کہ کالے بھونڈوں کی فوج مجھ پر حملہ آور ہو گئی۔ اور یہی بھونڈ قبلہ عالم پر بھی حملہ آور ہوئے۔ ابتداء میں تو ان کی تعداد بہت زیادہ تھی لیکن آہستہ آہستہ ان کی تعداد گھٹتی گئی۔ اور بالآخر کوئی ایک بھی باقی نہ رہا۔ میں نے یہ خواب قبلہ عالم سیدی و مرشدی کو سنایا۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔ اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ ابتداءً تمہاری کتاب پر اعتراضات کی بوچھاڑ ہوگی۔ اور موجودہ دور کے مصنفین و واعظین کا ایک جم غفیر تم سے ناراض ہو جائے گا۔ اور طرح طرح کی باتیں تراشے گا۔ لیکن جوں جوں اُن پر حق واضح ہوگا۔ اور اپنی غلطیوں کا احساس ہوگا۔ تو ان کی مخالفت میں کمی ہونا شروع ہو جائے گی۔ اور بالآخر سب کے سب یہ تسلیم کر لیں گے۔ کہ تمہاری کتاب نے حق و باطل کے درمیان

marfat.com
Marfat.com

واقعی واضح فرق کر دیا۔ یوں یہ کتاب حق وصداقت کا معیار قرار پائے گی۔

ان حالات وواقعات کے بعد میں نے موجودہ دور کے مصنفین حضرات کی کتب کا بغور مطالعہ کیا۔ اور اللہ تعالیٰ سے استعانت وتوفیق کا طالب ہوا۔ مجھے جس کتاب میں جہاں جہاں کوئی بات کھٹکی۔ بلا رو رعائت اس پر تنقید کی۔ اور اس میں جو حقیقت تھی۔ اسے بیان کر دیا۔ اس طرح یہ دوسرا باب معرض تحریر میں آیا۔ میں اللہ تعالیٰ کے حضور دست بدعا ہوں۔ کہ میں نے یہ قدم صرف تیری رضا جوئی کے لیے اٹھایا ہے۔ اور تیرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پاک کی عزت وعظمت کے پیش نظر ایسا کیا ہے۔ لہذا اسے شرف قبولیت بخشے۔ اور ساتھ ہی ساتھ موجودہ دور کے مصنفین اور واعظین اہل سنت سے عرض کرتا ہوں کہ وہ میری اس تصنیف کا بغور مطالعہ کریں۔ اور حقائق کو جاننے کے لیے نظر انصاف کے ساتھ پوری پوری کوشش کریں۔ انشاء اللہ انہیں اس کتاب سے بہت سے حقائق معلوم ہوں گے۔ اور بہت سے ادھر ادھر کی باتوں سے آشنائی ہوگی۔ اس کے باوجود میں بہ خلوص گزارش بھی کروں گا۔ ہو سکتا ہے۔ کہ ایک انسان ہونے کے ناطے سے کہیں مجھ سے لغزش ہوئی ہو۔ اگر کہیں میری غلطی نظر آئے۔ تو اولیں فرصت میں مجھے اس کی اطلاع فرمائیں۔ اس پر میں نہایت شکر گزار رہوں گا اور درست ہونے پر آئندہ کی اشاعت میں اس کی اصلاح کر لی جائے گی۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ اور ہمیں اپنی بندگی اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور آپ کے جملہ صحابہ کرام واہل بیت کرام سے حقیقی سچی مودت عطا فرمائے

آمین۔ بجاہ نبی الکریم الامین

marfat.com
Marfat.com

# واقعہ کربلا کے متعلق دورِ حاضر کے چند سنی واعظین کی غیر معتبر کتب

تاریخ اور سوانح نگاری ایک اہم اور مشکل موضوع ہے۔ جس کے لیے بہت زیادہ عرق ریزی کی ضرورت پڑتی ہے۔ اور واقعات کی تہ تک پہنچنے پر بڑی محنت درکار ہوتی ہے فی زمانہ جب ہر طرف تحقیق ختم ہوتی جا رہی ہے تاریخ واقعات میں بھی نقل کا رجحان اس قدر غالب آچکا ہے۔ کہ ہر کوئی مصنف اور سوانح نگار بننے کی فکر میں ڈوبا جا رہا ہے۔ ادھر اُدھر کی چند کتابیں دیکھیں۔ اور کسی واقعہ کو اپنی تصنیف میں جڑ دیا۔ تاکہ عوام میں چرچا ہو جائے۔ پھر اس پر مزید یہ کہ کچھ حضرات نے واعظانہ وخطیبانہ لہجے میں تاریخی حقائق کو مسخ کر کے بیان کرنا شروع کر دیا۔ تاکہ لوگوں سے داد پائیں، اور اس شیخ وخود پسندی میں حدودِ شرعیہ کی پامالی کا بھی خیال نہ آیا۔ ایسے ہی لوگوں کی تصانیف بعد میں دردِ سر بن جاتی ہیں۔ اور مطلب پرست لوگ ان کے مواد کو بطورِ سند حوالہ پیش کر دیتے ہیں۔ لکھاری کبھی کا اللہ کو پیارا ہو جاتا ہے لیکن اس کی تحریر باعثِ انتشار بن رہی ہوتی ہے۔ اور مخالفین ان کی کتب کے اقتباسات۔ اپنے حق میں پیش کر کے اپنے مسلک کی صداقت کا ڈھنڈورا پیٹتے ہیں۔ اور دوسروں کے مسلک پر حملہ آور ہوتے ہیں یہی غیر محتاط رویہ بلکہ محض ناقلانہ روش اہل سنت کے چند علماء کی تصنیفات میں بھی دیکھنے میں آئی اس لیے ہم نے مناسب سمجھا کہ لگتے ہاتھوں ان کتب کے بارے میں بھی کچھ حقیقت حال واضح کر دی جائے۔ اگرچہ ایسا کرنے سے کچھ لوگ ہم پر ناراضگی کا اظہار بھی کریں گے لیکن ہمیں مسلک اہل سنت کی خاطر ایسا کرنا پڑا۔ اور اس کی خاطر ناراضگی بھی ہم جھیلنے کو تیار ہیں۔ خدا شاہد ہے۔ کہ مجھے ان کتب کے مصنفین سے کوئی ذاتی مخاصمت نہیں۔ ایک سنی عالم ہونے کے ناطے سے میرے دل میں ان کا احترام ہے اس لیے ان حضرات کے متوسلین و متعلقین دالحب للہ والبغض للہ کے تحت حق کا ساتھ دیتے ہوئے میری اس جرأت پر چیں بجبیں نہیں ہوں گے۔

marfat.com

Marfat.com

# چہل

## خاک کربلا مصنفہ صاحبزادہ افتخار الحسن صاحب

صاحبزادہ افتخار الحسن صاحب کا طریقہ اور ان کی عادت یہ تھی۔ کہ امام عالی مقام اور ان کے اہل وعیال کا ذکر اس انداز سے کیا جائے۔ کہ لوگ خوب روئیں اور جی بھر کے شہداء کربلا کی شہادت پر نوحہ کریں۔ اس مقصد کی خاطر وہ اکثر غلط واقعات اور وہ بھی ایسے دردناک لہجے اور پر سوز انداز میں بیان کرتے کہ حاضرین کی چیخیں نکل جاتیں۔ اسی طرح انہوں نے اپنی تصنیف "خاک کربلا" میں بھی یہی انداز تحریر اپنایا۔ یہ کتاب بازار میں دستیاب ہے۔ شیعہ لوگ جو گستاخ صحابہ ہیں وہ ایسی کتابوں سے حوالہ پیش کر کے کہتے ہیں۔ کہ اہل سنت کے فلاں محدث اور محقق نے یہ بات اپنی فلاں تصنیف میں لکھی ہے۔ قارئین کرام! آپ اس بات کے گواہ ہوں گے۔ محرم الحرام کے دوران ہمارے کچھ سنی واعظین، شہادت کے موضوع پر ایسا دردناک سماں باندھتے ہیں۔ کہ شیعہ ذاکرین کو بھی پیچھے چھوڑ دیتے ہیں۔ ان واعظین نے عوام کو اپنے ایسے پُر درد وعظوں سے یہ تاثر دیا ہے۔ کہ جو علماء اہل سنت اس رنگ ڈھنگ سے وعظ و تقریر نہیں کرسکتے۔ وہ دل میں محبت و عشق اہل بیت نہیں رکھتے۔ اس طرح ان غیر محتاط واعظین نے مسلک اہل سنت کی حقانیت کو سخت نقصان پہنچایا۔ واقعات جو جھوٹے اور اہل بیت کے مقام و منصب کے خلاف لکھے گئے۔ ان کی

marfat.com
Marfat.com

فہرست طویل ہے ۔ لیکن اس جگہ ہم خاکِ کربلا کے چند اقتباسات پیش کرتے ہیں ملاحظہ فرمائیں ۔ جن سے آپ اندازہ لگا لیں گے ۔ کہ ہم نے جو کچھ کہا وہ ٹھیک ہی کہا ہے ۔

ا ۔ "مجھے تو اس بات میں کوئی تعجب اور حیرانی نظر نہیں آتی ۔ کہ فاطمہ کے لال کو روکنے والے تمام اسی دنیا کے روکنے والے تھے ۔ اور اسی زمین پر بسنے والے تھے بلکہ میں تو کہتا ہوں ۔ کہ اگر آپ کو آسمان سے جبرئیل بھی روکتا تو نہ رکتے اور آپ کو رکنا بھی نہ چاہیئے تھا...... میری ذاتی رائے میں اللہ کے اس شیر کو روکنے والے خود ہی غلطی پر تھے ۔ (خاکِ کربلا ص ۲۱۰)

ب ۔ عمرو ابن سعد جب اپنے لشکر کو اتار چکا ۔ اور خیمے لگا لیے ۔ تو اس نے مظلوم کربلا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے ملاقات کے لیے قاصد بھیجا ۔ آپ نے منظور فرما لیا ۔ اور پھر علیحدہ خیمے میں شرافت و وحشت کا ملاپ ہوا ۔ اور نیکی اور بدی کی ملاقات ہوئی ۔ امام عالی نے فرمایا ۔ کہ میری یہ تین درخواستیں ابن زیاد تک پہنچا دو ۔ ۱ ۔ میں واپس لوٹ جاتا ہوں ۔ (۲) مجھے مسلمانوں کی کسی سرحد پر پہنچا دیا جائے (۳) میں دمشق جا کر یزید سے خود معاملہ طے کر لوں گا ۔ (خاکِ کربلا ص ۲۱۲)

ان دونوں اقتباسات کو بار بار پڑھیں ۔ سب سے پہلی بات یہ جان لیں ۔ کہ حضرت امام عالی مقام نے واپس لوٹنے کا ارادہ کوئی تقیہ کے طور پر نہ کیا تھا ۔ بلکہ اس کے پیچھے ایک تاریخی حقیقت ہے ۔ وہ یہ کہ جب ملعون کوفی شیعوں نے غداری کرتے ہوئے امام عالی مقام کی بیعت توڑ کر یزید پلید کی بیعت کر لی ۔ اور دشمنِ امام بن گئے ۔ تو ایسے میں آپ نے ارشاد فرمایا ۔ "قَدْ خَذَلَتْنَا شِیْعَتُنَا" ، ہمیں ہمارے ہی شیعوں نے ذلیل و رسوا کیا ہے ۔ یہ بات سنی شیعہ دونوں کی بہت سی کتب میں مرقوم ہے ۔ حوالہ کے لیے البدایہ والنہایہ

marfat.com
Marfat.com

اور مقتل ابی مخنف دیکھا جا سکتا ہے۔ لہذا وقت کی نزاکت کے پیش نظر آپ نے مدینہ منورہ واپس آنے کی درخواست کی۔ یعنی اگر ابن زیاد میری درخواست مان لیتا ہے۔ لہذا میں واپس لوٹ جاتا ہوں۔

افتخار الحسن صاحب مرحوم کی پہلی عبارت سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ حامل وحی سید الملائکہ جبرئیل امین بھی اگر امام عالی مقام کو روکتے تو وہ نہ رکتے۔ اس میں سب سے پہلے سوچنے کا یہ مقام ہے۔ کہ کیا جبرئیل امین نے سیدہ مریم علیہا السلام کے علاوہ کسی غیر نبی کو اللہ کا پیغام پہنچایا ہے۔ جب سلسلہ وحی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال شریف پر ختم ہو گیا۔ تو جبرئیل ان کو روکنے کے لیے کیوں آتے؟ اور اگر بالفرض وہ آتے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے آتے۔ اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ کا حکم سن کر بھی نہ رکتے؟ اگر ایسا ہوتا۔ تو امام حسین رضی اللہ عنہ خدا کے حکم کے نافرمان ہوتے۔ یہ بات انہوں نے محض واعظانہ رنگ اور قصہ خوانی انداز میں لکھ دی ہے۔ جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ ایمان کے لیے خطرہ ہے۔ اگر بالفرض تسلیم کر لیا جائے۔ کہ امام عالی مقام کو کربلا میں شہید ہونے کا حکم دیا جا چکا ہے جس کو پورا کرنے کے لیے وہ کسی کی بھی سننے کو تیار نہ تھے۔ حتیٰ کہ جبرئیل کے روکنے پر بھی آپ رکنے پر نہ تھے۔ تو پھر آپ خود ہی درخواست کر رہے ہیں۔ کہ مجھے واپس مدینہ منورہ جانے دو۔ ان دونوں باتوں میں باہم کیا تعلق ہے۔ بلکہ آپ کی ان تین درخواستوں سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ آپ اس ارادہ سے نہیں آئے تھے کیونکہ مدینہ منورہ واپسی ہو جاتی تب بھی معاملہ ختم ہو جاتا۔ اور اگر مسلمانوں کی کسی سرحد پر پہنچا دیا جاتا تب بھی لڑائی ختم اور اگر یزید کے پاس لے جایا جاتا تو گفتگو سے معاملہ ٹل جاتا۔ یہ صرف دو عبارات کا تقابلی ذکر ہوا۔ اسی طرح اس کتاب میں بہت سے واقعات اور بہت سی واعظانہ باتیں ایک دوسرے سے ٹکراتی

marfat.com

Marfat.com

ہیں۔ کیونکہ "دروغ گورا حافظہ نباشد" جھوٹے کی یاداشت نہیں ہوتی۔ اگر تحقیق مقصود ہوتی تو پھر اس موضوع پر کتب کا مطالعہ کر کے پھر کوئی نتیجہ نکال کر اسے تحریر کیا جاتا، اعلاً رنگ نہ دیا جاتا۔

اب میں آپ کو ان واقعات میں سے صرف ایک واقعہ کی طرف لے جانا چاہتا ہوں۔ جو صاحبزادہ صاحب نے اس دردناک انداز سے لکھا ہے۔ کہ شیعہ ذاکر بھی اسے پڑھ کر آنسو بہانا شروع کر دیں۔ اور اس کا ہر قاری پڑھتے پڑھتے آنسو بہانے سے نہیں رک سکے گا۔ اور پھر کہا جائے گا۔ کہ یہ واقعہ قرآن و حدیث کی طرح بالکل حقیقت ہے۔ حالانکہ بالکل بے سروپا اور افسانہ ہے۔ اور اس پر مزید یہ کہ کوئی سنی جب اس کو پڑھے پڑھائے گا۔ اور یہ دیکھے گا کہ اس کا لکھنے والا بہت بڑا سنی عالم ہے۔ تو اس کی مخالفت کرنے والے کو فوراً شیعہ کہہ دے گا۔ اور امام عالی مقام سے محبت و عشق سے خالی ہونے کا فتوے جڑ دے گا۔ یہ علماء اہل سنت کے لیے اتنی بڑی بلاء ہے کہ جس سے جان چھڑانی مشکل اگر اس قسم کے قصہ جات کی تردید کرتے ہیں تو ان پر خارجی ہونے کا الزام لگایا جاتا ہے۔ اگر تردید نہیں کرتے تو حق کا دامن بھی ہاتھ سے جاتا ہے اور شیعہ لوگوں کے مسلک کی تائید بھی ہوتی ہے جو اہل حق کے لیے زہر قاتل ہے اور اس لیے ہی عوام نہیں سمجھ سکے کہ شیعوں کا مسلک صحیح ہے یا غلط کیونکہ واقعہ کربلا کے بیان کرتے میں سنی واعظین اور شیعہ ذاکرین دونوں کا مقصد صرف رلانا ہوتا ہے۔ یہ واقعہ سیدہ صغریٰ کا واقعہ ہے۔ جسے "صغریٰ کا قصہ" عنوان دے کر گیارہ صفحات پر پھیلا کر بیان کیا گیا ہے۔ خاک کربلا ص ۲۰۷ تا ص ۲۰۹، اور ص ۲۹۲ تا ص ۳۰۰ کی فوٹو کاپی ہم ساتھ لگا رہے ہیں۔ تاکہ آپ اصل عبارت کو پڑھ کر ہماری بات کی تصدیق کریں۔ کہ واقعہ میں جو کچھ ہم نے لکھا ہے۔ اس سے کہیں زیادہ ہمارے سنی واعظین نے لکھا ہے لہذا درج ذیل فوٹو کاپیاں ملاحظہ فرمائیں۔

marfat.com

Marfat.com

# صغریٰ مدینے میں

یہ کون رو رہی ہے۔ کہ کائنات کا سینہ شق ہوا جاتا ہے۔ یہ کس کی گریہ وزاری سے آسمان کا کلیجہ پھٹ رہا ہے۔ یہ کس کی آہ و بکا سے عرشِ الٰہی کانپ رہا ہے۔ یہ کس دکھی کی فریاد سے فرشِ زمین لرز رہا ہے۔ یہ کس کی پُردرد آہ و فغاں سے مدینے کے در و دیوار رو رہے ہیں۔ یہ کس کے پُرسوز نالوں سے تُربتِ زہرہؑ جنبش میں ہے۔ یہ کس کی دردناک گریہ وزاری نے میرے دل کو تڑپا دیا ہے اور یہ کس کی پُرسوز آہ و بکا نے میرے سینے کو جلا دیا ہے؟

یہ صغرا ہے ـــ امام حسینؑ کی بیمار بیٹی صغرا ـــ جسے حضرت امام عالی مقام مدینہ ہی میں چھوڑ آئے تھے۔ جسے باپ نے کہا تھا کہ ایک مہینے کے بعد میں علی اکبر کو بھیجوں گا تو تمہیں ساتھ لے آئے گا۔ مگر دن گزرے راتیں گزریں۔ صبحیں ہوئیں اور شامیں گئیں اور پھر تین مہینے گزر گئے ہیں۔ مگر نہ علی اکبر ہی آیا ہے اور نہ ہی باپ! نہ عابد کا کوئی پتہ ہے اور نہ اصغر کا۔ نہ پھپھی کی کوئی اطلاع آئی نہ ماں کی ـــ صبح ہوتی تو وہ دروازے پر بیٹھ جاتی اور جو بھی پاس سے گذرتا اس کا دامن پکڑ کر فریاد کرتی۔ اور پوچھتی کہ اے خدا کے بندے تو نے میرے باپ کو کہیں دیکھا ہے تو بتا دو

marfat.com

Marfat.com

میری بہن کو کہیں دیکھا ہے تو اس کا حال سناؤ۔ اور میرے ویروں کا کچھ پتہ ہے تو بتاؤ ــــ مگر وہ صغرا کو دیوانی سمجھ کر دامن چھڑا کر آگے نکل جاتا۔ شام ہوتی تو ان پرندوں کو دیکھتی جو اپنے رزق کی تلاش میں دور دور نکل جاتے ہیں۔ مگر شام ہوتے ہی اپنے اپنے گھونسلوں میں آجاتے ہیں۔ تو اور بھی بے چین ہو جاتی اور اس کا کلیجہ اس خیال سے پھٹ جاتا۔ کہ میرے بھائی بھی دور گئے تھے۔ میرا باپ بھی پردیس گیا تھا اور میرے سنگ والے بھی سفر پر گئے تھے۔ مگر یا اللہ! یہ پرندے تو صبح جاتے ہیں اور اسی شام کو واپس آجاتے ہیں۔ مگر میرے گھر والوں کو تو تین مہینے گزر گئے ہیں وہ ابھی تک کیوں نہیں آتے۔ رات ہوتی تو بھوکی پیاسی ایک ٹوٹی ہوئی چارپائی پر لیٹ جاتی۔ دروازہ ہولے سے بھی ہلتا تو اس امید پر اٹھتی اور دروازہ کھولتی کہ شاید میرا ویر علی اکبرؑ آگیا ہے۔

وہ مدینے سے باہر نکل جاتی۔ اور ہر آنے والے مسافر کے پاؤں پکڑ کر گریہ وزاری کرتی۔ اور پوچھتی! اے اللہ کے نیک بندے تو کوفہ سے آیا ہے۔ مجھے بتا کہ میرے باپ کا کیا حال ہے۔ میرا بھائی علی اکبرؑ مجھے لینے کے لئے کیوں نہیں آیا۔ میرا ویر اصغر تو اب باتیں کرتا ہوگا۔ اور میری بہن بھی مجھے یاد کرتی ہوگی۔ نواسہ رسولؐ کی یہ بیمار بیٹی صغرا اپنے باپ کے فراق میں۔ اپنی ماں کی جدائی میں اور اپنے بہن بھائیوں کے غم میں شب و روز روتی رہتی۔ کوئی پرسان حال نہیں تھا۔ کوئی تسلی دینے والا نہیں تھا۔ نہ کوئی ہمدرد و خیر خواہ تھا اور نہ کوئی غم خوار و مددگار۔

ایک دن وہ اپنے معمول کے مطابق مدینے کے چوراہے میں بیٹھی

marfat.com
Marfat.com

ہر گذرنے والے سے اپنے گھر والوں کا پتہ پوچھ رہی تھی کہ ایک شتر سوار اپنے اونٹ کو تیزی سے دوڑاتا ہوا پاس سے گذر گیا۔ بی بی صغرا اس کے پیچھے دوڑی آواز دی اور کہا بھائی۔ شتر سوار نے اس بچی کی آہ وفغاں سُنی تو ٹھہر گیا۔ اونٹ سے نیچے اترا۔ اور پوچھا۔ بی بی تو کون ہے ؟ اور یہاں کیوں بیٹھی ہے ؟ اور کس کے فراق میں روتی ہے ؟ بی بی صغرا نے کہا بابا ! آج تین مہینے گذر گئے ہیں۔ میرے گھر والے مجھے اکیلی چھوڑ کر چلے گئے ہوئے ہیں۔ اُن کے انتظار میں بیٹھی ہوں اور اُن کے فراق میں تڑپتی ہوں۔ معلوم ہوتا ہے کہ تو کوفہ سے آیا ہے۔ مجھے میرے باپ کا پتہ بتا۔ میرے بھائی کا حال سُنا۔ کیا تو نے اُن کو دیکھا ہے ؟ شتر سوار کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ وہ حیران تھا کہ اس بچی کو کیا ہو گیا ہے اور اس کو کیا جواب دے۔ سوار نے جواب دیا۔ بچی، میں تو یمن سے آیا ہوں۔ مجھے تمہارے گھر والوں کا کوئی پتہ نہیں ہے۔ بی بی پاک صغرا ہر مسافر سے پوچھتی کہ تو کہاں سے آیا ہے ؟ کوئی کہتا میں مصر سے آیا ہوں۔ کوئی کہتا میں روم سے آیا ہوں۔ مگر یہ کوئی بھی یہ نہ کہتا۔ کہ میں عراق سے آیا ہوں۔ کوفہ سے آیا ہوں۔ اور کربلا سے آیا ہوں۔ صغرا نے ایک پُر سوز آہ بھری اور فریاد کی :-

سب پردیسی وطنیں آئے توں وی اکبر موڑ مہاراں
وعدہ کر کے اوڑی جایا میرا ویں نہ آیوں ساراں
راتیں وچہ فراق تیرے میں رو رو کراں پکاراں
دن چڑھے تے بیعی پھر دی تینوں وچہ اجاڑاں

(نوٹ) یہ پہلا مضمون ۲۰۷ تا ۲۰۹ تک کا ہے اس میں جو اول تا آخر جھوٹی داستان مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی پر زور دیا گیا ہے۔ وہ آپ نے پڑھ لیا۔ اب جو باقی کسر رہ گئی تھی وہ دوسرے مضمون ص ۲۹۳ تا ۳۰۰ تک میں نکال رہے ہیں۔ فوٹو کاپی ملاحظہ ہو۔

marfat.com
Marfat.com

# بیٹی صغرا کا قاصد

ایک ... وزنی سوار مدینے پاک کی گلیوں میں سے گزرتا ہوا ایک تنگ سی گلی میں پہنچا۔ اُس نے دیکھا کہ ایک ٹوٹے ہوئے مکان کے دروازے میں زمین پر ایک معصوم سی بچی یا حسینؑ! یا حسینؑ! کے نعرے لگا رہی ہے۔ اس معصوم بچی کے یہ دردناک نعرے سُن کر وہ سوار اس کے پاس گیا۔ اور پوچھا۔ اے پاک بی بی تو کون ہے؟ سوار کے اس ہمدردانہ سوال سے صغرا کو کچھ حوصلہ ہوا۔ اور فرمایا ——

بابا! میں امام حسینؑ کی بچھڑی ہوئی بیٹی ہوں۔ اور میرا نام صغرا ہے۔ وہ مجھ کو تنہا اور بیمار چھوڑ کر کوفہ چلے گئے ہیں —— میں بیمار ہوں۔ دکھی ہوں۔ تسلی دینے والا کوئی نہیں ہے۔ میرے دوا دینے والا کوئی نہیں —— ابا جان نے کہا تھا۔ کہ ایک مہینے کے بعد علی اکبر آ کر تمہیں لے جائے گا۔ مگر تین مہینے ہو گئے ہیں۔ ان کا کوئی پتہ نہیں آیا —— صبح سے لے کر شام تک دروازے میں بیٹھی ان کا انتظار کرتی ہوں —— اور ہر آنے جانے والے سے اپنے باپ کا پتہ پوچھتی ہوں۔ مگر کوئی بھی ان کا پتہ نہیں دیتا —— یہ میرے نانے کی اُمت صبح سے شام تک میرے سامنے آتی بھی ہے۔ اور جاتی بھی۔ مگر مجھ غریبنی کو کوئی پوچھتا ہی نہیں۔

اے اللہ کے نیک بندے! اگر تو کوفہ کی طرف جا رہا ہے۔ تو خدا کے لئے مجھے بھی ساتھ لے چل —— اور اگر تو نے کوفے تک نہیں جانا۔ تو نہ سہی۔ جہاں تک تو لے جا سکتا ہے۔ مجھے لے چل۔ آگے کا مجھے راستہ بتا دینا۔ میں گرتی پڑتی۔

marfat.com

Marfat.com

اٹھتی بیٹھتی اور ہانپتی کانپتی کوفے پہنچ جاؤں گی ——— اور اگر تو اونٹنی پر نہیں بٹھا سکتا تو نہ سہی میں اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں کو ملنے کی خوشی میں تیرے اونٹ کے آگے آگے دوڑتی جاؤں گی۔ میں اپنی بھوک اور پیاس کی بھی شکایت نہیں کروں گی ——— میں راستے میں تجھے کوئی تکلیف نہیں دوں گی ——— مجھے بیمار سمجھ کر نہ چھوڑنا۔ اگرچہ میں بیمار ہوں مگر ماں باپ کی ملاقات کی خوشی میں میری بیماری جاتی رہے گی۔ اور بہن بھائیوں کے ملنے کے شوق میں مجھ میں ہمت آجائے گی ———

سوار نے عرض کی۔ اے سیدۂ پاک اگر میں نے تیرا خط تیرے باپ کو پہنچا دیا تو مجھے تو کیا انعام دے گی؟ ——— سوار نے سمجھا۔ کہ آج امام حسینؓ کی اس بچی کی خدمت کرکے میری عاقبت سنور جائے گی۔ میرا دین کامل ہو جائے گا۔ پل صراط سے گزرنا آسان ہو جائے گا۔ اور میدانِ حشر کی گرمی میں رسولِ پاک کی کالی کملی کا سایہ ملے گا ——— اور علیؓ سے حوضِ کوثر کا پیالہ نصیب ہوگا ———

بیمار صغرا نے فرمایا ——— اے قاصد ——— میرے پاس سونے اور چاندی کے خزانے نہیں ہیں۔ لعل و جواہرات کے ڈھیر نہیں ہیں ——— ریشمی چادریں اور شاہی محل نہیں ہیں ——— پر پھر بھی ———

اے لے کپڑیاں دے نی دو جوڑے تینوں ہور دی کجھ عطا کرساں

بڑے سخی دے سخی دی میں ہاں بچی اہلِ بیت ہاں ہور دعا کرساں

جے کر پہنچ گئی میں کربلا اندر تیرے دکھاں دی آپ دوا کرساں

روز حشر دے میریا قاصدا او تینوں کوثر دا جام عطا کرساں

اے خدا کے نیک بندے ——— اپنے بچوں کا صدقہ مجھ پر رحم کر۔ میں بے بس تھا۔ اور میری فریاد کو قبول کر۔ میں دکھی ہوں۔ میرا سہارا بن۔ میں بیمار ہوں۔ مجھے دوا دے ——— خدا تیرے بچوں کی عمر دراز کرے

marfat.com

Marfat.com

مَیں مفلس ہُوں - میرے پاس اور تو کچھ نہیں ہے ـــــ یہ دو جوڑے کپڑوں کے ہیں - یہ لے - ـــــ تیرے بچّوں کے کام آئیں گے - اور اگر مَیں کوفے پہنچ گئی - تو تجھے اور بھی بہت کچھ عطا کروں گی - تیرے بچّوں کے حق میں دُعا کروں گی

ـــــ اور قیامت کے دن حوض کوثر سے سیراب کروں گی -

اتنا کہہ کر وہ بچّی پھر یا حسینؑ پکارتی ہُوئی بیہوش ہوگئی - قاصد نے آگے ہو کر اُس بچّی کے سر پر ہاتھ رکھا - تو پتہ چلا کہ بچّی بخار میں جھلس رہی ہے اور اتنی کمزور ہے - کہ اُٹھ نہیں سکتی - قاصد نے بچّی کے مُنہ پر ٹھنڈا پانی چھڑکا ـــــ وہ ہوش میں آئی - تو پوچھنے لگی ـــــ کیا میرے ابّا جان آ گئے ہیں - کیا علی اکبرؑ مجھے لینے کے لئے آ گیا ہے ـــــ کیا میرا ننھا سا بھائی اصغر بھی ساتھ ہے -

قاصد نے ہاتھ جوڑ کر جواب دیا - بیٹی مَیں بھی خاندانِ نبوّت کا گداگر ہوں - اور اہلِ بیت کے گھرانے کا خادِم ہُوں - گھبراؤ نہیں - مَیں تمہیں ضرور لے چلتا - مگر یہ دیکھ لو - میرے اُونٹ پر کجاوہ نہیں ہے - اور تم بیمار اور کمزور ہو - ہاں مَیں تمہارا خط تمہارے باپ تک ضرور پہنچا دُوں گا - اور اگرچہ میرے بچّے بیمار ہیں - اور مَیں اُن کی دوا کے لئے ہی مدینے آیا تھا - مگر اب جب تک تمہارا خط تمہارے باپ کو نہ پہنچاؤں - اُس وقت تک اپنے بچّوں کو دیکھنا حرام ہے -

بنتِ حسینؑ قاصد سے یہ سُن کر بول اُٹھی - بابا جی ! خدا کے لئے ایسا نہ کرو اور جاؤ اپنے بچّوں کو دوا پلاؤ - کہیں ایسا نہ ہو کہ اُن کا صبر مجھ پڑے -

قاصد نے کہا بیٹی نہیں ! اب یہ نہیں ہو سکتا - کہ مَیں اب اپنے بچّوں کی خاطر تیری اس خدمت گذاری میں دیر کر کے خدا اور رسولؐ کی ناخوشی اپنے سر لُوں ـــــ اور یہ لو اپنے کپڑے - مَیں اس خدمت گذاری کا صلہ تم سے نہیں - تمہارے نانے مصطفٰے علیہ السّلام سے قیامت میں لُوں گا -

marfat.com

Marfat.com

اور پھر اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں سے بچھڑی ہوئی بیمار صغرا نے ایک درد بھرا خط لکھ کر سوار کے حوالے کیا۔ سوار نے اپنے اونٹ کا منہ کوفے کی طرف موڑا۔ اور یہ دعا کرتا ہوا روانہ ہو گیا ——

یا اللہ! میں منزل مقصود پر پہنچ جاؤں۔

اُدھر صغرا کے قاصد نے دعا کی —— اُدھر خدا نے فرمایا —

جبرئیل! میرے پیارے حسینؑ کی پیاری بیٹی صغریٰ کا خط لے کر یہ قاصد کربلا کو جا رہا ہے۔ زمین کی طنابیں کھینچ لو ——

ننھی سی لاش کو کربلا کی تپتی ہوئی ریت میں دفن کرنے کے بعد حضرت امام حسینؑ رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ خیموں کی طرف واپس آ رہے تھے ——

مدینے کی طرف نگاہ اٹھائی۔ تو دور سے غبار اڑتا ہوا نظر آیا —— سمجھے کہ شاید کہیں سے کوئی مدد آ رہی ہے —— آپ ٹھہر گئے —— غبار تیزی سے قریب آتا گیا —— اور پھر اسی غبار سے ایک سانڈنی سوار نمودار ہوا۔ وہ قریب آیا —— اس نے اپنے اونٹ کو بٹھایا۔ اور امام مظلوم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ سر جھکایا اور قدموں کو بوسہ دیا —— اور عرض کی یا امام آپ یہاں ہیں —— ؟ وہ سامنے لشکر کس کا ہے؟ اور ان خیموں میں کون ہے؟

آپ تو کوفے گئے تھے —— اور سنا تھا کہ کوفہ والے آپ کے ساتھ ہیں۔

سیدہ کے لال نے جواب دیا —— کوفہ والوں نے دھوکہ دیا ہے —— وہ لشکر یزید کا ہے —— اور ان خیموں میں ناموسِ رسالت چھپی ہوئی ہے۔

اور پھر پوچھا! تم کون ہو؟ کہاں سے آئے ہو۔ اور تمہیں کس نے بھیجا ہے؟

سوار نے عرض کی! ——

marfat.com

Marfat.com

میں صغرا دا قاصد حضرت شہر مدینیوں آیا
جس بچی نوں چھڈ آیا سیں اُس دا خط لیایا

آقا! میں مدینے پاک سے آیا ہوں۔ اور آپ کی بیٹی صغرا کا قاصد ہوں۔ مظلوم کربلا کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی اور فرمایا میرے قریب آؤ ——— تم میری بیٹی صغرا کے قاصد ہو۔ میرا دل چاہتا ہے کہ میں تمہارے قدم چوم لوں ——— بھائی! تم نے میرے لئے بہت تکلیف اٹھائی۔ اور مجھ پر احسان کیا۔ اور احسان کا بدلہ میں قیامت کے دن ادا کروں گا ——— بتاؤ میری بیٹی کیسی ہے؟ قاصد نے اپنی جیب سے صغرا کا خط نکال کر حضرت حسینؑ کے ہاتھوں میں دے دیا۔

امام عرش مقام نے بیٹی کے خط کو سینے سے لگایا اور پھر چوما۔ اور پھر کھول کر پڑھا ——— لکھا تھا!

ابا جان! آپ کی بچھڑی ہوئی بیٹی سلام عرض کرتی ہے۔ ابا جان! آپ تو کہہ گئے تھے۔ کہ ایک مہینے کے بعد علی اکبرؑ آئے گا۔ اور تمہیں لے جائے گا۔ مگر تین مہینے گذر گئے ہیں۔ پر ———

نہ اکبر نہ اصغر آیا تے نہ آئی بھین سکینہ
باجھ بھراواں سُنجا لگدا مینوں شہر مدینہ

اور لکھا تھا۔ کہ میں ساری ساری رات آپ کے انتظار میں سوتی نہیں ہوں۔ صبح سے لے کر شام تک دروازے پر بیٹھی آپ کی راہ تکتی رہتی ہوں۔ اور ہر آنے جانے والے سے آپ کا پتہ پوچھتی ہوں۔ مگر کوئی آپ کا پتہ نہیں دیتا۔

اب میں اچھی ہوں۔ خدا کے لئے اب مجھے اپنے پاس بلا لو۔ بھائی اکبر کو بھیجو۔ مجھے آکر لے جائے۔ اور آپ تو بچوں کے ساتھ دل بہلاتے ہوں گے۔ مگر میں تنہا اور اکیلی اداس رہتی ہوں ——— اماں جان بھی اور پھوپھی جان

marfat.com
Marfat.com

ہی جا کر مجھے بھول گئی ہیں ــــ بھولیں کیوں نہ ــــ اُن کے پاس اکبرؓ اصغر ہیں۔ اور عون و محمد ہیں۔ اور اُن کے ساتھ اپنا جی بہلاتی ہوں گی۔ مگر مجھ دکھیاری کا کسی نے پتہ تک نہیں کیا۔ اچھا میں آؤں گی۔ تو شکایت کروں گی اور بھائی علی اکبر سے کہنا۔ کہ بھائی اپنی بہنوں کے ساتھ ایسے ہی وعدے کیا کرتے ہیں۔ تم نے تو کہا تھا۔ کہ میں خود ایک مہینے کے بعد آ کر تمہیں لے جاؤں گا۔ مگر تمہارا راستہ دیکھتے دیکھتے تین مہینے ہو گئے ہیں۔

اور لکھا تھا۔ اباجی! میں نے بھتیجا اصغر کے لئے کپڑے سیئے ہیں اور کھلونے خریدے ہیں ــــ جب آؤں گی۔ تو اپنے ہاتھوں سے اس کو پہناؤں گی۔ اب تو وہ چلتا ہوگا۔ اور باتیں بھی کرتا ہوگا۔

امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیٹی کا خط پڑھا تو کلیجہ پھٹ گیا۔ اور فرمایا بھائی! خدا تمہارا بھلا کرے۔ اور تیرے بچوں کی عمر دراز کرے۔ جس بچی کا تو خط لے کر آیا ہے۔ وہ میری بیٹی صغریٰ ہے۔ اب میں تمہاری اس خدمت گذاری اور تکلیف اٹھانے کا کیسے شکریہ ادا کروں اور تمہاری کیا خدمت کروں۔ گرمی کا موسم ہے تم دور سے آئے ہو۔ تمہیں پیاس تو ضرور ہو گی۔ مگر افسوس کہ میں تمہیں پانی بھی نہیں پلا سکتا۔ اس لئے کہ عمر و سعد نے آج تین دن سے اہلِ بیت پر پانی بند کر دیا ہوا ہے۔

اور آج میں اس وقت جبکہ عون و محمد دین کی آبرو پر قربان ہو چکے ہیں! جب قاسمؓ و عباسؓ اسلام کی عظمت پر نثار ہو چکے ہیں۔ جب علی اکبرؓ شریعت مصطفےٰ علیہ السلام کی آن پر شہید ہو چکا ہے۔ جب معصوم اصغر حق و صداقت کی سربلندی کی خاطر میری جھولی میں دم توڑ چکا ہے اور جب حسینؓ اپنے عزیزوں کو شدتِ پیاس سے تڑپتا دیکھ چکا ہے! اور جب حسینؓ اپنے ساتھیوں کی لاشیں اپنے کندھوں پر اٹھا اٹھا کر تھک چکا ہے۔ اور جب حسینؓ خود بھی خلافتِ اسلامیہ اور امانت

marfat.com
Marfat.com

الہیہ کی حفاظت کی خاطر اپنا سر بھی کٹوانے کو تیار کھڑا ہے! اس وقت اگر حسینؑ کی کوئی آخری خواہش تھی تو یہ تھی کہ آخری وقت میں اپنی بیمار بیٹی صغرا کو دیکھ لوں۔ اس لئے اے خدا کے نیک بندے تو نے مجھ غریب پر بڑا احسان کیا ہے۔ کہ میری بیٹی کا خط لے کر اس خونیں میدان میں آگیا۔ آج تو نہیں ——— کل اس احسان کا بدلہ حوضِ کوثر کے جام پلا کر ادا کروں گا۔ اور اب ایک نیکی اور بھی کر دو۔ کہ میرا پیغام بھی میری بیٹی تک پہنچا دو اور جو کچھ تم نے دیکھا ہے۔ اس کو جا کر بتا دو۔ اور کہنا کہ عون و محمد قربان ہو چکے ہیں۔ قاسمؑ و عباسؑ دفن ہو چکے ہیں۔ علی اکبرؑ شہید ہو چکا ہے۔ اور جس اصغر کے لئے تم نے کپڑے سیئے ہیں۔ اور کھلونے خریدے ہیں۔ وہ دم توڑ چکا ہے۔ اور جن کو تو یاد کرتی ہے۔ وہ سب ختم ہو چکے ہیں۔ اور تیرا باپ حسینؑ بھی چند ساعتوں کا مہمان ہے۔ مگر یہ گواہی دینا۔ کہ تمہارے باپ نے تمہارے خط کو پہلے سینے سے لگایا تھا۔ اور چوم کر کھولا تھا۔

اے میری بیٹی کے قاصد! اب تو یہاں سے جلدی نکل جا۔ کہیں ایسا نہ ہو۔ کہ دشمن تجھے بھی قتل کر دیں۔ اور میرا پیغام میری بیٹی تک نہ پہنچ سکے۔ بیٹی کے قاصد کو وداع کر کے حضرتِ امام حسینؑ علی اکبرؑ کی لاش پر گئے اور کہا ———

لے اکبر ایہہ خط صغرا دا تینوں یاد کریندی

اوہ اجے بھی آس ملن دی رکھدی تیرا پند پچھیندی

دیہہ جواب صغرا دیا ویرا حضرت آکھ سنایا

تڑفی لاش علی اکبرؑ دی ایہہ آوازہ آیا

صغرا معاف کریں اکبر نوں نئیں اس وعدہ پورا کیتا

ہے افسوس بن ملیاں تینوں میں جام شہادت پیتا

marfat.com

Marfat.com

پھر بیٹی صغرا کا خط لے کر خیموں میں گئے۔ اور تمام کو پڑھ کر سنایا۔ خط کو سن کر تمام اہل بیت رونے لگے۔ ایک کہرام مچ گیا۔ اور ایک حشر برپا ہو گیا۔ ہر ایک نے اپنی بچھڑی ہوئی صغرا کے خط کو سینے سے لگایا۔ اور چوما۔

قارئین کرام! آپ نے صاحبزادہ افتخار الحسن صاحب کا گیارہ صفحات پر مشتمل مضمون پڑھا جس میں انہوں نے اسے پر اثر بنانے کے لیے جتنے بھی ادیبانہ الفاظ لا سکتے تھے۔ لانے میں پوری کوشش کی اور میں سمجھتا ہوں کہ اس واقعہ کو جس طرح صاحبزادہ صاحب نے تحریر کیا ہے بشرطیکہ کوئی ثقہ عالم نہ ہو تو بغیر ماتم کیے نہیں رہ سکتا۔ حالانکہ فاطمہ صغریٰ بنت حسین رضی اللہ عنہا کے اس من گھڑت واقعہ میں رائی بھر بھی حقیقت نہیں پائی جاتی۔ بلکہ اول تا آخر اپنے من گھڑت تخیلات کا پلندہ ہے کہ جس کا حکم اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ نے اپنے فتاویٰ میں میں گناہوں کے درجات کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

## فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# چہل و یکم

# فاطمہ کا لال مصنفہ مفتی حبیب سیالکوٹی

اس کتاب کی تقریظات میں اگرچہ مفتی صاحب کی تعریف کے اس تصنیف کی وجہ سے صفحات بھر دیئے گئے ہیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ جو کہا گیا ہے۔ دراصل کتاب کا ہر واقعہ بحوالہ نقل کیا گیا ہے،، یہ صرف حسنین کریمین کی تعریف اور اوصاف تک محدود ہے۔ رہی یہ بات کہ واقعہ کربلا کو مفتی صاحب نے ذکر کیا ہے۔ اور جن جن واقعات کو رنگیلا پنی سے ذکر کیا ہے اس کی حیثیت خاک کربلا وغیرہ سے زیادہ نہیں ہے۔ کہ جو رنگیلا پنی کے ساتھ کربلا کے موضوع پر لکھی گئی۔ جن کا تذکرہ ہم کر چکے۔ بہر حال مفتی صاحب ایک بہترین خطیب ہیں۔ انہوں نے اپنے خطیبانہ رنگ میں رنگیلا پنی سے کام لیتے ہوئے واقعات کو اس طرح بیان کیا۔ کہ جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ اس لیے ہم ان کی عبارات کو نقل کرنا باعث طوالت سمجھتے ہیں۔ لیکن فاطمہ صغریٰ بنت حسین رضی اللہ عنہ کے من گھڑت قصہ کی ایک عبارت نقل کرتے ہیں۔ اس کے پڑھنے سے ہی قارئین سمجھ جائیں گے کہ اس کتاب میں جو کچھ لکھا ہے اس کی حیثیت کیا ہے؟ اس لیے ہم نے کثیر کتب کا ذکر نہیں کیا۔ جو کربلا کے موضوع پر لکھی گئیں۔ کیونکہ ان کا تانا بانا بھی مذکورہ کتب سے ملتا جلتا ہے۔ لہٰذا جن جن کتب میں مذکورہ واقعات منقول ہیں سمجھ لیں یہ کتب اہل سنت کے نزدیک غیر معتبر ہیں۔ آج کل کے سنی واعظین کی محرم کی تقریروں کی کامیابی کے لیے سیدہ صغریٰ بنت حسین کا من گھڑت واقعہ زینت بنا ہوا ہے

marfat.com
Marfat.com

حتیٰ کہ بہت کمزوری بڑھ گئی۔ تیمار داری و حفاظت اور خدمت سے والد بیٹی کی حفاظت اور کمزور
بیٹی ان کو دوا دیتے رہتے ... سے ... بات بات پر بیگم سجاد ... کو
... آپ بیٹی ... واقعہ ... سے ... حقیقت ... ہوئے
... ضعف ... ہی ... کا حالہ ... اور کوئی وحدہ ... ہے

## بیمار صغریٰ فاطمہ سے رخصت

آپ کی کافی کوشش و وقت سے عظیم مسجد نبوی میں ... اور گھر رات بھر ... بیٹھے ہوئے
بے حسی کی حالت ... وقت ... سے جدا ہوئے ... سے
آپ مسجد میں تشریف لائے ... کا ... ان کے ... سفر ...
سے مسجد ... سے تھے۔ حضرت ... کے پیچھے ... چھوٹ گئی ...
... سے بے حال ہو گئے ... بسمل کی مانند تڑپ گئے۔ حضرت زینب کا ... سرکار حسین
... کا ... پیچھے پر ہاتھ رکھے ہوئے ... کا ... ہے ...
آپ کا بیٹا ... ساتھ گھر تشریف لے گئے ... پاؤں واپس آ گئے ...
ابا جان ... کرنے لگے۔ ... آپ جا رہے ہیں ذرا گھر تشریف لائیں۔ وہ ... آپ سے
کچھ کہنا چاہتی ہیں۔ آپ اسی بے قراری و بے چینی کے عالم میں گھر تشریف لائے ... ام
اسحاق دروازے پر کھڑی آپ کا انتظار کر رہی تھیں۔ آپ نے فرمایا ام اسحاق کہو
کیا بات ہے ابھی تک قافلہ کیوں نہیں چلا۔ ... غم نصیب بیوی نے دست بستہ ہو
کر عرض کی۔ سرکار کنیز تعمیل ارشاد کے لیے تیار ہے لیکن ... میری بچی صغریٰ فاطمہ
سخت بیمار ہے۔ سفر کرنے کے قابل نہیں۔ آپ نے تو ساری رات نانا پاک کے
روضۂ اطہر پر گزاری لیکن میں نے بیمار بچی کے سرہانے بیٹھ کر ... بخار
بخار ہے کہ اسے تن بدن کا ہوش نہیں۔ بہکی بہکی باتیں کر رہی ہے اور اس پر ... بار بار غشی
طاری ہے۔ ذرا چل کر آپ بھی اسے دیکھ لیں۔ یہ دیکھ کر شفقت پدری کے جوش میں امام
بچی کے قریب گئے۔ دیکھا بچی بے ہوش پڑی ہے نہ تو بول سکتی ہے اور نہ اٹھ ہی سکتی

marfat.com
Marfat.com

سے امام یہ دیکھ کر بہت دل برداشتہ ہوئے اور الم پر الم، ستم پر ستم سہتے ہوئے گھر سے نکلنے لگے تاکہ معصوم صغرا کو کسی کے سپرد کیا جا سکے۔ عفت مآب عورت ام اسحاق نے عرض کی حضور میرا خیال ہے کہ آپ گورنر مدینہ سے کچھ دنوں کی مہلت لے لیں۔ جب بچی کی حالت کچھ سنبھل جائے گی۔ تو ہم چلے جائیں گے۔ آپ نے فرمایا اے ام اسحاق میں چونکہ آج چلے جانے کا وعدہ کر چکا ہوں۔ (قول مرداں جاں دارد) اب میں ہرگز مزید مہلت طلب کرنے کے لئے تیار نہیں۔ اسی بے قراری کے عالم میں اٹھے اور نانی اماں ام المومنین حضرت ام سلمیٰ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے جب حضرت ام سلمیٰ نے حضرت امام کو اپنے دروازے پر دیکھا تو حیران ہو کر پوچھنے لگیں۔ اے میرے بیٹے میں تجھے الوداع کہنے کے لئے آنے ہی والی تھی۔ تو نے کیوں تکلیف کی آپ بعلب بیبیاں و بچشم گریاں کہنے لگے۔ اے نانی جان آج آپ کے دروازے پر نواسہ رسول جگر گوشہ بتول اور علی کا لاڈلہ نہیں بلکہ ایک بیمار بچی کا باپ حاضر ہوا ہے۔ رات سے معصوم صغرا نا طرح سخت بیمار ہے میں سفر کے لئے تیار ہوں۔ بچی اس قابل نہیں کہ اسے ساتھ لے جاؤں۔ اس لئے جب تک میں مکہ شریف نہ پہنچ جاؤں۔ آپ بچی کو اپنی آغوش شفقت میں جگہ دیں۔ میں مکہ پہنچتے ہی اسے وہاں بلانے کا انتظام کروں گا۔ نانی اماں حضرت ام سلمہ نے کہا بیٹا اس میں پوچھنے والی کون سی بات تھی۔ اسی وقت میری بچی کو میرے پاس لاؤ۔ حضرت امام اسی وقت گھر کی جانب لوٹے۔ علی اکبر اور قاسم کو بلایا اور فرمایا اے صغرا کے بھائیو بیمار بہن کی چارپائی اٹھا کر نانی اماں کے گھر لے چلو۔ معلوم نہیں کہ اس کی ڈولی اٹھانا تمہیں نصیب ہو کہ نہ ہو۔ بھائیوں نے چارپائی اٹھائی اور حضرت ام سلمہ کے گھر لے آئے۔ ساتھ ہی چھوٹا سا قافلہ بھی چل پڑا۔ جب بھائیوں نے صغرا کی چارپائی وہاں رکھی تو اچانک معصوم کی آنکھ کھل گئی۔ بچی یہ سارا نقشہ دیکھ کر ششدر رہ گئی دل ہی دل میں سوچنے لگی۔ یا اللہ میرے بھائی علی اکبر نے صندوق کیوں اٹھا رکھا ہے۔ بھائی قاسم نے بستر کیوں باندھ رکھے ہیں۔ میرے ابا جان کدھر جا رہے ہیں۔ امی جان کا کیا ارادہ ہے؟ آخر یہ کیا ہونے والا ہے۔ بچی چونک

marfat.com

Marfat.com

بڑی۔ اٹھی اور گھبرا کر دائیں بائیں دیکھنے لگی۔ اس کی نگاہ کبھی ماں کے پژمردہ چہرے پر پڑتی تو کبھی پھوپھی زینب کے غم آلودہ بشرے میں جذب ہو کر رہ جاتی۔ کبھی بھائی اکبر کی زبوں حالی کا نقشہ دیکھتی تو کبھی والد محترم کی بیقراری پر نگاہ دوڑاتی۔ مگر کچھ سمجھ میں نہ آتا تھا۔ چلا کر پکاری۔ اے ابا جان یہ کیا ہو رہا ہے کیا میں عالم بیداری میں ہوں یا کہ ایک خواب دیکھ رہی ہوں۔ امام عالی مقام کا دل بھر آیا۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے بچی کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیرتے ہوئے فرمانے لگے اے جان پدر مدینہ چھوڑ کر مکہ جا رہا ہوں۔ تیری طبیعت اچھی نہیں تو صعوبات سفر برداشت کرنے کے قابل نہیں۔ اس لئے تم نانی اماں کے پاس رہو کہ سنبھ کر میں تمہارے بھائی علی اکبر کو بھیج کر تمہیں اپنے پاس بلوا لوں گا۔ یہ سن کر بچی تھمنے لگی اور کہنے لگی اے ابا جان میں بیمار کب ہوں۔ میں ابھی آپ کو اٹھ کر دکھاتی ہوں۔ آپ مجھے یہاں اکیلا نہ چھوڑ جائیے۔ بچی جب اٹھی تو دھڑام سے اُلٹے پاؤں پیچھے گر پڑی اور بیہوش ہو گئی۔

جب بچی کو ہوش آیا تو پہلی کیفیت ذہن میں تازہ ہوئی تو معصوم زار زار رونے لگی اور مرغ بسمل کی طرح تڑپتی ہوئی پدر شفیق کے قدموں پر گر کر عرض کرنے لگی۔

سے

تھراتی ہوئی اٹھ کے گری شاہ کے قدم پر
کی عرض کہ مر جاؤں گی اے سبط پیغمبر
تنہائی میں میرا دل بہلے گا کیوں کر؟
سب بیٹیاں ہیں آپ کی کیا میں نہیں دختر؟
بے آپ کے اس گھر میں نہ سرکار رہوں گی
اچھا میں کنیزوں کے ہمراہ ہی رہوں گی
سب رونے لگے سن کے یہ بیمار کی تقریر
چلا کے سکینہ نے کہا صدقے ترے ہمشیر!

marfat.com
Marfat.com

گھبرا کے یہ کہنے لگے حضرت شبیر
تم بیٹی کو سمجھا دو اسے بانوئے دلگیر
کمسن ہے مسافر مجھے تشویش بڑی ہے
دن چڑھتا ہے اور آج کی منزل بھی کڑی ہے

اقلیم قدسیت کا تاجدار صناع ازل کا شاہکار صبر و رضا کی مجسم تصویر بنے ہوتے بیمار صغرا کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیر کر رخصت ہوتے۔

از ساز و برگ قافلہ بے خوداں مپرس
بے نالہ می رود جرس کاروانِ ما

## خلاصہ:

"صغرا بچی تھی۔ جس کو امام عالی مقام بچی ہونے کی وجہ سے پیچھے چھوڑ گئے تھے۔ وہ ہر وقت روتی رہتی۔ ہر کوفہ جانے والے کو اپنا درد سناتی۔ اپنی داستان پیش کرتی۔ وہاں جانے کی تمنا کرتی۔ اور ایسے درد بھرے الفاظ کہتی کہ ہر سننے والا رونے لگتا اور کہتی کہ یہاں مجھ غریب کا پوچھنے والا کوئی نہیں میں اکیلی غموں کے پہاڑ میں پھنسی ہوئی ہوں وغیرہ وغیرہ"، یعنی مدینہ منورہ میں جس قدر صحابہ کرام اور اہل بیت کے افراد تھے۔ ان میں کسی کو اس بچی پر ترس نہ آتا۔ نہ اس کا کوئی پرسان حال ہوتا۔ اس قصہ کو سنی واعظ جب بیان کرتے ہیں۔ تو اس میں خوب رنگ بھرنے کے لیے اور اپنے واعظ کا رنگ جمانے کے لیے غمناک اشعار اور وہ بھی ترنم سے گائے جاتے ہیں۔ اس واقعہ کو زبانی بیان کرنے کے علاوہ تحریری طور پر بھی سنی علماء نے بیان کیا۔ اس واقعہ کو چونکہ رونے رلانے کے لیے بہت بڑھا چڑھا کر اور جھوٹ موٹ بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ لہٰذا میں نے چاہا۔ کہ اس کی حقیقت واضح کروں۔ جس کو پڑھ کر آپ خود جان جائیں گے۔ کہ واعظین و ذاکرین کہتے کیا ہیں۔ اور

marfat.com
Marfat.com

اس کی حقیقی تصویر کیا ہے؟

# صغریٰ بنت حسین رضی اللہ عنہ تاریخ کی نظر میں

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد کے بارے میں کمی بیشی کا ذکر مرزا تقی صاحبِ ناسخ التواریخ نے کیا ہے۔ لیکن ارشاد شیخ مفید، اعلام الوریٰ جو کہ طبری کی تصنیف ہے۔ اور عمدۃ الطالب احمد بن مہنی وغیرہ شیعہ علماء نے آپ کے اولاد کی تعداد چھ بتائی ہے۔ چار لڑکے اور دو لڑکیاں۔ ملاحظہ ہو۔

## منتخب التواریخ :-

شیخ مفید در ارشاد و امین الاسلام طبرسی در اعلام الوریٰ و احمد بن مہنی در عمدۃ الطالب و بعض دیگر از علماء اعلام فرمودہ اند کہ آنحضرت شش اولاد داشتہ چہار پسر و دو دختر جناب علی بن حسین الاکبر کہ کنیت اش ابو محمد بودہ۔ علی بن حسین الاصغر کہ کنیتش ابو الحسن بودہ و در کربلا شہید شدہ و جعفر بن الحسین و عبد اللہ بن الحسین و مخدرہ فاطمہ خاتون و مکرمہ سکینہ خاتون بنتی الحسین۔

(منتخب التواریخ ص ۲۴۲ باب پنجم فصل پنجم در اولاد امجاد حضرت سید الشہداء و اسمائے شریفہ ان مطبوعہ طہران)

ترجمہ :

شیخ مفید نے ارشاد میں اور امین الاسلام طبرسی نے اعلام الوریٰ

marfat.com
Marfat.com

ہیں اور احمد بن مہنیٰ نے عمدۃ المطالب میں اور بعض دیگر مشہور علماء نے فرمایا ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے چھ بچے تھے۔ چار لڑکے اور دو لڑکیاں۔ علی بن حسین اکبر جن کی کنیت ابو محمد تھی۔ علی بن حسین اصغر جن کی کنیت ابوالحسن تھی۔ اور دونوں کربلا میں شہید ہوئے تھے۔ جعفر بن حسین اور عبدالرحمن بن حسین۔ ایک صاحبزادی فاطمہ خاتون اور دوسری سکینہ تھی۔

قارئین کرام حوالہ بالا اس کتاب کا ہے کہ جس کے ٹائٹل پر لکھا ہوا ہے۔ کہ یہ تاریخ کی ایسی کتاب ہے۔ جو اصول معتبرہ، تاریخ معتبرہ کے واقعات پر مشتمل ہے۔ اور اس کا مصنف العالم، العامل، الثقہ، الجلیل، الکامل، رکن الاسلام والمسلین محمد ہاشم بن علی خراسانی ہے۔

## تاریخ ائمہ:

حضرت امام حسین کی پانچ بیویوں سے چھ اولاد تھی۔ چار بیٹے اور دو بیٹیاں ہوئیں۔ پہلی زوجہ جناب شہر بانو سے حضرت امام زین العابدین دوسری زوجہ لیلیٰ سے جناب علی اکبر تھے۔ جو کربلا میں شہید ہوئے۔ تیسری زوجہ قبیلہ قضاعہ سے تھیں جن سے ایک فرزند جعفر پیدا ہوئے تھے۔ چوتھی زوجہ رباب سے جناب علی اصغر اور چھوٹی بیٹی سکینہ تھی پانچویں زوجہ سے ام اسحاق سے بڑی بیٹی فاطمہ تھی۔ (ارشاد القلوب ص ۲۷) جناب علی اصغر کربلا میں تیر کھا کر شہید ہوئے اور دونوں صاحبزادیوں میں سے بڑی جناب فاطمہ کی شادی امام حسن کے بیٹے حسن مثنیٰ کے ساتھ اور جناب سکینہ کی شادی امام حسن کے بیٹے عبداللہ کے ساتھ واقعہ کربلا سے پہلے ہو چکی تھی۔ (تاریخ ائمہ ص ۲۸۰ مصنفہ علی حیدر نقوی کتب خانہ شاہ نجف ۱۴۸۲ اندرون موچی دروازہ

marfat.com

Marfat.com

# امام حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد کا ذکر

**بحار الانوار**

عَدَدُ اَوْلَادِہٖ صَلَوٰاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَجُمَلُ اَحْوَالِہِمْ وَاَحْوَالُ اَزْوَاجِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَقَدْ اَوْرَدْنَا بَعْضَ اَحْوَالِہِنَّ فِیْ بَابِ تَارِیْخِ السَّجَّادِ علیہ السلام کَانَ لِلْحُسَیْنِ علیہ السلام سِتَّۃُ اَوْلَادٍ علی بن الحسین الاکبر کُنْیَتُہٗ اَبُوْ محمد اُمُّہٗ شہر بانو بِنْتُ کِسْرٰی یزدجرد وعلی بن الحسین الاصغر قُتِلَ مَعَ اَبِیْہِ بِالطَّف وَقَدْ تَقَدَّمَ ذِکْرُہٗ فِیْمَا سَلَفَ وَاُمُّہٗ لَیْلٰی بنت ابی مرۃ بن عروۃ بن مسعود الثقفیۃ وجعفر بن الحسین لَا بَقِیَّۃَ لَہٗ وَاُمُّہٗ قضاعیۃ وَکَانَتْ وَفَاتُہٗ فِیْ حَیٰوۃِ الحسین وعبد اللہ بن الحسین قُتِلَ مَعَ اَبِیْہِ صَغِیْرًا جَاءَ سَہْمٌ وَھُوَ فِیْ حَجْرِ اَبِیْہِ فَذَبَحَہٗ وَسکینہ بنت الحسین وَاُمُّہَا الرَّبَابُ بنت امرا القیس بن عدی کلبیۃ معدیۃ وَھِیَ اُمُّ عبد اللہ ابن الحسین وفاطمۃ بنت الحسین وَاُمُّہَا ام اسحاق بنت طلحۃ بن عبد اللہ تمیمیۃ۔

(بحار الانوار جلد ۱۰ ص ۲۰۳ قلمی تاریخ حسین ابن علی وعدد اولاد مطبوعہ ایران قدیم)

marfat.com

Marfat.com

## ترجمہ:

امام حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد اور ان کے حالات۔ آپ کی بیویوں کے بعض حالات ہم تاریخ سجاد میں بیان کر چکے ہیں۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کے چھ بچے تھے۔

(۱) علی بن حسین اکبر ان کی کنیت ابو محمد ہے۔ ماں کا نام شہر بانو دختر کسریٰ یزدجرد ہے۔

(۲) علی بن حسین اصغر جو اپنے والد کے ساتھ مقام (کربلا) میں شہید کر دیئے گئے۔ ان کا تذکرہ گزر چکا ہے۔ ان کی والدہ کا نام ام لیلیٰ بنت ابی مرۃ بن عروہ بن سعد ثقفی تھا۔

(۳) جعفر بن حسین ان کی آگے نسل نہ چلی۔ ان کی والدہ قضاعیہ سے تھیں۔ ان کی وفات امام حسین کی زندگی میں ہو گئی تھی۔

(۴) عبداللہ بن حسین جو اپنے والد کے ساتھ بچپن میں شہید کر دیئے گئے اس طرح کہ ایک تیر ان کی طرف آیا جبکہ آپ امام حسین کی گود میں تھے اس تیر نے انہیں شہید کر دیا۔

(۵) سکینہ بنت حسین ان کی والدہ کا نام رباب بنت امراء القیس بن عدی کلبی سعدیہ تھا۔ اور یہی عبداللہ بن حسین کی والدہ تھیں۔

(۶) فاطمہ بنت حسین ان کی والدہ کا نام ام اسحاق بنت طلحہ بن عبداللہ تمیمی تھا۔

## ناسخ التواریخ:

ازایں حدیث مکشوف افتاد کہ حدیث دامادی قاسم بن حسن در کربلا و تزویج کردن حسین علیہ السلام فاطمہ را باو از اکاذیب رواۃ است

marfat.com

Marfat.com

وحسین علیہ السلام را دو دختر افزوں بود یکے فاطمہ زوجہ حسن مثنیٰ و آں دیگر سکینہ بود۔

(ناسخ التواریخ جلد دوم ص ۳۲۴ شرح حال ابن حسین علیہما السلام مطبوعہ تہران)

**ترجمہ:۔**

اس حدیث سے واضح ہوا کہ قاسم بن محمد کا میدان کربلا میں امام حسین کا داماد بننا اور امام حسین کی شادی کربلا میں ان سے سرانجام پانا راویوں کے بکواسات میں سے ہے۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کی دو صاحبزادیاں تھیں۔ ایک فاطمہ زوجہ حسن مثنیٰ اور دوسری سکینہ تھی۔

قارئین کرام! ان معتبر اور مشہور تواریخ شیعہ سے واضح ہوا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ آپ کی صرف دو صاحبزادیاں تھیں۔ ایک فاطمہ رضی اللہ عنہا جو امام حسن رضی اللہ عنہ کے بیٹے حسن مثنیٰ کی زوجہ تھیں۔ اور دوسری صاحبزادی کا نام سکینہ تھا۔ ان کی شادی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے دوسرے صاحبزادے عبداللہ سے ہوئی تھی۔

## حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی فاطمہ واقعہ کربلا میں موجود تھیں (از کتب سنی وشیعہ)

### حوالہ نمبر(۱) منتخب التواریخ:

وکافی است در فضیلت ایں مخدرہ کہ حضرت سید الشہداء وصیت خطش را بایں مخدرہ سپرد۔ چنانچہ در اصول کافی از.... حضرت زین العابدین

marfat.com
Marfat.com

مرض اسہال داشت و مردم گمان نمی بردند کہ از آں مرض صحت یابد و بعد از صحت جناب فاطمہ وصیت نامہ را بوی تسلیم کرد و اکنوں آں وصیت خط نزد ما موجود است۔

(منتخب التواریخ ص ۲۴۲ باب وفصل پنجم در ذکر اولاد سید الشہداء مطبوعہ تہران)

**ترجمہ:** سیدہ فاطمہ بنت حسین رضی اللہ عنہا کی فضیلت کے لیے ایک واقعہ کافی ہے۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے وصیت نامہ ان کے سپرد فرمایا۔ جیسا کہ امام باقر سے اصول کافی میں روایت کیا گیا ہے کہ جب امام حسین رضی اللہ عنہ اپنی شہادت کے وقت وصیت نامہ انہیں عطا فرمایا۔ جب حضرت زین العابدین پیچش کے مرض میں مبتلا تھے۔ لوگوں کا یہ خیال نہیں تھا۔ کہ وہ تندرست ہوں گے سیدہ فاطمہ بنت حسین نے وصیت نامہ ان کے سپرد کر دیا۔ اور اب اس وصیت نامہ کی تحریر ہمارے پاس موجود ہے۔

یہ حوالہ واضح طور پر بتا رہا ہے۔ کہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا میدان کربلا میں موجود تھیں آپ کو امام حسین رضی اللہ عنہ نے بوقت شہادت وصیت نامہ عطا فرمایا۔ اگر یہ مخدرہ مدینہ منورہ تشریف فرما ہوتیں۔ تو بوقت شہادت وصیت نامہ ان کے سپرد نہ ہوتا۔

**(۲) ناسخ التواریخ:**

ایں ہنگام بروایت ابن طاؤس از مردم شام مردے سرخ روئے برخاست و روئے بایزید کرد و گفت یا امیر المومنین ایں کنیزک را بمن بخش و از ایں سخن فاطمہ دختر حسین را خواست فاطمہ چوں ایں بشنید بر خویشتن بلرزید و دامن عمہ خود زینب را بگرفت۔

marfat.com

Marfat.com

(ناسخ التواریخ در احوالات سید الشہداء جلد سوم ص ام اطلب کردن شامی فاطمہ را بکنیزی مطبوعہ تہران جدید)

**ترجمہ:۔**

اس وقت ابن طاؤس کی روایت کے مطابق ایک سرخ چہرے والا شامی اٹھا۔ اور یزید کی طرف منہ کر کے کہنے لگا۔ اے امیر المومنین! یہ لڑکی مجھے عنایت کر دو۔ وہ فاطمہ بنت حسین کو مانگ رہا تھا۔ جب سیدہ فاطمہؓ نے یہ سنا۔ تو ان پر کپکپی طاری ہو گئی۔ اور اپنی پھوپھی سیدہ زینب کا دامن تھام لیا۔

## (۳) بحار الانوار:۔

عن عبد الله بن الحسن عن امه فاطمة بنت الحسين قَالَ دَخَلَتِ الْعَامَّةُ عَلَيْنَا الفسطاس وَاَنَا جَارِيَةٌ صَغِيْرَةٌ وَفِيْ رِجْلِيْ خَلْخَالَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَجَعَلَ رَجُلٌ يَفُضُّ خَلْخَالَيْنِ مِنْ رِجْلِيْ وَهُوَ يَبْكِيْ۔ فَقُلْتُ مَا يُبْكِيْكَ يَا عَدُوَّ اللهِ؟ فَقَالَ كَيْفَ لَا اَبْكِيْ وَاَنَا اَسْلُبُ بِنْتَ رسول الله صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ لَا تَسْلُبْنِيْ قَالَ اَخَافُ اَنْ يَجِيْئَ غَيْرِيْ فَيَاْخُذُهُ۔

(بحار الانوار جلد ۱۱ ص ۲۲۶ ما جرى عليه بعد بيعة الناس ليزيد)

**ترجمہ:**

سیدہ فاطمہ بنت حسین سے ان کے بیٹے جناب عبد اللہ بن حسنؓ بیان

marfat.com
Marfat.com

کرتے ہیں۔ میں چھوٹی عمر کی تھی۔ کہ کچھ لوگ ہمارے پاس آئے۔ اس وقت میرے پاؤں میں سونے کی دو جھانجریں تھیں۔ ایک شخص میری جھانجروں کو میرے پاؤں سے اتارنا چاہتا تھا اور وہ رو بھی رہا تھا۔ میں نے پوچھا کیوں رو رہے ہو۔ اے اللہ کے دشمن؟ کہنے لگا۔ روؤں کیوں نہ حالانکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی کے پاؤں سے زیور اتارنا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا۔ پھر نہ اتار کہنے لگا۔ مجھے ڈر ہے کہ کوئی اگر انہیں اتار کر لے جائے گا۔

## ۴) بحار الانوار:۔

قال علی ابن الحسین اُدْخِلْنَا علی یزید وَنَحْنُ اِثْنَا عَشَرَ رَجُلاً مُغَلَّلُوْنَ فَلَمَّا وَقَفْنَا بَیْنَ یَدَیْہِ قُلْتُ اُنْشِدُکَ اللہَ یَا یزید مَا ظَنُّکَ بِرَسُوْلِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لَوْ رَاٰنَا عَلٰی ھٰذِہِ الْحَالِ وَقَالَتْ فاطمۃ بنت حسین یا یزید بنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سبایا فَبَکَی النَّاسُ وَبَکٰی اھل الدار۔

(بحار الانوار جلد ۱۰ ص ۲۰۵ مطبوعہ ایران قدیم الوقائع المتاخرہ عن قتلہ)

## ترجمہ:

حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کہ ہم بارہ آدمیوں

marfat.com
Marfat.com

کر گلے میں طوق ڈال کر یزید کے سامنے حاضر کیا گیا جب ہم اس
کے سامنے کھڑے تھے۔ تو میں نے کہا۔ یزید تجھے اللہ کی قسم تو بتا
کہ اگر ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حالت میں دیکھتے تو تو
کیا گمان کرتا۔ اور سیدہ فاطمہ بنت حسین نے کہا۔ اے یزید !
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیاں قیدی ؟ پس لوگ بھی رو پڑے
اور گھر والے بھی رو دیئے۔

**۵: البدایہ والنہایۃ:**

فَلَمَّا دَخَلَتِ النِّسَآءُ عَلٰی یزید قَالَتْ فاطمة
بنت الحسین وَکَانَتْ اَکْبَرَمِنْ سَکِیْنَةَ
یَا یَزِیْدُ بَنَاتُ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سَبَایَا فَقَالَ یَزِیْدُ یَا ابْنَةَ اَخِیْ اَنَا
لِهٰذَا کُنْتُ اَکْرَهُ۔

(البدایة والنہایة جلد ہشتم ص ۱۹۶ مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** جب مستورات اہل بیت یزید کے دربار میں آئیں۔
تو فاطمہ بنت حسین نے جو سکینہ سے بڑی تھیں کہا۔ اے یزید! رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیاں قیدی ؟ یزید کہنے لگا۔ اے بھتیجی میں بھی
اسے پسند نہیں کرتا ہوں۔

**(۶) کامل ابن اثیر:۔**

ثُمَّ اُدْخِلَ نِسَاءُ الْحُسَیْنِ وَالرَّأْسُ بَیْنَ یَدَیْهِ
فَجَعَلَتْ فَاطِمَةُ وَسَکِیْنَةُ ابْنَتَا الْحُسَیْنِ
تَتَطَاوَلَانِ لِتَنْظُرَ اِلَی الرَّأْسِ

marfat.com

Marfat.com

وَجَعَلَ يَزِيدُ يَتَطَاوَلُ يَسْتُرُ عَنْهُمَا الرَّأْسَ فَلَمَّا رَأَيْنَ الرَّأْسَ صِحْنَ فَصَاحَ نِسَاءُ يَزِيدَ

وَوَلْوَلَ بَنَاتُ مُعَاوِيَةَ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ وَكَانَتْ أَكْبَرَ مِنْ سُكَيْنَةَ أَبَنَاتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا يَا يَزِيدُ فَقَالَ يَا ابْنَةَ أَخِي أَنَا لِهٰذَا كُنْتُ أَكْرَهُ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَا تَرَكَ لَنَا خُرْصٌ فَقَالَ مَا أَتَى إِلَيْكُنَّ أَعْظَمُ مِمَّا أُخِذَ مِنْكُنَّ فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ فَقَالَ هَبْ لِي هٰذِهِ يَعْنِي فَاطِمَةَ۔

(کامل ابن اثیر جلد ۴ ص ۸۵ تا ۸۶ ذکر مقتل حسین مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** پھر امام حسین کے خاندان کی عورتیں اندر آئیں۔ اور امام کا سر ان کے سامنے تھا۔ تو سیدہ فاطمہ اور سکینہ بنت حسین آگے بڑھنے لگیں تا کہ سر کو دیکھ سکیں۔ اور یزید کوشش کر رہا تھا۔ کہ سر انہیں نظر نہ آئے پھر جب انہوں نے سر کو دیکھ لیا۔ تو غم زدہ ہوئیں پس یزید کے گھر والی عورتوں کی چیخ نکل آئی۔ اور حضرت معاویہ کی بیٹیاں بھی رونے لگیں۔ پھر فاطمہ بنت حسین نے کہا۔ جو سکینہ سے بڑی تھیں۔ اے یزید! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیاں قیدی؟ کہنے لگا۔ اے بھتیجی! میں بھی اسے ناپسند سمجھتا ہوں۔ کہنے لگیں۔ خدا کی قسم!

marfat.com

Marfat.com

ہمارے لیے ایک بالی بھی نہیں چھوڑی۔ کہنے لگا۔ جو ہمارے لیے آیا ہے۔ وہ اس سے زیادہ ہے جو تم سے لیا گیا۔ پھر ایک شامی مرد کھڑا ہوا اور کہنے لگا۔ یہ فاطمہ مجھے دے دو۔

قارئین کرام! ہم نے چند کتب اہل سنت اور اہل تشیع سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد کے بارے میں حوالہ جات ذکر کیے۔ اس پر سب کا اتفاق ہے۔ کہ آپ کے چار صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔ صاحبزادیوں میں بڑی کا نام فاطمہ اور چھوٹی کا نام سکینہ تھا۔ اور دونوں واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔ اگر فاطمہ نامی صاحبزادی کو فاطمہ کبریٰ کہا جائے۔ تو فاطمہ صغریٰ سکینہ ہوں گی۔ تیسری اور کوئی صاحبزادی نہیں۔ اور اگر فاطمہ کو ہی فاطمہ صغریٰ کہا جائے۔ پھر بھی یہ میدان کربلا میں موجود تھیں۔ لہٰذا افتخار الحسن زیدی سانی نے ''خاک کربلا، بی بی صغریٰ کی فریادیں، ہائے اور چیخ و پکار اور ان کی بیماری کے قصے اور وہ بھی مدینہ منورہ میں رہتے ہوئے یہ سب من گھڑت اور جھوٹ کا پلندہ ہیں حقیقت سے ان کا دُور کا بھی تعلق نہیں۔ ثابت ہوا۔ کہ فاطمہ صغریٰ کے خطوط اور آنے جانے والوں کو دردناک لہجہ میں پیغامات دینے سب بے اصل ہیں۔ مدینہ منورہ میں کوئی صاحبزادی امام حسین کی نہیں رہی تھی۔

## سوال:

مذکورہ حوالہ جات سے جس فاطمہ نامی صاحبزادی کا واقعہ کربلا میں موجود ہونا ثابت ہے۔ وہ فاطمہ کبریٰ تھیں۔ جو امام حسین رض کی بڑی صاحبزادی ہیں۔ اور مدینہ منورہ میں رہنے والی فاطمہ صغریٰ تھیں۔ جن کا عقد امام حسن کے بیٹے حسن مثنٰی سے ہوا تھا۔ لہٰذا فاطمہ کبریٰ کے واقعہ کربلا میں موجود ہونے سے فاطمہ صغریٰ کی مدینہ منورہ میں موجودگی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ سو معلوم ہوا۔ کہ فاطمہ صغریٰ

marfat.com
Marfat.com

مدینہ منورہ میں تھیں۔

## جواب اول:۔

جیسا کہ گزشتہ دونوں مکتبہ فکر کی کتب معتبرہ سے ہم ثابت کر چکے ہیں کہ امام عالی مقام کی دو صاحبزادیاں تھیں۔ ایک فاطمہ دوسری سکینہ ان کے علاوہ کوئی اور بیٹی نہ تھی۔ حوالہ ملاحظہ ہو۔ یہ حوالہ شیعہ مؤرخ کی کتاب سے ہے۔ جو نہایت مستند سمجھی جاتی ہے۔

## ناسخ التاریخ:۔

واں حضرت را از دو دختر افزوں نہ بود نخستین فاطمہ واں دیگر سکینہ۔

(ناسخ التاریخ جلد چہارم ص ۲۴۱ در احوال سید الشہداء مطبوعہ تہران)

## ترجمہ:۔

امام عالی مقام کی صاحبزادیاں دو سے زیادہ نہ تھیں پہلی بڑی صاحبزادی کا نام فاطمہ اور دوسری کا نام سکینہ تھا

## ناسخ التاریخ:

وحسین علیہ السلام را دو دختر افزوں نہ بود یکے فاطمہ زوجہ حسن مثنیٰ واں دیگر سکینہ بود بعضے گویند او را دختر دیگر بود کہ زینب نام داشت

(ناسخ التواریخ جلد دوم ص ۳۲۴ احوال سید الشہداء)

## ترجمہ:۔

امام حسین رضی اللہ عنہ کی صرف دو صاحبزادیاں تھیں۔ ایک فاطمہ جو حسن مثنیٰ کی زوجہ تھیں۔ اور دوسری کا نام سکینہ ہیں اور بعض نے تیسری صاحبزادی کا ذکر بھی کیا لیکن ان کا نام فاطمہ صغریٰ نہیں بلکہ زینب ہے۔

marfat.com

Marfat.com

قارئین کرام! ناسخ التواریخ کے حوالہ سے معلوم ہوا کہ امام عالی مقام کی دو صاحبزادیوں پر اکثریت متفق ہے۔ جن کے نام فاطمہ اور سکینہ ہیں۔ اور بعض نے تیسری صاحبزادی کا ذکر بھی کیا۔ لیکن ان کا نام فاطمہ صغریٰ نہیں بلکہ زینب تھا۔ زیادہ مشہور قول کون سا ہے؟ ملاحظہ ہو۔

## کشف الغمہ:

اَمَّا الْبَنَاتُ فَزَیْنَبُ وَسَکِیْنَۃُ وَفَاطِمَۃُ هٰذَا قَوْلٌ مَّشْهُوْرٌ وَقِیْلَ کَانَ لَهٗ اَرْبَعُ بَنِیْنَ وَبِنْتَانِ وَالْاَوَّلُ اَشْهَرُ۔ (کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ جلد دوم ص ۳۸ فی ذکر اولاد امام علیہ السلام مطبوعہ تبریز)

ترجمہ: آپ کی صاحبزادیاں زینب، اور سکینہ اور فاطمہ تھیں۔ یہ قول مشہور ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ آپ کے چار بیٹے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔ اور اول زیادہ مشہور ہے۔

چلو مان لیتے ہیں۔ کہ آپ کی صاحبزادیاں دو نہیں بلکہ تین ہی تھیں۔ حالانکہ دو پر سب کا اتفاق ہے۔ تیسری صاحبزادی کا جن مؤرخین نے ذکر کیا۔ انہوں نے بھی صاف صاف اس کا نام زینب لکھا ہے۔ فاطمہ نام کی صاحبزادی آپ کی صرف ایک ہی تھی۔ اس لیے زینب کو فاطمہ صغریٰ قرار دینا بالکل غلط ہے۔ اور جو اصل فاطمہ تھیں وہ میدان کربلا میں موجود تھیں۔ اور سکینہ بھی واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ وہ فاطمہ صغریٰ کا واقعہ کربلا کے وقت مدینہ طیبہ میں موجود ہونا ہرگز ثابت نہیں اور نہ ہی اُن تمام واقعات کا جو اس نام سے منسوب ہیں۔ یہ قصہ جات صرف واعظین نے گھڑے ہیں۔ تاکہ حاضرین کو رُلائیں۔ اور اپنا نام روشن ہو کہ فلاں مقرر نے کیا رنگ باندھا۔ اور مدینہ منورہ میں فاطمہ صغریٰ"

marfat.com
Marfat.com

کو چھوڑ جانا از روئے نقل تو آپ پڑھ چکے۔ بالکل غلط اور کذب بیانی ہے۔ از روئے عقل بھی جھوٹ ہے۔ کیونکہ جب امام عالی مقام اپنے تمام اہل وعیال کو ساتھ لے جا رہے ہیں۔ "صغریٰ" کو کیوں نہ ساتھ لیا۔ اور پھر ان کی بیماری کی حالت میں کس کے سپرد کر کے جا رہے ہیں؟

**جواب دوم:**

اگر بفرض محال تسلیم کر لیا جائے۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی فاطمہ نامی دو صاحبزادیاں تھیں۔ تو تاریخی شواہد بتاتے ہیں۔ کہ آپ کی دونوں صاحبزادیاں واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔ جیسا کہ ناسخ التواریخ جلد سوم ص ۲۴۲ تا ۲۴۴ پر خطبہ فاطمۃ الصغریٰ نقل کیا ہے۔ جو انہوں نے بازار کوفہ میں پڑھا۔

## ناسخ التواریخ:

اِسْتَدْعیٰ اِبْنَتَہٗ فَاطِمَۃَ الْکُبْرٰی وَ اَوْدِعَ عِنْدَھَا صَحِیْفَۃً مَلْفُوْفَۃً وَ وَصِیَّۃً ظَاھِرَۃً لِاَنَّ عَلِیَّ بن الحسین کَانَ فِیْہِ مَرَضُ الْاِسْھَالِ وَ کَانَ النَّاسُ لَا یَظُنُّوْنَ بِہِ الصِّحَّۃَ فِیْ مَرَضِہٖ فَلَمَّا شُفِیَ مِنْ مَرَضِہٖ سَلَّمَتْہُ اُخْتُہُ الْوَصِیَّۃَ وَالصَّحِیْفَۃَ وَھِیَ الْاٰنَ عِنْدَنَا۔

(ناسخ التواریخ جلد دوم در احوالات شہید الشہداء ص ۳۶۲ سپردن اسرار امامت)

**ترجمہ:-**

امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنی بیٹی فاطمہ کبریٰ کو بلا کر انہیں ایک لپٹا ہوا خط

marfat.com

Marfat.com

اور وصیت نامہ سپرد فرمایا۔ کیونکہ علی بن حسین ان دنوں مرض اسہال میں تھے۔ اور لوگوں کا خیال تھا۔ کہ وہ تندرست نہیں ہوں گے۔ جب وہ بیماری سے صحت یاب ہو گئے۔ تو ان کی ہمشیرہ نے انہیں وصیت نامہ اور لفافہ سپرد کر دیا۔ اور وہ اب ہمارے پاس محفوظ ہے۔

مذکورہ حوالہ جات سے بھی معلوم ہوا۔ کہ امام عالی مقام کی اگر دو صاحبزادیاں فاطمہ کبریٰ اور فاطمہ صغریٰ تسلیم کر لی جائیں۔ تب بھی شیعہ ذاکرین اور سنی واعظین کا مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ کیونکہ فاطمہ صغریٰ کی جو دردناک داستان بیان کی جاتی ہے۔ وہ مدینہ منورہ میں پیچھے رہ جانے والی بیان کی جاتی ہیں اور ان حوالہ جات سے دونوں صاحبزادیوں کا واقعہ کربلا میں موجود ہونا ثابت ہوتا ہے۔

## نوٹ :۔

امام عالی مقام کی دو صاحبزادیوں کا نام فاطمہ کبریٰ اور فاطمہ صغریٰ بتانا اور پھر فاطمہ صغریٰ کا بازار کوفہ میں خطبہ دینا اور فاطمہ کبریٰ کو امام حسین کا وصیت نامہ عطا کرنا اس میں یا تو کاتب کو غلطی لگی ہے۔ کہ اس نے کبریٰ اور صغریٰ کے نام سے آپ کی دو بیٹیوں کا میدان کربلا میں موجود ہونا ذکر کیا۔ یا پھر اصول کافی کے ترجمہ میں مرزا تقی نے غلطی کی ہو۔ کیونکہ گزشتہ حوالہ جات میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ منتخب التواریخ کے مطابق آپ کے وصیت نامہ کو لینے والی صاحبزادی عمر میں بڑی فاطمہ نامی تھیں۔ اس بڑائی کی وجہ سے اسے کبریٰ لکھا گیا ہو لیکن چھوٹی صاحبزادی عمر میں صغریٰ تو ہو سکتی ہے۔ لیکن ان کا نام سکینہ تھا۔ وہ فاطمہ صغریٰ نہیں بن سکتیں۔ تیسری لڑکی تھی ہی نہیں اگر تھی بھی تو اس کا نام زینب تھا۔ تاریخ الائمہ ص ۸۰ ۲ میں لکھا ہے۔ کہ آپ کی صاحبزادیوں میں سے بڑی

marfat.com
Marfat.com

سیدہ فاطمہ کی شادی امام حسن رضؓ کے بیٹے حسن مثنیٰ سے ہوئی تھی۔ اور چھوٹی سکینہ نامی کی شادی انہی کے بیٹے عبداللہ سے ہوئی تھی۔ (اعلام الوریٰ ص ۲۰۱) البتہ حقیقت یہ ہے۔ کہ جس صاحبزادی کو آپ نے وصیت نامہ دیا۔ اور جس نے کوفہ کے بازار میں خطبہ دیا۔ وہ ایک ہی تھیں ان کا نام فاطمہ بنت حسین تھا۔ ان کی چھوٹی ہمشیرہ سکینہ نامی بھی میدان کربلا میں موجود تھیں۔

قارئین کرام! آپ نے واقعہ فاطمہ صغریٰ کی حقیقت کو ملاحظہ فرمایا کہ جس میں ائی بھر بھی سچائی کا وجود نہیں پایا جاتا۔ اوّل تا آخر جھوٹ کا پلندہ ہے جس میں صرف مرثیہ خانوں اور نوحہ خوانی کے لیے بہترین رولانے اور پٹانے کا موقعہ مہیا کیا ہے۔ اور شیعہ لوگوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی سچائی کو داد دی ہے۔ اس کے علاوہ اسی مصنف صاحبزادہ افتخار الحسن نے اپنی اسی کتاب میں جو کربلا کی دسویں رات کا واقعہ نقل کیا ہے اس میں بھی نوحہ خوانی اور مرثیہ خوانی کے ذریعہ خوب رولانے پٹانے کی کوشش کی ہے۔ کہ جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ خاک کربلا کی فوٹو کاپی درج ذیل ہے۔

## خاکِ کربلا

نواسہ رسولؐ نے دعا کے بعد مدینہ پاک کی جانب نگاہ اٹھائی گنبدِ خضریٰ

کا تصور کیا اور تربت زہرا کا نقشہ آنکھوں میں سمویا۔ تو

نظر آیا کہ شاہ دوسرا تشریف لائے ہیں

برہنہ پا گروہِ انبیاء کے ساتھ آئے ہیں

قریب آ کر نواسے کو لگایا اپنے سینے سے

بٹھا کر گود میں پھر یوں کہا دل کے نگینے سے

marfat.com

Marfat.com

کہا :

خلیل اللہ کی سنت اب مکمل ہونے والی ہے
تیرے غم میں یہ دنیا تاقیامت رونے والی ہے
اُٹھے خنجر تو بیٹا تم سر اقدس جھکا دینا
میری پوچھی ہوئی گردن خوشی سے تم کٹا دینا

رات آدھی ہو چکی تھی اور ہر طرف خاموشی ہی خاموشی تھی۔ امام مظلوم سجدے سے سر اُٹھایا۔ مصلے سے اُٹھے اور شہزادہ علی اکبر کو فرمایا! بیٹا جاؤ۔ اور میدانِ کربلا کا نقشہ دیکھ آؤ ــــ شہزادہ علی اکبر اُٹھے۔ اور رات کی خاموشی میں میدانِ کربلا کے چاروں طرف نگاہ دوڑائی! میدان کے وسط میں دیکھا کہ ایک بُرقع پوش خاتون اپنے دامن سے کربلا کی زمین کو صاف کر رہی ہے۔ علی اکبر اس خاتون کے پاس آئے اور پوچھا اے بی بی تُو کون ہے ؟ اور زمین کربلا کو کیوں جھاڑتی ہے ؟ تو خاتون خاموش رہی۔ علی اکبر واپس آئے تو امام عالی مقام نے پوچھا علی اکبرؑ میدان کربلا میں کوئی چیز نظر آئی! عرض کی ہاں حضور! میدان کے وسط میں ایک بُرقع پوش خاتون ہے جو اپنی چادر سے زمین کو جھاڑ رہی ہے۔ میں نے قریب جا کر اس خاتون سے پوچھا ہے کہ تُو کون ہے۔ اور زمین کو کیوں جھاڑ رہی ہے۔ مگر وہ بولی نہیں۔ امام مظلوم کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں۔ بیٹے نے پوچھا۔ ابا جان آپ رونے کیوں لگے ؟ تو امام پاک نے فرمایا بیٹا! یہ میری ماں فاطمہؑ ہے جو اپنی چادر سے زمین کربلا کو اس لیے صاف کر رہی ہے تاکہ میرے بیٹے حسینؑ کے جسم پر کوئی کنکر نہ چبھ جائے ؎

کہ اس مقتل میں لیٹے گا صبح لختِ جگر میرا
یہاں تڑپے گا بے گور و کفن نورِ نظر میرا

marfat.com
Marfat.com

قارئین کرام!

میدان کربلا میں سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا تشریف لانا، زمین کو ہموار کرنا وغیرہ یہ سب ایسی باتیں ہیں۔ جن کا ذکر کسی ایک بھی صحیح روایت میں نہیں ملتا۔ علی اکبر سے امام عالی مقام کا رو رو کر فرمانا۔ کہ یہ تیری والدہ محترمہ ہیں۔ آخر اس سے کیا ثابت کیا جا رہا ہے؟ یہی کہ سامعین کو خوب رولایا جائے اور نوحہ خوانی کی طرح ڈالی جائے۔ ایسے غلط اور جھوٹ پر مبنی واقعات سے خاندان اہل بیت کی خوشنودی تو کجا بلکہ ان کی ناراضگی حاصل ہوتی ہے۔ کیونکہ ان حضرات نے نہ جھوٹ بولا اور نہ جھوٹ کو پسند فرمایا افتخار الحسن وغیرہ کا ایسے فرضی واقعات بیان کرنے کا مقصد جلسہ کو گرمانا اور لوگوں میں غم حسین بھرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے مصنفین کو آل بیت پاک کے صحیح مقام و منصب کے مطابق ان کے بارے میں صحیح روایات و تحقیق لکھنے اور بیان کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اپنی واہ واہ سے ان حضرات کی گستاخی سے بچائے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com

Marfat.com

# چہل و دوم ۴۲

## شہادت نواسہ سید الابرار مصنفہ مولوی عبد السلام

### شہادت نواسہ سید الابرار مناقب آل نبی المختار

حضرت فاطمہ صغریٰ بنت حسین علیہا السلام کی شادی حضرت حسن مثنیٰ سے ہو چکی تھی۔ اور آپ مدینۃ الرسول میں اپنے شوہر حسن مثنیٰ کے گھر پر مع بچوں کے موجود تھیں۔ اس لیے نہ آپ ان کو ہمراہ لے گئے اور نہ ہی اصولی طور پر ان کا لے جانا ضروری تھا۔ آپ تندرست تھیں کوئی وجہ مانع نہ تھی۔ اگر ان کو حضرت امام لے جانا چاہتے۔ تو لے جا سکتے تھے۔ لیکن ایسا کرنا حضرت امام کی شان کے خلاف تھا۔ اس لیے اس وقت ان کے شوہر تجارت کے سلسلہ میں کسی دوسرے ملک گئے ہوئے تھے۔ ان کی اجازت کے بغیر بیٹی اور بچوں کو لے جانا شرعاً غیر مناسب تھا۔ (شہادت نواسہ سید الابرار مناقب آل نبی المختار ص ۵۸۰ مصنفہ محمد عبد السلام قادری رضوی مکتبہ حامدیہ لاہور پاکستان واقعہ سیدہ فاطمہ صغریٰ بنت حسین علیہ السلام تحقیق کی کسوٹی پر)

اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ فاطمہ صغریٰ نام کی امام حسین کی صاحبزادی تھی۔ جو امام حسن کے بیٹے حسن مثنیٰ کے عقد میں تھیں۔ اور یہ امام حسین کے ساتھ کربلا نہیں

marfat.com
Marfat.com

گئیں۔ اس لیے ثابت ہوا۔ کہ امام عالی مقام کی ایک بیٹی واقعہ کربلا کے وقت مدینہ منورہ میں اپنے خاوند کے گھر موجود تھیں۔

## جواب:

ہم مانتے ہیں۔ کہ شہادت نواسۂ سید الابرار کے مصنف مولانا عبدالسلام قادری نے بہ نسبت دوسرے حضرات کے قدرے احتیاط برتی ہے۔ لیکن اس واقعہ کو نقل کرتے وقت انہوں نے بھی تحقیق سے کام نہیں لیا اگرچہ انہوں نے اس واقعہ پر عنوان تحقیق کی کسوٹی لکھا ہے۔ اول تو انہیں چاہیے تھا۔ کہ اس واقعہ کے لکھنے کے بعد اس کتاب کا نام لکھتے جس سے انہوں نے یہ واقعہ نقل کیا۔ ہو سکتا ہے کہ کسی نامعتبر کتاب سے انہوں نے نقل کیا ہو۔ لیکن میں نے جہاں تک دونوں طرف کی کتب معتبرہ کا مطالعہ کیا۔ اور چھان بین کی۔ تو حقیقت یہی نظر آئی۔ کہ امام حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حسن مثنیٰ کے عقد میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی جو صاحبزادی تھیں۔ وہ سیدہ فاطمہ صغریٰ تھیں۔ یہ دونوں میاں بیوی واقعہ کربلا میں موجود تھے۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی کی تحقیق گزشتہ حوالہ جات میں آپ پڑھ چکے ہیں۔ ان کو ہی امام حسین رضی اللہ عنہ نے وصیت نامہ دیا تھا۔ اور کوفہ کے بازار میں خطبہ دینے والی بھی یہی تھیں۔ اب ان کے خاوند حسن مثنیٰ کی موجودگی کا حوالہ ملاحظہ فرمائیں۔

## ناسخ التواریخ:-

وازیں جملہ ہفت تن روزِ عاشورہ در رکاب سید الشہداء علیہ السلام ملازمت داشتند نخستین حسن مثنیٰ ......... ذکر حال حسن مثنیٰ و بالجملہ حسن مثنیٰ در یوم طف بلشکر ابن سعد جہاد کرد۔ و زخم فراواں یافت......... بالجملہ حسن مثنیٰ در کربلا سعادت شہادت نہ یافت و بسلامت بانزد وارد مدینہ شد

(ناسخ التواریخ جلد دوم در احوالات سید الشہداء ص۳۴۲-۳۴۳ ذکر حال حسن مثنیٰ مطبوعہ تہران)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ:

ان تمام حضرات میں سے سات اشخاص یوم عاشور کو امام حسین رضی اللہ عنہ کے رکاب کے ساتھ موجود تھے۔ پہلے حسن مثنیٰ تھے ........

مختصر یہ کہ حسن مثنیٰ نے یوم عاشور کو ابن سعد کے لشکر کے ساتھ جہاد کیا اور بہت زیادہ زخمی ہو گئے ...... مختصر یہ کہ حسن مثنیٰ نے میدانِ کربلا میں جام شہادت نوش نہ فرمایا اور تندرست حالت میں مدینہ منورہ تشریف لے آئے۔

## عمدۃ الطالب:

وَكَانَ الحسن بن الحسن شَهِدَ بِالطَّفِّ مَعَ عَمِّهِ الْحُسَيْنِ وَاُثْخِنَ بِالْجِرَاحِ فَلَمَّا اَرَادُوْا اَخْذَ والرؤس وَجَدُوْا بِهِ رَمَقًا فَقَالَ اسماء ابن خارجه بن عيينه بن حضر بن حذيفه بن بدر الفزارى دَعُوْهُ لِيْ فَاِنْ وَهَبَهُ الْاَمِيْرُ عبيد الله بن زياد لي، وَاِلَّا رَاٰى رَاْيَهُ فِيْهِ فَتَرَكُوْهُ لَهُ فَحَمَلَهُ اِلَى الْكُوْفَةِ وَحَكَوْا ذَالِكَ لِعبيد الله بن زياد فَقَالَ دَعْ وَلِاَبِيْ حَسَّانٍ ابن اخته وَعَالَجَهُ اسماء حَتّٰى بَرِئَ ثُمَّ لَحِقَ بِالْمَدِيْنَةِ۔

(عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب ص ۱۰۰ المقصد الثانی مطبوعہ نجف)

ترجمہ:

امام حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حسن مثنیٰ امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ واقعہ کربلا میں

marfat.com
Marfat.com

شامل تھے۔ اور بہت زیادہ زخمی ہو گئے۔ جب لوگوں نے شہداء کے سروں کو اٹھانے کا ارادہ کیا۔ تو ان کے جسم میں زندگی کے آثار پائے جس پر اسماء بن خارجہ نے کہا۔ انہیں میرے لیے چھوڑ دو۔ اگر عبید اللہ بن زیاد نے انہیں مجھے ہبہ کر دیا۔ تو بہتر۔ ورنہ وہ جو رائے ظاہر کرے گا۔ لوگوں نے حسن مثنیٰ کو اسماء کے سپرد کر دیا۔ وہ انہیں اٹھا کر کوفے آئے لوگوں نے اس کی خبر عبید اللہ بن زیاد کو پہنچائی۔ اس نے کہا۔ کہ انہیں ان کے ماموں ابو حسان کے پاس ہی رہنے دو۔ ان کا اسماء نے علاج کیا حتی کہ وہ تندرست ہو گئے۔ پھر یہ مدینہ منورہ تشریف لے آئے۔

## تہذیب التہذیب:

قُلْتُ قَرَأْتُ بِخَطِّ الذَّهَبِي مَاتَ سنہ ۹۷ وَالَّذِي فِي صَحِيحِ الْبُخَارِي فِي الْجَنَائِزِ قَالَ لَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بن الحسن بن على ضَرَبَتْ إِمْرَأَتُهُ الْقُبَّةَ عَلَى قَبْرِهِ الحديث وَقَدْ وَصَلَ الْمَحَامِلِي فِي آمَالِيهِ مِنْ طريق جرير عن مغيرة وقال الجعابي وَحَضَرَ مَعَ عَمِّهِ كَرْبَلَا فَحَمَاهُ اَسْمَاء بن خارجة الفزاري لِاَنَّهُ اَبْنُ عَمِّهِ وذكره ابن حبان في الثقات۔

(تہذیب التہذیب جلد دوم ص ۲۶۳ حرف حاء لفظ حسن۔ مطبوعہ حیدر آباد دکن)

## ترجمہ:

میں کہتا ہوں۔ کہ میں نے ذہبی کے ہاتھ سے لکھا خط پڑھا کہ حسن مثنیٰ کا

marfat.com
Marfat.com

۹۰ھ میں انتقال ہوا۔ اور وہ جو صحیح بخاری کتاب الجنائز میں آیا ہے۔ کہ جب حسن مثنیٰ کا انتقال ہوا۔ تو ان کی زوجہ نے ان کی قبر پر خیمہ لگایا الحدیث۔ اور محاملی نے اپنی امالی میں بطریق جریر عن مغیرہ اسے لکھا ہے۔ اور رجالی نے کہا۔ کہ حسن مثنیٰ اپنے چچا امام حسین کے ساتھ میدان کربلا میں حاضر تھے۔ ان کی حمایت اسماء بن خارجہ نے کی۔ کیونکہ وہ ان کے چچازاد بھائی تھے۔ ابن حبان نے انہیں ثقہ راویوں میں ذکر کیا ہے۔

ان تاریخی حوالہ جات سے معلوم ہوا۔ کہ حسن مثنیٰ بھی امام عالی مقام کے ساتھ واقعہ کربلا میں موجود تھے۔ اور یزیدیوں کے ہاتھوں شدید زخمی ہوئے۔ اسماء بن خارجہ نے اپنی تحویل میں رکھنے کی عبید اللہ بن زیاد سے درخواست کی۔ جو مان لی گئی۔ انہوں نے حسن مثنیٰ کا علاج کیا وہ تندرست ہو کر مدینہ منورہ واپس آئے اور واقعہ کربلا کے تقریباً ۲۷ سال بعد انتقال فرمایا۔ ان کی زوجہ فاطمہ بنت حسین ہیں وہ بھی ان کے ہمراہ کربلا میں موجود تھیں۔ مولانا عبد السلام قادری نے اگرچہ "فاطمہ صغریٰ" کے فرضی واقعات اور مدینہ منورہ میں رہتے ہوئے آہ وزاری کا ذکر نہیں کیا۔ لیکن ان تمام واقعات کی جو جڑ ہے۔ وہ لکھ دی۔ یعنی حسن مثنیٰ کا کربلا کی بجائے تجارت کے لیے کہیں چلے جانے اور ان کی زوجہ فاطمہ بنت حسین کا مدینہ منورہ میں ہی رہ جانا۔ لیکن دونوں طرف کی معتبر کتب تاریخ اس کا سرے سے انکار کرتی ہیں۔ یاد رہے کہ فاطمہ صغریٰ کا یہ جھوٹا افسانہ اور کتابوں میں بھی موجود ہے جیسے خاک کربلا اور اس کی طرح مولوی نوری قصوری کی بارہ تقریروں میں صہ ۶۳ پر بھی صغریٰ کا خط مرثیہ خواں اور نوحہ خانی کے انداز میں لکھا ہے۔ اب ہم بارہ تقریروں کو مستقل کتاب کا عنوان دے کر خطِ صغریٰ کی قلعی کا پول کھول کرتے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

# کتاب چہل و سوم ۴۳

# باراں تقریراں مصنفہ نوری قصوری

آپ ایک ایک کو تسلیاں دے رہے ہیں۔ جب آپ گھوڑے پر سوار ہونے لگے تو دیکھا کہ گھوڑا کانپ رہا ہے۔ آپ نے دیکھا گھوڑے کے ساتھ معصوم سکینہ کھڑی ہے اور رو رہی ہے "اباجی! مجھے یتیم کر کے جا رہے ہو اب "اباجان" کسے کہہ کر پکاروں گی۔" امام عالی مقام نے گھوڑے سے اتر کر بچی کو سینے سے لگایا اور تسلی دی۔ اس بچی کو تسلی دے رہے تھے کہ دوسری بیٹی کا خط پہنچا۔ اس خط کا مضمون بعض روایتوں میں اس طرح آتا ہے، پنجابی کے ایک شاعر نے اس کو یوں نظم کیا ہے: ؎

## صغریٰ کا خط

حال زار دے رب رسول شاہد اشکبار نے ارض و سما بابا
تساں جدوں مدینیوں کوچ کیتا دستاں کیہہ ورتی میرے بجا بابا
پھوپھی جی زینب، اماں شہربانو ملسن کدوں کلیجڑے لا بابا
بچی کسے بیمار دی سار ناہیں گئیاں مدتاں ڈھیر وہا بابا
اصغر بال نوں تے گلاں ہوگ کردا رہن وچ کلیجڑے گھا بابا
ننھے لال دا رونی ہاں رات پچھلی جھولا نال خیال جھلا بابا
کدی فاطمہ بی بی دی قبر اُتے کدی روضے تے رونی ہاں جا بابا
آہیں میریاں تھیں ذردی اُڈ جاندی ٹھنڈی صبح دی بادِ صبا بابا
نام رب دے سدنوں کول اپنے کرساں خدمتاں ادب بجا بابا
بھیا اصغر نوں لوریاں دیساں گی نالے لواں گی کول سُلا بابا

---

ؔ یہ خط امام عالی مقام کی صاحبزادی صغریٰ کا تھا جو مدینہ طیبہ ہی میں رہ گئی تھیں اس لئے کہ ان کے خاوند حضرت امام حسین کے بڑے بھائی محمد بن حنفیہ کے پاس ہی رہ گئے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

ایسا صغری غریب نوں نھل گئے ہو بخشو جا جے کوئی خط بابا
کرتہ اصغر لئی اک تیار کیتا ہتھیں دو ساں آپ پہنا بابا
من واسطے بہت اداس ہاں میں کرد کرم بنام خدا بابا
پانی بھراں گی کپڑے دھوو ساں گی کھانا واں گی خوب پکا بابا

امام عالی مقام اس درد بھرے خط کو لے کر خیمے میں گئے۔ خط سنتے ہی ایک دم کہرام برپا ہو گیا۔ خط سنانے کے بعد آپ خیمے سے باہر آئے اور قاصد سے کہا کہ اس امتحانِ کرب و بلا میں آنیوالے واپس مدینہ پاک جا کر میری بیٹی کو میرا بھی ایک پیغام پہنچا دے۔ آپ نے فرمایا

## خط کا جواب

آکھیں صغریٰ نوں جا کے باپ تیرا کربل وسدی جھوک لٹا بیٹھا
نیچے عون و محمد تے اکبر اصغر قاسم اتے عباس کٹا بیٹھا
اپنے وچ مقصد کامیاب ہو کے سینہ رب دا شکر بجا بیٹھا
باقی دم دا دم مہمان ہاں میں لگی پریت نوں توڑ نبھا بیٹھا
آکھیں قاصدا خط نوں چم کے تے بابا رو رو نیر وہا بیٹھا
میرا باغباں باغ اجاڑیا اے کر کے صبر میں تن تنہا بیٹھا
میری یاد ستانے تے صبر کرنا صبر نال مقصود میں پا بیٹھا
ساقی پوریا جام شہادتاں دا منہ شوق دے نال میں لا بیٹھا

اب امام عالی مقام رضی اللہ عنہ ابن سعد کے لشکر کے سامنے جلوہ افروز ہیں۔ کوفی فوج علی کے شیر کا رعب و دبدبہ دیکھ کر لرز گئی ہے

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رن ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے

آپ نے لشکر کے سامنے تشریف لا کر ان سنگ دل ظالموں کو آخری بار قرابت رسول اور اپنی عزت و حشمت یاد دلائی۔

marfat.com
Marfat.com

**نوٹ:** حضرت فاطمہ صغریٰ بنت حسین کے واقعہ کو سنی واعظین کے علاوہ ایک اور نامور نہاد سنی صائم چشتی فیصل آبادی نے بھی یہ واقعہ پوری رنگینی اور درد و فغاں کے ساتھ اپنی تصنیف "شہید ابن شہید" میں ص ۳۰۱ تا ۳۰۴ پر ذکر کیا جن کی فوٹو کاپیاں بھی لف کی جا رہی ہیں۔

# قاصدِ مدینہ

اصغر، اکبر، قاسم ایدھر لگ گئے رب دے لیکھے
جھک جھک اڈیاں صغریٰ اودھر راہ ویراں دا دیکھے
ایدھر بابل لال اپنے دی ڈھیری پیا بنا دے
وچ خیالاں اوہ اصغر دا جھولا پئی جھلا دے
(صائم چشتی)

حضرت علی اصغر کو دفن کرنے کے بعد امام عالی مقام اب خود ہی میدان کارزار کا رُخ کرنے والے ہیں۔ اس لئے کہ اب آپ کو روکنے والا کوئی بھی نہیں۔ تمام ساتھی ایک ایک کرکے آپ پر فدا ہو چکے ہیں۔ آپ نے ایک نظر میدانِ کارزار کو دیکھا۔ پشت پر ویران اور جلے ہوئے خیمے ہیں۔ اہل بیت کے ایک دو بڑے خیمے ہیں جن میں چیخوں اور آہوں کی صورت میں زندگی کے کچھ آثار نظر آتے ہیں۔ دائیں بائیں اور سامنے جہاں تک بھی نظر جاتی ہے یزید کی فوجوں کے پرے کے پرے نظر آتے ہیں۔ سورج کی تپش میں مزید اضافہ ہو چکا ہے۔ آپ نے خیال فرمایا کہ خیمے کے اندر جا کر اہل بیت کو آخری وصیت کرکے دربارِ خداوندی میں حاضر ہو جاؤں۔ ابھی آپ نے یہ خیال فرما کر خیموں کی طرف رُخ کیا ہی تھا کہ سامنے ریت کا ایک بگولا سا اُٹھتا ہوا نظر آیا۔ اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے بگولے کے اندر ایک ناقہ سوار نظر آیا۔ آپ کو بھی شاید اسی کا انتظار تھا اس لئے کہ کربلا کی خونی تصویر میں یہ خاکہ خالی تھا۔ ناقہ سوار آپ کے سامنے پہنچ چکا تھا۔ اونٹ بھی پسینہ پسینہ تھا اور ناقہ سوار بھی پسینہ میں شرابور تھا۔ اس نے اونٹ کو بٹھایا اور آپ کے قدموں کو بوسہ دیا۔ حضرت امام کارزار کو دیکھ کر مضطرب اور پریشان ہو گیا۔

marfat.com
Marfat.com

وہ انتہائی مایوسی کے عالم میں آپ کو دیکھے جا رہا تھا - آپ نے خاموشی کو توڑتے ہوئے فرمایا - دوست ہم نہیں جانتے کہ تم کون ہو اور کس مقصد کے تحت یہاں آئے ہو اگر کوئی کام ہے تو بتاؤ ، ورنہ خدا حافظ - مجھے دشمن بار بار آواز دے رہے تھے [illegible] خیموں کی طرف بڑھنے لگے تو وہ شخص پکار اٹھا ، یا امام ! میری بات سن لیجئے -

آپ رک گئے تو اس نے کہا مولا ، میں آپ کی بیٹی کا قاصد ہوں - [illegible] سے کوفہ کے لئے روانہ ہوئے تھے تو میں وہاں پر موجود تھا - حج کرنے کے بعد جب میں مدینہ منورہ میں زیارت رسولؐ کے لئے حاضر ہوا تو وہاں میں نے ایک پردہ نشین بچی کو دیکھا جو روضہ رسولؐ کے ساتھ ہی روضہ بتولؑ کے باہر بلند آواز سے رو رہی تھی - لوگ جا کر اس کے رونے کی وجہ پوچھتے اور پھر اس کا سوال پوچھ کر واپس آجاتے - ایک دن میرے دل میں خیال آیا کہ اس بچی سے پوچھوں کہ اسے کیا ضرورت ہے - شاید میں اس کے کسی کام آسکوں - اور پھر جب میں نے پوچھا کہ بیٹا کیا بات ہے آپ اس طرح روتی کیوں ہیں اور آپ کون ہیں -

معصومہ نے میری بات سنی تو اور زیادہ رونے لگی اور فرمایا : یا عم میں صغریٰ بنت حسینؑ ہوں ۔ میرے ابا جان مکہ معظمہ سے کوفہ تشریف لے گئے تھے - یہ مجھے چچا عبداللہ بن جعفر نے بتایا تھا - کوفہ گئے ہوئے بھی انہیں کئی ماہ ہو چکے ہیں ان کا خیریت نامہ نہیں آیا میں بیمار تھی اس لئے وہ مجھے چھوڑ کر مکہ معظمہ چلے گئے تھے اور وہاں سے کوفہ چلے گئے ہیں مجھے ان سے بچھڑے ہوئے چھ ماہ کا عرصہ ہو گیا ہے - چچا جان ! میرا دل ڈوب ڈوب جاتا ہے - میرے ابا جان نے فرمایا تھا ہم تمہیں جلد ہی اپنے پاس بلوالیں گے -

میرے بھائی جان علی اکبر نے میرے ساتھ پکا وعدہ کیا تھا کہ میری پیاری بہن میں تمہیں خود آکر لے جاؤں گا - مگر نہ ابا جان نے کسی کو لینے بھیجا ہے اور نہ ہی بھائی جان علی اکبر ابھی تک آئے ہیں -

چچا ! میں بے حد اداس ہو گئی ہوں مجھے ننھے علی اصغر کی یاد بہت ستاتی ہے میں نے اس کے لئے کئی جوڑے کپڑے سی کر رکھے ہوئے ہیں - اس کے خالی جھولے کو جھلاتی رہتی ہوں -

یا عم ! اگر آپ نے کوفہ کی طرف جانا ہو تو میرا خط میرے ابا جان کے نام لے

marfat.com
Marfat.com

جائیں۔ بس میرا صرف یہ کام ہے۔ اس کام کے عوض میں آپ کو کئی چیزیں پیش کروں گی اور پھر وہ بچی حجرہ کے اندر چلی گئی اور میرے روکتے روکتے ایک ایک کر کے کئی چیزیں اٹھا لائی جن میں کچھ برتن اور ایک جانماز تھا۔ ایک دو کپڑے کی چادریں تھیں اور ایک پوٹلی میں چند چھوٹی چھوٹی چیزیں اور سکے وغیرہ بندھے ہوئے تھے۔

میں نے بچی کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا لاؤ بیٹی اپنا خط مجھے دے دو۔ میں اُسی طرف جارہے والا ہوں۔ میں تمہارا خط ضرور پہنچا دوں گا اور یہ اپنی چیزیں اٹھا لو۔ میں اہل بیتِ رسول کا خادم ہوں اور یہ بڑی سعادت ہے کہ ابن رسول کی بیٹی کا قاصد بن جاؤں بچی بضد تھی کہ یہ سامان تم ضرور لے لو۔ تم یہ سامان تھوڑا سمجھ کر نہیں لے رہے۔ یہ سامان دیکھنے میں ضرور تھوڑا لگتا ہے لیکن بہت قیمتی سامان ہے بابا۔ اس میں میری دادی فاطمۃ الزہرا کے ہاتھوں کی کئی چیزیں ہیں۔

یہ تھوڑا سا سامان قبول کر لو۔ میرے بابا کو جب تم میرا خط دو گے تو وہ اور بھی بہت مال و دولت دیں گے۔ میرے ابا جان بڑے سخی ہیں۔ وہ تو سائلوں کو ویسے ہی بہت کچھ دے دیتے ہیں تم تو ان کی بیٹی کے قاصد بن کر جاؤ گے۔ پھر تمہاری تو بہت ہی قدر کریں گے اس کے علاوہ ہم سب تمہارے حق میں دعا بھی کریں گے اور اپنے نانا جان سے جنت بھی لیکر دیں گے۔ اُس معصومہ نے درد و فراق کی اور بھی بہت سی باتیں کی تھیں جن کے بیان کرنے کی مجھ میں طاقت نہیں۔ میں نے منت سماجت کر کے وہ سامان واپس کر دیا تھا اور یہ خط لیکر آپ تک پہنچا ہوں۔ میں نے دور سے اس طرف فوجوں کو دیکھ لیا تھا اس لئے راستہ بدل کر ادھر آیا تھا کہ دیکھتا جاؤں کہ یہ لشکر کدھر جا رہا ہے۔ مگر یہاں آکر دیکھا تو آپ کو اس حال میں پایا۔

امام عالی مقام۔ نے ٹھنڈی سانس بھر کر فرمایا کہ لاؤ میری بیٹی کا خط دے دو۔ میری بیٹی نے تم سے وعدہ کیا تھا کہ میرے ابا جان تمہیں بہت کچھ دیں گے۔ اب تم ہمیں ملے ہی ایسے عالم میں ہو کہ ہم تمہیں دنیاوی مال سے وہ کچھ نہیں دے سکتے جو تمہارا حق بنتا ہے البتہ ہم اپنی بیٹی کا دوسرا وعدہ ضرور پورا کریں گے کہ تمہیں اپنے ساتھ لیکر جنت میں جائیں گے پھر بھی ٹھہرو۔ ہمیں اہل بیت کے خیموں سے جو کچھ بھی میسر آسکا تمہیں لا کر دیتے ہیں۔ صد

marfat.com
Marfat.com

سے سنانی چیخیں نکل گئیں۔ عرض کیا۔ یا آقا! میرے لئے وعدۂ آخرت ہی بہت بڑی دولت ہے خدا کے لئے اپنی یہ امانت بھی لیتے جائیے۔ پھر وہ کجاوے سے ایک چھوٹی سی پوٹلی نکال لایا آپ نے فرمایا یہ کیا ہے۔ عرض کی اس میں علی اصغر کے کپڑے ہیں۔

امام مظلوم نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے پوٹلی سنبھالی اور دل ہی دل میں کہا۔ صغرا بیٹی! اب تیرے اصغر کو کیسے یہ تیرا تحفہ پیش کیا جائے۔ اصغر کی تو بس قبر قریب ہی تھی۔ آپ نے وہ پوٹلی اس پر رکھ کر فرمایا۔ اصغر بہن کا تحفہ قبول کرو۔ اور پھر وہ کپڑے اور خط لے کر خیموں میں تشریف لے گئے۔

غضب کیا تھا قیامت تھی جو بیک وقت سب کے دلوں پر بکھر رہی تھی۔ شکوے ہی شکوے شکایتیں ہی شکایتیں، درد ہی درد، فراق ہی فراق۔ ابا جان سے شکوے، پھوپھی سے شکوے، اقو سے شکوے، علی اکبر سے شکایتیں، سجاد سے شکوے۔ اصغر کی یادیں، سکینہ کے سلام۔ ایک ایک لفظ دلوں کو چیرتا جا رہا تھا۔ ایک ایک جملے پر چیخیں بلند ہو رہی تھیں۔ پیکر تسلیم و رضا امام مظلوم کی آنکھوں میں بھی اشکوں کا سیلاب آ گیا تھا۔ درد و فراق کے آنسو بہے جا رہے تھے۔ دکھے ہوئے دل کے آنسو۔ گرم گرم اور آتشیں آنسو۔ بیٹی کے خط سے غم آلود آنسو۔

ڈٹھو سوہنے اُتے دسے ہتھوں ہوئے قتل امام تے کی ہندا
اصغر تائیں دفنا کے دریاں آ جاندے چھٹی اصغر دے نام تے کی ہندا
سینے بچا ونا جے اکبر دی لاش تائیں شکویاں بھریا سلام تے کی ہندا
گھلیے صغریٰ دے قاصد نوں ملدا تمام ڈن کے حالات تمام تے کی ہندا

## نوٹ:

یاد رہے۔ کہ صائم چشتی کی ایک اور تصنیف "مشکل کشا" ہے۔ جو حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی سوانح پر لکھی گئی ہے۔ اس کتاب میں صائم چشتی نے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کے متعلق انہی عقائد و نظریات کا پرچار کیا۔ جو رافضیوں کے ہیں۔ اور ان کے اصول دین میں سے شمار ہوتے ہیں۔ اور عنوان

marfat.com
Marfat.com

بھی ایسے باندھے کہ جن سے یقیناً شیعیت ٹپکتی ہے۔ مثلاً "خلیفہ بلا فصل علی امتی نبی ت بڑھ سکتا ہے۔ وغیرہ"۔ مطلب یہ تھا کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ تمام انبیاء کرام حتیٰ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی افضل ہیں۔ میں نے اس نام نہاد سنی نعت خواں کی اس کتاب کا تفصیلی اور تحقیقی رد "دشمنانِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ" نامی کتاب میں لکھا ہے۔ جو دو جلدوں پر مشتمل بازار میں آچکی ہے۔ اسے ضرور خریدیے تا کہ آپ کو کچھ ایسے پیروں اور مولویوں کے بارے میں پتہ چلے۔ جو سنیت کی آڑ میں شیعیت کا پرچار کرتے ہیں۔

# ایک اور جھوٹی داستان

## سیدہ سکینہ کا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھوڑے کے پاؤں سے چمٹنا نوحہ خوانی کا منظر دکھانا

"شہید ابن شہید"، تصنیف صائم چشتی فیصل آبادی بھی ان کتب غیر معتبرہ میں سے ایک ہے۔ جسے نام نہاد سنی نے تصنیف کیا۔ نام نہاد سنی اس لیے کہہ رہا ہوں۔ کہ اس مصنف کی دوسری تصنیف "مشکل کشا"، کا آپ مطالعہ فرمائیں۔ تو اس سے سنیت کی بجائے شیعیت ٹپکتی ہے۔ اس کی بھرپور اور تفصیلی تردید "دشمنان امیر معاویہ رضو کا علمی محاسبہ"، میں پڑھیے۔ "شہید ابن شہید"، خاک کربلا کی طرح من گھڑت داستانوں اور حدود شرعیہ کو پامال کرنے والے جملوں سے اٹی پڑی ہے اس لیے اب ہم کتاب شہید ابن شہید کا مستقل عنوان دے کر سکینہ کی جھوٹی داستان نقل کرتے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

# کتاب چہل و چہارم

# شہید ابن شہید مصنفہ صائم نعت خواں فیصل آبادی

## شہید ابن شہید

آپ بیمار عابد کے سر پر ہاتھ پھیر کر اُٹھے۔ مڑ کر دیکھا۔ تو وہاں کوئی اور ہی منظر بنا ہوا تھا۔ سیدہ زینب کے سر سے چادر اُتری ہوئی تھی۔ بال بکھرے ہوئے ہیں۔ نظر پتھرائی ہوئی ہے۔ آنسوؤں کے دو موٹے موٹے قطرے پلکوں سے نیچے آکر ٹھہرے ہوئے ہیں۔........ صابروں کا امام بھی یہ منظر دیکھ کر تڑپ کر رہ گیا۔ حوصلہ کر کے آگے بڑھے۔ بہن کی گری ہوئی چادر کو اٹھایا۔ علی کی بیٹی کا سر ڈھانپ دیا۔ جناب سکینہ کو گود میں لیا علی اکبر کے سینہ کے خون سے لتھڑے ہوئے سکینہ کے چہرے کو اپنے عمامہ سے صاف کیا۔ آنکھوں میں پڑی ہوئی ریت کو عمامہ کا پلڑا پھیر پھیر کر نکالا۔ بکھرے ہوئے بالوں کو انگلیوں سے درست کیا۔ اور فرمایا۔ سکینہ ہوش میں آؤ۔ ابا کی آخری زیارت کر لو۔ پھر ساری عمر ابا کا چہرہ دیکھنے کے لیے ترس جاؤ گی۔ بیٹی سکینہ اٹھو۔ جلدی کرو۔ آخری ملاقات تو کر لو۔ آخری بار بابا کے سینہ سے تو لپٹ جاؤ۔ پھر تو تمہیں بھی صغریٰ کی طرح ساری زندگی رو رو کر تڑپ تڑپ کر ہی گزارنا ہے سالتو بیٹی اب بابا بھی علی اکبر کے پاس جا رہا ہے۔ آپ دامن سے پنکھا بھی کر رہے تھے۔ اور بے ہوش بیٹی سے گفتگو بھی فرما رہے تھے۔ جلدی معصومہ نے آنکھیں کھول دیں۔ خود کو بابا کی گود میں دیکھا۔ تو لپٹ گئیں۔ تین دن کی پیاسی بچی تین دن

marfat.com
Marfat.com

کے پیاسے بابا سے گلے مل رہی ہے۔ بابا کی گود میں کچھ سکون ملا۔ بچی پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ آپ نے تسلی دے کر فرمایا۔ صبر کرو میری بیٹی تم صابروں کی اولاد ہو۔ مجھے دشمن پکار رہے ہیں۔ اور میری خواہش تھی۔ کہ تو مجھے آخری بار گلے مل لے۔ اب مجھے جانے دو۔ افسوس کہ تھوڑی دیر بعد تم یتیم ہو جاؤ گی۔ (شہید ابن شہید ص ۲۱۵، ۲۱۶۔ مطبوعہ چشتی کتب خانہ جھنگ بازار فیصل آباد)

## شہید ابن شہید :

امام حسین رضی نے جب اپنے گھوڑے کو چلانا چاہا۔ تو وہ ہل نہیں رہا تھا۔ آپ نے نگاہیں جھکا کر دیکھا۔ تو سیدہ سکینہ گھوڑے کے پاؤں سے لپٹی ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا بیٹی ان معصومانہ کوششوں سے باپ کے دل پر چھریاں نہ چلاؤ۔ (شہید ابن شہید ص ۲۱۷)

# تردید اوّل :

اوپر ذکر کی گئیں دو عبارات میں جو مضمون آپ نے پڑھا۔ اس قسم کی بات کسی بھی معتبر سنی یا شیعہ کتاب میں نہیں پائی جاتی۔ اس عبارت میں جس انداز سے واقعہ وہ بھی من گھڑت بیان کیا گیا۔ اس سے چند چیزیں ہمارے سامنے آتی ہیں جن کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔

۱۔ "سیدہ زینب کے سر سے چادر اتری ہوئی اور ان کے بال بکھرے ہوئے تھے" کیا خاندان رسالت کی عظیم شاہزادی کا یہ عمل قرآن کریم اور احادیث نبویہ کے صراحۃً خلاف نہیں ہے۔ قرآن کریم کہے۔ کہ مصیبت کے وقت صبر کرو اور نماز سے استعانت چاہو۔ اللہ صابرین کے ساتھ ہے۔ گویا صائم فیصل آبادی اس بے بنیاد عبارت سے سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو قرآن و حدیث کے احکام کے خلاف عمل کرنے والی ثابت کرنا چاہتا ہے۔ حالانکہ یہ خانوادہ دنیا کے لیے

marfat.com

Marfat.com

اسلامی تعلیمات کا نمونہ تھا۔ سیدہ زینب کی مظلومیت کو اس انداز سے بیان کرنا شرعاً ان پر حرف آتا ہو۔ کہاں کی محبت اہل بیت ہے۔ مولانا حسن رضا رحمۃ اللہ علیہ نے ایسے ہی لوگوں کے لیے کہا۔

اہل بیت پاک سے بے باکیاں گستاخیاں
لعنت اللہ علیکم دشمنان اہل بیت

۲۔ سکینہ کو گود میں لے کر اس عمامہ سے کہ جس سے امام حسین رضی نے علی اکبر کا خون صاف کیا۔ ان کی آنکھوں سے ریت کو نکالا "یہ واقعہ کس کتاب سے لیا گیا۔ تو جب کسی کتاب میں ان کا ذکر تک نہیں۔ تو امام عالی مقام کی طرف انہیں منسوب کرنا کس قدر بے باکی اور گستاخی ہے۔ اگر کسی معتبر کتاب میں امام عالی مقام کا ایسا کرنا اور لیا کہنا صائم نعت خوان دکھا دے۔ تو منہ مانگا انعام پائے۔

۳۔ "اٹھو سکینہ بابا کے سینہ سے لپٹ جاؤ۔ ورنہ تم بھی صغریٰ کی طرح ساری زندگی رو رو کر اور تڑپ تڑپ کر گزارو گی" گذشتہ اوراق میں ہم "فاطمہ صغریٰ" کے بارے میں تحقیق بیان کر چکے ہیں۔ اس نام کی امام حسین رضی کی کوئی صاحبزادی نہ تھی جو مدینہ میں پیچھے رہ گئی ہو تو پھر جو دو آپ کی صاحبزادیاں تھیں۔ وہ آپ کے ساتھ میدانِ کربلا میں موجود تھیں۔ لہٰذا صغریٰ کا مدینہ میں رہنا اور وہاں آہ و بکا اور رونا رلانا سب بے اصل ہے "سکینہ بابا کے سینہ سے لپٹ جاؤ" کیا امام عالی مقام نے سیدہ سکینہ کو واقعی یہ الفاظ کہے۔ اگر کہے تو اس کا کسی معتبر کتاب سے ثبوت پیش کر کے منہ مانگا انعام حاصل کیا جائے۔ علاوہ ازیں سیدہ سکینہ کوئی بچی نہیں کہ انہیں سینے سے لپٹ جانے کا کہا جائے۔ انہیں بچی کہنا اور گود میں لیے جانے کی بات کرنا قطعاً من گھڑت ہے۔ آپ شادی شدہ تھیں۔ اور ان کے خاوند عبداللہ بن حسن یہ دونوں واقعہ کربلا میں موجود تھے۔

marfat.com
Marfat.com

۴ ۔ "اب مجھے جانے دو افسوس کہ تھوڑی دیر بعد تم یتیم ہو جاؤ گی،، جس بیٹی کو باپ یتیمی کی پیش گوئی کر رہا ہو۔ کیا وہ ایسا کر کے بیٹی کو صبر کی تعلیم و تلقین کر رہا ہوگا۔ یا بے صبری کی طرف بلا رہا ہوگا۔ ایسی عبارات لکھتے وقت ان لوگوں کو قطعاً خدا خوفی اور شرم اہل بیت کی پرواہ نہیں ہوتی۔ بس عبارت میں رنگینی پیدا ہو جائے۔ چاہے حدود شرعیہ پامال ہو جائیں۔ اس کی پرواہ تک نہیں۔

۵ ۔ "وہ بیٹی ایسی معصومانہ کوششوں سے باپ کے دل پر چھریاں نہ چلاؤ،، "معصوم،، عام طور پر نابالغ بچوں کو کہا جاتا ہے۔ یا پھر شیعہ لوگوں کا عقیدہ ہے۔ کہ بارہ امام اور ان کی اولاد معصوم ہیں۔ اگر معصوم سے مراد پہلا معنی ہے۔ تو یہ واقعات کے بالکل خلاف ہے۔ کیونکہ سیدہ سکینہ شادی شدہ تھیں۔ اس پر مزید گفتگو عنقریب آ رہی ہے۔ اور اگر دوسرا معنی پیش نظر ہے۔ تو یہ اہل سنت کا عقیدہ نہیں۔ لہٰذا صائم چشتی سنی بن کر شیعوں کے مسلک کی ترجمانی کر رہا ہے۔ یہی طریقہ اس نے "مشکل کشا،، نامی کتاب میں اپنایا ہے۔ اور "شہیدا ابن شہید" بھی ایسے ہی خیالات و نظریات کا پلندہ ہے۔

سکینہ گھوڑے کے پاؤں پکڑے ہوئے ہونا صائم چشتی نے ذکر کیا۔ اسی من گھڑت داستان کو افتخار الحسن صاحب نے اپنے رنگ میں ڈھال کر بیان کیا۔ فرضی مکالمے اور من گھڑت گفتگو اس انداز سے کی۔ کہ جیسا واقعہ کے چشم دید گواہ ہوں۔ عبارت ملاحظہ ہو۔

# خاکِ کربلا

اب اٹھو اور اپنے بھائی حسین کی صورت جی بھر کے دیکھ لو۔ پھر قیامت تک نظر نہ آئے گی۔ پھر فاطمہ کا لال اٹھا نانے پاک کا عمامہ سر پر باندھا۔ ماں فاطمہ کی چادر کمر میں لپیٹی اور باپ علی کی تلوار ہاتھ میں پکڑی گھوڑے پر سوار ہونے لگے

marfat.com

Marfat.com

تو اس خیال نے رُلا دیا۔

## شعر

جدوں معراج نبی نوں ہویا جبرائیل براق تھایا!

جدوں علی ولی خیبر چلیا نبی پاک نے آپ چڑھایا

اج کوئی نہیں رہ گیا واگاں پکڑن والا جدوں وار حسین دا آیا

خیمیاں وچوں بی بی زینب نکل اُسس برقعہ منہ تے پایا

تھم رکاب گھوڑے دی آکھے دمیلے چڑھ امڑی دیا جایا

سیدہ پاک نے گھوڑے کا منہ میدان کی طرف کیا۔ اور چلنے کا حکم دیا مگر گھوڑا اپنی جگہ سے بلا تک نہیں۔ امام پاک بار بار گھوڑے کو چلاتے۔ مگر وہ حرکت میں نہ آیا۔ حضرت حسینؓ حیران رہ گئے۔ یا اللہ یہ ماجرا کیا ہے۔ گھوڑا میدان کی طرف کیوں نہیں جاتا کہیں میں اس امتحان میں فیل تو نہیں ہو رہا۔ گھوڑے نے گردن اوپر اٹھائی۔ اور زبانِ حال سے اپنے سوار کو کچھ سمجھایا۔ سید مظلوم گھوڑے سے نیچے اُترے۔ دیکھا تو بیٹی سکینہ نے گھوڑے کے پاؤں پکڑے ہوئے ہیں۔ امام عرش مقام نے بیٹی کو سینہ سے لگایا۔ اور فرمایا۔ بیٹی عون و محمد قربان ہوئے تو تم نے صبر کیا۔ قاسم و عباس نثار ہوئے تو تم نے شکر کیا۔ علی اکبر شہید ہوا۔ تو تم نے فریاد نہ کی۔ علی اصغر نے دم توڑا تو تو نے حوصلہ نہ ہارا۔ مگر میں اب جا رہا ہوں۔ تو تم رو رہی ہو۔ عرض کی ابا جان عون و محمد قربان ہوئے تو مجھے فکر نہ تھا۔ قاسم و عباس نثار ہوئے تو مجھے کوئی غم نہ تھا۔ اکبر و اصغر شہید ہوئے تو مجھے کوئی پرواہ نہیں تھی مگر ابا جان آپ جا رہے ہیں۔ سکینہ یتیم ہو جائے گی۔ بے سہارا ہو جائے گی۔ اور بے آسرا ہو جائے گی۔ ہائے اباجی۔ میرے سر پر شفقت کا ہاتھ کون پھیرے گا۔ میں روؤں گی تو چپ کون کرائے گا۔ مدینہ کون پہنچائے گا۔؟ ہائے بابا میں روتی مر جاؤں گی۔ ٹھوکریں کھاتی پھروں گی۔ اباجی آپ کے بعد مجھے بیٹی کہہ کر کون پکارے گا مجھے سینے سے کون لگائے گا۔ اور مجھے اپنی گود میں کون بٹھائے گا؟ (خاک کربلا ص ۳۰۴ تا ۳۰۵ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد)

marfat.com

Marfat.com

قارئین کرام! مذکورہ واقعہ نہ کسی معتبر کتاب میں موجود ہے۔ اور نہ ہی ایسا ہونا ممکن ہے یہ سب باتیں اور مکالمہ بازی افتخار الحسن صاحب کی اختراعی ہے۔ اگر بنظر انصاف دیکھا جائے تو بہت سی گستاخیوں سے بھری پڑی ہے۔ سب سے بڑی بات تو یہ کہ جب امام عالی مقام نے ایسا فرمایا ہی نہیں اور سیدہ زینب و سکینہ نے اس قسم کی بے صبری کا مظاہرہ نہیں کیا تو ان اعلیٰ و ارفع ہستیوں کے متعلق ایسی گھٹیا تحریر ان پر افتراء باندھنے سے کم نہیں۔ ایسی ہی عبارات سے ”ماتم“ کا جواز نکلتا ہے۔ اور شیعہ لوگ کہہ سکتے ہیں۔ کہ دیکھو تمہارے عالم نے رونے رلانے کی باتیں سیدہ سکینہ کی نقل کی ہیں سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ تاثر دیا جا رہا ہے۔ کہ وہ چھوٹی کم سن شہزادی تھیں حالانکہ وہ شادی شدہ تھیں۔ اور ان کے خاوند عبداللہ بن حسن تھے۔ اس کی تصدیق و تائید سنی شیعہ دونوں مکتبۂ فکر کی کتب کرتی ہیں۔ پچھلے صفحات میں اسی کے متعلق ”اعلام الوریٰ ص ۱۲۷ تاریخ الائمہ ص ۲۸۰“ کے حوالہ جات آپ ملاحظہ فرما چکے۔ ایک حوالہ اور ملاحظہ فرمائیں۔

## منتخب التواریخ:

واز تاریخ ابن خلقان نقل شدہ کہ وفات جناب سکینہ در مدینہ طیبہ روز پنج شنبہ پنجم ماہ ربیع المولود السن صد و ہفدہ ہجری واقع شدہ واما سن آں مخدرہ معلوم نیست گویا در واقعہ طف در سن نسواں بود۔ چنانچہ در شعر منسوب بحضرت سید الشہداء تعبیر۔ بخیرۃ النسواں فرمودہ و شاہد برایں آنست کہ آں مخدرہ در واقعہ طف مزوجہ بود بہ پسر عمش عبداللہ بن الحسن کہ در کربلا شہید شد۔

(منتخب التواریخ ص ۲۴۴ باب پنجم در ذکر اولاد امجاد حضرت سید الشہداء)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

تاریخ ابن خلقان سے منقول ہے۔ کہ سیدہ سکینہ کا انتقال مدینہ منورہ میں جمعرات پانچ ربیع الاول ۱۱۷ھ میں ہوا۔ ان کی عمر ٹھیک سے معلوم نہیں۔ لیکن واقعہ کربلا کے وقت بالغ عورتوں کی عمر تک پہنچ چکی تھیں جیسا کہ ایک شعر میں آپ کو "خیرۃ النساء" کہا گیا۔ جو سید الشہدا امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے۔ اور اس پر یہ امر بھی شاہد ہے۔ کہ سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا اپنے چچازاد حضرت عبداللہ بن حسن کے ساتھ بیاہی گئی تھیں۔ جو کربلا میں شہید ہوئے۔

قارئین کرام! شیعہ مؤرخ نے ایک معتبر سنی کتاب "وفیات الاعلان" جو ابن خلقان کے نام سے مشہور ہے۔ ذکر کیا۔ کہ سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا واقعہ کربلا کے وقت شادی شدہ تھیں۔ اور بچپن کی عمر سے نکل کر بالغ عورت کی عمر میں تھیں۔ اب ایسی عمر کی عورت کی طرف "ہائے بابا مجھے اپنی گود میں بٹھالو"، وغیرہ وغیرہ اخلاق سے گری ہوئی باتیں منسوب کرنا کہاں کی دانشمندی ہے۔ ان مقدس ہستیوں کی طرف سراسر جھوٹ کی نسبت کرتا ہے۔ جس کا حقیقت سے ہرگز کوئی تعلق نہیں۔ لہذا ایسی نامعتبر کتب کے مندرجات ہم اہل سنت انہیں کوئی وقعت نہیں دیتے۔

**فاعتبروا یا اولی الابصار**

marfat.com

Marfat.com

# تردید ثانی

# امام حسین رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ سے کربلا تک اونٹنی پر سفر کیا۔

امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا میدان کربلا میں اپنے سارے ساتھیوں کی شہادت کے بعد خود گھوڑے پر سوار ہو کر یزیدیوں کے مقابلہ میں نکلنا۔ اور سیدہ سکینہ کا گھوڑے کے پاؤں کو چمٹے رہنا کہ جس کی وجہ سے گھوڑا نہ چل سکا۔ پھر گھوڑے کا امام عالی مقام کو اپنے سر کے اشارہ سے بتانا کہ میرے پاؤں کی طرف دیکھو، کہ شہزادی لپٹی ہوئی ہے۔ پھر امام عالی مقام کا سکینہ کو دلاسا دینا وغیرہ رقت آمیز واقعہ شیعہ سنی دونوں کی کتب میں موجود ہے۔ دور حاضر کی سنی کتب کی فوٹو سٹیٹ کاپی ہم نے اصل کتاب کے ساتھ لف کر دی ہے۔ اس کے علاوہ تقریروں واعظوں میں سنی واعظین اور شیعہ ذاکرین عوام کو رلانے۔ مرثیہ خوانی کا رنگ بھرنے کے لیے بڑے طمطراق سے بیان کرتے ہیں۔ ایسے واقعات سے شیعہ ذاکرین کا مقصد تو واضح ہے کہ وہ ماتم اور نوحہ خوانی کو اپنے مسلک کی جز سمجھ کر اس کا پرچار کرتے ہیں لیکن سنی واعظین پر افسوس ہے۔ کہ جب ماتم اور نوحہ خوانی کو حرام کہتے ہیں اور سمجھتے ہیں۔ تو پھر ایسے بے اصل واقعات کو رقت آمیز لہجے اور رونے رلانے کے انداز سے بیان کرکے وہ سنیت کی نہیں بلکہ شیعیت کی خدمت کرنے کے کیوں در پے ہیں؟ معلوم یہ ہوتا ہے۔ کہ ان کا مقصد صرف اپنا رنگ جما کر دنیا کے چند ٹکے حاصل کرنا ہے۔

بہر حال یہ حقیقت ہے۔ کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مدینہ منورہ سے عازم مکہ مکرمہ

marfat.com

Marfat.com

ہونا، اور پھر مکہ شریف سے کوفہ کا قصد کر کے سفر پر روانہ ہونا جنگ وجدال کے لیے نہ تھا۔ اہل وعیال کو جس میں بچے اور عورتیں بھی تھیں کو ساتھ لینا اسی کی دلیل ہے۔ کہ آپ کسی سے لڑنے نہیں جا رہے ہیں۔ ایسا سفر جنگ وجدال کا نہ ہو۔ اور بال بچوں سمیت ہو۔ عرب اسے اونٹوں پر طے کرتے تھے۔ جب ہم عرب لوگوں کے واقعات سفر کا بغور مطالعہ کرتے ہیں۔ تو ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ لوگ اونٹوں کی بجائے گھوڑوں پر جانا اس وقت پسند کرتے تھے۔ جب کہیں گھوڑ دوڑ کے لیے یا کسی خوشی کے موقعہ میں شرکت کرنے کا مقصود ہوتا۔ امام عالی مقام کا سفر کربلا نہ گھوڑ دوڑ کا سفر تھا۔ اور نہ ہی خوشی کے لیے گھر سے باہر سفر پہ روانگی تھی۔ ایسے میں انہوں نے اونٹوں کو اپنے سفر کے لیے ساتھ لیا۔ گھوڑوں پر سوار نہیں ہوئے۔ کوفہ کی طرف روانگی کے وقت اس خاندان اہل بیت کی سواری اونٹ تھی۔ اس پر شیعہ سنی دونوں کی کتب سے ثبوت ملاحظہ ہو۔

## دلائل النبوت:

عَنْ اَصْبَغَ بْنِ نُبَاتَه عَنْ عَلِیٍّ رضی الله عنه قَالَ اَتَیْنَا مَعَهٗ مَوْضَعَ قَبْرِ الْحُسَیْنِ رضی الله عنه فَقَالَ هٰهُنَا مَنَاخُ رِکَابِهِمْ وَمَوْضَعُ رِحَالِهِمْ وَهٰهُنَا مِهْرَاقُ دِمَاءِهِمْ فِتْیَةٌ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ یُقْتَلُوْنَ بِهٰذَا الْعَرْصَةِ تَبْکِیْ عَلَیْهِمُ السَّمَاءُ وَالْاَرْضُ

(۱۔ دلائل النبوۃ جلد دوم ص ۴۴۷ فصل التاسع والعشرون حدیث ص ۵۳۰ مطبوعہ حلب)

(۲۔ خصائص کبریٰ جلد دوم ص ۱۲۶ باب اخبارہ صلی اللہ علیہ وسلم لقتل الحسین مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لائل پور) (۳۔ سر الشہادتین ص ۳۱)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

اصبع بن بنانہ سے روایت ہے۔ وہ علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں۔ فرمایا۔ کہ ہم حضرت علی المرتضٰی رضی کے ساتھ اس جگہ آئے۔ جہاں امام حسین رضی اللہ عنہ کی قبر ہے۔ تو حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یہ وہ جگہ ہے۔ جہاں اُن کے اونٹ بیٹھیں گے۔ اور ان کے کجاووں کی جگہ یہ ہے۔ اور یہ جگہ اُن کے خون گرائے جانے کی جگہ ہے۔ آل محمد کے جوانوں کو اس میدان میں شہید کر دیا جائے گا۔ اُن پر آسمان و زمین روئیں گے۔

قارئین کرام! سیدنا علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے واقعہ کربلا سے بہت پہلے میدانِ کربلا کے چند مقامات کی نشاندہی فرمائی۔ اُن میں سے ایک جگہ کے بارے میں فرمایا۔ کہ یہاں شہداء کربلا کے اونٹ بیٹھیں گے۔ یہ خبر اُن اخبار میں سے ہے۔ جو حضرت علی المرتضٰی رضی نے جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان فرمانے کے بعد بیان فرمائیں۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حضرت علی بیان فرما رہے ہیں۔ کہ یہ وہ مقام ہے۔ ایک جگہ خاندانِ اہل بیت کے اونٹ بیٹھیں گے۔ اس سے صاف ظاہر کہ خاندانِ اہل بیت میدانِ کربلا تک اونٹوں پر سوار ہو کر آیا۔ اور اس میدان میں انہوں نے اپنے اونٹوں کو باندھا ان کے کجاوے رکھے۔ لیکن نہ معلوم شیعہ سنی دونوں نے امام عالی مقام کے اونٹ کدھر بھگا دیئے۔ اور ان کی جگہ گھوڑے لے آئے۔ وہ کون خیر خواہ تھے، کون جانثار تھے۔ کہ جنہوں نے اس مصیبت زدہ خاندان کو گھوڑے پیش کیے تھے؟ واقعات و حقائق اس کے گواہ ہیں۔ کہ جن لوگوں نے امام عالی مقام کی بیعت نہ کی تھی۔ وہ تو آپ کے جانی دشمن تھے ہی لیکن وہ لوگ جنہوں نے بیعت کر لی تھی۔ وہ بھی خیر خواہ نہیں تھے۔ امام عالی مقام کے مقابلہ میں آنے والوں کے بارے میں تاریخ بتاتی ہے۔ کہ وہ حجاز یا شام

marfat.com
Marfat.com

سے لوگ نہیں آئے۔ بلکہ سب کے سب کوفی لوگ تھے۔ اور وہی کہ جنہوں نے آپ سے بیعت کی تھی۔ مقتل ابی مخنف ص ۵۲ کی عبارت ملاحظہ ہو۔

## مقتل ابی مخنف:

فَتَكَامَلَ اِتْمَانُوْنَ اَلْفَ فَارِسٍ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ لَيْسَ فِيْهَا شَامِيٌّ وَلَا حِجَازِيٌّ۔ (مقتل ابی مخنف ص ۵۲)

ترجمہ:

یعنی اسی ہزار گھوڑے سوار کوفی تھے۔ جو آپ کے مقابل تھے۔ نہ ان میں کوئی شامی اور نہ حجاز کا رہنے والا تھا۔

کیا یہ لوگ امام عالی مقام کو گھوڑے پیش کرنے والے ہو سکتے ہیں؟ اگر کوئی سنی واعظ اور شیعہ ذاکر کسی معتبر کتاب کے حوالہ سے ثابت کر دیں۔ کہ امام عالی مقام کو میدان کربلا پر، فلاں قبیلہ، فلاں سردار یا فلاں نامی شخص نے گھوڑے پیش کیے تھے۔ تو میں اسکو بیس ہزار روپیہ انعام پیش کروں گا۔ اگر گھوڑے پیش کرنے والا ہی کوئی نہیں۔ اور خود خاندان اہل بیت کا قافلہ اونٹوں پر سوار ہو کر آیا تھا۔ تو پھر امام عالی مقام سے گفتگو وغیرہ سب باتیں سرے سے ہی جھوٹی ہوئیں۔ جب کوئی ثابت ہی نہیں کر سکتا۔ اور گھوڑے پر سواری، اس کی امام عالی مقام سے گفتگو وغیرہ سب باتیں سرے سے ہی جھوٹی ہوئیں۔ جب کوئی ثابت ہی نہیں کر سکتا۔ کہ وہ ذوالجناح ,, وہاں تھا۔ تو پھر فرضی واقعات سے اس خاندانِ اہل بیت کے بارے میں یہ تاثر دینا کہ انہوں نے صبر و ہمت کا دامن چھوڑ دیا تھا۔ اور اپنا سکہ جمانے کی خاطر عوام کو غلط باتوں پر لانا کیا ایسے واعظین و ذاکرین کو شرم نہیں اور خوف خدا نہیں آتا۔ ایسے واہی تباہی کہنے والوں کے بارے میں اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی چند عبارات نقل کر چکا ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

جن سے خاص کرسنی واعظین کو اپنی روش تبدیل کرنی چاہیے۔خصائص کبریٰ اور سر الشہادتین کے حوالے سے امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش گوئی بذریعہ علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ غلط نہیں ہو سکتی۔اس لیے حقیقت یہی ہے۔کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اپنے رفقاء و اہل وعیال کے ہمراہ اونٹوں پر سوار ہو کر کربلا پہنچے تھے۔

## امام حسین رضی اللہ عنہ نے سفر کا آغاز اونٹنی پر فرمایا

### ذبح عظیم بحوالہ مقتل ابی مخنف:

ثم ان محمد ابن حنفیہ سمع ان اخاہ الحسین یرید العراق فبکی بکاءً اشدیدًا ثم قال لہ ان اھل الکوفۃ قد عرفت غدرھم بابیک واخیک وان قبلت قرلی اقم بمکۃ فقال یا اخی انی اخشی ان تقاتلنی جنود بنی امیۃ بمکۃ فاکون کالذی یستباح دمہ فی حرم اللہ ثم قال یا اخی فسر الی الیمن فانک امن الناس بہ فقال الحسین علیہ السلام یا اخی لو کنت فی بطن صخرۃ لاستخرجونی منھا فیقتلونی ثم قال لہ الحسین یا اخی سانظر فیما قلت فلما

marfat.com

Marfat.com

کان وَقْتُ السَّحْرِ عَزَمَ السَّیْرَ اِلَی الْعِرَاقِ فَاَخَذَ
محمد بن حنفیہ زمام نَاقَتِهٖ وَقَالَ یَا اَخِیْ
مَاسَبَبُ ذَالِکَ اَنَّکَ عَجِلْتَ فَقَالَ جَدِّیْ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اَتَانِیْ بَعْدَ مَا فَارَقْتُکَ وَ اَنَا
نَائِمٌ فَضَمَّنِیْ اِلٰی صَدْرِہٖ قَبْلَ بَیْنَ عَیْنَیَّ وَقَالَ
لِیْ یَا حُسَیْنُ یَا قُرَّۃَ عَیْنِیْ اُخْرُجْ اِلَی الْعِرَاقِ فَاِنَّ اللہ
عَزَّ وَجَلَّ قَدْ شَاءَ اَنْ یَّرَاکَ قَتِیْلًا۔

(ذبح عظیم ص ۱۶۵ مکہ معظمہ سے جناب امام حسین کی روانگی مطبوعہ مینجر کتب خانہ اثنا عشری لاہور)

**ترجمہ:**

پھر جب امام حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں آن کے بھائی محمد بن حنفیہ نے سُنا۔ کہ آپ عراق جانے کا ارادہ کر رہے ہیں۔ تو وہ بہت روئے پھر کہا۔ بھائی جان! اہل کوفہ نے آپ کے والد اور بھائی کے ساتھ جو بے وفائی اور غداری کی۔ آپ اسے بخوبی جانتے ہیں۔ کہ اگر میری بات مانیں۔ تو مکہ ہی میں ٹھہرے رہیں۔ امام عالی مقام نے جواب دیا۔ بھائی۔ مجھے خطرہ ہے کہ بنو امیہ کے لشکری مکہ میں ہی مجھ سے لڑنا شروع نہ کر دیں۔ تو پھر بھی ایسے لوگوں میں سے ہو جاؤں جن کا خون اللہ کے حرم میں مباح ہو جائے۔ پھر ابن حنفیہ نے کہا۔ کہ آپ یمن تشریف لے جائیں۔ وہاں آپ بالکل امن میں رہیں گے امام نے فرمایا۔ بھائی اگر میں کسی چٹان کے اندر بھی ہوا تو بھی وہ لوگ مجھے وہاں سے نکال کر شہید کر دیں گے۔ پھر آپ نے فرمایا۔ اچھا

marfat.com
Marfat.com

میں تمہاری پیش کش پر غور کروں گا۔ جب سحری کا وقت ہوا۔ آپ نے عراق کی طرف سفر کا عزم فرمایا۔ تو جناب محمد بن حنفیہ نے آپ کی اونٹنی کی نکیل پکڑ لی۔ اور کہا۔ بھائی جان! آپ کے جلدی کرنے کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا۔ تمہارے جانے کے بعد نیند کی حالت میں نانا جان (رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم) تشریف لائے تھے۔ میری آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ اور مجھے سینہ سے لگا کر فرمانے لگے۔ بیٹا حسین! اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک! عراق کی طرف سفر پر نکل پڑو۔ اللہ تعالیٰ کا ارادہ یہ ہے۔ کہ وہ تمہیں شہید ہوتا دیکھنا چاہتا ہے۔

صاحب ذبح عظیم سید اولاد حیدر نے مقتل ابی مخنف کی عبارت سے جو حوالہ نقل کیا ہے۔ میں نے اس کی مکمل عبارت نقل کر دی ہے وہ کس حوالہ میں امام عالی مقام کے بھائی محمد ابن حنفیہ کا امام صاحب کے عزم سفر کے وقت ایک عمل ہمارے سامنے ہے۔ "فاخذ محمد بن حنفیۃ زمام ناقتہ" محمد بن حنفیہ نے امام کی اونٹنی کی مہار پکڑی۔ جس کا واضح مطلب ہے۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے سفر کرتے وقت اونٹنی پر سفر فرمایا تھا۔ راستہ میں کہیں تبدیل ہو گئی اور اس کی جگہ گھوڑا سواری کے لیے آپ نے لیا۔ اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ تو معلوم ہوا۔ کہ گھوڑے کا ذکر اور ذوالجناح کی کہاوتیں بالکل لایعنی اور جھوٹ پر مبنی ہیں۔

---

marfat.com

Marfat.com

# مدینہ منورہ سے کربلا تک آپ کی سواری اونٹنی ہی رہی

## تاریخ طبری؛

فَقَالَ لَهُ الْحُسَيْنُ بَيِّنْ لَنَا نَبَأَ النَّاسِ خَلْفَكَ
فَقَالَ لَهُ الْفَرَزْدَقُ مِنَ الْخَبِيرِ سَأَلْتَ قُلُوبُ
النَّاسِ مَعَكَ وَسُيُوفُهُمْ مَعَ بَنِي أُمَيَّةَ وَالْقَضَاءُ
يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَاللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ
فَقَالَ لَهُ الْحُسَيْنُ صَدَقْتَ لِلّٰهِ الْأَمْرُ وَاللّٰهُ يَفْعَلُ
مَا يَشَاءُ وَكُلَّ يَوْمٍ رَبُّنَا فِي شَأْنٍ إِنْ نَزَلَ
الْقَضَاءُ بِمَا نُحِبُّ فَنَحْمَدُ اللّٰهَ عَلَى نَعْمَائِهِ وَهُوَ
الْمُسْتَعَانُ عَلَى أَدَاءِ الشُّكْرِ وَإِنْ حَالَ الْقَضَاءُ دُونَ
الرَّجَاءِ فَلَمْ يَعْتَدِ مَنْ كَانَ الْحَقُّ نِيَّتَهُ وَالتَّقْوَى
سَرِيرَتَهُ ثُمَّ حَرَّكَ الْحُسَيْنُ رَاحِلَتَهُ فَقَالَ السَّلَامُ
عَلَيْكَ ثُمَّ افْتَرَقَا۔ (تاریخ طبری جلد ۶ ص ۲۱۸ سنہ ۶۰ھ)

**ترجمہ:۔**

فرزدق کو امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کہ اپنے پیچھے لوگوں کی بات بتاؤ۔
تو اس نے کہا۔ کہ آپ نے واقعی صحیح جاننے والے سے پوچھا ہے۔
لوگوں کے دل آپ کے ساتھ ہیں۔ اور ان کی تلواریں بنو امیہ کے ساتھ

marfat.com
Marfat.com

قضا آسمان سے اترتی ہے اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ پس
امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ تو نے سچ کہا۔ تمام کام اللہ کو ہی زیب دیتے ہیں۔
وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ ہمارا رب ہر دن ایک نئی شان سے
ظاہر ہوتا ہے۔ وہ جو پسند کرتا ہے ویسی ہی قضا اتارتا ہے۔ ہم اس
کی نعمتوں کا شکر بجالاتے ہیں۔ اور ادائے شکر پر اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے
اگر اس کی قضا لوگوں پر اترتی ہے تو جس کی نیت صحیح ہوتی ہے۔ وہ اس
کی پرواہ نہیں کرتا۔ اور اس کی قوت باطنی مضبوط ہوتی ہے۔ یہ کہا پھر
امام حسین رض نے اپنی سواری (اونٹنی) کو حرکت دی۔ السلام علیک کہا۔
اور چل دیئے۔

قارئین کرام! فرزدق کی ملاقات کوفہ کے راستہ میں ہوئی تھی۔ حوالہ مذکورہ بتا رہا ہے۔ کہ آپ اس وقت بھی اونٹنی پر ہی سوار تھے۔ اور گھوڑا ہوتا۔ تو اس پر سوار ہوتے۔ عزم سفر کے وقت بھی اونٹنی پر اور دوران سفر بھی اونٹنی پر سوار ہونا ثابت اور محقق ہے۔

## میدانِ کربلا میں امام حسین رضی اللہ عنہ کا اونٹنی پر اور دورانِ سفر بھی اونٹنی پر سوار ہونا ثابت اور محقق ہے

### کشف الغمہ:

فَقَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ هٰذَا کَرْبَلَا مَوْضِعُ کَرْبٍ وَّ
بَلَاءٍ هٰذَا مَنَاخُ رِکَابِنَا وَ مَحَطُّ رِحَالِنَا

marfat.com

Marfat.com

وَمَقْتَلِ رِجَالِنَا۔

(۱۔ کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ جلد دوم ص ۳۴۷ فی مصرعہ ومقتلہ علیہ السلام مطبوعہ تبریز ایران)

(۲۔ مناقب ابن شہر آشوب جلد چہارم ص ۹۷ فی مقتلہ علیہ السلام مطبوعہ قم طبع جدید۔)

(۳ مقتل ابی مخنف)

**ترجمہ:۔**

امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یہ کربلا مصائب کی جگہ ہے۔ یہ ہماری اونٹنیوں کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔ اور یہ ہمارے کجاوے رکھنے کی جگہ ہے۔ اور یہ ہمارے مردوں کی شہادت گاہیں ہیں۔

**اخبار الطوال:**

قَالَ الْحُسَيْنُ وَمَا اِسْمُ هٰذَا الْمَكَانُ قَالُوا لَهُ كَرْبَلَا۔ قَالَ ذَاتَ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ وَلَقَدْ مَرَّ اَبِي بِهٰذَا المكان عند مسيرة الى صفين وانا معه فوقف فَسَاَلَ عَنْهُ فَاُخْبِرَ بِاِسْمِهٖ فَقَالَ هٰهُنَا مُحَطُّ رِكَابِهِمْ وَهٰهُنَا مُهْرَاقُ دِمَائِهِمْ۔

(الاخبار الطوال مصنفہ احمد بن داؤد ص ۳۵۳ نیابت الحسین مطبوعہ بیروت طبع جدید)

**ترجمہ:**

امام حسین رضی اللہ عنہ نے پوچھا۔ اس جگہ کا کیا نام ہے؟ لوگوں نے کہا

marfat.com
Marfat.com

کربلا۔ فرمایا مصیبت کی جگہ۔ میرے والدگرامی جب صفین کی طرف جا رہے تھے۔ اور میں بھی ان کے ہمراہ تھا۔ تو آپ کا جب یہاں سے گزر ہوا۔ تو کچھ دیر کے لیے ٹھہر گئے۔ اس جگہ کے بارے میں پوچھنے لگے۔ تو آپ کو اس کا نام بتایا گیا۔ آپ نے فرمایا۔ یہ جگہ ان (شہدائے کربلا) کے اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔ اور یہاں ان کا خون گرے گا۔

قارئین کرام! روایت بالا کے راوی خود امام حسین رضی اللہ عنہ اور جن کی طرف سے بات ذکر فرما رہے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے علم لدنی عطا فرمایا ہے۔ میں اس روایت کے ذکر کرنے کے بعد خاص کر اہل سنت کہلانے والے واعظین کو مخاطب کر کے کہتا ہوں۔ کہ جب میدان کربلا میں اونٹوں پر سے امام عالی مقام اور ان کے ساتھیوں کا اترنا اور ان کے بیٹھنے کی جگہ وہ بیان فرما رہے ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ نے علم لدنی عطا فرمایا۔ کہ جس کی وجہ سے ان کی خبر جھوٹی نہیں ہو سکتی۔ تو پھر آپ لوگ کس منہ سے میدانِ کربلا میں "ذوالجناح" کے فرضی واقعات بیان کر کے لوگوں سے دادِ خطابت وصول کرتے ہیں؟

اور اس روایت کو شیعہ ذاکرین بھی بار بار پڑھیں۔ یہ ایسے ذوعظیم المرتبت حضرت کی روایت ہے۔ جو معصومین کے سردار ہیں۔ وہ کربلا میں وارد ہونا اونٹوں پر بیان فرمائیں اور تم ان کی سواریاں گھوڑوں کو بناؤ۔ کیا ان کی بات سچی ہے۔ یا تمہاری کہانیاں درست ہیں؟ سواری سے اتر کر آپ نے اپنے خادم عقبہ کو جو حکم دیا۔ وہ بھی سن لیجئے۔

## مقتل ابی مخنف:

فَقَالَ الْحُسَيْنُ وَاللهِ لَا اُعْطِيْ بِيَدِيْ اِعْطَاءَ الذَّلِيْلِ وَلَا اَفِرُّ فِرَارَ الْعَبِيْدِ ثُمَّ تَلَا اِنِّيْ عُذْتُ

marfat.com

Marfat.com

بِرَبِّیْ وَرَبِّکُمْ مِنْ کُلِّ مُتَکَبِّرٍ لَا یُؤْمِنُ بِیَوْمِ الْحِسَابِ ثُمَّ اَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ وَاَمَرَ عُقْبَةَ بْنَ سَمْعَانَ اَنْ یُعَقِّلَهَا بِمَفَاصِلِ زِمَامِهَا۔

(مقتل ابی مخنف ص ۵۵ مصافحۃ القوم للحسین مطبوعہ حیدریہ نجف اشرف ایران)

ترجمہ:۔

پھر امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ خدا کی قسم! میں (بیعت کے لیے) ہاتھ کسی ذلیل کی طرح نہ دوں گا۔ اور نہ کسی بزدل کی طرح بھاگوں گا۔ پھر آپ نے یہ تلاوت فرمائی۔ انی عذت الخ۔ میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ ہر ایسے متکبر سے چاہتا ہوں۔ جو قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا۔ پھر آپ نے اپنی اونٹنی بٹھائی۔ اور عقبہ بن سمعان کو حکم دیا۔ کہ اس کی فالتو مہار سے اس کے گھٹنے باندھ دو۔

## بحار الانوار:۔

ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ کَرْبَلَا فَقَالُوْا نَعَمْ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَ هٰذَا مَوْضَعُ کَرْبَلَا فَقَالُوْا نَعَمْ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَ هٰذَا مَوْضَعُ کَرْبَلَا هٰذَا مَنَاخُ رِکَابِنَا وَمَحَطِّ رِحَالِنَا وَمَقْتَلِ رِجَالِنَا وَسَفْکِ دِمَائِنَا۔

(بحار الانوار جلد ۴۴ ص ۳۸۳ تاریخ حسین بن علی مطبوعہ تہران)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ :-

پھر پوچھا یہ کربلا ہے ؟ لوگوں نے کہا۔ ہاں یہ کربلا ہے۔ اے رسول اللہ کے فرزند! پھر پوچھا یہ مقام کربلا ہے ؟ لوگوں نے کہا۔ اے رسول اللہ کے فرزند! ہاں یہ کربلا ہے۔ فرمایا۔ یہ جگہ ہمارے اونٹوں کے بٹھانے کی جگہ اور ہمارے کجاوے رکھنے کی جگہ اور ہمارے مردوں کی شہادت گاہ اور ہمارے خون گرنے کی جگہ ہے۔

## ناسخ التواریخ :-

فَقَالَ اَرْضُ کَرْبٍ وَبَلَاءٍ ثُمَّ قَالَ قِفُوْا وَلَا تَرْحَلُوْا مِنْهَا وَهٰهُنَا وَاللّٰهِ مَنَاخُ رِكَابِنَا وَهٰهُنَا وَاللّٰهِ مَسْفَكُ دِمَائِنَا وَهٰهُنَا وَاللّٰهِ هَتْكُ حَرِيْمِنَا وَهٰهُنَا وَاللّٰهِ مَقْتَلُ رِجَالِنَا وَهٰهُنَا وَاللّٰهِ ذِبْحُ اَطْفَالِنَا وَهٰهُنَا وَاللّٰهِ تُزَارُ قُبُوْرُنَا وَبِهٰذِهِ التُّرْبَةِ وَعَدَنِيْ جَدِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَلَا خُلْفَ لِقَوْلِهٖ۔

(ا۔ ناسخ التواریخ جلد ۲ ص ۱۶۱۔ در احوالات سید الشہداء ورود حسین بن علی کربلا مطبوعہ تہران)

ترجمہ :- پھر فرمایا۔ یہ مصیبت کی زمین ہے۔ پھر فرمایا یہاں رک

marfat.com
Marfat.com

جاؤ۔ آگے کوچ نہ کرنا۔ خدا کی قسم! یہ ہمارے گھر والوں کی عزت لوٹی جائے گی۔ خدا کی قسم! یہاں ہمارے مردوں کو ذبح کیا جائے گا۔ خدا کی قسم! یہاں ہمارے بچوں کو شہید کیا جائے گا۔ خدا کی قسم! یہ وہ جگہ ہے۔ جس کا مجھ سے میرے نانا جان نے وعدہ کیا تھا۔ اور ان کے قول میں غلطی نہیں۔

قارئین کرام! امام حسین رضی اللہ عنہ نے قسمیں فرمائیں۔ کہ میدان کربلا ہمارے اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ اور ان کے کجاوے رکھنے اور ہمارے شہید ہونے کی جگہ ہے۔ ان تمام باتوں کا وعدہ اس شخصیت نے مجھ سے کیا تھا۔ جن کی بات غلط نہیں ہو سکتی۔ جب وہ غلط نہیں ہو سکتی۔ تو پھر لازماً امام حسین رضی اللہ عنہ میدانِ کربلا میں اونٹوں پر پہنچے۔ انہیں وہاں بٹھایا۔ سنی واعظین اور شیعہ ذاکرین کی غلط بیانی کو دیکھیں۔ یا جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے سچے قول کو دیکھیں۔ تو یقیناً ہر مسلمان یہی فیصلہ کرے گا۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات سچی ہے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اونٹوں پر میدان کربلا میں تشریف فرما ہوئے اور یہیں اتر کر اونٹوں کو رسیوں سے باندھنے کا حکم دیا۔ شیعوں کے مسلک سے ہٹ کر اور ان کے مذہب کے نامور مجتہد کہ جس کی ہر بات حرف آخر سمجھی جاتی ہے۔ اس کی زبانی سنیئے۔ کہ امام عالی مقام مدینہ منورہ سے کس سواری پر چڑھ کر روانہ ہوئے۔ اور چلتے چلتے میدان کربلا میں پہنچے۔ تو اس وقت کون سی سواری آپ کے نیچے تھی؟ ملاحظہ ہو۔

**بحار الانوار:**

فَلَمَّا کَانَ السَّحَرُ اِرْتَحَلَ الْحُسَیْنُ وَ بَلَغَ ذَالِکَ ابْنَ الْحَنَفِیَّۃِ فَاَتَاہُ فَاَخَذَ بِزَمَامِ

marfat.com
Marfat.com

نَاقَتِہٖ وَ قَدْ رَکِبَہَا فَقَالَ یَا اَخِیْ اَلَمْ تَعِدْنِیْ النَّظَرَ فِیْمَا سَأَلْتُکَ۔

(بحار الانوار جلد ۴۴ ص ۳۶۴ تاریخ الحسین بن علی۔مطبوعہ تہران جدید)

ترجمہ:۔

پھر جب سفر کا وقت آیا۔ تو امام حسین رضی اللہ عنہ نے کوچ کا ارادہ فرمایا۔ اور یہ خبر ابن حنفیہ کو پہنچی تو ان کے پاس آئے۔ اور ان کی اونٹنی کی مہار پکڑ لی جبکہ امام حسین رضی اللہ عنہ اس پر سوار ہو چکے تھے۔ ابن حنفیہ کہنے لگے۔ بھائی جان! کیا آپ نے میرے سوال پر غور فرمانے کا وعدہ نہ کیا تھا؟

قارئین کرام! گزشتہ سطور میں آپ پڑھ چکے ہیں۔ کہ عراق کی طرف ارادہ سفر کے وقت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بھائی محمد بن حنفیہ آئے۔ اور کچھ معروضات پیش کیں۔ اس وقت جانے کے لیے امام حسین رضی اللہ عنہ اونٹنی پر سوار ہو چکے تھے۔ انہوں نے آن کی اونٹنی کی مہار پکڑ کر رک جانے کو کہا۔ اس حوالہ سے بھی معلوم ہوا۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ جب مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تو آپ اونٹنی پر سوار تھے۔ اور مدینہ منورہ سے چل کر راستہ میں جب شاعر فرزدق سے ملاقات ہوئی۔ تو آپ اس وقت بھی اونٹنی پر سوار تھے۔

بحار الانوار:

امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کوفہ کی خبر سناؤ۔ فرزدق نے کہا آن لوگوں کے دل آپ کے ساتھ ہیں۔ اور تلواریں بنی امیہ کے ساتھ اور اللہ کی تقدیر آسمان سے اترے گی۔ اللہ جو چاہے گا کرے گا۔

marfat.com

Marfat.com

امام حسین رضؓ نے فرمایا۔ تو نے سچی بات کہی ہے۔ تمام معاملات پچھلے اور بعد کے اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں۔ اللہ کی ہر دن نئی شان ہوتی ہے۔ اگر اس نے قضاء کو اس طرح نازل کیا جس طرح ہم چاہتے ہیں۔ تو ہم اللہ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کریں گے۔ وہ وہی ذات ہے جس سے مدد طلب کی جاتی ہے شکر کے ادا کرنے پر۔ اگر قضاء نے ہماری امیدوں کی مخالفت کی تو نہیں پرواہ کرتا۔ وہ آدمی جس کی نیت سچی اور دل متقی ہو۔

فرزدق نے امام حسین رضی اللہ عنہ سے کہا۔ ہاں یہ بات سچی ہے۔ خدا آپ کو وہ عطاء کرے۔ جس کو آپ چاہتے ہیں۔ اور اس سے بچائے جس سے آپ ڈرتے ہیں۔ فرزدق نے امام حسین رضی اللہ عنہ سے چند چیزوں کے بارہ میں یعنی نذر اور مناسک حج کے بارہ میں سوال کیا۔ تو آپ نے مجھے ان کی خبر دی۔

وَحَرَّكَ رَاحِلَتَهُ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ ثُمَّ اِفْتَرَقْنَا۔ آپ نے اپنی اونٹنی کو حرکت دی۔ اور فرمایا السلام علیکم۔ اس کے بعد ہم ایک دوسرے سے جدا ہو گئے۔

(بحار الانوار جلد ۴۴ ص ۳۶۵ مطبوعہ تہران)

marfat.com
Marfat.com

# میدانِ کربلا میں امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے

## رفقاء کے پاس بوقتِ جنگ اونٹ ہونے پر چند مزید شواہد

### تاریخ روضۃ الصفاء:

امام حسین فرمود مرگ نزد من آسان تر است از ملاقات با ابن زیاد
بعد ازاں فرمود تا شتراں بار کردند و مردم خود را سوار ساختہ روئے بجانب
حجاز نہاد۔

(تاریخ روضۃ الصفاء جلد سوم ص ۱۷۹ مطبوعہ لکھنؤ طبع قدیم)

### ترجمہ:

امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میرے نزدیک مرنا ابن زیاد سے
ملاقات کرنے کی بہ نسبت آسان تر ہے۔ پھر فرمایا۔ اونٹوں پر سامان
لاد دو۔ اور اپنے ساتھیوں کو حکم دیا۔ کہ سوار ہو جاؤ اور حجاز کی
جانب چل پڑھو۔

### تفسیر لوامع التنزیل:

جَاءَ الشِّمْرُ فِیْ قَبِیْلَةٍ عَظِیْمَةٍ یُقَاتِلُه ثم حَالَ
بَیْنَهٗ وَ بَیْنَ رَحْلِه وحرمه۔ تفسیر لوامع التنزیل جلد ۱۲
ص ۹۱ دربمطبع رفاع عامہ سنٹیم پریس لاہور)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:**

شمر ایک بڑے لشکر کے ساتھ آیا۔ اور آپ سے لڑائی کرنے لگا۔ امام حسین رضی اور آپ کی اونٹنی اور آپکی اہل بیت کے درمیان حائل ہوگیا۔

## الکامل فی التاریخ:

ثُمَّ رَکِبَ الْحُسَیْنُ رَاحِلَۃً وَتَقَدَّمَ اِلَی النَّاسِ وَنَادٰی بِصَوْتٍ عَالٍ یَسْمَعُہٗ کُلُّ النَّاسِ۔

(الکامل فی التاریخ جلد ۲ ص ۶۱ ثم دخل احدی و ستین)

**ترجمہ:** پھر امام حسین رضی اللہ عنہ اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور بلند آواز سے آواز دی۔ جسے سب لوگوں نے سُنا۔

ان تمام حوالہ جات سے یہی ثابت ہوتا ہے۔ کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ سے چلے تو بھی اونٹوں پر سوار تھے۔ راستہ طے کیا۔ تو بھی اونٹوں پر میدان کربلا پہنچے تب بھی اونٹوں پر اور لڑائی کے دوران بھی آپ کے پاس اونٹ ہی تھے۔ نہ معلوم گھوڑے کب آئے؟ کون لایا؟

## اعتراض

مذکورہ روایات میں دو لفظ " رحال اور رکاب " آئے ہیں۔ رکب عام سواری کو کہتے ہیں۔ اور تم نے اس کا معنی مخصوص سواری یعنی اونٹ کی سواری کیا ہے۔ اور لفظ " رحل " سے سامان ہے۔ وہ خواہ اونٹ پر لدا ہوا ہو یا گھوڑے پر۔ لہذا ان الفاظ سے صرف اونٹ اور اس پر لادا ہوا سامان مراد لینا درست نہیں ہو سکتا ہے

marfat.com
Marfat.com

کہ رکاب گھوڑوں کے لیے اور رحال ان پر لادے گئے سامان کو کہا گیا ہو۔ لہٰذا ایسے الفاظ سے گھوڑوں کی نفی کرنا درست نہیں۔

## جواب:

پہلی بات یہ ہے۔ کہ ہم نے "رحال اور رکاب" کے الفاظ کے علاوہ بھی ایسی روایات ذکر کی ہیں۔ جن میں صاف صاف لفظ "ناقۃ" اس لفظ کا اطلاق صرف اونٹنی پر ہوتا ہے بمقتل ابی مخنف کے الفاظ "اَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَةَ الحسین" یعنی محمد بن حنفیہ نے امام حسین رض کی "ناقہ" کی مہار پکڑ لی۔ اسی طرح امام عالی مقام کے غلام نے جب آپ کو کربلا میں آتے دیکھا۔ تو مقتل ابی مخنف کے الفاظ ہیں۔ فَلَمَّا نَظَرَ طِرِمَّاح اخذ بزمام ناقۃ الحسین جب طرماح نے دیکھا۔ تو امام کی اونٹنی کی مہار پکڑ لی۔ ان دونوں حوالہ جات سے معلوم ہوا۔ کہ امام عالی مقام جب مدینہ منورہ سے چلے۔ اور محمد بن حنفیہ نے جب انہیں روکنا چاہا۔ تو اس وقت آپ اونٹنی پر سوار تھے۔ اور کربلا میں بھی اونٹنی پر سواری کی حالت میں تشریف فرما ہوئے۔ ان واضح الفاظ کے ہوتے ہوئے دوسرا احتمال یعنی گھوڑے پر سوار ہونا وہ بالکل ختم ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں رکاب اور رحال پر جو اعتراض کیا گیا ہے۔ وہ بھی از روئے لغت غلط ہے۔ اس بارے میں ان الفاظ کے معانی ہم شیعہ سنی دونوں کی کتب معتبرہ سے پیش کرتے ہیں۔

## رکاب اور رحال کے معانی از کتب طرفین

### المنجد:

الرکاب۔ ترجمہ۔ سواری کے اونٹ

(المنجد ص ۴۷۲ مطبوعہ دارالاشاعت کراچی)

marfat.com

Marfat.com

## لسان العرب:

وَالرِّكَابُ الْإِبِلُ الَّتِي يُسَارُ عَلَيْهَا وَاحِدَتُهَا رَاحِلَةٌ وَلَا وَاحِدَ لَهَا مِنْ لَفْظِهَا وَجَمْعُهَا رُكُبٌ بِضَمٍّ مِثْلُ كُتُبٍ۔

(لسان العرب جلد اول ص ۴۳۰ مطبوعہ بیروت طبع جدید)

## ترجمہ:

"رکاب" ان اونٹوں کو کہتے ہیں۔ جن پر سوار ہو کر سفر کیا جاتا ہے اس کا واحد راحلہ ہے۔ اور لفظ رکاب ایسی جمع ہے۔ کہ جس کے اپنے لفظ سے واحد نہیں آتا۔ اور اس کی جمع رکب بروزن کتب ہے۔

## تاج العروس:

اَلرَّكْبُ لِلْبَعِيْرِ خَاصَّةً...... قَالَ اِبْنُ البری قَوْلُ ابْنِ السِّكِّيْتِ مَرَّبِنَا رَاكِبٌ اِذَا كَانَ عَلٰى بَعِيْرٍ خَاصَّةً اِنَّمَا يُرِيْدُ اِذَا لَمْ تُضِفْهُ فَاِنْ اَضَفْتَهُ جَازَ اَنْ يَكُوْنَ لِلْبَعِيْرِ وَالْحِمَادِ وَالْفَرَسِ وَالْبَغْلِ وَنحو ذالك فتقول هذا رَاكِبُ جَمَلٍ وَرَاكِب فَرَسٍ وَرَاكِب حِمَارٍ فَاِن اَتَيْتَ بِجَمْعٍ يختص بالابل لم تُضِفْهُ كقولك رَكْبٌ وركابٌ لَا تَقُوْلُ رَكْبُ اِبِلٍ وَلَا رُكْبَانُ اِبِلٍ لِاَنَّ الرَّكْبَ وَالرُّكْبَانَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا لِرِكَابِ الْاِبِلِ۔

(تاج العروس جلد اوّل ص ۲۷۶ لفظ رکب مطبوعہ مصر۔)

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

لفظ "رکب" صرف اونٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ابن بری نے کہا۔ کہ ابن سکیت کا قول "مر بنا راکب" اس وقت ہے۔ جب گزرنے والا صرف اونٹوں پر سوار ہو۔ اس لفظ سے یہی معنی لیے جاتے ہیں۔ جب اسے کسی کا مضاف نہ بنایا جائے۔ اور اگر اسے بطور اضافت استعمال کیا جائے۔ تو پھر اونٹ، گھوڑے، گدھے اور خچر وغیرہ کے لیے استعمال ہو سکتا ہے۔ کہا جاتا ہے راکب جمل۔ راکب حمار، راکب فرس وغیرہ اور اسکا استعمال کیا جائے بطور جمع۔ تو اس سے مراد صرف اونٹ ہوں گے۔ اور مضاف نہ ہو گا۔ جیسا کہ رکب اور رکاب سے مراد اونٹ ہی ہوتے ہیں۔ لہٰذا رکب الابل، رکبان الابل کہنا درست نہیں کیونکہ رکب اور رکبان صرف اونٹ سواروں کو کہا جاتا ہے۔

قارئین کرام! لغت کی مشہور ترین کتب سے ہم نے "رکاب" کا معنی ذکر کیا ہے سبھی کا اتفاق ہے۔ کہ اس سے مراد اونٹ ہی ہوتے ہیں۔ اور ابن سکیت نے ذرا اور وضاحت کر دی۔ کہ اضافت کے وقت اس کے دوسرے معنی بھی ہو سکتے ہیں۔ لیکن بلا اضافت اور جمع کے وقت اس سے مراد صرف اونٹ ہی ہوں گے حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کی پیش گوئی والی روایت اور امام حسین رضی اللہ عنہ کی تصدیقی روایت میں لفظ رحال اور رکاب جمع وارد ہیں۔ لہٰذا ان کا معنی صرف اونٹ ہی ہوں گے۔ لغت میں کسی سنی شیعہ کا اختلاف نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس میں عربی زبان کے الفاظ کے معانی بیان ہوتے ہیں۔ اسی لیے شیعہ سنی کوئی اپنی طرف سے عربی الفاظ کے لغوی معانی میں رد و بدل نہیں کر سکتا۔ لگتے ہاتھ شیعہ کتاب سے ایک حوالہ ملاحظہ ہو جائے۔

marfat.com
Marfat.com

## مجمع البحرین:

فَمَا اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ هِيَ بِالْكَسْرِ الْإِبِلُ الَّتِيْ تَحْمِلُ الْقَوْمَ وَاحِدُهُ رَاحِلَةٌ وَلَا وَاحِدَ لَهَا مِنْ لَفْظِهَا وَالْجَمْعُ رُكُبٌ كَكُتُبٍ.......... وَالرَّكَائِبُ جَمْعُ رَكُوْبَةٍ وَهُوَ مَا يُرْكَبُ عَلَيْهِ مِنَ الْإِبِلِ كَالْحَمُوْلَةِ وَهِيَ مَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا مِنْهَا۔

(مجمع البحرین جلد دوم ص ۴، لفظ رکوب۔)

## ترجمہ:

لفظ "رکاب" راسکورہ کے ساتھ اونٹوں کو کہتے ہیں۔ جن پر لوگ سوار ہوتے اور سامان لادتے ہیں۔ اس کی واحد راحلہ ہے۔ خود اس کے لفظ سے اس کا واحد نہیں آتا۔ اور جمع رُکُب بروزن کُتُب ہے اور "رکائب" رکوبۃ کی جمع ہے۔ رکوبۃ اس اونٹ کو کہتے ہیں۔ جس پر سواری کی جائے۔ جیسا کہ حمولۃ وہ اونٹ کہ جس پر بوجھ لادا جائے۔

## لفظ "رحال" کی تحقیق

**المنجد:** رحال جمع رحل کی ہے جس کا معنی ہے کجاوا پالان (المنجد ۴۴۲ مطبوعہ دارالاشاعت کراچی)

**لسان العرب:** اَلرَّحْلُ مَرْكَبٌ لِلْبَعِيْرِ وَالنَّاقَةِ وَالْجَمْعُ

marfat.com
Marfat.com

اَرْحَلٌ وَ رِحَالٌ۔

(لسان العرب جلد اول ص ۲۷۴ مطبوعہ بیروت جدید)

**ترجمہ:** وہ رحل، اونٹ اور اونٹنی کی سواری کو کہتے ہیں۔ اس کی جمع ارحل اور رحال آتی ہے۔

## تاج العروس:۔

اَلرَّحْلُ مَرْکَبٌ لِلْبَعِیْرِ وَالنَّاقَۃِ..................

وَفِی الْمُفْرَدَاتِ لِلرَّاغِبِ الرَّاکِبُ مَا یُوْضَعُ عَلَی الْبَعِیْرِ لِلرُّکُوْبِ ثُمَّ یُعَبَّرُ بِہٖ تَارَۃً عَنِ الْبَعِیْرِ..................

اَلرَّاحِلَۃُ عِنْدَ الْعَرَبِ کُلُّ بَعِیْرٍ نَجِیْبٌ سَوَاءٌ کَانَ ذَکَرًا وَاُنْثٰی وَلَیْسَ النَّاقَۃُ اَوْلٰی بِاِسْمِ الرَّاحِلَۃِ مِنَ الْجَمَلِ تَقُوْلُ الْعَرَبُ لِلْجَمَلِ اِذَا کَانَ نَجِیْبًا رَاحِلَۃً وَجَمْعُہٗ رِحَاوِلٌ۔

(تاج العروس جلد ۷ ص ۳۴۰ فصل الراء باب لام۔ لفظ رحل)

**ترجمہ:۔**

سواری کے اونٹ یا اونٹنی کو رحل کہتے ہیں ......... مفردات امام راغب میں ہے۔ لفظ رکب اصل میں اس چیز کے لیے بنایا گیا تھا۔ جو اونٹ پر بیٹھنے کے لیے رکھی جاتی ہے۔ یعنی پالان پھر بعض دفعہ اسے بول کر مراد اونٹ ہوتا ہے.......... "راحلۃ" عربی لوگوں کے ہاں ہر اچھے اونٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ خواہ

marfat.com

Marfat.com

وہ نر ہو یا مادہ۔ اور لفظ راحلہ سے مراد اونٹنی لینا اور اسے اونٹ سے بہتر معنی قرار دینا درست نہیں ہے۔ عرب ایسے اونٹ کو جو اچھا ہو راحلہ کہتے ہیں۔ اس کی جمع رواحل ہے۔

## مجمع البحرین:۔

وَفِي الْحَدِيثِ كَانَ رَحْلُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم ذِرَاعًا وَكَانَ الْمُرَادُ مُؤَخَّرَ الرَّحْلِ كَمَا تَبَيَّنَ فِي مَوْضِعٍ اٰخَرَ وَالْمُرَادُ بِالرَّحْلِ رَحْلُ الْبَعِيْرِ...... وَرَحَلْتُ الْبَعِيْرَ مِنْ بَابِ نَفَعَ شَدَدْتُ عَلَيْهِ الرَّاحِلَةَ وَالرَّاحِلَةُ كَفَاعِلَةٍ اَلنَّاقَةُ الَّتِيْ تَصْلَحُ لِاَنْ تُرْحَلَ وَالْمَرْكَبُ اَيْضًا مِنَ الْاِبِلِ ذَكَرًا كَانَ اَوْ اُنْثٰى وَيُقَالُ هِيَ الْبَعِيْرُ الْقَوِيُّ عَلَى الْاَسْفَارِ وَالْاَحْمَالِ

(مجمع البحرین جلد پنجم ص ۳۸۱ مکتبہ مرتضوی تہران)

**ترجمہ:** حدیث میں آیا ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا رحل ایک ہاتھ تھا۔ اس سے مراد کجاوا کا پچھلا حصہ ہے۔ جیسا کہ دوسرے مقام پر اس کا ذکر ہو چکا ہے۔ اور رحل سے مراد اونٹ کا رحل ہے رحلت البعیر اس وقت کہا جاتا ہے۔ جب اونٹ پر کجاوا خوب زور سے باندھ دیا جائے۔ لفظ "راحلۃ" فاعلہ کے وزن پر ہے ایسی اونٹنی کو کہتے ہیں۔ جو کجاوا رکھے جانے کے قابل ہو چکی ہو۔ اور

marfat.com
Marfat.com

مرکب بھی اونٹ کو کہا جاتا ہے۔ خواہ وہ نر ہو یا مادہ۔ اور کہا جاتا ہے وہ مضبوط اونٹ ہے۔ سفر کرنے اور بوجھ لادنے میں۔

قارئین کرام! آپ نے لفظ رحل اور رحال کا دونوں طرف کی کتب لغت سے معنی ملاحظہ کیا۔ ان حوالہ جات سے معلوم ہوا۔ کہ لفظ رحل اور رکوب صرف اونٹوں (نر اور مادہ) کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ لہذا امام عالی مقام کا مدینہ منورہ سے سفر شروع کرنا اور کربلا تک سفر مکمل کرنا اور کربلا میں پہنچنا یہ سب مراحل آپ نے اونٹوں پر طے فرمائے۔ گھوڑے نہ ساتھ تھے۔ نہ راستہ میں کسی نے پیش کیے۔ اور کربلا میں مخالفین سے اس کی توقع ہو سکتی ہے۔ اس لیے سکینہ شہزادی کا گھوڑے کے پاؤں کو لپٹنا اور فریاد کرنا۔ از اول تا آخر جھوٹ ہے۔ اور پھر امام عالی مقام کا گھوڑے سے باتیں کرنا ثابت کرنا امام حسین پر شیعہ سنی واعظین و ذاکرین کا کذب محض ہے۔ افسوس ہے ایسے سنی واعظین و خطباء پر جو اہل تشیع کے لیے گھوڑے (ذوالجناح) کا ثبوت اپنی تقاریر میں پیش کرتے ہیں۔ اور صد افسوس ان سنی مصنفین پر کہ جنہوں نے اپنی اپنی تصانیف میں بلاتحقیق گھوڑا ثابت کر دکھایا۔ شیعہ لوگ گھوڑا نکالتے ہیں۔ اگر وہ گھوڑے کی فرضی روایتیں بیان کریں۔ اور نکھیں تو ان کا یہ مسلک ہے۔ لیکن ہم سنی جب تحریر و تقریر میں گھوڑا لے آتے ہیں۔ اور سیدہ سکینہ کا اس کے پاؤں سے لپٹنا بیان کرتے ہیں۔ اور لپٹنے کے دوران فرضی گفتگو بیان کرتے ہیں۔ ایسی تحریر و تقریر سے شیعہ لوگ حجت پکڑتے ہیں۔ گویا ہمارے سنی حضرات در پردہ شیعوں کے گھوڑا نکالنے کی تائید کر کے ان کی پشت پناہی کر رہے ہیں۔ ایسے سنی واعظ اور ایسے سنی مصنف مسلک اہل سنت کا عظیم نقصان کر رہے ہیں جس کو اعلحضرت عظیم المرتبت نے حرام فرمایا ہے۔ جیسا کہ آپ کی عبارات بہت جلد پیش کر رہے ہیں۔ جن سے واضح ہو جائے گا۔ کہ ایسے جھوٹے واقعات پر بیان کر کے رونے رلانے والوں کی خدا کے ہاں کیا سزا ہے؟ فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com

Marfat.com

# اعتراض

## امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس کربلا میں بتیس ۳۲ گھوڑے تھے

گزشتہ اوراق میں ہم نے یہ ثابت کیا تھا۔ کہ امام عالی مقام کے ساتھ گھوڑا نہیں بلکہ اونٹ یا اونٹنی تھی۔ اس پر اگر کوئی اعتراض کرے۔ کہ بہت سی کتب میں امام عالی مقام کے ساتھ ایک نہیں بلکہ بتیس ۳۲ تک گھوڑے تھے۔ جیسا کہ الکامل فی التاریخ میں یوں موجود ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

### الکامل فی التاریخ:

فَلَمَّا صَلّٰى عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ الْغَدَاةَ يَوْمَ السَّبْتِ وَ قِيْلَ الْجُمُعَةِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ خَرَجَ فِيْمَنْ مَّعَهٗ مِنَ النَّاسِ وَعَبَّ وَعَبَّى الْحُسَيْنُ اَصْحَابَهٗ وَصَلّٰى بِهِمُ الصَّلٰوةَ الْغَدَاةَ وَكَانَ مَعَهٗ اثْنَانِ وَثَلَاثُوْنَ فَارِسًا وَّاَرْبَعُوْنَ رَاجِلًا فَجَعَلَ زُهَيْرَ بْنَ الْقَيْنِ فِيْ مَيْمَنَةِ اَصْحَابِهٖ وَحَبِيْبَ بن مطهر فِيْ مَيْسَرَتِهِمْ وَاَعْطٰى رَايَتَهُ الْعَبَّاسَ اَخَاهُ۔

marfat.com

Marfat.com

(۱۔ الکامل فی التاریخ جلد ۴ ص ۵۹ سنہ احدی و
ستین ذکر مقتل حسین مطبوعہ بیروت)
(۲۔ البدایۃ و النہایۃ جلد ۸ ص ۱۷۸ سنہ احدی
و ستین مطبوعہ بیروت)
(۳۔ تاریخ طبری جلد ۶ ص ۲۴۰ تا ۲۴۸ سنہ ۶۱ مطبوعہ
بیروت ذکر الخبر عما کان فیہا من الاحداث)

ترجمہ:۔

پھر جب عمر بن سعد نے ہفتہ یا جمعہ کے دن یوم عاشورا کو صبح کی نماز پڑھی وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔ اور امام حسین نے بھی اپنے ساتھیوں کو تیار کیا۔ ان کے ساتھ صبح کی نماز ادا فرمائی۔ امام حسین کے ساتھ بتیس گھوڑ سوار تھے۔ اور چالیس آدمی پیدل تھے۔ آپ نے زہیر بن قین کو لشکر کی دائیں جانب اور حبیب بن مطہر کو بائیں جانب مقرر کیا۔ اور جھنڈا اپنے بھائی عباس کو عطا فرمایا۔

ان تین کتب کے حوالے سے معلوم ہوا کہ امام عالی مقام کے ساتھ بتیس ۳۲ گھوڑے سوار تھے۔ لہٰذا یہ کہنا درست نہیں۔ کہ آپ کے پاس کوئی گھوڑا نہ تھا؟

## جواب اول:

انہی کتب تاریخ سے ہم پہلے ثابت کر چکے ہیں۔ کہ امام عالی مقام جب مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے۔ تو گھوڑے کی بجائے اونٹ پر سوار تھے راستہ میں فرزدق شاعر ملا۔ تو اس وقت بھی اونٹ پر سوار تھے۔ پھر جب کربلا پہنچے تو بھی اونٹ پر سوار تھے۔ اور کربلا میں اترنے کے بعد جس سواری کو باندھنے کا حکم دیا۔ وہ بھی اونٹ ہی تھا۔ ایک دو مرتبہ آپ نے مدِمقابل سے گفتگو

marfat.com

Marfat.com

فرمائی۔ تب بھی آپ اونٹ پر سوار تھے۔ اور اگر یہ کہا جائے۔ کہ آپ نے مدینہ منورہ سے کربلا تک کا سفر واقعی اونٹ پر کیا۔ لیکن کربلا میں آپ کے محبین نے آپ کو گھوڑے دیئے تھے۔ تو اس بارے میں محبین کے طرز عمل پر ہم ایک مشہور شیعہ کا حوالہ پیش کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

## مقتل ابی مخنف:

فَقَالَ قَيْسُ بْنُ اشعث اِنْزِلْ عَلٰى حُكْمِ الْاَمِيْرِ بْنِ زِيَادٍ ........ فَلَمَّا سَمِعُوْا كَلَامَ زُهَيْرٍ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ حَتّٰى نَقْتُلَ صَاحِبَكُمْ وَمَنْ يُّتَابِعُهٗ اَوْ يُتَابِعْ لِيَزِيْدَ۔

(مقتل ابی مخنف ص ۵۵ تا ۵۶ مکتبہ حیدریہ نجف اشرف عراق)

ترجمہ:۔

(امام حسین رضی اللہ عنہ نے آواز دے کر پوچھا۔ اے شیث بن ربعی، اے کثیر بن شہاب اور اے فلاں بن فلاں تم ہلاک ہو جاؤ۔ کیا تم نے مجھے اپنے پاس آنے کے لیے خطوط نہیں لکھے تھے۔ اور یہ نہیں کہا تھا۔ کہ ہمارا فائدہ اور نقصان مشترکہ ہوگا۔ اس کے جواب میں انہوں نے کہا۔ ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ امام موصوف نے فرمایا۔ اگر تم میرا یہاں آنا اچھا نہیں سمجھتے تو میں واپس لوٹ جاتا ہوں۔ جدھر میرا دل کرے۔) قیس بن اشعث نے کہا۔ سواری سے اترو۔ ابن زیاد کا حکم ہے۔ (پھر زہیر نے امام مظلوم کی طرف سے تقریر کی۔ تو انہوں نے جواباً کہا) ہم تمہارے صاحب (امام حسین)

marfat.com
Marfat.com

کو قتل کیے بغیر نہیں چھوڑیں گے۔ اور ان کے حسین کو بھی قتل کریں گے یا پھر تم یزید کی بیعت کر لو۔

یہ تھا محبین کا برتاؤ کہ جن سے گھوڑے ملنے کی توقع کون کرسکتا ہے؟ لہٰذا ثابت ہوا۔ کہ کربلا میں گھوڑوں کا امام حسین کو دیئے جانا عقلاً نقلاً ناممکن ہے نقلاً اس لیے کہ مدینہ منورہ سے کربلا تک آپ کا سفر اونٹ پر ثابت ہے۔ اور عقلاً کربلا والوں کا آپ کو قتل کرنے کی دھمکی دینے کے ساتھ گھوڑے دینا ناممکن ہے۔

## جواب دوم:

مذکورہ تین کتب میں واقعہ اگرچہ تقریباً ملتا جلتا ہے۔ لیکن ان میں سے سند صرف طبری نے ذکر کی۔ بقیہ دو کتابوں میں سند مفقود ہے۔ اور طبری کی ذکر کردہ سند سخت مجروح ہے۔ کیونکہ اس کا مرکزی راوی لوط بن یحییٰ ابو مخنف ہے۔ جو پرلے درجے کا کذاب ہے۔ اسماء الرجال میں اس کے بارے میں یوں لکھا ہے۔

## میزان الاعتدال:

لوط بن یحییٰ ابو مخنف أَخْبَارِيٌّ تَالِفٌ لَا يُوْثَقُ بِهٖ تَرَكَهُ ابو حاتم وَغَيْرُهٗ........ قَالَ الدَّارُقُطْنِي ضَعِيْفٌ وَ قَالَ ابْنُ مُعِيْنٍ لَيْسَ بِثِقَةٍ وَ قَالَ مَرَّةً لَيْسَ بِشَيْئٍ وَ قَالَ ابْنُ عَدِي شِيْعِيٌّ مُحْتَرِقٌ صَاحِبُ أَخْبَارِهِمْ

(میزان الاعتدال جلد دوم ص ۳۶۰ حرف ل م مطبوعہ مصر)۔

ترجمہ:۔ لوط بن یحییٰ ابو مخنف اخباری آدمی ہے۔ اِدھر اُدھر کی

marfat.com

Marfat.com

جوڑنے والا غیر معتبر آدمی ہے۔ ابو حاتم نے اسے متروک کہا۔ دارقطنی نے ضعیف کہا۔ ابن معین نے اس کی ثقاہت کا انکار کیا۔ مرہ نے لیس بشئی کہا۔ ابن عدی نے کہا۔ دل جلا شیعہ تھا۔ بس خبریں لکھنے کا ماہر تھا۔

لہٰذا ایسے کٹر اور حاسد شیعہ کی روایت اور محض خبری غیر معتبر آدمی کی روایت سے استدلال کیونکر ہو سکتا ہے؟

**جواب سوم: البدایۃ والنہایۃ:**

وَلِلشِّیْعَۃِ وَالرَّافِضِیَّۃِ فِیْ صِفَۃِ مَصْرَعِ الْحُسَیْنِ کِذْبٌ کَثِیْرٌ وَاَخْبَارٌ بَاطِلَۃٌ وَفِیْمَا ذَکَرْنَا کِفَایَۃٌ وَفِیْ بَعْضِ مَا اَوْرَدْنَاہُ نَظْرٌ وَلَوْلَا اَنَّ ابْنَ جَرِیْرٍ وَغَیْرَہٗ مِنَ الْحُفَّاظِ وَالْاَئِمَّۃِ ذَکَرُوْہُ مَا سُقْتُہٗ وَاَکْثَرُہٗ مِنْ رِوَایَۃِ اَبِیْ مِخْنَفٍ لوط بن یحیٰی وَقَدْ کَانَ شِیْعِیًّا وَھُوَ ضَعِیْفُ الْحَدِیْثِ عِنْدَ الْاَئِمَّۃِ وَلٰکِنَّہٗ اَخْبَارِیٌّ حَافِظٌ عِنْدَہٗ مِنْ ھٰذِہِ الْاَشْیَاءِ مَا لَیْسَ عِنْدَ غَیْرِہٖ۔

(البدایۃ والنہایۃ جلد ۸ ص ۲۰۲ فصل وکان مقتل حسین رضی اللہ عنہ یوم الجمعۃ یوم عاشوراء مطبوعہ بیروت ۱۹۶۱ء)

ترجمہ:

امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بیان میں رافضیوں اور شیعوں نے بہت سی جھوٹی باتیں بنا رکھی ہیں۔ اور باطل خبریں گھڑ رکھی

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ہم نے جو کچھ ذکر کیا اتنا ہی کافی ہے ہم نے جو اقعات ذکر کئے ان میں سے بھی بعض میں نظر ہے اگر ان باتوں کا ابن جریر و غیرہ حفاظ و آئمہ نے ذکر نہ کیا ہوتا۔ تو میں انہیں ہرگز ذکر نہ کرتا۔ ان میں سے اکثر کا راوی لوط بن یحییٰ ابو مخنف ہے۔ وہ یقیناً شیعہ تھا اور ائمہ کے نزدیک حدیث میں ضعیف تھا لیکن اخباری اور حافظ ہے۔ اور اس کے پاس ایسے واقعات و حکایات ہیں۔ جو کسی اور کے ہاں نہیں ملتیں۔

اس حوالہ سے معلوم ہوا کہ شہادت امام حسین کے موضوع پر بہت سے واقعات من گھڑت ہیں۔ جن کو لوط بن یحییٰ نے گھڑا۔ کیونکہ یہ شخص اخباری تھا ابن جریر نے جو واقعات اپنی تاریخ میں درج کیے۔ وہ بھی بکثرت اسی لوط بن یحییٰ سے منقول ہیں۔ اور خود طبری بھی تشیع سے خالی نہیں ہے۔ اس کے بارے میں ہم تفصیل سے لکھ چکے ہیں۔ گھوڑے کا جھوٹا واقعہ جس نے اختراع کیا۔ اس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ اور اس کا نام " ذوالجناح " ملا حسین کاشفی نے رکھا۔ اور ایسا مشہور ہوا کہ شیعوں کا مابہ الامتیاز نشان بن گیا۔ یعنی ذوالجناح نکالنے والا شیعہ ہے۔ اور اس کا منکر سنی ہے۔ حالانکہ تحقیق یہ ہے۔ کہ امام حسینؓ کے لیے کربلا میں گھوڑے کا وجود تک نہ تھا۔ شیعہ مؤرخین کا بادشاہ صاحب ناسخ التواریخ لکھتا ہے۔

## میدان کربلا میں ذوالجناح موجود نہ تھا

### ناسخ التواریخ:

پس اسپ برانگیخت و تیغ برآہیخت مکشوف باد کہ اسپ سید الشہداء را کہ در کتب معتبرہ را بنام نوشتہ اند از افزوں از دو مال سواری نیست یکے اسپ رسول خدا کہ مرتجز نام داشت

marfat.com

Marfat.com

و دیگرے شترے کہ مسناۃ می نامیدند و اسپ کہ ذوالجناح نام داشتہ باشد در ہیچک از کتب احادیث و اخبار و تواریخ معتبرہ من بندہ ندیدہ ام و ذوالجناح لقب شمر پسر لہیعہ حمیری است و اسپ ہیچ کس را بدیں نام نشنیدہ ام۔ و اگر اسپ چند کس را جناح نام بودہ بعد مربوط بہ ذوالجناح و منسوب بحسین نخواہد بود و اگر اسپ ہائے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم را جناح نامیدند باز نشاید ذوالجناح گفت در ہر حال بدیں نام اسپ نام دارنہ بودہ۔

(ناسخ التواریخ در احوال حضرت سید الشہدا جزو دوم از جلد ششم ص ۲۶۶ شمارہ مرکب ہائے حسین) مطبوعہ تہران

**ترجمہ:**

پھر گھوڑا گودا اور آپ نے تلوار کھینچ لی۔ واضح ہو کہ امام عالی مقام کی سواری معتبر کتابوں میں دو ناموں سے مذکور ہے۔ ایک گھوڑا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا جس کا نام مرتجز تھا۔ دوسری سواری اونٹ تھی جس کو مسناۃ کہتے تھے۔ اور گھوڑا کہ جسے ذوالجناح کا نام دیا گیا ہے۔ حدیث اخبار اور تاریخ کی کسی معتبر کتاب میں میں نے اس کا نام نہیں دیکھا۔ اور ذوالجناح ایک شخص شمر بن لہیعہ کا لقب تھا۔ اور کسی کے گھوڑے کا

یہ نام میں نے نہیں سنا۔ اور اگر چند گھوڑوں کا نام جناح ہو۔ اور اس کے ساتھ "ذو" کا لفظ جوڑ کر ذوالجناح بنایا جائے۔ تو بھی یہ گھوڑا امام حسین کا نہیں ہو سکتا۔ اور اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھوڑوں کا نام جناح رکھیں۔ پھر بھی ذوالجناح کہنا غلط ہے۔ بہر حال اس نام

marfat.com
Marfat.com

کا گھوڑا کوئی نہ تھا۔

## توضیح:۔

شیعہ مورخ کی مذکورہ تحریر سے چند امور ثابت ہوتے ہیں۔

۱۔ امام عالی مقام کی سواریاں صرف دو تھیں۔ایک گھوڑا اور دوسری اونٹنی۔

۲۔ مرتجز نامی گھوڑا دراصل رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا گھوڑا تھا۔جو امام عالی مقام کو ملا۔

۳۔ احادیث، اخبار اور تاریخ کی معتبر کتابوں میں ذوالجناح نام کے گھوڑے کا کوئی اتہ پتہ نہیں۔

۴۔ امام عالی مقام کے کسی گھوڑے کا نام ذوالجناح نہیں ہو سکتا۔اور نہ ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھوڑے مرتجز کا نام ذوالجناح ہو سکتا ہے۔

جب امام عالی مقام کی سواریاں صرف دو ہی تھیں۔کیا یہ دونوں سواریاں واقعہ کربلا میں آپ کے پاس موجود تھیں ؟ اس کا جواب علامہ طبری سے سنیئے۔

## تاریخ طبری:

عن القاسم بن اصبغ بن بناتہ قال حدثنی مَنْ شَہِدَ الْحُسَیْنَ فِیْ عَسْکَرِہٖ اَنَّ حُسَیْنَ حِیْنَ غَلَبَ عَلٰی عَسْکَرِہٖ رَکِبَ الْمُسَنَّاتَ۔

(تاریخ طبری جلد ۶ ص ۲۵۸ سنہ ۶۱ھ مطبوعہ بیروت)

## ترجمہ:

قاسم بن اصبغ بن بنانہ کہتا ہے۔کہ میں نے ایسے شخص سے سنا۔جو امام حسین کے لشکر میں موجود تھا۔کہ جب امام حسین کا لشکر مغلوب ہو گیا۔تو آپ مسنات نامی اونٹنی پر سوار ہو گئے۔

marfat.com

Marfat.com

## الکامل فی التاریخ:۔

ثُمَّ رَکِبَ الْحُسَیْنُ رَاحِلَۃً وَ تَقَدَّمَ اِلَی النَّاسِ
وَ نَادٰی بِصَوْتٍ عَالٍ یَسْمَعُہٗ کُلُّ اَنَاسٍ
(الکامل فی التاریخ جلد ۴ ص ۶۱ ثم دخل سنۃ احدیٰ
و ستین ذکر مقتل الحسین) مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:**

پھر امام عالی مقام اونٹنی پر سوار ہوئے۔ اور لوگوں کی طرف تشریف لے گئے۔ اس زور سے بولے۔ کہ تمام لوگوں نے آپ کی آواز سن لی۔

قارئین کرام! اس حوالہ سے بھی معلوم ہوا۔ کہ امام عالی مقام کے پاس کربلا میں اونٹ تھا۔ گھوڑا نہیں۔ اور جن لوگوں نے امام حسین رضہ کے لیے گھوڑے ثابت کیے اور دعوے کیے کہ کربلا میں امام حسین رضہ اور آپ کے رفقاء کے پاس گھوڑوں کے اثبات پر ہم تو حوالجات پیش کر سکتے ہیں۔ یہ ان کا دعوٰے صرف روایت پرستی پر موقوف ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ حقیقت یہ ہی ہے کہ امام حسین رضہ کے پاس اونٹ تھا گھوڑا نہیں تھا۔ جس کو ابھی ہم دلائلِ قاہرہ سے ہم ثابت کر چکے ہیں۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# امام حسین کے پاس میدان کربلا میں گھوڑا ہونے پر مولوی عبدالسلام کا

## بے اصل دعوے

اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں یقیناً اتنے خرافات ماہ محرم اور واقعہ کربلا کے لیے ایجاد نہ ہوئے تھے۔ جتنے اس زمانہ میں ایجاد ہو چکے ہیں۔ تو اعلیٰحضرت رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے زمانہ کے واعظین اور مصنفین کو جنہوں نے واقعہ کربلا کو رنگیلا پن سے بیان کرنے کا طریقہ اپنایا اور کتابیں لکھیں ان کے ان افعال پر آپ نے اللہ تعالیٰ کے عذاب کے مراتب ان کے لیے ذکر کیے تو اب ہمارے زمانہ میں تو ان سنی واعظین نے حدیں ہی توڑ دیں۔ جیسا کہ گزر چکا ہے۔ لیکن ان میں سے ایک صاحب مولوی عبدالسلام ہیں۔ جن کی تصنیف کردہ کتاب کا نام "شہادت نواسۂ سید الابرار" ہے۔ یہ اس کتاب میں لکھتے ہیں۔ جس کا خلاصہ یہ ہے۔

بعض لوگ بڑے دعوے سے دس ہزار روپے کا اعلان کرتے ہیں کہ اگر کوئی گھوڑے کے ہونے کا ثبوت دیدے تو دس ہزار روپیہ انعام دیں گے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ سینکڑوں کتب میں سے کسی میں اس بات کا کوئی ذکر نہیں آیا کہ آپ کے پاس اونٹ ہی تھے گھوڑا نہ تھا۔ بلکہ تمام کتب معتبرہ میں اس امر کا واضح ثبوت بارہا ملا ہے۔ کہ گھوڑے تھے۔ اور خود جس پر سوار ہو کر سید الشہداء گر کر شہید ہوئے تھے۔ وہ گھوڑا تھا

marfat.com

Marfat.com

اونٹ نہیں، عجیب بے وقوفی ہے۔ کہ جس چیز کا کسی جگہ ذکر نہیں۔ اس کے متعلق کہنا کہ کتب معتبرہ میں موجود ہے۔ اور جس چیز کا متعدد کتب میں ذکر ہو۔ اس کے وجود کا انکار ہو رہا ہے۔ اور پھر اس پر دس ہزار روپے انعام کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ تو میں ایک کتاب کیا بلکہ ایک سو معتبر کتب سے ثبوت دے سکتا ہوں۔ جیسا کہ میں اس کتاب میں اس کا ثبوت بھی دے چکا ہوں۔ چاہیئے کہ فی الفور مجھے دس ہزار روپیہ بذریعہ ڈاک منی آرڈر کر دیا جائے۔ (شہادت نواسہ سید الابرار ص ۸۴، اسپ امام علیہ السلام کے نام کی تحقیق مطبوعہ مکتبہ حامدیہ لاہور)

## مذکورہ عبارت کی تردید:

مولوی عبدالسلام کا یہ دعوٰی ہی دعوائے بلا تحقیق ہے ورنہ ہم نے گزشتہ اوراق میں چند معتبر کتب کے حوالہ جات اس بارے میں پیش کر دیتے ہیں۔ کہ امام عالی مقام کے پاس مدینہ منورہ سے شہادت تک گھوڑا نہیں بلکہ اونٹ تھا۔ ان کے علاوہ اور بھی شیعوں کی ایک بڑی ذخیم اور معتبر کتاب اعیان الشیعہ جو دس جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس سے ہم اس مسئلہ کی تحقیق پیش کرتے ہیں کہ جس کے بعد کسی شک کی گنجائش نہیں رہتی۔

## اعیان الشیعہ:

محمد بن حنفیہ کو جب معلوم ہوا کہ امام حسین کربلا کی تیاری کر رہے ہیں

فَاَتَاهُ فَاَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَتِهٖ وَقَدْ رَكِبَهَا فَقَالَ يَا اَخِيْ اَلَمْ تَعِدْنِيْ النَّظَرَ فِيْمَا سَاَلْتُكَ الخ ......... وَحَرَّكَ رَاحِلَتَهٗ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ

اعیان الشیعہ جلد اول ص ۵۹۳ تا ۵۹۴ سیرۃ الحسین خروجہ الی العراق مطبوعہ بیروت

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

محمد بن حنفیہ نے امام حسین رضی اللہ عنہ کی اونٹنی کی لگام پکڑلی۔ اس صورت میں کہ امام حسین رضی اللہ عنہ اونٹنی پر سوار ہو چکے تھے۔ تو محمد بن حنفیہ نے عرض کی! اے میرے بھائی! کیا تو نے میرے ساتھ وعدہ نہیں کیا تھا کہ میں کربلا جانے کے سفر میں غور و فکر کروں گا۔۔۔۔۔۔

(تو جب امام حسین رضی اللہ عنہ کی فرزدق شاعر نے راستے میں ملاقات کی تو امام حسین رضی اللہ عنہ نے اس سے کوفہ والوں کا حال پوچھا۔ تو فرزدق نے کہا! ان کے دل تمہارے ساتھ ہیں اور ان کی تلواریں بھی تم پر ہیں۔ تو اس ساری گفتگو کے بعد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے) اپنی اونٹنی کو آگے چلنے کے لیے حرکت دی۔ اور فرزدق کو کہا! السلام علیک۔

## اعیان الشیعہ:

امام حسین رضی اللہ عنہ جب کربلا میں دوسری جمعرات محرم کی ۶۱ھ کو پہنچے تو فرمایا! اس جگہ کا کیا نام ہے؟ کہا گیا کربلا آپ نے فرمایا اے اللہ! میں تیرے نام کے ساتھ کرب و بلا سے پناہ مانگتا ہوں۔ پھر اپنے اصحاب پر متوجہ ہوئے۔۔۔۔۔۔ پھر فرمایا کہ یہ کربلا ہے لوگوں نے کہا ہاں ابن رسول۔ فَقَالَ هٰذَا مَوْضِعُ كَرْبٍ بَلَاءٍ اِنْزِلُوْا هٰهُنَا مَنَاخُ رِكَابِنَا وَمَحَطُّ رِحَالِنَا وَمَقْتَلُ رِجَالِنَا وَمَسْفَكُ دِمَائِنَا۔

(اعیان الشیعہ جلد اول ص ۵۹۸ سیرت الحسین وصولہ کربلا مطبوعہ بیروت طبع جدید

marfat.com
Marfat.com

**ترجمہ:**

امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا! یہ کربلا کی جگہ ہے اُتر جاؤ۔ ہماری سواریاں بٹھانے کی اور کجاووں کو اتارنے کی اور ہمارے مردوں کے قتل ہونے کی اور ہمارے خون گرانے کی یہی جگہ ہے۔

**اعیان الشیعہ:**

امام حسین رضی اللہ عنہ کو جب میدان کربلا میں شمر نے روک لیا تو آپ نے فرمایا:

قَدْ بَلَغَكُمْ قَوْلُ نَبِيِّكُمُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالَ الْمُفِيْدُ ثُمَّ دَعَا الْحُسَيْنُ بِرَاحِلَتِهٖ فَرَكِبَهَا وَنَادٰى بِاَعْلٰى صَوْتِهٖ۔

(اعیان الشیعہ جلد اوّل ص ۶۰۲ سیرت الحسین صفۃ القتال مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:**

امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا! تمہارے نبی کی یہ بات تمہیں پہنچ چکی ہے کہ حسن و حسین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔ شیخ مفید نے کہا! (اس خطبہ کے بعد) پھر امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنی اونٹنی منگوائی اس پر سوار ہوئے اور بلند آواز سے ندا دی۔

**قارئین کرام!** غور فرمائیں شیعوں کے خاتم المحققین الامام محسن الدین نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب اعیان الشیعہ میں اس بات کا فیصلہ کر دیا کہ جب امام حسین رضی اللہ عنہ نے مدینہ شریف سے چلنے کا ارادہ کیا تو محمد بن حنفیہ نے آکر ان کی اونٹنی کی مہار پکڑ لی جس پر امام حسین رضی اللہ عنہ سوار تھے۔ اور

marfat.com

Marfat.com

روکنے کی کوشش کی لیکن امام حسین نہ رکے جب راستے میں پہنچے تو فرزدق شاعر سے
ملاقات ہوئی تو اس سے کوفہ والوں کے حالات پوچھے تو اس نے جواب دیا
کہ ان کے دل تمہارے ساتھ لیکن تلواریں بھی تم پر ہیں۔ امام حسین نے یہ جواب
سن کر اپنی اونٹنی کو حرکت دی اور اسے السلام علیک کہ۔ جب امام حسین رضی اللہ عنہ
کربلا میں پہنچے تو اس جگہ کا نام پوچھا تو لوگوں نے کہا اس کا نام کربلا ہے۔ تو آپ نے فرمایا۔
ہمارے والد نے اس مقام پر کھڑے ہو کر یہ فرمایا تھا کہ میرے حسین اور اس کے قافلے
کے اونٹ یہیں بیٹھیں گے اور کجاوے بھی یہیں اتریں گے اور یہاں ہی ہمارے
لوگ قتل ہوں گے اس کے بعد جب امام حسین رضی اللہ عنہ نے جہاد کی تیاری کی اور آپ
نے صف آرائی فرمائی تو اپنی اونٹنی منگوا کر اس پر سوار ہو گئے۔ مذکورہ عبارت کا
خلاصہ یہ ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو گھوڑا نکالنے والے اور اس کی پوجا پاٹ کرنے والے
ہیں۔ جب ان کی ایک ذخیم کتاب کہ جس کی میں نے اگرچہ پوری عبارت باعث
طوالت کے نقل نہ کی۔ مگر مذکورہ الفاظ من وعن اعیان الشیعہ سے میں نے نقل
کیے اور ان کا ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد کسی شیعہ کو تحقیقی طور پر حق نہیں پہنچتا۔
کہ وہ امام حسین رضی اللہ عنہ کا گھوڑا نکالیں اور اس پر نوحہ خوانی اور ماتم برپا کریں۔ اور
اس کو ذوالجناح کا نام دیں۔ میں ان تمام چیزوں کی تردید کر چکا ہوں۔ ذوالجناح
نام تو کجا اصل میں وہاں گھوڑا ہی موجود نہ تھا۔ تو پھر گھوڑا نکالنے اور ماتم برپا کرنے
کا کیا معنی۔ پھر مجھے اپنے سنی مولوی محمد عبدالسلام پر افسوس ہے کہ اس نے بغیر تحقیق کے
تو حوار گھوڑے کے نکالنے پر پیش کرنے کا دعوے کیا ہے یہ صرف روایت پرستی پر
موقوف ہے کہ جس کی تحقیق میں پیش کر چکا ہوں۔ اگر کوئی مولوی یہ ثابت کر دے۔ کہ
امام حسین رضی اللہ عنہ کو اتنے گھوڑے کہاں سے ملے۔ دینے والا کون تھا۔ منہ مانگا انعام پائے
اس لیے ان حوالہ جات کو پڑھ کر مولوی عبدالسلام کو چاہیے کہ مبلغ دس ہزار روپے

marfat.com

Marfat.com

بذریعہ منی آرڈر روانہ کردے۔ کا مطالبہ آئندہ نہ کرے۔ ورنہ انکو عظیم ندامت اٹھانی پڑے گی۔

**نوٹ:** مولوی عبدالسلام کے دعوے کو پڑھ کر میں خود ان سے ملنے ان کے گھر واقعہ دھوپ سڑی ساندہ کلاں لاہور گیا۔ اور ملاقات پر پوچھا۔ کہ گھوڑوں کی موجودگی کے بارے میں آپ نے حوالہ جات کس کتاب سے نقل کیے ہیں انہوں نے "حیات الحنفی" نامی کتاب کا ذکر کیا۔

جو ناپید ہے۔ میں نے گزارش کی۔ کہ مجھے وہ کتاب دکھائی جائے۔ انہوں نے کہا۔ کہ اس وقت یہ کتاب سیالکوٹ کوٹلی لوہاراں میں کسی کے پاس میں نے محفوظ رکھی ہوئی ہے۔ منگوا کر آپ کو دکھاؤں گا۔ میرے ساتھ قریب ہی آبادی کے ایک عالم دین محمد شرف الدین صاحب بھی تھے۔ وہ اس بات کے گواہ ہیں۔ ان کی موجودگی میں میں نے کہا۔ کہ کرایہ آمد و رفت میرے ذمہ آپ وہ کتاب منگوائیں۔ تاکہ کتاب کو دیکھ پتہ چل سکے۔ کہ یہ کس قسم کی کتاب اور کس مصنف کی کتاب ہے اس پر مولوی عبدالسلام صاحب نے اس کے مصنف اور اس کی کتاب کی بہت زیادہ تعریف کی۔ کہ اس کا لکھنے والا نہایت محقق آدمی ہے۔ اور ان کی کتاب تحقیق سے بھری پڑی ہے مختصر یہ ہے کہ وہ کئی وعدے کرنے کے باوجود کتاب نہ دکھا سکے ———— بہرصورت اس قسم کے وعدے وہی لوگ کرتے ہیں۔ جن کا محض واقعات تک رسائی ہوتی ہے۔ تحقیق سے کام نہیں لیتے۔ گھوڑوں کے موجود ہونے والی روایات وہی ہیں۔ جو غیر معتبر کتب میں لوگوں نے لکھ ڈالیں۔ اور سراسر من گھڑت ہیں۔ ان تمام روایات کا ماخذ لوط بن یحییٰ ابومخنف ہے۔ اس کے علاوہ کسی معتبر کتاب نے خواہ وہ شیعہ مسلک کی ہو یا سنی مسلک، گھوڑوں کا تذکرہ نہیں بلکہ تردید کی ہے۔ اور لوط بن یحییٰ ابومخنف ایسے واقعات تراشنے کا بہت ماہر تھا۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com

Marfat.com

# کتاب چہل و پنجم ۴۵

## شامِ کربلا مصنفہ مولوی محمد شفیع اوکاڑوی

## امام مسلم رضی اللہ عنہ کے بچوں کا واقعہ

امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے صاحبزادوں کا واقعہ بھی من جملہ اُن واقعات من گھڑت میں سے ہے۔ جسے رُلانے اور لوگوں کو دھاڑیں مار مار کر آنسو بہانے کے لیے واعظین اپنے واعظوں میں، ذاکرین اپنے خطاب میں اور غیر محتاط مصنف اپنی تصنیفات میں ذکر کرتے ہیں۔ ان واعظین میں سے مولوی محمد شفیع اوکاڑوی بھی ہیں۔ اگرچہ ان کی عادت ایسی نہ تھی لیکن انہوں نے بھی اس بے اصل واقعہ کو بڑی رنگیلا پنی سے ذکر کیا ہے۔ جس کی فوٹو کاپیاں درج ذیل لف کی جاتی ہیں۔

حضرت مسلم نے دارالامارت کے محاصرہ کے وقت اور بقول بعض طوعہ کے گھر میں قیام کے وقت اپنے دونوں فرزندوں کو قاضی شریح کے یہاں بھیج دیا تھا اور ان کو کہلوا دیا تھا کہ ان کو کسی طرح بحفاظت مدینۃ النبی پہنچا دینا۔ جب حضرت مسلم شہید ہو گئے۔ قاضی صاحب نے آپ کے دونوں صاحبزادوں کو بلا کر پیار کیا اور بادیدۂ پُرنم ان کے سروں پر ہاتھ پھیرا یہ دیکھ کر انہوں نے کہا چچا جان! آپ کی آنکھوں میں آنسو ہیں اور آپ یوں ہمارے سروں پر ہاتھ پھیر رہے ہیں کہیں ہم یتیم تو نہیں ہو گئے؟ قاضی صاحب کی ہچکیاں بندھ گئیں فرمایا ہاں! پیارے بچو تمہارے ابا جان کو شہید کر دیا گیا ہے! یہ سنتے ہی دونوں شہزادوں پر کوہِ الم ٹوٹ پڑا۔ وا ابتاہ وا غربتاہ کہہ کر دونوں ایک دوسرے سے گلے مل کر رونے اور تڑپنے لگے۔ قاضی شریح نے بچوں سے کہا

marfat.com

Marfat.com

مجھے ابن زیاد بد نہاد سے تمہارے بارے میں کوئی اچھی امید نہیں اور تمہارا یہاں رہنا خطرے سے خالی نہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ کسی طرح تمہاری جان بچ جائے اور تم بحفاظت مدینہ منورہ پہنچ جاؤ۔

عالم غربت میں یتیم ہو جانے والے نونہالوں پر بے کسی کی انتہا ہو گئی۔ ایک طرف باپ کی جدائی کا غم اور دوسری طرف اپنی جانوں کا خوف۔ چمن رسالت کے یہ پھول کملا گئے ۔

بدرد دل زلب شرح نالہ می شنویم  زسوز جاں جگر دیں کباب می بینیم

اب قاضی صاحب کے پیش نظر ان دونوں بچوں کی جانوں کا مسئلہ تھا چناں چہ انہوں نے اپنے بیٹے اسد کو بلا کر کہا "میں نے سنا ہے کہ آج باب العراقین سے ایک کارواں مدینہ منورہ جانے والا ہے۔ ان دونوں بچوں کو وہاں لے جاؤ اور کسی ہم درد اور محب اہل بیت کے سپرد کر کے اس کو حالات سے آگاہ کر دینا اور تاکید کر دینا کہ ان کو بحفاظت مدینہ منورہ پہنچا دے۔ اسد دونوں صاحب زادوں کو ساتھ لے کر باب العراقین آیا اور معلوم کیا تو پتہ چلا کہ کارواں کچھ دیر پہلے جا چکا ہے۔ وہ دونوں بچوں کے ساتھ اسی راہ پہ چلا کچھ دور گئے تو گرد کارواں نظر آئی وہ کہنے لگا کہ دیکھو یہ گرد کارواں ہے اور زیادہ دور نہیں اب تم جلدی سے جا کر اس کارواں میں مل جاؤ اور دیکھو اپنے بارے میں کسی کو بتانا نہیں اور قافلے سے جدا نہ ہونا۔ میں اب واپس جاتا ہوں۔ یہ کہہ کر اسد واپس آگیا اور بچے تیزی سے چلنے لگے۔ کچھ دیر کے بعد وہ گرد بھی غائب ہو گئی اور کارواں بھی نہ ملا۔

یہ پھول سے یتیم بچے عالم تنہائی میں انتہائی پریشانی کا شکار ہو کر پھر ایک دوسرے سے گلے مل کر رونے لگے اور نازوں سے پلنے والے ماں باپ کا نام لے کر جان کھونے لگے۔

پارہ پارہ نہ ہوں کیوں دیکھ کے دونوں کے جگر
عمر میں دیکھا تھا کب آنکھ سے ایسا منظر
ایسا صدمہ نہیں گزرا کبھی ننھے دل پر
خاک و خوں میں تڑپتا ہے پدر پیش نظر

marfat.com
Marfat.com

سر گئیں آنکھوں سے بہتے خون کے آنسو جاری
کیا بیاں ہو سکے ان بچوں کی آہ و زاری

ادھر ابن زیاد کو معلوم ہوا کہ حضرت مسلم کے ساتھ ان کے دو فرزند محمد و ابراہیم بھی آئے تھے اور وہ بھی کوفے میں کسی گھر میں ہیں چناں چہ اس بدنہاد نے اعلان کرایا کہ جو مسلم کے دونوں بچوں کو ہمارے پاس لائے گا وہ انعام پائے گا اور جو انہیں چھپائے گا یا ان کو یہاں سے نکالنے میں ان کی مدد کرے گا وہ سخت سزا کا مستحق ہوگا۔ اس اعلان سے مال و زر کی ہوس رکھنے والے چند سپاہی قسمت آزمائی کے لیے نکلے اور انھوں نے تھوڑی سی محنت کے بعد سراغ لگا کر بچوں کو پالیا اور پکڑ لائے اور کوتوال (افسر پولیس) کے حوالے کر دیا۔ کوتوال ان بچوں کو ابن زیاد کے پاس لے گیا۔ ابن زیاد نے حکم دیا کہ ان کو اس وقت تک جیل میں رکھا جائے جب تک ان کے متعلق میں یزید سے نہ پوچھ لوں کہ ان کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے۔

داروغۂ حوالات (سپرنٹنڈنٹ) مشکور نامی ایک پرہیزگار شخص اور محب اہل بیت تھا اس نے جب ان یتیموں کی مظلومی اور بے کسی کا حال دیکھا تو اس کو بہت ترس آیا اور اس کے جذبۂ ایمانی میں ایک تلاطم پیدا ہوا۔ اس نے عزم صمیم کر لیا کہ ان بچوں کی جان بچانی ہے خواہ اپنی جان چلی جائے۔ چناں چہ اس نے رات کے اندھیرے میں گلشن عقیل کے ان پھولوں کو جیل سے نکالا اور اپنے گھر میں لا کے کھانا کھلایا اور پھر شہر کے باہر قادسیہ کی راہ پر لا کر اپنی انگوٹھی بطور نشانی دی اور کہا کہ یہ سیدھا راستہ قادسیہ کو جاتا ہے اس راہ پر چلے جاؤ۔ وہاں پہنچ کر کوتوال کا پتہ پوچھنا وہ میرا بھائی ہے اس کو مل کر میری یہ انگوٹھی دکھانا اور اپنا حال سنانا اور کہنا کہ ہمیں مدینہ طیبہ پہنچا دے وہ تمہیں بحفاظت تمام مدینہ پہنچا دے گا۔

مصیبت کے مارے دونوں بھائی چل پڑے لیکن قضا و قدر کے احکام جو نافذ ہو چکے ہوتے ہیں ان کو بندوں کی تدابیر نہیں بدل سکتی لَا رَادَّ لِقَضَائِهٖ وَلَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ رات بھر چلتے رہے مگر قادسیہ نہ آیا۔ جب صبح کی روشنی ہوئی تو انھوں نے دیکھا کہ وہ اسی قادسیہ کی راہ پر تھے۔ قریب ہی ایک کھلا سا درخت نظر آیا اس کے پاس ایک کنواں بھی تھا وہ اس

marfat.com
Marfat.com

درخت کی آڑ میں آکر بیٹھ گئے، سخت خوف لاحق تھا کہ کہیں پھر نہ کوئی پکڑ کر ابن زیاد کے پاس لے جائے۔ اتنے میں ایک کنیز پانی بھرنے آئی جب اس نے ان کو اس طرح چھپے بیٹھے دیکھا تو قریب آئی اور ان کا حسن وجمال اور شانِ شہزادگی دیکھ کر کہا اے شہزادو تم کون ہو اور یہاں کیوں چھپے بیٹھے ہو؟ انہوں نے کہا ہم تجھے کیا بتائیں کہ ہم کون ہیں ہم یتیم و بے کس اور ستم رسیدہ و گم کردہ راہ مسافر ہیں۔ کنیز نے کہا تم کس کے بچے ہو تمہارے باپ کا نام کیا ہے؟ باپ کا لفظ سنتے ہی ان کی آنکھیں پرنم ہو گئیں۔ کنیز نے کہا میں گمان کرتی ہوں کہ تم مسلم بن عقیل کے فرزند ہو، باپ کا نام سنتے ہی دونوں بچے ہچکیاں بھرنے لگے۔ کنیز نے کہا صاحبزادو تم نہ ڈرو میں اس خاتون کی کنیز ہوں جو اہل بیت نبوت کے ساتھ سچی عقیدت و محبت رکھتی ہے بالکل فکر نہ کرو آؤ اور میرے ساتھ چلو میں تمہیں اس کے پاس لے چلوں۔ دونوں شہزادے اس کے ساتھ ہو گئے کنیز نے ان کو اس خاتون کے سامنے پیش کیا اور سارا واقعہ سنایا۔ اس خاتون کو بڑی خوشی ہوئی اس نے اس خوشی کے صلہ میں اپنی اس کنیز کو آزاد کر دیا اور شہزادوں کے ساتھ بڑی محبت سے پیش آئی ان کے قدم چومے یتیموں کی داستان غم سن کر آنسو بہائے اور ہر طرح تسلی و تشفی دی کہ فکر نہ کرو اور کنیز سے کہا کہ یہ راز میرے شوہر حارث کو نہ بتایا۔ ؎

| | |
|---|---|
| گھر میں حارث کے جو وہ یوسف زہرا آئے | موت بولی کہ سفر سے مرے مہماں آئے |
| زنِ حارث نے یتیموں کے قدم چوم لیے | پہلے دیکھے جو پھٹے سوزنِ مژگاں سے سیئے |
| پانی بھی گرم کیا پاؤں دھلانے کے لیے | اور بچھا دیا فرش بھی ان کو سلانے کے لیے |
| سر پہ صبح بڑی دھوم سے مہمانی ہے | حلق ہے تیغ ہے جلاد ہے قربانی ہے |

ادھر ابن زیاد کو اطلاع ہو گئی کہ مشکور نے دونوں بچوں کو رہا کر دیا ہے۔ ابن زیاد نے مشکور کو بلایا اور پوچھا کہ تو نے پسرانِ مسلم کے ساتھ کیا کیا ہے؟ مشکور نے کہا میں نے اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ان کو آزاد کر دیا ہے۔ ابن زیاد نے کہا تو مجھ سے نہ ڈرا؟ مشکور نے کہا جو بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہے۔ وہ کسی اور سے نہیں ڈرتا۔ ابن زیاد نے کہا تجھے ان کے رہا کرنے میں کیا ملا؟ مشکور نے کہا او ستمگار ان بچوں کے پدر بزرگوار کو شہید کرنے میں تجھے تو کچھ نہ ملے گا مگر مجھے ان بے گناہ بچوں کو جو اپنے جگر پر یتیمی کا داغ لیے ہوئے قید و بند کی مصیبت میں مبتلا تھے۔ رہا کرنے میں ان کے جدِ اعلیٰ سے امید شفاعت ہے کہ حضور صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

کونین و سید ثقلین جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میری اس خدمت کو قبول فرمائیں گے اور میری شفاعت فرمائیں گے جب کہ تو اس دولت سے محروم رہے گا۔ اس پر ابن زیاد غضبناک ہوا اور کہنے لگا میں ابھی تجھے اس کی سزا دوں گا۔ مشکور نے کہا میری ہزار جانیں بھی ہوں تو آل نبی پر فدا ہیں ؎

من در رہِ او کجا بہ جان وا مانم    جان چیست کہ بہر او فدا نہ توانم
یک جان چہ بود ہزار جان بایستے    تا جملہ بیک بار برو افشانم

ابن زیاد نے جلاد کو حکم دیا کہ اس کو اتنے کوڑے مارو کہ یہ مر جائے اور پھر سر تن سے جدا کر دو۔ جلاد نے کوڑے مارنے شروع کر دیے۔ پہلے کوڑے پر مشکور نے کہا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دوسرے پر کہا الٰہی مجھے صبر دے۔ تیسرے پر کہا الٰہی مجھے بخش دے۔ چوتھے پر کہا الٰہی مجھے فرزندانِ رسول کی محبت میں یہ سزا مل رہی ہے۔ پانچویں پر کہا الٰہی مجھے رسول اللہ اور ان کے اہل بیت کے پاس پہنچا دے۔ پھر مشکور خاموش ہو گیا اور جلاد نے اپنا کام پورا کر دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ؎

جانش مقیم روضۂ دار السرور باد    گلشن سرائے مرقد او پر ز نور باد

ادھر وہ نیک خاتون دن بھر بہ دل و جان بچوں کی خدمت اور دل جوئی میں مشغول رہی رات کے وقت ان کو ایک علیحدہ کمرے میں سلا کر آئی تھی کہ اس کا شوہر (حارث) آ گیا نہایت تھکا ہوا تھا۔ خاتون نے پوچھا۔ آج سارا دن تم کہاں رہے کہ اتنی دیر سے آئے؟ کہنے لگا صبح میں امیر کوفہ ابن زیاد کے پاس گیا تھا۔ وہاں مجھے معلوم ہوا کہ داروغۂ جیل مشکور نے پسرانِ مسلم بن عقیل کو قید سے رہا کر دیا ہے اور امیر نے اعلان کیا ہے کہ جو ان کو پکڑ کر لائے یا ان کی خبر دے اس کو گھوڑا جوڑا اور بہت سا مال دیا جائے گا۔ بہت سے لوگ ان کی تلاش میں نکلے ہیں۔ میں بھی انہی کی تلاش میں ادھر اُدھر سرگرداں رہا اور اس قدر بھاگ دوڑ کی کہ میرے گھوڑے نے دم توڑ دیا اور مجھے پیدل ان کی جستجو میں پھرنا پڑا۔ اس لیے تھکاوٹ سے چور چور ہو گیا ہوں۔ عورت نے کہا۔ اے بندۂ خدا اللہ سے ڈر تجھے فرزندانِ رسول اللہ سے کیا کام ہے؟ کہنے لگا تو خاموش رہ تجھے نہیں معلوم ابن زیاد نے اس شخص کو گھوڑا جوڑا اور بہت سا مال دینے کا وعدہ کیا ہے جو ان بچوں

marfat.com
Marfat.com

تو اس کے پاس پہنچائے یا اُن کی خبر دے۔ عورت نے کہا کس قدر بدبخت ہیں وہ لوگ جو مالِ دنیا کی خاطر ان یتیموں کو دشمن کے حوالے کرنے کی جستجو میں لگے ہوئے ہیں اور دین کو دُنیا کے عوض میں دے رہے ہیں۔ حارث نے کہا تجھے ان باتوں سے کیا تعلق تو کھانا لا۔ عورت نے کھانا لا کر دیا وہ کھا کر سو گیا۔

جب آدھی رات ہوئی تو بڑے بھائی (محمد بن مسلم) نے خواب دیکھا اور بیدار ہو کر اپنے چھوٹے بھائی (ابراہیم) کو جگاتے ہوئے کہا بھائی اب سونے کا وقت نہیں رہا اٹھو اور تیار ہو جاؤ اب ہمارا وقت بھی قریب آگیا ہے۔ میں نے ابھی خواب میں دیکھا ہے کہ ہمارے ابا جان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی و حضرت فاطمہ زہرا اور حضرت حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہم کے ساتھ بہشت بریں میں ٹہل رہے ہیں کہ اچانک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم دونوں کی طرف دیکھ کر ہمارے ابا جان سے فرمایا مسلم تم چلے آئے ان دونوں بچوں کو ظالموں میں چھوڑ آئے۔ ابا جان نے ہماری طرف دیکھ کر کہا یا رسول اللہ! میرے یہ بچے بھی آنے ہی والے ہیں۔ یہ سن کر چھوٹے نے بڑے بھائی کے منہ پر اپنا منہ رکھ کے کہا وَاوَیْلَاہُ وَامُسْلِمَاہُ! اور رونا شروع کر دیا۔ بڑے کے صبر کا پیمانہ بھی چھلک اٹھا تو دونوں نہایت درد کے ساتھ رونے اور چلانے لگے ان بچوں کے رونے چلانے کی آواز سے اس کم بخت حارث کی آنکھ کھل گئی عورت سے کہنے لگا یہ کن کے رونے کی آواز ہے میرے گھر میں یہ کون ہیں جو اس طرح رو رہے ہیں عورت بے چاری سہم گئی اور کچھ جواب نہ دیا۔ اس ظالم نے خود اٹھ کر چراغ جلایا اور اس کمرے کی طرف چلا جس سے رونے کی آواز آ رہی تھی اندر داخل ہو کر دیکھا کہ دونوں بچے گلے مل کر ابا ابا کہہ کر تڑپ رہے ہیں۔ کہنے لگا تم کون ہو؟ چونکہ ان بچوں نے یہی سمجھا تھا کہ یتیموں کا گھر اور جائے پناہ ہے اور اہل خانہ ہمارے خیر خواہ ہیں اس لیے صاف کہہ دیا کہ ہم فرزندانِ مسلم بن عقیل ہیں۔ حارث نے کہا عجیب! میں تو سارا دن تمہاری تلاش میں سرگرداں رہا یہاں تک کہ میرے گھوڑے نے دم توڑ دیا اور تم میرے ہی گھر میں موجود ہو۔ یہ سن کر اور اس ظالم کو دیکھ کر بچے سہم گئے اور تصویرِ حیرت بن گئے۔ اس عورت نے اپنے شوہر کی جب یہ سنگدلی اور بے رحمی دیکھی تو اس کے قدموں پر اپنا سر رکھ کر عاجزی و زاری کرتے ہوئے کہنے

marfat.com
Marfat.com

کی ان غریب الوطن یتیموں بے کسوں پر ترس کھا ۔

بے دار و مسکن ہر دو یتیماں طفلے بہ نمانے چوں کریماں

ایں ہا بہ فراق مبتلا اند در شہر غریب و بے نوا اند

ہرگز نہ سزا جفائے ایشاں پرہیز کن از دعائے ایشاں

کہنے لگا خبردار! اپنی جان کی خیر چاہتی ہے تو خاموش رہ۔ عورت بے چاری سہم گئی اور خاموش ہو گئی۔ حارث نے کمرے کا دروازہ مقفل کر دیا تاکہ اس کی بیوی ان بچوں کو کہیں اور منتقل نہ کر سکے۔

جب صبح ہوئی تو اس سنگ دل نے تلوار ہاتھ میں لی اور ان دونوں بچوں کو ساتھ لے کر چلا۔ عورت نے جب دیکھا تو اس سے نہ رہا گیا، ننگے پیر پیچھے دوڑی اور منت و سماجت کرتی ہوئی کہہ رہی تھی اللہ سے ڈر اور ان یتیموں پر رحم کر ۔

جس وقت نمودار ہوئے صبح کے آثار پھر کے چلا ہائے یتیموں کو جفا کار

چلاتی چلی پیچھے ضعیفہ جگر افگار بن باپ کے بچے ہیں یہ ظالم نہ انہیں مار

کیوں فاطمہ زہرا کو رلاتا ہے کفن میں

دو پھول تو رہنے دے محمد کے چمن میں

ظالم پر بیوی کی زاری کا کچھ اثر نہ ہوا بلکہ الٹا اس کو مارنے کو دوڑا۔ بے چاری رک گئی اس ظالم کا ایک خانہ زاد غلام جو اس کے بیٹے کا رضاعی بھائی بھی تھا اس کو معلوم ہوا تو وہ پیچھے دوڑا جب حارث کے پاس پہنچا۔ حارث نے اس کو کہا ممکن ہے کہ کوئی ان بچوں کو ہم سے چھین لے اور ہم اس انعام سے محروم رہ جائیں لہٰذا یہ تلوار لو اور ان کو قتل کر دو۔ غلام نے کہا میں ان بے گناہ بچوں کو کس طرح قتل کر دوں۔ حارث نے اس کو سختی سے کہا کہ میرے حکم کی تعمیل کر۔ اس نے انکار کیا ۔

بندہ را با ایں و ما آں کار نیست پیش خواجہ توت گفت زیست

اور کہا مجھ میں ان کے قتل کی ہمت نہیں مجھے رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شرم آتی ہے کہ ان کے خاندان کے بے گناہ بچوں کو قتل کر کے کل قیامت کے

marfat.com

Marfat.com

ان کس منہ سے ان کے سامنے جاؤں گا۔ حارث نے کہا اگر تو ان کو قتل نہیں کرے گا تو میں تجھے قتل کردوں گا۔ غلام نے کہا قبل اس کے کہ تو مجھے قتل کرے میں تجھے قتل کردوں گا۔ حارث فن حرب میں بہت ماہر تھا اس نے اچانک تمگے بڑھ کر غلام کے سر کے بال پکڑ لیے غلام نے اس کی داڑھی پکڑ لی اور دونوں گتھم گتھا ہو کر بری طرح لڑنے لگے۔ آخر ظالم نے اپنے غلام کو شدید زخمی کر دیا۔ اتنے میں اس کی بیوی اور لڑکا بھی پہنچ گئے لڑکے نے کہا اے باپ یہ غلام میرا رضاعی بھائی ہے اس کو مارتے ہوئے تجھے شرم نہیں آئی ظالم نے بیٹے کو تو کوئی جواب نہ دیا اور غلام پر ایک ایسا وار کیا کہ وہ جام شہادت نوش کر کے جنت الفردوس پہنچ گیا۔ بیٹے نے کہا اے باپ میں نے تجھ سے زیادہ سنگ دل اور جفا کار کوئی نہیں دیکھا۔ حارث نے کہا او بیٹے اپنی زبان روک اور یہ تلوار لے اور ان دونوں بچوں کے سر قلم کر بیٹے نے کہا خدا کی قسم میں یہ کام ہرگز نہ کروں گا اور نہ تجھے یہ کام کرنے دوں گا۔ حارث کی بیوی نے بہت منت وزاری کرتے ہوئے کہا کہ ان بے گناہ بچوں کے خون کا وبال اپنے سر نہ لے اگر تو ان کو نہیں چھوڑتا تو اتنی بات مان لے کہ ان کو قتل نہ کر اور ان کو زندہ ابن زیاد کے پاس لے جا اس سے بھی تیرا مقصود حاصل ہو جائے گا کہنے لگا مجھے اندیشہ ہے کہ جب اہل کوفہ ان کو دیکھیں گے تو شور و غوغا کر کے ان کو مجھ سے چھڑا لیں گے اور میری محنت ضائع ہو جائے گی۔

آخر وہ ظالم تلوار اٹھائے چمنستانِ رسالت کے ان پھولوں کو کاٹنے کے لیے ان کی طرف بڑھا ؎

جب سامنے بچوں کے آیا وہ ستم گار — اور دیکھی یتیموں نے چمکتی ہوئی تلوار
دل ہل گئے بٹ بٹ کے یکی دونوں نے گفتار — کر رحم کہ معصوم ہیں ہم بے کس ولاچار
مظلوم ہیں حامی کوئی مشکل میں نہیں ہے
ظالم نے کہا رحم مرے دل میں نہیں ہے

بیوی رو کر حائل ہو گئی اور کہنے لگی ظالم خدا کا خوف کر اور عذاب آخرت سے ڈر۔ ظالم نے بیوی پر وار کر دیا وہ زخمی ہو کر گر گئی اور تڑپنے لگی۔ بیٹے نے ماں کو خاک و خون

marfat.com
Marfat.com

ہیں تڑپتے دیکھا آگے بڑھ کر باپ کا ہاتھ پکڑلیا اور کہا او باپ ہوش میں آ تجھے کیا ہو گیا۔ ظالم نے بیٹے پر بھی وار کر کے موت کی نیند سلادیا۔ ماں نے اپنی آنکھوں کے سامنے جب اپنے لختِ جگر کو اس طرح کشتۂ شمشیر جفا ہوتے دیکھا اس کا کلیجا بھی پھٹ گیا اور وہ بھی راہیِ جنت ہوئی۔

اب وہ ظالم پھر دونوں بچوں کی طرف آیا۔ دونوں نے سراپا التجا بن کر کہا اگر تجھے یہ اندیشہ ہے کہ ہمیں زندہ لے جانے کی صورت میں لوگ شور و غوغا کر کے چھڑالیں گے اور تو مال سے محروم رہ جائے گا تو ایسا کر کہ ہمارے گیسو کاٹ کر غلام بنا کر فروخت کر دے۔ ظالم نے کہا اب تو میں تمہیں ہرگز نہ چھوڑوں گا۔ جب اس نے تلوار اٹھائی تو چھوٹے نے آگے بڑھ کر کہا پہلے مجھے مارے

کی بڑے بھائی نے قاتل کی یہ منت اس آن
تجھ سے اک عرض میں کرتا ہوں اگر تو لے مان

سر مرا پہلے اگر کاٹے تو بڑا ہو احسان
چھوٹے بھائی پہ میں قربان میرا سر قربان

شوق سے اور ہر اک صدمہ و ایذا دکھلا
پر نہ بھائی کا مجھے تنہا سالاشا دکھلا

ناگاہ چلی ظلم کی تلوار بڑے پر
بالائے زمیں کٹ کے ستارا سا گرا سر

دریا میں ستم گار نے پھینکا تن اطہر
چلا کے یہ چھوٹے نے کہا ہائے برادر

دیکھا جو بڑے بھائی کا سر دست عدو میں
وہ گر کے تڑپنے لگا بھائی کے لہو میں

آیا جو شقی تیغ علم کر کے دوبارا
چلانے لگا بھائی کو وہ بھائی کا پیارا

مادر کو پکارا کبھی بابا کو پکارا
جلاد نے سر تن پر سے اس کا بھی اتارا

دھبا بھی نہ خوں کا لگا شمشیرِ عدو میں
بھائی کا لہو مل گیا بھائی کے لہو میں

دونوں لاشوں سے جدا کر دیے سر نے ستم
پھینک دیے نہر میں ظالم نے وہ لاشے اس دم

مل کے بہنے لگے وہ پیکر نوری باہم
لہریں پانی کی لگیں چومنے بڑھ بڑھ کے قدم

ڈوب کر نہر میں کوثر کے کنارے پہنچے
آئی مسلم کی صدا پیارے ہمارے پہنچے

marfat.com

Marfat.com

الغرض! جب اس ظالم نے ان معصوموں کو شہید کر دیا اور سروں کو جسموں سے جدا کر کے لاشے نہر میں پھینک دیئے تو سروں کو توبرے میں ڈال کر ابن زیاد کی طرف چلا۔ دوپہر کا وقت تھا۔ قصر امارت میں داخل ہو کر رسائی حاصل کی اور توبرا ابن زیاد کے سامنے رکھ دیا۔ ابن زیاد نے کہا اس میں کیا ہے؟ کہنے لگا بہ امید انعام و اکرام تیرے دشمنوں کے سر کاٹ کر لایا ہوں۔ ابن زیاد نے کہا یہ دشمن کون ہیں؟ کہا فرزندان مسلم بن عقیلؓ! ابن زیاد نے غضب ناک ہو کر کہا! تو نے کس کے حکم سے ان کو قتل کیا ہے؟ بدبخت میں نے یزید کو لکھا ہے کہ اگر حکم ہو تو زندہ بھیج دوں۔ اگر اس نے زندہ بھیجنے کا حکم دے دیا تو میں کیا کروں گا؟ تو ان کو میرے پاس زندہ کیوں نہیں لایا؟ کہنے لگا مجھے اندیشہ تھا کہ اہل شہر غوغا کر کے مجھ سے چھین لیں گے۔ ابن زیاد نے کہا اگر یہ اندیشہ تھا تو انہیں کسی محفوظ مقام پر ٹھہرا کر مجھے اطلاع کر دیتا میں خود منگوا لیتا تو نے بغیر میرے حکم کے ان کو کیوں قتل کیا؟ ابن زیاد نے اہل دربار کی طرف دیکھا اور مقاتل نامی ایک شخص سے کہا کہ اس کی گردن مار دے۔ چناں چہ اس کی گردن مار دی گئی اور وہ خسر الدنیا والآخرۃ کا مصداق ہوا ۔

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے (روضۃ الشہداء ص ۱۵۰)

قارئین کرام! امام مسلم کے بچوں کا واقعہ آپ نے شام کربلا کی فوٹو کاپیاں سے پڑھ لیا۔ تو اس واقعہ کو جس انداز سے بیان کیا گیا ہے۔ اگر کوئی پتھر دل بھی ہو تو وہ رونے لگتا ہے۔ حالانکہ اس واقعہ کی تاریخی رو سے کچھ حیثیت نہیں کہ جس کا ثبوت عنقریب پیش کیا جائے گا۔ اور پھر افسوس اس بات کا ہے عوام مقررین تو در کنار فقیہ ملت مولانا مفتی جلال الدین صاحب نے خطبات محرم میں بھی اس واقعہ کو بڑی تفصیل سے لکھا ہے۔ اب اس کے بعد آپ خود اندازہ لگا لیں گے کہ موجودہ دور کے ان مصنفین نے اس واقعہ کو لکھنے میں کتنا بڑا تساہل سے کام لیا ہے۔ جس کی وجہ سے رونے رلانے والے واعظین کے لیے ایک سنہری موقع فراہم کیا ہے۔ مولانا مفتی جلال الدین صاحب کی کتاب خطبات محرم کی اصل فوٹو کاپی ملاحظہ فرمائیں۔

marfat.com
Marfat.com

۴۶

# کتاب چہل و ششم

## خطبات محرم مصنفہ فقیہ ملت مفتی جلال الدین امجدی

اس سے قبل آپ اس واقعہ فرزندانِ امام مسلم کو مولوی محمد شفیع اوکاڑوی کی کتاب شام کربلا سے پڑھ چکے ہیں۔ اور اس میں جو رنگیلا پن اختیار کی گئی ہے اس کو بھی پڑھ چکے ہیں۔ اور اس زمانہ کے مقررین نے اب طریقہ بھی یہ ہی اپنایا ہے کہ جب اس واقع کو بیان کرتے ہیں۔ تو اس واقعہ میں رنگینی پیدا کرنے اور غم و اندوہ کے حالات و کیفیات میں زیادتی کی خاطر ایسے ایسے اشعار لکھے جاتے اور پڑھے جاتے ہیں۔ کہ ذی عقل و خرد ماتھا تھام کے بیٹھ جاتا ہے۔ یہ واقعہ اگرچہ شہید ابن شہید، خاک کربلا اور اوراق غم وغیرہ میں بھی مذکور ہے۔ لیکن عجیب حیرت ہوئی جب میں نے یہی واقعہ اسی انداز میں خطبات محرم" میں لکھا دیکھا۔ اس کتاب کے ٹائٹل پر یہ الفاظ لکھے گئے ہیں۔ "محرم کے لیے بارہ واعظوں کا مستند مجموعہ" اس کتاب کے ۲۶۹ تا ۲۷۴ چھ صفحات اسی واقعہ کی نذر کیے گئے ہیں۔ فقیر خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہے کہ میں حضرات اہل بیت کی محبت کو اپنا ایمان سمجھتا ہوں۔ کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پاک سے محبت دراصل آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ہوتی ہے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

Marfat.com

نے بھی فرمایا ہے۔ کہ میری طرف جو شخص ایسی بات منسوب کرے جو میں نے نہیں کہی تو اُسے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لینا چاہیئے۔ اس لیے لوگوں کو رُلانے اور اپنی بات کو رنگین و مؤثر بنانے کی خاطر بے اصل روایات کو ذکر دینا کسی طرح سے بھی درست قدم نہیں قرار دیا جا سکتا۔ اور من گھڑت روایات و واقعات سے رُلانا ایک طرف جھوٹ باندھنا ہے اور دوسری طرف شیعوں کے مسلک کو تقویت پہنچانا ہے۔ "خطبات محرم" کے مصنف فقیہ ملت مفتی جلال الدین امجدی ہیں ان کا ٹائٹل پر تو دعویٰ ہی کہ کوئی واقعہ و روایت غیر مستند نہیں ہو گی لیکن امام مسلم کے صاحبزادوں کے واقعہ کے بارے میں کسی معتبر کتاب کا حوالہ تو درکنار کسی چلتی پھرتی کتاب تک کا حوالہ نہ دیا۔ جس سے مطلب یہ ہوا کہ مفتی صاحب کا لکھ دینا ہی مستند ہے۔ اب اس کی تائید کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ مفتی صاحب کی مذکورہ کتاب کے چھ صفحات کی عبارت نقل کرنے کی بجائے اس کی فوٹو کاپی لف کی جا رہی ہے۔ تاکہ قارئین کرام خود ان کے الفاظ میں یہ واقعہ پڑھ لیں۔

# شہادت فرزندانِ حضرت مسلم

حضرت مسلم نے گورنر ہاؤس کے گھر اؤ یا طوعہ کے گھر قیام کے وقت بچوں کو قاضی شریح کے یہاں پہنچا دیا تھا۔ جب ابن زیاد کو معلوم ہوا کہ حضرت مسلم کے ساتھ ان کے دو بچے بھی آئے تھے تو اس نے پورے شہر کوفہ میں اعلان کروایا کہ جو شخص مسلم کے بچوں کو چھپائے گا اسے سخت سزا دی جائے گی اور جو ان کو ہمارے پاس لائے گا وہ انعام و اکرام پائے گا۔ ابن زیاد کے اس اعلان کو سن کر قاضی صاحب گھبرا گئے۔ فوراً زاد راہ تیار کروایا اور اپنے بیٹے اسد سے کہا کہ آج باب العراقین سے ایک قافلہ مدینہ منورہ کی طرف جانے والا ہے ان بچوں کو لے جا کر اس قافلہ میں کسی محب اہلبیت کے سپرد کر دو اور تاکید کر دو کہ ان کو بحفاظت مدینہ منورہ پہنچا دے۔ اسد جب ان بچوں کو لے کر

marfat.com
Marfat.com

باب العراقین پہنچا تو معلوم ہوا کہ قافلہ تھوڑی دیر پہلے چلا گیا۔ وہ بچوں کو لے کراس کی راہ پر تیزی کے ساتھ چلا اور جب قافلہ کی گرد نظر آئی تو بچوں کو گرد دکھا کر کہا۔ دیکھو وہ قافلہ کی گرد نظر آرہی ہے تم لوگ جلدی سے جاکر اس میں مل جاؤ۔ میں واپس جاتا ہوں۔ یہ کہہ کر وہ واپس چلا آیا اور بچے تیزی کے ساتھ چلنے لگے مگر تھوڑی دیر بعد گرد غائب ہو گئی اور انھیں قافلہ نہ ملا۔ ننھے بچے اس تنہائی میں ایک دوسرے سے گلے مل کر رونے لگے اور ماں باپ کو پکار پکار کر جی جان کھونے لگے۔

ابن زیاد کا اعلان سن کر مال و زر کی ہوس رکھنے والے سپاہی بچوں کی تلاش میں نکلے ہوئے تھے تھوڑی دیر بعد انھوں نے بچوں کو پالیا پکڑ کر ابن زیاد کے پاس پہنچا دیا۔ اس نے حکم دیا کہ ان بچوں کو اس وقت تک جیل میں رکھا جائے جب تک امیر المؤمنین یزید سے پوچھ نہ لوں کہ ان کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے۔

جیل کا داروغہ مشکور نامی محب اہلبیت تھا اسے بچوں کی بے کسی پر بہت ترس آیا۔ اس نے فیصلہ کر لیا کہ بچوں کی جان بہرحال بچانی ہے چاہے اپنی جان چلی جائے۔ چنانچہ اس نے رات کے اندھیرے میں بچوں کو جیل سے نکالا، اپنے گھر لاکر کھانا کھلایا، اپنی انگوٹھی بطور نشانی دی اور شہر کے باہر قادسیہ کی راہ پر لاکر کہا کہ تم لوگ اسی راستے پر چلے جاؤ۔ جب قادسیہ پہنچ جانا تو کوتوال سے ملنا، ہماری انگوٹھی دکھلانا اور سارے حالات بتانا وہ ہمارا بھائی ہے تم لوگوں کو بحفاظت مدینہ منورہ پہنچا دے گا۔ دونوں بچے قادسیہ کی راہ پر چل پڑے مگر چونکہ انھیں بھی اسی ننھی عمر میں شہادت سے سرفراز ہونا تھا اس لئے وہ راستہ بھول گئے رات بھر چلتے رہے اور جب صبح ہوئی تو گھوم پھر کے اسی جگہ پہنچے کہ جہاں سے کوفہ کے باہر قادسیہ کے راستہ پر چلے تھے۔ ننھا سا کلیجہ خوف سے دہل گیا کہ کہیں پھر نہ کوئی پکڑ کر ابن زیاد کے پاس پہنچا دے۔ قریب میں ایک کھوکھلا درخت نظر آیا وہیں ایک کنواں بھی تھا اسی درخت کی آڑ میں جاکر بیٹھ گئے۔ تھوڑی دیر بعد ایک لونڈی پانی بھرنے آئی اور جب ان بچوں کو چھپے ہوئے بیٹھے دیکھا تو

marfat.com

Marfat.com

قریب آئی اور ان کے نورانی چہروں میں شان شہزادگی دیکھکر کہا "شہزادو! تم لوگ کون ہو اور یہاں کیسے چھپے بیٹھے ہو؟ انھوں نے کہا کہ ہم یتیم و بیکس ہیں اور راہ بھٹکے ہوئے مصیبت زدہ مسافر ہیں۔ لونڈی نے کہا تمہارے باپ کا نام کیا ہے؟ باپ کا لفظ سنتے ہی انکی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اس نے کہا غالباً تم لوگ مسلم بن عقیل کے فرزند ہو۔ اب وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ اس نے کہا غم نہ کرو میں اس بی بی کی لونڈی ہوں جو محب اہلبیت ہے آؤ چلو میں اس کے پاس لے چلتی ہوں۔ دونوں صاحبزادے اس کے ساتھ ہو لئے۔ لونڈی ان کو اپنی مالکہ کے پاس لے گئی اور سارا واقعہ بیان کیا۔ اسے صاحبزادوں کی تشریف آوری پر بے انتہا مسرت ہوئی اس خوشی میں اس نیک بی بی نے لونڈی کو آزاد کر دیا اور صاحبزادوں کیساتھ بڑی محبت سے پیش آئی انھیں ہر طرح تسلی و تشفی دی کہ فکر نہ کرو اور لونڈی سے کہا کہ ان کی تشریف آوری کا راز پوشیدہ رکھنا میرے شوہر حارث کو نہ بتانا۔

ادھر ابن زیاد کو جب معلوم ہوا کہ مشکور داروغہ جیل نے دونوں بچوں کو رہا کر دیا ہے تو اس نے مشکور کو بلا کر پوچھا کہ تو نے مسلم کے بچوں کو کیا کیا۔ انھوں نے کہا کہ میں نے اللہ و رسول جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا اور خوشنودی کیلئے ان کو رہا کر دیا ہے۔ ابن زیاد نے کہا تو مجھ سے ڈرا نہیں۔ انھوں نے کہا جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ کسی اور سے نہیں ڈرتا۔ ابن زیاد نے کہا تجھے ان بچوں کے رہا کرنے میں کیا ملا؟ انھوں نے کہا مجھے امید ہے کہ ان کو رہا کرنے کے سبب حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیامت کے دن میری شفاعت فرمائیں گے البتہ تو مسلم بن عقیل کو شہید کرنے کے سبب اس نعمت سے محروم رہے گا۔ ابن زیاد اس جواب پر غضبناک ہو گیا اور کہا میں ابھی تجھے سخت سزا دیتا ہوں۔ انھوں نے کہا ایک نہیں مشکور کی اگر ہزار جانیں ہوں تو سب ان پر قربان ہیں۔ ابن زیاد نے جلاد سے کہا اسے اتنے کوڑے مارو کہ مر جائے اور پھر اس کا سر تن سے جدا کر دو۔ جلاد نے جب کوڑے مارنے شروع کئے تو مشکور نے پہلے کوڑے پر کہا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ دوسرے پر کہا الٰہَ الْعَالَمِيْنَ! مجھے صبر عطا فرما۔ تیسرے کوڑے پر کہا خداوندا! مجھے بخش دے۔ چوتھے پر کہا الٰہَ الْعَالَمِيْنَ! مجھے اہلبیت نبوت

marfat.com
Marfat.com

کی محبت میں یہ سزا مل رہی ہے۔ پانچویں کوڑے پر کہا یا الہٰی! مجھے اپنے رسول اور انکے اہلبیت اطہار کے پاس پہنچا دے۔ پھر اس کے بعد خاموش ہو گئے اور جلاد نے اپنا کام تمام کر دیا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ادھر وہ نیک بی بی دل وجان سے بچوں کی خدمت میں دن بھر لگی رہی اور ہر طرح سے ان کی دل جوئی کرتی رہی پھر رات میں کھانا کھلا کر ان کو الگ ایک کمرہ میں سلا کر واپس آئی تھی کہ اس کا شوہر حارث آ گیا۔ عورت نے پوچھا آج دن بھر آپ کہاں رہے؟ حارث نے کہا دارالغم جیل مشکور نے مسلم بن عقیل کے بچوں کو قید سے رہا کر دیا تو امیر عبیداللہ بن زیاد نے اعلان کیا ہے کہ جو شخص انکو پکڑ کر لائے گا اسے بہت انعام دیا جائے گا میں انھیں بچوں کی تلاش میں دن بھر پریشان رہا یہاں تک کہ اسی بھاگ دوڑ میں میرا گھوڑا بھی مر گیا اور مجھے انکی تلاش میں پیدل چلنا پڑا۔ عورت نے کہا اللہ سے ڈرو اور اہلبیت نبوت کے بارے میں اس طرح کا خیال دل سے نکال دو۔ کہنے لگا چپ رہو۔ تجھے کیا معلوم جو شخص ان بچوں کو پا جائیگا اسے ابن زیاد انعام واکرام سے مالا مال کر دے گا اسی لئے اور بھی بہت سے لوگ ان بچوں کی تلاش میں دن بھر لگے رہے۔ عورت نے کہا کتنے بدنصیب ہیں وہ لوگ جو دنیا کی خاطر ان یتیم بچوں کو دشمن کے حوالے کرنے کیلئے تلاش میں لگے ہوئے ہیں اور دنیا کے عوض اپنا دین برباد کر رہے ہیں کل میدان حشر میں وہ رسول خدا کو کیا منہ دکھائیں گے۔ حارث کا دل سیاہ ہو چکا تھا بیوی کے سمجھانے کا اس پر کچھ اثر نہیں ہوا کہا نصیحت کی ضرورت نہیں نفع نقصان میں خود سمجھتا ہوں۔ چل تو کھانا لا۔ وہ کھانا لائی اور حارث بدبخت کھا کر سو گیا۔

آدھی رات کے بعد بڑے بھائی محمد نے خواب دیکھا اور بیدار ہو کر چھوٹے بھائی کو جگاتے ہوئے کہا اٹھو اب سونے کا وقت نہیں رہا۔ ہماری شہادت کا بھی وقت قریب آ گیا۔ ابھی میں نے خواب میں ابا جان کو دیکھا کہ وہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرت علی مرتضیٰ، حضرت فاطمہ زہراء اور حضرت حسن مجتبیٰ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کے ساتھ جنت کی سیر کر رہے ہیں۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابا جان سے فرما رہے ہیں کہ تم چلے آئے اور اپنے بچوں کو ظالموں میں چھوڑ آئے۔ ابا جان نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ بھی عنقریب آنے ہی والے ہیں۔ چھوٹے نے کہا

marfat.com
Marfat.com

بھائی جان! میں نے بھی اسی طرح کا خواب دیکھا ہے۔ کیا سچ مچ ہم لوگ کل صبح قتل کر دئے جائیں گے۔ ہائے! ایک دوسرے کو ذبح ہوتے ہوئے ہم کیسے دیکھ سکیں گے۔ یہ کہہ کر دونوں بھائی ایک دوسرے کے گلے میں باہیں ڈال کر لپٹ گئے اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ ان کے رونے اور چیخنے سے حارث بدبخت کی آنکھ کھل گئی۔ ظالم نے بیوی کو جگا کر پوچھا یہ بچوں کے رونے کی آواز کہاں سے آرہی ہے؟ عورت بے چاری سہم گئی اس نے کچھ جواب نہ دیا۔ ظالم نے خود اٹھ کر چراغ جلایا اور اس کمرہ کی طرف گیا کہ جہاں سے آواز آرہی تھی۔ جب اندر داخل ہوا تو دیکھا دو بچے روتے روتے بے حال ہو رہے ہیں۔ پوچھا تم کون ہو؟ چونکہ وہ اس گھر کو اپنی جائے پناہ سمجھے ہوئے تھے اس لئے انھوں نے صاف کہہ دیا کہ ہم مسلم بن عقیل کے یتیم بچے ہیں۔ ظالم یہ سنتے ہی غصہ سے بے قابو ہوگیا اور کہا میں سارا دن ڈھونڈتے ڈھونڈتے پریشان ہوگیا اور تم لوگ ہمارے ہی گھر میں عیش کا بستر جمائے ہو۔ یہ کہتے ہوئے آگے بڑھا اور نہایت بے رحمی کے ساتھ ان کو مارنا شروع کیا۔ دونوں بھائی شدت کرب سے چیخنے لگے۔ عورت بے تحاشا دوڑی ہوئی آئی اور حارث کے قدموں پر اپنا سر رکھ کر نہایت عاجزی کے ساتھ روتی ہوئی کہنے لگی کہ ارے یہ فاطمہ کے راج دلارے ہیں ان کی چاند جیسی صورتوں پر رحم کھا۔ لے میرا سر کچل کر اپنی ہوس کی آگ بجھالے لیکن فاطمہ کے جگر پاروں کو بخش دے۔ حارث بدبخت نے اسے اتنے زور کی ٹھوکر ماری کہ بے چاری ایک کھمبے سے ٹکرا کر لہولہان ہوگئی۔ ظالم بچوں کو مارتے مارتے جب تھک گیا تو دونوں بھائیوں کی مشکیں کس دیں اور زلفوں کو کھینچ کر آپس میں ایک دوسرے سے باندھ دیا۔ اسکے بعد یہ کہتا ہوا کوٹھری کے باہر نکل آیا کہ جس قدر تڑپنا ہے صبح تک تڑپ لو دن نکلتے ہی میری چمکتی ہوئی تلوار تمہیں ہمیشہ کے لئے موت کی نیند سلا دے گی۔

صبح ہوتے ہی ظالم نے تلوار اٹھائی، زہر میں بجھا ہوا خنجر سنبھالا اور خونخوار بھیڑئے کی طرح کوٹھری کی طرف بڑھا۔ نیک بخت بیوی نے دوڑ کر پیچھے سے اس کی کمر تھام لی۔ حارث نے اتنے زور کا اس کو جھٹکا دیا کہ سر ایک دیوار سے ٹکرا گیا اور وہ آہ کرکے زمین پر گر پڑی۔ اور جب وہ کوٹھری

marfat.com
Marfat.com

میں داخل ہوا تو ہاتھ میں ننگی تلوار اور چمکتا ہوا خنجر دیکھ کر دونوں بھائی کانپنے لگے۔ بدبخت نے آگے بڑھکر دونوں بھائیوں کی زلفیں پکڑیں اور نہایت بے دردی کے ساتھ انھیں گھسیٹتا ہوا باہر لایا۔ تکلیف سے دونوں بھائی تلملا اٹھے رو رو کر فریاد کرنے لگے لیکن ظالم کو ترس نہ آیا۔ سامان کی طرح ایک خچر پر لاد کر دریائے فرات کی طرف چل پڑا اور جب اس کے کنارے پہنچا تو انھیں خچر سے اتارا مشکیں کھولیں اور سامنے کھڑا کیا۔ پھر میان سے تلوار نکالی ہی تھا کہ اتنے میں اس کی بیوی ہانپتی کانپتی اور گرتی پڑتی آپہنچی۔ آتے ہی اس نے پیچھے سے اپنے شوہر کا ہاتھ پکڑ لیا اور خوشامد کرتے ہوئے کہا خدا کے لئے اب بھی مان جاؤ اہلبیت رسالت کے خون سے اپنا ہاتھ رنگین مت کرو۔ دیکھو بچوں کی ننھی جان سوکھی جارہی ہے تلوار سامنے سے ہٹالو۔

حارث پر شیطان پوری طرح سوار تھا ظالم نے بیوی پر وار کردیا وہ زخمی ہو کر گری وہ تڑپنے لگی۔ بچے یہ منظر دیکھ کر سہم گئے۔ اب بدبخت اپنی خون آلود تلوار لے کر بچوں کی طرف بڑھا چھوٹے بھائی پر وار کرنا ہی چاہتا تھا کہ بڑا بھائی چیخ اٹھا۔ خدا کے لئے پہلے مجھے ذبح کردو میں اپنے بھائی کی تڑپتی ہوئی لاش نہیں دیکھ سکوں گا۔ اور چھوٹے بھائی نے سر جھکاتے ہوئے کہا کہ بڑے بھائی کے قتل کا منظر مجھ سے نہیں دیکھا جاسکے گا خدا کے واسطے پہلے میرا ہی سر قلم کرو۔

ظالم کی تلوار چمکی دو ننھی چیخیں بلند ہوئیں اور یتیم بچوں کے کٹے ہوئے سر خون میں تڑپنے لگے

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

پھول تو دو دن بہار جانفزا دکھلا گئے
حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

## قاتل کا انجام

حارث بدبخت نے جب بچوں کو شہید کردیا تو ان کی لاشوں کو دریائے فرات میں پھینک دیا اور سروں کو توبڑہ میں رکھ کر لے گیا اور ابن زیاد کے سامنے پیش کیا۔ اس نے کہا اس میں کیا ہے؟ حارث نے کہا انعام واکرام کیلئے آپ کے دشمنوں کا سر کاٹ کر لایا ہوں۔ ابن زیاد نے کہا یہ میرے دشمن کون ہیں؟ کہا مسلم بن عقیل کے فرزند

marfat.com
Marfat.com

ابن زیاد یہ سنتے ہی غضبناک ہو گیا اور کہا تجھ کو قتل کرنے کا حکم کس نے دیا تھا۔ کم بخت میں نے امیر المومنین یزید کو لکھا ہے کہ مسلم بن عقیل کے فرزند گرفتار کر لئے گئے ہیں اگر حکم ہو تو میں انھیں آپ کے پاس زندہ بھیج دوں۔ اگر یزید نے زندہ بھیجنے کا حکم دیا تو پھر میں کیا کروں گا۔؟ تو نے پاس ان کو زندہ کیوں نہیں لایا؟ حارث نے کہا مجھے اندیشہ تھا کہ شہر کے لوگ مجھ سے چھین لیں گے۔ ابن زیاد نے کہا اگر تجھے چھین لینے کا اندیشہ تھا تو کسی محفوظ جگہ پر ان کو ٹھہرا کر مجھے اطلاع کر دیتا میں سپاہیوں کے ذریعہ منگوا لیتا۔ تو نے میرے حکم کے بغیر ان کو قتل کیوں کیا؟ پھر ابن زیاد نے مجمع پر نگاہ ڈالی اور ایک شخص جس کا نام مقاتل تھا اس سے کہا کہ اس بدبخت کی گردن مار دے۔ چنانچہ حارث کی گردن مار دی گئی اور وہ خَسِرَ الدُّنیَا وَالْاٰخِرَۃ کا مصداق ہوا۔ (۲)

نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم
نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے

قارئین کرام! ”خطبات محرم“ سے امام مسلم کے فرزندان کا واقعہ آپ نے پڑھا۔ کس قدر دردناک لہجہ میں اس کو نقل کیا گیا۔ جسے پڑھ کر ایک عقلمند یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ کہ آخر ابن زیاد کو ایسا ظلم کرنے سے کیا فائدہ مقصود تھا؟ بچوں کے قتل کرنے سے یزید کی خوشنودی کا کیا تعلق ہے؟ پھر ان بچوں کو بھگانے کے لیے قاضی شریح کا اپنے بیٹے کو حکم دینا کہ مدینہ کے قافلہ کے ساتھ انہیں ملا دو۔ پھران کا دھول میں گم ہو جانا، راستہ نہ ملنا اور ادھر ابن زیاد کا اعلان کرنا کہ ان بچوں کو پکڑنے والے کو بہت سا انعام دیا جائے گا۔ اس لالچ میں سپاہیوں کا پکڑ کر ان بچوں کو ابن زیاد کے پاس لانا۔ ان کو قید سے داروغہ مشکور نامی کا رہا کرنا، رات بھر بچوں کا چلتے رہنا، راستہ نہ ملنا درخت کی اوٹ میں بیٹھ جانا، لونڈی کا دیکھ کر انہیں اپنی مالکہ کے پاس لے جانا۔ مالکہ کا محبت اہل بیت کی وجہ سے ان کی خدمت کرنا، اس کے شوہر حارث نامی کا انعام کی لالچ کی خاطر ابن زیاد کے پاس قتل کر کے لانا وغیرہ یہ باتیں جس دردناک انداز

marfat.com
Marfat.com

سے لکھی گئیں آپ نے پڑھیں۔ اور پڑھنے کے دوران آپ کے رونگٹے کھڑے ہو گئے ہوں گے۔ آنسوؤں سے آنکھیں تر ہوئی ہوں گی۔ اور ہو سکتا ہے کہ زیادہ تاثیر کی وجہ سے پیٹنے تک نوبت بھی آ جائے۔ آیئے اب ہم آپ کو تاریخ کی روشنی میں اس واقعہ کی حقیقت بیان کرتے ہیں۔

## امام مسلم رضی اللہ عنہ کا مدینہ منورہ سے اپنے بچوں کو ساتھ لے جانا

### الکامل فی التاریخ:-

ثم دعا الحسین مسلم بن عقیل فسیرہ نحو الکوفۃ و امرہ بتقوی اللہ و کتمان امرہ و اللطف فان رأی الناس مجتمعین له عجل الیه بذالك فاقبل المسلم الی المدینۃ فصلی فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیه و سلم و ودعه و استاجر دلیلین من قیس فاقبل به فضلا الطریق و عطشوا فمات دلیلان من العطش و قال لمسلم هذا الطریق الی الماء...... (الکامل فی التاریخ جلد ۴ ص ۲۱ مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** پھر (یعنی کوفیوں کے خطوط ملنے کے بعد) جناب حسین رضی اللہ عنہ نے مسلم بن عقیل کو بلایا۔ اور انہیں کوفہ کی جانب روانگی کا حکم دیا۔ اور

marfat.com

Marfat.com

فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ کا تقویٰ نہ چھوڑنا۔ اور معاملہ کو پوشیدہ رکھنا۔ اور لوگوں سے نرمی سے پیش آنا۔ اگر دیکھو کہ لوگ تمہارے اردگرد جمع ہو گئے ہیں تو مجھے جلدی سے بلا لینا۔ چنانچہ حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد شریف میں گئے اور نماز ادا کرنے کے بعد انہیں الوداع کیا گیا۔ دو راستہ بتانے والے کہ جن کا تعلق قیس سے تھا کرائے پر لے کر ان کے ساتھ چل پڑے۔ دونوں راستہ بتانے کی ذمہ داری پوری کرتے رہے۔ راستہ میں سب کو بہت زیادہ پیاس لگی۔ جس کی وجہ سے وہ دونوں مر گئے۔ اور مرتے وقت امام مسلم کو پانی کا راستہ بتا گئے۔

قارئین کرام! یہ حوالہ ایسی کتاب کا ہے جسے شیعہ سُنی دونوں معتبر جانتے ہیں۔ واقعہ آپ نے پڑھ لیا۔ امام مسلم کو امام حسین نے کوفہ جانے کا حکم دیا۔ وہ مسجد نبوی میں نماز پڑھ کر رخصت ہوئے۔ قیس کے دو سیانے ان کے ساتھ تھے۔ راستہ میں پیاس کی وجہ سے یہ دونوں مر گئے۔ اور مسلم بن عقیل کوفہ پہنچنے میں کامیاب ہو گئے۔ اس پورے واقعہ میں امام مسلم کا اپنے بچوں کو ساتھ لینا کہیں بھی مذکور نہیں۔ نہ مسجد نبوی میں جاتے وقت نہ الوداع ہوتے وقت، نہ راستہ میں پیاس کی حالت میں مرنے یا بچنے والوں میں اگر اگر بچے ساتھ تھے۔ تو کسی مرحلہ پر تو ان کا ذکر ہونا چاہیے؟ خصوصاً پیاس کے وقت ان کی حالت کا ذکر ہوتا۔

سَارَ مُسْلِمٌ فَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ فَصَلّٰى فِي الْمَسْجِدِ وَوَدَّعَ اَهْلَهٗ الخ)

(ابن خلدون جلد سوم ص ۲۷ مسیر الحسین الی الکوفۃ مطبوعہ بیروت)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:**

امام مسلم چل پڑے۔ مدینہ منورہ میں مسجد میں جا کر نماز ادا کی۔ اور اپنے گھر والوں کو الوداع کہا۔

**بحار الانوار:**

وَوَدَّعَ الْحُسَيْنُ مُسْلِمَ بْنَ عَقِيْلٍ فَسَيَّرَهُ مَعَ قَيْسِ بْنِ مُسْهِرِ الصَّيْدَاوِيِّ وَعُمَارَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِيِّ وَاَمَرَهُ بِالتَّقْوٰى وَكِتْمَانِ اَمْرِهٖ وَاللُّطْفِ فَاِنْ رَاَى النَّاسَ مُجْتَمِعِيْنَ مُسْتَوْثِقِيْنَ عَجَّلَ اِلَيْهِ بِذٰلِكَ فَاَقْبَلَ مُسْلِمٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَتّٰى اَتَى الْمَدِيْنَةَ فَصَلّٰى فِيْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَوَدَّعَ مَنْ اَحَبَّ مِنْ اَهْلِهٖ وَاسْتَاْجَرَ دَلِيْلَيْنِ۔

(بحار الانوار جلد ۴۴ ص ۳۳۵ باب ما جری علیہ بعد بیعۃ الناس۔ مطبوعہ تہران)

**ترجمہ:**

جناب حسین نے مسلم بن عقیل کو بلایا۔ اور انہیں قیس بن مسہر صیداوی عمارہ بن عبداللہ سلول اور عبدالرحمٰن بن عبداللہ ازدی کے ساتھ روانہ کیا۔ اور تقویٰ، معاملہ چھپائے رکھنے۔ اور مہربانی کرنے کا حکم دیا۔ پھر وہاں پہنچ کر اگر دیکھیں کہ لوگ مضبوط طریقہ سے اکٹھے ہو گئے ہیں۔ تو فوراً مجھے اطلاع کی جائے۔ چنانچہ حضرت مسلم بن عقیل مسجد نبوی میں گئے وہاں نماز ادا کی۔ اور اپنے گھر والوں میں سے

marfat.com

Marfat.com

محبوب ترین کو بھی الوداع کیا۔ اور دو آدمی راستہ بتانے کے لیے کرایہ پر ساتھ لے لیے۔

یہ کتاب (جس کا حوالہ ذکر کیا گیا) شیعوں کی سب سے بڑی اور ضخیم کتاب ہے جو ۱۱۰ جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کے الفاظ بھی آپ نے پڑھے۔ صرف امام مسلم کے ساتھ جانے والے تین اور شخصوں کا نام زائد ہے۔ ورنہ وہی تحریر اور وہی واقعہ مذکور ہے جو "الکامل فی التاریخ" میں آپ نے پڑھا۔ مدینہ منورہ سے روانگی کے وقت آپ نے اپنے محبوب ترین گھر کے افراد کو بھی الوداع کہہ دیا۔ اس کے بعد کا واقعہ "بحار الانوار" میں وہی ہے۔ جو "الکامل فی التاریخ" میں ہے۔ یعنی پیاس سے راستہ بتانے والے دونوں مر گئے۔ اور مرتے مرتے امام مسلم کو پانی کا راستہ بتا گئے۔ ملا باقر مجلسی صاحب "بحار الانوار" نے بھی مسلم بن عقیل کے صاحبزادوں کے ساتھ ہونا اور پھر راستہ میں ان کے بارے میں کوئی واقعہ رونما ہونا کچھ بھی ذکر نہیں کیا۔

## ارشاد شیخ مفید:

وَدَعَا الْحُسَيْنُ عليه السلام مُسْلِمَ بن عقيل فَسَرَّحَهُ مَعَ قَيْسٍ الخ۔

(ارشاد شيخ مفيد ص ۲۰۴ في نزول مسلم بن عقيل على الكوفة مطبوعه قم)

**ترجمہ:** اور امام حسین رضی اللہ عنہ نے مسلم بن عقیل کو بلایا۔ اور قیس وغیرہ کے ساتھ کوفہ کی طرف روانہ ہونے کا حکم دیا۔

ان کتب طرفین کے علاوہ بھی بہت سی کتب تاریخ میں کہیں بھی مذکور نہیں ہے۔ کہ امام مسلم بن عقیل کے مدینہ منورہ سے روانہ ہوتے وقت آپ کے دونوں صاحبزادے بھی آپ کے ساتھ تھے۔ میں نے بطور نمونہ صرف چند حوالہ جات کتب معتبرہ سے

marfat.com
Marfat.com

لکھ دیئے ہیں۔ امام مسلم بن عقیل کو جب شہید کر دیا گیا۔ تو مجھے کسی کتاب میں یہ نظر نہیں آیا کہ آپ نے وصیت فرمائی ہو۔ کہ بچوں کو مدینہ منورہ پہنچا دینا۔ امام مسلم نے شہادت سے قبل جو کہا تھا۔ وہ الفاظ ملاحظہ ہوں۔

## امام مسلم کی آخری لمحات میں وصیت کے کچھ الفاظ

### الکامل فی التاریخ:۔

فَلَمَّا كَانَ مِنْ مُسْلِمٍ مَا كَانَ بَدَا لَهُ فَاَمَرَ بِهَانِي حِيْنَ قُتِلَ مُسْلِمٌ فَاُخْرِجَ اِلَى السُّوْقِ فَضُرِبَتْ عُنُقُهُ قَتَلَهُ مَوْلىً تُرْكِي ابْن زِيَاد وَبَعَثَ ابن زياد بِرَاْسِهِمَا اِلَى يَزِيْدِ۔

(الکامل فی التاریخ جلد چہارم ص ۳۶ مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: پھر جب امام مسلم کے لیے جو ہونا تھا وہ ہوا — تو ابن زیاد نے ہانی کو ان کے شہید کیے جانے کے بعد حکم دیا۔ کہ بازار کی طرف ان کو لے جایا جائے۔ وہاں ان کی گردن کاٹی جائے ہانی کو ابن زیاد کے ترکی غلام نے شہید کیا۔........ ابن زیاد نے ہانی اور مسلم بن عقیل کا سر یزید کے پاس بھیجا۔

marfat.com
Marfat.com

**البدایۃ والنہایہ:**

ثُمَّ اَمَرَ ابْنُ زِيَادٍ مُسْلِمَ بْنَ عقيل فَاُصْعِدَ اِلٰى اَعْلَى الْقَصْرِ وَهُوَ يُكَبِّرُ وَيُهَلِّلُ وَيُسَبِّحُ وَيَسْتَغْفِرُ وَيُصَلِّي عَلٰى مَلَائِكَةِ اللهِ وَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ احْكُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمٍ غَرُّوْنَا وَخَذَلُوْنَا ثُمَّ ضَرَبَ عُنُقَهٗ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ بُكَيْرُ بن حُمْرَانَ ثُمَّ اُلْقِيَ رَاْسُهٗ اِلٰى اَسْفَلِ الْقَصْرِ وَاُتْبِعَ رَاْسَهٗ جَسَدُهٗ ثُمَّ اَمَرَ بِهَانِي بن عروة فَضُرِبَتْ عُنُقُهٗ بِسُوْقِ الْغَنَمِ وَصُلِبَ بِمَكَانٍ مِّنَ الْكُوْفَةِ يُقَالُ لَهُ الْكَنَاسَه ......... ثُمَّ ابن زياد قَتَلَ مَعَهُمَا اُنَاسًا اٰخَرِيْنَ ثُمَّ بَعَثَ بِرُؤُوْسِهِمَا اِلٰى يزيد بن معاوية اِلَى الشَّامِ وَكَتَبَ لَهٗ كِتَابًا صُوْرَةَ مَا وَقَعَ مِنْ اَمْرِهِمَا۔

(البداية والنهاية جلد ۸ ص ۱۵۷ باب قصة الحسين بن علي و سبب خروجه من مكة مطبوعه بيروت)

**ترجمہ:**

پھر ابن زیاد نے مسلم بن عقیل کو حکم دیا۔ پھر انہیں ایک اونچے محل پر چڑھایا گیا وہ چڑھتے وقت تکبیرات، تہلیلات، تسبیحات اور استغفار کرتے تھے۔ اللہ کے فرشتوں پر سلام بھیجتے تھے۔ اور کہتے تھے۔ اے اللہ! ہمارے اور ان دھوکہ باز لوگوں کے درمیان فیصلہ فرما۔ انہوں نے ہمیں رسوا کیا۔ پھر ان کی گردن پر ایک شخص بکیر بن حمران نامی نے تلوار ماری۔ اور کاٹ دی۔ پھر ان کا سر انور محل کی بلندی سے نیچے پھینک دیا۔ پھر اس کے بعد سارا جسم بھی

marfat.com
Marfat.com

پھینک دیا۔ پھر ابن زیاد نے ہانی بن عروہ کے قتل کرنے کا حکم دیا۔ ان کی گردن بھی۔ "سوق الغنم" میں کاٹ دی گئی۔ اور کوفہ کے ایک مکان میں ان کو لٹکا دیا گیا۔ جسے کناسہ کہا جاتا تھا۔ پھر ابن زیاد نے ان کے دوسرے بہت سے ساتھیوں کو قتل کروایا۔ پھر ان کے سر یزید بن معاویہ کے پاس شام کی طرف بھیجے گئے۔ اور ساتھ ابن زیاد نے ایک رقعہ لکھا۔ جس میں ان دونوں کے قتل کیے جانے کے واقعات درج تھے۔

البدایہ والنہایہ:

وَجَاؤُا بِبَغْلَةٍ فَاَرْكَبُوْا عَلَيْهَا وَ سَلَبُوْا عَنْهُ سَيْفَهُ فَلَمْ يَبْقَ يَمْلِكُ مِنْ نَفْسِهِ شَيْئًا فَبَكٰى عِنْدَ ذٰلِكَ وَعَرَفَ اَنَّهُ مَقْتُوْلٌ فَيَئِسَ مِنْ نَفْسِهِ فَقَالَ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ فَقَالَ بَعْضُ مَنْ حَوْلَهُ اِنَّ مَنْ يَطْلُبُ مِثْلَ الَّذِيْ تَطْلُبُ لَا يَبْكِيْ اِذَا نَزَلَ بِهِ هٰذَا۔ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَسْتُ اَبْكِيْ عَلٰى نَفْسِيْ وَلٰكِنْ اَبْكِيْ عَلَى الْحُسَيْنِ اَنَّهُ قَدْ خَرَجَ اِلَيْكُمُ الْيَوْمَ اَوْ اَمْسِ مِنْ مَكَّةَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰى مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ فَقَالَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْعَثَ اِلَى الْحُسَيْنِ عَلٰى لِسَانِيْ تَامُرُهُ بِالرُّجُوْعِ فَافْعَلْ فَبَعَثَ محمد بن الاشعث اِلَى الْحُسَيْنِ يَامُرُهُ بِالرُّجُوْعِ فَلَمْ يُصَدِّقِ الرَّسُوْلُ فِيْ ذٰلِكَ۔ وَقَالَ كُلُّ مَا هَمَّ اَلَا لَهُ وَاقِعٌ۔

(البدایہ والنہایہ جلد ۸ ص ۵۶ قصہ حسین بن علی وخروج سید مطبوعہ بیروت)

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ:

لوگ ایک خچر لائے۔ اس پر مسلم بن عقیل کو سوار کیا۔ ان سے آن کی تلوار چھین لی۔ آپ کے پاس کوئی چیز باقی نہ چھوڑی۔ امام مسلم اس وقت رو دیئے اور جان گئے۔ کہ انہیں شہید کر دیا جائے گا۔ اپنی زندگی سے ناامید ہو گئے۔ اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔ قریب سے کسی نے کہا۔ کہ جو شخص وہ چاہتا ہو جو آپ کو مل رہی ہے۔ (یعنی شہادت) وہ روتا نہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا۔ خدا کی قسم! میں اپنی ذات پر نہیں رو رہا۔ بلکہ امام حسین اور ان کی آل پر مجھے رونا آرہا ہے۔ وہ آج یا کل تک مکہ سے ادھر آنے کے لیے چل پڑیں گے۔ پھر مسلم بن عقیل نے محمد بن اشعث کی طرف دیکھ کر اسے فرمایا۔ اگر تو کر سکتا ہے۔ تو کسی کو میرا پیغام دے کر امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف روانہ کر دے۔ کہ واپس تشریف لے جائیں۔ محمد بن اشعث نے ایسے ہی کیا۔ لیکن امام حسین نے پیغام لے جانے کی بات سچی نہ جانی اور فرمانے لگے۔ اللہ جو ارادہ کر لیتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔

اس حوالہ میں امام مسلم نے محمد بن اشعث کو جو وصیت کی۔ وہ امام عالی مقام کی طرف واپسی کا پیغام پہنچانا تھا۔ اگر امام مسلم کے ساتھ ان کے بیٹے بھی ہوتے۔ تو ان کے بارے میں بھی محمد بن اشعث یا کسی دوسرے کو کچھ نہ کچھ فرماتے۔ اگر یہاں ان کے بارے میں ذکر تک نہیں۔ تو معلوم ہوا۔ کہ امام مسلم کے ساتھ ان کے صاحبزادے نہیں گئے تھے۔

## کتاب الفتوح:

وَلٰكِنْ اِنْ عَزَمْتَ عَلٰى قَتْلِيْ وَلَا بُدَّ لَكَ مِنْ ذَالِكَ
فَانْظُرْ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ اُوْصِيْ اِلَيْهِ بِمَا اُرِيْدُ

marfat.com
Marfat.com

فَوَثَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ ابن سعد بن ابی وقاص فَقَالَ أَوْصِ إِلَيَّ بِمَا تُرِيْدُ يَا ابْنَ عَقِيْلٍ فَقَالَ أُوْصِيْكَ وَنَفْسِي بِتَقْوَى اللهِ فَإِنَّ التَّقْوَى فِيْهَا الدَّرْكُ لِكُلِّ خَيْرٍ وَقَدْ عَلِمْتَ مَا بَيْنِي وَبَيْنَكَ مِنَ الْقَرَابَةِ وَلِي إِلَيْكَ حَاجَةٌ وَقَدْ يَجِبُ عَلَيْكَ لِقَرَابَتِي أَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ قَالَ فَقَالَ ابْنُ زِيَادٍ لَا يَجِبُ يَا ابْنَ عُمَرَ أَنْ تَقْضِيَ حَاجَةَ ابْنِ عَمِّكَ وَإِنْ كَانَ مُسْرِفًا عَلَى نَفْسِهٖ فَإِنَّهُ مَقْتُوْلٌ لَا مَحَالَةَ فَقَالَ عُمَرُ بن سعد قُلْ مَا أَحْبَبْتَ يَا ابن عقيل فقال مُسْلِمٌ رحمه الله حَاجَتِيْ إِلَيْكَ أَنْ تَشْتَرِيْ فَرَسِيْ وَ سِلَاحِيْ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ فَتَبِيْعَهُ وَتَقْضِيَ عَنِّيْ سَبْعَةَ مِأَتِهٖ دِرْهَمٍ اسْتَدَنْتُهَا فِيْ مِصْرِكُمْ وَأَنْ تَسْتَوْهِبَ جُثَّتِيْ إِذَا قَتَلَنِيْ هٰذَا وَتُوَارِيْنِيْ فِي التُّرَابِ وَأَنْ تَكْتُبَ إِلَى الْحُسَيْنِ بن عَلِيٍّ أَنْ لَا يَقْدِمَ فَيَنْزِلَ بِهٖ مَا نَزَلَ۔

(کتاب الفتوح تصنیف احمد بن عاصم الکوفی ص ۹۹ - ۱۰۰ جلد پنجم مطبوعہ حیدر آباد دکن۔)

**ترجمہ:**
اور اگر تو میرے قتل کا پکا ارادہ کر ہی چکا ہے۔ اور تجھے یقیناً ایسا کرنا ہی ہے تو کوئی قریشی میرے پاس بھیج دے۔ تاکہ میں اُسے جو چاہتا ہوں وہ

marfat.com
Marfat.com

وصیت کر دوں۔ پس عمر ابن سعد بن ابی وقاص جلدی سے اٹھا۔اور کہنے لگے۔ اے ابن عقیل! جو وصیت کرنا چاہتے ہو مجھے کر دو۔ امام مسلم نے فرمایا۔ میں تجھے اپنے اور تیرے لیے اللہ کے تقویٰ کی وصیت کرتا ہوں۔ تقوے میں ہر بھلائی کے حصول کی طاقت ہے۔ تو بخوبی جانتا ہے۔ کہ میرے اور تیرے درمیان کیا رشتہ ہے۔ مجھے تم سے ایک ضروری کام ہے۔ اور رشتہ داری کی بنا پر تجھ پر لازم ہے۔ کہ میری ضرورت کو پورا کرے۔ ابن زیاد نے کہا۔ اے ابن عمر! تجھ پر اپنے چچازاد بھائی کی حاجت برآری کوئی واجب نہیں ہے۔ اگر اس نے اپنے اوپر زیادتی کی تو بھی اسے ابھی شہید کیا جانا ہے۔ عمر بن سعد نے کہا۔ اے ابن عقیل! جو چاہتے ہو وہ کہو۔ پس مسلم بن عقیل نے فرمایا۔ تیری طرف میری حاجت و ضرورت یہ ہے۔ کہ تو میرا گھوڑا اور میرے ہتھیار اس قوم سے لے کر بیچ ڈال۔ اور تمہارے شہر میں سے میں نے جو سات سو درہم قرض لیے وہ ان پیسوں سے ادا کر دینا۔ اور دوسری بات یہ کہ جب مجھے شہید کر ڈالیں تو میرا جسم ان سے لے لینا اور مٹی میں چھپا دینا اور تیسری وصیت یہ کہ امام حسین کی طرف رقعہ لکھ دینا۔ کہ وہ نہ آئیں۔ کہ ان پر وہ آفت نہ آن پڑے جو مجھ پر آن پڑی ہے۔

**الکامل فی التاریخ:**

قَالَ فَدَعْنِيْ أُوْصِيْ اِلٰى بَعْضِ قَوْمِيْ قَالَ افْعَلْ فَقَالَ لِعُمَرَ بن سعد اِنَّ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ قَرَابَةً وَلِيْ اِلَيْكَ حَاجَةٌ وَهِيَ سِرٌّ فَلَمْ يُمْكِنْهُ مِنْ ذِكْرِهَا فَقَالَ لَهُ ابن زياد لَا تَمْتَنِعْ مِنْ حَاجَةِ ابْنِ

marfat.com
Marfat.com

عَمِّكَ فَقَامَ مَعَهُ فَقَالَ اِنَّ عَلَيَّ بِالْكُوْفَةِ دَيْنٌ
اسْتَدَنْتُهَا مُنْذُ قَدِمْتُ الْكُوْفَةَ سَبْعَ مِائَةِ
دِرْهَمٍ فَاقْضِهَا عَنِّيْ وَانْظُرْ جُثَّتِيْ فَاسْتَوْهِبْهَا
فَوَارِهَا وَابْعَثْ اِلَى الْحُسَيْنِ مَنْ يَرُدُّهُ۔

(۱۔ الکامل فی التاریخ جلد چہارم ص ۳۴ ذکر الجز عن راستہ الکوفین مطبوعہ بیروت)

(۲۔ مقتل حسین مصنفہ ابوالمؤید خوارزمی ص ۲۱۲ فی مقتل مسلم بن عقیل مطبوعہ ایران قم)

(۳۔ تاریخ طبری جلد ۶ ص ۲۱۲ سن ۶۰ھجری مطبوعہ بیروت)

**ترجمہ:** امام مسلم نے ابن زیاد کو کہا۔ کہ مجھے اپنی قوم کے کسی آدمی سے وصیت کرنے کی اجازت دے۔ اس نے کہا کیجئے۔ آپ نے عمر بن سعد کو فرمایا۔ میرے اور تیرے درمیان رشتہ داری ہے اور مجھے تجھ سے ایک کام ہے۔ اور پوشیدہ بتانے والا ہے لیکن وہ کام نہ بتا سکے۔ اس پر ابن زیاد نے کہا۔ اپنے چچا زاد بھائی کی ضرورت پوری کرو۔ وہ اُن کے ساتھ ہو لیا۔ تو امام مسلم نے تنہائی میں فرمایا میں جب سے کوفہ آیا ہوں۔ تو میں نے یہاں کے لوگوں سے سات سو درہم قرض لیے وہ ادا کر دینا۔ اور میرے شہید کیے جانے کے بعد میرا جسم مٹی میں دبا دینا۔ اور کسی کو بھیج کر امام حسین کو واپس لوٹا دینا۔

## ناسخ التواریخ:

فَقَالَ لَهُ مُسْلِمٌ اِنْ قَتَلْتَنِيْ فَلَقَدْ قَتَلَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مِنْكَ

marfat.com
Marfat.com

مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنِّيْ قَالَ يَا عُمَرُ اِنَّ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ قَرَابَةٌ وَلِيْ اِلَيْكَ حَاجَةٌ وَقَدْ يَجِبُ عَلَيْكَ لِيْ نُجْحُ حَاجَتِيْ وَهِيَ سِرٌّ فَقَالَ اَوَّلُ وَصِيَّتِيْ شَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنَّ عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ اَلثَّانِيَةُ تَبِيْعُوْنَ دِرْعِيْ هٰذَا وَتُوَفُّوْنَ عَنِّيْ اَلْفَ دِرْهَمٍ اِقْتَرَضْتُهَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا۔ اَلثَّالِثَةُ اَنْ تَكْتُبُوْا اِلٰى سَيِّدِي الْحُسَيْنِ اَنْ يَّرْجِعَ عَنْكُمْ فَقَدْ بَلَغَنِيْ اَنَّهٗ خَرَجَ بِنِسَائِهٖ وَاَوْلَادِهٖ فَيُصِيْبُهٗ مَا اَصَابَنِيْ۔

(ناسخ التواریخ جلد ۲ ص ۹۸ حضرت مسلم در مجلس بن زیاد مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:**

امام مسلم نے ابن زیاد کو کہا۔ اگر تو مجھے قتل کرنا چاہتا ہے۔ تو تحقیق تجھ سے بُرے نے مجھ سے بہتر کو قتل کیا ہوا ہے۔ پھر کہا اے عمر! میرے اور تیرے درمیان قرابت ہے۔ اور مجھے تجھ سے ایک ضروری کام ہے جو پوشیدہ ہے۔ اور تجھے وہ لازماً کرنا ہے۔ فرمایا۔ میری پہلی وصیت یہ ہے۔ کہ اس بات کی گواہی دینا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ جناب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے خاص بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اور بیشک علی المرتضٰے اللہ تعالیٰ کے ولی ہیں۔ دوسری

marfat.com

Marfat.com

وصیت یہ ہے کہ تم میری یہ زرہ بیچ کر میرے ایک ہزار درہم ادا کر دینا جو میں نے تمہارے اس شہر کے لوگوں سے لیے ہیں۔ تیسری وصیت یہ ہے کہ میرے آقا حسین کی طرف کسی کو بھیج دینا۔ کہ وہ واپس تشریف لے جائیں۔ کیونکہ مجھے پختہ خبر ملی ہے۔ کہ وہ اپنے بال بچوں سمیت آ رہے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ انہیں بھی وہی کچھ تکلیف پہنچے جو مجھے پہنچنے والی ہے۔

## توضیح:

"کتاب الفتوح"، کی مذکورہ عبارت میں جو یہ منقول ہے۔ کہ امام مسلم رضی اللہ عنہ نے ابن زیاد کو کہا "میرا گھوڑا اور میرا سامان زیچ کر سات سو درہم کوفیوں کا قرض ادا کر دینا"، اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ میری ان اشیاء کی ان لوگوں سے قیمت لگوا کر خود خرید لینا۔ اور ان دراہم سے میرا قرضہ ادا کر دینا۔ اصل میں خریدنے والے عمر بن سعد اور بیچنے والے امام مسلم ہیں۔ گویا جناب مسلم وصیت فرما رہے ہیں۔ اور ناسخ التواریخ میں امام مسلم نے جو یہ فرمایا۔ کہ تجھ سے بُرے نے مجھ سے اچھے کو شہید کیا ہے۔ اس سے مراد حضرت علی المرتضیٰ ہیں۔ اور یہ کہنے کا مطلب یہ تھا۔ کہ شریر لوگوں کا یہ وطیرہ چلا آ رہا ہے۔ کہ وہ اچھے لوگوں کو تنگ کرتے ہیں۔ اور قتل بھی کر دیتے ہیں۔ لہٰذا تجھ سے یہ بات کوئی بعید نہیں۔ کیونکہ تو بھی شریروں میں سے ایک شریر ہے۔

## خلاصہ کلام:

شیعہ سنی دونوں طرف کی کتب تاریخ میں امام مسلم رضی اللہ عنہ کی تین عدد وصیات ملتی ہیں۔ (۱) قرضہ ادا کرنا (۲) شہادت کے بعد میرا جسم لے کر خاک میں دبا کر دو فن،

marfat.com

Marfat.com

دینا۔ (۳۱) کسی کو بھیج کر امام حسین کو واپس جانے کا پیغام پہنچانا۔ ان تین عدد وصیتوں کے علاوہ چوتھی اور کوئی وصیت نظر نہیں آتی۔ اور یہ بات بالکل واضح ہے۔ کہ ہر آدمی کو اپنی اولاد عزیز تر ہوتی ہے۔ خود شیعہ ذاکرین اور سنی واعظین بھی تسلیم کرتے ہیں۔ کہ امام مسلم کو اپنے بچوں سے انتہائی پیار تھا۔ اسی وجہ سے وہ انہیں بھی کوفہ ساتھ لے آئے تو کیا بچوں سے پیار کا یہی تقاضا ہے۔ کہ جب آخری لمحات میں عمر بن سعد کو اور وصیتیں فرما رہے ہیں۔ بچوں کے بارے میں ایک لفظ بھی نہیں فرمایا؟ مگر نوحہ خوان مولوی اور ذاکرین بیان کرتے ہیں۔ کہ امام مسلم نے آخری وقت قاضی شریح کو وصیت کی۔ کہ میری شہادت کے بعد میرے بچوں کو مدینہ جانے والے قافلہ کے ساتھ کر دینا وغیرہ وغیرہ۔ ان تمام من گھڑت باتوں کا کسی معتبر تاریخ میں کوئی تذکرہ نہیں ملتا لہٰذا ثابت ہوا۔ کہ امام مسلم رضی اللہ عنہ کا اپنے ساتھ اپنے بچوں کو کوفہ لانا اور پھر یہاں ان بچوں کے بارے میں سارے قصے کہانیاں بالکل بے اصل ہیں۔ انہیں نوحہ خوانوں نے خود بنایا۔ اور اپنا کاروبار چمکانے کی خاطر دردناک لہجہ میں بیان کرتے ہیں۔

## امام مسلم کے بچوں کے واقعہ پر مرزا تقی

## ناسخ التواریخ کا تبصرہ

### ناسخ التواریخ:

مکشوف باد کہ شہادت محمد و ابراہیم پسر ہائے مسلم را اکثر در کتاب پیشینیاں دیدہ ام الا آں کہ عاصم کوفی می گوید گاہے کہ ابن زیاد ہانی را محبوس داشت چنانکہ مرقوم شد و مسلم از سرائے ہانی بیروں شتافت و شیعیان خود را فراہم کرد تا بر دار الامارہ حملہ افگند پسر ہائے خود را نجانہ

marfat.com

Marfat.com

شریح قاضی فرستاد تا در حمایت او بلامت مانند دیگر نہ نام ایشاں یاد می کند ونہ از شہادت ایشاں می گویند و در جلد ہفدہم اوام مسطورات کہ بعد از قتل حسین چوں اہل بیت را اسیر کردند پسر ہائے صغیر مسلم در میان اسرای بودند ابن زیاد ایشاں را بگرفت و محبوس نمود شرح شہادت ایشاں در کتاب روضۃ الشہداء مسطوراست۔ واگر صاحب حبیب السیر سخن باختصار میراند ہم سند بروضۃ الشہداء میرساند ومن بندہ ایں قصہ را از روضۃ الشہداء منتخب میدارم و بری نگارم زیراں کہ برد سیاقت مؤرخان ومحدثان سخن میراند ما نند نوحہ گراں وسوگواراں مرثیہ میخوانند وکلمات فضول کہ مردود عقول است بکار می بندند اگرچہ ایں گونہ تلفیق وتنمیق از برائے نوحہ گراں زیبا است تا بر مرداں بخوانند گریہ بستانند لیکن مؤرخ ومحدث نتواند از آنچہ دست بدست رسیدہ نکیتے لیفزاید یا کلمات برباید الا آنکہ ایں تواند کرد کہ سخن نہ رسائی را ببلاغت بیان کند وکلام ناپسندیدی را بفصاحت ادا فرمائید۔

(ناسخ التواریخ جلد دوم ص ۱۰۱ ذکر شہادت محمد وابراہیم پسرہائے مسلم بن عقیل مطبوعہ تہران)

**ترجمہ:** واضح ہو کہ امام مسلم رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے جناب محمد ابراہیم کی شہادت کا ذکر میں نے پہلے مصنفین کی کتابوں میں بہت کم پایا۔ مگر عاصم کوفی اسے بیان کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے۔ کہ ابن زیاد نے ہانی کو قید میں ڈالا۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے۔ تو امام مسلم اس کی سرائے سے باہر نکل گئے۔ اور اپنے شیعوں کو دار الامارہ کے قریب جمع کرنا شروع کر دیا۔ اپنے صاحبزادوں کو قاضی شریح کے گھر بھیج دیا۔

marfat.com

Marfat.com

تاکہ ان کی حمایت میں سلامتی سے رہیں۔ دوسرے مؤرخین نہ تو ان صاحبزادوں کا نام ذکر کرتے ہیں۔ اور نہ ہی ان کی شہادت کا واقعہ لکھتے ہیں۔ ”اوالم“ نامی کتاب کی سترھویں جلد میں لکھا ہوا ہے۔ کہ امام حسین کی شہادت کے بعد جب اہل بیت کو قیدی بنا کر لایا گیا تو امام مسلم کے چھوٹے صاحبزادے ان کے ساتھ قیدی تھے۔ ابن زیاد نے انہیں لے لیا۔ اور قید خانے میں ڈال دیا۔ ان کی شہادت کی تفصیل ”روضۃ الشہدا“ میں موجود ہے۔ اگر ”صاحب حبیب السیر“ ان کے بارے میں کچھ لکھتا ہے۔ تو وہ بھی روضۃ الشہداء کی سند سے ہی لکھتا ہے۔ اور میں نے بھی اس قصہ کو روضۃ الشہداء سے ہی نقل کیا ہے۔ کیونکہ صاحب ”حبیب السیر“ ایسی باتیں لکھ دیتا ہے۔ جو مؤرخین و محدثین کے ہاں قابل اعتراض ہوتی ہیں۔ اور وہ نوحہ گروں اور سوگواروں کی طرح مرثیہ لکھتا ہے۔ اور ایسے فضول کلام لکھتا ہے جنہیں عقل قطعاً قبول نہیں کرتی۔ اگرچہ نوحہ گروں اور سوگواروں کے لیے جھوٹ موٹ کی باتیں اور گپ شپ مفید ہوتی ہیں۔ تاکہ وہ ان باتوں سے لوگوں کو خوب رلائیں اور آہ و بکا کا ماحول بنائیں لیکن ایک مؤرخ و محدث ایسا نہیں کر سکتا کہ کسی روایت و حکایت سے خواہ مخواہ اِدھر اُدھر کے نکتے نکالے۔ یا ان میں بعض باتوں کا اضافہ کر دے۔ ہاں اگر وہ بلاغت و فصاحت کے اظہار کے لیے کسی ناپسندیدہ بات کو لکھ دیتے ہیں۔ تو یہ اور بات ہے۔

## مذکورہ عبارات کا خلاصہ:

ا۔ امام مسلم رضی اللہ عنہ نے آخری وقت جو وصیتیں فرمائیں ان میں کسی کے اندر

marfat.com
Marfat.com

اپنے بچوں کے بارے میں ایک لفظ تک بھی نہیں ملتا۔

۲۔ امام مسلم رضہ کے صاحبزادوں محمد و ابراہیم کی شہادت کا واقعہ معتبر و متداول کتب تاریخ میں نہیں ملتا۔

۳۔ پہلے مؤرخین میں سے صرف عاصم کوفی نے کچھ ان کا تذکرہ کیا۔ وہ بھی نام لیے بغیر۔ لیکن ان کی شہادت کی کوئی بات ذکر نہیں کی۔

۴۔ شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد گرفتار شدہ اہلبیت میں امام مسلم رضہ کے صاحبزادے بھی تھے جنہیں ابن زیاد نے الگ کر دیا۔

۵۔ روضۃ الشہداء تصنیف ملا حسین کاشفی اور اس کی اتباع میں صاحب حبیب السیر نے ان دونوں صاحبزادوں کی شہادت کا واقعہ لکھا۔

۶۔ صاحب حبیب السیر کا طریقہ بیان نوحہ خوانی اور سوگواروں کا ہے جسے محدث اور مؤرخ کے علاوہ صاحب عقل سلیم بھی درست نہیں سمجھتے۔

گویا اصل کتاب اس سلسلہ میں روضۃ الشہداء ہوئی کہ جس نے سب سے پہلے امام مسلم کے صاحبزادوں کا واقعہ لکھا لیکن اس کا انداز تحریر نوحہ خوانوں اور سوگواروں کا ساتھا۔ یہ طریقہ اس واقعہ میں صاحب حبیب السیر نے اپنایا۔ روضۃ الشہداء کیسی کتاب ہے۔ کن کی ہے اور اس کے مندرجات کس مرتبہ کے ہیں؟ اس کا کچھ ذکر ہم نے روضۃ الشہداء کے تحت کر دیا ہے۔ یہاں صرف ایک شیعہ مصنف کا حوالہ ذکر کر دینا کافی ہے۔ جسے شیعہ لوگ "ثقۃ المؤمنین، ناصر الملۃ والدین وغیرہ القاب سے یاد کرتے ہیں۔ اصل نام شیخ عباس قمی ہے اور متأخرین میں سے ہے۔ وہ اپنی تصنیف منتہی الآمال جلد اول ص ۵۱ پر در مذمت غنا و عدم جواز غنا کی طلب میں لکھتا ہے۔

"اہل علم اور اہل حدیث کے نزدیک ایسے بے اصل واقعات مانند عروسی قاسم در کربلا کہ در کتاب روضۃ الشہداء تالیف فاضل کاشفی نقل کردہ شدہ۔ یعنی میدان کربلا میں

marfat.com

Marfat.com

جناب قاسم کی شادی جیسے بے اصل واقعات ذکر کرنا فاضل کاشفی صاحب روضۃ الشہداء کا من پسند طریقہ ہے۔ یہ شیخ عباس قمی دراصل اس موضوع پر اظہار کر رہا ہے۔ کہ واقعات کربلا میں جھوٹ کی آمیزش اور من گھڑت روایات کس طرح داخل ہوئیں۔ تو چلتے چلتے ان کا ہرا یک سے "روضۃ الشہداء" کو لیا۔ کہ یہی من گھڑت واقعات سے بھری پڑی ہے۔ بلکہ اس کی روایات تقریباً ستر فیصد باطل اور جھوٹ پر مبنی ہیں۔ جب اس پہلی کتاب کا یہ حال ہے کہ جس نے امام مسلم کے بیٹوں کی شہادت ذکر کی۔ تو پھر اسے حبیب السیر والے نے بعد میں بھر کر لکھا۔ اس سے ہی نگے تمام غیر محتاط لوگوں نے اس واقعہ کو لکھنا اور بیان کرنا شروع کیا۔ ورنہ اس کی اصل کوئی نہیں۔

## سوال:۔

آپ نے امام مسلم کے صاحبزادوں کا آپ کے ساتھ کوفہ جانے کا انکار کیا ہے حالانکہ اہل سنت کے ایک مشہور عالم صدر الافاضل حضرت علامہ مولانا نعیم الدین صاحب مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان صاحبزادوں کا اپنے باپ کے ساتھ کوفہ جانا اور وہاں جام شہادت نوش فرمانا ذکر کیا ہے۔ اس لیے انکار درست نہیں۔ صدر الافاضل مرحوم کا حوالہ ملاحظہ ہو۔

## سوانح کربلا

چنانچہ یہ لوگ حضرت مسلم کو مع ان کے دونوں صاحبزادوں کے عبید اللہ ابن زیاد کے پاس لے کر روانہ ہوئے۔ اس بدبخت نے پہلے سے ہی دروازہ کے دونوں پہلوؤں سے اندر کی جانب تیغ زن چھپا کر کھڑے کر رکھے تھے۔ اور حکم دے رکھا تھا۔ حضرت امام مسلم دروازہ میں داخل ہوں۔ ایک دم دونوں طرف سے ان پر وار کیا جائے حضرت امام مسلم کو ان کی کیا خبر تھی؟ اور آپ اس مکاری اور کیاری سے کیا واقف تھے؟ آپ

marfat.com
Marfat.com

آیت کریمہ "ربنا افتح بیننا و بین قومنا بالحق الخ" پڑھتے ہوئے دروازے میں داخل ہوئے۔ داخل ہونا تھا کہ اشقیا نے دونوں طرف سے تلواروں کے وار کیے اور بنی ہاشم کا مظلوم مسافر اعدائے دین کی بے رحمی سے شہید ہوا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ دونوں صاحبزادے آپ کے ساتھ تھے انہوں نے اس بے کسی کی حالت میں اپنے شفیق والد کا سر ان کے مبارک تن سے جدا ہوتے دیکھا تھا چھوٹے چھوٹے بچوں کے دل غم سے پھٹ گئے اور اس صدمہ میں وہ بید کی طرح لرزنے اور کانپنے لگے ایک بھائی دوسرے بھائی کو دیکھتا تھا اور ان کی سرمگیں آنکھوں میں خون اشک جاری تھے لیکن اس معرکہ ستم میں کوئی ان نادانوں پر رحم کرنے والا نہ تھا ستم گروں نے ان نونہالوں کو بھی تیغ ستم سے شہید کر دیا۔ (سوانح کربلا ص ۱۰۲ مطبوعہ فاروق آباد شیخوپورہ)

## جواب :

صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ واقعی سنیت کے عظیم محسن تھے۔ انہوں نے اپنی دینی خدمات سے اہل سنت کے مسلک حقہ کو جلا بخشی۔ اس کا کوئی منکر نہیں ہے۔ آپ تفسیر قرآن اور علوم حدیث و فقہ وغیرہ علوم شرعیہ میں کامل دسترس رکھتے تھے جس پہ ان کی کتب و حواشی شاہد ہیں۔ لیکن تاریخ ان کا موضوع نہ تھا۔ لہذا اس موضوع پر "سوانح کربلا" کے نام سے واقعات کربلا آپ نے لکھ دیئے۔ اور ان میں وہ تحقیق و تدقیق نہ فرمائی۔ جو دیگر علوم میں آپ کا طرۂ امتیاز ہے۔ اگر کوئی شخص سوالیہ انداز میں پوچھتا۔ کہ امام مسلم کے بچوں کا اصل واقعہ کیا ہے؟ وہ اپنے والد گرامی کے ساتھ کوفہ گئے تھے یا نہیں؟ قاضی شریح کو امام مسلم نے ان کے بارے میں کوئی وصیت فرمائی؟ ان کی شہادت کی حقیقت کیا ہے؟ تو پھر آپ اس کی تحقیق فرما کر اس کا جواب لکھتے۔ لیکن آپ کا سوانح کربلا میں بعض واقعات چلتی پھرتی کتابوں سے بغیر تحقیق درج فرما

marfat.com

Marfat.com

دینا۔ کوئی عقلاً بعید نہیں ہے۔ جیسا کتب صحاح میں بھی کچھ روایات بے اصل موجود ہیں پھر ہم ان واعظین و ذاکرین سے پوچھتے ہیں۔ کہ صدرالافاضل نے جن الفاظ میں ان کا واقعہ شہادت بیان کیا۔ اس میں رلانے اور پیٹنے پٹانے کا انداز کہاں ہے؟ آپ کی تحریر سے ان نوحہ خوانوں اور رولانے والوں کے لیے صدرالافاضل کی تحریر سے کچھ نہیں ملتا۔

میں یہ چاہتا ہوں۔ کہ واقعہ کربلا پر لکھی گئی چند کتب کا صرف نام لکھ دوں۔ ان کی عبارات واقعات کے ذکر کرنے سے بہت طوالت ہو جائے گی۔ ان کا نام اس لیے ضروری لکھا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ اہل سنت علماء کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے خود ہمارے لیے نقصان دہ اور شیعوں کے بعض عقائد کی ترجمانی کرتی ہیں۔ اس لیے نامعتبر کتابوں کی نشاندہی ضروری ہونی چاہیئے۔ تاکہ آئندہ نسل کے لیے یہ بات کارآمد ہو۔ اور ان کا کوئی حوالہ پیش بھی کرے تو نامعتبر ہونے کی وجہ سے اُن کے جوابات کے لیے مغز خوری نہ کرنی پڑے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com

Marfat.com

# کتاب چہل و ہفتم

## شاہنامہ کربلا مصنفہ اقبال دائم

یہ کتاب اقبال دائم کی تصنیف ہے۔ جو پنجابی نظم میں ہے۔ اس کتاب کے متعلق کچھ لکھنے سے قبل اپنے ساتھ پیش آیا ایک واقعہ لکھنا ضروری سمجھتا ہوں۔ وہ یہ کہ میں ۱۹۵۷ء سے ۱۹۷۶ء تک نارووال ضلع سیالکوٹ کی جامع مسجد شاہ جماعت میں خطابت کی ذمہ داریاں سر انجام دیتا رہا ہوں ایک مرتبہ دائم شاعر، صاحبزادہ فیض الحسن مرحوم کے ساتھ نارووال کے بازار سے گزر رہا تھا۔ ایک شخص صوفی اللہ رکھا خراسی کی نظر اس پر پڑی۔ کسی نے بتایا۔ کہ یہ دائم ہے۔ اس نے اس کی خوب پٹائی کی۔ اور وجہ یہ تھی۔ کہ اس کی ایک کتاب صوفی صاحب موصوف کی نظروں سے گزری تھی۔ جس میں اس نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو ہامان، نمرود وغیرہ کفار کے ساتھ ملایا تھا۔ دائم نے کہا۔ کہ مجھے صاحبزادہ فیض الحسن صاحب کے پاس لے چلو۔ جو وہ فیصلہ کریں گے۔ وہ مجھے منظور ہوگا۔ مختصر یہ کہ دائم شاعر حقیقۃً ایک رافضی شیعہ تھا۔ بلکہ رافضیوں سے بڑھ کر یہ شخص امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا دشمن تھا۔

ہمارے کچھ کم علم سنی واعظین اور شیعہ ذاکرین نوحہ خوانی اور اپنی مجالس و محافل میں رونے کا انداز پیدا کرنے کے لیے پنجابی اشعار اسی دائم کے پڑھتے

marfat.com

Marfat.com

ہیں۔ میں نے اس کے شاہنامہ کو پڑھا۔ وہی من گھڑت واقعات وحکایات جو پچھلے اوراق میں ہم بیان کر چکے ہیں۔ انہی واقعات کو دائم نے پنجابی نظم میں ڈھال کر بیان کیا۔ میں شاہنامہ کے تمام اشعار نقل کرنے سے رہا۔ صرف امام مسلم کے بارے میں جو دائم نے رونے رلانے کے انداز میں اشعار لکھے۔ وہ ص ۴۶ تا ص ۵۶ پر تقریباً ایک سو پچیس اشعار ہیں۔ انہیں آپ اگر پڑھیں گے۔ تو میری بات کی تصدیق کریں گے۔ ان اشعار میں سے ایک شعر بھی ایسا نہیں جو حقیقت پر مبنی ہو۔ جب واقعات من گھڑت ہیں۔ تو من گھڑت واقعات کو خواہ نظم میں ڈھالا جائے یا نثر میں لکھا جائے وہ بہرصورت غلط ہیں۔ دائم کے بارے میں مختصر طور پر ہم یہ گزارش کریں گے۔ کہ وہ قطعاً اہل سنت کا فرد نہیں ہے۔ بلکہ اس کے عقائد شیعہ لوگوں کے عقائد ہیں۔ اور وہ کوئی دینی علوم بھی نہ جانتا تھا۔ بالکل جاہل تھا۔ اس لیے اس کی کسی بات، کسی شعر اور کسی حکایت کو اہل سنت کے خلاف حجت کے طور پر پیش کرنا قطعاً درست نہیں ہے۔ دوسرا یہ کہ اس نے شعروں میں ایسے واقعات وحکایات کو ڈھالا جن کی کوئی اصلیت نہیں ہے۔ آخر میں ہم اسی شاہنامہ کے آخری اشعار میں سے ایک شعر لکھ کر مضمون ختم کرتے ہیں۔ لکھتا ہے۔

گوشہ مل کے بیٹھ مکان دا
سو کیتی سیر پٹی لامکان دی

مطلب یہ کہ جب نے شاہنامہ تنہائی میں لکھا۔ اس حال میں مجھ پر جو گزری سو گزری۔ اور صبر واستقامت کی بدولت مجھے لامکان کی سیر کرائی گئی۔ کہاں یہ منہ اور کہاں مسور کی دال۔ وَاللّٰهُ يَهْدِي مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

۴۸

# کتاب چہل ہشتم

## اوراقِ غم مصنفہ ابوالحسنات سیّد محمد احمد قادری

اس کتاب کے مصنف علامۃ الدہر، محسن اہل سنت، شیخ الحدیث والتفسیر سید دیدار علی شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کے بڑے صاحبزادے ابوالحسنات سید محمد احمد صاحب ہیں۔ ان کے چھوٹے بھائی فقیہہ اعظم اور مفتی اعظم ابوالبرکات محمد احمد صاحب ہیں۔ اس گھرانے نے خطۂ پنجاب میں خصوصاً اہل سنت کے عقائد و نظریات کی جڑیں مضبوط فرمائیں۔ جید علماء پیدا کیے۔ جن میں سے ایک کم ترین راقم الحروف محمد علی عفا اللہ عنہ بھی ہے۔ اس گھرانے کی خدمات پر دنیائے سنیت ان کے احسانات نہیں بھول سکتی۔ دونوں بھائی اکابر علماء اور افاضل میں شمار ہوئے تھے لیکن صاحب اوراقِ غم سید محمد احمد رحمۃ اللہ علیہ کا زیادہ رجحان سیاست اور خطابت کی طرف تھا۔ اسی رجحان کی وجہ سے اوراق غم میں بہت سی باتیں واعظانہ رنگ میں لکھ دیں۔ جو عقائد اہل سنت کو مجروح کرتی ہیں۔ اسی لیے جب قبلہ استادی المکرم مفتی اعظم قبلہ ابوالبرکات رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی عبارات کو پڑھا۔ تو سخت مغموم ہوئے۔ اور اس کے مندرجات کی مخالفت کی۔ بہرحال قبلہ ابوالحسنات کے سنی ہونے میں تو کوئی شک نہیں۔ اور ان کی خدمات سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔ جہاد کشمیر اور دیگر مختلف

marfat.com

Marfat.com

مواقع پران کی خدمات اہل پاکستان کو ہمیشہ یاد رہیں گی۔ میرا مقصد اس وقت صرف یہ ہے۔ کہ "اوراقِ غم" چونکہ غیر محتاط اور واعظانہ طریقہ پر لکھی گئی۔ اس کا اکثر حصّہ "خاک کربلا" سے ملتا جلتا ہے۔ بلکہ بعض مقامات پر تو اس سے بھی بڑھ کر رونے اور چیخنے چلانے کا رنگ بھر دیا گیا ہے۔ اس کتاب کا صرف ایک واقعہ نقل کرتا ہوں۔ جس سے آپ میری تائید کریں گے۔ اور مقصد صرف یہ ہے۔ کہ کوئی شیعہ اپنے مذموم عقائد و اعمال کو ثابت کرنے کے لیے یہ نہ کہے۔ کہ دیکھو۔ تمہارے ایک بہت بڑے سنّی عالم نے اپنی کتاب میں یہ لکھا ہے۔ "اوراق غم" کی عبارات ہم اہل سنت کے خلاف حجت نہیں ہیں۔

# اوراقِ غم

## قاسم ابن حسن رضی اللہ عنہم کی کربلا میں شادی کا افسانہ

سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ نے وقتِ رحلت لکھ کر دیا تھا۔ اور کہا تھا کہ بیٹا! (قاسم) اسے بازو پر باندھے رہو۔ جب تمہیں سخت سے سخت فکر اور اشد ترین مصیبت نظر آئے۔ تو اسے کھول کر پڑھنا۔ اللہ اس پریشانی کو دُور کر دے گا۔ (حضرت قاسم نے) سوچا اس مصیبت اور پریشانی سے بڑھ کر اور کون سی پریشانی ہوگی جو آنے والی ہے۔ تعویذ کھولا۔ دیکھا کہ امام حسن رضہ کے قلم مبارک کا ایک حکم ہے۔ جس کا مضمون یہ ہے۔ بیٹا قاسم! جب تمہارے چچا کربلا میں

marfat.com
Marfat.com

شکار بلاؤ مصائب نہیں۔ تو ان پر فدا ہو جانا۔ اور اپنی جان صدقے کر دینا کہ تمہارے لیے ذریعہ سعادت ہو گی۔ آپ اس کو پڑھتے ہی خوش ہو گئے۔ اور اس نامہ کو لے کر خدمت امام میں پہنچے اور عرض کی۔ چچا جان! اب تک اگر اجازت نہ دی تھی۔ تو اب آپ کو اجازت دینی ہی پڑے گی۔ یہ نامہ ملاحظہ فرمائیں۔ امام نے نامہ ہاتھ میں لیا۔ تو دیکھتے ہی اپنے بھائی حسن کو یاد کر کے رونے لگے۔ مضمون پڑھ کر فرمانے لگے۔ اچھا بیٹا قاسم! اب تم ضرور وصیت پر عمل کرو گے۔ مگر ذرا ٹھہرو۔ ایک وصیت مجھے یاد ہے۔ اس کی تعمیل اب تک نہ کر سکا ہوں۔ چنانچہ آپ قاسم کو لے کر خیمہ میں تشریف لائے۔ اور جامۂ عروسی زیب تن کرایا۔ اور اپنی صاحبزادی کا عقد ان سے فرمایا۔ اور پھر فرمایا بیٹا! یہ تمہارے باپ کی امانت تمہارے سپرد ہے۔ یہ کہہ کر باہر تشریف لائے قاسم دلہن کا ہاتھ تھامے ان کا منہ تکتے رہے۔ کہ تھوڑی دیر میں لشکر سعد سے مبارز طلبی ہوئی۔ آپ نے ہاتھ چھوڑ کر عزم میدان فرمایا۔ دلہن نے دامن تھام لیا۔ اور عرض کی۔

بگو کز من چرامی روی  مرامی گزاری چرامی روی

(یعنی میرے قریب سے جا رہے ہو اور مجھے یہیں چھوڑ رہے ہو کیوں؟)

قاسم نے فرمایا۔ اے نور دیدۂ عم مکرم میدان کارزار میں جا رہا ہوں۔ اور تمہارے باپ پر فدا ہو کر عنقریب آ رہا ہوں۔ تمہارے میرے رشتے کا لطف قیامت کے دن آئے گا......... دلہن نے عرض کی۔ قیامت کے دن آپ مجھے کہاں ملیں گے۔ آپ نے فرمایا۔ تمہارے باپ دادا کی خدمت میں حاضر ہوں گا۔ اور اپنی آستین کا ایک ٹکڑا پھاڑ کر دیا۔ کہ اس طرح وہاں میری آستین بریدہ دیکھنا۔ اس کے بعد قاسم کی روانگی کے صدمہ نے اہل بیت حرم کو بے تاب

marfat.com
Marfat.com

کردیا۔ اس طرح رو رو کر سب کہنے لگے۔ قاسما این چہ ظلم و بیدادیست این نہ آئین و رسم و دامادی است۔ (اے قاسم یہ کیسا ظلم ہے۔ یہ قاعدہ اور رسم دامادی نہیں ہے۔

(اوراقِ غم ص ۲۴۹ - ۲۵۰ مطبوعہ رضوی کتب خانہ سرکلر روڈ اردو بازار لاہور)

## اوراق غم کی عبارت کا جائزہ:۔

مصنف مرحوم نے امام حسن رض کے صاحبزادے کی شادی کا ذکر کیا۔ اور ان کی دلہن امام حسین رض کی صاحبزادی کو بنایا۔ ہم گزشتہ اوراق میں تفصیل سے لکھ چکے ہیں۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی صرف دو صاحبزادیاں تھیں۔ فاطمہ اور سکینہ رضی اللہ عنہما سیدہ فاطمہ کی شادی امام حسن کے بیٹے حسن مثنیٰ سے اور سیدہ سکینہ کی شادی انہی کے فرزند عبید اللہ سے واقعہ کربلا سے پہلے ہی ہو چکی تھی۔ قابل غور یہ بات ہے۔ کہ تیسری صاحبزادی کہاں سے آگئی۔ کہ جس کا نکاح میدان کربلا میں پڑھا جا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ یہ قصہ از اول تا آخر من گھڑت اور جھوٹ پر مبنی ہے۔ سنی تو سنی شیعہ بھی اسے تسلیم نہیں کرتے۔ بلکہ اس شادی کی وہ بھی سخت تردید کرتے ہیں۔ پھر اس واقعہ میں استعمال کلمات تو دیکھیں۔ کہ حضرت امام حسین رض جامۂ عروسی وہ مدینہ منورہ سے ساتھ لے کر آئے تھے۔ ایسی شادی کا کیا فائدہ کہ جس کے بعد میاں بیوی ایک دوسرے کا منہ تکتے رہے۔ اور قیامت تک وہ بات ختم ہو گئی۔ یہ واقعہ سراسر اختراعی ہے۔ جو رونے رلانے کے لیے گھڑا گیا ہے۔ مشہور شیعہ مؤرخ صاحب ناسخ التواریخ اس واقعہ کے بارے میں لکھتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

## ناسخ التواریخ :

ذکر حسن مثنٰی کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ حسن مثنٰی نے کربلا کے دن ابن سعد کے لشکر کے ساتھ جہاد کیا۔ اور کثیر زخم کھائے۔ اور شہیدوں کے درمیان گر پڑے جبکہ سر تنوں سے جدا تھے۔ اس وقت حسن مثنٰی کے جسم میں ابھی کچھ جان باقی تھی۔ اسماء بن خارجہ بن عقبہ بن حصین بن حذیفہ بن بدر فزاری جس کی کنیت ابو حسان تھی۔ اس نے حسن مثنٰی کے بارے میں سفارش کی کہ تم اس کو چھوڑ دو۔ میں خود اس کو پیش کر دوں گا۔ یہ ابو حسان کی سفارش اس لیے تھی کہ امام حسن کی والدہ خولہ دختر منظور قبیلہ فزارہ سے تھیں جب عبیداللہ بن زیاد کو اس واقعہ کا علم ہوا۔ اس نے کہا۔ ابو حسان کو بھتیجا دیدو لہٰذا ابو حسان حسن کو کوفہ میں لے آئے۔ اس کا علاج کیا یہاں تک کہ وہ صحت یافتہ ہو گئے۔ پھر حسن مثنٰی مدینہ تشریف لے آئے۔ مذکورہ حوالہ سے یہ بات واضح ہو گئی ہے۔ کہ حدیث دامادیِ قاسم بن حسن در کربلا تزویج کردن حسین فاطمہ را باو از اکاذیب روایت است حسین علیہ السلام را دو دختراں را فزوں نہ بودے۔ یکے فاطمہ زوجہ حسن مثنٰی واں دیگرے سکینہ بود بعض گویند اورا دختر دیگر بود کہ زینب نام داشت واگر باخبار نا استوار متوسل شوند کہ او را فاطمہ دیگر بود وبانچہ ریم خواہیم گفت کہ او فاطمہ صغریٰ نام داشت اورا در مدینہ جائے داشت او را نتواں وقف قاسم بن حسن بست۔ (ناسخ التواریخ در احوال حضرت سید الشہداء علیہ السلام جلد دوم ص ۲۲۲ تا ۲۲۴ ذکر حال حسن مثنٰی مطبوعہ تہران)

marfat.com

Marfat.com

**ترجمہ:**

قاسم بن حسن کو امام حسین کا اپنا داماد بنانا اور فاطمہ نامی لڑکی کا ان سے عقد کرنا۔
میدان کربلا میں جھوٹی روایت ہے۔ امام حسین کی صرف دو صاحبزادیاں تھیں
ایک فاطمہ کہ جن کی شادی حسن مثنیٰ سے ہوئی۔ اور دوسری سکینہ تھی۔ بعض
کہتے ہیں۔ کہ ان کی ایک اور صاحبزادی زینب نام کی تھی۔ اور اگر غیر معتبر
روایات سے یہ ثابت بھی ہو جائے۔ کہ امام کی ایک تیسری صاحبزادی
تھی۔ ہم اسے قبول بھی لیں۔ اور اسے فاطمہ صغریٰ کہا جائے۔ جو مدینہ منورہ
ہی پیچھے رہ گئی تھیں۔ تو پھر اس کا قاسم کے ساتھ نکاح کس طرح ہو گیا؟

قارئین کرام! ناسخ التواریخ کی مذکورہ عبارت کا کچھ ترجمہ تھا اور خاص مقصد کے لیے جو اصل عبارت تھی۔ وہ فارسی میں ہی ذکر کی گئی ہے۔ صاحب ناسخ التواریخ نے ایک تو یہ ثابت کیا ہے کہ امام عالی مقام کی صرف دو صاحبزادیاں تھیں۔ اور دوسری بات یہ لکھی۔ کہ اگر تیسری صاحب زادی مان بھی لی جائے۔ اور اس کا نام صغریٰ بھی تسلیم کر لیا جائے اور اسے مدینہ منورہ ہی پیچھے رہ جانا تسلیم کر لیا جائے۔ تو ان تمام باتوں کے ہوتے ہوئے امام عالی مقام نے ان کا نکاح قاسم بن محمد کے ساتھ کیا۔ یہ کس طرح درست ہو سکتا ہے؟ اس لیے حضرت قاسم بن حسن کی شادی کو ایک جھوٹ اور ناممکن عمل قرار دیا۔ اصل حقیقت یہ ہے۔ کہ حسن مثنیٰ نے امام حسین کے ساتھ میدان کربلا میں یزیدیوں کے ساتھ جہاد کیا۔ ان کی زوجہ فاطمہ بھی کربلا میں موجود تھیں۔ اسی فاطمہ کو اگر فاطمہ صغریٰ کہا جائے۔ تو ان کے خاوند (یعنی حسن مثنیٰ) کے ہوتے ہوئے کسی اور سے امام حسین رضی اللہ عنہ کا نکاح کر دینا کس قدر بہتان عظیم ہے۔ اور اگر کوئی بدبخت یہ کہے۔ کہ حسن مثنیٰ کے ہوتے ہوئے امام قاسم سے امام حسین رضی اللہ عنہ کا نکاح کر دیا تو کس قدر بہتان عظیم ہے۔ اور اگر کوئی بدبخت یہ کہے۔ کہ حسن مثنیٰ کی وفات کے بعد یہ نکاح ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

یہ بھی غلط ہے۔ کیوں کہ تاریخ گواہ ہے۔ کہ حسن مثنیٰ واقعہ کربلا کے بعد کافی عرصہ تک زندہ رہے یعنی ۲۷ سال تک کیونکہ ان کا وصال ۹۷ھ میں ہوا (عمدۃ الطالب کے حاشیہ پر ص ۱۰۲ ذکر حسن مثنیٰ) اور امام قاسم رضی اللہ عنہ کی شہادت کربلا میں ہوئی۔ تو جب امام قاسم حسن مثنیٰ کی موجودگی میں شہید ہو گئے۔ تو پھر الٹا یہ کہنا کہ حسن مثنیٰ کے وصال کے بعد امام قاسم کی فاطمہ صغریٰ سے شادی ہوئی۔ کتنا بڑا جھوٹ اور صریح بہتان ہے۔ اور پھر کمال ڈھٹائی اور ہٹ دھرمی سے ان باتوں کی نسبت امام عالی مقام کی طرف کی جا رہی ہے۔ ان اکاذیب کا جواب ان سنی واعظین و غیر محتاط مصنفین کے ساتھ ساتھ امام حسین کی محبت میں مرنے والے شیعہ ذاکرین کو رب کے حضور کل قیامت کو ضرور بالضرور دینا پڑے گا۔ انہی اکاذیب کے پیش نظر مرزا تقی مزید لکھتا ہے۔ کہ اگر فاطمہ صغریٰ مدینہ میں تھیں۔ اور قاسم میدان کربلا میں تھے دونوں کا نکاح حضرت امام حسین نے باندھا۔ یہاں تک تو بات بنتی نظر آتی ہے۔ لیکن نکاح کے بعد امام قاسم اپنی بیوی کا ہاتھ تھامے کربلا میں کھڑے ہیں۔ یہ بیان کیا جاتا ہے تو اس کا صاف صاف مطلب یہ کہ سیدہ فاطمہ صغریٰ بھی مدینہ کی بجائے کربلا میں تھیں۔ اگر کربلا میں تھیں تو امام عالی مقام کا ان کا مدینہ میں نکاح پڑھانا کیا تک ہے۔ ان تمام باتوں سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ میدانِ کربلا میں جناب قاسم کی شادی کا واقعہ از اوّل تا آخر جھوٹ پر مبنی ہے۔

## نوٹ:

شیعہ ذاکرین اور سنی نام نہاد واعظین اس قسم کے تفصیلات بیان کرتے ہیں۔ اور اپنی تصانیف میں ذکر کرتے ہوئے۔ اس کا پس منظر کیا ہے؟ جب کہ دونوں طرف کی معتبر کتب تاریخ ایسے واقعات سے خاموش نہیں بلکہ تردید کرتی ہیں۔ آیئے ہم آپ کو اس کا پس منظر بتلاتے ہیں۔ جس دور میں ایسے فرضی واقعات گھڑے گئے اس میں ذاکرین و واعظین نے لوگوں میں یہ مشہور کر رکھا ہے۔ کہ جو ذاکر یا واعظ امام عالی مقام کی مظلومیت بیان کرے گا۔ وہ سیدھا جنتی ہو گا۔ مظلومیت کے بیان کرنے کے لیے انہیں فرضی واقعات و حکایات کا سہارا لینا پڑا۔ تاکہ عوام کو خوب

marfat.com

Marfat.com

رلائیں۔ اور امام عالی مقام کی مظلومیت ثابت کر کے خود کو جنت کا مستحق سمجھیں۔ ایسے
من گھڑت واقعات لوگوں نے سن سن کر یاد کر لیے۔ پھر ایسے ذہن نشین ہو گئے۔ کہ انہیں
جب بھی وہ سنتے یا کسی کتاب میں رقت آمیز لہجے میں لکھے گئے۔ پڑھتے تو خوب روتے
جب عوام کے جذبات اس قدر پختہ اور آگے بڑھ چکے تھے۔ تو راسخ علماء نے اسے
مزور جانا۔ لیکن مخالفت کی وجہ سے انہیں بھرپور طریقے سے روک نہ سکے۔ اور کچھ
چپ سادھ لی۔ پھر انہیں دیکھا دیکھی مختلف لوگوں نے ایسے واقعات فرضیہ کی کتابیں
لکھ ماریں۔ بعد میں آنے والے ذاکرین و واعظین کے لیے انہی کتابوں کے واقعات و
انداز بیان عوام سے داد وصول کرنے کے لیے بہترین سرمایہ تھے۔ ایسے واقعات
کو بیان کر کے سامعین کو رُلانا اور نوحہ وغیرہ پڑھنا ان کی من پسند روش ہو گئی۔ یہ
سب کچھ کسی اور طریقہ سے ممکن نہ تھا۔ پھر ایسا دور آیا۔ کہ واعظین و ذاکرین میں سے جو ان باتوں
کو بیان کر کے روتا رلاتا ہے۔ اس کی بکنگ دوسروں کی نسبت زیادہ ہو گئی۔ اور جو
زیادہ رقت بھرے انداز میں ایسے فرضی واقعات بیان نہیں کرتا ——— اس کی
بکنگ دوسروں کے مقابلہ میں کم ہو گئی۔ اور یوں یہ لوگ اپنے مذموم مقصد میں کامیاب
ہوئے اور ہو رہے ہیں۔ امام قاسم کی شادی، فاطمہ صغریٰ کا رونا اور واویلا کرنا گھوڑا
اور اس کے پاؤں تھامنا وغیرہ ایسے ہی واقعات میں سے ہیں۔ جن کی کوئی اصل نہیں
بلکہ ایک کتاب بنام "روضۃ الشہداء" جو ملا حسین کاشفی کی تصنیف ہے۔ اس میں یہ جھوٹی
کہانیاں اور افسانے ایسے رنگین انداز میں لکھے۔ جنہیں پڑھ کر قاری غموں کے سمندر میں
ڈوب جاتا ہے۔ اور اس کی آنکھیں بے اختیار اشکبار ہو جاتی ہیں۔ بیچارہ شخص سنی کہلاتا
ہے۔ لیکن مسلکاً شیعہ یا اس کے قریب ہے۔ اس کی صحیح حقیقت ہماری اسی کتاب میزان الکتب کے کئی مقامات پر
واضح ہو چکی ہے۔ ہم نے ان پیشہ ور واعظین و ذاکرین کا جو طرز عمل بیان کیا ہے۔ اس کی ایک
جھلک شیعہ مجتہد شیخ عباس قمی کی زبانی سنیئے۔

marfat.com

Marfat.com

## منتہی الآمال:

ایک حدیث میں اس قسم کے لوگوں کا حال بیان کیا گیا ہے۔ جو دنیا کو آخرت کے بدلے طلب کرتے ہیں۔ ان کی اس قسم کی حرکات یہ ثواب عظیم سے محرومی کا ان کے لیے سبب نہیں۔ کیونکہ شیطان پوری طرح تمام انسانوں کا دشمن ہے۔ لہٰذا جس عمل میں وہ انسان کا نفع سمجھتا ہے تو شیطان اس کو فاسد کرنے کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ جیسا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے توسّل سے بحسب ضرورتِ دین اور ائمہ طاہرین کی اخبار و دنیا و آخرت میں نجات کا باعث ہے۔ اور ہر عمل جو دنیا کے واعظ کا موجب ہو اس پر ناواقفوں کی توجہ ماتم اور ہجوم عام ہوتا ہے۔ جیسا کہ ذکر مصائب کو یہ ایک دنیاوی معاش کا معتبر ذریعہ ہے۔ اور عبادت کی جہت اس میں بہت ہی کم ملحوظ ہے۔ تو ان ذاکرین نے اس ذکر مصائب کو آہستہ آہستہ اس مقام پر پہنچا دیا۔ کہ علماء مذہب کے مجمعوں میں انہوں نے صریح جھوٹے ان مصائب کا ذکر شروع کر دیا۔ اور وہ علماء ان کو منع نہ کر سکے۔ لہٰذا کچھ ذاکرین نے رلانے پیٹانے کے لیے واقعات کی اختراع کی کوئی پرواہ نہ کی اور یہاں تک کہ انہوں نے یہ ظاہر کرنا شروع کر دیا۔ کہ "من ابکی فله الجنة" جس نے رلایا پیٹایا اس کے لیے جنت ہے۔ جوں جوں زمانہ گزرتا گیا۔ ان جھوٹے قصوں نے تالیفی صورت اختیار کر لی۔ اور جب بھی کوئی فاضل اور امانت دار محدث اس طرح کی جھوٹی باتوں سے روکتا ہے۔ کسی مطبوع کتاب یا کسی مسموع کلام سے نسبت پکڑتا ہے۔ یا حدیث پر مشتمل دلائل سے تمسک کرتا ہے۔ یا ضعیف روایات روکنے کی کوشش

marfat.com

Marfat.com

یا ضعیف روایات رو کنے کی کوشش کرتا ہے۔ تو وہ بہت سی قوموں کی طرف سے ملامت اور توبیخ کا نشانہ بنتا ہے۔ مثل ایسے جملوں کے جو کتب جدیدہ میں مشہور واقعات کے بارے ہیں اور اہل علم والحدیث کے نزدیک ان واقعات کی کوئی اہمیت نہیں۔ مانند عروسی قاسم در کربلا کہ در کتاب روضۃ الصفاء تالیف فاضل کاشفی نقل شدہ جیسے کہ امام قاسم کی شادی کربلا میں جو کہ فاضل کاشفی کی کتاب روضۃ الصفاء میں نقل کی گئی ہے۔

(منتھی الآمال جلد اول ص ۵۵ در نسیخ و تکالیف سلسلہ جلیلہ مطبوعہ تہران)

قارئین کرام! یہ شیخ عباس قمی نے واقعہ کربلا کے ضمن میں رونے رلانے اور پیٹنے کے لیے من گھڑت واقعات کا پس منظر بڑی خوبی سے بیان کیا۔ اور حقیقت بھی تقریباً یہی ہے۔ ابتداءً شیعہ ذاکرین نے پیسے بٹورنے کی خاطر رونے پیٹنے کے واقعات گھڑے۔ پھر زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ من گھڑت واقعات کتابوں میں لکھے جانے لگے۔ انہی واقعات میں سے ایک امام قاسم کی میدانِ کربلا میں شادی کا واقعہ بھی ہے۔ اس طرح ہر آنے والے نے من گھڑت واقعہ میں مزید اضافہ کیا۔ اور بات کا بتنگڑ بنا دیا۔ پھر شیعوں کی کتابوں مثلاً فاضل کاشفی سے جھوٹے واقعات اہلسنت واعظین نے بھی اسی غرض کے پیش نظر بیان کرنے اور لکھنے شروع کر دیئے۔ اور یوں ان نادانوں نے نادانستہ طور پر شیعیت کے اصول کو مضبوط کرنے میں بہت کردار ادا کیا۔ اور خوب دنیا کمائی۔ ان سنی واعظین نے مسلک اہل سنت کو نقصانِ عظیم پہنچایا شیعہ ذاکرین کی جگہ اب ان سنی واعظین نے لے لی۔ اور خوب دنیا سمیٹ رہے ہیں۔ ہم نے ان کی کتب اور ان کے طرز خطابات کو اس لیے بیان کیا۔ تاکہ بعد میں

marfat.com
Marfat.com

آنے والی نسلیں بھٹکنے سے بچی رہیں۔ وہ یوں کہ اگر کوئی شیعہ رسالے اور پٹینے کے متعلق ان واعظین کے کیسٹ یا ان کی تصانیف پیش کرکے اسے ثابت کرے اور کہے کہ دیکھو تمہارے سنی عالم نے یہ کہا ہے یہ لکھا۔ تو ہم ان کے بارے میں صاف صاف لکھ دیتے ہیں۔ کہ ایسے واعظ اور ان کی ایسی تصانیف مسلک اہل سنت کے ہاں معتبر نہیں ہیں۔ اس لیے ان کا کوئی حوالہ ہمارے لیے قابل قبول نہ ہوگا۔

## فاعتبروا یا اولی الابصار

marfat.com
Marfat.com

# مروجہ محافلِ محرم کے متعلق شیعہ مجتہد عباس قمی کا فتویٰ

**تنبیہ:**

محافلِ حسین میں جو من گھڑت روایات بیان کی جاتی ہیں۔ ان کا شرعی فیصلہ منتہی الامال مصنفہ شیعہ مجتہد شیخ عباس قمی کی طرف سے نقل کیا جاتا ہے درج ذیل فوٹو کاپی لف کی جا رہی ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

# منتہی الآمال کی عبارات

**عبارت ۱:**

و بالجملہ اخبار ایں باب بسیار است و ایں مختصر را گنجائش بیش از یں نیست پس شائستہ است کہ شیعیان و ذاکرین خصوصاً ملتفت شدہ درایں سوگواری و عزاداری بر وجہی سلوک کنند کہ زبانِ نواصب دراز نشود و اقتصار بر واجبات و مستحبات کردہ از استعمال محرمات از قبیل غنا کہ غالب نوحہ ہائے مطلوبہ خالی از آں نیست و از اکاذیب منقولہ و حکایات ضعیفہ مظنونۃ الکذب کہ در جملہ ای از کتب غیر معتبرہ بلکہ نقل از کتبی کہ مصنفات آنہا از متدینین اہل علم و حدیث نیست احتراز نماید۔ و شیطان را در این عبادت بزرگ کہ اعظم شعائر اللہ است راہ ندہند۔ و از معاصی کبیرہ کہ روحِ عبادت را میبرد بپرہیزند خصوصاً یاد کذب و غنا کہ درایں عمل ساری و جاری شدہ است۔ و کم ترکسی از او مصون است و صواب چناں است کہ درایں مقام چند خبری در بزرگی عقاب ہر یک مذکور شود، تا شاید اگر کسی خدائے نخواستہ مبتلا

marfat.com

Marfat.com

باشد مرتدمی شود۔

(منتہی الآمال جلد اول ص ۴۴ در ذکر پارہ از احادیث
اہل سنت و مذمت ریا و دروغ و عذاب
دروغگو۔ مطبوعہ تہران طبع جدید)

**ترجمہ:**

مختصر یہ کہ اس بارے میں روایات بہت سی ہیں۔ اور
اس مختصر کتاب میں اس سے زیادہ لکھنے کی گنجائش نہیں لہٰذا
مناسب یہ ہے۔ کہ تمام شیعہ حضرات اور خصوصاً ذاکرین حضرات توجہ کریں
کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی سوگواری اور عزاداری میں ایسا طریقہ اپنائیں
جس سے خارجیوں کی زبان سے لعن طعن سے چھوٹ جائیں۔ صرف واجبات
اور مستحبات پر ہی اقتصار کریں۔ اور محرمات۔ کے استعمال سے بچیں۔ جیسا کہ گانا
مرثیہ خوانی کرنا جو غالباً زمرجات سے خالی نہیں ہوتا۔ اور من گھڑت حکایات
اور ضعیف واقعات جن پر جھوٹ کا ظن ہو۔ جو ان کتابوں میں ذکر کی گئیں
جو غیر معتبر ہیں۔ بلکہ ان کتابوں سے انہیں نقل کیا گیا ہے۔ جن کے مصنفین
دین دار، اہل علم اور حدیث کی سوجھ بوجھ رکھنے والے نہ تھے۔ ایسی
حکایات و واقعات کے بیان کرنے سے دریغ کرنا چاہیئے۔ اور
شیطان کو اس عبادت میں جو اللہ تعالیٰ کے عظیم شعائر میں سے ہے۔ دخیل
نہ ہونے دیں۔ اور بہت سے ایسے معاصی سے جو عبادت کی روح
کو ختم کر دیتے ہیں۔ پرہیز کرنا چاہیئے۔ خاص کر ریا، جھوٹ اور گانا
کہ یہ کام اب عام طور پر جاری و ساری ہیں۔ اور بہت کم مجلسیں ایسی ہیں
جن میں یہ باتیں نہ ہوتی ہوں۔ اور درست طریقہ یہ ہے۔ کہ ایسے مقامات

marfat.com
Marfat.com

پر چند ایسی روایات بھی ضرور ذکر کرنی چاہئیں۔ جو ان میں سے ہر ایک عذاب
وسزا پر مشتمل ہوں۔ کیونکہ خدانخواستہ اگر کوئی ان کاموں کا عادی ہو چکا ہو۔ تو
وہ اپنا رویہ تبدیل کرے۔

شیعہ مجتہد نے یہ واضح کر دیا۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی تعزیت کی مجالس میں افعال
حرام بہت سے داخل ہو چکے ہیں۔ ان میں جھوٹی روایات، مرثیہ خوانی اور نوحہ جات
کا دور دورہ بھی ہے۔ ان حرام کاموں کی وجہ سے وہ بجائے ثواب کے الٹا
عذاب اور گناہ بن کر رہ گئیں۔

لہٰذا ذاکرین اور شیعہ علماء کو ان محرمات کے بارے میں جن روایات واحادیث
میں وعیدیں آئی ہیں۔ انہیں ذکر کرنا چاہیئے۔ تاکہ ان کاموں سے محافل حسین پاک ہو جائیں
جب تک ان محافل کو ان محرمات سے پاک نہیں کیا جاتا۔ ان میں جانا گناہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# محافل حسین میں جھوٹی روایات اور من گھڑت کہانیاں

## عبارت ۳۳: منتہی الآمال:

در کافی مروی است از امام محمد باقر علیہ السلام کہ فرمود اول کسیکہ تکذیب میکند
دروغ گو را خداوند عزوجل است۔ پس ازآں دو فرشتہ کہ باو ہستند بعد ازاں خود تنہا
کہ اشتباہ ندارد و میداند دروغ گفتہ و ہم درآنجا و در کتاب الاعمال از
آنجناب مروی است۔ کہ فرمود حق تعالیٰ برائے شر و بدیہا قفلہا مقرر کردہ
و کلید آں قفلہا را شراب قرار دادہ و دروغ بدتر از شراب۔ و نیز در کافی از امیر المومنین
علیہ السلام روایت شدہ کہ فرمود۔ واللہ نخواہد چشید مزہ و طعم ایمان را تا آنکہ
کہ ترک کند دروغ را چہ از روی جد باشد یا مزاح و خوش طبعی۔ و در جامع الاخبار
از رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم روایت کردہ کہ فرمود ہرگاہ دروغ گوید مومن بدوں
عذر لعنت کند او را ہفتاد ہزار ملک و از دل او بوئی گندی بیروں آید و بالا رود
تا بعرش رسد۔ پس لعنت کنند او را حملۂ عرش و حق تعالیٰ بواسطۂ آں یک دروغ
ہفتاد زنا بر او نویسد۔ کہ آساں تر آنہا مثل آنست کہ کسی با مادرِ خود
زنا کند و از حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام روایت است کہ تمام خباثت را در خانۂ ای
گذاشتہ اند و دروغ را کلید آں قرار دادہ اند۔

(منتہی الآمال جلد اول ص ۵۴۵)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ:

امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے کافی میں مروی ہے۔ کہ جھوٹے کی سب سے پہلے تکذیب کرنے والا خود اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر وہ دو فرشتے جو اللہ تعالیٰ کے نہایت مقرب ہیں۔ پھر خود جھوٹا کیونکہ اسے بلا شک و شبہ معلوم ہے۔ کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔ اسی مقام پر کتاب الاعمال میں بھی امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے ایک اور روایت مذکور ہے۔ فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تمام شر اور برائیوں کے تالے مقرر کیے ہیں۔ ان تمام کی کنجی شراب ہے۔ اور جھوٹ تو شراب سے بھی بدتر ہے۔

کافی میں ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت آئی ہے۔ فرماتے ہیں۔ خدا کی قسم! جب تک کوئی شخص جھوٹ کو ترک نہیں کرتا۔ وہ ایمان کا مزہ اور ذائقہ حاصل نہیں کرسکتا۔ وہ جھوٹ چاہے بطور خوش طبعی، مزاح یا جان بوجھ کر بولا جائے۔ "جامع الاخبار" میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ جب کوئی ایمان دار بلا عذر جھوٹ بولتا ہے تو اس پر ستر ہزار فرشتے لعنت کرتے ہیں۔ اور اس کے دل سے بدبو جا باہر نکلتی ہے۔ اور عرش تک پہنچ جاتی ہے۔ پھر عرش کو اٹھانے والے فرشتے اس جھوٹے پر لعنت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس جھوٹے کے ایک جھوٹ کے بدلے ستر زنا لکھ دیتا ہے۔ ان میں سے کم ترین زنا یہ ہے جو کوئی اپنی سگی ماں سے کرے۔ امام حسن عسکری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تمام خباثتوں کو ایک گھر میں بند کر کے رکھتے ہیں۔ اور جھوٹ ان سب کی کنجی ہے۔

خلاصہ: صاحب منتہی الآمال یہ اچھی طرح جانتے ہیں۔ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے

marfat.com
Marfat.com

نام پر منعقد کی گئی محفل میں اگر سچی حکایات وواقعات بیان کیے جائیں۔ اور آپ کی شہادت کے متعلق صحیح روایات ذکر کی جائیں۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کے اعمال واقوال بیان کیے جائیں۔ اور کربلا کے میدان میں آپ کی استقامت علی الحق اور دین پر دری کے سچے واقعات سنائیں جائیں۔ تو یہ صرف جائز ہی نہیں۔ بلکہ ثواب کا باعث بھی ہیں۔ اور عوام کے لیے باعثِ ہدایات وتقلید بھی ہیں۔ لیکن جو لوگ ان حقائق کی بجائے جھوٹی روایات من گھڑت قصے کہانیاں بیان کرتے ہیں۔ (جیسا کہ امام قاسم کی مہندی، گھوڑے کا رونا وغیرہ۔) تو یہ اتنا عظیم جرم ہے۔ جو ایک بار نہیں۔ ستر بار زنا کرنے سے بھی زیادہ برا ہے۔ جس کا ادنیٰ ترین گناہ اپنی سگی والدہ سے زنا کے برابر ہے۔ پھر اس دروغ گو پر اللہ کی لعنت، ستر ہزار عام فرشتوں کی لعنت، حاملین عرش مخصوص فرشتوں کی لعنت بھی ہوتی ہے۔

اسی لیے اسی مقام پر لکھتے لکھتے "شیخ قمی" یہاں تک لکھ گیا۔ ایسی محفل میں ہرگز نہیں جانا چاہیئے۔ وہ لکھتا ہے۔ کہ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا۔ کہ

"از قصہ خوانان کہ آیا گوش دادن بایشان حلال است۔ حضرت فرمود حلال نیست"

**ترجمہ:**

یعنی ایسی محفلوں میں جا کر ذاکروں سے غلط سلط روایات سننا جائز ہے۔

آپ نے فرمایا۔ جائز نہیں۔

مزید فرمایا۔

"پس آں گوش کنندہ ابلیس را پرستیدہ" ایسی غلط مرثیہ خوانی سننے والا دراصل شیطان کا پجاری ہے۔

اور فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

## امام اہل سنت احمد رضا خاں بریلوی کی طرف سے محافل حسین کا شرعی فیصلہ

### عبارت نمبر (۱) فتاویٰ رضویہ مسئلہ ثالثہ :

کیا ارشاد ہے علماء دین متین کا اس مسئلہ میں کہ مجالس میلاد شریف میں شہادت نامہ کا پڑھنا جائز ہے کہ نہیں؟ بَیِّنُوا وتُوجَروا۔

(الجواب) شہادت نامہ نظم، نثر جو آجکل عوام میں رائج ہیں اکثر روایات باطلہ و بے سروپا سے مملو اور اکاذیب موضوعہ پر مشتمل ہیں۔ ایسے بیان کا پڑھنا، سننا وہ شہادت نامہ ہو خواہ کچھ اور (کتاب ہو) مجلس میلاد مبارک ہو خواہ کہیں اور مطلقاً حرام و ناجائز ہے خصوصاً جبکہ وہ بیان ایسے خرافات کو متضمن ہو جس سے عوام کے عقائد میں زلل آئے تو اور بھی خطرناک ہے۔ ایسے ہی وجوہ پر نظر فرما کر امام حجۃ الاسلام محمد غزالی قدس سرہ وغیرہ ائمہ کرام نے حکم فرمایا۔ شہادت نامہ پڑھنا حرام ہے۔ امام علامہ ابن حجر مکی قدس سرہ الملکی صواعق محرقہ میں فرماتے ہیں! قَالَ الْغَزَالِي وَغَيْرُهُ يُحْرَمُ عَلَى الْوَاعِظِ وَغَيْرِهِ رِوَايَةُ مَقْتَلِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَحِكَايَاتِهِ الخ پھر فرمایا۔ مَاذَكَرَ مِنْ حُرْمَةِ الرِّوَايَةِ القتل الحسين وَمَا بَعْدَهُ لَا يُنَافِي مَا ذَكَرْتُهُ فِي هٰذَا الْكِتَابِ لان ھذا البیان الحق الَّذِي يَجِبُ اِعْتِقَادُهُ مِنْ جَلَالَةِ الصَّحَابَةِ وَبَرَاءَتِهِمْ مِنْ كُلِّ نَقْصٍ بِخِلَافِ مَا يَفْعَلُهُ الْوُعَّاظُ الْجَهَلَةُ فانهم يأتون بالاخبار الكاذبة والموضوعة ونحوها ولا يبينون المحامل والحق الذي يجب اعتقادة الخ۔ یونہی جبکہ اس سے مقصود غم پروری و تصنع حزن ہو تو یہ نیت بھی شرعاً محمود، شرع مطہر نے غم میں صبر و تسلیم اور غم موجود کو حتی المقدور دل سے دور کرنے کا حکم دیا ہے۔ نہ کہ غم معدوم بتکلف ورلانا کہ

marfat.com
Marfat.com

تصنع وزور بنانا نہ کہ اسے باعث قربت وثواب ٹھہرانا، یہ سب بدعات شنیعہ روافض ہیں جن سے سنی کو احتراز لازم۔ حاشا للہ اس میں کوئی خوبی ہوتی تو حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات اقدس کی غم پروری سب سے زیادہ اہم وضروری ہوتی۔ دیکھو حضور اقدس صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلی آلہ کا ماہ ولادت وماہ وفات وہی ماہ مبارک ربیع الاول شریف ہے۔ پھر علماء امت وحامیان سنت نے اسے ماتم وفات نہ ٹھہرایا بلکہ موسم شادی ولادت اقدس بنایا امام ممدوح کتاب موصوف میں فرماتے ہیں۔

اِیَّاہُ ثُمَّ اِیَّاہُ اَنْ یَّشْغَلَہٗ (اَیْ یَوْمَ عَاشُوْرَا) بِبِدَعِ الرَّافِضَۃِ وَنَحْوِھِمْ مِنَ النَّدْبِ وَالنِّیَاحَۃِ وَالْحُزْنِ اِذْ لَیْسَ ذَالِکَ مِنْ اَخْلَاقِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِلَّا لَکَانَ یَوْمُ وَفَاتِہٖ صلی اللہ علیہ وسلم اَوْلٰی بِذَالِکَ وَاَحْرٰی الخ عوام مجلس خواں اگرچہ بالفرض صرف روایات صحیحہ بروجہ صحیح پڑھیں بھی تاہم تجربہ ان کے احوال سے آگاہ ہے۔ خوب جانتا ہے کہ ذکر شہادت شریف پڑھنے سے ان کا مطلب یہی بہ تصنع رونا بتکلف رلانا اور اس رونے رلانے سے رنگ جمانا ہے۔ اس کی شناعت (یعنی برا ہونے) میں کیا شبہ ہے۔ (فتاوی رضویہ جلد دہم ص ۸۸ کتاب الحظر والاباحۃ مصنفہ امام اہل سنت مولانا احمد رضا خاں قادری فاضل بریلوی شریف مطبوعہ ادارہ تصنیفات امام احمد رضا۔ کراچی)

قارئین کرام! اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خان کے اس جواب سے چند چیزیں ثابت ہوئیں۔

۱۔ اس وقت اکثر روایات جو عوام میں رائج ہیں جن کو واقعہ کربلا میں بیان کیا جاتا ہے۔ یہ بے اصل، باطل محض، جھوٹی موضوعہ روایات ہیں۔ ان کا پڑھنا سننا قطعاً

marfat.com

Marfat.com

حرام اور ناجائز ہے۔

۲۔ اگر ان سے عوام کے عقائد میں کچھ تزلزل پیدا ہو تو ایسی روایات کا ذکر کرنا زہر قاتل ہے۔ یعنی عوام کے ذہن میں یہ بات بیٹھ جائے۔ کہ ہمارے مقرر نے جس انداز میں بیان کیا ہے۔ جس سے ساری دنیا چیخیں مار مار کر رو رہی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کا جو شیعہ ماتم کرتے ہیں اس کے جائز ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔

۳۔ جن واعظین کا صرف مقصد غم پروری تصنع بناوٹی رونا ہو تو اس طرح کرنا بھی، شرعاً ممنوع ہے۔ کیونکہ شریعت نے صبر اور تسلیم کا حکم دیا ہے۔ جو حتی المقدور دل سے درد کو دور کر دیتی ہے۔

۴۔ اگر مجلس خواں بالفرض صحیح روایات بھی بیان کریں لیکن سننے والے یہ جانتے ہیں کہ اس مجلس خوان کا مطلب بناوٹی رونا رلانا ہے اور اس رونے رلانے سے رنگ جمانا ہے اس کے برا اور قبیح ہونے میں کیا شک ہے۔

## عبارت نمبر (۲) فتاوٰی رضویہ:

کتب شہادت جو آجکل رائج ہیں اکثر روایات موضوعہ و روایات باطلہ پر مشتمل ہیں۔ یوں ہی مرثیے ایسی چیزوں کا پڑھنا سننا سب حرام ہے۔ حدیث میں ہے۔ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الْمَرَاثِىْ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔ رواہ ابو داؤد و الحاکم عن عبد اللہ ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ایسے ہی ذکر شہادت کو امام حجۃ الاسلام وغیرہ علماء کرام منع فرماتے ہیں۔ ماذکرہ الامام ابن الحجر المکی فی الصواعق المحرقۃ۔ ہاں اگر صحیح روایات بیان کی جائیں اور کوئی کلمہ کسی نبی یا ملک یا

marfat.com
Marfat.com

اہل بیت، یا صحابی کی توہین شان کا مبالغہ مدح وغیرہ میں مذکور نہ ہو نہ وہاں بین یا نوحہ یا سینہ کوبی یا گریبان دری یا ماتم یا تعشّق یا تجدید غم وغیرہ ممنوعات شرعیہ ہوں تو ذکر شریف فضائل ومناقب حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا بلا شبہ موجب ثواب ونزول رحمت ہے۔ (فتاوی رضویہ جلد ۱۰ ص ۱۲۴ کتاب الحظر والاباحۃ مطبوعہ ادارہ تصنیفات احمد رضا کراچی)

## عبارت نمبر (۳) فتاوی رضویہ:

(ایک سوال کا جواب لکھتے ہوئے اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں۔) افعال مذکورہ سخت کبائر ہیں اور ان کا مرتکب سخت فاسق و فاجر مستحق عذاب یزدان وغضب رحمان اور دنیا میں مستوجب ہزاراں ذلت وہوان خوش آوازی خواہ کسی علت نفسانی کے باعث اسے منبر ومسند پر کہ حقیقتاً مسند حضور پُر نور سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم ہے تعظیماً بٹھانا اس سے مجلس مبارک پڑھوانا حرام ہے۔ تبیین الحقائق وفتح اللہ المبین۔ وطحطاوی علی مراقی الفلاح وغیرہا میں ہے کہ فی تقدیم الفاسق تعظیمہ وقد وجب علیہم اھانتہ شرعاً روایات موضوعہ پڑھنا بھی حرام، سننا بھی حرام اور ایسی مجالس سے اللہ عزوجل اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کمال ناراض ہیں ایسی مجالس اور ان کا پڑھنے والا اس حال سے آگاہی پاکر بھی حاضر ہونے والا سب مستحق غضب الٰہی ہیں۔ یہ جتنے حاضرین ہیں سب وبال شدید میں جدا جدا گرفتار ہیں۔ اور ان سب کے وبال کے برابر اس پڑھنے والے پر وبال ہے اور اس کا اپنا گناہ اس پر علاوہ اور ان حاضرین وقاری سب کے برابر گناہ ایسی مجلس کے بانی پر ہے۔ کہ اور اپنا گناہ خود طرہ مثلاً ہزار شخص حاضرین مذکور ہوں تو ان پر ہزار گناہ اور اس کذاب قاری پر ایک ہزار ایک گناہ اور بانی پر دو ہزار دو گنا

marfat.com

Marfat.com

ایک ہزار حاضرین کے اور ایک ہزار ایک اس قاری کے اور ایک خود اپنا پھر یہ شمار ایک ہی بار نہ ہوگا بلکہ جس قدر روایاتِ موضوعہ جس قدر کلمات نامشروعہ وہ قاری جاہل جری پڑھے گا ہر روایت ہر کلمہ پر یہ حساب وبال وعذاب تازہ ہوگا مثلاً فرض کیجیے ایسے سو کلمات مردودہ اس مجلس میں اس نے پڑھے تو ان حاضرین میں ہر ایک پر سو سو گناہ اور اس قاری علم ودین سیاری پر ایک لاکھ ایک گناہ اور بانی پر دو لاکھ دو سو گناہ وَقِسْ عَلٰی ھٰذَا۔ (فتاوٰی رضویہ جلد ۱۰ ص ۲۴۴ کتاب الحظر والاباحۃ مطبوعہ ادارہ تصنیفات امام احمد رضا کراچی)

قارئین کرام! اس صدی کے مجدد اور اہل سنت کے امام اعلحضرت مولنا شاہ احمد رضا خاں صاحب قادری رضی اللہ عنہ کے فتاوٰی رضویہ سے تین اقتباسات ہم نے پیش کیے۔ ان میں درج ذیل امور صراحتہً بیان فرمادیے ہیں۔

۱۔ شہادت وغیرہ کے بارے میں روایات باطلہ، جھوٹ سے بھری پڑی حکایات بیان کرنا، سننا مطلقاً حرام وناجائز ہیں۔

۲۔ عقائد حقہ اہل سنت پر جن حکایات وروایات باطلہ سے زد پڑے۔ اور انہیں جڑ سے ہلا کر رکھ دیں۔ ان کا ذکر کرنا زہر قاتل ہے۔

۳۔ واعظین اور خطباء کا اگر مقصد بناوٹ کے طور پر لوگوں کو رونا اور غم واندوہ میں ڈالنا ہے۔ تو ایسا خطاب ووعظ بھی شرعاً ممنوع ہے۔

۴۔ اگر بالفرض روایات صحیح ہی ہوں۔ لیکن مطلب ان کے بیان کرنے سے وہی رولانا اور غم زدہ کرنا ہے۔ تو پھر بھی قبیح ہے۔

۵۔ چونکہ روایات باطلہ ذکر کرنا حرام، ان کا سننا حرام، انہیں گانے اور سرور کے طور پر بیان کرنا حرام ہے۔ اس لیے اس سے اللہ تعالٰی کی ناراضگی اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی بیزاری واضح ہے۔ اس لیے ایسا وعظ کرنے

marfat.com
Marfat.com

والے اور خطاب دینے والے کو مسند وعظ و خطابت پر بٹھانا بھی شدید حرام ہے۔

۴۔ ایسے واعظین اور خطباء کو بلانے والے، ان کی حوصلہ افزائی کرنے والے سب جرم کے برابر کے شریک اور تمام کے مجموعی گناہ سے بڑھ کر واعظ و خطیب گناہوں کا بوجھ اٹھاتا ہے۔

امام اہل سنت نے اپنے دور کے کچھ خطباء اور واعظین کی بات فرمائی۔ ہم نے اس دور کے چند ممتاز علماء کی زیارت کی بھی ہے اور اُن کے خطابات سننے کا بھی شرف حاصل ہوا۔ حضرت علامہ ابوالبرکات سید احمد محدث، مفتی اعظم پاکستان ابوالفضل محمد سردار احمد لائلپوری، حکیم الامت مولانا احمد یار خاں صاحب گجراتی اور غزالی زماں مولنا احمد سعید صاحب کاظمی ملتان رحمۃ اللہ علیہم یہ وہ حضرات تھے۔ کہ ان کی تقاریر کا ایک ایک لفظ محتاط ہوتا لیکن آجکل جن خطباء اور واعظین کی شہرت ہے۔ اگر انہیں اعلیحضرت سن لیتے اور ان کے انداز خطابت و وعظ کو دیکھ لیتے۔ تو آپ خود اندازہ فرمائیں آپ کیا فتویٰ دیتے؟ حاشا وکلا میرا مقصد کسی کی دل آزاری نہیں۔ نہ مخالفت برائے مخالفت ہے۔ بلکہ اصل مقصد وہی ہے۔ جسے اعلیحضرت نے بیان فرمایا۔ ایسی محافل لوگوں میں جذبۂ شہادت پیدا کرنے کے لیے اور خاندان اہل بیت کی استقامت فی الدین اور مصائب میں صبر و ہمت دکھانے کے لیے ہوتی ہیں۔ نہ کہ ان حضرات کی بے صبری اور لوگوں کو رلانے اور غم زدہ کرنے کے لیے منعقد ہوتی ہیں۔ میں نے اسی لیے جانبین کی کتب سے رونے رولانے اور پیٹنے وغیرہ کے ممنوع ہونے پر بہت سے حوالہ جات تحفہ جعفریہ جلد دوم میں ذکر کیے ہیں۔ انہیں بیان کیا جاتے۔

قارئین کرام! میرا مقصد یہ تھا۔ کریں ان تمام کتب کا حتی المقدور ذکر کردوں

marfat.com
Marfat.com

جنہیں شیعہ لوگ "اہل سنت کی معتبر کتاب" کے عنوان سے پیش کر کے ان کے اقتباسات لکھتے اور عام سنیوں کو بہکانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور میں نے اس کے لیے بہت سی کتب کا مطالعہ کیا۔ ان کتب کے بارے میں لکھا کہ وہ اہل سنت کی ہیں یا نہیں؟ اگر ہیں تو معتبر بھی ہیں یا غیر معتبر؟ اس بحث کے اختتام پر ایک دن مرشدی، سیدی قبلہ سید محمد باقر علی شاہ صاحب مدظلہ العالی فرمانے لگے "مولوی صاحب" آجکل جو ہمارے واعظ اور خطیب واقعہ شہادت کے ضمن میں بیان کر رہے ہیں۔ اور نت نئے مصنف جو اپنی تصانیف میں درج کر رہے ہیں۔ جن سے عقائد اہل سنت کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ان کا بھی کچھ ذکر کرو۔ اس بارے میں جو تحقیق ہے۔ وہ پیش کرو۔ یہ نہ دیکھو۔ کہ کس کو برا لگتا ہے۔ رافضیوں کی طرح ان رونے رلانے واعظین اور محافل میں رنگ جمانے کے لیے واقعات گھڑنے والے لوگوں کے لیے بھی کچھ اوراق لکھو"۔ میں نے سیدی و مرشدی کے حکم کے مطابق اس کا بھی بیڑا اٹھایا۔ موجودہ دور کے تمام واعظین و مصنفین کا میں نے ذکر نہیں کیا۔ کیونکہ چند واقعات من گھڑت سب نے اپنی اپنی تصانیف میں لکھے۔ جب اس واقعہ کی تردید اور حقیقت سامنے آئے گی۔ تو ان کی کتب کی تردید بھی ہو جائے گی۔ مثلاً سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا کا امام عالی مقام کے گھوڑے کے کھر پکڑنا، فاطمہ صغریٰ کا دردناک واقعہ امام مسلم کے صاحبزادوں کے دل دکھا دینے والے واقعات، فرضیہ امام عالی مقام کے گھوڑے کا آپ کی شہادت کے بعد عجیب و غریب حالت دکھانا وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب واقعات چونکہ موضوع اور جھوٹ کے پلندے ہیں۔ اس لیے جس کتاب میں ایسے باطل اور موضوع واقعات درج ہیں ان کا کوئی حوالہ اور کوئی عبارت شیعہ پیش کر کے "اہل سنت کی معتبر کتاب کے حوالہ" کے طور پر پیش کر کے اپنا باطل مقصد پورا کرنا چاہیے۔ تو یہ قابل قبول نہ ہو گا۔

marfat.com
Marfat.com

کیونکہ ایسی کتابیں بالکل نامعتبر ہیں۔ آخر میں یہ عرض کروں گا۔ کہ میرا مقصد وہی ہے کہ عقیدہ اہل سنت کا تحفظ اور دفاع کروں۔ اور حقانیت واضح کردوں۔ یہی بات اعلیحضرت رضی اللہ عنہ کے پیش نظر تھی۔ اگر میری کسی عبارت کو ناظرین کرام اعلیحضرت کے مقصود و مدعا کے خلاف پائیں۔ تو مجھے اس کی نشاندہی فرمائیں۔ میں شکرگزار رہوں گا اور اگر ان سے متفق پائیں۔ تو ان وعیدات سے خود بچیں۔ عوام کو بچائیں۔ خدا ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

**نوٹ:۔**

اس صدی کے مجدد اور ایسے محقق کامل کہ جن کی اپنوں غیروں میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ ان کے ارشادات آپ نے پڑھے۔ ایسے ہی چند کڑوی باتیں ایک شیعہ مجتہد اپنے ذاکروں کے لیے بھی کہہ گیا ہے۔ شیخ قمی اپنی تصنیف منتہی الآمال میں ذکر کرتا ہے۔ وہ اس وقت ہمارے زمانہ میں مجالس امام حسین میں جھوٹی روایات ذکر کی جاتی ہیں۔ جیسا کہ امام قاسم کی ہندی وغیرہ۔ یہ اتنا عظیم جرم ہے۔ کہ ایک بار جھوٹ بولنے والے پر فرشتے ستر ہزار بار لعنت بھیجتے ہیں۔ اس کے منہ سے ایسی بدبو نکلتی ہے۔ جو عرش تک جاتی ہے۔ پھر عرش اٹھانے والے فرشتے اس جھوٹے پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس جھوٹ بولنے والے کے بدلہ ستر زنا لکھتا ہے ان میں کم ترین زنا اپنی ماں سے زنا کرنا ہے۔ (منتہی الآمال جلد اول ص ۵۲۵ اس کی تفصیل ہماری کتاب فقہ جعفریہ جلد سوم ص ۱۷۲ تا ۱۸۱ پر ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

خلاصہ کلام یہ کہ شہادت امام عالی مقام کی محافل و مجالس میں جھوٹی روایات موضوع حکایات سے اجتناب انتہائی ضروری ہے۔ اور ہر صورت میں قرآن کریم اور احادیث مقدسہ کے ارشادات پیش نظر رہنے چاہئیں۔ اہل بیت کی عقیدت اور ان کی استقامت فی الدین کو بیان کیا جائے۔ ان کے صبر و ایثار

marfat.com
Marfat.com

اور جذبۂ شہادت کو بیان کیا جائے۔ایسے خطابات اور واعظ سننے اور بیان کرنے سے اللہ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اہل بیت خوش ہوں گے ان کی خوشنودی ہی اصل سرمایہ ہے۔ میں نے چند کتب کا جو نام لیا۔ وہ بھی صرف ان حضرات کی رضاجوئی اور اپنے پیرومرشد کے ارشاد کی تکمیل کرتے ہوئے ایسا کیا ہے۔کسی کی دل آزاری نہ مقصود اور نہ یہ میرا معمول ہے۔

وما علینا الا البلاغ المبین

marfat.com
Marfat.com

# منظوم پنجابی میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی منقبت

ڈنگ کھاندا گیا دُکھ اُٹھاندا گیا — سینے لا کے نبی نوں سلاؤندا گیا
مونڈھے چا کے نبی نوں اُٹھایا جدوں — دونوں پیراں نوں جگ وِچ دِکھایا تدوں
دونوں تنہائی وِچ غار بیٹھے جدوں — ثانی اثنین دا لقب پاؤندا گیا
غار دے سب سوراخاں نوں بند کردا گیا — باقی نال قدم دے مکاؤندا گیا
ڈنگ کھاندا رہیا دُکھ اُٹھاوندا رہیا — سینے لا کے نبی نوں سلاؤندا رہیا
صدیق اکبر دی شاناں نوں جانے کوئی — مثل دا اماد اسدے نہ ہویا کوئی
خلافت بلا فصل جد اُسدی ہوئی — خلیفہ بلا فصل ہی اوکھلاؤندا گیا
بعد نبیاں دے شان جس نوں ملی — دین و دنیا دی دولت ہے اس نوں ملی
صداقت دی چادر بھی ہے اس نوں ملی — صدیق و عتیق ہی اوکھلاؤندا گیا
زِ ڈنا دا تکرار لاؤندا گیا — پھر ہر بار جنتی و دھوندا گیا
قیدی بدر دے اوچھڑاؤندا گیا — پھر قیدیاں نوں صحابی بناؤندا گیا
مُڑ وا اَبا بکرٍ دا حکم آیا جدوں — سب صحابہ نوں نمازاں پڑھایاں تدوں
عمر و عثمان علی اقتدا کیتی جدوں — امام سب دا ہی اوکھلاؤندا گیا
وقت آخر نبی دا سی آیا جدوں — صدیقِ اکبر نوں فوراً بلایا تدوں
عہد پورے نبی دے سی کیتے جدوں — وصی بن کے نبی دا دکھاؤندا گیا
غسل دے کے علی نے جاں دتی صدا — جانی دل دا کھڑا ہے لو آستوں بلا
ادخلوا الحبیب الی الحبیب آئی صدا — ڈیرہ نال نبی دے لگاؤندا گیا
حیدر علی نے دفاع کیتا جدوں — پیر کامل نے سینے لگایا تدوں
قبر و حشر دا عہد کیتا جدوں — دین و دنیا دی دولت نوں پاوندا گیا

marfat.com

Marfat.com

# محقق اسلام شیخ الحدیث محمد علی صاحب کی تصانیف اور انکی جدید قیمتیں

حضرت مولانا الحاج — جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج لاہور

موجودہ قیمتیں: تحفہ جعفریہ جلد اول قیمت ۱۴۰ روپے

تحفہ جعفریہ جلد دوم ۱۴۰ روپے ——— تحفہ جعفریہ جلد سوم ۱۲۰ روپے

تحفہ جعفریہ جلد چہارم ۱۲۰ روپے ——— تحفہ جعفریہ جلد پنجم ۱۲۰ روپے

فقہ جعفریہ جلد اول قیمت ۱۳۰ روپے ——— فقہ جعفریہ جلد دوم قیمت ۱۳۰ روپے

فقہ جعفریہ جلد سوم قیمت ۱۳۰ روپے ——— فقہ جعفریہ جلد چہارم قیمت ۱۴۰ روپے

عقائد جعفریہ جلد اول قیمت ۱۳۰ روپے — عقائد جعفریہ جلد دوم قیمت ۱۳۰ روپے

عقائد جعفریہ جلد سوم قیمت ۱۳۰ روپے — عقائد جعفریہ جلد چہارم قیمت ۱۳۰ روپے

نور الیقین فی ایمان آبائے سید الکونین ؐ قیمت: ۲۰ روپے

دشمنان امیر معاویہ ؓ کا علمی محاسبہ دو جلد قیمت جلد اول ۱۲۰۔ دوم ۱۲۰ روپے

میزان الکتب قیمت ۱۴۰ روپے

زیر طبع

## مصنف علام کے فرزند ارجمند مولانا قاری محمد طیب صاحب کی تصانیف

| | |
|---|---|
| ترجمہ دلائل النبوت، ابو نعیم اصفہانی جلد اول مطبوعہ | ترجمہ اردو ریاض النضرہ جلد اول - مطبوعہ |

| | | |
|---|---|---|
| قرآن صحیح پڑھو - مطبوعہ | رسالہ حجاب - مطبوعہ | الدعاء بعد نماز جنازہ مطبوعہ |

میلاد النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اثبات پر ایک تحقیقی کتاب زیر طبع

| | |
|---|---|
| ترجمہ اردو ریاض النضرہ جلد دوم - زیر طبع | فن تجوید میں "شاطبی" کی شرح اور سلیس اردو میں ترجمہ زیر طبع |

شیعہ مذہب المعروف تحفہ جعفریہ، فقہ جعفریہ، عقائد جعفریہ کا خلاصہ — زیر طبع

ناشر: مکتبہ نوریہ حسینیہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ امیر روڈ بلال گنج لاہور

marfat.com
Marfat.com

# ماخذ و مراجع از کتب شیعہ و سنی برائے

## میزان الکتب

| نمبر شمار | نام کتاب | مطبوعہ | نام مصنف | سن وفات |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | شرح نہج البلاغہ (شیعہ) | بیروت | ابن ابی الحدید | ۶۵۵ھ |
| ۲ | الکنی والالقاب (شیعہ) | طہران | شیخ عباس قمی | ۱۳۴۰ |
| ۳ | سہم مسموم (شیعہ) | لاہور | غلام حسین نجفی | فی الحال حیات |
| ۴ | البدایہ والنہایہ (سنی) | بیروت | ابوالفداء حافظ ابن کثیر | ۷۷۴ |
| ۵ | روضۃ الاحباب (شیعہ) | | جمال الدین عطاء اللہ شیرازی | ۹۳۰ تقریباً |
| ۶ | مقاتل الطالبین (شیعہ) | بیروت | علی بن حسین اصفہانی | ۳۵۶ |
| ۷ | میزان الاعتدال (سنی) | مصر | محمد بن احمد الذہبی | ۷۴۸ |
| ۸ | تاریخ یعقوبی (شیعہ) | طہران | احمد ابن ابی یعقوب عباسی۔ | ۲۸۴ |
| ۹ | اعیان الشیعہ (شیعہ) | بیروت | حسن امین | دور حاضر |
| ۱۰ | صفوۃ الصفوہ (شیعہ) | ہند | سعد ابن علی الحضرمی | ۷۸۶ |
| ۱۱ | الامامۃ والسیاسۃ (تشیع) | مصر | ابن قتیبہ عبداللہ ابن مسلم | ۲۷۶ |
| ۱۲ | الحاوی للفتاوی (سنی) | مکتبہ نوریہ لائلپور | امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ | ۹۱۱ |
| ۱۳ | لسان المیزان (سنی) | بیروت | ابن حجر عسقلانی | ۸۵۲ |
| ۱۴ | الملل والنحل (تشیع) | قاہرہ | محمد بن عبدالکریم شہرستانی | ۵۵۸ |
| ۱۵ | الذریعہ (شیعہ) | بیروت | آقا بزرگ طہرانی | حیات دور حاضر |
| ۱۶ | معارج النبوہ (سنی غیر معتبر) | [illegible] فیصل آباد | ملا معین کاشفی | |

marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | مطبوعہ | نام مصنف | سن وفات |
|---|---|---|---|---|
| ۱۷ | حبیب السیر (تشیع) | بمبئی | غیاث الدین محمد ابن ہمام الدین | ۹۴۲ |
| ۱۸ | منہاج السنۃ (غیر غالی) | قاہرہ | ابن تیمیہ | ۷۲۸ |
| ۱۹ | مروج الذہب (شیعہ) | بیروت | علی بن حسین مسعودی | ۳۴۶ |
| ۲۰ | منتخب التواریخ (شیعہ) | تہران | محمد ہاشم خراسانی | دور جدید |
| ۲۱ | اعیان الشیعہ (شیعہ) | بیروت | محسن الامین | دور جدید |
| ۲۲ | تذکرۃ الخواص (شیعہ) | طہران | سبط ابن الجوزی | ۶۵۴ |
| ۲۳ | ینابیع المودہ (تشیع) | ایران قم | سلیمان بن ابراہیم قندوزی | ۱۲۹۴ |
| ۲۴ | مقتل ابی مخنف (شیعہ) | نجف اشرف | لوط ابن یحییٰ | دور قدیم |
| ۲۵ | تنقیح المقال (شیعہ) | نجف اشرف | عبداللہ مامکانی | ۱۳۰۰ |
| ۲۶ | حلیۃ الاولیاء (تشیع) | بیروت | حافظ ابونعیم | ۴۰۳ |
| ۲۷ | تہذیب التہذیب (سنی) | بیروت | لابن الحجر عسقلانی | ۸۵۲ |
| ۲۸ | فرائد السمطین (شیعہ) | ایران | ابراہیم بن محمد حموینی | |
| ۲۹ | قول مقبول (شیعہ) | لاہور | غلام حسین نجفی | |
| ۳۰ | کتاب الفتوح (تشیع) | مدینہ منورہ | احمد بن اعثم کوفی | ۳۱۴ |
| ۳۱ | روضۃ الصفاء (تشیع) | لکھنو | محمد میر خواند | ۹۰۳ |
| ۳۲ | الاخبار الطوال (شیعہ) | بیروت | ابوحنیفہ دینوری | ۲۸۲ |
| ۳۳ | روضۃ الشہداء (تشیع) | منشی نولکشور | ملا حسین کاشفی | ۹۱۰ |
| ۳۴ | تاریخ الائمہ (شیعہ) | کتب خانہ شاہکار لاہور | علی حیدر نقوی | دور جدید |
| ۳۵ | منتہی الآمال (شیعہ) | طہران | شیخ عباس قمی | ۱۳۵۹ |
| ۳۶ | مقتل حسین (شیعہ) | قم | ابوالموید خوارزمی | ۵۶۸ |

marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | مطبوعہ | نام مصنف | سن وفات |
|---|---|---|---|---|
| ۳۷ | مقاتل الطالبین (شیعہ) | بیروت | علی بن حسین اصفہانی | ۳۵۶ |
| ۳۸ | مودۃ القربیٰ (شیعہ) | امامیہ کتب خانہ ریلوے روڈ لاہور | سید علی ہمدانی | ۷۸۶ |
| ۳۹ | مجالس المومنین (شیعہ) | تہران | قاضی نوراللہ شوستری | ۱۰۱۹ |
| ۴۰ | عقد الفرید (تشیع) | بیروت | احمد بن محمد المعروف ابن عبد ربہ | ۳۲۰ |
| ۴۱ | تاریخ طبری (تشیع) | مصر | ابو جعفر محمد بن جریر طبری | ۳۱۰ |
| ۴۲ | تذکرۃ الحفاظ (سنی) | بیروت | امام ذہبی | ۷۴۸ |
| ۴۳ | تذکرہ غوثیہ (تشیع) | گنج بخش اکیڈمی لاہور | سید گل حسن قادری | دور جدید |
| ۴۴ | تاریخ ابوالفداء (تشیع) | نیو گارڈن لاہور | ملک حماد الدین | |
| ۴۵ | خصائص نسائی (تشیع) | فیصل آباد | احمد ابن شعیب النسائی | ۳۰۳ |
| ۴۶ | وفیات الاعیان (سنی) | بیروت | شمس الدین احمد بن محمد ابی بکر بن خلقان | ۶۸۱ |
| ۴۷ | المستدرک للحاکم (سنی) | بیروت | محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری | ۴۰۵ |
| ۴۸ | مقتل الحسین (شیعہ) | ایران قم | ابوالموید محمد بن احمد | ۵۶۸ |
| ۴۹ | جامع الرواۃ (شیعہ) | ایران قم | محمد بن علی اردبیلی | دورِ حاضر |
| ۵۰ | المحاضرات (شیعہ) | ہند | حسین ابن محمد الراغب اصفہانی | ۵۶۵ |
| ۵۱ | مصنف عبدالرزاق (تشیع) | بیروت | مصنفہ عبدالرزاق | ۲۱۱ |
| ۵۲ | کامل ابن اثیر (سنی) | بیروت | ابن اثیر جزری | ۶۳۰ |
| ۵۳ | سیرت ابن ہشام (سنی) | قاہرہ | عبدالملک ابن ہشام | ۲۱۸ |
| ۵۴ | ذخیرۃ المعاد (شیعہ) | لکھنؤ | شیخ زین العابدین المازندرانی | ۱۲۹۸ |
| ۵۵ | کفایۃ الطالب (شیعہ) | بیروت | محمد بن یوسف بن محمد قرشی گنجی | ۶۵۸ |
| ۵۶ | ارجح المطالب (شیعہ) | مکتبہ رضویہ شاہ عالم لاہور | عبیداللہ امرتسری | دورِ حاضر |

marfat.com

Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | مطبوعہ | نام مصنف | سن وفات |
|---|---|---|---|---|
| ۵۷ | تفسیر کبیر (سنی) | مصر | فخر الدین رازی | ۶۰۶ |
| ۵۸ | الفصول المہمہ (شیعہ) | نجف اشرف | علی بن محمد المعروف ابن صباغ | ۷۵۵ |
| ۵۹ | مطالب السؤل (شیعہ) | نجف اشرف | کمال الدین محمد بن طلحہ | ۶۵۲ |
| ۶۰ | جامع المعجزات (تشیع) | فرید بک سٹال لا | محمد الواعظ الراہوی | دور جدید |
| ۶۱ | ذخائر عقبیٰ (کتب غیر معتبر سنی) | بیروت | محب الدین طبری | ۶۹۴ |
| ۶۲ | ریاض النضرہ (کتب غیر معتبر سنی) | بیروت | محب الدین طبری | ۶۹۴ |
| ۶۳ | نور الابصار مترجم (تشیع) | جدہ پریس لاہور | مومن بن حسن شبلنجی | |
| ۶۴ | رجال کشی (شیعہ) | کربلا | محمد بن عمر الکشی | ۳۵۰ھ تقریباً |
| ۶۵ | عقد الدرر (سنی) | مکتبۃ المنار | یوسف بن یحییٰ شافعی | ۶۵۸ |
| ۶۶ | شواہد النبوۃ (تشیع) | نولکشور ہند | عبد الرحمٰن جامی | ۸۹۸ |
| ۶۷ | الشیعہ فی التاریخ (شیعہ) | طہران | محمد حسین الزین | دور حاضر |
| ۶۸ | اللوائح المضوعہ (سنی) | حیدرآباد دکن | جلال الدین عبد الرحمان السیوطی | ۹۱۱ |
| ۶۹ | فرق الشیعہ (شیعہ) | نجف اشرف | ابو محمد الحسن بن نوبختی | ۳۰۲ |
| ۷۰ | مرقات (سنی) | امدادیہ ملتان | علی بن سلطان محمد القاری | ۱۰۱۴ |
| ۷۱ | دیوان کامل جامی (شیعہ) | ایران | ہاشم | دور حاضر |
| ۷۲ | الکفایہ فی علم الروایہ (سنی) | مدینہ منورہ | احمد ابن علی المعروف خطیب بغدادی | ۴۶۳ |
| ۷۳ | خاکِ کربلا (سنی) | مکتبہ نوریہ رضویہ | صاحبزادہ افتخار الحسن | دور حاضر |
| ۷۴ | فاطمہ کا لال (سنی) | المعارف گنج بخش | مفتی حبیب اللہ سیالکوٹی | دور حاضر |
| ۷۵ | بحار الانوار (شیعہ) | ایران | ملا باقر مجلسی | ۱۱۱۰ |
| ۷۶ | کشف الغمہ (شیعہ) | تبریز | علی بن عیسیٰ اربلی | ۳۲۴ |

marfat.com
Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | مطبوعہ | نام مصنف | سن وفات |
|---|---|---|---|---|
| ۷۷ | شہادت نواسہ سید الابرار (سنی) | مکتبہ حامدیہ لاہور | مولوی عبدالسلام | دور حاضر |
| ۷۸ | عمدۃ الطالب (شیعہ) | نجف | | |
| ۷۹ | باران تقریراں (سنی) | نوری بک ڈپو | مولوی نوری قصوری | دور حاضر |
| ۸۰ | شہید ابن شہید (شیعہ) | چشتی کتب خانہ فیصل آباد | صاحب نعت خوان فیصل آبادی | دور حاضر |
| ۸۱ | دلائل النبوۃ (شیعہ) | مکتبہ رضویہ فیصل آباد | حافظ ابو نعیم | ۴۳۰ |
| ۸۲ | ذبح عظیم (شیعہ) | اثنا عشری | سید اولاد حیدر | دور حاضر |
| ۸۳ | اخبار الطوال (شیعہ) | بیروت | ابو حنیفہ دینوری | ۲۸۲ |
| ۸۴ | لوامع التنزیل (شیعہ) | طبع قدیم لاہور | سید علی حائری رضوی لاہور | دور جدید |
| ۸۵ | المنجد مترجم (عیسائی) | دار الاشاعت کراچی | لوئیس معلاف الیسوعی | |
| ۸۶ | مجمع البحرین (شیعہ) | مکتبہ رضویہ طہران | فخر الدین طریحی | ۱۰۸۵ |
| ۸۷ | لسان العرب (سنی) | بیروت | جمال الدین ابن منظور افریقی | ۷۱۱ |
| ۸۸ | تاج العروس (سنی) | بیروت | محمد مرتضیٰ الحسینی الواسطی | ۱۱۷۰ |
| ۸۹ | شام کربلا (سنی) | ضیاء القرآن | محمد شفیع اوکاڑوی | دور حاضرہ |
| ۹۰ | خطبات محرم (سنی) | شبیر برادرز جلال الدین | مفتی جلال الدین امجدی | دور حاضر |
| ۹۱ | ارشاد شیخ مفید (شیعہ) | قم | محمد بن نعمان بغدادی | ۴۱۳ |
| ۹۲ | کتاب الفتوح (شیعہ) | حیدر آباد دکن | احمد ابن عاصم کوفی | ۹۲۶ |
| ۹۳ | شاہنامہ کربلا (تشیع) | | دائم اقبال | دور حاضر |
| ۹۴ | اوراقِ غم (سنی) | ضیاء القرآن | ابو الحسنات سید محمد احمد قادری | دور جدید |
| ۹۵ | فتاوی رضویہ (امام سنی) | ادارۂ تصنیفات امام احمد رضا کراچی | امام اہل سنت امام احمد رضا بریلوی | |

marfat.com
Marfat.com